Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

MAHAR M. MAZHAR KATHIA
Official Chanel
Youtube.com

نئی لائبریری

ٹیڑھی لکیر

ناول

عصمت چغتائی

نیا ادارہ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

مہر آن لائن کمپوزنگ سنٹر چشتیاں سے بی ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی تھیسز صرف تین دن میں کمپوز کروائیں۔ ۲۴ گھنٹے سہولت

"کتاب خزانہ" کی دُنیا میں خوش آمدید۔

Mahar Online Public Library

خود بھی شمولیت اختیار کریں اور دوستوں سے لنک شئیر کریں۔

اپنے قیمتی ڈاکومنٹس مناسب ریٹس پر ہمیشہ کے لیے محفوظ کروائیں اور جب چاہیں واپس لیں۔

اپنے ریسرچ ٹاپک کے متعلق ریختہ ویب سے کتب ڈونلوڈ کروانے اور سابقہ تھیسز حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں۔

اب آپ کو تھیسز کمپوزنگ کے لیے کہیں جانے کی ضرورت نہیں۔ گھر بیٹھے اپنا سنوپسز اور تھیسز پروفیشنل انداز میں کمپوز کروائیں۔ نیز مقالے کی کمپوزنگ مع پروف ریڈنگ کروانے کی سہولت۔

مہر محمد مظہر کاٹھیا (ایم اے اُردو)

کام یابی کے (۴) سال

وٹس ایپ نمبر: 0303-761-96-93

تمام کتابیں ریختہ ویب سائٹ سے ڈون لوڈ کی جاتی ہیں۔ کسی بھی کتاب کو سکین یا پی ڈی ایف نہیں کیا جاتا۔ دستیاب کتب خریدنے کی عادت ڈالیں۔

ایم فل اور پی ایچ ڈی اسائنمنٹ، آرٹیکل، سنوپسز اور تھیسز کے متعلق رہ نمائی اور کمپوزنگ کے لیے رابطہ کریں۔

اب تک وٹس ایپ گروپ کی تعداد پانچ، آیئے آپ بھی ہمارے وٹس ایپ گروپ "کتاب خزانہ" کا حصہ بنیں۔

فیس بک، ٹیلی گرام "کتاب خزانہ" گروپ لنک سے تمام کتابیں ڈون لوڈ کریں:

www.facebook.com/groups/537746779706694

https://t.me/joinchat/YMfAj2G2OgA1OGVk

MAHAR M. MAZHAR KATHIA
Official Channel
Youtube.com

پبلک سروس کمیشن سے متعلق بہترین ویڈیو یوٹیوب چینل سے ڈونلوڈ کریں۔

Mazhar03037619693@gmail.com

Twitter.com/@mazhar1kathia

سکالر حضرات اپنے موضوع سے متعلق بنیادی اور ثانوی کتب کے لیے آگاہ کریں۔ تلاش کرنے کی مکمل کوشش کی جائے گی۔

کاروباری حضرات اپنے ایڈز/اشتہارات فیس بک (1.5kb ممبر)، ٹیلی گرام (0.5kb ممبر) اور وٹس ایپ (1.5kb ممبر)
کتاب خزانہ گروپ میں انتہائی مناسب ریٹ پر پروموشن (پبلک شئیر) کروانے کے لیے رابطہ کریں۔ 03037619693

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

عصمت چغتائی

ٹیڑھی لکیر

(ناول)

ایشیا ادارہ
۱۵ - نسبت روڈ - لاہور

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جملہ حقوق محفوظ

بار اوّل (پاکستان) ۱۹۶۷ء
ناشر: ریاض احمد چودھری
مطبع: حمایت اسلام پریس لاہور

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ان یتیم بچّوں کے نام ———

جن کے والدین
بقیدِ حیات ہیں

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

پہلی منزل

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ٹیڑھی لکیر

(۱)

وہ پیدا ہی بہت بے موقع ہوئی۔ بڑی آپا کی چہیتی سہیلی سلمہ کی شادی تھی اور وہ بیٹھی جھپا جھپ سردئی کریپ کے دوپٹے پر لچکا ٹانک رہی تھیں۔ اماں اتنے بچے جننے کے بعد بھی ننھی ہی بنی ہوئی تھیں۔ بیٹھی جھانوے سے ایڑیوں کی مردہ کھال گھس گھس کر اتار رہی تھیں کہ ایکا ایکی گھٹا جھوم کر گھر آئی اور وہ دہائی ڈالی کہ میم کو بلانے کا ارمان دل کا دل ہی میں رہا اور وہ آن دھمکی۔ دنیا میں آتے ہی بغیر گلے میں گھانٹی کیے ایسا دہاڑی کہ توبہ بھلی۔

نو بچوں کے بعد ایک کا اضافہ، جیسے گھڑی کی سوئی ایک دم آگے بڑھ گئی اور دس بج گئے۔ کیسی شادی اور کس کا بیاہ! حکم ملا: ننھی سی بہن کے نہلانے کے لیے گرم پانی تیار کرو۔ پانی سے زیادہ کھولتے آنسو بہاتی آپا نے کوستے ہوئے چولھے پر پتیلی چڑھا دی۔ پانی بھی مذاق میں ذرا سا چھلک گیا اور سارا ہاتھ اُبل کر رہ گیا۔

"خدا غارت کرے اس منی سی بہن کو اماں کی کوکھ کیوں نہیں بند ہو جاتی" حد ہو گئی تھی ابھی بھائی اور پھر بہن بھائی۔ بس معلوم ہوتا تھا، بھک منگوں نے گھر دیکھ لیا ہے، امڈے چلے آتے ہیں۔ ویسے ہی کیا کم موجود تھے جو اور پے در پے آ رہے تھے، کتے بلیوں کی طرح! ازل کے مربھکے۔ اناج کے گھن ٹوٹے پڑتے ہیں، دو بھینسوں کا دودھ تبرک ہو جاتا پھر بھی اُن کے تندور ٹھنڈے ہی پڑے رہتے۔

اور یہ سب ابا کا قصور تھا کیا مجال جو اماں دودھ پلا جائیں۔ ادھر بچہ پیدا

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہُوا۔ اُدھر آگرے سے کولی بُلوا لی۔ وہ دودھ پلا گئے اور بیگم کی پٹّی سے پٹّی جڑی رہے۔ پھر بھلا بچّے کیوں سانس لیتے؟ گھر کیا تھا، جیسے گائے بیلوں کا باڑہ؛ کھانا ہے تو ٹِڈّیوں؛ پہننا ہے تو گھوڑوں، سونا ہے تو گھر کا کونا کونا زندگی سے لبریز، چھلکنے کو تیار!

اور یہ پیٹ کی کھرچن کالی پیلی، دھنیا سی ناک، چیاں سی آنکھیں، پر چیل سے زیادہ تیز؛ بڑی آپا اور منجھو دونوں نے کئی دفعہ اُس کے چوہے کے بچّے جیسے منہ کو مسکراتے ہوئے دیکھا، گویا وہ انہیں چھیڑنے کو مسکرا رہی ہے۔ وہ خوب سمجھتی تھی کہ یہ اُس کی زر خرید لونڈیوں کی طرح خدمت کریں گی؛ امّاں کو کیا کم فکر ہو رہی ہو گی؛ آخر یہ اتنی ڈھیر سی لڑکیوں کا نصیبہ کہاں کھلے گا؛ مانا کہ روپیہ بھی ہے اور لڑکی دکھانے کا فیشن نہیں، پھر بھی کہاں تک تالے ڈالے جائیں گے، کیا ہوگا؟

نہ اُس کا پیٹ پھولا، نہ بیمار ہوئی اور روز بروز پھول کر کپّا ہوتی گئی۔ وہ ایک بھائی بہنوں تک تو ذرا چاؤ چونچلے کیے، پر اب بڑی آپا کا بھی جی بھر چکا تھا اور وہ بیزار تھی۔ خیر انّا موجود تھی اور وہ پل رہی تھی۔

انّا بالکل جوان تھی، سولہ سترہ برس کی۔ کبھی تو راتوں کو وہ گھنٹوں غلاظت میں لتھڑی پڑی رہتی اور اُس کی آنکھ بھی نہ کھلتی۔ انّا کو جگانا کوئی آسان کام نہ تھا مگر دودھ خوب ہوتا تھا؛ دوسرے انّا کا عاشق جب اُسے کندھے پر بٹھا کر گھوڑے کی طرح دوڑتا تو وہ سب دُکھ درد بھول کر کلکاریاں مارنے لگتی۔ وہ تینوں گھر والوں کی آنکھ بچا کر بھینسوں کے بھوسے والی کوٹھڑی میں دبکے رہتے۔ انّا بھوسے پر لوٹیں لگاتی اور اُس کا عاشق اُس کے پیچھے پیچھے لپکتا۔ تب وہ بھی تالیاں بجا کر گھٹنیوں دوڑتی، مگر جب وہ انّا سے لڑنا شروع کرتا تو وہ بسور کر اپنا نچلا ہونٹ آگے پھیلا دیتی۔ اُسے لڑائی سے سخت پریشانی ہوتی تھی۔ جب وہ گتھے آپس میں بھاؤں بھاؤں کر کے لپٹ جاتے تو اُس کا سارا جسم خوف

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سے لرزنے لگتا اور وہ بے طرح بلبلانے لگتی، یہاں تک کہ کتے بھی پریشان ہو کر علیحدہ ہو جاتے۔ جب تک وہ جاگتی رہتی انّا کو کوئی ہاتھ بھی نہیں لگا سکتا تھا۔ یونہی اگر اُسے چھیڑنے کو انّا کا عاشق اُس کا ہاتھ پکڑ کر کہتا: "انّا ہماری ہے"، تو وہ فوراً صدائے احتجاج بلند کرتی اور اُسے چھوڑنا پڑتا۔

مگر اُسے اپنی اس سینہ زوری کا جلد ہی خمیازہ بھگتنا پڑا۔ ایک دن جب وہ تینوں حسبِ معمول خشک پیال پر لوٹیں لگا رہے تھے تو نجانے کب اُس کی آنکھ لگ گئی اور وہ اپنی ننھی سی دُنیا کے معصوم خوابوں میں کھو گئی؛ آگے، پیچھے، دائیں، بائیں، انّائیں ہی انّائیں بکھری ہوئی تھیں۔ خوشی سے دیوانی ہو کر ایک گود سے دوسری گود میں ہمک ہمک کر لپکنے لگی۔ مگر پھر اُس نے دیکھا یکا یک ساری انّائیں کہیں غائب ہو گئیں۔ اُس کا جی کملا گیا۔ ندیدی کتیا کی طرح سونگھ سونگھ کر وہ ڈھونڈنے لگی۔ اُس نے پالیا۔ پیال کے ایک کونے میں اُس کی نرم گرم انّا پکے آم کی طرح گول مول سو رہی تھی۔ غوں غوں کر کے وہ اُس میں گھسنے لگی۔ اُس کے ہونٹ ہلنے لگے اور حلق کی رگیں پھڑک اُٹھیں، گویا دودھ کے گھونٹ کے گھونٹ حلق میں ہوتے ہوئے پیٹ میں جا رہے ہوں۔ اُسے اچھو سا لگ گیا۔ کچھ پکڑنے کے لیے اُس نے اپنے موٹے موٹے ہاتھ بڑھائے مگر ایک بھیانک بلا نے اُسے دُور جھٹک کر انّا کو دبوچ لیا اور بھنبھوڑنا شروع کیا۔ حلق پھاڑ کر وہ دھاڑی، جیسے اُسے سانپوں نے ڈس لیا ہو۔ اُس کی معصوم آنکھیں اس کریہہ منظر کو دیکھ کر پتھرا گئیں۔ اس کی گھگی بندھی چیخیں سُن کر باہر سے بہشتی، بھنگی اور باورچی دوڑ پڑے اور ملزم گرفتار ہو گئے۔

بسور بسور کر وہ انّا کے پیارے مکھڑے کو تکتی گویا آنکھوں ہی آنکھوں میں پوچھ رہی ہو "چوٹ تو نہیں لگی؟ میں نے تمہیں بچا لیا نا؟" مگر انّا آج کچھ بے مزہ سی تھی اور اُس کی شرارتوں پر بجائے پیار سے ہنسنے کے رکھائی سے جھٹک رہی تھی۔ اپنے تمام معصوم اور کمزور حربے اُس نے انّا کو منانے کے لیے استعمال کر

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

۱۱ ٹیڑھی لکیر

ڈالے مگر وہ اُسے ہنسا نہ سکی۔ کاش وہ پوچھ سکتی کہ وہ کیوں روٹھی ہوئی تھی۔ مگر آج تو انا نے اس کی آنکھوں کی زبان سمجھنے سے بھی انکار کر دیا تھا۔

اسی دن شام کی گاڑی سے اُس کی انا کو آگرے سے واپس بھیج دیا گیا۔ اُسے ایسا معلوم ہوا کہ یتیم ہو گئی۔ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر وہ کئی دن اور رات روتی رہی۔ سارا گھر اُس کے چاروں طرف جمع ہو گیا مگر اسے چین نہ پڑا۔ وہ گرم گرم انا، جس کے سینے سے چمٹ کر بالکل ماں کے پیٹ میں سینے کا مزہ آتا تھا، بھلا اب کہاں مل سکتی تھی! اُسے وہ بوتل دیکھ کر ہی صدمے کا دورہ پڑ جاتا جس سے اُسے دودھ پلانے کی کوشش کی گئی۔ بھلا کہاں وہ سانولی سلونی گدگدی انا اور کہاں شیشے کی ذلیل بوتل۔ مگر پیٹ کی آگ نے اُسے سب کچھ برداشت کرنے پر مجبور کر دیا۔ منجھو بی نے جب اسے گود میں لے کر بوتل پلائی اور چند قطرے بھولے سے اس کے حلق میں چلے گئے تو وہ خاموش ہو گئی، پھر بھی ایک دم سے وہ بوتل کو چھوڑ کر جلدی سے منجھو سے چمٹ جاتی اور پلّے کی طرح اُس کے کپڑوں میں اپنی انا کو ڈھونڈنے لگتی۔ منجھو گھبرا کر اُسے دُور ہٹا دیتی اور بڑی آپا سے شکایت کرتی کہ وہ اُس کے بُرے طرح گدگدیاں کرتی ہے۔

تجربے نے اُسے بہت کچھ سکھا دیا اور وہ بالکل جیسے گائے بیل چارہ کھاتے ہیں دودھ زہر مار کر لیتی مگر اُس کے ہاتھ بھٹکتے ہی رہتے۔ بوتل کی چکنی چکنی سطح پر وہ پیار سے اپنی ہتھیلیاں چپکا کر اُسے کلیجے سے بھینچ لیتی۔ شروع شروع میں تو دودھ پیتے پیتے ایک دم اُسے انا کی آنکھیں، اس کی ناک کی ننھی سی بالی، اور کان کی لونگیں یاد آ جاتیں، اُس کا دل بھر آتا اور وہ تھوڑی دیر کو چسنی چھوڑ کر دردناک آواز میں رونے لگتی مگر پھر پیٹ کی پکار اُسے چوکنا کرتی اور وہ خاموش ہو جاتی۔

جب سے انا چھن گئی تھی منجھو نے اُسے لے لیا تھا۔ پتا نہیں منجھو کو اُس پر کیوں پیار آ گیا۔ شاید جس دن اُس نے پلّے کی طرح کپڑوں میں انا کو ڈھونڈنے کی کوشش کی تھی اسی دن سے منجھو کو اس پر ترس آنے لگا تھا۔ بوتل سے دودھ پلا کر منجھو بی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اسے سینے سے چپکا لیتی اور پلنگڑی پر لیٹ جاتی ورنہ اُسے نیند ہی نہ آتی۔ منجھو کے پہلو میں اسے کچھ انا کی گرمی مل جاتی اور وہ اپنے چھوٹے چھوٹے ہاتھوں سے منجھو کی گردن اور گال سہلایا کرتی، جس کا منجھو بالکل بُرا نہ مانتی۔

پھر ایک دن جب منجھو نہا رہی تھی تو وہ اندر گھسی چلی گئی۔ "ارے آپا اسے پکڑ لو" منجھو بی لرز کر چلائی۔

"اُوئی وہ کیا سمجھے۔ اتنی ذرا سی تو ہے" مگر اس نے منجھو کو ایسی بُری طرح گھورا کہ وہ شرما گئی۔ وہ سکتے کے عالم میں اُسے گھورتی رہی۔ "چل یاں سے" منجھو نے لوٹے کی آڑ لے کر اسے ڈانٹا، مگر وہ تو جیسے مقناطیسی طاقت سے اُس کی طرف کھنچنے لگی۔ منجھو نے خوفزدہ ہو کر اُسے پھر دھتکارا اور جب وہ چمکتی ہوئی آنکھوں سے مسکرا مسکرا کر اُسے معنی خیز نظروں سے تاکتی بڑھے ہی چلی گئی تو اُس نے چلّو بھر پانی لے کر اس کے منہ پر چھینٹا مارا۔

پانی کی مار سے ٹھٹک کر زور سے رو پڑی اور سسکیاں بھرتی ہوئی باہر رینگ آئی۔ اس دن اُس نے نہ ہی جی بھر کے دودھ پیا اور نہ ہی ہنسی بولی — وہ منجھو کی طرف شکایت بھری نظروں سے دیکھتی گویا اُس نے اس کے ساتھ کوئی زبردست بے ایمانی کی ہے اور پھوٹ کر رو پڑتی۔

جب منجھو نے اُسے پہلو میں لٹا کر رضائی اوڑھ لی تو وہ خلافِ معمول خاموش اُسے گھورنے لگی۔

"کیا ہے" منجھو نے پیار سے پوچھا اور وہ حسرت سے مُسکرا پڑی۔ آہستہ سے اس نے اس کی گردن پر اپنی اُنگلیوں سے کھجانا شروع کیا اور آنکھیں گڑوئے اس کے تل کو دیکھتی رہی جو بائیں گال پر چمک رہا تھا۔

"نہیں، بُری بات" منجھو نے اُس کا جھکتا ہُوا ہاتھ اُٹھا کر پہلو میں رکھ دیا۔ وہ بسورنے لگی اور ایسی التجا بھری نظروں سے دیکھا کہ منجھو پسیج گئی، اُس کا ہاتھ اُٹھا کر گردن میں ڈال لیا اور کلیجے سے لگا کر سو گئی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

منجھو نے اس کے لیے پھولوں جیسی فراکیں اور ٹوپیاں سیئیں۔ گھڑی گھڑی نہلایا جا رہا ہے، سرمہ کاجل اور مسّی سے لیس۔ وہ اپنی ساری گتھیں خاموش بنایا کرتی۔ مگر کیا مجال کہ کوئی اور اُسے ہاتھ بھی لگا جائے۔ منجھو سے تو آنکھوں میں صابن بھی لگ جاتا تب بھی وہ کچھ یونہی سا بسور کر چُپ ہو جاتی۔ منجھو آخر کو منجھو ہی تھی۔

مگر جوں جوں بڑھتی گئی وہ منجھو کی صفائی سے عاجز آ گئی۔ وہ اُسے بچا بنا کر نادر شاہی حکم صادر کر دیتی کہ ایک بال بھی اِدھر سے اُدھر ہٹا اور موت آئی۔ پر یہ اُس کے بس کی بات نہ تھی۔ چلتی ہوئی ٹانگوں اور ہاتھوں کو روکنا اس کے قابو میں نہ تھا۔ تھوڑی دیر تو وہ کلیجے پر صبر کی سل رکھے بیٹھی رہتی مگر جونہی منجھو کی آنکھ بچتی وہ باہر کھسک جاتی۔ اور پھر شام کو جو وہ قدم رکھتی تو یہ معلوم ہوتا کوئی دیوانی کتیا کیچڑ کی کونڈی میں لوٹ کر آئی ہے۔ غبارہ جیسی فراک جا بجا سے مڑے ہوئے چوہے کی کھال، اور اُس پر باریک باریک دھول کی افشاں چھڑکی ہوئی۔ سر، بال اور آنکھیں دھول میں اَٹی ہوئی۔ دونوں نتھنے غلاظت سے ایسے ٹھسا ٹھس جیسے سیمنٹ سے دروازے چنے ہوئے ہوں جامنوں، امرودوں، بیروں اور آموں کا یا حسبِ موسم جو پھل موجود ہوتے اُن کا پلستر کیا ہوا اور اُوپر سے طاعونی چوہے جیسی بُو!

سب سے پہلا کام منجھو یہ کرتیں کہ گھونسوں، تھپڑوں اور چانٹوں سے جتنی دھول جھڑ سکتی جھاڑ دیتیں۔ وہ زور زور سے بھینس کے پڑے کی طرح ڈکراتی۔ پلکوں کی ریت آنسوؤں سے دُھل جاتی اور پکار کی وجہ سے دونوں نتھنے سٹ سے یکایک کھل جاتے، جیسے اَٹی ہوئی نالی میں تیزاب ڈال دیا ہو۔ پھر گھونسوں اور گرج دار دھموکوں کے شادیانوں کے ہاتھ غسلِ میت شروع ہوتا۔ پھر صاف ستھرا فراک پہن کر وہ اپنی غلطی کو بڑی تیزی سے محسوس کرتی اور پچھلے گناہوں سے تائب ہو کر آئندہ نیک چلنی کا ارادہ باندھتی۔ وہ پختہ فیصلہ کر لیتی کہ اب کیچڑ اور مٹی سے کوئی واسطہ نہ رکھے گی، پر دھول میں لوٹنا تو قطعی بند۔ اس وقت اُس کے چہرے پر تارک الدنیا سادھو کا سا استقلال چھا جاتا جو اپنے جسم کے کسی عضو کو مردہ کر لینے کا قصد کر

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

چکا ہو، چیل جیسی ہوکتی آنکھیں کبوتر کی طرح معصوم ہو کر اونگھنے لگتیں۔
مگر زمانہ سازگار نہ تھا۔ دوسرے دن جب ٹھیک اُسی وقت، اسی عبرتناک حالت میں ایک بدمست شرابی کی طرح جھومتی دھول کی افشاں میں جگمگاتی نظر آتی تو دیکھنے والوں کو سخت عبرت ہوتی، اور جب دھول جھڑ جاتی تو زمین و آسمان کانپ اُٹھتے۔

وہ پھر توبہ کرتی، حلف اُٹھاتی۔ مگر سب بھول جانے کے لیے۔ شیطان اُسے پھر ورغلاتا۔ جونہی وہ بیچ و پیچ کر باہر نکلتی جہاں عناصر کو اس کے صاف کپڑوں سے بیر ہو جاتا۔ کھیتوں کی سانولی سانولی تیتریاں، تال کے کنارے کی سرگوشیاں کرتی ہوئی ریت، اُسے پھسلاتیں۔ اصطبل کی بھیگی بھیگی مہکتی ہوئی گھاس آغوش پھیلا کر اُس کے پیچھے دوڑتی۔ مرغیوں کا متعفن اور غلیظ ڈربہ اُسے پھولوں سے لدی بیل کی طرح اپنی طرف کھینچتا۔ وہ سب کچھ بھول جاتی۔ اپنے ضمیر سے وہ قسم جو بارہا کھائی تھی۔ منجھو سے وعدہ اور خود اُس کی اپنی خودداری جیسے روز روز کی دھول جھڑائی جھکا جھڑ کے دیتی تھی۔ وہ ان بے شمار شیطانی رعنائیوں سے بچنے کے لئے بہت متحمل ہو جاتی مگر پھر وہ پکار پکار کر بلاتیں تو وہ کٹی ہوئی پتنگ کی طرح اس ابدی اور رنگین غار میں جا گرتی جس کی پاداش میں وہ روز دکھ جھیلا کرتی تھی۔
تھوڑی سی دیر میں وہ لہو و لعب میں غرق نظر آتی۔ کیچڑ کے ریشمی لڈو، بھوری بھوری کھٹی ہوئی سوجی جیسی ریت کی ننھی ننھی ڈھیریاں، گھوڑے کی گھاس سے بنائی ہوئی چھوٹی سی چھاتہ دہ، مرغی کی دُم کے جھڑے ہوئے پر، اور پتنیا۔ اُس کی عزیز ترین سہیلی، بھنگن کی لڑکی، منجھو کے بعد دُنیا میں یہی تو تھی۔ وہ دونوں بھینسوں کے تھان کے پیچھے جا کر ایک دوسرے کے گلوں میں ہاتھ ڈالے ٹہلا کرتیں، پھر ریت میں جلیبیوں کی طرح گول گول لکیریں لگاتیں، مٹھیاں بھر بھر کے ریت پانی کے پوکھریا کی طرح اُچھالتیں، یہاں تک کہ وہ بالکل مٹی کی بے ہیئت مورتیاں معلوم ہونے لگتیں، کپڑا نگر رنگ میں ریت رچنے لگتی، پھر بھی اُن کے جی مٹی سے نہ بھرتے اور وہ شوکھے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہوئے پتوں کے پیچھے بنا کر ریت پینا شروع کرتیں، خستہ بھربھری ریت وہ مزے دار پنجیری کی طرح کھا جاتیں۔ پیٹ والیوں کی طرح انہیں سوندھی سوندھی مٹی بہت ہی بھاتی تھی۔ نہ جانے ان کے پھولے ہوئے کچرلوں جیسے پیٹوں میں کون سے سپوت پروان چڑھ رہے تھے۔

ان کی حالت کتنی ہی کچھ۔ بالکل عورتوں جیسی۔ چکنی سرمئی رنگتیں پیلی پڑ گئی تھیں اور زبانوں پر سفید سفید تہہ سی جمی رہتی تھی۔ آنکھوں میں ہر وقت پیلے سے کچھ گڈھے سے اندر دھنس گئے تھے۔ ٹپیا کا ازار بند اتنا چھوٹا ہو گیا تھا کہ اس کی گنگریا بیچ میں آ گئے ہٹا کر کھلا رہتا تھا۔ روز بروز سستی بڑھتی جا رہی تھی۔ منہ کا مزہ خراب رہتا تھا۔ لڑائی میں انہوں نے دانتوں اور ناخنوں کا استعمال ضرورت سے زیادہ کر دیا تھا۔ چنّن چنّن وہ ہر وقت منمناتی رہتی تھیں، جیسے کسی نے کھٹکنی کو ڈبے میں قید کر دیا ہو۔ اس لیے سب نے اس کا نام "کھٹکنی" رکھ دیا۔

جب سب اسے چھیڑنے کے لیے "کھٹکنی، کھٹکنی" کہتے تو وہ واقعی چڑیلوں کی طرح آنکھیں نکال کر دوڑ آتی۔ بلی کی طرح وہ دشمن پر جھپٹا مارتی اور جہاں جہاں اس کا ناخن لگتا کھال اُترتی چلی آتی۔ جب وہ دانتوں سے کسی کی بوٹی چباتی تو اوپر نیچے کے دانت گوشت میں آر پار ہو کر آپس میں بیچ اٹکتے۔

وہ سپوت جو اس کے پیٹ میں پل رہا تھا۔ اس کے سوندھی مٹی کے شوق کو بڑھاتا ہی گیا۔ اس کی زبان پر نمک چھڑکا گیا، پھر کونین لگائی گئی مگر کسی طرح سے بھی مٹی کی چاٹ نہ گئی۔ کسی نے راستے دی، جو چڑیل کی زبان جلا دو۔ کسی نے ترکیب بتائی: بچے سوئیاں چبھو دو منہ میں۔ مگر کوئی علاج کارگر نہ ہوا۔ جب وہ مٹی کھاتی پکڑی جاتی تو مجبوراً اس کے منہ پر طمانچے مارتی کہ ہونٹ کٹ کر خون نکل آتا مگر وہ کچھ نہ تو کو تو چپ چاپ چبا لیتی، دیوار پر سے چونا ناخنوں سے کھرچ کر کھا لیتی۔

ایک دن جب وہ ادھر پپیاں لینے حاجت کی غرض سے پاس پاس بیٹھی ہوئی تھیں اچھی رہی تھیں کہ وہ سپوت وارد ہو گیا۔ ایک دلدوز چیخ کے ساتھ وہ منتو کے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

پاس رہتی۔

"سانپ!" اُس نے منجھو کی ٹانگوں میں اپنا منہ چھپا لیا۔ منجھو نے اسے پرے دھکیل دیا۔ تحقیقات کے بعد ڈاکٹر نے بتایا کہ اُس کے پیٹ میں کیچوے پڑ گئے ہیں، لیکن اُسے یقین نہ آیا اور رات بھر وہ "سانپ، سانپ" چلاتی رہی۔ پو پھٹے وقت اسے پیٹ میں سانپ لہراتے ہوئے محسوس ہو رہے تھے۔ سانپوں کے بچے کے بچے، جیسے سپیرے کی ٹوکری میں کلبلاتے ہیں، اُس کے پیٹ میں اُودھم مچا رہے تھے۔ ایک کے پیچھے دوسرا اور دوسرے کے پیچھے تیسرا، ہزاروں سانپ آنکھ مچولی کھیل رہے تھے۔

اس دن سے اُس نے دنیا کے ساتھ سوکھے ہوئے پتوں کے گچھوں میں بھر بھر کر مٹی کھانی چھوڑ دی۔ للچائی ہوئی نظروں سے وہ ریت کے ذروں کو گھورتی اور ایک دم وہ بڑھ بڑھ کر سانپوں کے پھن بن جاتے جو لپ لپ اپنی زبانیں نکال کر آنکھیں مٹکانے لگتے۔ مٹھی میں لے کر وہ ریت کو پیار سے سہلاتی۔ جی چاہتا بھر بھر مٹھیاں کھانا شروع کر دے اور ساری دنیا کی مٹی کو اپنی زبان کے نیچے تھوک میں رول ڈالے اور پھر یہ لیس دار کھویا سا اُس کے حلق کے نیچے پھسلتا چلا جائے، مگر فوراً ہی اُس کے پیٹ میں سانپ انگڑائیاں لینے لگتے۔ ایک دم دیوانوں کی طرح وہ ریت اُچھالنا شروع کر دیتی، زمین پر لیٹ جاتی اور ٹھنڈی ٹھنڈی مٹی پر اپنا گال رگڑتی۔ اُس کے جسم کی رگیں ایک شکنجے کی طرح تن جاتیں اور وہ چاہتی کہ زمین کے کلیجے میں گھس جائے۔ جب ذرا جوش ٹھنڈا ہوتا تو آہستہ آہستہ وہ اپنا ماتھا زمین سے کھٹ کھٹ ٹکراتی۔

"دروازہ کھولو!" اس کا ماتھا التجا کرتا مگر زمین اُسی طرح ڈھیٹ بنی پڑی رہتی۔ اُسے زمین سے کیوں اتنا پیار تھا، وہ اس میں سما جانا چاہتی۔ پھر اگر کوئی دیکھ لیتا تو وہ ساری ریت جھاڑ دی جاتی، مگر جہاں موقع ملتا وہ مٹی میں جذب ہونے کی کوشش کرتی۔ "خاک میں ملے کمبخت، جتنی دفعہ نہلاؤ اتنی دفعہ گندی!" منجھو کہتی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اور وہ سوچتی کاش کوئی جانتا کہ خاک میں ملنا اس کے لیے کوسنا نہیں بلکہ دُعا تھی، یہی تو اُس کی آرزو تھی۔

(۲)

لوگوں کو شادی بیاہ کا ارمان ہوتا ہے، مگر شمن کو کچھ دن سے کسی کو مارنے کا ارمان ہو گیا تھا۔ بیٹھے بیٹھے اُس کا جی پھڑ پھڑانے لگتا کہ وہ کسی کو مارے اپنے موٹے سے گھونسے سے گھما گھما کر کسی کو کچل کر رکھ دے۔ بارہا ایسا ہوا جہاں سوکھی ہوئی بیٹ کا ننھا سا نقطہ اُس کی ہر جنبش پر لرزنے لگتا ہے یا اس ننھی سی چوہیا کی طرف جو صبح سے تین بار سہمی ہوئی نظروں سے صندوق کے پیچھے سے جھانک چکی ہے یا وہ کسی اور چیز کو گھور رہی ہے، کہ ایک دم اُسے مارنے کا شوق چراتا۔ کہیں ایسا دبلا کوئی ننھا جو اس سے پٹ لیتا۔ منجھو کیا مرے سے جب چاہتی وہ تب سے اُس کی کمر پر گھونسا جما دیتی۔ اس کا بھی دل چاہتا کہ ایک دن وہ بھی منجھو بی کی اکڑوں کمر پر ایک ٹکڑا سا لگا دے، جمائے۔ پھر تخیل میں ہی وہ منجھو کو پیٹنے لگتی۔ وہ تھپڑ گال پر مار کر اُس کے کپڑے اُتار ڈالتی اور نہلانے لگتی۔ اس وقت اُسے کہیں سے اپنی بھولی بسری انا کا دھندلا سا خاکہ یاد آ جاتا اور اس کا جی بھر آتا اور غصہ چڑھ جاتا اور وہ منجھو کے سر پر بیسن ڈال کر خوب گھسے لگاتی اور زور زور سے جھانوے سے اُس کی کہنیاں اور گھٹنے چھیلنے لگتی، پھر کھردرا سا تولیہ لے کر اتنا رگڑتی کہ منجھو کی کھال اُتر جاتی اور ناک لال چقندر ہو جاتی۔ ایک کان کی لو نوچ کر ایسا مروڑتی کہ وہیں اُبھر آتی، پھر وہ اُسے ایک عمدہ سی فراک پہنا کر کہتی "خبردار جو ہلی، ٹانگیں توڑ دوں گی!"

مگر جب وہ تخیل کی دنیا سے جاگ کر واپس آتی تو دیکھتی کہ منجھو نہیں ہے، اس کے دونوں ہاتھ پتھر کی مورتی کی طرح گود میں اکڑے ہوئے ہیں، گردن کی رگیں تنتے تنتے دُکھ گئی ہیں۔ وہ ایک انتقام بھرا لمبا سانس کھینچ کر جسم کو اور تان لیتی اور ایک دم پاگلوں کی طرح زور زور سے بستر پر گھونسوں کی بارش کر دیتی۔ جب وہ پیٹ کر کوٹ چکتی تو تھک جاتی، جسم کو ڈھیلا چھوڑ دیتی اور بڑا ہی سکون ملتا۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ایک دن بیٹھے بیٹھے اُسے اپنی گڑیا کو پیار کرنے کا دورہ اُٹھا۔ پہلے تو اُس نے اُس کے ہونٹ چومے، دو تین بھی طمانچے مارے پھر ایک دم اُس پر بھوت سوار ہو گیا: دھڑا دھڑ اُس نے گھونسوں اور لاتوں کی بوچھار کر دی، دانتوں اور ناخنوں سے اُس کے پُرزے پُرزے کر دیئے گویا وہ اپنے کسی خونخوار دشمن سے لڑ رہی ہو۔

گڑیا کا چورا چورا ہو گیا، اُس کے پیٹ میں بھرا ہوا بُرادہ بکھر گیا اور کچھ شمن کی زبان پر چپک گیا۔ اس کے بعد اُس کا پیٹ بیٹھ گیا اور وہ اطمینان کا سانس لے کے ہانپتی ہوئی چت پڑ گئی۔ بُرادے کا مزہ بڑی دیر تک اُس کی زبان پر باسی خون کی طرح بسا رہا۔

پھر ایک دم اُس پر خوف طاری ہو گیا، جیسے اُس نے سچ مچ کسی کو قتل کر ڈالا ہو۔ ڈر کر وہ گھگیانے لگی اور جلدی جلدی گڑیا کے پُرزے سنگار دان کے پیچھے چھپا دیے۔ وہ منجھو بی کی پناہ کی طرف بھاگی۔ منجھو بے خبر بیٹھی اپنا کرتا سی رہی تھی، اُس کی ران سے لٹک کر لپٹ گئی اور اُس کی گردن پر اپنی سہمی ہوئی انگلیاں پھیرنے لگی۔

منجھو بی فراکیں سینا ہی نہیں جانتی تھی بلکہ ایک دن اُس نے ایک الف بے کا قاعدہ منگا کر مشین سے سی ڈالا۔ شمن پاس بیٹھی مشین کے دانتوں کو کٹ کٹ کاغذ چباتے دیکھتی رہی، دانتوں میں ہلکی سی لطیف گدگدی ہونے لگی۔ اُس نے دانتوں پر انگلی پھیر کر عجیب سی لہر اپنے جسم میں دوڑتی ہوئی محسوس کی۔ قاعدہ سی کر منجھو نے اُسے اپنی گود میں بٹھا لیا۔

"آج سے تم پڑھنا شروع کرو گی، اچھا۔"

"اچھا!" شمن نے مان لیا اور قاعدہ دیکھنے کے لیے اُچکنے لگی۔ یہ پہلی یا شاید دوسری کتاب اُس کی زندگی میں داخل ہو رہی تھی۔ ایک تو وہ جسے پڑھنے میں پریشان کرنے پر منجھو بی اُسے مار دیا کرتی تھی۔ ویسے گھر میں پڑھنے لکھنے کا سارا دلچسپ سامان اس کی پہنچ سے دور رکھا جاتا تھا۔ مارنے کے کام کا تو تھا نہیں یہ قاعدہ اس سے بہتر تو وہ اخبار ہوتا تھا جس سے ابا لفافہ سا بنا کر پیار میں اُس کے سر پر مارا کرتے تھے۔

"دیکھیں، دیکھیں منجھو بی!" اُس نے کتاب لے کر دیکھنا شروع کی پھر فراک میں اُس کی پھکنی سی بنا کر منجھو کے سینے پر ماری۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اسے گدھی، تمام موڑ کر رکھ دی" منجھو نے اس سے قاعدہ لے لیا۔

"دیکھو یہ الف ہے، الف"

"کاں؟" اسے بالکل یقین نہ آتا۔

"یہ ... ... یہ الف سے انار"

"ایں ہیں، الف سے انار کاں ہوتا ہے۔ انار تو آتشبازی میں چھوٹتا ہے فرفر۔ ہیں نا؟"

"ہٹ، یہ دیکھ۔ یہ الف ہے۔ الف سے انار۔ ۔ کہو، الف"

"کہو، الف"

"یوں کہو ... الف!"

"نہیں، ہم نہیں کہتے۔ پہلے یہ بتاؤ یہ کیا ہے ... یہ۔ یہ"

"یہ جیم ہے۔"

"اور یہ؟"

"یہ حس، خس"

"اونہوں۔ حس خس نہیں ہیں، یہ تو چاچے دانیاں ہیں"

"چل چلی۔ یہ دیکھ، الف سے انار، کہو"

"کہو۔" وہ بے وقوفوں کی طرح منجھو کا منہ تکنے لگی۔

"ارے میں کہتی ہوں الف کہو" صبر کا پیمانہ چھلکا۔

"الف کہو"

"اونہہ چڑیل" منجھو نے دھکا دے کر اسے اپنی گود سے انڈیل دیا اور اٹھ کر برآمدے میں چلی گئی۔ دشمن نے قاعدہ اٹھا لیا۔ بالکل سور کمبخت، سوئر تھا قاعدہ کالی کالی ٹیڑھی تصویریں، سوائے لوٹے کی شکل کے "ح خ" کے اسے کچھ نہ بھایا اور جیم کو تو وہ دیکھ کر جل ہی گئی۔ کس قدر اترائی ہوئی مہترانی کی شکل کی تھی! توبہ! الف سے انار! منھ، بھلا کیسے؟ یہ مٹکے کی شکل کا انار، نہ لال لال چنگاریاں نہ

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کچھ۔ بالکل ردّی۔ خیر الف تو وہ پڑھ لے گی مگر "مد جیم"، تو مر جائے جب بھی نہیں پڑھے گی۔ بہت ہوگا منجھو گھونسے مارے گی، مگر سزا کی ہی کیا ہے! مار نے دو، اپنا کیا جاتا ہے! گھم سے، جیسے محرم میں ڈھول بجا! اس پر پھر کسی کو محرم کے ڈھول کی طرح پیٹ ڈالنے کا جنون سوار ہوا مگر وہ ضبط کر گئی۔ اُس نے دھیان بٹانے کے لیے قاعدہ اُٹھا لیا۔ کت کت مشین کے دانتوں کے نشان دیکھ کر اُس کے اپنے مسوڑھوں میں سوئیاں سی چبھنے لگیں۔ یونہی جو سرے پر لٹکتا ہوا ڈورا پکڑ کر کھینچا تو کچے زخم کی طرح ٹانکے ٹوٹتے چلے آئے۔ بڑا مزا آیا، جیسے وہ جلدی جلدی چھوٹی چھوٹی سیڑھیوں پر سے اتر رہی ہو۔ قاعدے کے ورق بکھر گئے۔

ارے! منجھو یہ سر طیبہ بُرا مانے گی، اور کیا عجب جو مار بھی بیٹھے! اُس نے جلدی سے قاعدے کے ورق سمیٹ کر مشین کے دانتوں کے نیچے رکھ دیے اور ہنڈل گھماتی رہی۔ کت کت، کت کت۔ وہ ادھر سے اُدھر بڑی مشاقی سے چلا رہی، یہاں تک کہ قاعدہ سوزنی کی طرح ٹانکوں سے بھر گیا۔ خیر اچھا ہوا، "ص ض" کمبخت چاشنے دانی کی شکل کے غارت ہو گئے اور "جیم" بھی مٹ گیا۔

مگر جب منجھو نے قاعدے کی صورت دیکھی تو تمام گزشتہ گھونسوں سے زیادہ وزنی گھونسا جا پایا، اس کے بعد تھپڑ اور چانٹے۔ وہ دیر تک بیٹھی بے آنسوؤں کی سوکھی سوکھی سسکیاں بھرتی رہی۔ اگر ہر بار مار پڑنے پر آنسو گرانا لازمی ہوتا تو یقیناً مصیبت ہو جاتی اور اس کی آنکھوں کے ڈھیلے کبھی بہ گئے ہوتے۔ اُدھر منجھو کے تھپڑوں کا خزانہ کم ہوتا نہ نظر آتا، اور جو وہ ہر تھپڑ پر ایک آنسو بھی بہاتی تو سات سمندر کا پانی ہوتا سو بھی خشک ہو جاتا۔ اس لیے وہ اب بس گلے سے رویا کرتی تھی، دماغ بالکل پر سکون اور غیر متاثر رہتا۔

یہ دوسری کتاب تھی جس سے اُسے للّٰہی بغض ہو گیا۔ ایک تو وہ ناول ہی کیا کم تھی جسے پڑھتے وقت منجھو بی اس کی کسی آہ و زاری پر کان نہیں دھرتی تھی، اب دوسری یہ جس کی آمد ہی منحوس ثابت ہوئی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

مگر یہ کتاب تو اس کی جان کو جمٹ گئی، ایسی کہ چھٹنا دشوار ہو گیا۔ الف تو خیر دل پر پتھر رکھ کر پڑھ لیا مگر جیم، حتیٰ کہ ص، ض کمبخت بھی پڑھنا پڑے۔ حیرت تو اسے جب ہوئی جب اُسے معلوم ہوا کہ۔

ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا؟ آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا؟

بات یوں ہوئی اس نے ایک دن منجھو سے پوچھا:

"منجھو بی، جب قاعدہ ختم ہو جائے گا تو مٹھائی بٹے گی نا؟"

"ہاں، اور پھر دوسری کتاب شروع ہو گی۔"

"دوسری؟ ..... پھر؟"

"پھر بڑے بھائی جیسی موٹی موٹی کتابیں پڑھا کرنا۔" منجھو نے نہایت معصومیت سے بتایا کس بلا کی سے وہ اسے آنے والی بلاؤں سے دوچار کر رہی تھی!

خاموش۔ اپنی گود میں ہاتھ سمیٹے وہ بیٹھی رہی اور ایسا محسوس ہوا کہ تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد ایک موٹی سی بھیانک کتاب اس کے سر پر پتھر کی سل کی طرح گرتی ہے جس میں ص ض اور ج سے بھی زیادہ کمینے اور غیر دلچسپ الفاظ موجود ہیں۔ بہت سے بہن بھائیوں اور بھرے پُرے خاندان میں زندگی کے دن ماضی کی تاریکی میں ڈوبتے چلے گئے، جیسے کوئی بہت سے کنکروں کو سوپ میں ڈال کر پھٹک رہا ہے اور ہر کنکر سوپ کے دندانوں میں پنجے گاڑے سے جما ہوا ہے۔ سائیں سائیں، لمبے لمبے پلنگوں کی طرح زندگی گزرنے لگی۔

(۳)

منجھو بی مارتی تھی تو کیا تھا، دُلار بھی تو کرتی تھی۔ پیٹ کوٹ کر جب اسے خوب رُلا چکتی تو سینے کی گرمی سے اس کے سارے زخم سینک دیتی۔ پر اب اس کی زبان چل نکلی تھی۔ جب منجھو مارتی تو وہ کوسنے دینے لگتی جو اُس نے نوکرانیوں سے سیکھ

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ٹیڑھی لکیر ۲۲

لیے بیٹھے ؛

" مر جائے! اللہ کرے منجھو بھی مر جائے!" امّاں اپنی لاڈلی کو کرتے دیکھ کر خوب بگڑیں۔

" کھود کے گاڑ دوں گی جو میری بچّی کو کوسا، کلموہی کہیں کی" وہ خود تو امّاں کی بچّی تھی نہیں، اس کی بدمعاش انّا کے جانے کے بعد سے منجھو ہی اس کی ماں تھی۔

" یوں کہو کہ اللہ میاں منجھو کا بیاہ ہو جائے۔" امّاں نے سکھایا۔ اور اس نے یوں ہی کہنا شروع کیا۔

" اللہ میاں منجھو کا بیاہ ہو جائے۔ منجھو بی کا بیاہ ہو جائے" اس کو سنے کا کافی اثر ہوتا۔ پہلے تو منجھو بگڑتی اور زور سے دھموکے مارتی مگر پھر اس کے ہاتھ ڈھیلے پڑ جاتے اور وہ مسکرا مسکرا کر شرمانے لگتی۔

دعا نہ جانے کیسے برے وقت منہ سے نکلی تھی کہ جھٹ قبول ہو گئی۔ کچھ ایسی گڑبڑ تھی کہ اس کی سمجھ ہی میں نہ آیا کہ کیا ہو رہا ہے۔ گھر اتنا منتقل ہو گیا۔ منجھو گھیر گھار کر ایک کمرے میں بٹھا دی گئی اور خوب غل مچایا گیا۔ الٹی سیدھی مٹھائیاں اور زرق برق کپڑے چاروں طرف پھیل گئے، اچھا خاصہ گھر ہاٹ بن گیا۔ دنیا بھر کی عورتیں، لال ہرے کپڑوں میں لپٹ کر دوڑ پڑیں۔ دھوا دھوں باجے بجنے لگے۔

جب عورتیں منجھو کا دولہا دیکھنے دوڑیں تو وہ بھی بلک گئی۔ کسی نے اسے گود میں لے کر دولہا دکھانا چاہا مگر وہ نہ دیکھ سکی "یہ تو آدمی ہے، دولھا" وہ چلائی اور مچل گئی۔ پھر کسی نے اسے دولھا دکھانا ضروری نہ سمجھا۔ وہ بھی اکتا کر اپنے بیٹھنے میں لیٹی ہوئی منجھو سے لپٹ کر سو گئی۔

رسموں کے وقت لوگوں نے چاہا وہ دولھا کے مہندی لگا دے، مگر وہ اس پر بھی بگڑ کھڑی ہوئی کہ اول تو وہ دولھا نہیں سیدھا سادہ آدمی ہے اور آدمی مہندی نہیں لگاتے۔ اس پر اسے دیوانی کہہ کر دور ڈھکیل دیا گیا۔

منجھو تو دلہن بنی بیٹھی تھی اس لیے وہ بے نتھے بیل کی طرح گھومتی رہی۔ پہلے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

تو اُس نے بری کی شکایت سے جاکر خوب غسل خانے کے سامنے میں کھولی جس سے بیویاں استنجہ کر کے بدحواس ہو ہو گئیں۔ اس کے بعد باورچی خانے کی طرف متوجہ ہوئی اور وہاں خوب ہانڈیوں میں نمک، کوئلے اور راکھ جھونکی۔ باورچی کسی دوسری طرف لگے ہوئے تھے وہ کھیر کے پیالے گننے لگی.. چاندی کے ورق اور پستوں کی ہوائیاں لگے ہوئے پیالے کا مدار شطرنجی کی طرح بچھے ہوئے تھے۔ بڑے ہی بھلے معلوم ہوئے۔ بے اختیار اُس کا جی چاہا ان کے بیچ میں جو خالی جگہ ہے وہاں پیر رکھ رکھ کر چلے۔ وہ تول تول کر قدم اُٹھانے لگی۔ ایک... دو... تین... کسی نے دیکھ لیا اور وہ گڑبڑا کر جو بھاگی تو دھڑام سے کھیر کی کیچڑ میں سر سے پیر تک لت پت۔

نہ جانے کس نے اُسے نہلانے کی کوشش کی مگر وہ تو منجھو کے نہلانے کی عادی ہو چکی تھی۔ یوں رساں رساں نہلانے سے وہ بپھر گئی اور خوب ضدیں کیں، پانی کے چھینٹے اُڑائے۔ وہ عورت تو کمربند کی لکڑی ڈھونڈنے لگی ادھر اس نے تولیہ باندھ کر ٹہلنا شروع کیا۔ منجھو بی کے بھاری بھاری جہیز کے جوڑے دکھانے کے لیے ایک کمرے میں سجا دیے گئے تھے۔ اُس نے ستارے نوچ نوچ کر ہاتھ اپنے پر چپکا لیے، سلمہ کے تار کھینچ کر اُن کے چھلے بنائے۔ گوٹے پٹوں کی تہیں کھول کر خوب پھیلا دیے۔ اتنے میں اس کی نظر گوٹہ لگی ہوئی چولیوں پر پڑی۔ جھلمل کرتی زرکار ڈوریاں! اُسے انہیں پہننے کا کتنا ارمان تھا مگر اسے تو دیکھنے کو بھی نہیں ملتی تھی۔ اماں تو غسل نہانے میں ایسے چھپا کر پہنتیں جیسے موٹی سی گالی ہو، اور میلے کپڑوں کے ڈبے میں اس کا ہاتھ بھی تو نہ جاتا تھا۔ جلدی جلدی اُس نے چاروں طرف دیکھ کر اُلٹے سیدھے سوراخوں میں ہاتھ ڈال کر چوڑیاں گلے میں کس لیں، پھر اُس نے بھاری کریب کا دوپٹہ نکال کر اوڑھا اور اطلس کا پاجامہ دیکھ کر تو اُس کے دل میں ہزاروں سی اُمنگیں اُٹھنے لگیں۔ جانگیے پہنتے پہنتے اُس کا جی متلا گیا تھا۔ جھاڑ جھنکاڑ پھولوں کا ڈھیر اُس نے گھیر دار کر ٹانگوں میں پھنسا لیا۔ پھر کریب کے دوپٹے کا گھونگٹ نکال کر چاروں طرف فرضی مہمانوں کو جھک جھک کر سلام کرنے لگی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"جیتی رہو بیٹی، دودھوں نہاؤ پوتوں پھلو" اُس نے انہیں کہتے سنا۔ اور پھر ٹھوڑی اپنی ہتھیلی پر ٹکا کر گھر والیوں کی طرح:

"اری رسولن، او رسولن! کہاں مر گئی بالزادی! جا علی بخش سے کہہ کہ سودا نہیں لائے! ہاں جلدی سے لائیں مونگ کی دال اور . . . اور بھنی ہوئی گرم گرم مونگ پھلیاں۔ ہاں، شمن بی کے لیے شکر کی گولیاں بھی"

وہ خیالی ماما کو ڈانٹنے لگی۔ باتیں کرتے کرتے اُسے یاد آیا کہ ارے، ننھا تو گھٹنے پر سو رہا ہے! جاگ گیا۔ اُس نے پھرتی سے گھٹنا ہلانا شروع کیا جیسے بچے کو ہلکورے دے رہی ہے:

"دونائیوں میرا چاند، میرا کلیجے کا ٹکڑا، ارے بھوکا ہے دُدو پئے گا! اُوں اُوں"

کُرتا سرکا کر وہ نقلی بٹن گھٹنے کو دیو چنے لگی، مگر فوراً ہی کسی آوارہ مچھر کے کاٹے ہوئے نشان نے اُس کی ساری توجہ کھینچ لی۔ بچہ وچہ بھول کر وہ ہونٹ لٹکا کر ددوڑا دیکھنے لگی:

"کاٹ کھایا مری پلیٹے نے!" وہ اپنے گھٹنے پر چپتیں لگانے لگی۔ اور پھر اسے کسی کو مارنے کا دورہ پڑ گیا۔ دھما دھم اُس نے جہیز کی چیزوں کو دونوں ہاتھوں سے کوٹنا شروع کیا۔ ذرا سی دیر میں کھیت کا کھلیان کر کے رکھ دیا۔ لوگ آ گئے اور اُسے یونہی گھسیٹ کر باہر نکال دیا گیا۔ اتنی فرصت کسے تھی جو اُس کا پاجامہ ڈھونڈ کر پہناتا! لہٰذا شام تک وہ تولیہ لپیٹے اِدھر اُدھر گھومتی رہی۔

مگر اُسے ایک تجربہ ضرور ہوا کہ تولیہ پاجامے سے کہیں زیادہ آرام دہ اور مفید ہوتا ہے۔ ایک تو گھڑی گھڑی کمر بند ڈھیلا تنگ کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی، دوسرے اس عجیب و غریب ہیئت میں دیکھ کر بہت سے بچے تو آتشِ رشک سے بھنے جا رہے تھے۔ دو چار اس تاک میں لگے تھے کہ تولیہ ہٹ جائے تو اُسے ننگا دیکھ لیں، مگر وہ انہیں جوتیوں سے مار مار کر بھگا رہی تھی۔ اُسے اس کھیل میں بڑا مزا آ رہا تھا۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ہم سوئے ہیں، ہمیں جگانا مت!" وہ بن کر سو جاتی اور بدذات بچے اس کا تولیہ چھیننے لگتے۔ پھر وہ جاگ جاتی اور خوب ناخنوں اور دانتوں سے ان کی تواضع کرتی۔

جدھر وہ نکل جاتی سب اسے ڈانٹتے۔ بہتیری چپتیں لگا کر دھتکارتیں مگر کسی کو اتنی توفیق نہ ہوئی کہ تالا کھول کر اس کا پجامہ نکالے۔ خدا خدا کر کے شام کو جب دولہا کے آنچل یا کسی دوسری ضروری رسم کا وقت آیا تو اس کی تلاش ہوئی اور وہ پچھلے دالان میں عجیب و غریب کھیل کھیلتی ہوئی پکڑ کر ماری گئی۔

دولہا آیا، غل مچا، کسی نے اسے جوتا چھپانے کو دیا۔ بڑی دیر تک تو وہ اس جوتے سے کھیلتی رہی، پھر سو گئی۔ رات کو جب دولہا جانے لگا تو جوتے کی ڈھنڈیا پڑی، لوگوں نے اسے جگایا تو وہ بوکھلا کر ان سے لپٹ گئی۔ کوئی خواب دیکھ رہی تھی، بے تحاشہ چلائی: "دولی ... ارے میری دولی!"

کہتے ہیں دولہا ننگے پیر گیا۔ صبح کو جوتا پینے کے پانی میں لاش کی طرح پھولا ہوا ملا۔ خوب سمدھنوں نے اس کا شربت پیا۔ لاکھ لوگوں نے چاہا کہ وہ بتا دے کہ اس نے جوتا مٹکے میں کس غرض سے ڈالا تھا، مگر وہ کچھ بھی نہ بتا سکی۔

"جوتا؟ مٹکا؟" وہ یہی پوچھتی رہی، مگر پھولا ہوا جوتا دیکھ کر اس کے دل میں گدگدی ہونے لگی اور وہ ہنستے ہنستے بے حال ہو گئی۔

(۴)

جب منجھو بیاہ کر جانے لگی تو شمن ذرا بھی نہ روئی بلکہ چپکے سے پالکی میں جا کر بیٹھ گئی۔ منجھو جانے سے پہلے اسے یاد کرتی رہی مگر وہ نہ ملی۔ جب دلہن اور اس کی ساتھ والیاں پالکی میں بیٹھیں تو ان میں سے سب سے موٹی عورت شمن کی گود میں چڑھ بیٹھی۔ وہ زور سے چلاتی مگر موقع کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے ضبط کر گئی اور موٹی عورت کے کولھوں میں چپکے سے دانت گاڑ دیے۔ ایک غدر مچ گیا، پالکی لوٹتے لوٹتے بچی، مگر شمن پکڑی گئی۔ لوگوں نے اسے گھسیٹ کر اتار لیا۔ ہزار لاتیں چلائیں

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کوسا، گالیاں بکیں مگر کوئی سنوائی نہیں ہوئی۔

منجھو بی پل گئی، گھر میں جیسے موت ہو گئی! سارا گھر سو گیا مگر شمن کے حصے کی نیند غائب تھی۔ کئی دفعہ وہ منجھو کو پکار پکار روئی، ہچکیاں لیتے لیتے حلق دکھ گیا، آواز پڑ گئی، مگر کون سنتا ہے؟

"منجھو بی... منجھو بی... ہائے منجھو بی؟" وہ رات بھر سسکیوں سے پکارتی رہی۔ شادی کے تھکے ہارے مہمان اور میزبان دنیا سے بے خبر سو رہے تھے اور وہ اکیلی ادھر ادھر بھٹکتی پھر رہی تھی۔

منجھو کے جاتے ہی اس کی گت بن گئی۔ کئی دن تک تو کسی کو یاد ہی نہیں آیا کہ وہ بھی گھر میں ہے یا نہیں، نہلانے اور کنگھی کرنے کی ضرورت بھی ہے۔ جب بہت ہی اس میں سے بساند پھوٹنے لگی تو سڑتی ہوئی نالی کی طرح لوگ اس سے دور دور رہنے لگے۔ میل اور کھجلی سے بے قرار ہو کر وہ راتوں کو چلاتی اور دن بھر کونوں کھدروں میں ٹھنکتی پھرتی۔ تب اماں کو نہلاوے کا خیال آیا۔

سر کے بال چپک کر جٹائیں بن گئے تھے اور بدن پہ میل کی پپڑیاں بندھ بندھ کر اکھڑ رہی تھیں۔ نائن کے بس کی کہاں تھی! جب اس نے نہلانا چاہا تو اسے مارنے لگی۔ بال کھینچے تو اسے پچھاڑ کر ننگی لچی بھاگی۔ دونوں میں بڑی دیر تک برآمدے میں ریس ہوتی رہی۔ شمن آگے آگے اور نائن پیچھے پیچھے۔ آخر کو موری کے پاس پھسل کر گر پڑی۔ نائن نے پکڑ دھکڑ کر نہلا تو دیا، مگر کھسیانا پن وہ خود ہی جانتی تھی! الجھے بال ویسے ہی میل اور چیکٹ، کانچ بنے رہے۔ میل ذرا پانی ڈالنے سے پھول گیا اور میلے کپڑے کی رگڑ سے بھی دور ہو گئی، بلکہ ویسا ہی جما رہا اور اس نے کپڑے پہن لیے۔ پھر تو یہ حال ہو گیا کہ جس دن وہ نہاتی اماں موٹی سی قمچی لے کر بیٹھ جاتیں اور سچ مچ کی لاش نہلائی جاتی، کیونکہ ایسی ویسی مار کو وہ خاطر ہی میں کب لاتی تھی۔

دن بھر وہ منجھو کو بھولے رہتی مگر رات کو وہی منجھو بی کی رٹ لگاتی۔ تنگ آکر

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

اماں نے بوڑھی دوا سے کہا کہ "دولہا تم ہی پالو اللہ ماری کو" مگر شمن نے سوتے میں انہیں اپنے پاس لیٹا دیکھ کر ان کے بال کھسوٹ ڈالے اور دھکیل دیا۔ اکیلی پڑی اپنی ہتیلیوں کو چبایا کی۔ جب سب سو جاتے وہ جاگا کرتی، اس کے ہاتھ منجھو کی گردن کی تلاش میں کھڑی پٹیوں پر رینگا کرتے۔ اس کا جی چاہتا بس ایک دفعہ وہ نرم نرم گردن اس کی گرفت میں آجائے، پھر تو وہ مر جائے گی پر نہیں چھوڑے گی۔ پڑی پڑی وہ منجھو کے کمینے دولہا کو کوسا کرتی جو اسے چیل کی طرح جھپٹا مار کر چھین لے گیا۔ وہ منجھو کے اس نابکار دولہا کو کوستا بھی شاید خدا نے سن لیا اور ایک دن تار آیا اور گھر میں ماتم ہونے لگا۔

"تمہارے دولہا بھائی مر گئے، تم روتی نہیں ہو؟" تحصیلدارنی کے لڑکے نے اس سے کہا۔

"کون، منجھو بی کا دولہا؟" وہ خوشی سے چونکی۔

"نہیں، بڑی آپا کے دولہا۔" شاک پر سے بڑی آپا کے دولہا کے مرنے کا کسے ارمان تھا! بدمزاج کہیں کے۔ پچھلی دفعہ گنے لائے تو سارے اماں کو بھجوا دیئے، ایک پوری بھی نہ چوسنے دی۔ اسے سخت ناامیدی ہوئی اور وہ دبکی۔ سب سمجھے وہ غم میں شریک ہو رہی ہے۔ بس اپنے اور بچوں کے ساتھ ہمارے نسو کو اسے تحصیلدارنی کے یہاں بھجوا دیا گیا جہاں اسے تلے ہوئے میٹھے انڈے کھلائے گئے۔

"جب منجھو بی کا دولہا مرے گا تو اس سے بھی مزیدار انڈے ملیں گے!" وہ انڈوں کا مزہ دیر تک منہ میں قائم کرنے کی کوشش کر کے سوچتی رہی۔

بڑی آپا بیوہ ہو کر میکے میں آن رہی۔ اس کے دونوں بچے بھی آگئے جنہیں چھونے کی کسی کو اجازت نہ تھی۔ کبوتری کے گھونسلے میں ہاتھ ڈالو تو کس زور کی ٹھونگ مارتی ہے، ایسے ہی جب بڑی آپا کے بچوں کو کوئی چھوتا تو پھنکارتی ہوئی لپکتی۔

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جب خدا خدا کر کے منجھو سسرال سے آئی تو شمن کا مارے غصّہ کے بڑا حال ہو گیا۔ وہ تو سمجھی تھی جیسے وہ اُس کے بغیر دیوانی کتیا بن گئی ہے منجھو بھی میلی کچیلی چوہیا روتی بسورتی اُترے گی، مگر اُسے پہلے سے بھی موٹا اور زیادہ لال دیکھ کر اُسے اپنی سخت ہتک محسوس ہوئی۔ جھوٹی کہیں کی! اماں کو لکھا کرتی تھی "مجھے اپنی شمن بہت یاد آتی ہے" خاک یاد آتی ہوتی تو یوں ملیاقی سا چہرہ نہ رہتا۔ سر سے پیر تک ریشمی کپڑوں میں غرق۔ بجتے زیور، کانوں میں لمبے لمبے جھمکے، جنھیں بات کرتے میں وہ قصداً جھلاتی، اور ناک میں چمکتی ہوئی کیل۔ شرما کر بات کرتے میں وہ ہمیشہ اس کیل کو نزاکت سے آنکھ نیچی کر کے دیکھنے کا انداز، اور وہ باریک ریشم کی جالی کا کرتا جس کے اندر سے گوشت کی چولی بادلوں میں چھپے چاند کی طرح جھلملا اُٹھتی۔

آتے ہی وہ پاگلوں کی طرح سب کے گلوں سے لٹکنے لگی مگر اُس نے شمن کو دیکھا بھی نہیں۔ وہ بدل بھی تو بہت گئی تھی۔ ساری پھول جیسی فراکیں مرجھا گئی تھیں اور جانگیوں کے بجائے اُونچے بدوضع پاجامے پہننے لگی تھی۔ بڑی دیر بعد نہ جانے کیسے وہ اُسے یاد آ ہی گئی؛

"شمن کہاں ہے؟" اُس نے پوچھا اور اُس کے دل کو بڑی طرح ٹھیس لگی۔

اُدھر تو اب بی منجھو اُسے پہچانیں گی بھی نہیں۔ یہ گھنٹہ بھر سے دروازے سے لگا کون ٹکٹکی باندھے اُسے دیکھے جا رہا ہے؟ کس نے کئی بار اُس کا ریشمی دوپٹہ چھو کر متوجہ کرنے کی ناکام کوششیں کیں؟ اور یہ کون جبر کیے دیوار سے خاموش لگا کھڑا ہے۔ شمن نہیں تو پھر اور کون ہو سکتا ہے؟ مگر اُسے ماں، بہنوں کے گلے سے فرصت ملے تو کسی اور کا بھی دھڑکتا ہوا دل ذرا سکون پائے۔ آپا کی لڑکی نوری کو تو آتے ہی کلیجے سے لگا لیا اور شمن جیسے چھلپیری چڑیل تھی کہ لوگوں کو نظر بھی نہ آئی!

مگر پھر بھی جب منجھو نے اُسے اپنے مہکتے ہوئے سینے سے لگا لیا تو اُس کے دل میں ہزاروں سوتے پھوٹ نکلے اور سوکھی ہچکیاں لیتی وہ اُس کے شانے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سے ٹک گئی۔

"جوئیں، جوئیں، اے ہے منجھو، موئی کے ہزاروں جوئیں بھری پڑی ہیں۔" آپا اور اماں چلائیں اور منجھو نے ڈر کر اسے دور دھکیل دیا۔

"گندی ہیں یہ بھنگنوں کی لونڈیا۔" نوری اترائی اور منجھو کی گود میں چڑھ بیٹھی۔ منجھو پھر باتوں کے ریلے میں بہہ گئی اور کسی نے نہ دیکھا کہ شمن دھکا کھا کر باہر چل دی اور چپکے سے سرک کر میلے کپڑوں کے گٹھڑ میں منہ چھپا کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ آج وہ دل اور دماغ دونوں سے رو رہی تھی۔ کھارے کھارے آنسو میلے بدبو دار کپڑوں میں جذب ہو رہے تھے۔ نہ جانے کب تک وہ پڑی روتی رہی، کسی کو یاد بھی نہ آئی۔ بچے دوڑ دوڑ کر منجھو کی لائی ہوئی مٹھائی کھا رہے تھے، نوری اب بھی اس کی گود میں ڈٹی اس کی چمپا کلی سے کھیل رہی تھی۔ منجھو نے گڑیا نکال کر اسے دی اور دوسری نکال کر شمن کو پکارا:

"نہیں ہم دونوں لیں گے!" نوری مچل گئی۔ ویسے شمن اتنی ذلیل نہ تھی جو منجھو کی گڑیا پر اس کی نیت ٹھٹکتی مگر جب دونوں گڑیاں نوری داب بیٹھی تو وہ ضبط نہ کر سکی، اس نے منہ پھیر لیا اور چھت میں لٹکے ہوئے جالوں کو دیکھتی رہی جس میں نیم مردہ مکھیاں جھول رہی تھیں۔ اس پر پھر دورہ سا پڑ گیا، وہ دانتوں سے میلے کپڑے گھسوٹنے لگی۔ بدبو دار پاجامے، سڑی ہوئی بنیائنیں اور لیسانڈے کرتے۔ وہ غصے میں ان سب کو نگل جانا چاہتی تھی۔

تھک کر وہ باہر برآمدے میں آ کر کونے میں بیٹھ گئی۔ آج اسے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ نظروں سے غائب ہو جانے والی ٹوپی پہنے ہے۔ آزمانے کے لئے وہ کئی بار سامنے سے گزری مگر نہ منجھو نے اسے دیکھا اور نہ نوری نے، جو دونوں گڑیا سمیٹے منجھو کے پلنگ پر بیٹھی تھی۔

منجھو کے پلنگ میں ابھی تک دلہناپے کے دھندلے سے نشانات موجود تھے۔ تکیے پر ہی سرخ ساٹن کے جن پر جا بجا [illegible] کاڑھے ہوئے غلاف چڑھے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

تھے اور وہی کارچوبی گوٹے کی رضائی۔ نورتی اُس کے تکیوں پر سر اوندھائے قلابازیاں کھا رہی تھی۔ شمن کا کتنا جی چاہا کہ ہا کہ نورتی کو اتنی زور سے دھکیلے کہ کہ وہ اندھے کنوئیں میں جا گرے اور پھر دونوں گڑیاں چھین لے۔

دیر تک بیٹھی منجھو کے مہندی لگے پیروں کو پلنگ کے نیچے سے جھانک کر دیکھتی رہی۔ لال لال پیروں میں گھنگرو دار پازیب! اُس کا گلا رقت سے بھنچ گیا۔ کاش وہ سب کی آنکھ بچا کر کسی طرح پلنگ کے نیچے رینگ کر پہنچ جاتی اور اُن دو گھنگروؤں کو آہستہ سے اُنگلی سے بجا کر دیکھتی جو اُس کی حنا آلود ایڑی پر ہلکی ہلکی جنبشوں سے ناچ اُٹھتے تھے۔ اتنے میں اُسے نورتی نے دیکھ لیا۔

"خالہ جان شمن مہترانی کی لڑکی ہیں۔ انہیں نانی نے بھنگن سے دو پیسے کو لیا تھا" وہ تتلا کر بولی اور بڑی آپا نے پیار سے اُس کے تھپڑ لگایا۔ منجھو نے مڑ کر اُسے دیکھ لیا مگر وہ وہاں سے بھاگ آئی۔ پھر منجھو کا دولہا بھی گھر میں آ گیا۔ منجھو کچھ شرمائی کچھ اترائی باتیں کرتی رہی۔ دولہا کی آنکھیں شاید تیز تھیں، اُس نے شمن کا بھوت دیکھ لیا:

"ارے بھئی یہ تمہاری بہن شمن کیوں الگ کھڑی ہے؟"

"ان کے جوئیں ہیں" نوری نے جلدی سے اطلاع دی۔

"ارے ہے جوئیں! یہ تو بُری بات ہے، چھ چھ۔" شمن اور جل گئی، یہ کمبخت کون ہوتا ہے چھ چھ کرنے والا۔

"بھئی یہاں آؤ" اُس نے پھر بلایا۔

"انہیں مت بلائیے۔ یہ بُری ہیں، ان سے کوئی بھی نہیں بولتا" نوری دولہا کی گود میں بھی چڑھ گئی اور پھر دولہا نے منجھو سے آنکھوں ہی آنکھوں میں کچھ کہا۔ اُس نے چونک کر شمن کی طرف دیکھا، شمن سمجھ گئی، اور پھر گرتی پڑتی بھاگی کہ اب اُس کے ساتھ ہمدردی جتانے کی سازش ہو رہی ہے۔

پھر اندھیری کوٹھری میں جا کر اُس نے "منجھو بی، منجھو بی" پکارنا شروع کیا

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

مگر بیکار جیسے وہ کسی مردے کو قبر سے کھینچ نکالنے کی ناکام کوشش کر رہی ہو۔ منہ اوندھا سا گئے وہ پڑی رہتی کہ کسی نے زور سے ہاتھ جھٹکا۔ کراہ کے چونکا دیا۔

”جہنم رسید چوہیوں میں پچھلی منجھو کے کمرے میں گئی، مُردار کہیں کی“ بڑی آپا نے بے رحمی سے اُسے جھنجھوڑیاں دیں۔ کوئی دوسرا وقت ہوتا تو وہ کھلکھلا کر لپٹ ہی جاتی اور اُن کی لوٹیاں اُڑا دیتی مگر اس وقت تو کسی نے اُس کے سارے احساسات پر چوٹیں مار مار کر سُن کر دیا تھا۔ وہ سہم کر دوسری طرف جانے لگی، اتنے میں منجھو باہر نکل آئی۔

”شمن“ اُس نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔ شمن کو بڑی بہادری سے کام لینا پڑا۔ ورنہ اُس کے جسم کا رواں رواں کھنچ کر منجھو میں جذب ہو جانے کے لیے تڑپ اُٹھا۔

”چل اِدھر کمبخت، کیا گت بنا لی ہے، ذرا سے دنوں میں“ منجھو نے کس کس کے دو گھونسے جما دئیے۔ شمن پھوٹ پڑی۔ دکھ سے نہیں، اُن توجہ بھرے گھونسوں کی لذت سے اُس کا جی دکھ اُٹھا۔ گھسیٹتی ہوئی اُسے غسل خانہ میں لے گئی۔ شمن کا دل زور سے دھڑکنے لگا، آنسو بے تاب ہو کر نکلے، گھٹے ہوئے بخار اُمڈ پڑے۔ منجھو کے گھونسے کی شیرینی، جس کے لیے وہ ترس گئی تھی، اُس کی رگ رگ میں تیر گئی اور پھر گھسوں، تھپڑوں اور چانٹوں نے نہ صرف اُس کے جسم پر سے بلکہ روح پر سے بھی میل کا غلاف اُتار دیا اور اُس لاش کو دوبارہ جگا دیا جو بالکل اس کے اندر سے نکل چلی تھی۔ خون سُرعت سے دوڑنے لگا، مچھلیاں پھڑکنے لگیں اور ذرا سی دیر میں وہ پرانی شمن کی طرح واویلا مچانے لگی۔

منجھو کو بھی جیسے بہت دن کی چھوٹی شراب ہاتھ آ گئی، بس ٹوٹ ہی تو پڑی۔ پھر بال نوچ نوچ کر کنگھی کی اور سارا دن کھانا پینا چھوڑ کر اُس کی جوئیں نکالیں۔ سب نے بہتیرا منع کیا مگر اُسے تو جیسے گرتے ہوئے مکان کی مرمت کرنا تھی — وہ بھی برسات سے پہلے پہلے۔ شام کو شمن کے پیر زمین پر نہ پڑتے تھے۔ بدن تو ہلکا ہوا

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہی تھا، جی ایسا ہلکا ہوگیا کہ وہ دھما دھم منجھو کے پلنگ پر قلابازیاں کھانے لگی، دھواں دھواں تکیوں کو پیٹ ڈالا اور رضائی کا تنبو تان کر لاتیں چلانے لگی۔

"ہیں، ہیں، پھٹ جائے گی رضائی!" آپا جان نے بس ذرا ڈھیل دی اور اترانے لگیں، کمبخت بات کرنے کے لائق نہیں۔ نوری بھی تو ہے، مگر یہ دیوانی حرکتیں نہیں کرتی۔"

شمن نے دیکھا نوری منجھو کے دولہا کی گود میں بیٹھی مینا کی طرح چہک رہی ہے۔ اس کا جی سلگ اٹھا۔ بس چلتا تو وہ نوری کی بوٹی بوٹی کر کے پھینک دیتی۔ کمینی کہیں کی! ہر بات میں اماں بیٹیاں ذلیل کرنے آن مرتی ہیں۔ نوری گوری ہے وہ کالی، نوری نازک، وہ بھدی؛ نوری ہنس مکھ شرمیلی، باتمیز اور پڑھنے میں تیز وہ بدمزاج، بدتمیز اور پھوہڑ، پڑھنے سے دم چراتی؛ نوری روز کا سبق قرآن شریف کا، جھٹ پٹ یاد کر کے سنا دیتی۔ شمن اس بات پر ہزاروں ٹھکاریں پڑتیں، وہ اپنا پچھلا سبق بھی بھول جاتی، نوری ننھی سی بدھنی سے چوکی پر بیٹھ کر وضو کرتی اور جانماز پر ماں کے برابر کھڑی ہو کر نماز پڑھتی، لوگ واہ واہ کرتے مگر شمن خوب جانتی تھی کہ اسے نماز ٹماز کچھ بھی نہیں آتی کھڑی بڑبڑ ہونٹ ہلایا کرتی ہے۔ اسے نماز کچھ زیادہ اچھی نہ لگتی تھی، ویسے گھر میں پڑھتا بھی کوئی نہ تھا بڑی آپا نے تو بیوہ ہونے کے بعد زوروں شوروں سے نماز پکڑ لی؛ دوسرے وہ عموماً نجس رہا کرتی تھی اس لئے کوئی نماز سکھاتا بھی تو نہ تھا۔

اس کی سمجھ میں نہ آتا تھا اس واہیات پائی ہوئی منجھو کا کیا کرے! اس سے لپٹتے لپٹتے تو وہ تھک گئی تھی، چھوتے چھوتے دل اکتا گیا تھا مگر پھر بھی بھوک باقی تھی۔

رات کو کھانے پر وہ ٹھنک ٹھنک کر منجھو ہی سے سب کچھ مانگتی رہی؛ "نمک، بوٹی۔ سالن۔ گردہ۔ مینگ کی ہڈی لیں گے۔ نہیں مٹھائی، ہمارے مرچیں لگ رہی ہیں، چمچے سے کھائیں گے۔" منجھو باتوں میں مشغول اس کی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

فرمائشیں ٹھیک طرح پوری نہیں کر رہی تھی اور جب شمن نے سالن کا ڈونگا اُجلے دستر خوان پر اوندھا دیا تو اماں اور آپا بیں آنکھوں ہی آنکھوں میں کچھ باتیں ہوئیں۔

"چلو اُٹھو" منجھو روکتی ہی رہی مگر بڑی آپا اُسے گھسیٹ کر برآمدے میں کھینچ آئیں۔

"آواز نکالی تو دم گھونٹ دوں گی۔" اگر کوئی اور ہوتا تو شمن اُس سے لپٹ کر گھسوٹنے لگتی، مگر آپا سے وہ ڈرتی تھی کیونکہ انہوں نے ایک دن ایسی بے دردی سے مارا تھا کہ اماں تک کے آنسو نکل آئے تھے۔ اس بے رحمی میں شمن کو ایسی کریہہ نفرت پوشیدہ نظر آئی تھی کہ وہ سہم گئی تھی۔ اس دن سے بڑی آپا کو بڑا فخر تھا کہ گھر بھر میں کسی کی نہیں سنتی مگر ان کی گھرکی سے شمن کانپ اُٹھتی ہے اور فوراً کہنا مان لیتی ہے۔ مگر انہوں نے یہ کبھی نہ دیکھا کہ یوں کہنا مانتے وقت شمن کی آنکھیں کسی خوفناک نفرت سے دہک اُٹھتی ہیں، ایسے ہی جیسے پنجرے میں بند شیر سدھانے والے کے چابک سے ڈرتا ہے لیکن اُس کی آنکھوں میں جو خونی نفرت نظر آتی ہے اُسے کچھ سدھانے والے کا جی ہی جانتا ہے۔ ایک ذرا دیر کو جو یہ کٹہرا بیچ سے چھوٹ پڑے تو کیا ہو! جب وہ اُسے ڈانٹتی تو شمن خاموشی سے اُنہیں ایسے دیکھتی کہ اُس کا غصہ دوگنا ہو جاتا اور وہ اُسے چبا ڈالنا چاہتیں۔

شمن کھانے پر سے تو ہٹا دی گئی تھی مگر منجھو کے پلنگ پر لیٹنے کا تو پورا پورا حق رکھتی تھی۔ وہ خاموش ضبط کیے لیٹی رہی کہ کہیں آپا کوئی بہانا بنا کر اس کی جگہ نوری کو منجھو کے پلنگ پر نہ سلا دے، اس کی یہ عادت تھی کہ ہر جگہ اپنی بیٹی کو ٹھونسے جاتی تھی۔ لیکن جب اس سے کہا گیا کہ جا کر اپنے پلنگ پر سو جائے تو وہ بکھر گئی: "نہیں ہم تو منجھو کے پاس سوئیں گے۔"

"رہنے دو آپا، یہیں سو رہنے دو، کیا ہے۔" منجھو شرما شرما کر اپنی کیل دیکھنے لگی۔ شمن نے سوچا کوئی اُٹھا نہ دے، وہ جلدی سے سوتی بن گئی مگر دراصل اُسے نیند آ گئی اور وہ منجھو کے گھٹنے پر ہاتھ رکھے سوتی رہی۔

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

رات کو جب اُس کی آنکھ کھلی تو اُس نے جلدی جلدی منجھو کی گردن ٹٹولنے کے لیے ہاتھ پھیلائے مگر ایک دم وہ رنج و ہیبت سے رو پڑی کیونکہ اُس کا ہاتھ بجائے منجھو کی گرم گرم گردن کے پٹی پر بیکسی سے پڑا ہوا تھا۔ یہ تو اُس کا اپنا پلنگ تھا جس سے اسے قبر سے زیادہ نفرت تھی۔ وہ جلدی سے اُٹھ بیٹھی اور گھگھیائی آواز میں منجھو کو پکارنے لگی۔

"چپ چڑیل، خبردار جو آواز نکالی" پاس کے پلنگ سے بڑی آپا غرائی۔

اوہ، اب وہ سمجھ گئی! سوتے میں ظالموں نے اسے منجھو کے پاس سے اُٹھا کر یہاں پھینک دیا۔ وہ جلدی سے منجھو کے کمرے کے پاس گئی، دروازے بند تھے اور اندھیرا گھپ تھا مگر منجھو کے ہنسنے اور دولہا کی کھسر پھسر کی آوازیں آ رہی تھیں۔

"منجھو، منجھو بی یہ میں ہوں، تمہاری شمن . . . دروازہ کھولو" منجھو بی کی ہنسی ایک دم رُک گئی مگر دروازہ نہ کھلا۔

"منجھو بی، شمن ہوں . . . دروازہ کھولو" وہ التجائیں کرنے لگی۔

"اسے ہے چڑیل جان کو آ گئی ہے اُس کی، ادھر چل۔ اگر اب کے پلنگ سے اُٹھی تو بس کالی کوٹھڑی میں بند کر دوں گی" بڑی آپا نے گھسیٹ کر اُس کی بانہہ پکڑی اور بھگاتی ہوئی لا کر پلنگ پر پٹخ گئی۔

شمن کا کلیجہ پھٹنے لگا۔ خوف کی وجہ سے وہ دم گھوٹے سسکیوں سے روتی رہی۔ سب سو رہے تھے مگر اُسے نیند نہ آئی۔ بڑی دیر تک رونے کے بعد چپ ہو گئی مگر سسکیاں نہ رُکیں۔ اُسے پلنگ پر لیٹنا دوبھر ہو گیا اور اُٹھ کر صحن میں چلی آئی۔ جاڑے خاصے اچھے تھے مگر اُسے بالکل سردی نہ لگی۔ آنگن میں نیم کا درخت بھوت کی طرح پر پھیلائے کھڑا تھا، وہ تھوڑی دیر اُس کے کھردرے تنے سے لگی اپنی ہتھیلیاں رگڑتی رہی۔ پھر بغیر کسی ارادے کے مرغیوں کے ڈربے پر بیٹھ گئی۔ یہاں پھر آنسوؤں نے حملہ کر دیا اور گہری گہری سانسوں سے نہ جانے کتنی دیر تک روتی رہی۔ سنسان راتیں جب ہر چیز سناٹے پڑی تھی اور سوائے مرغیوں کی کڑ کڑ کے بالکل

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سناٹا چھایا ہوا تھا۔ اُس کی سمجھ میں نہ آیا کہ اپنا کیا کرے۔ اتنے میں ایک بلی دیوار پر سے کودی، ڈربے میں مرغیاں چوکنی ہو کر کڑکڑا اٹھیں، وہ اُٹھ کر برآمدے میں واپس بھاگی۔ راستے میں ایک دم اس کی نظر کیاریوں پر پڑی جہاں دھنیہ اور ساگ بویا ہوا تھا، اندھیرے میں بالکل ایسا معلوم ہوتا تھا کالا کالا اون اُلجھا ہوا پڑا ہے۔ بڑی آپا کی کیاریاں!

آناً فاناً میں وہ بھوکی شیرنی کی طرح ہری بھری کیاریوں پر پل پڑی۔ دونوں ہاتھوں سے اُس نے کھسوٹنا شروع کیا جیسے وہ اپنے کسی دشمن کی آنتیں نکال رہی ہو، اور پھر مٹھیوں میں لے کر اُس نے زمین پر رگڑ ڈالا۔ مرچوں کے پیڑ، لوکی کی بیل، چمبیلی اور موگرہ کے پودے جس میں سے روز پھول توڑ کر آپا جوڑے میں لگایا کرتی تھیں توڑ مروڑ کر پیروں سے مسل ڈالے۔ اب اُسے ہنسی آنے لگی، جیسے کسی نے پچکاریوں سے تازہ تازہ خون اُس کے جسم میں بھر دیا۔ آنسو بھری پھٹی پھٹی آنکھیں وحشت سے بھینگی ہو گئیں، گھنے بال ہوا میں سنپولیوں کی طرح لہرا رہے تھے اور وہ بالکل ایک چھوٹی سی مرگھٹ کی ڈائین معلوم ہوتی تھی جو قبر کھود کر مردے کے کلیجے میں ناخن گڑا کر اُسے دانتوں سے چبانا شروع کر دیتی ہے۔ وہ تھک کر شل ہو گئی اور اُس کا جی بھر گیا اُسے اب بھی بُری طرح ہنسی آ رہی تھی: سوکھے سوکھے پاگل کتیا کے سے بھیانک قہقہے لگا رہی تھی۔

"بس، بس، اب ٹھیک ہو گئیں" اُس نے تخیل میں کسی پر دانت پیسے اور پھر وہیں زمین پر لوٹ گئی۔ منجھو نے آج اُسے نہلایا تھا، بال سنوارے تھے تو بس اب اُس کی یہی سزا ہے! اُس نے بھر بھر مٹھیاں ریت کی اپنے بالوں میں ڈالیں، خوب کیاری کی کیچڑ میں قلابازیاں لگائیں، زمین پر تھوک کر ہتھیلیوں سے رگڑا اور پھر یہی ہتھیلیاں اپنے منہ اور گردن پر پھیر لیں۔ اُس کا بس نہ تھا جو اپنے جسم کو آگ لگا کر بھسم کر دیتی، تب تو منجھو کو پتہ چلتا! تھوڑی دیر میں اُس کا جی ٹھہر گیا! تو تھکن اور غصے کا آیا ہوا پسینہ خشک ہو رہا تھا اور ہوا اُس کے جسم میں سوئیاں سی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

طرح جھُوم رہی تھی۔

صبح جب نوکروں نے اُسے کیچڑ میں لتھڑا ہُوا کیاریوں کے پاس بیہوش پایا تو خوف سے اُن کی چیخ نکل گئی۔ ماما سمجھی اُسے کسی نے قتل کر دیا کیونکہ اُس کے سارے کپڑے پھٹے ہوئے تھے اور ناک سے نکسیر پھُوٹ کر ساری ٹھوڑی اور گردن پر خون جما ہُوا تھا۔

چار پانچ روز تک اُسے بخار کی وجہ سے ہوش نہ آیا۔ جب اُس نے آنکھیں کھولیں تو اُس کے سینے پر پلاسٹر جکڑا ہُوا تھا اور منجھو بڑی پریشان بیٹھی تھی۔ اُس کا جی خوش ہو گیا۔ بڑی آپا تک فکر مند نظر آ رہی تھی اور رات رات بھر اُس کے سرہانے بیٹھی رہتی تھی۔

پھر تو اُسے ایسا معلوم ہُوا دوبارہ کسی کے یہاں اکلوتی پیدا ہو گئی۔ خوب خوب ضدیں کرتی اور منجھو تو اسے اچھا ہونے پر اپنے ساتھ سلانے کا پکا قول دے چکی تھی۔ اُس کا دولھا چلا گیا تھا اور وہ اس کے قریب ہی سوتی تھی۔ بیماری میں خوب لاڈ ہوئے مگر وائے قسمت وہ بڑی تیزی سے اچھی ہونے لگی۔ بخار بالکل غائب اور کمزوری نام کو نہیں۔ بڑی آپا نے پھر نظر ٹیڑھی کر لی۔ انار اور انگور ملنے بند اور ساگودانہ بھی ختم۔ مگر اُسے تندرست ہو کر سخت غصّہ آیا۔ پڑوس میں چُنّا کی ماں رہتی تھی، کیا مزے سے ہمیشہ بیمار رہتی تھی۔ کیا اللہ میاں کو اُسے مرض دینے میں بھی کنجوسی سوجھتی تھی! اُسے اچھا ہونا پڑا۔

(۵)

جب منجھو سسرال جانے لگی تو شمن کو بھی ساتھ لے لیا۔ اس وقت نوری کی خوب کرکری ہوئی، بڑی طرح بلکی اور پچھاڑیں کھائیں۔ سب نے اُسے مزے دار دھوکا دے دیا۔ پہلے تو سب نے کہا کہ ہاں بھئی نوری بھی جائے گی، مگر منجھو نے چپکے سے اُسے بتایا کہ نوری کو پھسلا رہے ہیں۔ شمن کو بڑا ہی مزا آیا۔ منجھو جانے لگی تو نوری پہلے ہی سے گاڑی میں بیٹھ گئی۔ وہ ڈری کہ بہلانے کے بجائے سچ مچ یہ

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جا رہے ہیں۔ مگر گاڑی چلنے سے ذرا پہلے بڑے چچا نے نوری سے کہا:۔

"آؤ بیٹی نوری، تمہیں مٹھائی دلائیں۔"

"نہیں، نہیں، ہم مٹھائی نہیں لیتے۔" نوری ایسے بہت چکمے سہہ چکی تھی۔

"بیٹی ہمارے لیے سے آؤ، سنگ لے چلیں گے" یہ منجھو بی بولی۔

"ٹوکری میں لے چلو گی خالہ جان؟" نوری چہکی اور شمن مسکرائی کہ آئی اب کمبختی بیچاری کی۔ جو نہیں نوری چچا کی گود میں گئی گاڑی نے سیٹی دے دی، نوری دھاڑیں مارتی رہ گئی، شمن کا ہنسی کے مارے بُرا حال ہو گیا، مگر تھوڑی دیر بعد اُسے بے اختیار نوری یاد آنے لگی۔ بیچاری نوری! دونوں چلتیں تو مزہ آتا۔

منجھو کا گھر اسے بالکل پسند نہ آیا۔ دو تین چھوٹے چھوٹے کمرے اور چھوٹا سا صحن۔ منجھو کا دُولہا اور منجھو کی ساس، جیسے دیکھتے ہی شمن نے بھانپ لیا کہ یہ ہے دشمن کا مورچہ، بڑھیا اُسے شروع ہی سے بُری لگی۔ اس کے علاوہ منجھو کی ساس کا پوتا کدّن بھی اُسے قطعی پسند نہ آیا۔ لال چقندر رنگ اور نیلی نیلی بلّے جیسی آنکھیں، پکّیا گال! ایک کمرے میں منجھو اور اُس کا دولہا، دوسرے میں منجھو کی ساس اور کدّن سوتے تھے۔ وہیں شمن کا پلنگ بچھا دیا گیا۔ وہ اب کچھ کچھ سمجھ چلی تھی کہ منجھو کے دولہا کی موجودگی میں تو وہ کمرے میں سو نہیں سکتی۔ کبھی کبھی اُسے تشویش ہوتی کہ آخر کیوں؟ مگر کبھی کسی نے اُسے اطمینان بخش جواب نہ دیا:

"نہیں منجھو کے پاس نہیں سوتے!"

"کیوں؟" وہ پوچھتی۔

"بس بک بک نہ کرو" یہ جواب ملتا، اور وہ بک بک نہ کرتی۔

منجھو سے پوچھنے کی کبھی ہمت نہ پڑی۔ وہ کچھ بدل سی گئی تھی، اگر پاس بھی لٹاتی تو پہلے ہی سے کہہ دیتی:

"دیکھ شمن ہٹ کے لیٹو۔ ہاں بھئی مجھے گرمی لگتی ہے۔" وہ ویسے یونہی کبھی دکھاوے کو چمٹا بھی لیتی مگر وہاں اب اُسے گرمی نہ ملتی تھی جس کی کبھی وہ عادی تھی اس لیئے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

منجھو سے کبھی لاڈ نہ کرتی، کچھ کھنچی کھنچی سی رہتی مگر منجھو نے کبھی دھیان نہ دیا۔
منجھو کو قادر عرف کدن سے کبھی اس لیے نفرت تھی کہ اس سے بڑا ہو کر بیٹھے لیٹا تھا کیونکہ اُسے لڑائی جھگڑے سے بڑا ڈر لگتا تھا۔ کبھی مذاق ہی میں شمن اُس سے کشتی لڑنے کو کہتی تو دبک جاتا۔ بس ہر وقت دادی بیوی کے پاس بیٹھا پان چبایا کرتا، کبھی سروتے سے کھیل لیتا اور دوڑ دوڑ کر کام کرتا۔
بڑھیا کو تو شمن نے شروع ہی سے ڈھیل نہ دی۔ باوجود منجھو کی دھمکیوں کے اُس نے اُنہیں دادی بھی نہ کہا بلکہ ہمیشہ "منجھو کی ساس" ہی کہتی رہی جس پر بڑھیا جل اُٹھتی۔ اور منجھو سے اُس پر ڈانٹ پڑواتی۔ پھر تو وہ اور ضد باندھنے لگی اور سوائے "اے" یا "وہ" کے کچھ نہ کہہ کر مخاطب کرتی۔
کدن دادی کے ساتھ ساتھ چولھے کے پاس بھی گھستا۔ یہاں تک کہ وہ رفع حاجت کو جاتی تو باہر کھڑا جلدی نکلنے کے تقاضے کرتا رہتا۔ شمن سے تو وہ پہلے ہی دن ڈر گیا تھا جب اُس نے اُس کی چھوٹی سی صراحی چھوئی تو وہ خونخوار بلی کی طرح جھپٹی اور گھونسوں اور تھپڑوں کی بارش کر دی۔ وہ ایک دم جھجک کر بھاگ گیا تھا اور دادی بی کے کندھے سے لگ کر خوب رو دیا تھا۔
کدن کی بھی ایک کیاری تھی جس میں اُس نے پودینہ اور کپاس بو رکھی تھی اور شمن کی کیاری میں سیمیں بوئی ہوئی تھیں۔ کدن کی کیاری پر بڑھیا دولت کا سانپ بن کر پہرا دیتی، کیا مجال جو کوئی چھو بھی جائے۔ ایک دن بڑھیا نے جان بوجھ کر شمن کی کیاری سے دھنیہ توڑ لینا چاہا۔
"کدن کی کیاری میں سے توڑو، ہماری کیاری میں سے نہیں" وہ دونوں ہاتھ پھیلا کر کیاری کے آگے کھڑی ہو گئی۔
"اے بیٹی ذرا سا لوں گی، کدن تو روئے گا"
"کدن تو روئے گا!" شمن کے آگ ہی تو لگ گئی۔
"نہیں" اُس نے ایسے زور سے بڑھیا کو ڈانٹا کہ وہ ڈر کے بڑبڑاتی ہوئی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

چلی گئی۔

کچھ ہی دن میں وہ منجھو کے گھر سے تھک گئی۔ اُسے رہ رہ کے اپنا گھر یاد آتا؛ نوری، بڑے بھائی اور منجھلے بھائی۔ وہ تو اسے اتنا مارتے بھی نہ تھے پر اس کے موٹے موٹے گال خوب نوچتے تھے۔ بڑی آپا البتہ ٹیڑھی کھیر تھیں، لیکن اُن سے ناطہ رکھنے کی ایسی ضرورت ہی کیا تھی! مگر یہاں تو بڑھیا اور کدن، دو جانیں، جن سے اُسے کوئی دلچسپی ہی نہیں۔

منجھو تو دوپہر کو کمرہ بند کر کے سو جاتی اور اس کی ساس دالان میں بیٹھی دالیں وغیرہ چُنا کرتی۔ شمن پاگلوں کی طرح کیاریوں کے پاس ٹہلتی یا مرغیوں کو آنگن میں دوڑاتی، کبھی باورچی خانے میں جا کر آلو بھوننے لگتی، پھر ان سب باتوں سے بھی دل گھبرا جاتا تو وہ خاموش منڈیر پر پیر لٹکا کر بیٹھ جاتی اور سنسان سڑک پر سوکھے ہوئے پتوں کو ایک دوسرے کے تعاقب میں دوڑتے دیکھا کرتی۔ پاس ہی درختوں پر بندر اُچھل کود میں مشغول ہوتے، اس ڈال سے پینگ لے کر اُس ڈال پر، جیسے سرکس میں نٹ جھولتے ہیں۔ ایک دم سے کسی بندر کا ہاتھ چُوک جاتا اور وہ بھد سے دیوار پر آن گرتا تو شمن ہنستے ہنستے دُہری ہو جاتی۔ کاش وہ بھی بندر ہوتی! اُن میں منجھو کی ساس اور کدن سے تو زیادہ انسانیت ہو گی، یہ نہیں کہ ہر وقت بس دال بین رہے ہیں یا گیہوں پھٹک رہے ہیں اور وقت ملا تو لال بیلیے چیتھڑوں کو جوڑ کر جھاڑ جھنکاڑ بلائیں سی جا رہی ہیں۔

ایک دن کدن نے اپنی رنگین شیشے کی گولیوں کا ڈبہ نکالا اور بولا: "آؤ شمن کھیلیں۔"

شمن اُسے منہ تو نہ لگاتی مگر لال ہری گولیوں کو دیکھ کر اُتر آئی۔ بڑی دیر تک وہ ایک ایک گولی آنکھ سے لگا کر اس میں دوڑتے ہوئے رنگ دیکھتی رہی، جیسے قوس قزح کی جھاڑو سے اُن کے اندر کسی نے دائرے کھینچ دیے ہوں۔ ایک تو بالکل ایسی تھی جیسے ریشم کا پھندنا شیشے میں بند کر دیا ہو، اور دیکھتے دیکھتے وہ پھندنا

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

زندہ کیڑے کی طرح رینگنے لگتا۔

"کلدن آؤ ان گولیوں کو کیاری میں بوئیں۔"

"کیاری میں؟"

"ہاں، پھر پیڑ اُگیں گے تو ہزاروں گولیاں بیروں کی طرح لگیں گی، اور جناب بس پھر اپنی توڑ توڑ کر جمع کر لیں گے، ہاں۔"

"پردادی بی ماریں گی جو!"

"ہونہہ، دادی بی کو کیا پتا چلے گا! مگر ہاں جب پیڑ اُگیں گے تو بس خوشی کے مارے وہ مر جائیں گی، دیکھ لینا، ہاں۔"

"تو چلو۔" کلدن آج بنا دادی بی سکے ہی کچھ کرنے کو تیار ہو گیا۔ شمن کو اُس پر کچھ یوں ہی سا پیار آنے لگا۔ گولیاں بو کر انھوں نے خوب سا پانی ڈالا اور گھٹنوں پر کہنیاں رکھ کر انتظار میں بیٹھ گئے۔

شمن کو گولیاں اُگتے دیکھنے کا بہت شوق تھا۔ جب اُس نے دھنیا بویا تھا تو صبح صبح کیاریوں کو دیکھنے گئی تھی مگر کلا ابھی نہ پھوٹا تھا، اُسے ڈر لگا کہ کہیں دھنیہ خراب تو نہیں تھا، لیکن تیسرے چوتھے دن اُس نے دیکھا باریک باریک، کپاسی رنگ کے ٹانکے زمین پر اُٹھے ہوئے تھے؛ ننھے ننھے کنڈے زمین کا سینہ چیر کر باہر نکل آئے تھے؛ اُن میں سے دو چار تو بالکل جھکے ہوئے تھے جیسے کوئی ان کی گردنیں پھنسائے ہوئے کھینچ رہا ہو۔ اُن کی کمروں پر بڑا زور پڑ رہا تھا۔ شمن نے چاہا تنکے سے اُنھیں سہارا دے کر اُن کے سر چھپا دے مگر وہ کٹ سے بیچ میں سے ٹوٹ گئے۔ اُس کا دل اُس روز کسی کام میں نہ لگا اور وہ کیاریوں کے پاس بیٹھی اُن کلّوں کے زمین سے اُبھرنے کی کشمکش دیکھتی رہی۔ کچھ تو جب وہ ناشتہ کرنے گئی نکل آئے اور کچھ ابھی کشتی لڑ رہے تھے۔ اُن میں سے ایک تو بالکل زندہ کیڑے کی طرح باہر کو اپنا نازک جسم کھینچ رہا تھا اور دیکھتے ہی دیکھتے بل میں سے سنپولیے کی طرح نکل آیا۔ شمن نے ٹھنڈی سانس لی، جیسے کلّے کا سارا زور وہی لگا رہی تھی۔ کلّے کی ناک میں دھنیے کے چھلکے کا بُلاق

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

الہ ٹیڑھی لکیر

ٹک رہا تھا جو تھوڑی دیر میں اُس نے جھٹک کر پھینک دیا اور درد بہر تک تن کر کھڑا ہو گیا اور دونوں ہاتھ فتح مند سپاہی کی طرح پھیلا دیے۔

آج وہ گولیوں کے گلّوں کو پھوٹتا دیکھے گی۔ چکنے چکنے کاہی کے ہرے رنگ کے حلقے جیسے چوڑی موڑ کر کنڈا بنا دیا ہو۔ وہ ان کنڈوں کو پرو کر ہار بنائے گی۔ نہیں نہیں، پھر پیڑ کیسے بڑھیں گے! اور پھر جامنوں کی طرح رنگ برنگی گولیوں کے گچھے اس کی آنکھوں کے سامنے جھومنے لگے۔

تیسرے پہر تک تو کلّے پھوٹے نہیں، پھر اُسے نیند آگئی۔ جب شام کو وہ اُٹھی تو اُس کا کلیجہ پھٹ گیا۔ منجھو کی ساس مصالحہ پیسنے کے پیالے میں بیٹھی گولیاں دھو رہی تھی۔ ہیں! شاید چڑیلیں انہیں گوشت میں گھبارنے جا رہی ہے۔ شمن اُس پر پل پڑی۔

اس کے بعد نہایت ناخوشگوار واقعات پیش آئے۔ اُس نے منجھو کی ساس کی کلائی چبا ڈالی اور منجھو نے اُس کا منھ چانٹوں سے توڑ کر رکھ دیا۔

آج اس کا دل و دماغ سب پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ ہونہہ، گولیاں نہیں بوئی جاتیں! اُس کا بس چلے تو منجھو کی ساس کو اُٹھا کر بو دے۔ اور پھر وہ سوچنے لگی: اُس نے گڑھا کھود کر منجھو کی ساس کو بو دیا ہے۔ دوسرے دن کلّا پھوٹ رہا ہے، بھورا بھورا چتیوں دار۔ تیسرے ٹوکری میں اژدہا لیے پھرتے ہیں نا، بالکل ویسا۔ شمن خوشی سے دیوانی، دیکھ دیکھ کر مری جا رہی ہے۔ پھر وہ بڑھتا بڑھتا نیم کے پیڑ سے بھی اونچا ہو گیا اور نمکولیوں کی طرح گچھے کے گچھے مرگھلی سڑی ہوئی کبڑی بڑھیوں کے ٹپکنے لگے۔ ایک لمبا سا سانس لے کر وہ انہیں جھاڑنے لگی جیسے پکّی پکّی املیاں۔ سارا آنگن بڑھیوں سے پٹ گیا۔ ہزاروں، لاکھوں کھانستی چھینکتی بڑھیاں۔ کوئی پاندان کھولے جلدی جلدی پان لگا رہی ہے، کوئی چوکی پہ بیٹھی چھالیا کتر رہی ہے، آٹھ دس باورچی خانے میں گھسی ہنڈیوں کا ناس مار رہی ہیں، دو چار اچار کی مٹکیوں کے پاس پھدک رہی ہیں، ننھی منی ملڑیوں کے برابر بڑھیاں سارے گھر میں اُدھم جوت رہی ہیں اور وہ ایک، دم ان بڑھیوں

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سے گھبرا اُٹھی اور دونوں ہاتھوں سے اُنہیں دور دور کرنے لگی۔
شکر ہے جو اس نے بڑھیا کو لوٹنے کا خیال جلدی پرے کر دیا ورنہ غضب ہو گیا تھا۔ ایک ہی بڑھیا نے اس کی زندگی اجیرن کر دی تھی۔ اسے کدّن پر بھی بہت غصّہ آیا کہ اس نے اپنی چہیلتی کو بتا کیوں دیا۔ جی چاہا ناخونوں سے اس کی کنچے بلوٹے جیسی آنکھیں نکال کر گولیوں کی جگہ لو دے۔

(۶)

اسے آہستہ آہستہ منجھو سے اور نفرت ہونی شروع ہوئی، یہاں تک کہ اس کا کھانا پینا! اُٹھنا بیٹھنا سب اسے قابل اعتراض لگنے لگا۔ وہ روز بروز موٹی اور کاہل ہوتی جاتی۔ بڑھیا ساس ماما کی طرح اس کے آگے پیچھے لگی رہتی مگر اس کا منہ کسی وقت سیدھا نہ ہوتا۔
ایک دن اس نے دیکھا کہ منجھو پیلی پیلی مٹی کا ٹکرا چبا رہی ہے۔ شمن کا دل ہل گیا۔ اسے یاد تھا کہ جب وہ خود مٹی کھایا کرتی تھی تو سانپ پیدا ہو گیا تھا اور اب منجھو مٹی کھا رہی تھی۔
"منجھو بی مٹی کھاتی ہے" اس نے چپکے سے کدّن سے کہا۔
"کون، میری بچی؟"
"ہاں، اور جبھی تو اس کا پیٹ پھول گیا ہے، دیکھ لینا اس کے پیٹ میں سے ایک دن یہ بڑا سارا سانپ نکلے گا" کدّن نے دادی بی سے جڑ دیا۔
"دادی بی، شمن کہتی ہے چچی کے پیٹ میں سے سانپ نکلے گا"
"خاک پڑے شمن کے منہ پر۔ کیوں رے، منع کیا کہ اس دیوانی سے مت بولا کر سے مگر سنا نہیں تو نے۔ لو بھلا بہن کے لیے مراثن ایسی باتیں منہ سے نکالتی ہے" بڑھیا گھنٹوں بیٹھی بڑبڑاتی رہی مگر شمن کی فکر نہ گئی۔ وہ چھپ چھپ کر منجھو کا پیلا اُترا ہوا چہرہ اور مریل جسم دیکھا کرتی۔ اسے اس کے پیٹ میں موٹے موٹے پھنکاریں مارتے ہوئے سانپ بل کھاتے نظر آتے۔ پھر اسے منجھو سے اور

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

بھی نفرت ہوگئی مگر کسی کو اس کے متعلق فکر نہ تھی، بلکہ بڑھیا تو اور خوش نظر آتی تھی کہ مزے سے سارے گھر میں اسی کا راج ہے۔ وہ جان بوجھ کر اس کے لئے سڑی سڑی مرچوں دار نقصان دہ چیزیں پکاتی اور خود ڈلی شکر چرا کر کھاتی ہوگی۔

اس کی اماں آئیں اور منجھو ایک دن بہت زور سے بیمار پڑی۔

"کدن آج دیکھ لینا تمہاری دادی بی سچ کہتی تھی یا ہم اتنا بڑا سانپ ہے کہ کیا بتایئے۔ جبھی تو منجھو بی رو رہی ہے بچاری۔"

"چچا تو دور سے پرے گئے ہیں، کون مارے گا سانپ کو۔"

"تھانے میں سپاہی جو موجود ہیں جناب۔" اس نے نہایت اطمینان سے کہا اور وہ سپاہیوں سے نہایت رازدارانہ انداز میں بولی: "تم اپنی بندوقیں لے چلنا، اچھا۔"

"کیوں؟" داروغہ جی نے اس سے پوچھا۔

"سانپ مارنے کے لیے،" ہماری بہن جو ہیں نا، منجھو بی، ان کے پیٹ میں سانپ ہے، اب نکلنے ہی والا ہے۔"

داروغہ جی نے سوئر کی طرح تھوتھنی اٹھا کر کھوں کھوں ہنسنا شروع کر دیا۔ دو چار سپاہی بھی ہنسنے لگے۔

رات کو ایک دم جو شمن کی آنکھ کھلی تو گھنٹیوں کے بجنے کی آواز آرہی تھی اور منجھو کے کمرے میں غدر مچا ہوا تھا۔ وہ چیخیں مارتی ہوئی اس کے کمرے کی طرف بھاگی، دو چار عورتوں نے اسے پکڑ کر دبوچ لیا، مگر وہ "منجھو بی" کی رٹ لگائے رہی۔ معلوم ہوتا تھا باہر بھی سارے سپاہی ایک دم جاگ اٹھے اور ٹھائیں ٹھائیں بندوقیں چلنے لگیں۔ وہ سہم کر چپ ہو گئی۔

"کیا مر گیا؟" اس نے ایک عورت سے پوچھا۔

"کیا؟ کون؟"

"سانپ۔" اس نے آہستہ سے کہا۔

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اری بیٹی، اس سے کیا سر مار رہی ہے، یہ دلہن کی بہن ہے، موئی دیوانی" منجھو کی ساس نے کہا اور بھاگی کسی کام کو۔ آج وہ بڑی اترائی ہوئی پھر رہی تھی۔ اتنے میں اس کی اماں باہر نکلیں، وہ بھی سٹپٹائی ہوئی تھیں۔ "اماں، منجھو بی" اس نے شمن کی روک کر پوچھا۔

"اچھی ہے منجھو بی، چل ننھا سا بھانجہ تو دیکھ" آج اماں خوشی سے پھولی نہ سماتی تھیں؟ وہ اسے ہاتھ پکڑ کر اندر لے گئیں۔

"اُف!" حیرت سے اس کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں۔ ننھا منھا سا چینی جیسا بنا ایک عورت کی گود میں رکھا تھا، منجھو چپکی پڑی تھی۔

"اور سانپ" اس نے ڈرتے ڈرتے اماں سے پوچھا۔

"چل پگلی"

"یہ منا کہاں سے آیا؟" اس نے دوسرے دن پوچھا۔

"یہ وہ جو میم صاحب تھیں نا، وہ منجھو بی کے لیے لائی تھیں"

"اچھا۔ تو اماں ایک ہمیں بھی منگا دو۔ منجھو کی ساس تو اسے چھونے نہیں دیتی"

"اچھا، منگا دوں گی" اماں نے کہا اور دو چار عورتیں ہنس پڑیں۔

"تو پھر سانپ یقیناً سپاہیوں نے مار ڈالا، جبھی ٹھائیں ٹھائیں بندوقیں چلی تھیں۔ اچھا!"

مگر یہ اس کی سمجھ میں نہ آیا کہ اتنی کلوٹی میم صاحب اتنا سفید بچہ کہاں سے اڑا لائیں، دوسرے منجھو بی تو بالکل پچک کر رہ گئی تھی۔

"دو اور دو چار" اس نے حساب لگا لیا، مگر ہے ضرور کچھ گڑبڑ!

اب منجھو بی کے یہاں اس کا قطعی دل نہ لگا اور وہ اماں کے ساتھ گھر چلی آئی۔

(۷)

منجھو بی کے یہاں سے واپس لوٹی تو ایسا محسوس ہوا گویا اسے ہمیشہ کے لیے دفن

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

کر آئی، مگر تعجب ہے اسے ذرا بھی افسوس نہ تھا۔ رہا کھٹکا نہ چوری کا دعا دیتا ہوں رہزن کو۔ اتنا چھینا کہ بالکل ہی کنگال کر دیا۔ اچھا ہی ہوا ایک روگ سا دُور ہو گیا۔ یہ تو اس کی سمجھ میں آ گیا تھا کہ اب منجھو اسے نہیں مل سکتی، اس کے حصول کے لیے جان تجنا اتنا ہی فضول ہے جتنی پتھر میں جونک لگانے کی کوشش۔

بیوہ ہو کر بڑی آپا مستقل طور سے میکے آن رہی تھیں، وہ شمن کی نگران بن گئیں۔ اماں کو تو دنیا کا بس ایک کام آتا تھا— بچے پیدا کرنا— اس کے آگے نہ انہیں کچھ معلوم اور نہ ہی کسی نے بتانے کی ضرورت محسوس کی۔ ابا جان کو بچوں سے زیادہ بیوی کی ضرورت لاحق۔

شمن کو بڑی آپا پر کبھی بھروسا نہ ہوا۔ ویسے تو برابر یہی جتاتیں کہ انہیں شمن کی بہتری مقصود ہے اور اس کی عاقبت سدھارنا چاہتی ہیں لیکن اصل میں اسے نوری کے لیے درسِ عبرت دینے کا بہترین آلہ بنا رکھا تھا:

"کہنا نہیں مانو گی تو شمن کی طرح پھٹکا رہیں گے سب۔"

"نہاؤ گی نہیں تو شمن کی طرح جوئیں پڑ جائیں گی۔"

"پڑھو گی نہیں تو شمن کی طرح جاہل رہ جاؤ گی۔"

"پھر تم نے شمن کی طرح ضد کی۔"

"شمن کی طرح جھوٹ بولنا خوب آتا ہے۔" اور

"یہ شمن ہی تمہیں بگاڑتی ہے، خبردار جو اس کے ساتھ کھیلیں۔"

یہی نہیں، وہ اور آگے بھی نہ چوکتیں، اماں جان پر طعنے کسے جاتے:

"کبھی میں اماں تو ہوں نہیں جو تمہیں بھی..."

"مجھے اماں جیسے چونچلے تو آتے نہیں۔" وہ کہتیں حالانکہ دونوں بچوں کو تخمی آم کی طرح ہر وقت چچوما چاٹا کرتیں۔

اس پر شمن کی اماں شرمندہ اور کھسیانی ہو کر اس کی موت کی دعائیں مانگتیں۔ خیر ان کی زندگی کا سہارا یہ فخر تو تھا کہ اتنی الابلا کے ساتھ انھوں نے بڑی آپا جیسی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

میراسی بیٹی بھی تو جنی۔

مگر یہ میراسی بیٹی اٹھتی جوانی میں رانڈ ہوگئی۔ دو بچے مرحوم نے اپنی نشانی چھوڑے جنہیں وہ چیل کی طرح نگہبانی کرکے پال رہی تھی۔ بچے کیا تھے تہذیب اور فرمانبرداری کے دو چرخے تھے، سوت برسوت کات لو کیا مجال جو تکلا ٹیڑھا ہوجائے۔ روز صبح اٹھ کر کھٹا کھٹ سب کو سلام کرنا، کوئی مہمان آئے تو فوراً اسے خالہ، ممانی، چچی، دادی حسبِ حیثیت وعمر خطاب دینا۔ جھٹ پٹ "آتا ہے یاد مجھ کو گذرا ہوا زمانہ" اور "لب پہ آتی ہے دعا" سنانا اور پھر "نوری ناک کو کیا کہتے ہیں؟" "نوز"۔ "کان کو؟" "ایر"۔ "دانت کو؟" "چیک"۔ "نہیں بھئی چیک تو گال کو کہتے ہیں، دانت کو؟" "ٹیٹھ"۔ منّو جلدی سے بولتا۔

"شاباش، بھئی واہ"۔ مہمان مست ہوکر جھوم اُٹھتے۔

"اچھا چلو اب ٹوئنکل ٹوئنکل سناؤ"۔ کرسی پر کھڑے ہوکے اور بھئی اشارے کرتی جانا"۔

پھر نوری کرسی پہ بندریا کی طرح پھدک پھدک کر انگریزی گانے سناتی اور منّو جسم کے مختلف حصوں کی انگریزی بتاتا حالانکہ اس وقت اس کی تمام تر توجہ ان لڈوؤں پر ہوتی جو مہمان کے سامنے رکھے ہوتے اور اس کا ہاتھ کمربند سے کھیلتا ہوتا۔

لیکن عموماً مہمانوں کے آنے کے وقت شمن کہیں کھو جاتی اور میلی کچیلی گھومتی ہوئی اگر آ بھی نکلتی تو کوئی اس کا تعارف ہی نہ کراتا۔ بہت سی بڑی آپا کی سہیلیاں اسے پڑوسن کی لڑکی سمجھ کر کبھی بسکٹ وغیرہ دے دیتیں تو فوراً بڑی آپا یاد دلاتیں:

"بس جاؤ اب کھیلو"۔ اور وہ کھیلنے چلی جاتی۔

بڑی آپا غریب کی زندگی کا سہارا یہ دو ننھی ننھی جانیں ہی تو تھیں اور نہ اس کا

۴۷ ٹیڑھی لکیر

زندگی میں رہ ہی کیا گیا تھا سوائے آہوں اور سسکیوں کے۔ یہ عمر اور رنڈاپا مگر وہ اب پہلے سے بھی زیادہ وہ بدمزاج ہو گئی تھی، گویا بیوہ ہو کر وہ بڑا تیر مار کر آئی تھی۔ چوڑیاں اور رنگین دوپٹہ نہیں اوڑھتی تو یہ سب لوگوں کے اوپر احسان نہیں تھا تو کیا تھا! رنڈاپے میں زندگی کے دن گزار کر وہ مرے ہوئے میاں کیساتھ ساتھ جیتے جاگتے ساس سسر اور ماں باپ کا بھی سوگ کر رہی تھی۔ جب کوئی خوشی کا تہوار آتا وہ اپنا ناٹک شروع کر دیتی، ایک کونے میں منہ لپیٹ کر پڑ جاتی اور بین شروع کر دیتی۔ جلدی سے گھلی ہوئی مہندی پھنکوا دی جاتی، چوڑی والی کو ہش ہش کر کے ٹال دیا جاتا، سوئیوں کا زردہ پکنا ملتوی ہو جاتا، عید کی چوتی ایسے مل جاتی گویا ان پہ قرض آئی تھی یا وہ اپنی جان کا صدقہ دینے پر مجبور ہیں۔

مگر بن باپ کی معصوم بچی نوری کے خوب لاڈ ہوتے۔ اس کے بہانے خوب مہندی گھلتی اور اس کے ہاتھوں پر بیل بوٹے بنائے جاتے مگر شمن کے مہندی لگانے کے خیال کو اس قدر فضول اور حقیر سمجھا جاتا کہ وہ خود لگوانے سے انکار کر دیتی۔

"بُری لگتی ہے ہمیں کیچڑ جیسی مہندی" وہ نفرت سے کہتی۔

"واہ بھئی جب ہاتھ دھو ڈالو تو کیسے پیارے لگتے ہیں" نوری اپنے لال ہاتھوں کو دیکھ کر کہتی۔

"ہونہہ، گنواریوں جیسے لال ہاتھ، جیسے پان کی پیک لتھیڑ دی ہو، ہی۔ ہمارے تو میموں جیسے صفا ہاتھ" گو وہ خوب جانتی تھی کہ میموں کے ہاتھ قطعی اتنے گندے اور کالے نہیں ہوتے، لیکن جب وہ ایسی باتیں کرتی تو بچاری نوری کی مہندی کا مزا بھی کرکرا ہو جاتا اور یوں اُس کا جی کچھ ٹھنڈا ہو جاتا۔

کہیں کوئی یہ نہ سمجھ لے کہ بڑی آپا رنگین دوپٹہ نہیں اوڑھتی تھی تو اُس نے بالکل سنیاس ہی لے لیا تھا، اس کے سفید کپڑوں میں بھی وہ رنگینیاں ہوتیں کہ کھل اُٹھتی اور ایک دفعہ تو نئی دلہن کا سہاگ کا جوڑا بھی ماند پڑ جاتا۔ سفید کریپ یا شفون کا دوپٹہ جس پر بچاری بیوہ نازک سی بمبئی کی بیل چپکا لیتی؛ سفید چکن کا لنگے کا کرتا، سارا اگلا مہین مہین بیلوں اور ریشمی ڈوریوں سے آراستہ، قدم قدم پر ستارہ

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کے جال اور موتیوں کے پھندنے۔ ہاں بچی سے پر رنڈاپا اتارنے کی ضرورت نہیں؛
سبز کاہی یا آسمانی پوت کا جھولدار پاجامہ۔ ہاتھوں میں وہی رنڈاپا اتارتے وقت
جو ماموں نے وہ دو نازک سی نگین ڈال دی تھیں پڑی ہوئی تھیں اور مرنے والے
کی نشانی زمرد کی انگشتری اور بس۔ ہاں سنجلی بوا کبھی اگر زبردستی آویزے پہنا دیتی تو خیر
ورنہ وہی اپنی موتیوں کی لونگیں پڑی رہتیں۔ سیاہ گرگابی اور سفید پھولدار موزے۔ ریشمی
ہوئے تو ریشمی ورنہ سوتی ہی سہی۔ مانگ کی تو بیچاری کو اجازت نہ تھی۔ ویسے کون روکتا
تھا۔ پر اس کا اپنا ہی دل مردہ ہوگیا تھا اس لیے بال اوپر چڑھا کر پھولے پھولے گچھے
کانوں پر چھوڑ دیتی۔ بس اتنے نیچے کہ کانوں کی لویں جھانکتی رہیں۔ روتے روتے
آنکھیں خراب ہوگئی تھیں اس لیے کہیں آتے جاتے وقت سنہری زنجیر والی عینک
لگا لیتی تھی۔

پر جب بڑی آپا نڈا ایسے میں اول سج دھج کر نکلتی تو لوگ دانتوں تلے انگلی دبا
لیتے: "ارے وہ تو ساوے چیتھڑوں میں پھول کی کلی ہے۔" ایک دفعہ سنجلی بوا کا پیغام
لائیں تو پھوپیاں بڑی آپا کو دیکھ کر انہی پر پھیل پڑیں۔
اماں نے کہا: "اور سنو، وہ نگوڑی تو بیوہ ہے۔" بڑی آپا فخریہ اس غلط فہمی کا
ذکر کیا کرتی کہ لوگ اسے دو بچوں کی ماں کو کنواری سمجھ لیتے تھے۔ اس کا منہ تھا بھی
تو کچا کچا کنواریوں جیسا۔"
جونہی کوئی آپا کے دولہا کا ذکر کرتا اماں ٹھنڈی آہیں بھرنے لگتیں اور
الٹی سیدھی مرنے والے کی تعریفیں شروع کر دیتیں۔ "وہ زبان تو نگوڑے کے
تھی ہی نہیں، اور سینہ یہ چوڑا، منہ بہ طباق سا۔"
اماں سدا کی گپن تھیں اور ہمیشہ بات ہیں کلی پھندنے لگا دیتیں۔ وہ انگل
کی چیز کو گز بھر کی بتا دیتا تو ان کے لیے کوئی بات ہی نہ تھی: "فلانی جیسے اٹا
دو، آنکھ جیسے میدہ شہاب۔" حالانکہ نہ فلانی بیچاری آنٹے توے جیسی اور نہ کبھی
میدہ شہاب، مگر پھر بھی لوگ ان کی باتوں کا یقین کر لیتے تھے اور وہ شریف

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

۹۸ ٹیڑھی لکیر

بزرگوں میں گنی جاتی تھیں۔

کپڑوں کے معاملے میں تو اماں نے کبھی سچ بول کر ہی نہیں دیا: "یہ تین روپے گز ہے، دلّی سے منگایا ہے۔" حالانکہ سب جانتے تھے کہ کٹ پیس بیچنے والی چُندھی بڑھیا چار روپے سیر کے حساب سے دے گئی ہوگی۔ اماں کا ایک جھوٹ ہوتا تو بتایا جاتا۔

آپا بڑی تو خیر میاں کے فراق میں گھُل گھُل کر بدمزاج ہو گئی تھی مگر یہ نوری اور منو پر کون سا ڈنڈا یا گوٹا تھا جو وہ چنگیز دوراں بن کے سینوں پر کھڑے مونگ دلتے تھے۔ جس کی چیز جب جی چاہتا مچل کر مانگ لیتے اور وہ مل جاتی۔ بات یہ تھی ان کا باپ جو مر گیا تھا — پر یہ مردہ باپ سو بالوں پر بھاری تھا۔ سارا گھر بلکہ سارا کنبہ مرنے والے کے بھوت سے لرزتا تھا۔ کبھی تو شمن بلبلا کر دعا مانگتی کہ کاش وہ بھی بیوہ ہو جائے یا کم از کم ماں باپ ہی مر جائیں پھر ذرا وہ خبر لے لوگوں کی۔

بڑی آپا ماں باپ کی عزت سمیٹے بیٹھی جیسے سارے گھر کی جان پر احسان کر رہی تھی۔ نفس کو مار کر اس میں حکومت کرنے کی طاقت بڑھتی جا رہی تھی۔ یوں وہ باپ کی عزت کی خاطر اپنی نسوانیت کا خون کر رہی تھی مگر شمن اس کی ذرا بھی احسان مند نہ تھی۔ شوق سے وہ کوٹھے پر جا بیٹھتی تو بھی شمن کو پروا نہ ہوتی، اس کی بلا سے۔ اور پھر بڑی آپا کے بچوں سے زیادہ خوش نصیب شاید ہی کوئی ہوگا آہ! بیوہ اور یتیم!

(۸)

اس کی قسمت سے جو چیز زندگی میں آتی تھی طوفان کی طرح آتی۔ یکایک لوگوں کو اس کی تعلیم کا خیال آیا اور بس طاعون کی طرح سب کے دماغوں کو جکڑ لیا۔ سبھی تو اس کے پیچھے "پڑھو پڑھو" کا ڈنڈا لے کر پل پڑے۔ بڑی آپا تو پڑھاتی کم، نوری سے مقابلہ کر کے ذلیل و حقیر زیادہ کرتیں۔ مولوی اور ماسٹر بھی آ کر اپنے جانت

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اس پر تیز کرتے۔

"پُل پر جا۔ کیوں؟" وہ معلوم کرنا چاہتی۔

"یہ اس کا دلیو رہے۔" ہوا کرے، دشمن کو کیا، اس کا دلیو تو نہیں۔ وہ جل جاتی، اسے کسی کے دلیو سے کیا ناطہ جوڑنا تھا جو وہ یاد کرتی۔

"دس تک گن۔" بس اب صبر کا پیمانہ لبریز ہو جاتا اور اس کا جی چاہتا ایک ہتھوڑی لے کر کھٹاک کھٹاک ماسٹر صاحب کی کھوپڑی پر سو تک گن دے۔ اور پانچ چھکے تیس۔ یہ لیجیے یہ کیوں؟ پانچ چھکے سولہ کیوں نہیں؟ پھر جوڑنا، گھٹانا، ضرب، تقسیم۔ کاش اسے معلوم ہوتا کہ وہ کس کی بوٹیاں بانٹ رہی ہے اور کس کا خون گھٹا رہی ہے تو شاید اس کو رحم آجاتا اور وہ کچھ دلچسپی لینے لگتی۔ مگر دلچسپی نہ لینا ماسٹر صاحب کی موجودگی میں ممکن نہ تھا۔ عموماً تو وہ کسی کا سوال آنکھ ٹیڑھی کر کے نقل کر لیتی اور سب کے بعد میں جا کر اپنی سلیٹ دکھاتی، مگر بعض وقت ماسٹر صاحب کچھ تاڑ جاتے اور اس کی ہی سلیٹ کے پیچھے پڑ جاتے۔ اس وقت بڑی مصیبت آتی اور وہ گھبرا گھبرا کر ہتھیلیوں میں تھوک لے کر سلیٹ پر تھوپنے لگتی۔ ایسے موقعوں پر عموماً اس کا حلق سوکھ جاتا جس پر وہ بھلا کر پیٹ میں درد یا اور کوئی حاجت محسوس کرنے لگتی۔ لیکن ماسٹر صاحب کے چانٹوں کا جادو مسیحائی کا کام کرتا اور دم بھر میں تکلیف چھو منتر ہو جاتی۔ ایک نوکر کے لڑکے کا نام لوّا تھا جو دق کی طرح ہر وقت اپنی ماں کے کلیجے پر ماتم کیا کرتا تھا، بس عبارتی سوال تو اس کی جان کو لو ابن کر چپک گئے تھے اور بُرے طرح اس کی روح کو جھنجوڑ یا ار دیتے۔

کم کا ضرب، زیادہ کی تقسیم۔

مگر یہ اس کی سمجھ میں کبھی نہ آیا کہ کم اور زیادہ میں فرق کتنا ہے۔

ایک پیسہ کی دو نارنگیاں تو ڈیڑھ روپے کی کتنی؟

اول تو سرے سے یہ گلچھرے ہی اس کی قسمت میں نہیں لکھے کہ وہ ایک پیسے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

کی دو نارنگیاں خرید سکے، دوسرے زیادہ سے زیادہ دو پیسے کی نارنگیاں کافی ہوتیں۔ بھلا ڈیڑھ روپے کی کون بھر گاڑی نارنگیاں خریدے گا؟ سڑ نہیں جائیں گی ساری کی ساری؟ پچھلی گرمیوں میں آگرہ والی خالہ نے دو ٹوکرے خربوزے بھیجے، سارے سڑ سڑ کر ہی تو پھکے۔ مگر فوراً ہی اسے آگرہ والی خالہ کا چھدری داڑھی والا میاں یاد آجاتا جس کی تہمد کی بٹی کی اس نے اور نوری نے کلیاں بنا ڈالی تھیں اور شاید اسی دن سے اس نے خربوزے بھیجنے بند کر دیے۔ اچھے ہوتے تھے بچارے خربوزے، زمین پر پیس پیس کر چھلکیوں میں دھوئے جاتے تھے اور پھر۔۔۔

تڑ سے ایک چانٹا پڑتا اور وہ خربوزے کے بیجوں پر سے پھسلتی ہوئی جاگ پڑتی اور اس موقعے پر سلیٹ کی نوک جو ناک میں نشانہ باندھے بیٹھی ہوتی اس کی ناک میں آلگتی۔

”سن، اگر تجھے ایک پیسہ دیا جائے تو تو کتنی نارنگیاں خریدے گی؟“ اگر خدا کی قدرت جوش مارتی اور واقعی اسے پیسہ دیا جاتا تو وہ بھلا پاگل ہوئی تھی جو کھٹی چونا نارنگیاں لیتی۔ اور کیا، سچ تو ہے، بھلا پیسہ کی دو والی نارنگیاں کھٹی نہ ہوں گی تو اور کیسی ہوں گی! ماسٹر صاحب تو سدا کے مرطی تھے، خواہ وہ کھٹی نارنگیاں خریدوائے دیتے تھے۔ پیسہ ملتا تو کبھی سے فیصلہ کیے بیٹھی تھی کہ چاہے کچھ ہو جائے کٹی ہوئی پستے لگی گزک خریدے گی اور چکھنے کے بہلنے ایک ریوڑی بھی مانگ لے گی۔

”ارے بول— کتنی نارنگیاں آئیں گی؟“

”نارنگیاں؟ آں۔ وہ“ ابھی وہ فیصلہ بھی نہ کر چکتی کہ نارنگیاں لے ہی ڈالے یا گزک کے لیے پیسہ اٹھا رکھے کہ ماسٹر صاحب بے صبر ہو جاتے: ”کوڑھ مغز کہیں کی۔ ارے ہاں نارنگیاں۔ ایک پیسہ کی دو تو ڈیڑھ روپے کی؟“

”ڈیڑھ؟ ڈیڑھ روپیہ کی!“ ذرا سوچیے۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

"ہاں ڈیڑھ روپے کی۔ روپے کے آنے بنانے آتے ہیں؟"
ماسٹر صاحب کے سامنے "نہیں" میں سر ہلانے کی اجازت نہ تھی لہٰذا
"ہاں"۔ "تو پھر بنا۔"
اور وہ آنے بنانا شروع کرتی۔ کافی تو ہو نگے ڈیڑھ روپے کے آنے۔ خاصے ڈھیر سے، اور کیا! عید پر کوئی گیارہ آنے ہو گئے تھے تو واسکٹ کی جیب لٹک گئی تھی۔ اماں نے نہ جانے کس کام کے لیے تین آنے قرض مانگے تھے تو اس کی جان نکل گئی تھی۔ اماں تھیں بھی چھٹی ہوئی تا و ہند۔ جہاں کسی کے پاس چار پیسے دیکھے اور ان پر غریبی چھائی۔ پھر واپس دینے کی نوبت کبھی نہ آتی، کون تھا جو تقاضہ کر سکتا!

"اری بول ڈیڑھ روپے کے کتنے پیسے ہوئے؟"
"ڈیڑھ روپے کے پیسے؟"
"ہاں کمبخت۔"
"سولہ۔" وہ اُٹھے ہوئے تھپڑ سے بچ کر کہہ دیتی۔
"سولہ، سولہ پیسے ہیں!" اور ماسٹر صاحب پر بھوت سوار ہو جاتا، جیسے سولہ پیسے دے کر کوئی انہیں ٹھگے لے رہا تھا۔ وہ جی بھر کر مار چکنے کے بعد وہی پیسے بنا لیتے۔
"رچھیا نوسے منحوس۔ اچھا اب بتا تیرے پاس اتنے پیسے ہیں۔" وہ پیسے بنوائی کا چانٹا وصول کر لیتے۔
"ہاں۔"
"اب تو بازار جاتی ہے۔"
"ہاں۔" گو اسے یقین تھا کہ کوئی اسے بازار نہ جانے دے گا اور نہ ہی اتنی کٹائی کے بعد اتنی ہمت رہ جاتی، دوسرے یہ سب بہانے بنائے جا رہے ہیں اسے اُلّو بنانے کے لیے، مگر اسے فرض کرنا ہی پڑتا کیونکہ فضا میں چانٹا منڈلاتا نظر آتا۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

۵۳ ٹیڑھی بکر

"اب تو وہاں ایک پیسے کی دو کے حساب سے نارنگیاں خریدتی ہے"

چہ! پھر وہی کھٹی نارنگیاں! خیر وہ مجبوراً خریدتی۔

"کتنی ہوئیں؟"

"ایں؟" وہ ایسی شکل بناتی گویا بس کوئی دم میں سوچ کر بتا ہی تو دے گی۔

"نارنگیاں؟"

"ارے بتا کتنی ہوئیں تین نارنگیوں کے حساب سے؟" بولائے ماسٹر صاحب۔

"تین؟" وہ ہچکچا کر سوچتی۔ "تین نارنگیاں، ہاں" وہ وثوق سے کہتی۔

"تین! ڈیڑھ روپے کی تین نارنگیاں؟"

"نہیں، نہیں" وہ گڑگڑا کر ماسٹر صاحب کے وار کہنیوں پر روکتی۔

"تو پھر ـــ بتا۔ بتا ـــ فوراً۔"

اسی طرح شام ہو جاتی، ماسٹر صاحب پسینے میں ڈوب کر نڈھال ہو جاتے، جیسے کسی نے کھن چکر میں باندھ کر گھاٹا الا ہو۔ اُن کے اعضاء بے قابو ہو کر اُلٹے سیدھے ہلنے لگتے، معلوم ہوتا اتنی دیر وہ بچّوں کو پڑھا نہیں رہے تھے بلکہ اپنا نوشتۂ تقدیر پڑھ رہے تھے۔ لپٹ ہو کر وہ دوسرے دن نارنگیاں جبراً خریدوانے کا پختہ وعدہ کر کے چلے جاتے۔

جہلم، چناب، راوی، بیاس، ستلج۔ جہلم، چناب، راوی ـــ ایک کے بعد دوسرا، دوسرے کے بعد تیسرا، جیسے تسبیح کے گول گول دانے۔ جہلم، جہلم کے بعد چناب۔ گول دائرے میں ایک دوسرے کے کُرتے کا پچھلا دامن پکڑے جیسے بچّے ریل ریل کھیلتے ہیں، جہلم، پھر چناب، پھر اس کے پیچھے راوی چلی جا رہی ہے، پھر ـــ "یاد ہو گیا؟" ماسٹر صاحب ایک دم حملہ آور ہوتے۔

"جی۔ جہلم، چناب . . ."

"ٹھیک سے بیٹھ بے مُنّو کے بچّے، ہاں آ گئے۔"

"جہلم، چناب، را ــــــ"

"نہیں مانے گا رے ابچھو! اسے، کیا ہوئی تیری سلیٹ! نکال، بستے میں کیا انڈے دے رہی ہے؟"

ماسٹر صاحب نہایت چابکدستی سے چومکھے چانٹے بانٹتے جاتے، کیا مجال جو کوئی کونا ڈھیلا پڑ جائے۔

"ہاں ہاں، کہاں سے نکلتا ہے؟ نکال پنسل ــــ ہاں ــــ ارے بول، توکیوں چپکی بیٹھی ہے؟"

"جہلم ــــــ ام یہ وہ بھولنے لگتی۔

"ارے آگے بھی تو بڑھ، ایک جگہ کیوں مر کے رہ گئی۔ ہاں بتا"

"چناب" قریب قریب بالکل بھول کر وہ ہانکتی۔

"ہاں، ہاں، ہاں۔ کہاں سے نکلتا ہے؟ دیکھ رہا ہوں، ستلو، بدذات؟ ارے ہاں بتا" ایسا معلوم ہوتا ماسٹر صاحب مچھلی مچھلی کھیل رہے ہیں۔ اِدھر اُدھر وہ چاروں طرف بھونک بھونک کر پڑھاتے اور کسی کو بھی نہ پڑھا پاتے۔

"بول مراد کہاں بہتی ہے؟"

"جی، زمین پر"

"این زمین پر؟" ماسٹر صاحب برا مان جاتے، گویا دریا کو زمین پر گھسیٹ کر کسی نے ان کی ہتک کر ڈالی، پر کچھ لاجواب سے ہو جاتے۔

"مگر یہ تو بتا، کہاں، کس جگہ سے نکلتا ہے اور کون سے خطے کو سیراب کرتا ہے؟"

"جی، خطے؟"

"ارے ہاں، نہیں تو کیا تیرے سر کو سیراب کرے گا"

"جی، سیراب ــــ تو۔ . . ." وہ یاد کرنے کی کوشش کرتی۔

"ہاں، نہیں یاد۔ اچھا اور اس کے ساتھ کون کون سے دریا بہتے ہیں ــــــ اسی خطے میں"

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

"خطے میں تو ـــــ دریا بہتے ہیں"

"نام بتا سب دریاؤں کے، چناب اور؟"

"جی چناب؟"

"ارے بھئی ہاں، منحوس اور؟"

"اور . . . . ر۔ ام . . . . آں اور چناب" وہ دماغ کو خوب بھینچ کر زور لگاتی۔

"پھر بھول گئی دریاؤں کے نام۔ ایں!"

"جی، وہ جمنا، گوداوری، کرشنا" وہ جلدی جلدی بتاتی جاتی اور کہنی کی تکون بنا کر سر پر کھڑای کو لیتی، مگر ماسٹر صاحب پر تو جنون سوار ہو چکا ہوتا۔ اور پھر وہ پھوٹ پھوٹ کر روتی۔ کتنی کوڑ مغز تھی وہ! ماسٹر صاحب سچ کہتے تھے، اس کے دماغ میں بھوسہ بھرا تھا۔ کاش اس کے جسم میں بھی کوئی اس قسم کا مادہ بھٹا ہوتا جو مار سے ایسی ٹیسیں تو نہ اٹھتیں۔ اس نے کتنے کتنے قلم کے خول میں سے نکلے ہوئے ہرے ہرے دار تنکے کھائے، بدمزہ اور پھیکے، مگر دماغ ویسا ہی کند رہا اور ماسٹر صاحب تو کہہ چکے تھے کہ وہ بالکل نہیں پڑھ سکتی، بھیجا ہے ہی نہیں سر میں۔ اور یہ تو وہی چناب تھا۔ جہلم، چناب، راوی، بیاس، ستلج والا چناب۔ خدا غارت کرے اسے، یاد ہی نہ آیا۔ پھر اس کے دماغ میں گول گول تسبیح کے دانوں کی طرح جہلم، چناب، راوی۔ حلقوں میں رقص کرنے لگے۔ مگر ماسٹر صاحب تو کہتے ہیں دریا بہتے ہیں۔ اچھا تو دریا بہتے ہیں! مگر یہ کم بخت کہاں الٹے سیدھے بہا کرتے ہیں؟ کاش وہ گھر کے پاس آکر ہی بہہ رہتے تو لیلا اس کی زندگی میں گٹھن بندر نہ بندھ جاتے۔

ان کم بخت دریاؤں سے تو ہزار گنا اچھا وہ نالا تھا جو کھیت کے بیچوں بیچ روپہلی سانپ کی طرح لہرایا کرتا تھا۔ اس کے کنارے بالکل مکھی کے برابر مینڈکیاں گھاس میں پھدکا کرتی تھیں اور جب کاغذ کی ناؤ میں وہ ان ننھے مینڈکوں کو مسافر بنا کر نالے کے دھارے پر چھوڑ دیتی تو کشتی کس شان سے سینہ تانے بہتی چلی جاتی۔ وہ تالیاں بجاتی اس کے ساتھ ساتھ دوڑتی اور جب کوئی تنکا یا لکڑی ناؤ میں پھنس کر اسے چک پھیریاں دیتی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

تو اس کے جوڑ کھل جاتے اور ننھے مینڈک بہادر تیراکوں کی طرح پانی میں چھلانگ مار کر کنارے پر آن لگتے۔ اس نالے میں کبھی کبھی کہیں سے مچھلیاں بھی بہہ آتیں، تب تو کنارے پر سینکڑوں جانور دعوت اڑانے آن ڈٹتے، بڑا مزا آتا۔
مگر جہلم، چناب، راوی، بیاس، ستلج، انہیں بھی تو یاد کرنا تھا۔

(۹)

نوری تھی تو بڑی کی لڑکی، سانپ کا بچہ سپنولیا، شمن نے اس سے دوستی بڑے سوچ بچار کے بعد کی تھی کیونکہ گھر میں وہ تھی یا نوری، باقی سارے لڑکے جن سے ان کی ایک منٹ بھی نہ نبھتی۔ اس لیے نہیں کہ وہ لوگ اسے مارتے تھے، مارنے میں وہ خود کچھ کم نہ تھی، سب سے بڑی مصیبت تو یہ تھی کہ وہ موقع بے موقع اس کی گڑیا یا بھی چیر ڈالا کرتے تھے، اور نوری کے پاس تو گڑیا یاں بھی تھیں جن کی وہ دونوں مل کر روز شادیاں کیا کرتیں۔ گھنٹوں اسباب کے کمرے میں کھڑکی پر چڑھی سر جوڑے گودڑ سے کھیلا کرتیں۔ جی گھبرا جاتا تو گلی میں کھیلتے ہوئے لڑکوں کو دیکھا کرتیں۔ گلی کیا تھی، تھیٹر کی اسٹیج تھی؛ وہ گئی چندھی بڑھیا کی نوجوان بہو۔۔۔ کھڑکی میں سے صدیق نے پکار لگائی۔۔۔ دو لڑکے ایک دوسرے کو نوچتے کھسوٹتے گالیاں دیتے گزر گئے۔۔۔ "بیر لو بیر، ملیٹھے بیر"۔۔۔ "گرد سے کلیجی" "بیل، صابن، موتی"۔۔۔۔۔۔ اور پھر پیچھے پیچھے بلبلتی سکھرتا بندریاں جو اپنے بچوں کی جوئیں بین بین کر کھایا کرتی تھیں۔ پرانی مسجد کے ملاجی، جن کے آتے ہی ڈر کر دونوں کھڑکی سے نیچے دبک جاتیں، دل دھڑکنے لگتے اور ناکوں پر پسینے آ جاتے۔ مگر پھر ان کے دلوں میں کھُد بُد ہوتی، رہ رہ کر جھانکنے کو جی چاہتا، وہ ڈری ہوئی چوہوں کی طرح آہستہ سے اُوپر اُبھرتیں۔ ملاجی دیوار سے ناک لگائے گھنٹوں کھڑے عجیب بھیانک حرکتیں کیا کرتے۔ پہلے دن جب وہ بالکل بے خبر انہیں غور سے دیکھ رہی تھیں تو وہ ان سے نجانے کیا کہنے لگے۔ پہلے تو ان کو سنائی نہ دیا کہ وہ کیا اشد ضروری بات کہنا چاہتے ہیں، مگر جب وہ ذرا آگے جھکیں تو مارے خوف کے وہ وہیں

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جم کر رہ گئیں، جیسے اژدہے کو دیکھ کر بندر مسحور ہو جاتے ہیں اسی طرح سانسیں روکے، مٹھیوں سے جنگلہ پکڑے وہ ٹکٹکی گھورا کیں۔ پھر نہ جانے کیسے وہ ایک برقی طاقت سے جھٹکا کھا کر زخمی چڑیلوں کی طرح پیچھے گریں اور اُٹھ کر ایسی بے تحاشہ بھاگیں جیسے طاچی چھلانگ مار کر جنگلے میں سے ان کی گردنیں پکڑ ہی تو لیتے۔ بڑی دیر تک ان کے حواس غائب رہے، حلق خشک اور ہاتھ پیر بے قابو۔

پانی پی کر ذرا دم میں دم آیا تو ڈرتے ڈرتے انہیں ایک دوسرے کی طرف دیکھنے کی ہمت ہوئی، گویا آنکھوں ہی آنکھوں میں پوچھتی ہیں: "کہو بھئی مزاج تو اچھے ہیں؟" اس کے بعد ایک دم سے کھو کھلے قہقہے لگا کر بے دم ہونے لگیں اور کن انکھیوں سے ایک دوسرے کو دیکھ کر ہنسی دباتی رہیں، گویا ان کے سینوں میں بڑے ہی اہم راز و فن خاموش اودھم مچا رہے ہیں۔ انہوں نے آپس میں کوئی تبادلۂ خیالات نہ کیا، جیسے وہ بڑی جہاندیدہ ہیں حالانکہ ان کے چہرے سوالیہ نشان بنے ہوئے تھے اور ایسی سوچ میں ڈوبی ہوئی تھیں کہ بات بھول بھول جاتی تھیں۔

کھانے کے وقت شمن کا جی متلانے لگا، بار بار بھیانک زخم کے غار کی طرح اس کے ذہن میں کوئی چیز پھیلنے لگتی۔ اگر وہ گاڑی کے پہیوں میں کسی انسان کو پستا ہوا دیکھتی تب بھی ایسی دہشت اس کے جی پر نہ بیٹھتی۔ اس کے تمام احساسات پر جیسے کسی نے اونچائی سے بھاری پتھر پٹخ دیا ہو جس کے نیچے وہ زخمی کیڑوں کی طرح دبے ہوئے تلملا رہے تھے۔

کئی دن تک وہ اس دلچسپ کھڑکی کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہ دیکھ سکیں، جیسے وہ کوئی قتل کر کے بھاگ آئی تھیں اور لاش اب بھی پڑی سڑ رہی تھی۔ پھر دور ہی دور سے وہ معنی خیز نظریں ڈالتی گزر جاتیں، ان کا تخیل کھڑکی سے باہر کود جاتا اور پھر وہاں سے دہشت زدہ ہو کر بھاگتا، مگر رفتہ رفتہ ان کی ہیبت کم ہو گئی اور وہ صرف ان اوقات میں بھاگ آتیں جب ظہر کی نماز سے لوگ فارغ ہوتے اور گلی قبرستان کی طرح سنسان ہو جاتی۔ پھر تو وہ اور دلیر ہوتی گئیں اور اب یہ حال تھا کہ جان

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بوجھ کر بالآجی کو آتے دیکھ کر دبک جاتیں اور اچک اچک کر جھانکا کرتیں۔ ہر بار ان کے جی متلاتے، سوکھی سوکھی قے کے جھٹکے لگتے اور طبیعتیں مکدر ہو جاتیں مجروح دماغ ہل ہل جاتے۔

لوری کی گڑیا یاسمن کا گڈا ابلا ناغہ بیاہے جاتے اور پرانے جوتے کے ڈبے کی پالکی میں دلہن لا بٹھائی جاتی۔ موتیوں کے کنگن سے آراستہ ہاتھ سے دلہن سب کو سلام کرتی اور مسہری پر سو جاتی۔ پھر گڈا دونوں ٹانگوں پر کودتا ہوا آتا اور کرسی پر کھڑا ہو جاتا ---- کھیل ختم!

پڑوس میں صدیقہ کی خالہ کی شادی ہوئی تو علاوہ منڈیر پر سے کھا گھمی دیکھنے کے انہوں نے بہت سی رسمیں سیکھ لیں۔ دلہن کی گود میں آئینہ رکھا گیا اور دولہا نے اس کا منہ دیکھا۔ ....

"بیوی میں تیرا غلام۔ منہ کھولو" کھسیانے دولہا کو کہنا پڑا تھا اور پھر کھر چپائی گئی تھی۔ دولہا نے کیا ہنس ہنس کے دلہن کے مہندی لگے شرمائے ہوئے ہاتھ پر سے کھر چپاٹ لی تھی کہ سب کھل کھلا کر ہنس پڑے تھے، جیسے کسی نے ان کی بغلوں میں گدگدیاں کر دی ہوں۔ دولہا دلہن کی ہر پیاری سی لگاوٹ والی رسم پر بیویاں چہک چہک کر قہقہے لگاتی تھیں۔ شمن کو بھی ارمان بھری گدگدی محسوس ہوتی تھی اور نوری تو بضد تھی کہ چلو اندھیری کوٹھڑی میں دلہن دلہن کھیلیں۔ یہی نہیں بلکہ شادی کے بعد عورتیں دولہا کو چھیڑ چھیڑ کر مزے لے رہی تھیں، گویا وہ کوئی میٹھا سا لڈو تھا جسے چکھ چکھ کر چٹخارے بھر رہی تھیں۔ پھر رات کو خوب دولہا کو کھسیانہ کیا گیا جس میں چند نوجوان شوقین بیویاں حصہ لے رہی تھیں اور کنواری لڑکیوں کو ڈانٹ ڈانٹ کر بھگایا جا رہا تھا۔ نجانے کیا ہو رہا تھا، دروازوں کی درزوں اور روشندانوں پر بیویاں مکھیوں کی طرح چپکی پڑی تھیں۔ جب کہ ان کے بچے اور خاوند گھروں میں پڑے واویلا مچا رہے تھے۔

گڈے گڑیا کی شادی اب کی دفعہ اور دھوم سے ہوئی۔ نکاح کے چھوہاروں

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

کے بجائے مُرمُرے اٹھائے گئے اور دولھا نے دلہن کی ہتھیلی پر سے کھیر چاٹی۔ نوری اندھی نے سارا گڑیا کا دوپٹہ کھیر میں لتھیڑ دیا۔ اس پہ شمن نے اٹھا کر بہو کو دہلیز پر پٹخ دیا جس پر نوری اور وہ خوب گتھم گتھا ہوئیں اور ایک دوسرے کے بال بھر بھر کھینچے نوچ پھینکے۔

گڑیا ویسے بھی میلی ہو گئی تھی۔ گھوڑے کا سا منہ، اس لیے جب نئی گڑیا بڑی آپا نے بنا کر دی تو انہوں نے اس کی ناک ڈورے کے بجائے کپڑے کی ہرائی اور چیٹا بھی کالا موزہ ادھیڑ کر لگائی۔ لمبا سا موباف ڈالا، پھر بھی انہیں اطمینان نہ ہوا تو ہاتھوں میں ڈورے کی انگلیاں لگوالیں۔ پھر ایک دن بڑی ہمت کے بعد انہوں نے نہایت ہی پوشیدہ جگہ جا کر اس کی واسکٹ میں روئی کی دو گولیاں رکھ دیں، مگر اس سے انہیں اتنی شرم آئی کہ آنکھ بھر کر گڑیا کو نہ دیکھ سکتی تھیں۔ مہین کریپ کا دوپٹہ اوڑھ کر کپڑے کی ناک اور ڈورے کی انگلیوں والی گڑیا بالکل جیتی جاگتی عورت لگنے لگی۔ توبہ! ان کا دل کسی کام میں نہ لگا اور وہ دن بھر اس کا بیاہ کرتی رہیں۔ لیکن ایک دن گودڑ کی تلاش میں جو بڑی آپا نے گڑیوں کا جائزہ لیا تو ان کی چوری پکڑی گئی، اس کی اور نوری کی وہ گت بنائی گئی کہ دونوں موت کی دعائیں مانگنے لگیں۔ انہوں نے ایک سرے سے گڑیا کی صدری ہی چھین لی۔ اور کرتے میں کمر پر ٹانکے لگا دیے۔ اس دن سے ان کا جی گڑیوں کی طرف سے بالکل کھٹا ہو گیا، وہ انہیں بالکل کپڑے کا چیتھڑا نظر آنے لگیں جن کی ناک کی جگہ تکونی کلی لگی تھی اور انگلیوں کی جگہ ڈورے لٹک رہے تھے۔

(۱۰)

اماں شمن سے عاجز تھیں۔ سارے دن بھائیوں کو کوسنا پیٹنا، نوکروں سے لڑنا ان کے کام میں حارج ہونا، بھاوجوں کی زندگی اجیرن اور بھتیجوں کے لیے قہر کا سامان، ماسٹر صاحب نے توبہ کر لی اور قرآن پڑھانے والی ملانی بی نے کان

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

اینٹھ لیے کہ "توبہ، نوج کسی کی اولادیں ہاتھ سے نکل جائے یہ"

اور سب سے زیادہ تو وہ نوری کو خراب کیے دیتی تھی۔ وہی ہوا جس کا بڑی آپا کو دھڑکا لگا ہوا تھا۔ شمن نے نوری کو کوڑی کام کا نہ رکھا اور وہ روز بروز گئی گزری ہوتی جاتی تھی۔ اس وقت اسے مرنے والا اور بھی یاد آرہا تھا کیونکہ ایک تو نوری ہاتھ سے نکلی جا رہی تھی۔ دوسرے اس کی اپنی صحت رفتہ رفتہ گر رہی تھی۔ کھانا تو کسی دن ہی ہضم ہو جاتا ہوگا اور نیند تو اس کے حصے کی اللہ میاں کے یہاں ختم ہی ہو گئی تھی۔ اس کا ایک رشتہ کا دیور حال ہی میں ڈاکٹری پاس کر کے آیا تھا، وہی بچارا بھابی جان میں جان ڈالے ہوئے تھا۔ اس کے دوروں کا علاج دنیا جہان کے حکیم ڈاکٹر ہار گئے، نہ ہو سکا، اگر تھوڑا بہت کیا تو رشید ہی نے کیا۔

ویسے دوروں کا کیا ٹھیک، کہہ سن کر تھوڑی پڑتے ہیں۔ بس اتنا اتفاق یا خدا کی مہربانی کہو کہ دورے کے وقت رشید کہیں آس پاس ضرور ہی مل جاتا، ورنہ بجانے کیا ہوتا۔ ہزاروں دوائیں پی ڈالیں مگر دوروں سے پیچھا نہ چھوٹا۔ لوگوں نے بہت چاہا کہ وہ منجھلی کے مہاسوں کا علاج کر دے مگر وہ ٹال ہی گیا۔ آخر کو بچاری منجھو کی شادی ایک وکیل صاحب ہی سے ہو گئی۔ منجھو بچاری ان چالوں میں سے تھی جو نہایت سلیقے سے پیدا ہوتی ہیں، شریفوں کی طرح گھر میں رہیں، پھر کوئی اللہ کا نیک بندہ بیاہ لے گیا۔ وہاں جب تک جی میں طاقت رہی بچے پیدا کیے، پالے، پوسے، پھر کسی دائمی مرض میں مبتلا ہو کر دکھ سہتی رہیں اور ایک دن اللہ نے مٹی عزیز کر لی۔ سب کے منہ سے بے اختیار نکل گیا: واہ، کیا جنتی بیوی تھی!

پر منجھو ابھی مری نہیں تھی، اس کی تو اب زندگی شروع ہو رہی تھی۔ ادھر وہ بیاہ کر گئی ادھر بڑی کو دوروں نے آدبوچا، اور اس بری طرح کہ توبہ بھلی۔ طبیعت نڈھال اور جی کھویا کھویا سا رہتا۔ دل بہلانے کو اس نے ہارمونیم بھی سیکھنا شروع کیا "ابن مریم ہوا کرے کوئی"، گھنٹوں بے تال سر ہارمونیم کی میں میں کے ساتھ چلتا، مگر دل اور بھی بے قابو ہوتا گیا۔ رشید آ کر گھنٹوں بیٹھا اسے مرض کے متعلق

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

ہدایتیں دیا کرتا، کبھی ایک آدھ سوئی بھی اس کے بازو میں لگا دیتا۔ بازو میں سوئی لگواتے وقت اس کے بڑی گدگدی ہوتی اور وہ لوٹ پوٹ ہو جاتی، پر دو چار دن کو دورے ختم ہو جاتے۔

مگر بڑے بھیا کو رشید سے خواہ مخواہ کا بیر پڑ گیا۔ بات یہ ہوئی کہ ان کی دلہن، جو سلا کی بہلنے باز تھی، بچپن کا نسخہ لکھوانے کا تقاضا کیے جاتی تھی اور رشید بیچارا بھول بھول جاتا تھا۔ پر ان کا کہنا تھا وہ جان بوجھ کر کسی کے بہکانے کی وجہ سے ٹال مٹول کرتا تھا۔ اور بڑی آپا چپکے دونوں بچوں کی قسم کھا کر کہتی تھی کہ بڑے بھیا کا نوکر ہی ایسا مکر رہا تھا کہ نسخہ لکھنے کو کئی دفعہ رشید میاں نے کاغذ مانگا، سنی ان سنی کر گیا۔

"وہ بیچارے تو سبھی کو بھگتنے کو تیار ہیں" وہ کہتی۔ پھر بھیا نے جو شکایت کی تو بڑی آپا بگڑ کھڑی ہوئی کہ "وہ کسی کے نوکر نہیں ہیں، میری وجہ سے آجاتے ہیں تو سارے گھر کو مرض اٹھ کھڑے ہوتے ہیں"

اور سچ بات بھی تھی۔ بڑی کی سسرال والوں پر اسی کا حق تھا۔ میاں مرگیا تھا تو کیا ہُوا، اس کا کنبہ تو موجود تھا۔ وہ آج چلی جاتی تو کون اس کا ہاتھ پکڑ لیتا؟ یہ تو اس کا ہی جی تھا جسے مارے بیٹھی تھی۔

کہتے ہیں کہ بڑے بھیا کے دل میں یہ بات بیٹھ گئی۔ ان بیچارے کے دل میں کہاں سے بیٹھتی رہ یہ ان کی لاڈلی بیگم ہی کے کرتوت تھے۔ سو بس وہ پیچھے لگ گئے۔ جہاں رشید آتا وہ آن بیٹھتے اور وہ بیچارا جلدی سے چلا جاتا۔ ارے کہیں یوں لستم پستم بھی دورے ٹھیک ہوتے ہیں۔

غضب تو جب ہُوا جب انہوں نے اس کے خط پکڑ لیے اور صاف بڑی سے کہلوا دیا کہ اگر یہ پیتے بازی بند نہ ہوئی تو اپا جان تک نوبت پہنچ جائے گی۔ اگر ایسا ہی ہے تو نکاح کر لو، مگر شرافت سے۔ بڑی آپا کی ساس کے کان میں بھی بھنک پہنچی اور بڑھیا صلواتیں سناتی، دہائی دیتی چڑھ دوڑی۔ وہ لے دے مچی کہ رشید

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بیچارے کا آنا بند۔ اس دن سے دور سے بھی پھٹکنے پڑ گئے۔ کس کے بوتے پر پڑاتے؟
مگر بڑی کا غصہ تین تاؤ کھا گیا اور بس اسے تو پھر اپنے بچوں کی ماتا نے بے چین
کر دیا۔ یہی وجہ تھی کہ اس سے نوری کی بربادی شمن کے ہاتھوں نہ دیکھی گئی، مجبوراً
اسے اسکول بھیج دیا گیا۔

(۱۱)

شمن نے جب اسکول میں قدم رکھا تو پہلے اس نے چاروں طرف سے اطمینان کر لیا
کہ کدھر کدھر سے دشمن کے حملے کا خطرہ ہے۔ سب سے پہلے تو اس نے میٹرن کو سمجھا
دیا کہ مہربانی کر کے نہ تو اس کے . . . . سر پر شفقت سے ہاتھ پھیرے جائیں اور نہ
اسے گھر کی یاد نہ آنے کے لیے پیار کرنے کی کوشش کی جائے۔ وہ اس قسم کے دکھاوے
سے بخوبی واقف تھی اور منجھو کو پرکھ چکنے کے بعد اسے یقین ہو گیا تھا کہ کسی سے محبت
کرنا یا کروانا حد سے زیادہ مکاری ہے۔ پیار سے وہ ایسی بھڑکتی جیسی نئی چڑیا ہشکا
سے۔ وہ ان باتوں کی عادی ہی نہ رہی تھی۔ نجانے کتنے دن سے نرم اور اخلاص بھرے
الفاظ اس کے کانوں کے پاس بھی نہ پھٹکے تھے، ہر بات کے جواب میں گھڑکی سننے
کی عادت پڑ چکی تھی، لہٰذا وہ کوئی کام شاباشی سننے کے لیے کرنا ہی نہ جانتی تھی، بلکہ
جب تک ہر قدم پر اسے ڈانٹ نہ ملتی وہ کچھ ناامید سی ہو جاتی۔

جماعت میں جب وہ داخل ہوئی تو اس نے ایک بے اعتباری کی نگاہ سب
چہروں پر ڈالی۔ اسے ان کا گھورنا اور مسکرا کر آپس میں کانا پھوسی کرنا بہت ناگوار
ہوا۔ جب ٹیچر کمرے میں آئیں تو سب کھڑی ہو گئیں مگر وہ الوؤں کی طرح بیٹھی رہی
اس پر لڑکیوں کے قہقہے نکل گئے اور وہ ایک دوسرے کو کہنیاں مار مار کر اس
بے عنوانی پر رائے زنی کرنے لگیں۔

"کیا آپ کی بیٹھ میں درد ہے جو آپ سے کھڑا نہیں ہوا جاتا؟" رعب دار
مس ممتاز نے کٹتے ہوئے لہجے میں معلوم کرنا چاہا۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ایں!" اس نے منھ پھاڑ دیا۔

لڑکیاں ہنسی سے لوٹ گئیں اور خفت کی وجہ سے شمن کے کان لال ہو گئے۔ اسے مس ممتاز شروع ہی سے "نفرت" لگیں۔ وہ اس سے آپ کر کے بول رہی تھیں، جس میں علاوہ انتہائی تکلف کے ذرا طنز کی چاشنی بھی موجود تھی۔ مس ممتاز نے کوئی اور بات نہیں کی۔ اس دن کیا پڑھایا گیا، یہ اس کی خاک سمجھ میں نہ آیا کیونکہ گھبراہٹ اور پریشانی پر قابو پانے میں اسے اس قدر کشمکش سے سامنا کرنا پڑ رہا تھا کہ وہ کچھ نہ سن سکی۔

تین چار دن وہ جماعت میں خاموش بیٹھی رہی اور اب اس میں اتنی سمجھ آ گئی تھی کہ سب لڑکیوں کے ساتھ کھڑی ہو جاتی، بیٹھ جاتی، اندر باہر جاتی اور حاضری کے وقت بجائے "کیا ہے" کے اب وہ "جی حاضر" بولنے لگی تھی۔ مگر بولنے کے بعد بڑی دیر تک اس کے کان تمتمایا کرتے کیونکہ جب پہلے روز اس نے حاضری دی تھی تو لڑکیوں کا ہنستے ہنستے تیلا حال ہو گیا تھا، یہاں تک کہ مس ممتاز کے رعب دار سنجیدہ چہرے پر بھی دیر تک مسکراہٹ منڈلاتی رہی تھی۔

ہفتہ بھر بعد اسے نیچی جماعت میں اتار دیا گیا۔ اس کے لیے یہ کوئی نئی بات نہ تھی مگر لڑکیوں نے اس معاملے کو سانحہ بنا دیا۔ جدھر وہ جاتی اشارے ہونے لگتے۔ لڑکیاں اس کی بے وقوفی کے چرچے کر کے ٹھٹھے لگاتیں اور اب ہر ایک کی زبان پر یہ تھا کہ وہ اتار دی گئی۔ مس ممتاز نے رپورٹ دی کہ وہ بہت کمزور ہے اور اس درجہ میں کام نہیں چلا سکتی۔

اس نئی چھوٹی جماعت میں چھوٹی لڑکیوں کے درمیان وہ ان سب کی اماں معلوم ہوتی کیونکہ یہ لڑکیاں اس سے ڈرتی تھیں۔ تھوڑے ہی دنوں میں اسے معلوم ہو گیا کہ وہ ان سب سے عقل، عمر اور علم میں بہت آگے ہے، اس کو سبق وغیرہ کچھ یاد کرنے کی ضرورت نہیں۔ اس نے تیزی سے لڑکیوں پر رعب گانٹھ لیا۔ دو مہینے بعد جب وہ گھر واپس گئی تو پہلے سے چوگنی بدزبان، خودسر اور ڈھیٹ

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہو گئی تھی۔ اب اسے مار لینا بھی آسان نہ تھا۔ وہ نہایت گستاخ نگاہوں سے گھور کر تڑ سے جواب دیتی۔ اس کے علاوہ اسے کھانے کی چیزیں چرانے کی بڑی مہارت ہو گئی تھی۔ اِدھر اُدھر دیکھ کر وہ جھٹ نعمت خانہ میں سے کچھ نکال کر منہ میں رکھ لیتی اور ایسے مزے سے تھوڑا سا چرا کے بغل میں دبا لیتی کہ خوب ہاتھ ہلا ہلا کر چلتی جب بھی کسی کو پتہ نہ لگتا اور منہ میں لقمہ لے کر وہ گنگناتی ہوئی نکل چلی جاتی تاکہ کوئی سوچے اس کا منہ خالی ہے۔ اس کے علاوہ پیسے اور روپے تک اڑا لیتی مگر کسی کو اس کی طرف شبہ کرنے کا خیال بھی نہ آتا۔ چوری کی چیز وہ نہایت تندہی کے ساتھ سب کے ساتھ مل کر ڈھونڈھتی، یہ طریقہ اس کی بے گناہی کو اور مضبوط بنا دیتا۔ لڑکیوں سے اور بھی اس نے غلیظ غلیظ باتیں سیکھ لی تھیں جو وہ نہایت فخر سے نوری کو سکھاتی۔

پھر جو وہ اسکول آئی تو اسے ایک نئی ٹیچر سے پالا پڑا۔ یہ ٹیچر بہت کم عمر سی معلوم ہوتی تھیں لہٰذا آتے ہی اس نے انہیں دق کرنا شروع کیا۔ کچھ دن اس کی شرارت بھری جنگ جاری رہی لیکن جلد ہی اسے محسوس ہوا کہ وہ ہار رہی ہے۔ انہوں نے اس کی شرارتوں پر کوسنے میں یا بنچ پر کھڑا کر دینے کے بجائے بالکل توجہ نہ دی، اور جیسے ہر بات کو ٹال جاتیں۔ کونے میں کھڑے ہو کر تو وہ مزے سے لڑکیوں کا منہ چڑھا چڑھا کر ہنسایا کرتی تھی جس پر استانی جل کر اسے بنچ پر کھڑا کر دیتیں، بنچ پر کھڑے ہو کر وہ لڑکیوں پر بن بن کر گرتی اور خوب ہنسی پڑتی۔

مگر چند ہی دن میں اس نے اپنے آپ کو ہزاروں ذمہ داریوں میں جکڑا پایا: کلاس کی مانیٹر وہ، بورڈ وہ صاف کرے، چاک کی فکر رکھنی پڑے، نقشہ ٹانگنے کی کیل مضبوط ہے کہ نہیں، لڑکیاں غل مچائیں تو اس کی مصیبت؛ اس کے علاوہ مس چرن، یعنی اسی نئی ٹیچر کی کتابیں اور چھتری وہ اپنے ڈیسک میں وقتاً فوقتاً رکھے اور کبھی کبھی ان کے گھر سے پر امتحان کی کاپیاں پہنچانے جائے۔ کمرے میں مس چرن بالکل استانی نہیں لگتی تھیں بلکہ بڑی بے تکلفی سے اس سے کرسی پر بیٹھنے کو کہتیں:

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

"اچھا بھئی چائے پیو گی یا نیبو کا شربت" وہ پوچھتیں، اور اسے شرم آنے لگتی۔ کبھی کسی نے اس سے ایسی عجیب باتیں نہ کی تھیں۔ تھوڑی سی دیر میں وہ دونوں سہیلیوں کی طرح ہنس ہنس کر باتیں کرنے لگتیں۔ اس نے انہیں تمام گھر کے قصے سنائے۔ بڑی آپا سے وہ بڑا ہی خفا تھی، اور شانو اور رسّو کی شرارتوں پر تو ان کے اچھو لگ لگ گئے۔ نوری انہیں کچھ کچھ بیمار سی تھی۔

مس چرن نے اسے گھر کا کام کرنے کے لیے اپنے کمرے میں بلانا شروع کیا۔ شمن کو اس قدر فخر محسوس ہوتا کہ کام ختم ہو جاتا تو اسے بڑا رنج ہوتا۔ مس چرن نے اسے اسکول کے علاوہ کام دینا شروع کیا اور دوسرے امتحان پر اسے ڈبل درجہ چڑھا دیا گیا۔ خوشی تو اسے اس بات کی ہوئی کہ مس ممتاز جس درجے کو پڑھاتی تھیں وہ اس سے بھی آگے ہو گئی۔

مس چرن اب بھی اسے اپنے کمرے میں پڑھاتی رہیں اور منجھو کے بعد اسے پہلے انسان نے متاثر کر کے اپنے قابو میں کر لیا۔ اگر مس چرن کہتیں تو وہ مشکل سے مشکل کام انجام دے لیتی، ان کے لیے اسے کسی کو قتل کرنے میں بھی دریغ نہ ہوتا۔

اس کی زبان پر ہر وقت مس چرن کا نام رہنے لگا۔ لڑکیوں نے اسے چھیڑنے کی کوشش کی جس سے بجائے کم ہونے کے ان کا خیال ایک رومانی چیز بن کر اس کے دماغ پر چھانے لگا۔ مس چرن کو دیکھ کر آپ ہی آپ اس کا دل ان کی طرف کھنچنے لگتا۔ وہ کہیں بھی ہوتیں اسے ان کے وجود کا احساس نبض کی طرح دھڑکتا، اپنی رگ رگ میں سرایت کرتا ہوا معلوم ہوتا۔ وہ اگر سامنے سے گزر جاتیں تو وہ جو کام کرتی ہوتی اسے گڑبڑ کر دیتی، بات کرتی ہوتی تو زبان لڑکھڑا جاتی، اگر وہ کسی اور لڑکی کو کبیل کھلاتی ہوتیں تو اس کے سبق پڑھنا دشوار ہو جاتا، رہ رہ کر ان کے قہقہے اس کے سینے پر تیر سا لگا دیتے۔ سب کا خیال تھا مس چرن سیاہ فام اور بہت ہی کم رو تھیں، لیکن شمن کی آنکھیں کچھ اور ہی دیکھا کرتیں۔ اس کی سمجھ میں نہ آتا کہ مس چرن سے بھی حسین کوئی شے ہو سکتی ہے۔ اسے اپنے رشتہ داروں سے لگاؤ تھا، کچھ یونہی سا، خدا سے ڈرتی تھی۔ مگر اس کے خیال میں غرق کبھی نہ ہو سکی،

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

لیکن مس چرن اس کے لیے اپنے حزن اور ایمان سے بھی زیادہ بڑھ گئی تھی۔ وہ عموماً ان کی تخئیلی مورتی کو عقیدت اور انتہائی جوشیلے محبت بھرے جذبات میں ڈوبی پوجا کرتی۔ وہ آہنی مس چرن، وہ گیٹس۔ وہ ان کی ساڑی پلی اور بلاؤز چمکا۔

اس کا پڑھنے میں بھی زیادہ دل نہ لگتا، مارے باندھے سے صرف مس چرن کی خاطر پڑھ لیتی تھی، گویا گھر کا کام مستعدی سے کر کے وہ مس چرن کے قدموں میں عقیدت کے پھول چڑھا دیتی تھی۔ اور تخئیل کے ساتھ اسے محسوس ہوا کہ اُس کا جسم بھی مس چرن کے قریب ہی رہنے لگا ہے۔ وہ ہر وقت اپنے آپ کو اُن کے پاس محسوس کرتی: وہ کھڑی ہے۔ مس چرن کا خیالی ہیولیٰ پاس سے گزر گیا ہے۔ وہ خود سو رہی ہے مس چرن اُسے تھپک رہی ہیں۔ وہ پیاسی ہے، حلق بھینچا جا رہا ہے اور مس چرن اُس کے منہ میں ٹھنڈے ٹھنڈے خوشبودار عرق نچوڑ رہی ہیں۔ اُن کا ہاتھ اس کے ماتھے پر ہے، وہ برف کی بنی ہوئی ہیں اور اس احساس سے وہ بغیر نیند کے اونگھنے لگتی۔ وہ دیکھتی رات کو اندھیرے میں روتی ہوئی بھٹکتی پھر رہی ہے، ٹھنڈی گھاس پر پڑی سردی سے کانپ رہی ہے، مس چرن اُسے اپنے پروں تلے دابے تکیہ پر لٹائے ہوئے ہیں۔ وہاں وہ ڈر کے مارے مکر سادھے پڑی ہے کہ اگر ہوش میں آئی تو سارا خواب بکھر جائے گا۔

مس چرن کا خیال اُس کی جان کو مرض کی طرح لگ گیا۔ کچھ اُن دنوں بورڈنگ میں آلو کھاتے کھاتے لڑکیوں کے ہاتھ بھی بگڑ چلے تھے اور شمن تو ہرا لابلا ڈٹ کر کھا جاتی تھی۔ اُس کی نیند بہت خراب ہو گئی تھی، راتوں کو اُٹھ کر بڑبڑاتی تھی اور جیسے ہی آنکھ کھلتی اُسے محسوس ہوتا کہ مس چرن کھڑی ہیں، اگر وہ ہلی تو غائب ہو جائیں گی۔ اندھیرے میں اُن کے وجود کو ٹٹول ٹٹول کر وہ سونے کی کوشش کرتی۔

ایک رات کو اُس نے اپنے آپ کو برآمدے میں مس چرن کے کمرے کے آگے کچھ ٹٹولتے ہوئے پایا۔ وہ ایک دم ڈر گئی۔ وہ کیسے اتنی دُور تک سوتی ہوئی چلی آئی۔ جلدی جلدی کمرے میں آ کر بچھونے میں دبک گئی۔ یہ کیا ہو گیا تھا اُسے؟ وہ خود تھی یا اُس کا بھوت جو راتوں کو اُسے لیے پھرتا تھا۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دو تین دن بعد پھر اُس نے مس چرن کے کمرے کے آگے خود کو ہچکیوں سے روتے ہوئے پایا۔ خوف سے اُس کی گھگی بندھ گئی۔ وہ کیوں رو رہی تھی؟ یہ اُسے نہیں معلوم ہوا۔ اُسے واپس اپنے کمرے تک آتے میں بہت ڈر لگا۔ برآمدے میں اندھیرا تھا اور جاڑوں کی وجہ سے سب کمرے بند تھے۔ وہ ڈرپوک نہ تھی اور بلی وغیرہ سے اُسے خوف نہ آتا تھا مگر لوٹتے وقت وہ تیز تیز بھاگنے لگی گویا بہت سی غیر مرئی چیزیں اُس کا پیچھا کر رہی تھیں۔ جب وہ میٹرن کے کمرے کے پاس پہنچی تو ہلکی سی لالٹین جل رہی تھی۔ موڑ پر ایک بھیانک سایہ زور سے اُس کے آگے جھپٹا چلا گیا، اُس کی چیخ نکل گئی اور آنکھیں ہیبت سے پھٹ گئیں۔ میٹرن جاگ گئی اور نکل کر اُس نے آواز دی: "کون ہے؟" شمن دوڑ کر اُس سے چمٹ گئی۔ میٹرن بھی بوکھلا گئی کہ یہ کیا بلا ہے، اور اُس نے زور سے اُسے پرے دھکیل دیا۔

"یہ میں ہوں شمشاد، شمن۔" اُس نے جلدی جلدی زمین سے اُٹھتے ہوئے کہا۔ "یہاں بھوت دوڑا میرے پیچھے ابھی۔" وہ بری طرح سہمی ہوئی تھی۔

"بھوت! کہاں ہے بھوت؟ چلو اپنے کمرے میں۔" میٹرن اُسے کمرے کی طرف دھکیلنے لگی۔ وہ خود ڈری ہوئی معلوم ہوتی تھی۔

"رات کو بھی دنگا مچاتی ہیں۔" وہ بڑبڑائی۔ اُس کے کمرے میں آ کر میٹرن نے بجلی جلائی تو وہی بھوت بالکل شمن کے پاس کھڑا تھا، وہ چیخ پڑی: "بھوت!..."

"کہاں ہے؟ ارے یہ تو تمہاری اپنی پرچھائیں ہے، پگلی لڑکی!" شمن کو بہت شرم آئی اور وہ چپکے سے پلنگ پر لیٹ گئی۔ میٹرن بجلی بجھا کر بڑبڑاتی چلی گئی مگر اُسے بڑی دیر تک نیند نہ آئی۔ اُس کا دل برابر دھڑک رہا تھا اور تمام جسم تنا ہوا تھا۔ اُس نے رات کی بات کسی سے نہ کہی۔ توبہ! اگر مس چرن کو معلوم ہو گیا!

وہ رات کو بھوت بن کر اُن کے دروازے پر رویا کرتی ہے تو وہ ضرور اُس سے نفرت کرنے لگیں۔ وہ تو انہیں اتنا بھی نہ بتانا چاہتی تھی کہ وہ اس کے دماغ پر اس بری طرح چھائی ہوئی ہیں۔ مگر یہ بات اوروں سے زیادہ دن نہ چھپی رہی اور پہلا معاملہ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

نے ایک دن مس چرن سے کہہ دیا کہ وہ لڑکیوں کی اخلاقی حالت کو خراب کر رہی ہیں۔ بات یہ تھی کہ مس ممتاز ان کی چھوٹی بہن تھیں اور جب سے مس چرن آئی تھیں ان کی قیمت بہت گر گئی تھی، علاوہ شمن جیسی مرنے والی لڑکیوں کے اور قریب قریب ساری لڑکیاں انہیں بہت پسند کرتی تھیں۔

مس ممتاز بیڈ منٹن کھلاتی تھیں اور مس چرن باسکٹ بال۔ زیادہ تر لڑکیوں کو باسکٹ بال پسند نہ تھی اور مس ممتاز کا کہنا تھا کہ مس چرن لڑکیوں سے ضرورت سے زیادہ بے تکلف ہو کر ٹیچروں کا رعب کم کیے دیتی تھیں، انہیں کے بھڑکانے سے لڑکیاں بیڈ منٹن کی بجائے باسکٹ بال کھیلنے لگی تھیں۔ یہ مس ممتاز کی ہتک تھی اور ساتھ ساتھ ان کی بہن پرنسپل کی۔ شمن کو بیڈ منٹن سے نفرت تھی کیونکہ مس ممتاز ان لڑکیوں کو بہت ذلیل کرتی تھیں جو ذرا کمزور تھیں۔ انہوں نے ٹیم بنا لی تھی۔ سب سے اچھا کھیلنے والی لڑکیاں ایک طرف اور پھر سب سے برا کھیلنے والی، جس میں شمن بھی تھی، دوسری طرف۔ روز اچھی لڑکیاں جیتتیں اور یہ ہارتیں، لہذا اس ذلت سے بچنے کے لیے جس دن بیڈ منٹن کی باری ہوتی شمن درد سر یا کوئی اور بہانہ کر کے مس چرن کو کھلاتے ہوئے دیکھتی رہتی۔ اُن کی ہر حرکت کا عکس وہ اپنے دل و دماغ میں محفوظ کر لینا چاہتی۔ یوں، انہوں نے گیند اُچھالی، یوں اپنے تلے سے ہاتھ کو ٹیڑھا کر کے جنبش دی۔ وہ گئی گیند۔ لڑکیاں کہتی تھیں کہ اُن کے ہاتھ سوکھے اور کالے ہیں مگر شمن کو وہ سنگ مرمر کے سے نظر آتے تھے۔

راتوں کو وہ اب بھی برآمدوں میں سسکیاں بھرتی بھٹکا کرتی تھی۔ ایک دفعہ جو رات کو اُس کی آنکھ کھلی تو ہکا بکا رہ گئی۔ پرنسپل ٹارچ لیے مس چرن کے کمرے میں لمبا سا چوغہ پہنے کھڑی تھیں اور مس چرن پریشان شمن کو سیدھا بٹھانے کی کوشش کر رہی تھیں۔ اُسے معلوم ہی نہ تھا کہ وہ چیخ چیخ کر رو رہی ہے۔ پھر ایک دم سے وہ چُپ ہو گئی اور منہ پھاڑے مس چرن کو تکتی رہی۔ وہ مس چرن کے پلنگ پر بیٹھی تھی: چیچ پیچ کا پلنگ! وہ خواب والا دلہن نہیں بلکہ سبز پھول کڑھا ہوا تکیہ، بھورا کمبل

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

جس میں کشمشی گوٹ لگی تھی۔

اُسے گھسیٹ کر اُس کے کمرے میں پہنچا دیا گیا۔

صبح پرنسپل نے اُس سے بہت سے سوال کیے مگر اُس نے منہ پھُلا لیا اور کسی بات کا جواب نہ دیا۔ بھلا وہ کیسے اتنی بہت سی باتیں بتا دیتی جو وہ سوچا، دیکھا اور محسوس کیا کرتی تھی۔

تیسرے دن مس چرن اسکول چھوڑ کر چلی گئیں۔ وہ کسی لڑکی سے ملنے بھی نہ آئیں۔ بس ایک دم چوکیدار اُن کا سامان لے گیا اور اُس کے بعد وہ بٹوہ ہاتھ میں لیے نکلیں اور سیدھی پھاٹک سے باہر چلی گئیں۔ اسکول میں کھلبلی پڑ گئی۔ لڑکیاں ایک دوسرے سے سوال کرنے لگیں۔ کچھ نہ معلوم نہ ہو سکا بس اتنا پتہ چلا کہ کچھ شمن پر بات اُٹھی تھی جس پر پرنسپل اور مس چرن میں کھٹ پٹ ہو گئی۔ لڑکیوں نے شمن کو چاروں طرف سے گھیر کر سوالوں کی بارش کر دی مگر وہ کچھ نہ بتا سکی۔ جب مس چرن کے جانے کی خبر پکی ہو گئی تو اُن کی ساری چاہنے والیوں نے رونا شروع کیا، اس پر پرنسپل صاحبہ اور مس ممتاز نے آکر سب کو خوب ڈانٹا۔ لڑکیاں بڑبڑا کر چُپ ہو گئیں۔

مگر شمن نے ایک آنسو بھی نہ بہایا۔ وہ خاموش، چور بنی سب سے الگ الگ پھرتی رہی۔ مگر سارے وقت تول تول کر قدم رکھتی تھی، جیسے کوئی کھچی ہوئی چیز اُٹھائے پھر رہی ہے جس میں ٹھیس لگ گئی تو چکنا چور ہو کر بکھر جائے گی۔

مس چرن کے جانے کے بعد وہ بہت سخت دل ہو گئی۔ اسے اتنا تو تجربہ ہو گیا کہ منجھو لی کا کوئی قصور نہیں تھا، قصور خود اس میں ہی کہیں چھپا ہُوا تھا۔ اور یہ ماننے کے لیے وہ قطعی تیار تھی۔ اُسے اپنے دماغ کے اُس حصے سے سخت نفرت تھی جو ہمیشہ سارا الزام اُسی پر تھوپ دیا کرتا تھا۔ اُس نے مس چرن کے متعلق سوچنا بہت کم کر دیا۔ اُن کا خیال اس کے دماغ میں چھپے ہوئے زخم پر ٹھوکے لگاتا جس سے اُسے رُوحانی اذیت ہوتی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

ٹیڑھی لکیر ۔۲

وہ اُس سال فیل ہوگئی لہذا اُسے مقامی مشن اسکول میں داخل کروا دیا گیا، یہاں نوری بھی اُس کے ساتھ جاتی۔ مشن میں مس چیرن سے بھی زیادہ بیاہ فام ٹیچر تھیں، مگر شمن کو اُن میں سے ایک بھی پسند نہ آئی۔ نوری بڑی تیز تھی اور بڑی آپا تھی اُسے برابر مار کر پڑھاتی رہتی تھیں اس لیے وہ بہت جلد اسکول میں جم گئی۔ مگر شمن سے نہ جانے لوگوں کو کہاں کا بیر تھا کہ وہ مستعدی سے کام کر کے بھی لکھے جاتی تو وہ اُس سے اور بہتر کام کی توقع رکھتے۔ اُسے کامل یقین تھا کہ وہ کند ذہن تھی اور یادداشت تو اُس کی بہت خراب تھی۔ سب کہتے تھے کہ وہ بہت جلد سب بھول جایا کرتی تھی۔ مس چیرن کو وہ آخر بھول ہی گئی اور اُسے غور کرنے پر بھی اُن کا ناک نقشہ لباس، ہنسی، اُن کا باسکٹ بال کھلانا یاد نہ آتا۔ جب شمن اُن کے کمرے میں پڑھتی تو وہ اُن کا ہلکے ہلکے گنگناتے جانا، ایسے کہ شمن کو بجائے خلل کے ایک طرح کی مدد سی ملتی جاتی تھی، فضا کو کچھ اور چکنا اور ہموار سا کر جاتا۔ بہت دفعہ ایسا ہوتا کہ وہ کسی مشکل سوال پر اٹک گئی ہے کہ مس چیرن کے گنگنانے کی چھوٹی چھوٹی لہریں اُس کے سوال کی گتھی سے ٹکرائیں اور وہ ڈھیلی ہو کر کھل جاتی۔ مگر نہیں، وہ یہ سب کچھ بھول چکی تھی۔

دو برس اُس نے مشن میں پڑھا، اُسے ایک دفعہ بڑا درجہ ملا اور دو چار انعام بھی ملے مگر اُس نے وہ سب لاپروائی سے پھینک دیئے۔ اُسے کسی چیز کی قدر کرتے ہوئے ڈر معلوم ہوتا، وہی زخم سا اُس کے دماغ میں ٹیسیں مارنے لگتا جو مس چیرن کے خیال سے دُکھا کرتا تھا۔ دو برس اُس نے بائیبل پڑھی اور یسوع مسیح کی تعریف میں بہت سی نعتیں سیکھ گئی مگر اُسے یہ بات بالکل پسند نہ تھی کہ گرجے میں گھٹنے ٹیکنے کے لئے موٹے موٹے گدے تھے جن میں سوئیاں سی لگی تھیں جو بہت چبھتی تھیں۔

کئی دفعہ اُس کا ارادہ ہوا کہ وہ بھی چپکے سے یسوع مسیح کی بھیڑ بن جائے مگر اماں کے ڈر کے مارے ہمت نہ پڑی۔ اُسے یہ بات معلوم کر کے بہت حیرت ہوئی

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

۷۰ ٹیڑھی لکیر

کہ یسوع خدا کے بیٹے تھے مگر پھر بھی لوگوں نے اُن کو چین سے نہ چھوڑا، آخر یہ دنیا اس قدر گناہگار کیوں ہے؟ لوگ جھٹ پٹ اچھی باتیں سیکھ کر مرتے سے جنت میں کیوں نہیں چلے جاتے۔

مقدس ماں کنواری تھی! یہ سوچ کر ذرا اُسے ہنسی آتی۔ وہ خود بھی تو کنواری تھی، اگر خدا نہ کرے بیٹھے بٹھائے خدا باپ اُس کے یہاں بھی ایسا ہی بھولا بھولا مُنّا سا یسوع پیدا کر دے تو وہ کیا کرے! یقیناً اماں تو اس کے لئے دودھ دیں گی نہیں، اور کپڑے تو خیر وہ پرانے کرتوں کے بنا لے گی، مگر پھر اُسے یاد آتا کہ جب اُس کے وقت بی کی لڑکی کے ایسا ہی منا پیدا ہو گیا تھا تو سب نے کیسی تھڑی تھڑی کی تھی۔ شمن نے اس کو بہت سمجھایا کہ بوڑھے ہے تو کیا، "خدا باپ" کی قدرت میں کسی کو کیا دخل ہے، وہ جو چاہے کر سکتا ہے مگر وہ یہی کہتی تھی کہ "نہیں بی بی، میں نے تو پاپ کیا ہے اور لوگ کیوں کرتے ہیں۔ گھر آکر اُس نے اماں وغیرہ کو جب یسوع کی تعریف میں نغمے سنائیں تو انہوں نے اپنا سر پیٹ لیا اور اُسے بہت ڈانٹا کہ کیا اب وہ عیسائی ہونے کا ارادہ رکھتی ہے، لہٰذا مجبوراً اُسے واپس اُسی پرانی درس گاہ میں بھیج دیا گیا جہاں پہنچ کر مس چرن کا داغ پھر ہرا ہو گیا اور مس ممتاز سے نفرت چوگنی بڑھ گئی۔

(۱۲)

اس بار اسکول کی نئی زندگی نئی بلاؤں سے شروع ہوئی تھی۔ اُس پر یکایک ٹوٹ پڑیں۔ نہایت گندی، شرمناک اور نفرت انگیز مصیبتیں۔ کئی دن تو وہ خودکشی کے منصوبے باندھتی رہی کیونکہ یوں رنجھ رنجھ کر مرنے سے تو ایک دفعہ زہر نگل لینا ہزار درجے آسان تھا۔ مگر گھر میں کسی قسم کا زہر دستیاب ہونا بھی تو مشکل تھا۔ جسمانی تبدیلیوں سے تو وہ اور بھی بدحواس ہونے لگی اور گھنٹوں تنہائی میں آنسو بہایا کرتی۔ اُسے پہلی جماعت کی وہ بھیانک اُستانی یاد آجاتیں جو بالکل گوشت کا بنے متکم لوتھڑا تھیں، ویسے ہاتھ پیر تو ان کے سوکھے مارے تھے مگر پیٹ اور کلیجے پر گوشت کے پلندے سے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

لدے ہوئے تھے۔ لڑکیاں اُن کا مذاق اُڑایا کرتی تھیں اور عجیب عجیب بیہودہ لطیفے اُن سے وابستہ کر دیے تھے۔ اُن کی نفرت محض نفرت ہی نہ تھی بلکہ اُس میں ایک طرح کا خوف اور کراہت پوشیدہ تھی۔ اصلی گھن تو شمن کو اُن سے اُس دن سے ہو گئی تھی جس دن وہ مجبوراً سے اُن کے غسل خانے میں گھس چلی گئی تھی۔ وہ ہمیشہ نہاتے وقت دروازے میں کنڈی چڑھانا بھول جایا کرتی تھیں۔ مُلاجی کے بعد یہ دوسری ہستی تھی جسے دیکھ کر اُس پر فالج کی سی حالت طاری ہو گئی تھی۔

وہ خاموش تنہائیوں میں پڑی نجانے کیا کیا سوچا کرتی۔ مستقبل بھیانک خوابوں کے نئے نئے چولے بدل کر اُس کے سامنے ناچا کرتا۔ کاش کوئی ایسی دوا ہوتی جسے کھا کر وہ چوہیا برابر ہو جاتی۔ وہ بہت ہی تیزی سے بڑھ رہی تھی۔ جسم کے مختلف حصے مختلف اوقات میں بڑھ رہے تھے۔ پہلے تو جیسے اُس کی ٹانگوں کو جسم سے نفرت ہو گئی اور وہ بے طرح لمبی ہونے لگیں۔ رات کو وہ محسوس کرتی اُس کی ٹانگیں بڑھ رہی ہیں، لمبی لکیروں کی طرح لہراتی، پلنگ پر سے اُتر کر دیوار سے رینگتی ہوئی نامعلوم منزل کی طرف بڑھ رہی ہیں۔ وہ جلدی سے کہنی کا سہارا لے کر ٹانگوں کو دیکھتی تو وہ جھٹ سے کینچوے کی طرح سکڑ جاتیں، گویا اُس نے انہیں عین وقت پر پکڑ لیا ورنہ یہ بھاگ ہی گئی ہوتیں۔ وہ کنکھیوں سے لیٹ کر دیکھتی کہ اب کیا کر رہی ہیں اُس کی ٹانگیں، مگر وہ ہوشیار سانپوں کی طرح مکر کیے پڑی رہتیں۔ یہی نہیں اُس کے جسم کا ہر حصہ عجیب سا ہو چلا تھا۔ ناک ایک دم چہرے سے روٹھ کر اپنے راستے پر چلنے لگی۔ اُس نے ایک کہانی پڑھی تھی جس میں ایک شہزادے کی ناک تین فٹ لمبی ہو گئی تھی۔ بیچارہ شہزادہ! کوئی اُس سے بات بھی نہ کرتا، اُس کی چوٹی بھی کچھ عجیب بے تکی سی ہو گئی تھی، جیسے چائے دانی کا کنڈا۔ اینٹھی ہوئی چھوٹی سی دم جو اس کی لمبوتری گردن پر کسی طرح نہ جچتی۔ ایک مرض کا علاج تو اتفاق سے اُس کے ہاتھ لگ گیا۔ اُس نے اماں کی بیماری کو بھانپ لیا تھا گو اس سے چھپائی گئی تھی مگر اس کی تیز نگاہوں نے اُس شیشی کو دیکھ لیا تھا۔ جس نے اُن کی جان بچائی تھی۔ موقع پا کر اُس نے وہ دوا چڑھا لی۔ اثر فوری ہوا اور

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

۴۷۔ ٹیڑھی لکیر

وہ قطعی اچھی ہوگئی۔ بھلا اگر وہ کسی کو اپنا مرض بتا دیتی تو اتنی جلدی کوئی دوا تھوڑی کر دیتا۔ اُس کی تو ہر بات کو ٹالا جاتا تھا۔ دوسرے منجھلی بہن نے اُسے ایک دفعہ اس قسم کی بات کرنے پر بہت بے شرم کہہ کر ڈانٹ دیا تھا۔ اور غضب تو یہ تھا کہ نوری اُس کے تمام شرمناک "رازوں" کی ٹوہ میں لگی رہتی مگر وہ ہمیشہ اس سے دور رہتی۔ وہ جانتی تھی کہ نوری حقارت سے مسکرائے گی اور سب سے جا کر شکایت کر دے گی۔ اپنے دکھوں میں وہ آپ ہی گھُلا کرتی۔ مگر خاک گھلا کرتی تھی! گوشت تو جگہ بے جگہ تھپا چلا جا رہا تھا۔

اُس نے بھاگنا دوڑنا کم کر دیا تھا۔ جیسے ہوا سے بھی ٹیسیں سی چبھتی تھیں۔ جسم پکا چوڑا ہوگیا تھا اور پنڈلیوں میں اینٹھن ہوتی تھی۔ بڑی جماعت کی لڑکیوں سے اُسے بہت نفرت تھی اور وہ ان کا ہمیشہ مذاق اڑایا کرتی تھی۔ دھپا دھپ جب وہ رسّی کودتے وقت زمین پر پیر پٹختیں تو اُن کے کرتوں میں بلیاں سی لڑتی معلوم ہوتیں مگر شمن کسی نہ کسی طرح کھیل میں شرکت کرنے سے بچ جاتی۔ اُسے ہر روز سزائیں ملتیں لیکن وہ سب برداشت کرتی، یہاں تک کہ ایک دن اُس نے کوئی معقول بہانہ نہ پایا تو کھچ سے اُسترے سے اپنا پیر کاٹ لیا اور بڑی دیر تک اپنی کامیابی پر مسکراتی رہی۔

ایک دم اُس کی طبیعت خراب رہنے لگی۔ کھڑے کھڑے چکر آجاتے، ہاضمہ خراب رہتا، منھ پر کالے اور سفید سفید چھینٹے پڑ گئے، ماتھا پھنسیوں سے لد گیا! اور سارے جسم میں کھجلی مچتی رہتی، خون جیسے کھولتے ہوئے تیل کی طرح بھاری بھاری اُسے جسم میں لہراتا ہوا محسوس ہوتا۔

اُسے سُست دیکھ کر کسی نے پروا نہ کی، بس سزائیں بڑھتی گئیں، یہاں تک کہ اماں ابا کے پاس بھی بہت بُری شکایت گئی۔

اُسی زمانے میں سالانہ ڈاکٹری کا وقت آیا تو اُسے ہزاروں فکروں نے گھیر لیا۔ وہ کئی دن پہلے سے سہمی ہوئی رہنے لگی۔ یہ اسکول میں اُس کا پہلا معائنہ تھا وہ ہزاروں

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"بڑھی لکیر"

بہانے تلاش کرنے لگی، مگر جب جلّاد تلوار اُٹھا لیتا ہے تو پھر بچاؤ مشکل ہو جاتا ہے۔

جب میٹرن نے اس سے کپڑے اُتارنے کو کہا تو اُس نے اُسے "گدھی" کہہ دیا، جس پر میٹرن کو روتے روتے دورہ پڑ گیا۔ سُوکھی ماری بڑھیا میٹرن بھلا اُس کے دکھوں کو کیا سمجھ سکتی!

لیڈی ڈاکٹر نے اُس کے دو طمانچے لگائے مگر وہ اُس سے بھی کشتی لڑتی رہی۔ ڈاکٹرانی نے اُس سے بہت سے بیہودہ سوال کیے جس کا اُس نے "نہیں" میں ہی جواب دیا۔ جان بُوجھ کر وہ اُس کے پیچھے ہی پڑ گئی۔

اس کے بعد اُس کا دوبارہ جو معائنہ ہُوا تو اُس نے بہت ہی فیل مچائے۔ اُس مردار ڈاکٹرانی کو لوگوں کو ٹٹولنے کا وہ شوق تھا کہ حد نہیں بلا کی طرح چمٹ گئی۔ اُسے زبردستی دوا پلائی اور چند ہی دن میں اُس کا خوفناک مرض پھر سے پھوٹ نکلا اور غضب یہ کہ سارے اسکول میں دھوم مچ گئی۔ لڑکیاں مارے تجسّس کے نجانے کیا سوچنے لگیں، نوری اُسے دیکھنے کے بہانے بھید لینے کئی دفعہ آئی مگر شمّن نے اُسے ڈانٹ ہی بتائی۔

"سچّی بتاؤ شمّن" وہ بولی۔

"کیا؟"

"یہی ——— کیا ——— کہ برجیس کہتی ہے کہ تمہارے بچّہ پیدا ہُوا ہے"

ہیبت کے مارے وہ چیخیں مارنے لگی۔ اچھا، تو یہ بات تھی۔ مگر ڈاکٹرانی نے تو کچھ نہ بتایا۔ حد ہو گئی زیادتی کی۔ کسی نے اگر آپا کو لکھ دیا تو موت سمجھ لو۔ گیند ّا کی جو گت بنی تھی وہ یاد تھی مگر پھر اُس کا ننھّا منّا بچّہ اُسے بے طرح یاد آنے لگا۔

"تو پھر گیا کہاں؟" اُس نے دل ہی دل میں سوچنا شروع کیا۔ شاید چھپا دیا گیا ہو۔ لیکن وہ پاتی بھی کیسے! اسکول کا کام، امتحان سر پر، بھلا بچّے کو کون پاتا ہے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

۵۷ ٹیڑھی لکیر

لیکن یہ اُن لوگوں کی زیادتی تھی کہ اُسے دکھایا بھی نہیں گیا۔ وہ دیکھنے شکل کی صورت کس کی سی ہو گی، بہت ہی ذرا سا ہو گا اور پریشانی دور ہو کر اُسے ایک طرح کی فکر سی لگ گئی۔

اُس کا بخار اُترا اور وہ اپنے کمرے میں آگئی۔ جب بھی کسی نے بچّہ وچہ نہیں دکھایا ایک دن اُس نے باتوں باتوں میں سعادت سے ذکر بھی کیا، سعادت آنکھیں پھاڑ اُسے دیکھتی رہی اور پھر بولی: "مگر تمہاری شادی تو ہوئی نہیں ہے"

"ہیں؟ شادی نہیں ہوئی تو پھر سعادت ———؟" وہ چُپ رہ گئی۔ اس نے جو تخیئل میں ننھا مُنا چوہے برابر بچّہ بنا رکھا تھا آہستہ آہستہ دھندلا ہونے لگا۔

"مگر نوری جو کہتی تھی"

"نوری کو کیا معلوم" سعادت بزرگانہ انداز سے بولی، "کسی سے کہنا بھی مت، پگلی کہیں کی"

پھر سعادت نے اُسے بہت سی باتیں بتائیں اور وہ ہنستے ہنستے بیدم ہو گئیں، شمن کو بھی ہنسی آگئی۔

جب وہ تنہا پلنگ پر لیٹی تو اُسے اس خیالی بچّے کے کھو جانے کا بہت دُکھ ہُوا۔ نوری کی اطلاع کے بعد وہ سچ مچ کا ایک ننھا مُنا سا کلبلاتا ہُوا بچہ کہیں اپنے سے قریب ہی محسوس کرنے لگی تھی، بعض وقت تو اُسے یہ بھی شبہ ہونے لگتا کہ وہ اُس کے پہلو میں پڑا سو رہا ہے اور اگر ذرا بھی ہلی تو جاگ جائے گا۔ اس احساس کے ساتھ ہی اُس کے اعضاء اکڑ سے جاتے اور وہ سانس روکے دیر تک پلنگ پر ہلے جُلے بغیر پڑی رہتی۔ اکثر سوتے سوتے اُسے بچّے کے رونے کی آواز آتی اور وہ ہڑبڑا کر اُٹھ بیٹھتی اور آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر رات کے اندھیرے میں اُس واہمے کو تلاش کرتی رہتی، حتیٰ کہ پھر اس کی آنکھ لگ جاتی۔ وہ اُس ننھی سی جان کے ساتھ نجانے کب تک اسی طرح آنکھ مچولی کھیلتی رہتی اگر سعادت اُس پر حقیقت کا

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

انکشاف نہ کر دیتی اور اب ؟ اب نجانے کیوں بچے کے خیال سے ہی اُسے شرم آنے لگتی۔ توبہ! کیسی بُری بات تھی۔

زندگی جیسے دھندلکوں میں سے نکل کر روشنی میں آتی جا رہی تھی۔ آہستہ آہستہ اُس کے سب دُکھ دور ہونے لگے، گو اُس کی سانس گھٹتی، مگر وہ سب باتوں کی عادی ہو گئی۔ زندگی نے رکھ رکھاؤ خود ہی سکھا دیا۔

(۱۴)

بات ختم ہو گئی تھی مگر اس واقعہ کی نوری نے وہ مقبرڑی پلیٹا کہ ایک دن پکڑ کر اُسے ٹھوک دیا۔ گھر میں وہ نوری کو بڑی آپا سے چھپا کر چار چوٹ کی مار دیا کرتی تھی مگر مجال تھی جو وہ شکایت کر جاتی۔ بڑی آپا تو خیر اُسے مارتیں مگر پھر وہ نوری کو زندگی کا مزہ چکھا دیتی۔ یہاں آکر تو نوری بڑی مہذب بننے لگی تھی۔ چڑیا کی بیٹ تک کو وہ باتھ روم کہنے لگی تھی اور بڑی اترا کر "دیکھیے، دیکھیے" کہہ کر بولتی تھی۔ پھر اُسے شمن نے اُس کی سہیلیوں کے سامنے مارا۔ نوری جوان عورتوں کی طرح ماتم کر کر کے رونے لگی اور شام تک اپنا بستر بوریا اُٹھا کر اپنی سہیلی جلیس کے یہاں جا پڑی۔ بڑی آپا کو ایک نہایت ہی دردناک خط لکھا جس پر وہ اُس کے مرحوم باپ کو یاد کر کے خوب روئیں اور پرنسپل کو ایک منت بھرا خط لکھا کہ یتیم بچی نوری کو شمن کے پنجے سے نجات دلائیں۔ نوری ہنسی خوشی جلیس کے کمرے میں رہنے لگی اور شمن کے کمرے میں بڑی آنکھوں والی رسول فاطمہ آگئیں۔

رسول فاطمہ سے شمن کو جو نفرت تھی وہ جنوں کی حدوں سے بھی آگے بڑھی ہوئی تھی۔ اُس کی باہر کو اُبلی ہوئی آنکھیں ضرورت سے زیادہ بڑی اور بے رونق تھیں، جیسے چینی تھالی میں دو ملینڈک رکھے ہوں۔ باریک سیدھی سیدھی تنکوں جیسی پلکیں اور کھردرے بھورے رنگ کے بھوٹے، ہر وقت اُن میں بے کسی، غربت اور بے وقوفی جھلکتی رہتی تھی۔ بیٹھے بیٹھے شمن کو ایک دم ان آنکھوں پر غصہ آنے

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ٹیڑھی لکیر"

لگتا اور جی چاہتا اُن میں گرم لوہے کی کیلیں ٹھونک دے۔

وہ بات بے بات اُسے جھڑک دیتی۔ اگر بھولے سے اس کا میلا دوپٹہ یا بوسیدہ کتاب شمن کی میز یا بستر پر رکھی رہ جاتی تو اس کا دماغ تو اندر بگڑ جاتا اور وہ جھلا کر اُسے دور پھینک دیتی۔ یہ نفرت اور بھی بڑھتی گئی جب کہ اُس کے ہر ظلم کے جواب میں رسول فاطمہ نہایت خندہ پیشانی سے اپنے سکڑے ہوئے ہونٹوں میں سے ٹیڑھے میڑھے دانت نکال کر گھگیانے لگتی، اور کبھی تو وہ چیزوں کو بے رحمی سے ایسے پھینکتی کہ وہ اس کے منہ پر جا لگتیں۔

"اوں بھئی ہمیں یہ مذاق نہیں اچھا لگتا" وہ اسے مذاق سمجھتی تھی گویا شمن اتنی گری پڑی تھی کہ رسول فاطمہ سے مذاق کرے گی۔ وہ پھن کچلے ہوئے سانپ کی طرح بپھرا جاتی مگر رسول فاطمہ اُس کی طرف پیار سے دیکھ کر اپنی مرجھائی ہوئی آنکھوں میں ملاس پیدا کرنے کی کوشش کرتی۔

اسکول میں ساتھ سونے کی سخت ممانعت تھی مگر رسول فاطمہ کو اس قدر ڈر لگتا تھا کہ وہ آخری گھنٹی بج جانے کے بعد شمن کے پلنگ کے قریب پلنگ لے آتی۔ شمن نے کئی دفعہ حقارت سے اُسے دھتکارا بھی لیکن وہ پیچ پیچ اس کے پیر چھونے لگی۔ اُس نے بتایا کہ جب سے اُس کی ماں طاعون میں مری ہوئی دو دن تک گھر میں پڑی رہی تھی تب سے اُسے مُردوں سے بہت ڈر لگنے لگا تھا اور اندھیرا ہوتے ہی اُسے چاروں طرف سے روحیں گھیرنا شروع کر دیتیں۔

"اچھا چپ رہو" نفرت سے شمن اُس کی ہر بات پر ڈانٹتی اور وہ خاموش ہو کر سوتے ہوئے قرآن شریف کی آیتیں پڑھ کر چاروں طرف پھونکتی۔ مگر جب اُس نے اُن مقدس آیتوں کی برکت شمن پر پھونکنا چاہی تو اُس نے ایک چانٹا اُس کے منہ پر دیا۔

"سو رہیا، ہمارے منہ پر تھوک دیا" اُس نے دانت پیس کر رسول فاطمہ کو اُس کے پلنگ پر گرا دیا۔ رسول فاطمہ بہت ہی سوکھی ماری تھی، ذرا سے ٹھوکے سے بیدم ہو جاتی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ایک دفعہ رات کو شمن کو اپنی گردن پر چوہا سا پھدکتا معلوم ہوا۔ اندھیرے میں وہ ہڑبڑا کر اُٹھ بیٹھی، چوہا رسول فاطمہ کے پلنگ پر بھاگ گیا، وہ پھر لیٹ گئی۔ نیم غنودگی کی حالت میں اُسے پھر چوہا پنڈلی پر رینگتا معلوم ہوا۔ دھندلکے میں بڑے غور سے دیکھنے پر معلوم ہوا کہ چوہا نہیں بلکہ سوتے میں رسول فاطمہ کا ہاتھ ہل رہا تھا، وہ کروٹ بدل کر سو گئی۔

جیسے اُس نے خواب میں دیکھا کہ چوہا پھر رینگا، اور قبل اس کے کہ وہ اُسے جھٹک سکے وہ اُسے پچھاڑ کر اُس پر پوری طرح قابض ہو گیا۔ اُس کے جسم کی ساری رگیں اکڑ کر تانت کی طرح تن گئیں، ساری قوت ایک دم سن سے اُس کے جسم سے نکل گئی۔ اب وہ کبھی جنبش نہ کر سکے گی۔ رسول فاطمہ کی سوکھی ہوئی اُنگلیاں کیلوں کی طرح چبھ رہی تھیں مگر وہ اُسے نہ روک سکی، جیسے شیر اپنے شکار کو جھنجھوڑ جھنجھوڑ کر نگلتا ہے بالکل اسی طرح۔ وہ سہمی ہوئی خاموش لیٹی رہی اور چوہے دوڑتے رہے۔ پھر آہستہ آہستہ اُس کی ڈری ہوئی طاقت اُبھرنے لگی، ایک ہی دفعہ اُس کا سارا جسم بغاوت پر تل گیا اور اُس نے چاہا ایک ہی جست میں وہ رسول فاطمہ کو پچھاڑ کر اُٹھ بھاگے مگر وہ ہلی بھی نہیں۔ احساسِ ذلت نے اُس کی ساری طاقت سلب کر لی۔ اُف! اس کی گت اور وہ بھی رسول فاطمہ کے ہاتھوں! اگر وہ اپنے جاگنے کا اعلان کرتی ہے تو پھر تو اُسے رسول فاطمہ کو مار ڈالنا چاہیے۔ اُس نے سوچا، وہ ایسے جیسے گویا سو رہی ہے، مگر کچھ دیر میں جاگ جائے گی تو شائد رسول فاطمہ ڈر کر اُسے چھوڑ دے گی —— مگر بھلا، وہ ایک بھتنی تھی اور فیصلہ جلدی چاہتا تھا لہٰذا ایک دم اُس نے تلملا کر اتنی زور سے کروٹ لی کہ اُس کی کہنی رسول فاطمہ کی اُبلی ہوئی آنکھ میں لگی مگر ذرا اوچھی، کروٹ لے کر اُس نے اپنے جاگنے کا اعلان کر دیا: "کون ہے؟"

"میں —— میں ہوں، تمہاری رسول فاطمہ۔"

کیا! اُس کی رسول فاطمہ؟ اگر وہ اتنی ڈری ہوئی نہ ہوتی تو اُسے اس گستاخی کا اُسی دم مزا چکھاتی مگر موقع نہ تھا۔ اُس نے بڑبڑاتے ہوئے زور سے اپنی چارپائی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دور دھکیلی، ایسے کہ رسول فاطمہ کا پُرانا پچکا ہُوا صندوق چورا ہو گیا۔

تسبیح اُٹھا کر اُسے رسول فاطمہ سے آنکھ ملانے کی ہمت نہ پڑتی تھی مگر وہ بھری بیٹھی تھی کہ وہ بولے تو بس اُس کی جان کو ہی آ جائے لیکن رسول فاطمہ بھیگی بلّی بنی شمن کا تازہ رنگا ہُوا دوپٹہ چُن رہی تھی۔ یہ دیکھ کر وہ جل گئی اور ایسے زور سے جھٹکا دے کر دوپٹہ چھینا کہ رسول فاطمہ گر پڑی ہوتی۔ ساری اُس کی ہاتھوں کی گھاٹیاں چھل گیئں مگر وہ بُرا نہ مانی بلکہ رحم طلب نظروں سے اسے دیکھنے لگی، جیسے یہ چنگیزی مظالم اُسے بہت ہی بھاتے ہیں۔ شمن نے جھنّا کر جو دوپٹے کی چُنٹ کھولی تو کئی شوب کھایا ہُوا دوپٹہ مسک گیا۔ اب تو اُس نے واقعی اُسے ایسے دھکیلا کہ بچاری کی نئی تین پیسے کی صراحی چکنا چور ہو گئی، اُس کی بڑی بڑی بے جان آنکھیں زخمی مینڈکوں کی طرح پھول کر اُبھر آیئں اور ان میں غلیظ نمی جھلکنے لگی۔

ذرا ذرا سی بات پر شمن اُسے دُھتکارتی رہی لیکن وہ یا تو چپکی سہتی رہی یا ہیں ہیں کر کے بے جان ہنسی ہنسنے لگی، گویا اُس کی ٹھوکروں میں جفا کی چاشنی بھری تھی۔

"کبھی ایسا بھی مذاق کس کام کا کہ سے ساری چوڑیاں توڑ دیں، ظالم کہیں کی!" وہ اُسے اس قدر پیار سے دیکھنے لگی کہ شمن گھبرا کے کمرے سے بھاگی۔ اُس کا جی چاہا سب کچھ جا کر میٹرن سے کہہ دے مگر اُس کے پیر رُک گئے۔ کیا کہے گی وہ اُس سے جا کر؟ ابھی گزشتہ مہینے چھوٹی کلاسوں کی بچیوں کو بیہودہ کھیل کھیلنے پر سزا ملی تھی، وہ لحافوں میں دبکی ہوئی ایک دُوسرے کو بچے جنوا رہی تھیں۔ توبہ!

رسول فاطمہ کی صورت دیکھ کر اُس کے تن بدن میں آگ لگ جاتی۔ شام کو وہ سعادت کے ساتھ بیٹھی گھر کا کام کر رہی تھی کہ ایک چھوٹی بچی نے دروازے کی آڑ سے اُسے بلایا: "یہاں آیئے شمن باجی!" یہ چھوٹی بچیاں بورڈنگ میں بڑی لڑکیوں کی لونڈیوں کی طرح ہوتی ہیں، چھوٹے موٹے کام، رقعہ پیغام لے جانا، چمن میں سے پھول چُرا کر لانا، کتابیں لاد کر ادھر سے اُدھر لے جانا اور اُس کے بدلے میں کبھی کبھی بڑی لڑکیوں کے سر یا پیر دبانے کی عزت حاصل کرنا جتنی زیادہ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہردلعزیز لڑکی ہوگی اُتنی ہی زیادہ چھوٹی لڑکیاں اُس کی خدمت میں حاضر رہیں گی۔ شمن ان چھوٹی لڑکیوں میں زیادہ عزیز نہ تھی وہ خود نہایت چھچھوری سی تھی۔

"کیا ہے؟" اُس نے رُکھائی سے دروازے کے پاس جا کر پوچھا۔

"یہ رسول فاطمہ آپا نے دیا ہے" ایک پرچہ دے کر وہ لڑکی شرمائی ہوئی بھاگ گئی۔ رسول فاطمہ نے نہ جانے کن خوشامدوں اور رشوت ستانی کے بعد لڑکی کو پیغامبری کے لیے راضی کیا ہوگا کیونکہ عام لڑکیاں، خصوصًا چھوٹی لڑکیاں، اُس سے بہت نفرت کرتی تھیں۔

پرچہ لے کر شمن کے ہاتھ کانپنے لگے۔ اُس نے سعادت کی نظر بچا کر جلدی سے سویٹر کے گریبان میں چھپا لیا اور واپس پڑھنے آ بیٹھی لیکن پریشانی کی وجہ سے اُس سے خاک بھی نہ پڑھا گیا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے کسی نے اُسے اغوا کرنے کا خط لکھا ہے اور وہ واقعی خطرے میں ہے۔

اُس نے چاہا کوئی بہانہ کر کے باہر چلی جائے۔ خط پڑھنے کے لئے وہ بے چین ہونے لگی، لہٰذا وہ غسل خانے کا بہانہ کر کے اُٹھی۔ خط میں لکھا تھا:

"میرے من مندر کی دیوی!

آہ، اپنی عاشق سے کیوں ناراض ہو؟ کب تک خفا رہو گی؟ اگر ایسی ہی مجھ سے نفرت ہے تو اپنے پیارے ہاتھوں سے گلا گھونٹ دو۔ یہ تم نے کیا جادو کر دیا ہے۔ ایک دفعہ اپنے پیروں پر سر رکھ کر معافی مانگ لینے دو۔

تمہارے حسن کی پروانہ

رسول فاطمہ

ہیبت کے مارے وہ شل ہوگئی۔ کس قدر بدمعاشی کا خط لکھا گیا تھا، اب؟ کمرے میں واپس جانے کے خیال سے اُس کا دم نکلنے لگا۔ وہ کوئی ایسا بہانہ کرے کہ سعادت اُسے اپنے کمرے میں پناہ دے دے۔ سونے کی گھنٹی بج گئی اور وہ کوئی عذر نہ تراش سکی۔ گھنٹی کی ضربوں کے ساتھ اُس کا دل بھی اُونچی آواز سے دھڑکنے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

لگا اور وہ ڈری کہ سعادت نہ سُن لے۔

عذرا ارادی طور پر قدم رکھتی ہوئی وہ کمرے میں آئی۔ اُس نے رات کے کپڑے نہیں بدلے، پیر لٹکائے پلنگ پر بیٹھی رہی۔ مبہم وحشی خیالات اُسے پریشان کرنے لگے۔ ایک لمبی آہ کمرے میں سرسرائی اور رسول فاطمہ نے کروٹ لی۔ شمن آہستہ سے تکیے پر سر رکھ کر لیٹ گئی۔ اب اندھیرے میں اُس نے محسوس کیا کہ رسول فاطمہ کی بڑی بڑی آنکھیں اُس کے جسم میں چبھ رہی ہیں۔ اُس پر ایک دم سے نامعلوم خوف طاری ہو گیا اور جی چاہا کہ کسی کی آغوش میں یوں چھپ جائے جیسے چیل جھپٹا مارتی ہے تو چوزے دوڑ کر مرغی کے پروں کے نیچے چھپ جاتے ہیں۔ پھر اُس سے برداشت نہ ہو سکا اور وہ باہر نکل آئی اور برآمدے میں کھمبے سے لگ کر کھڑی ہو گئی۔

"یہاں کیوں کھڑی ہو، سردی لگ جائے گی" رسول فاطمہ اُس کے ساتھ ساتھ رینگ آئی تھی، مگر اُس نے اس کا ہاتھ جھٹک دیا اور غسل خانوں کی طرف چل دی۔ جب وہ وہاں سے نکلی تو رسول فاطمہ سکڑی کھڑی تھی، وہ کچھ نہیں اوڑھے تھی اور اُس کے بدوضع رات کے کپڑوں سے اُس کا حقیر مریل جسم ظاہر ہو رہا تھا۔ وہ اُسے دھکا دیتی ہوئی ہاتھ دھونے کے نل کے پاس جا کھڑی ہوئی اور غیر ارادی طور پر پانی کی دھار اپنی انگلیوں میں سے چھاننے لگی۔

"چلو گی نہیں شمن؟" رسول فاطمہ منمنائی۔ شمن نے کچھ جواب نہ دیا۔ نل بند کر کے وہ اپنے حلق میں گیلی اُنگلیاں ڈالنے لگی۔ حلق میں گدگدی ہوئی، "کوّا اینٹھا" "اُوق"۔ وہ قے کرنے لگی۔ باوجود دھکیلنے کے رسول فاطمہ اُس پر چڑھی چلی آئی اور گھبرا گھبرا کر اُس کی پیٹھ سہلانے لگی۔ واقعی اُسے قے ہونے لگی۔ ہر جھٹکے پر اُس کے گلے کی نسیں پھٹنے لگیں اور معلوم ہوتا زبان ٹوٹ آئے گی۔ جب ذرا جی ٹھیرا تو رسول فاطمہ دیوانوں کی طرح روتی ہوئی میراثن کو بلا کر لائی۔ میراثن نے باورچی کو بڑا بھلا کہنا شروع کیا اور اسے الائچی چبانے کو دی۔

"مجھے مولفیوں کے کمرے میں پہنچا دیجیے، نہ جانے جو پھر قے ہوئی تو..."

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

رسول فاطمہ بورڈنگ کے اصول سے واقف ہو کر بھی اُس کے ساتھ جانے کو ضد کرنے لگی مگر میٹرن نے اُسے ڈانٹ بتائی: کیا عجب کوئی چھوت کی بیماری ہو! دیر تک وہ بدبودار رضائی اوڑھے بیمار بنی مسکراتی رہی۔ اُس کا حلق بڑی طرح جکڑا رہا تھا اور کنپٹیاں دکھ رہی تھیں مگر اُسے معلوم ہوتا تھا کہ جیل سے بچ کر وہ مرتی کے پروں میں دبکی ہوئی ہے۔

ایک تو رات کو کھانا نکل گیا، دوسرے صبح جو بدبودار بسکٹ ملتے تھے وہ بھی بند کر دیئے گئے تو مجبوراً اُسے دوپہر تک تندرست ہونا پڑا۔ کھانے پر وہ حسبِ معمول رسول فاطمہ کے پاس نہیں بیٹھی۔ چونکہ دعا ہو گئی تھی اس لیے رسول فاطمہ اُٹھ کر اُسے بلانے نہ آسکی۔ کھانا کھاتے میں جو ایک دفعہ اُس کی نظر میز کے دوسرے سرے پر گئی تو اُس نے دیکھا کہ وہ کچھ کھا نہیں رہی ہے اور اُس کے لیے حسب معمول کھانا نکال کر رکھ دیا گیا ہے۔ اُس کی مسکین صورت اور بھیگی ہوئی آنکھیں دیکھ کر شمن کا دل پھر رقیق کرنے کو چاہنے لگا۔ اُس نے اسی دن میٹرن سے کہہ دیا کہ وہ کھانے پر اپنی جگہ بدلنا چاہتی ہے۔ سعادت کے پاس ایک جگہ تھی وہاں وہ بیٹھنے لگی۔

نماز کے وقت وہ کچھ نہ بول سکی۔ جب رسول فاطمہ اس کے قریب نیت باندھ کر کھڑی ہو گئی تو پورے وقت وہ یہ کوشش کرتی رہی کہ سجدہ کرتے وقت اُس کی کہنی رسول فاطمہ سے نہ چھو جائے، اس لئے وہ بار بار آیت بھول جاتی۔

رات پھر مصیبت بن کر چھانے لگی اور اُس پر پریشانی نے حملہ کر دیا۔ آج وہ بالکل بے بس ہو گئی تھی۔ کوئی بچاؤ کی صورت نظر نہیں آرہی تھی۔ بڑی دیر تک وہ نفلیں پڑھتی رہی۔ پھر اُس نے یا حافظ کا ورد کیا۔ آج اسے خدا ایسے طرح یاد آرہا تھا اور وہ گڑگڑا کر دعائیں مانگ رہی تھی۔ مگر کیا دُعا اُس نے مانگی؟ اُس کے منہ سے تو ایک لفظ بھی نہ نکلا۔ ادھر پاس ہی رسول فاطمہ دوزانو بیٹھی ہاتھوں کا چلّو اُوپر اٹھائے ہل ہل کر دُعا مانگ رہی تھی۔ شمن کا جی اور پریشان ہو گیا، اُس کو ایسا معلوم ہوا رسول فاطمہ کے چلّو میں ڈھیر سی دُعا جمع ہو گئی ہے اور جی چاہا ایک ہاتھ ایسا مارے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کہ ساری دعا یا ہو سے کے دانوں کی طرح بکھر جائے اور جب رسول فاطمہ اُسے بٹورنے جھکے تو۔ مگر اس خیال کے ساتھ ہی اُسے ترکیب سوجھی۔ رات ہو چکی تھی اور میٹرن اپنا چکر ختم کر کے اپنے کمرے میں جا چکی تھی۔ ان دونوں کو عبادت میں مشغول دیکھ کر وہ کچھ نہ بولی کیونکہ یہ مذہبی معاملہ تھا۔ ایک دفعہ اس نے لڑکیوں کو میدان میں شب قدر منانے سے روکا تھا تو غل مچ گیا تھا دوسرے دن مقامی اخباروں کی سرخیاں عیسائی میٹرن کے خلاف زہر اُگل رہی تھیں۔

وہ چپکے سے اُٹھی اور آہستہ سے نماز کے کمرے کی کُنڈی چڑھا سیدھی اپنے کمرے میں۔ رسول فاطمہ نے چونک کر اُسے پکارا: "شمن!" مگر وہ تیز قدم چل پڑی۔ کمرے میں پہنچ کر اُس کا دل آزاد چڑیا کی طرح ہلکا پھلکا ہو گیا۔ پلنگ پر لیٹ کر وہ خاموش بے قہقہوں میں ڈوب گئی۔

نماز کا کمرہ دور تھا، اتنی دور کہ اگر رسول فاطمہ چیختی تب کہیں اُس کی آواز سنائی دیتی۔ خاموش سر جھکائے وہ اس کی آواز کا انتظار کرتی رہی لیکن سوائے جھینگروں کی چیں چیں کے وہ اور کچھ نہ سُن سکی۔ صبح رسول فاطمہ اُس کی شکایت کر دے گی۔ پھر پھر؟ وہ طرح طرح کے بہانے سوچنے لگی۔ اسے معلوم ہوتا تھا جیسے وہ ایک خوفناک سانپ پر پتھر پٹخ کر بھاگ آئی ہے اور اب وہ وہاں پڑا دم توڑ رہا تھا۔ کہتے ہیں سانپ کو مار ڈالو تو ناگن بدلہ لینے آتی ہے، لیکن رسول فاطمہ کے بعد تو اُسے کسی ناگن کا خوف نہ تھا۔ رسول فاطمہ دنیا میں تنہا آئی تھی، تنہا ہی رہتی تھی اور تنہا ہی چلی جائے گی۔ کل سے وہ اپنا کمرہ بھی بدل لے گی۔ مگر یہ رسول فاطمہ غل کیوں نہیں مچاتی؟

صبح نماز کے کمرے کے آگے لڑکیاں ایسے جمع تھیں گویا رات کو کوئی چوری ہو گئی ہے اور تالہ ٹوٹا پڑا ہے۔ وہ بھی بے غرضی اُدھر سے گزری۔ رسول فاطمہ جانمازوں میں لپٹی ہوئی پڑی تھی، دو چار لڑکیاں اُسے سہارا دے رہی تھیں، دو بھاگ کر میٹرن کو بلانے گئی تھیں۔ رسول فاطمہ بخار میں جل رہی تھی اور اُس کی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

مردہ آنکھیں انگاروں کی طرح جاندار ہو رہی تھیں۔
میٹرن نے اُسے بیماروں کے کمرے میں لے جا کر لٹایا اور بہت پوچھا کہ کون اُسے وہاں بند کر گیا مگر وہ یہی کہتی رہی کہ کوئی نہیں، وہ خود نماز پڑھتے پڑھتے سو گئی تھی۔

"پھر دروازہ کس نے بند کیا؟"

"کسی نے بھی نہیں" وہ برابر ٹالتی رہی۔

شمن کے دل پر رسول فاطمہ کی ایسی دہشت بیٹھی کہ اُس نے میٹرن سے خوشامد کر کے اپنا کمرہ بدلوا لیا۔ سعادت اکیلے کمرے میں رہتی تھی اس لیے اُس کے ساتھ رہنے کی اجازت مل گئی۔ شمن کی خوشی کی کوئی حد نہ رہی۔ اب وہ دونوں ساتھ ساتھ پڑھیں گی، ساتھ رہیں گی۔ سعادت سے اُس کی بہت بنتی تھی۔

(۱۴)

جب اُس نے دوڑ کر سعادت کو اُس کے کمرے میں آنے کی خبر سنائی تو بجائے خوشی سے اُچھل پڑنے کے وہ خاموش ہو گئی، ایک دم سے اُٹھ کر وہ میٹرن کے پاس گئی جہاں دیر تک بڑبڑاتی رہی۔ جب وہ باہر نکلی تو میٹرن چلا رہی تھی، اُس نے زور سے دروازہ بھیڑ دیا اور منہ پھلائے لوٹ آئی۔
شمن کی ساری خوشی خاک میں مل گئی۔ وہ تو سمجھتی تھی کہ سعادت اُس کے کمرے میں آنے سے خوش ہو گی۔ اُسے بڑی ذلت محسوس ہوئی مگر اُس نے جی کو سمجھا لیا کہ چونکہ سعادت ہمیشہ سے بورڈنگ میں بہترین کمرے میں رہتی آئی ہے، اس لیے وہ اس کے آنے کو اپنی حق تلفی سمجھ رہی ہے۔ سعادت اُسے خاموش دیکھ کر اسکول کا کام کرنے بیٹھ گئی اور وہ تاریخ و جغرافیے کے چکر میں پڑ کر سب کچھ بھول گئی۔
دو دفعہ رسول فاطمہ نے چپکے سے اُسے بلایا مگر وہ نہ گئی۔ رسول فاطمہ کے پاس جانے کی ممانعت بھی ہو گئی تھی کیونکہ ڈاکٹرنی نے اُسے دِق بتا دی تھی یہ بھی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

سُنا تھا کہ گرمی کی چھٹیوں کے بعد اُسے واپس نہ آنے دیا جائے گا۔

سعادت ویسے تو اب خوش رہنے لگی تھی لیکن پھر بھی بعض وقت شمن کو محسوس ہوتا کہ وہ اس سے نفرت کرتی ہے، جیسے اُس کی موجودگی سے کمرہ گھٹا جا رہا ہو، کیونکہ اُس نے یہ معمول بنا لیا تھا کہ پڑھنے کے بعد فوراً اُٹھ کر اپنی ایک سہیلی کے کمرے میں چلی جاتی تھی۔

اُس کی یہ سہیلی، نجمہ، ہائی اسکول کے زمانے میں اُس کے ساتھ رہتی تھی۔ پھر جب ٹائیفائڈ کی وجہ سے سعادت فیل ہو گئی تو وہ اُس سے ایک درجہ آگے ہو گئی تھی۔ وہ ایف۔ اے میں تھی اور ہائی اسکول کی لڑکیوں سے بہت بزرگانہ برتاؤ کرتی تھی۔ جب وہ سعادت کے کمرے میں آتی تو شمن کو دیکھ کر ذرا دیر کو بھڑک جاتی۔ بیٹھتی تو بالکل خاموش ورنہ جلدی سے بہانہ کر کے چلی جاتی

. . . . نجمہ سے شمن بالکل بے تکلف نہ تھی اور عموماً اسے دیکھ کر ذرا پریشان ہو جاتی تھی۔ کبھی شمن اپنے کمرے میں آتی تو نجمہ بھی، جو ہنس ہنس کر سعادت سے باتیں کرتی ہوتی، ایک دم خاموش ہو جاتی اور دوسرے لمحے اُسے کوئی نہایت ضروری کام نکل آتا اور وہ چلی جاتی۔ مگر نجمہ کو دیکھ کر شمن کچھ عجیب طرح بے چین ہو جاتی۔ جتنی دیر کھڑی وہ باتیں کرتی رہتی شمن کا دل بے ترتیبی سے دھڑکا کرتا۔ وہ جلدی سے اُس کی طرف سے توجہ ہٹا کر بیکار کے کام کرنے لگتی، مگر جب وہ چلی جاتی تو شمن کو بہت افسوس ہوتا کہ آخر اُس نے اسے اچھی طرح دیکھا کیوں نہیں۔ وہ اُس کی اُودی پھول دار شلوار کی تڑپتی ہوئی سلوٹیں، سفید چکن کا کرتہ، جس کا گریبان ذرا نیچے کو کھنچا ہوا تھا اور کمر پر چست کرنے کے لیے متوازی پلیٹیں پڑی تھیں، شانوں پر جھولا جھولا جھول اُس کی کمر کو اور بھی پتلا بنا دیا، اور اس کا کاسنی چُنا ہوا دوپٹہ جو شانوں پر سے ہوتا ہوا بغل میں گھوم جاتا تھا اور آنچل تازہ پھولوں کے گچھے کی طرح سمٹ کر بازو پر جھولا کرتا، جب وہ مڑ کر جانے لگتی تو اُس کی چوٹی کا پھندنا اُس کے کولہوں پر ٹھمکیاں لیتا اور اُودی شلوار کے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

ٹیڑھی لکیر ۸۶

پائنچوں میں سے اُس کی سانولی ایڑیاں تماشی گوری معلوم ہوتیں، جیسے مور کے
کبوتر سے رنگ کے انڈے ہیں۔

نجمہ بڑی نازک تھی۔ معلوم ہوتا تھا اُس کے جسم میں ایک بھی پکی ہڈی نہیں۔
شمن کا دل اُسے چھیڑنے کے خیال سے گھبرانے لگتا۔ گرم اور نرم ایسی کہ اگر ہاتھوں
میں لے کر زور سے دباؤ تو اُبلے ہوئے انڈے کی طرح پھسل جائے۔

ایک دن یونہی وہ شمن کے پاس ہی پلنگ پر بیٹھ گئی۔ شمن پریشان ہو گئی اور
جب اُس نے اپنے دوپٹے کا آنچل جھٹکا تو وہ شمن کے بازو پر آن گرا۔ شمن کو ایسا
معلوم ہوا جیسے حقیقت پر سے اُس کے اوپر سانپ ٹپک پڑا۔ وہ شمن بیٹھی رہی، پھر
آہستہ سے کھسکا کر آنچل گرا دیا۔ لیکن فوراً ہی اُسے افسوس ہونے لگا، جیسے اُس
نے گود میں سے کوئی بڑی پیاری چیز پھینک دی۔ وہ دل ہی دل میں دعا مانگنے لگی
کہ کاش پھر نجمہ اُسی الھڑ انداز سے آنچل پھینکے اور وہ اُس کے بازو سے آن الجھے
مگر نجمہ چلی بھی گئی۔

بعض وقت جب نجمہ سعادت سے باتیں کرتی ہوتی تو شمن اُسے نگل جانے
والی نگاہوں سے گھورنے لگتی۔ وہ اس کے ہونٹوں کی خفیف سی جنبش، وہ سر
موڑ کر ذرا اپنے شانے پر دیکھنا، جیسے وہاں کسی کی پیار بھری نظروں کا جواب
دے رہی ہے، یا جب وہ اپنی گداز انگلی میں انگوٹھی گھما کر معصومیت سے چھت
کی طرف دیکھتی، تو شمن پاگلوں کی طرح اس ننھے سے ڈرامے کو دیکھا کرتی۔ نجمہ اسے
محسوس کرتے ہی ایک دم خاموش ہو کر ہونٹ بھینچ لیتی گویا پوچھ رہی ہے: "کیا
کہتی ہو! کہہ بھی چکو نا۔" مگر شمن کھسیا جاتی اور ٹھنڈا ٹھنڈا پسینہ اُس کی ریڑھ کی
ہڈی میں رینگنے لگتا۔ زور سے پیٹ میں جیسے ایک دم بھوک چمکتی اور پھر پیاس
لگنے لگتی، مگر وہ بے توجہی سے کوئی اوٹ پٹانگ کام کیا کرتی۔

پھر اُسے اور کچھ ہونے لگا۔ بیٹھے بیٹھے اُسے نجمہ کے ہونٹوں کی جنبش، آنچل
کا گچھا اور کمر پہ لگی ہوئی پلیٹیں یاد آ جاتیں۔ وہ ہفتوں بڑی دیر تک اُن سے لطف لیتی مگر

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

پھر جھنجھلا کر انہیں دور دھکیل دیتی۔

ایک دن ایک عجیب واقعہ ہُوا۔ سعادت نجمہ کے کمرے میں سے اُس کی ساٹن کی صدری پہن آئی۔ کلاس میں جب شمن نے اُس کی پیٹھ پر ہاتھ رکھا تو ایسا محسوس ہُوا جیسے اُس نے کوئی گرم رکابی پکڑ لی ہو۔ اُس نے جلدی سے گھبرا کر ہاتھ ہٹا لیا، مگر دوسرے لمحے وہ سعادت کی پیٹھ پر ہاتھ رکھنے کا کوئی بہانہ ڈھونڈنے لگی۔ اُسے ایسا معلوم ہُوا گویا چکنے چکنے سانپ اُس کی ہتھیلی میں سرک رہے ہیں۔ دوپہر کے وقت گرمی کی وجہ سے سعادت نے صدری اُتار کر کرسی پہ لٹکا دی اور کھانا کھانے چلی گئی۔ شمن نے کھانے پر سے آکر جو صدری کو دیکھا تو زور زور سے اُس کا دل دھڑکنے لگا۔ دوبارہ اسکول شروع ہونے کی گھنٹی بج گئی۔ شمن بہانے بناتی رہی۔

"چلتی ہو کہ نہیں؟ مس جرمی کا گھنٹہ ہے، دیر ہو گی تو کھا لیں گی۔"

"تم چلو ——— میں ذرا ———" وہ لوٹا اٹھا کر غسل خانے جانے کی تیاری کرنے لگی۔

جب سب لڑکیاں بورڈنگ سے چلی گئیں تو ڈرتے ڈرتے زمین پر لوٹا رکھ کر اُس نے صدری کی طرف دیکھا۔ پھر بھی اس کو اطمینان نہ ہوا اور وہ جا کر دروازہ بند کر آئی۔ آہستہ آہستہ دبے پیر وہ بڑھی۔ دھڑکن ایکا ایکی اتنی تیز ہو گئی کہ معلوم ہُوا سینہ ہی پھٹ جائے گا۔ ایک مست کن بھبکا اُس کی ناک میں پہنچا اور اسے چکر آنے لگا۔ باہر کسی نے کوڑے کے ٹین کو ٹھوکر ماری اور جلدی سے اُس نے صدری پلنگ پر پھینکی ——— مگر دروازے سے وہ لوٹ آئی ——— جلدی میں اُس نے صدری بجائے کرسی کے پلنگ پر ڈال دی! اور جو سعادت دیکھ لیتی تو؟ غضب ہو جاتا۔ وہ ضرور بھانپ جاتی کہ صدری جگہ سے بے جگہ کی گئی ہے۔

کلاس میں مس جرمی نے کیسے ڈانٹا، اُسے کچھ سنائی نہ دیا، وہ سر جھکا کر خاموش بیٹھ گئی مگر بڑی دیر تک اُس کی اُنگلیاں صدری کے مَس سے جھنجھناتی رہیں۔ جیسے اُن میں میٹھی میٹھی مرچیں لگ گئی ہوں!

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اسکول ختم ہوُا تو وہیں کیا ریوں کے پاس منڈیر پر بیٹھ گئی۔ پنسل کو انیٹ پر گھِستے ہوئے اُس نے سوچنا شروع کیا: آج اُسے معلوم ہو رہا تھا گویا اس نے کوئی حسین چوری کی ہے۔ ایک دفعہ اسکول میں پارٹی ہوئی تھی تو اس نے چپکے سے ایک رس گلا اُٹھا لیا تھا مگر کسی کے پیر کی چاپ سن کر وہ جلدی سے اُسے نگل گئی اور ہاتھ دھونے کے نل میں سے پانی پینے لگی۔ اُس رس گلے کا ذائقہ مشکل سے چند سیکنڈ اُس کی زبان پر ٹھیرا ہوگا مگر اب تک وہ جب چاہتی تخیل کی مدد سے اُس کی مٹھاس مُنہ میں کھینچ لاتی اور اس کا سارا مُنہ لذّت سے بھر جاتا۔ آج بھی وہ صدری کی خوشبو کو اپنے نتھنوں میں کھینچنے لگی۔ عطر تو نہ تھا مگر تھا ضرور کچھ۔ سعادت میں تو وہ ہمیشہ سے جانتی تھی کہ مرغی کے بچّے جیسی بوُ آتی تھی مگر اس خوشبو میں تو کچھ لونگوں کے بگھار کی سی مہک تھی، بالکل ہی نئی، اور آسانی سے کھنچ کر نتھنوں میں گھٹنے لگتی تھی۔

اب تو اُسے نجمہ کی طرف آنکھ اُٹھاتے بھی شرم آتی تھی، مگر قوّتِ احساس سے سب کچھ بتا دیتی تھی کہ اب نجمہ کدھر دیکھ رہی ہے، اُس کے بکھرے ہوئے بال کدھر کو زیادہ جھک گئے ہیں؛ آج اُس نے صندلی شنگھائی کے ریشم کا کرتا پہنا تو وہ ایسا جسم پر چپک گیا ہے جیسے جسم پر صندلی وارنش چڑھا دی گئی ہو! آج اُس کے ہموار چمکیلے دانت دنداسہ لگانے سے ایسے معلوم ہو رہے تھے جیسے شراب کے گلاس میں موتی تیر رہے ہوں۔ سفید سفید چمکیلے دھار دار موتی۔ نجمہ کے دانت دور سے دیکھنے میں بہت تیز معلوم ہوتے تھے، جیسے نیولے کے نوکیلے دانت۔ شمن آہستہ آہستہ اپنے دانتوں پر زبان پھیرتی تو بڑی گدگدی معلوم ہوتی۔

شمن جب کمرے میں پہنچی تو نجمہ کے قہقہے نے اُس کے پیر پکڑ لیے۔ سعادت اور نجمہ پچھلے اسباب کے کمرے میں ہنس ہنس بول رہی تھیں۔ اب کچھ دن سے نجمہ جب آتی سعادت سے کوئی ایسی چیز مانگتی جسے نکالنے کے لیے اُسے صندوق کھولنا پڑتا۔ وہ اُٹھ کر اندر جاتی اور پیچھے پیچھے نجمہ بھی چلی جاتی، پھر وہ گھنٹوں وہاں بیٹھی ہلکے ہلکے بولا کرتیں۔ شمن کا دل کسی کام میں نہ لگتا اور وہ سانس روکے نجمہ کی آواز پر کان لگائے بیٹھی رہتی۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

اُس کی اتنی ہمت نہ ہوتی کہ وہ بھی اٹھ کر اندر جا بیٹھے، مگر اُسے سعادت سے نفرت ہونے لگی کہ وہ جان بوجھ کر اُسے شمن سے دور رکھتی ہے۔

اسکول میں فینسی ڈریس ہوا تو انھوں نے کالج کی لڑکیوں کی بھی دعوت کی۔ ویسے بورڈنگ دور نہ تھا اور لڑکیوں کو ملنے کی بھی ممانعت نہ تھی مگر عموماً اُن کے جلسے تہوار علیحدہ ہوتے تھے۔ عید کا موقع تھا اور ڈنر بڑا شاندار ہونے والا تھا ہر لڑکی کا دل مردانہ لباس پہننے کو چاہتا تھا، لہذا بڑے اسکالر لڑکیاں حسب فرمائش اپنے گھروں سے لے آئیں شمن نے بھی ایک سوٹ منگوا لیا۔

مردانے کپڑے پہن کر لڑکیاں شرم کے مارے گرگر پڑیں، خصوصاً وہ تو بے حال ہو گئیں جنھوں نے داڑھی مونچھیں لگائی تھیں۔ کچھ تو کمروں میں گھسی بیٹھی تھیں، شرم کے مارے حیا دریں اوڑھے ہوئے اور زیادہ بہادر لڑکیاں انھیں گھسیٹ گھسیٹ کر نکال رہی تھیں۔ اختر موٹی نے مولانا شوکت علی کی وضع کی داڑھی اور ٹوپی پہن رکھی تھی جسے دیکھ کر لڑکیوں کی چیخیں نکلی جا رہی تھیں مگر وہ مزے سے ٹہل رہی تھی۔ ایک لڑکی نے عرب نوجوان کا لباس پہن لیا تھا جس میں وہ بالکل زنانی معلوم ہو رہی تھی۔ اُس کے پاس نوری ریشمی ساڑھی پہنے بھدک رہی تھی۔ بیچاری نوری نے ساڑھی بھی تو نہیں پہننا شروع کی تھی۔ اس لیے اُس کے لیے وہی عجیب و غریب چیز تھی۔ مگر وہ عرب نوجوان خورشید کے پیچھے لگی تھی جو مصری لباس میں بالکل پنجابی بن ٹھن رہی تھی۔

شمن اپنا سیاہ سوٹ پہنے تین دفعہ دروازے میں سے نکلی مگر پھر ڈر کر بھاگ گئی۔ دو چار لڑکیوں نے اُسے گھسیٹا مگر پھر چھوڑ دیا۔ سوٹ پہنے تو کئی لڑکیاں گھوم رہی تھیں۔ مگر شمن کا بڑا حال تھا گویا ننگی، مادر زاد ہو۔ سب مہمان ہال میں جمع تھے اور برابر کالج کی لڑکیاں گزر رہی تھیں۔ اُس نے دیکھا سعادت دھوبی بنی ہوئی ہے رشید پگڑی اور لمبی لمبی مونچھیں اور کپڑوں کی گٹھڑی شانے پر اور اُس کے ساتھ اُس کے ساتھ نجمہ دھوبن بنی ہوئی۔ نام کو دھوبن تھی مگر وہ تو پوری پدمنی بنی ہوئی تھی۔ گھیر کا جھلمل کرتا لہنگا اور شوخ گوٹے سے مُنڈھا ہوا باریک دوپٹہ اور وہی صدری۔

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

وہی لونگوں کے بگھار کی مہک میں بسی ہوئی ساٹن کی صدریں! آج اُس نے دنداسہ بھی لگایا ہوتا اور لپ سٹک بھی اور گال بھی ہلکے رنگ دار تھے۔ اور پیر؟ اُس کے پیر دیکھ کر شمن کا دم نکل گیا! مور کے انڈوں جیسی ایڑیوں میں لالی روشنائی۔ وہ ننگے پیر تھی اور چاندی کی پازیب زمین پر گھسٹ رہی تھی۔ ماتھے پر اس نے ٹیکہ لگا رکھا تھا۔ جو بالکل ہیرے کی طرح دمک رہا تھا۔ شمن شرمانا وغیرہ سب بھول کر مبہوت، اُسے دیکھتی رہ گئی۔

"ارے، شمشاد کو دیکھنا!" نجمہ زور سے ہنسی اور سب لڑکیاں اُسے دیکھ کر قہقہہ لگانے لگیں۔

"ہائے اللہ بالکل لڑکا لگ رہی ہے۔" نجمہ کا منہ لال ہو گیا۔

"تم کیوں نہیں چلتیں۔ چلو نا۔" سعادت نے رُکھائی سے کہا۔

"آؤ بھئی دھوبی تم تو ہو جاہل۔ اور یہ صاحب بہادر۔ ہمیں تو یہ پسند ہیں۔" نجمہ مذاق میں شمن کا ہاتھ پکڑ کر گھسیٹنے لگی اور شمن کو ایسا معلوم ہوا وہ سو رہی ہے، یہ سب خواب میں ہو رہا ہے۔

شمن کے لباس سے کوئی متاثر نہ ہوا مگر معلوم ہوتا تھا کہ جب بھی نجمہ اُس کی طرف دیکھتی اُس کا منہ تمتما اٹھتا اور وہ قہقہے مارنے لگتی۔ شمن بھی اُسے برابر دیکھ رہی تھی۔ آج وہ اس کے بالکل قریب بیٹھی تھی، ایسے کہ کئی دفعہ نجمہ کا جالی دار دوپٹہ اُس کے ہاتھوں پر آن گرا۔

مگر سعادت کچھ مکدر سی بیٹھی تھی۔ اُسے نجمہ کا ہنسنا اور بات بے بات شمن سے بے تکلف ہونا ذرا بھی اچھا نہ لگا۔ کھانے پر مارے گھبراہٹ اور جوش کے شمن سے کچھ نہ کھایا گیا۔ کئی مرتبہ نجمہ کی پازیب کھل گئی تو اُسے باندھنی پڑی۔ پھر ہوا دی جھمکوں سے اُس کے کان دُکھ رہے تھے، بار بار اُن کی خبر لینا پڑتی تھی۔ گو زبان سے وہ نجمہ کی بہت کم باتوں کا جواب دیتی تھی لیکن اُس کا بھولا بھولا چہرہ، اس پر بدمعاشوں جیسی مونچھیں، بال جو بار بار ہیٹ سے باہر پھسل آتے تھے، ہر بات پر شرما کر گھبرا جانا اور پھر خاموشی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

ہنسے کھسیا کر مسکرا دینا۔ ایسی باتیں تھیں کہ نجمہ سے بے تکلف ہوئے نہ رہا گیا اور وہ اسے شمن کہنے لگی۔

جب شمن نے کچھ کہا تو اس پر بھی نجمہ کو بہت ہنسی آئی۔ سعادت نہایت سنجیدہ بنی اپنی ایک استانی سے آنے والے امتحان پر گفتگو کر رہی تھی۔ اس نے مونچھیں اتار دی تھیں اور دھوتی کو ڈوپٹے کی طرح اوڑھے ہوئے تھی، بجائے دھوبی کے وہ بڑی بی معلوم ہو رہی تھی۔

جب انعام دیے جانے کا وقت آیا تو نجمہ گھبرا گھبرا کر سعادت کو ڈھونڈنے لگی لیکن سعادت اپنے کمرے میں نہیں تھی۔ نجمہ ہوائی ہو گئی۔ شمن کا دل بیٹھنے لگا۔ نجمہ سعادت پر مری جا رہی تھی۔ اس کا جی نہ مانا تو وہ بھی کمرے میں گئی۔ وہاں اس نے دیکھا سعادت بری طرح پلنگ پر پڑی رو رہی ہے۔ نجمہ اسے منا رہی ہے مگر سعادت کے غصے کی انتہا نہیں۔ اسے دیکھ کر وہ چپ ہو گئیں۔ اتنے میں چند لڑکیاں بھاگتی ہوئی آئیں اور کہا: ”نجمہ باجی، مسز جرمی بلا رہی ہیں“ نجمہ مجبوراً اٹھ کر چل دی۔ شمن بھیگی بلی کی طرح ساتھ ساتھ۔ ہال میں تمام فینسی ڈریس والیاں دو دو کے جوڑوں میں گزر رہی تھیں۔ جب کوئی عجیب جوڑا گزرتا تھا تو خوب تالیاں بجتی تھیں۔

”ارے دھوبن کہاں ہے — نجمہ“۔ مس جرمی پکار رہی تھیں۔

”ہیں، تمہارا دھوبی کہاں ہے؟“

”سعادت کی طبیعت خراب ہو گئی“ نجمہ نے مردہ آواز سے کہا۔

”یہ تو برا ہوا۔ اچھا تو تم کسی اور کے ساتھ چلی جاؤ۔ جلدی کرو، اب تمہاری باری ہے“

بغیر کچھ کہے سنے نجمہ نے شمن کا ہاتھ پکڑ لیا اور آگے بڑھ گئی۔ نہ جانے شمن کہاں پیر رکھتی تھی اور کہاں پڑتا تھا، اسے تو بس اتنا احساس تھا کہ نجمہ کے ہاتھ میں اس کا ہاتھ ہے اور وہ ہوا میں معلق ہے۔ نجمہ کو انعام ملا۔ انعام تو تین تھے مگر پھر لڑکیوں نے ایک دوسرے کو دینا شروع کیے، یہاں تک کہ ہر لڑکی کے لیے انعام کا اعلان ہو

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

گیا۔ فوزیہ کو اس کی بگڑی ہوئی دوست پرچھائیں ملے دیا اور پرچھائیں کو افسر نے۔ پھر تینوں انعاموں پر بحث کی گئیں۔

نجمہ نے شمن سے اور کوئی بات نہیں کی۔ انعام لینے کے بعد وہ واپس سعادت کے پاس آگئی اور جب جلسہ ختم ہونے کا آخری گیت گایا جا رہا تھا تو شمن کی آواز گلے ہی میں گھٹ گئی۔ سعادت بالکل خوش کھڑی تھی اور نجمہ اس کی کمر میں ہاتھ ڈالے سُر سے سُر ملائے آخری گیت گا رہی تھی۔ وہ دونوں ایک دوسرے میں غرق، دنیا سے بہت دُور تھیں۔

رات کو جب شمن پلنگ پر لیٹی تو بڑی دیر تک ہچکیوں کے مارے اُس کا بُرا حال رہا۔ خاموش وہ اپنی ہتھیلیوں میں دانت گاڑے اپنی آواز کو گھونٹتی رہی۔ سعادت آج کمرے میں نہیں تھی۔ آج چونکہ چھٹی تھی اس لیے لڑکیوں کو ایک دوسرے کے کمرے میں جانے کی اجازت تھی۔ وہ نجمہ کے یہاں تھی۔ اسے کیا ہو گیا تھا۔ خوف سے اُس کی آنکھیں پھٹ گئیں۔ بالکل پاگل ہوتی جا رہی تھی۔ بالکل رسول فاطمہ کی طرح۔ اوہ! آج اُسے رسول فاطمہ یاد آنے لگی، اور پھر اسے وہ بھی یاد آیا کہ وہی اُس کی قاتل تھی، اس لیے ہی تو رات بھر اُسے سردی میں اکیلے کو بند کر دیا تھا۔

اور اب وہ بھی رسول فاطمہ کی طرح۔ اُف! شرم اور نفرت سے اُسے پسینہ آگیا۔ ٹھنڈی ٹھنڈی آگ سے اُس کا سینہ پک رہا تھا۔ نجمہ، نجمہ۔ اُس کی رُوح پکار رہی تھی۔

رسول فاطمہ! اُس کی سوکھی کلائیاں اور چوہے کی شکل کے ہاتھ، خراب صحت اور بدوضع جسم۔ ایک ایک کر کے اُس کی آنکھوں کے سامنے آگئے۔ اوہ، وہ اُس کی قاتل تھی۔ وہ اُس کی آخری التجا بھری سانسیں، وہ گھٹی ہوئی آہیں، شمن کو معلوم ہوا جیسے مکڑیوں کی طرح اُس کے جسم پر رینگ رہی ہیں۔

مگر وہ مری تو نہیں تھی۔ میٹرن نے کہا تھا وہ پہاڑ پر چلی جائے تو اچھی ہو جائے گی۔ کاش، کاش وہ پہاڑ پر چلی جائے! شمن دعائیں مانگنے لگی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

مگر نجمہ ؟ رسول فاطمہ کے متعلق پشیمان ہو کر اُسے نجمہ کے خیال میں غرق ہوتے کا تھوڑا سا حق محسوس ہونے لگا۔

نیند نہ آئی ۔ بےچینی سے وہ پلنگ پر لوٹتی رہی مگر نجمہ ایک خوفناک، بے رحم خواب کی طرح اس کے دماغ میں بھری ہوئی تھی ۔ جس وقت اُس نے رسول فاطمہ سے نجات پائی تھی اُسے خیال ہُوا تھا کہ سانپ کو مار ڈالو تو ناگن آ کر بدلا لیتی ہے ۔ تو یہ نجمہ اس سے بدلہ لے رہی تھی۔

خوف سے اُسے پھر رونا آنے لگا ۔ اپنے پلنگ کے چاروں طرف ناگنوں کی پھنکاریں سُن سُن کر وہ نیم جان ہو گئی ۔ تڑپ تڑپ کر وہ نہ جانے کب سو گئی !

(۱۵)

وہ ہر ممکن کروٹ بدلتی مگر نیند نہ آئی ۔ نجمہ ایک بھیانک خواب کی طرح اُس کے دماغ میں بھری ہوئی تھی ۔ جب اُس نے رسول فاطمہ سے نجات پائی تھی تو اسے ایسا معلوم ہُوا تھا جیسے اُس نے سانپ کو کچل ڈالا ، مگر جبھی اس کے دل میں دبا چھپا یہ خوف بھی سمایا ہُوا تھا کہ اگر ناگ کو مار ڈالو تو ناگن بدلہ لینے آتی ہے ، وہ اپنے ناگ کی مردہ آنکھوں میں دشمن کی تصویر دیکھ کر اسے ڈسنے پہنچ جاتی ہے ۔ تو یہ نجمہ اُس سے رسول فاطمہ کے زخموں کا بدلہ لے رہی تھی ۔ دکھ اور خوف سے وہ تڑپ کر رو دی ۔ ساری رات پلنگ کے چاروں طرف ناگنوں کی پھنکاریں سرسراتی رہیں جنھیں سُن سُن کر وہ نیم جان ہو گئی۔

صبح اُٹھ کر اُس نے سعادت سے بات نہ کی ۔ وہ خود کچھ کھچی کھچی نظر آ رہی تھی ۔ شمّن خاموش لائبریری میں بیٹھ کر پڑھنے کی کوشش کرنے لگی ۔ چھٹیوں کے تین دن پہاڑ بن بن کر اس کے تنہا اور مجروح جسم کو پیستے رہے ۔ سعادت روز رات کو غائب ہو جاتی اور بھرے بورڈنگ میں شمّن کو قبرستان کا سا سناٹا چھایا نظر آتا ۔ لائبریری میں وہ نہ جانے کتنی دیر بیٹھی موٹی موٹی ڈکشنریوں کو بے معنی نظروں سے گھورتی رہی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اُن میں سے ایک میں بھی تو اس کے مرض کا علاج نہ تھا۔ کسی خوفناک انجام کی آمد کے خوف سے وہ سہمی جا رہی تھی۔ یہ اُس کے دل کا غبار جو آہستہ آہستہ سلگ رہا تھا کب پھوٹ چلے گا!

جیسے کسی نے اُس کی خاموش دعاؤں کی آہٹ سُن لی، اس کا دل غبارے کی طرح پھولنا شروع ہوا اور ایسا معلوم ہوا کہ اگر تھوڑی دیر اور نجمہ اسی طرح مذبذب دروازے میں کھڑی رہی تو یہ غبارہ پھوٹ ہی جائے گا، مگر نجمہ آہستہ سے بڑھ کر الماریوں میں کتابیں دیکھنے لگی۔ وہ شمن کی پیٹھ کے پیچھے کھڑی تھی اور ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے اس کی پیٹھ پر کوئی انگیٹھی دہک رہی ہے۔ سارے جسم پر گرم گرم نکتے سے پھدکتے محسوس ہو رہے تھے۔ وہ سانس روکے کتاب کے صفحے پر جھکی رہی۔ غبارہ آہستہ آہستہ پچکنے لگا۔ "ارے تمہارے پاس ہے یہ کتاب، میں کہہ رہی تھی کون لے گیا اٹھا کر" نجمہ نے اُس کے پاس کی کرسی گھسیٹی۔ شمن نے جلدی جلدی کتاب کے ورق تندہی سے لوٹنے شروع کر دیے۔

تھوڑی دیر نجمہ بیٹھی باتیں کرتی رہی، اِدھر اُدھر کی فضول بکواس، اتنی دیر شمن چوری چھپے اس کی ساٹن کی صدری، جس کے دو بٹن ٹوٹے ہوئے تھے، اور بغل میں دبا ہوا کافوری دوپٹے کا گچھا دیکھتی رہی۔ نجمہ بے چینی سے ٹانگیں ہلا رہی تھی۔ اس کی کاہی اطلس کی مچلتی ہوئی شلوار آہستہ آہستہ لہرا رہی تھی۔ پھر وہ ایک دم چپ ہو گئی اور بڑے غور سے شمن کے خوفزدہ اور مسرت بھرے دہکتے ہوئے چہرے کو دیکھنے لگی۔

"شمی!" نجمہ نے اتنے آہستہ کہا جیسے کسی نے دو باریک بالوں کو آپس میں رگڑ دیا ہو۔ شمن کی آنکھیں لرزتی ہوئی اٹھیں اور فوراً جھپک گئیں۔ نجمہ نے اپنی دو انگلیاں آہستہ سے شمن کی ہتیلی پر رکھ دیں۔ ایک دم اُس کی ہتیلی میں تشنج ہوا اور وہ سمٹ کر نجمہ کی انگلیوں کو ٹٹولنے لگی۔ دروازے میں سعادت کھڑی مسکرا رہی تھی۔ نجمہ نے تیزی سے اپنی انگلیاں چھین لیں اور عجب تھکی ہوئی سی ہنسی اُس کے ہونٹوں

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

پر سمجھانے لگی۔

"سعادت!" اُس نے ہمت کر کے کہا، "آؤ نا کہاں چلی گئی تھیں؟ میں تمہیں"
مگر سعادت نے ایک تلخ جنبش سے اُس کی بات ٹال دی اور بڑی مشغولیت سے کتابیں دیکھنے لگی۔

نجمہ سعادت کے پیچھے پیچھے گئی۔ شمن نے دیکھا وہ کسی اہم مسئلے کا فیصلہ کرنے کے لیے گیلری کے آخری کونے پر رُک گئیں۔ نجمہ کچھ کہنا چاہ رہی تھی جسے سعادت ٹال کر جانا چاہتی تھی مگر نجمہ نے اُس کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑ رکھا تھا۔

جلد ہی یہ بات بورڈنگ میں پھیل گئی کہ سعادت اور نجمہ کی جنگ ہو گئی۔ نیز شمن پر بھی مشتبہ نظریں پڑنے لگیں، گو یقین تو نہیں پھر بھی اہلِ نظر کا خیال تھا کہ کچھ اُس کا بھی دخل ہے۔ سعادت کا پرانا دردِ سر کا مرض عود کر آیا اور نجمہ کو گوشت کی بُو سے قے ہونے لگی، لہٰذا دونوں نے کھانا نہ کھایا۔ لڑکیوں کے گروہ کھسر پھسر کرنے اور قہقہے لگانے لگے۔ سعادت کی علالت تو طویل ہو گئی مگر نجمہ بدستور کھانے کے کمرے میں آنے لگی۔ وہ ایک دم سے بہت ملنسار ہو گئی۔ جن لڑکیوں سے وہ کبھی بات بھی نہ کرتی اُن سے ہنس ہنس کر مذاق کرنے لگی لیکن بیٹھے بیٹھے اس کی آنکھوں میں ایک پوشیدہ فکر جھلکنے لگتی۔ اُس کا ہر مذاقیہ جملہ زہر بُجھی میں ڈھالا ہُوا معلوم ہوتا۔ ویسے تو لڑکیاں اس کی بات کا جواب بڑی خندہ پیشانی سے دیتیں لیکن اس کے جاتے ہی جلی کٹی کہنے لگتیں۔ وہ خوب جانتی تھیں کہ اس کی ظاہرہ خوش مزاجی کی اصل وجہ کیا تھی۔ اسے صرف سعادت کا غم مٹانے کے لیئے اُن کی مدد کی ضرورت تھی۔ مگر کسی کو اسے لڑائی سے جواب دینے کی ہمت نہ تھی کیونکہ وہ استانیوں میں کافی پسند کی جاتی تھی اور اپنی جماعت میں ہمیشہ اوّل رہتی تھی۔

موقعے کی مناسبت کو دیکھتے ہوئے شمن آہستہ آہستہ کسی نہ کسی بہانے سے اس کے قرب میں رہنے کی کوشش کرنے لگی: کچھ نہیں تو وہ اُس کی ڈاک ہی پکڑانے کی فکر میں رہتی تاکہ اسے دینے کے لیے اس کے کمرے میں جا سکے یا بار بار کسی جملے کے معنی پوچھنے یا مزید

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

کتاب کا پتہ معلوم کرنے اُس کے پاس چلی جاتی ۔ نجمہ کا رویّہ بڑا اُلجھا ہُوا ہوتا ۔ اگر غلطی سے وہ ذرا بے تکلف ہو جاتی تو فوراً واپس کھنچ جاتی اور جلدی سے اُسے کمرے میں سے ٹال دیتی، یہاں تک کہ بعض وقت تو شمن کو اُس کی رکھائی سے بڑی چوٹ لگتی ۔ تین دن ہو گئے سعادت اور نجمہ کے درمیان پرچہ بازی ہوتی رہی لیکن ملاپ کی کوئی صورت نہ نظر آئی ۔ اس عرصہ میں نجمہ کئی دفعہ شمن کے کمرے میں بھی آئی، ہنس ہنس کر باتیں بھی کیں مگر کچھ خشک سی ہو کر فوراً چل دیتی ۔ کئی بار دونوں باغ میں بھی ملیں مگر عجیب سا خاموشی نے انھیں جلد ہی بھاگ جانے پر مجبور کیا ۔

امتحان شروع ہونے والے تھے ۔ یہ امتحان بھی بورڈنگ میں شاندار تہوار کی طرح آتے ہیں ۔ کئی دن پہلے سے لڑکیاں ایک دوسرے کو W i s H کرنا شروع کر دیتی ہیں ۔ پھل پھول کا تبادلہ شروع ہو جاتا اور بہت سی تو دوپٹے، ساڑھیاں، چوڑیاں وغیرہ دیتی لیتی ہیں ۔ آپس کے لین دین سے زیادہ یک طرفہ دین ہوتا ہے، یعنی وہ لڑکیاں جو دوسروں پر مرتی ہیں وہ بڑا سے دل کھول کر دیتی ہیں ۔ وہ خواہ کتنی غریب ہیں، وظیفے پر گزارہ کر رہی ہیں، خیرات میں کتابیں اور ہدیے ملتے ہیں مگر جس پر مرتی ہیں، اس کے لیے چوری کریں گی، ڈاکے ڈالیں گی، بھیک مانگیں گی مگر اپنی چہیتیوں کو دس دس روپے کی چوڑیاں، پانچ چھ روپے کے ہار پھول اور گجرے ضرور پہنا دیں گی ۔

جس لڑکی کی زیادہ مرنے والیاں ہوں گی اتنی ہی زیادہ اُسے چیزیں ملیں گی باس کے علاوہ عین امتحان کی صبح ہار اور گجروں سے لاد دیں گی اور بعض چہیتیاں تو ایسی پھولوں میں چھپ جاتی تھیں کہ معلوم ہوتا تھا کہ کسی بڑے لیڈر کا جلوس نکل رہا ہے ۔ جن مرنے والیاں پھولوں اور گوٹے کے گہنے پہنا کر بالکل دلہن بنا دیتی تھیں اور پھر یہ دلہنیں شرماتی لجاتی امتحان کے کمرے میں چلی جاتیں ۔ ہر مرنے والی کا ہار پہننا لازمی تھا ۔ بعض حاسدوں کا خیال تھا کہ اتنے ہار مرنے والیوں کے نہیں ہوتے تھے بس دکھانے کو یہ لڑکیاں خود منگا کر پہن لیا کرتی تھیں تاکہ لوگ سمجھیں ان کی

آتنی مرنے والیاں ہیں یہ۔
شام ہی سے شمن نے بھی بجمہ کے لیئے سوا روپے کا موٹا سا گجرا منگوایا علامت کو جب تک وہ جاگتی رہی اُس پر پانی چھڑکتی رہی۔ بار بار اُس نے ان خوش نصیب پتیوں کو چھوا جو کل بجمہ سے معانقہ کرنے والی تھیں۔ اگر اس کا بس چلتا تو وہ اُن پتیوں کی آڑ میں چھپ رہتی۔

صبح اس نے گھبراہٹ میں ناشتہ بھی نہ کیا۔ گجرے کو کبھی اس ہاتھ میں لیتی کبھی اُس میں۔ وہ کس طرح بجمہ کے گلے میں ہار ڈالے گی۔ شاید سیتا جی کو رام چندر جی کے گلے میں مالا ڈالتے وقت بھی اتنی الجھن نہ ہوئی ہوگی۔ بلا سے، انھیں مذاق اُڑانے والی لڑکیوں اور میٹرن کی تیز نگاہ کا ڈر تو نہ تھا۔ اور یہ اُدھڑ غیر شاعرانہ دماغ کی لڑکیاں بس انسان کے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑ جاتی تھیں۔ وہ برآمدوں میں کھڑی ہو جاتیں اور چونکہ خود کسی پر نہ مرتی تھیں اس لیے ہر مرنے والی کی گھبراہٹ اور گجروں کا مذاق اُڑاتیں، جس سے بعض وقت پھبتیاں بھی مجروح ہو جاتیں اور عام کھسیانہ پن اور بدمزگی پھیل جاتی۔ مرنے والیاں بگڑ بیٹھتیں تو یہ دوسری لڑکیاں، جنھیں بازاری والیوں کی طرح نیچ سمجھتی تھیں، کٹتے ہوئے طعنوں سے اُن کے کلیجے چھلنی کر دیتیں، ان کی کمزوریوں کو شارع عام پر کھول کر بکھیر دیتیں۔ مگر یہ مرنے والیاں بھی بڑے پتھر کے کلیجے والی ہوتی ہیں۔ کوئی طعنہ، کوئی ملامت اُنھیں اِن کے راستے سے نہیں ہٹا سکتا۔ وہ ضرورت سے زیادہ بے حس اور بے حیا ہو جاتی ہیں۔ بعض تو ایسی مرنے والیاں تھیں جن کے گھر والے تک اُن کے اس جنون سے عاجز تھے۔ اگر ان پر ذرا بھی سختی کی جاتی تو وہ پاگل سی ہو جاتیں اور پھر مجبوراً اُن کے ساتھ رعایت کرنا پڑتی۔

جب پھولوں میں لدی پھندی بجمہ اپنے کمرے میں سے نکلی تو شمن کے ہاتھ پیر لرزنے لگے۔ جیسے تیسے کر کے اُس نے ہار بجمہ کے گلے میں ڈال دیا۔ بجمہ نے ہلکی سی مسکراہٹ سے اُس کی قیمت ادا کر دی لیکن بجائے امتحان کے کمرے میں جانے کے وہ سعادت کے پاس بیماروں کے کمروں میں چلی گئی۔ نہ جانے کیوں شمن کے پیر بھی اُس کے پیچھے پیچھے

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

اُکھڑ گئے۔

اُلٹے پیروں وہ واپس ہوئی اور بوجھل پیروں کو گھسیٹتی ہوئی کھوئی کھوئی جماعت میں چلی گئی۔ وہاں تو اس کے دل پر جیسے منوں مٹی پڑ گئی۔ سعادت بالکل تندرست اور خوش بیٹھی تھی۔ اس کا گجرا جو اس نے اتنے ارمانوں سے نجمہ کو دیا تھا، جوڑے میں لپیٹے ہوئے تھی۔

سعادت اور نجمہ پھر ایسے ہی ملنے لگیں گویا کوئی بات ہی نہیں ہوئی تھی۔ نجمہ کے امتحان ختم ہو گئے اور اب سعادت اور شمن کے امتحان شروع ہوئے۔ شمن نے نجمہ کو سوا روپے کا گجرا پہنایا تھا، اُس نے سعادت کے لیے تو کروڑوں ہار پھول منگائے مگر شمن کے لیے شاید ہار منگانا بھول گئی۔ اُسے کسی نے بھی ہار نہ پہنائے۔ اگر اُسے معلوم ہوتا تو وہ چوری چھپے خود ہی منگا کر پہن لیتی۔ پھولوں میں لدی ہوئی لڑکیوں کی قطار کے آخر میں سر جھکائے وہ امتحان کے کمرے کی طرف جانے لگی۔

"شمن ... بھئی مجھے گجرے نہیں اچھے لگتے، یہ پھول میں گھر سے لائی ہوں، اچھے ہیں نا"۔ بلقیس نے اسے مڑ کے شگفتہ پھولوں کا گچھا دیا۔ بلقیس ڈے اسکالر تھی اور آٹھویں میں پڑھتی تھی۔ شمن کو معلوم ہوا جیسے کسی نے اس کا ننگا تن ڈھانک دیا اور اسے باغ کے باغ بخش دیئے۔ پرچہ کرنے میں اُس کا دل نہ لگا اور اُس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسے رعایتی ترقی ملی۔

امتحان کا نتیجہ معلوم ہوتے ہی چھٹیاں ہو گئیں اور دو مہینے کے لیے لڑکیاں اپنے گھروں کو چل دیں۔ بسیرا لینے کے لیے پھر سے چڑیاں اُڑ گئیں۔ دو مہینوں کا بسیرا!

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دوسری منزل

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

(۱۶)

دوبارہ جو وہ اسکول میں آئی تو دنیا ہی بدل گئی تھی۔ بلقیس کی بڑی بہن جو حال ہی میں انگلینڈ سے آئی تھیں پرنسپل ہو گئی تھیں اور بلقیس اور اس کی چھوٹی بہن جلیس مع لمبے چوڑے خاندان کے پرنسپل صاحبہ ہی کے ساتھ اسکول کے احاطے میں آن رہی تھیں۔ سعادت کو ڈاکٹروں نے ایک سال کے لیے پڑھنے کو منع کر دیا تھا، اس کی صحت میں گھن سا لگ گیا تھا۔ نجمہ پاس ہو کر کسی اور کالج میں لاہور چلی گئی تھی۔ شمن کو دنیا سنسان اور اجاڑ معلوم ہوتی، دل میں تنہائی کی ہوکیں سی اٹھتیں، نجمہ کا خیال ہتھوڑا بن کر ٹیسیں مارتا۔ اس میں کس قدر دکھ بھرا ہوا تھا مگر زندگی کی چاشنی بھی تو تھی۔ نجمہ نے اسے اپنی ایک تصویر بھی دی تھی، جسے اس نے اپنا بہترین مونس، غمخوار پایا۔ سعادت بھی اسے اب بہتر رنگ میں یاد آتی۔ ویسے جہاں نجمہ کا سوال نہ تھا وہ اس کی بہترین دوست تھی۔ کاش اس نے نجمہ کو کبھی دیکھا ہی نہ ہوتا۔ اور اگر دیکھا تھا تو؟ تو؟ وہ آگے کچھ نہ جانتی تھی۔ مگر اسے سعادت سے دوستی ٹوٹ جانے کا صدمہ تھا۔ نجمہ تو ایک شعلہ تھی کہ وقتاً فوقتاً ہاتھ تاپنے کی حالت ہو مگر سعادت ایک میٹھا چشمہ تھی جس سے کلاس میں، کلاس کے باہر، کھیل کود میں بھی بے پناہ رنگینیاں اور ہمدردیاں وابستہ تھیں۔ سعادت کو ہنسنے کا مرض تھا۔ وہ اور شمن ذرا ذرا سی بے مزہ باتوں پہ گھنٹوں چمن کے سبزے پر لوٹیں لگاتیں۔ سعادت بہت ہوشیار تھی اور وہ ایک معلم جیسی مدد بھی دیتی۔ یہی نہیں وہ اگر شمن کو بددل یا سست دیکھتی تو بڑی سختی سے ڈانٹتی۔ شمن کو اس کی ڈانٹ میں مادرانہ پیار۔ اور فکر کی جھلک نظر آتی اور بعض وقت وہ اترانے کے لیے فخر سے دکھاتی۔ "تمہاری بلا سے، ہمیں فیل ہو جانے دو۔" وہ اترا کر کہتی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

"بس جی بس، زیادہ بکواس نہ کرو۔ ورنہ" سعادت ڈانٹتی۔

"ورنہ۔ ورنہ کیا؟"

"ورنہ یہ۔ کہ ... کچھ نہیں۔ میری پیاری بہن کیسی۔ آؤ" اور وہ شمن کے گلے میں باہیں ڈال دیتی۔ مگر جب نجمہ آ آئی تو؟ تو سارا شیرازہ بکھر گیا اور شمن سعادت کی موت کی دعائیں مانگنے لگی، اس کے سفلی جذبات بالکل شیطانی اعمال بن گئے۔ توبہ!

بلقیس سے شمن کی دوستی بھی عجیب و غریب طریقے پر ہوئی۔ ایک دن بلقیس اور وہ بڈمنٹن کھیل کر پسینہ سکھانے کے لیے چمن کی بنچ پر بیٹھی تھیں کہ ایک دم سے بلقیس نے پوچھا: "تم نجمہ پر مرتی تھیں نا؟"

"نہیں۔ نہیں تو۔ واہ" شمن گھبرا گئی اور قسمیں کھانے لگی۔

"ارے ہم سے جھوٹ بولتی ہو! ہونہہ، جیسے ہم جانتے نہیں، اور سعادت تم سے جلتی تھی۔ کیوں؟"

"جی ہاں۔ کبھی بھی نہیں"

"تو اس میں بات ہی کیا ہے۔ میں خود پہلے نجمہ پر مرتی تھی مگر آپا بی نے مجھے بتایا کہ لڑکیوں کو ہمیشہ لڑکوں پر مرنا چاہیے۔"

"توبہ!" شمن نے بدک کر کہا۔

"ہاں اور کیا۔ اُن سے تو شادی کر کے ہمیشہ ساتھ بھی رہ سکتے ہیں۔ کیوں ہے نا بھئی؟"

"مگر ... یہ تو ... ہائے اللہ بڑی باتیں نہ کرو بلقیس"

"اس میں بڑی بات کیا ہے۔ جبھی تو آپ مجھے کوڑیالے اچھے لگتے ہیں۔ میں بڑی بھی تو ہوں تم سے" بلقیس روش پر سے کنکریاں چن کر ہوا میں اچھالنے لگی۔

"کوڑیالے؟"

"ہاں۔ ارے؟ کوڑیالے! تم نہیں جانتی کیا ہوتے ہیں۔ چپ۔ ہٹو بھی اُلّو ہو تم" بلقیس قہقہہ لگا کر گھاس پر لوٹ گئی۔ "ارے کوڑیالے پگلی، کالے اور سفید" اُس نے ٹھنڈی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

گھاس پر گال رگڑ رگڑ کر ہلکی سی پھریری لی۔ "زہریلے۔ نف ...." نماز کی گھنٹی بج گئی اور دونوں بات ختم نہ کر پائیں۔

دو تین دن بلقیس کھیلنے ہی بورڈنگ میں نہ آئی جو شمّن کی الجھن دور ہوتی۔ اُس کے جی میں کھُد بُد ہو رہی تھی۔ اس کا جی نہ مانا اور اس نے لغت میں دیکھا مگر اس میں لکھا تھا "کوڑیالے، چتی دار سانپ، سیاہ اور سفید، سخت زہریلے ... جن کے کاٹے ...."

اُس کی سمجھ میں نہ آیا کہ کوڑیالے سانپ بلقیس کو کیوں پسند ہیں۔

"بلّی بتاؤ نا کوڑیالے کون ہوتے ہیں۔" اُس نے موقع پا کر پوچھا۔

"کوڑیالے، دل کے ٹکڑے، جان ہوتے ہیں اور کون ہوتے۔"

"اُونہہ تو بتاؤ نا۔"

کئی دن شمّن پوچھتی رہی اور بلقیس ہنس ہنس کر ٹالتی رہی مگر ایک دن اُس نے شمّن کو ایک تصویر دکھائی، یہ ایک وجیہہ نوجوان کی تھی جو سیاہ شیروانی اور سفید پاجامہ پہنے تھا۔ ایک دم سے وہ دونوں قہقہہ لگا لگا کر ہنسنے لگیں۔ اچھا تو یہ تھے کوڑیالے! کالی شیروانی یونیورسٹی کا یونیفارم تھا اور یہ تصویر رشید کی تھی۔

ویسے بلقیس اور جلیس بورڈنگ میں نہیں رہتی تھیں پر جب کبھی اُن کا دل چاہتا وہ سارے قوانین بالائے طاق رکھ کر بورڈنگ میں آن دھمکتیں۔ پرنسپل کی بہنیں، بھلا کس کی مجال تھی جو چوں بھی کر جائے۔ پھر اُن کا دل لگنے لگا اور بلقیس شمّن کے کمرے میں مستقل رہنے لگی مگر جب جی چاہتا بغیر اجازت بھاگ جاتیں۔ جلیس بدمزاج تھی اور نوری کی جماعت میں تھی۔ وہ دونوں ایک کمرے میں رہتیں مگر روز جوتا چلتا۔ شمّن اور بلقیس نہایت بزرگانہ طریقے پر انھیں سمجھانے جاتیں اور ملاپ ہو جاتا اور پھر دونوں ایک دوسرے کا دوپٹہ اوڑھے گلے میں ہاتھ ڈالے چمن میں گھومنے لگتیں۔

پہلے پہل تو نوری نے بلقیس پر مرنے کی کوشش کی اور جلیس نے شمّن پر مگر بلقیس نے نہایت جنگلی پن سے دونوں کو کھسیانہ کر دیا۔ اور پھر کچھ سوچ بچار کے بعد نویں جماعت کی ایک لڑکی کو دونوں نے چاہنا شروع کیا مگر بلقیس نے وہاں بھی اُن کا ناک میں دم کر دیا۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جہاں کوئی چیز گم ہو جاتی۔ وہ فوراً چلا چلا کر جلیس اور نوری پر الزام لگاتی کہ وہ اپنی جھیتی کو دے آئی ہوں گی۔ بات یہ تھی کہ ایک دفعہ بچاریاں بلقیس اور شمن کے منگائے ہوئے پھلوں میں سے دو نارنگیاں چرا کر دے آئی تھیں۔ مگر اب بلقیس کی سڑی ہوئی چیز بھی گم جاتی تو وہ یہی کہتی کہ نوری اور جلیس اپنی دوست کو کھلا آئیں۔ اس پر نوری اور جلیس خوب روتیں اور خوشامدیں کرتیں کہ ہولے ہولے بولو کہیں وہ سُن نہ لے۔ شاہ جہاں ان دونوں سے دُگنی بڑی تھی اور زیادہ منہ نہ لگاتی تھی پر جب اُس نے بلقیس کا ڈکرانا سنا تو دونوں کو کمرے سے نکال دیا۔ دونوں روتی ہوئی بچھونوں میں جا پڑیں۔ اُوپر سے بلقیس اور ساتھ ساتھ شمن نے بھی چھیڑنا شروع کیا۔ خوب گیت جوڑ جوڑ کر ٹہل ٹہل کر گائے۔ نوری اور جلیس قسمیں کھا کر کہتی تھکیں کہ شاہجہان آپا نے ہمیں نکالا تھوڑی، یہ کہا: مہربانی سے چلی جایئے یہ مگر بلقیس کہتی تھی کہ شاہجہان نے پہلے تو دھکا دیا اُوپر سے چپلیں لگائیں۔ بچاریوں کے دل ٹوٹ گئے اور اس دن سے شاہجہان کی جانی دشمن ہو گئیں جلیس ویسے ہی دل جلی تھی، بچاری کا ناطقہ بند کر دیا۔ اس تلخ تجربے کے بعد دونوں نے ~~حرخے~~ کی مزید کوشش نہ کی اور زیادہ تر وقت بدذاتی کرنے، کچے آم توڑنے اور مرنے والیوں کو دق کرنے میں صرف کرتیں۔

بلقیس کی پانچ بہنیں تھیں۔ اُن میں سے سب سے بڑی پرنسپل تھیں۔ بڑی حسین، نازک اور شرمیلی سی۔ کسی طرح پرنسپل نہ لگتیں۔ ساری کی ساری لڑکیاں اُن پر لٹو ہو گئی ہوتیں، شمن خود لٹو ہو جاتی اگر اُس نے بلقیس سے ان کا کچا چٹھا نہ معلوم کر لیا ہوتا۔ جناب بہت ڈرپوک تھیں۔ بیڈمنٹن کھیلتے میں ہار جاتیں تو لڑنے لگتیں اور کم از کم گیارہ آدمیوں سے بیک وقت عشق لڑا رہی تھیں جن میں سے دو تو پروفیسر تھے اور باقی "کوڑیالے!"

پرنسپل کی بہن ہونے کی وجہ سے بلقیس بورڈنگ میں اُلٹے سیدھے حکم چلایا کرتی تھی۔ کھانے کے کمرے سے سوائے بیمار لڑکیوں کے اور کسی کو کھانا کمرے میں منگوانے کی اجازت نہ تھی اور اگر ایک گلاس بھی اِدھر سے اُدھر ہو جاتا تو آفت آ جاتی مگر بلقیس کے کمرے میں جھوٹی رکابیوں کے ڈھیر سڑا کرتے۔ میٹرن دیکھتی اور خون کا سا گھونٹ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

پی کر رہ جاتی کیونکہ اس سے پہلی میٹرن صرف اِس لیے نکال دی گئی تھی۔ کہ وہ آئے دن لڑکیوں کی رپورٹ دفتر میں لے جاتی تھی اور لڑکیوں میں بلقیس جلیس اور ان کی چند لاڈلیاں تھیں۔ اور لڑکیاں بھی بلقیس جلیس کی خوشامدوں میں لگی رہتیں، خصوصاً وہ بدنصیب بچیاں جنھیں بورڈنگ سے کھانا مفت ملتا تھا یا فیس معاف تھی وہ اپنی ذلت میں پرنسپل صاحبہ کی خیرات پر پلتی تھیں۔

بلقیس کوڑیالوں سے نت نئے قصے آکر سناتی۔ وہ اور جلیس کافی چھوٹی تھیں۔ جبھی سے اُن کے کوڑیالوں کی تعداد اطمینان بخش تھی۔ پانچوں بہنوں کے سارے عاشق اگر جمع کیے جاتے تو خاصی پلٹن بن جاتی۔ آہستہ آہستہ بورڈنگ میں کوڑیالوں کا ذکر عام ہونے لگا۔ ڈے اسکالر لڑکیوں کے بھائی بند چٹکلوں اور رقعوں کے ذریعے بورڈنگ کی نیم مردہ زندگی میں لاس رچانے آنے لگے۔ چھوٹی موٹی خرید و فروخت، پرانی کتابوں کی ردو بدل، لاسکی کے سلسلے سے زندگیاں آگے چلنے لگیں۔ فلم دُھلوانے یا پرنٹ بنوانے کے بہانے عشق لڑنے لگے۔ بالکل جیسے ہزار سال پہلے کی دنیا میں لوگ تصویروں پر عاشق ہو جاتے تھے اسی طرح یہ نادیدہ عشق بھی چلتے، لڑکھڑا جاتے اور گر پڑتے۔ اور یہ کوڑیالے تھے بھی غضب کے۔ اور کچھ نہیں تو لڑکیوں کے نام عید کارڈ ہی چلے آرہے ہیں۔ بگڑ رہی ہیں، کوس رہی ہیں لیکن سارے بورڈنگ میں گھمائے جا رہے ہیں۔ ہر لڑکی کو فخریہ دکھائے جا رہے ہیں، ایسے، گویا کچھ پروا ہی نہیں۔ دیکھ دیکھ کر لڑکیاں اُوئی اور ہائے توبہ چلا رہی ہیں۔ ایک عورت اور مرد ایک دوسرے کو چوم رہے ہیں، نیچے ٹیڑھے میڑھے شعر لکھے ہیں۔

آہستہ آہستہ یہ مرض اور پھیلا۔ ہر لڑکی نے اپنے چچیرے، ممیرے، خلیرے بھائی کا رومان جوڑ جاڑ کر سنانا شروع کیا۔ بلقیس کے عاشقوں کی تعداد کی کوئی حد ہی نہ تھی۔ اس کے بھائی کے جتنے دوست تھے وہ سب تو رجسٹرڈ عاشق تھے، اور بھی جتنے پینگ بڑھانے ہوتے وہ بھائی رشید سے دوستی کر لیتا اور اس بہانے مزے سے امیدواروں میں نام ڈال کر روز آن موجود ہوتا۔ جتنے بھی کالج میں روشن خیال انقلابی لڑکے تھے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

وہاں مختلف سماجی اور سیاسی مشکلات پر بحث کرنے اور آئندہ پود کو روشن خیال بنانے کی تجویزیں سوچنے آجایا کرتے۔ سب بہنیں نہایت روشن خیال عموماً باسِ شب خوابی ہی میں اُن سب سے ملتی جلتیں۔ تاش کیرم کا زور بندھتا، نغمہ سرائیاں ہوتیں، باغیانہ بحثیں ہوتیں، کونوں کھدروں میں نہیں سب کے سامنے عشق چلتے۔ پرنسپل صاحبہ کا بنگلہ روشنی سے معمور رہتا جس میں پانچوں بہنیں ستاروں کے جھرمٹ کی طرح جگمگایا کرتیں۔

رات کو گھُسر پھُسر بلقیس ان کے قصے بتاتی، بارہ بج جاتے مگر ختم نہ ہو پاتے۔ ایک دو ہوں تو کوئی بھگتے، یہ ان عاشقوں کی فوج سے کون نمٹتا جائے گا۔ باہر مزے اٹھتے تو آپا بی کے عاشق مگر گدگدیاں بلقیس کے بھی کیا کرتے۔ حیدر رضا صاحب تو آپا کی عمروں کے تھے مگر اُس پر دیوانے تھے۔ وہ تین قلم اُن سے چھین چکی تھی جس میں سے ایک اُس نے شمن کو دے دیا تھا۔ وہ تو اُن کی انگوٹھی بھی چھین لیتی مگر انہوں نے ہنس کر کہا تھا کہ وہ دہلی سے ننھی منی انگوٹھی منگوا رہے ہیں۔

”یہ انگوٹھی تو تمہاری کمر میں آجائے گی۔“ انہوں نے اس کو دونوں ٹانگوں میں بھینچ کر اُس کی کمر کو اپنی انگلیوں کے چھلے میں لینے کی کوشش کی جس سے اُس کے بڑی گدگدی ہوئی تھی۔ شمن یہ قصے سنتے سنتے شل پڑ جاتی۔

”تو کیا تم اُن سے شادی کرلوگی۔“

”بھئی کیا پتہ، دیکھو کیا ہوتا ہے۔“

”اگر تم حیدر رضا صاحب سے شادی کرلوگی تو بچارے عباس کا کیا ہوگا، انصار تو اللہ قسم مرجائے گا اور عشرت۔ یہ ڈیڑھ بالشت کا عشرت بھی تم سے محبت کرتا ہے، چہ توبہ!“ شمن کو اُن سب پر ترس آنے لگا۔ ”ہا! بچارے عاشق!“ ”اچھی تو میں کیا کروں؟ آخر یہ سب جلیں پر.... اُس کا بیچاری کا ایک کالیا ہے اور ایک بچارا اوہا لفلینتی۔ چہ نفرت میں تو تھک گئی۔“ وہ عاجز ہو کر کہتی اور سچی بات بھی ان انقلابیوں میں زیادہ تر غریب جسمانی طور پر پھٹیرے چیچک مارے اور سیاہ

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہی تھے جو اپنی روح کو تسلی دینے کی خاطر حسن کی جلا چاہتے تھے اور پروانوں کی طرح شمعوں کے متلاشی تھے۔ بلقیس سب سے چھوٹی تھی پھر بھی آثار کہتے تھے کہ اپنے زمانے کی نادر شاہ نکلے گی۔ ڈھیلے پھوٹے رنگروٹ ابھی سے قطاریں باندھ رہے تھے۔ کاش بلقیس اپنے عاشقوں میں سے ردی ردی چھانٹ کر بورڈنگ کی لڑکیوں کو دے دیتی۔ جو بیچاریاں خیالی پلاؤ سونگھا کرتی تھیں۔

"تم بھی اپنی باتیں بتاؤ۔" بلقیس کہتی۔

"واہ۔ ہماری کوئی بھی بات نہیں۔"

"چہ کیسی ہو تم، تمھیں کوئی نہیں چاہتا؟"

شمن کا دل بجھ جاتا، شرم اور احساس کمتری سے اس کے گال تمتما جاتے۔ لہٰذا ایک دن اس نے سوچ بچار کے بعد نام لے ہی دیا حالانکہ اسے اپنے سارے سگے، سوتیلے اور رشتے کے بھائیوں سے نفرت تھی۔ اور وہ بھی تو ہمیشہ اسے دق ہی کیا کرتے تھے۔ ان میں سے کسی نے بھی تو ویسی بھائیوں جیسی حرکت نہ کی تھی جس کا دوسری لڑکیاں مزے سے لے کر ذکر کرتی تھیں۔ مجبوراً ہی اس نے اسحاق بھائی کا نام لے دیا تھا۔ لیکن اسے خوب معلوم تھا کہ اگر ان کے یا ان کی بیوی کے کان میں اس بات کی بھنک بھی پہنچ جاتی کہ شمن ان کے عشق کے قصے گھڑ گھڑ کر سناتی ہے تو آفت آجاتی۔ وہ اماں سے جوتے لگوائے جاتے کہ سارا نشہ ہرن ہو جاتا۔ اسے ویسے سوائے اسحاق بھائی کے اور سب ناپسند تھے۔ ان کی بڑی لڑکی سے اس کی دوستی بھی رہ چکی تھی۔

"تو وہ تمھیں پیار کرتے ہیں؟"

پیار سے شمن کو نفرت تھی۔ دوسرے اسحاق بھائی سے پیار کرنے والے خیال سے اس کا دم لوٹنے لگتا تھا۔ لسّی پی کر جب وہ دودھ کا جھاگ مونچھوں میں سے چوس لیتے تو اسے ابکائی آجاتی تھی۔

"واہ، پیار نہیں کرتے تو تمھیں کیا چاہتے ہیں؟" بلقیس کو اس پر رحم آنے لگا تو شمن نے جی کڑا کر کے سوچا کہ اگر اتنی دور سے وہ اسحاق بھائی سے پیار کر والے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

تو اس کا جی کیسے مبتلا سکتا ہے لہٰذا اُس نے شرماتے ہوئے اقبال کر ہی لیا کہ اُنھوں نے پیار کیا تھا۔ اسحاق بھائی سے ایک قلم چھیننے کا ذکر بھی اُن سے خوب مزے لے لے کر بیان کیا حالانکہ وہ خوب جانتی تھی کہ اسحاق بھائی کے پاس صرف سڑے ہوئے نب اور کھڑ چے ہوئے ہولڈر تھے جو کوئی بیوقوف بھی چھیننے کا ارمان نہ کرے گا، پر بلقیس کو کیا خبر؟

بلقیس کی اور شمن کی دوستی ایسی بڑھی کہ دن رات ساتھ رہتیں، ساتھ اُٹھتی بیٹھتیں اور ساتھ ہی پڑھتیں۔ بلقیس اُسے بہت پسند تھی، سعادت سے بھی زیادہ۔ نتیہ نہیں نجمہ سے کم یا زیادہ! نجمہ اور چیز تھی، دہکتی ہوئی شراب اور بلقیس صاف ستھرا ٹھنڈا میٹھا پانی، گو وہ بڑی بے شرم تھی اور بغیر کسی جھجک کے کپڑے اُتار دیتی تھی۔ نہانے جانے سے پہلے وہ کپڑے اُتار کر چیونٹیوں اور مچھروں کے کاٹنے کے نشان اپنے جسم پر ڈھونڈا کرتی تھی۔ اگر کوئی آ جاتا تو وہ خود جھینپ کر لوٹ جاتا، بلقیس کو ذرا بھی احساس نہ ہوتا۔

"واہ بھلا لڑکیوں سے کیا شرم؟" وہ ڈھٹائی سے کہتی۔ ایک دفعہ میٹرن نے ڈانٹا تو بلقیس نے اس سے کہہ دیا کہ "چونکہ تمھارا جسم چھلکے جیسا ہے اس لیے مجھ سے جلتی ہو۔" اس پر میٹرن رو دی بیٹی اور بلقیس کو بھی ڈانٹ پڑی مگر وہ کہیں سننے والی تھی۔ اس کا جسم بڑا خوبصورت اور سڈول تھا جسے دیکھ دیکھ کر وہ آئینے میں آپ ہی آپ مسکرایا کرتی۔ کبھی اُس کے ہونٹ تھبوٹ موٹ روٹھنے کے انداز میں آپ ہی آپ اُبھر آتے اور کبھی خود بخود جھینپ کر وہ آئینے کے پاس سے بھاگ آتی۔ نہانے کا ارادہ کر کے وہ کپڑے کبھی نہ نکالتی بلکہ نہا کر یونہی لحاف میں دبک جاتی۔ جب خوب گرم ہو جاتی اور سارے جسم کے روئیں سونے کے تاروں کی طرح چمک اُٹھتے تو وہ کپڑے نکالتی۔ لیکن وہ گھنٹوں فیصلہ نہ کر پاتی کہ اُودی شلوار پر کیا سی دوپٹہ اوڑھے یا کاسنی! وہ اس بارے میں شمن کی رائے لیتی۔ شمن بیچاری گردن موڑ سے موڑ سے بتا دیتی۔ اسے کچھ ڈر سا لگتا تھا بلقیس سے کیونکہ کئی دفعہ

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

باتیں کرتے ہیں اس کا دل بے اختیار اُس کی گردن پر اُنگلیاں پھیرنے کو چاہنے لگتا۔ وہ نرم نرم سڈول سی گردن جسے وہ بڑے پیارے انداز سے ایک طرف موڑے رہتی۔

بھائی رشید کو پہلے تو بلقیس کا ایک عاشق ہی سمجھی تھی کیونکہ اُن کی تصویر جو اُس نے کوڑیالوں کی تشریح کے سلسلے میں دکھائی تھی میز پر اب بھی رکھی تھی، جب بلقیس نے بتایا کہ وہ اس کے سگے بھائی ہیں تب وہ سمجھی۔ یہ بھی اسی خاندانی خوبی کے حامل تھے۔ جس کالج یا یونیورسٹی میں پڑھاتے چار زخمی چڑیاں تڑپتی چھوڑیں۔ کالج کی بہت سی لڑکیاں ان کی دیوانی تھیں۔ کئی امیر لڑکیاں تو ان سے ٹیوشن بھی لیتی تھیں۔ وہ خود تو چاہے فیل ہو جاتے ہوں مگر جن لڑکیوں نے ان سے دو چار سبق لیے وہ شرطیہ کامیاب ہو گئیں۔

"خدا قسم تم فوراً مر جاؤ گی رشید پر۔" بلقیس شمن سے کہا کرتی۔ مگر شمن کو بورڈنگ سے باہر قدم رکھنے کی تو اجازت نہیں تو پھر بھلا مرنے کا موقع کیسے ملتا۔

مگر قسمت نے ایک عجیب طریقے سے اُسے رشید سے ملا دیا۔ سالانہ پکنک کے موقعے پر پرنسپل صاحبہ اپنے بھائی اور چند نوجوانوں کو بھی ساتھ لے گئیں۔ وہ سب دوسری موٹر میں گئے اور پیڑوں کی آڑ میں نہاتے دھوتے رہے۔ وہ تو لڑکوں کو اس خیال سے لے گئی تھیں کہ کوئی لڑکی ڈوب ڈاب جائے تو وہ لوگ نکال لیں۔ وہ سب دُور ہی دور تھے لہٰذا پردہ سا تھا پر لڑکوں کے دل اُدھر ہی لگے ہوئے تھے۔ بھول بھول کر اُدھر جا نکلتیں، بیچ بیچ کر ہنس رہی تھیں اور ایک دوسرے کو دھکے دے رہی تھیں۔

"شمن رشید سے ملو گی؟ وہ اُدھر ہے پیڑ کے پیچھے۔" بلقیس نے الگ لے جا کر کہا۔

"واہ بھئی میرا پردہ ہے۔" شمن گھبرا گئی۔

"اُونہہ تم چلو تو میں اُس کی آنکھیں بند کر لوں گی۔"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بڑی مشکل سے یہ طے ہوا کہ بلقیس اپنے دوپٹے سے اُس کی آنکھیں بند کر دے گی۔ پھر شمن مچلتی ہوئی گئی۔ رشید کا قد لمبا سا تھا اور جسم چھریرا، آنکھوں پر پٹی بندھی ہوئی تھی جس سے ناک بھی چھپ گئی تھی صرف ہونٹ کھلے تھے اور آہستہ آہستہ تھرک رہے تھے جیسے اُسے سخت ہنسی آ رہی ہو۔ گھنے بالوں کا ایک جنگل سر پر کھڑا تھا۔ چل چل کر دوپٹے کے پیچوں میں سے بال نکل رہے تھے۔ گریبان کا ایک بٹن کھلا تھا جس میں سے اس کی سجوری گردن کی نسیں ہنسی روکنے کی وجہ سے پھڑکتی نظر آ رہی تھیں۔

"ہی ہی ہی" وہ ایک دم سے ہنس پڑا، شمن اور بلقیس بھی ہنسنے لگیں، رشید ٹٹولنے لگا۔

"ارے بھائی کہاں ہیں یہ تمہاری دوست شم شم۔ اِن سے کہو ہم سے ہاتھ تو ملائیں" بلقیس نے اُسے بہت گھسیٹا مگر وہ نہ مانی۔

"دیکھو بھئی پھر ہم زبردستی پکڑ لیں گے ہاں۔ پھر بُرا نہ مانے کوئی۔ ہم آنکھیں کھولتے ہیں" رشید نے دھمکی دی۔

مجبوراً شمن نے اپنا ڈرا ہوا ہاتھ اُس کے ہاتھ میں رینگا دیا، پھر فوراً چھڑانے لگی کیونکہ رشید نے تو مضبوط پکڑ لیا تھا۔

"ارے یہ تمہاری شم شم کا ہاتھ ہے؟ نہیں جی یہ تو چوہیا کا پنجہ ہے" شمن نے ہنسی روکنے کے لئے منہ میں دوپٹہ ٹھونس لیا۔

"تو کیا ایک ہی ہاتھ ہے بس؟ اور باقی کا جسم؟ ارے بلّی ان کے پیر بھی ہیں یا نہیں"

"ہیں!" بلقیس ہنسی دبا کر بولی۔

"کتنے؟"

"دو... کھی کھی..."

"اچھا؟ اور... اور بلّی اُن کے کان ہیں؟ کان ہیں؟"

"ہاں ہاں بھئی"

"اور ناک؟" شمن ہاتھ چھڑانے کے لیے دوہری ہو ہو گئی مگر بیکار۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"بھئی ایسی باتیں کروگے تو ہم بولیں گے بھی نہیں" بلقیس نے کہا۔
"اچھا جانے دو۔ یہ بتاؤ ناک کہاں ہے ان کی۔ ناک!" رشید نے پھر ٹٹولنا شروع کیا۔ اندھوں کی طرح اُس کی انگلیاں ٹھٹکتی ہوئی شمن کے چہرے کا جائزہ لینے لگیں۔ بھوئیں، پلکیں، نتھنے، ہونٹ۔ یہاں تھوڑی دیر کو ٹھٹک گئیں پھر گالوں پر سے ہوتی ہوئی بالوں پر۔
"ارے بلّو! ان کے چٹیا تو ہے ہی نہیں۔ کیسی ہے یہ چٹیا؟" وہ اُس کا کان ٹٹولنے لگا۔ ہنسی کے مارے دونوں کا برا حال ہو گیا اور شمن جھٹکا مار کر بھاگی۔
"ارے بے ایمانی۔ بے ایمانی۔ ارے پکڑ لو بلّی" رشید نے دوپٹہ نوچ کر شمن کو پکڑنے کی کوشش کی مگر وہ بھاگ نکلی۔
لیکن اب اُس کی جھجک ٹوٹ گئی تھی۔ تھوڑی دیر بعد بہانہ کر کے پھر بلقیس اور وہ رشید کے ساتھ کھیتوں میں خربوزے چرانے گئیں۔ وہاں اُس نے دونوں کو کیچڑ میں گھٹنوں تک پھنسا دیا۔ وہاں سے نکل کر جامنوں کی تاک میں لگ گئے۔ دونوں نے اپنے دوپٹے بچھا دیئے اور بھاگ بھاگ کر کچی پکی جامنیں بیننے لگیں۔ رشید کو لڑکیوں کے دوپٹوں کا استعمال بہت اچھا آتا تھا۔ وہ بجائے انھیں لڑکی کے کندھوں کے اپنے سر پر باندھنا زیادہ پسند کرتا تھا، اور پھر دوپٹوں کی گیندیں کیا عمدہ بنتی تھیں! وہ زور کی چوٹ لگتی تھی کہ بس!
جب پکنک سے لوٹ کر آئی تو شمن کو معلوم ہوا وہ بادلوں میں جھول کر آئی ہے۔ پلنگ پر لیٹ کر سونے سے پہلے اُس نے پوری پکنک کو شروع سے لفظ بہ لفظ دہرایا۔ بلقیس کے دوپٹے میں سے رشید کے مچلتے ہوئے بالوں کے گچھے، وہ اُس کے بچپن موٹے اور گردن کی کپکپاتی ہوئی نسیں اور پھر ایسا معلوم ہوا رشید کا ہاتھ رینگ رہا ہے اُس کے ماتھے پر، بالوں پر، نتھنوں پر۔ ہونٹوں پر آ کر رُک گیا۔ جلدی سے اُس نے گردن دیوار کی طرف موڑ لی اور سو گئی۔
صبح ہی بلقیس نے بتایا کہ رشید اُس پر بے طرح عاشق ہو گیا ہے۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

"ہٹو! تمھیں کیسے معلوم؟" شمن کا دل دھڑکنے لگا۔

"میں پہچان لیتی ہوں۔ جیسے ہی تمہارا نام لو لال سُرخ ہو جاتا ہے اور کیا۔"

"شمن خود رشید کے نام سے لال سُرخ ہو گئی لہٰذا کھل کھل کر دونوں رشید کی باتیں کرتی رہیں۔ مگر کسی بہانے سے بھی وہ رشید سے نہ مل سکتی۔ نہ ہی اُس کا دل لیا بیقرار تھا۔ ابھی بھاری خوراک مل چکی تھی، ابھی وہی ہضم نہیں ہوئی تھی۔ چلتے پھرتے، اُٹھتے بیٹھتے پلنگ کی بہاریں آنکھوں میں سمائی رہتیں۔

لیکن خدا شکر خورے کو شکر دے ہی دیتا ہے۔ بلقیس کی سالگرہ نے دنیا ہی بدل دی۔ اس کی جماعت کی ساری لڑکیاں اور کئی سہیلیاں جن میں شمن بھی شامل تھی مدعو کی گئیں۔ شمن کے پاس کوئی تحفہ بھی نہ تھا صرف ایک سر پر باندھنے کا ریشمی رومال تھا وہی اس نے کاغذ میں لپیٹ کر چپکے سے بلقیس کو دے دیا مگر بلقیس مارے شرارت کے سارے ہال میں اُسے نچاتی پھری۔ شمن نے دروازے کی آڑ میں سے دیکھا کہ وہ اُسے اپنے سر پر باندھ رہی تھی کہ رشید نے آکر چھین لیا اور دوپٹے کی طرح اوڑھ کر منہ چڑانے لگا۔

"آں، شمن دیکھو یہ رشید نہیں مانتے بھئی ہمارا رومال؟" مگر رشید رومال لے کر باہر بھاگ گیا۔ "دیکھو بھئی منع کرلو رشید کو، ہمارا رومال چھین لیا۔" اُس نے شمن سے شکایت کی۔ پھر وہ کھڑکی میں سے رومال کا حشر دیکھنے لگیں۔ رشید اسے گلے میں ڈالے ہاکی کھیل رہا تھا۔

شام کو سب لڑکیاں وغیرہ تو چلی گئیں مگر شمن کو پرنسپل صاحبہ کی خوشامد کر کے بلقیس نے روک لیا۔ وہ دونوں اور جلبیس مل کر کیرم کھیل رہی تھیں کہ رشید دندناتے چلا آیا۔

"رشید۔ رشید ارے پردہ ہے پردہ!" بلقیس اور جلبیس چلا اٹھیں اور شمن کو دوپٹوں میں چھپانے لگیں۔

"کس کا پردہ ہے؟ لڑکیاں تو گئیں!"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

"نہیں بھئی شمن نہیں گئی۔ ارے بھئی رشید۔" آپا بی رشید نہیں مانتے یہ "دیکھو جی اگر آپا بی سے شکایت کی تو ہاں بس" رشید نے دھمکی دی "پردہ ہویا نہ ہو ہم کیرم ضرور کھیلیں گے" وہ گھس ہی آیا۔

تھوڑی سی حیل وحجت کے بعد یہ طے ہوا کہ رشید اپنا منہ ڈھانک کر کھیلے۔ بلقیس اور شمن ایک طرف اور جلیس اور رشید دوسری طرف۔

"بھئی کچھ بد کر کھیلو، ویسے مزہ نہیں آئے گا"

"اکنی اکنی" جلیس بولی۔

"نہیں بھئی رشید لوٹ کر رکھ دے گا میں، دو دو پیسے" بلقیس چلائی۔

"اچھا بھئی میں ہاروں تو اکنی دوں گا اور تم ہارو گی تو چٹکی"

"نہیں، نہیں جناب چٹکی کی نہیں ہے۔ ایسی زور سے مارے گا کہ کیا بتاؤں" بلقیس نے دہشت زدہ ہو کر کہا۔

بڑی مشکل سے یہ طے ہوا کہ رشید کی اکنی اور ان دونوں کی چٹکی، مگر ہلکے کی بند ور سے مارنے کی نہیں۔ پردے کی وجہ سے رشید وہی ریشمی رومال کا گھونگٹ کاڑھ کر بیٹھ گیا اور کھیل شروع ہوا!

چھیڑنے کے لیے اُسے سب دلہن دلہن کہہ رہے تھے، رومال باریک تھا اور اُس میں سے اُس کی آنکھیں صاف چمک رہی تھیں۔

"بلقیس یہ تو سب دیکھ رہے ہیں!" شمن نے چپکے سے شکایت کی۔

"خبردار رشید جو تم نے شرارت کی، خدا قسم مار ڈالوں گی" بلقیس نے ڈانٹا۔ کھیل پورے شباب پر آگیا تو پردہ ورده سب غائب۔ رشید نے بے ایمانی کی لہٰذا بلقیس نے ہر بار اُس کا ہاتھ ہلا دیا اس لیے وہ ہار گیا۔ دوسرے کھیل میں رشید نے ذرا سنجیدگی سے کھیلنا شروع کیا اور بلقیس اور شمن کا دم نکلا۔ وہ چیخ کر اُس کا ہاتھ ہلا دیتیں تاکہ وہ گڑبڑا جائے مگر قسمت میں ہار بدی تھی۔ کھیل جیت کر رشید نے بڑی احتیاط سے رومال کا گھونگٹ کاڑھ لیا اور آستینیں چڑھا لیں۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"چلیے دلوائیے چنٹی!" اُس نے شمن کا ہاتھ پکڑ لیا اور دو انگلیاں جوڑ کر مٹھیاں تیار کیا۔

"ابھی زور زور سے مارنے کی نہیں ہے" بلقیس اس کے اُوپر چڑھ بیٹھی۔

"خوب، میری اکنی نکل گئی تو کچھ نہیں اور اپنی باری پہ چلیں رونے۔ خدا قسم آج ہڈی نہ توڑ دوں تو بات نہیں" اُس نے پھر انگلیاں تولیں۔ جیسے ہی اُس نے مارنے کا ارادہ کیا شمن نے ہائے کر کے ہاتھ چھڑا لیا۔

"دیکھا تم نے؟ تمہاری دوست حد سے زیادہ مکّار ہیں، یعنی ابھی سے مارا نہیں اور ہائے!"۔ اِن سے کہو سیدھی بیٹھیں، جگہ بے جگہ لگ جائے تو ہم ذمّہ دار نہیں۔"

بڑی دیر تک وہ چنٹی مارے بغیر ڈراتا رہا۔ مار چکتا تو چھٹی ہوتی وہ بھی ایک ہی تو بیچاری چنٹی ہے، مزے لے لے کر ماریں گے ہم تو" اتنے میں پرنسپل صاحبہ کے نوکر نے آکر حکم دیا کہ بورڈنگ کی سب لڑکیاں جائیں۔ سب کون؟ وہ کون گیا تھا سوائے شمن کے۔

"اچھا تو یہ چنٹی ادھار رہی" رشید نے اُس کا ہاتھ چھوڑ دیا۔

"اچھے رشید ہمیں بورڈنگ تک پہنچا آؤ" بلقیس گڑگڑائی۔

"ہشت، ہم سونے جا رہے ہیں" رشید اترایا۔

"اچھی ہمارا بھیا کیسا" بلقیس اس کی گردن میں جھول گئی۔

پانچ منٹ کا راستہ ہنس ہنس کر آدھ گھنٹے میں طے کیا۔ دیر تک پھاٹک پر کھڑے ہو کر بحث ہوتی رہی۔ رشید کہتا تھا شمن کو ہاتھ ملا کر مہذب لوگوں کی طرح خدا حافظ کہنا چاہیے اور شمن کیسی بیانی کو ذرا پھاٹک کی وارننگ نا جڑ لوں۔ سے کھڑی رہی انتی۔ جب بڑی دیر تک بحث ہوتی رہی تو جل کر بلقیس نے شمن کو اُس پر دھکا دے دیا۔ بہت سنبھلی پھر بھی اُسے دونوں ہتھیلیاں اُس کے سینے پر ٹکانی پڑیں۔ گھبرا کر رشید ڈر کے ہٹ گیا۔ اور شمن اندر بھاگ گئی۔

بہت دیر تک وہ بلقیس کے چٹکیاں نوچتی اور کوستی رہی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

(۱۷)

نمائش آئی اور بلقیس کی وجہ سے شمن کو کئی دفعہ جانے کی اجازت مل گئی۔ نمائش بھی ایک عظیم الشان تہوار ہے۔ سال کے سال میدان حشر برپا ہو جاتا ہے۔ سال بھر کے سوئے ہوئے مُردے صور کی پکار پر جاگ اُٹھتے ہیں اور پندرہ دن کے لیے ارمانوں کی دنیا میں بسنت کھل اُٹھتی ہے۔ خرید و فروخت کے لیے ٹکے کس کے پاس ہوتے ہیں۔ دو مہینے نمائش میں کون بیوقوف خرید و فروخت میں وقت گنوائے۔ ایک آفت برپا ہوتی ہے۔ جس دکان پر جاؤ کالی شیروانیوں اور کالے برقعوں کا جھمگٹ۔ برقعوں کی مجال نہیں جو ایک دم کے لیے ان شیروانیوں کے سائے سے دور رہ سکیں۔ نُبدے خرید، وہاں موجود، چوڑیاں چھانٹو ہاتھ گھسائے دیتے ہیں، ساڑھیوں کی دوکان پر کھڑے آوازے کس رہے ہیں، کھلونوں والے کی دکان پٹی پڑی ہے غرض جہاں دیکھو بس کوڑیالے پھنکار رہے ہیں۔ لڑکیاں ہیں کہ بدحواس ہوئی جاتی ہیں۔ اگر شکایت کرتی ہیں تو الٹا اپنا آنا بند۔ غرض سولی پہ جان ٹنگی ہے۔ ویسے بے کوڑیالوں کے بھی دنیا تلخ اور اُجڑی ہوئی۔ ڈانٹ ڈپٹ کو دُور ہٹا دیا تو باقی کیا رہ گیا نمائش میں؟ یہ جگمگاتے جواہرات؟ وہ زریں ملبوسات؟ جی نہیں یہ اوروں کی دولت ہیں، مفلس طالب علم کو تو اپنی زندہ دلی ہی میں ہزاروں نمائشیں مل جائیں گی۔

بلقیس بہت دن سے شمن سے تصویر کے لیے کہہ رہی تھی۔ رشید اپنے دوست کو انگلینڈ بھیج کر املا درج کرانے کو کہتے تھے۔ میٹرن کی آنکھ بچا کر دونوں کھسک گئیں اور روپیہ کی آٹھ والی تصویریں کھچوانے لگیں۔

”جلدی سے کھینچیے“ انہوں نے وہاں کھڑے ہوئے فوٹوگرافر سے کہا۔ یونیورسٹی کے لڑکوں کی طرح وہ بھی سیاہ اور سفید تھا۔

”آپ تصویر کھنچوائیں گی“ وہ خندہ پیشانی سے مسکرایا۔

”اور کیا، بھئی جلدی کیجیے۔“

”جلدی ہی کیجیے۔ تو آیئے یہاں بیٹھیے اسٹول پر“ اُس نے نیا سگرٹ سلگایا۔ شمن

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

اور بلقیس کی رائے ہوئی ذرا سا پاؤڈر اور لپسٹک لگا لی جائے تو اچھا رہے۔ تصویر میں کچھ تو آہی جائے گا۔

"آئینہ نہیں ہے آپ کی دوکان میں، ذرا ۔ ۔" انھوں نے پوچھا۔

"آئینہ۔ ہوگا کیوں نہیں۔ ادھر آیئے" وہ اُن دونوں کو پچھلے کمرے میں آئینہ دکھانے لے گیا۔ وہ پاؤڈر لگاتی رہیں اور وہ کھڑا مسکراتا رہا۔

"عطر بھی تو لگایئے" وہ شرارت سے بولا اور جیبیں ٹٹولنے لگا۔

"عطر؟ عطر؟"

"ہاں ہاں صاحب۔ عطر کی خوشبو بھی تو آتی ہے تصویر میں۔ یہ دیکھیے میرے پاس ہے" اس نے انگلیوں میں عطر لے کے اُن کے کپڑوں میں لگانا شروع کیا اور بڑی بے تکلفی سے:

"رہنے دیجیے" شمن نے جلا کر اُس کا ہاتھ جھٹک دیا۔

"اچھا۔ اچھا صاحب بیٹھیے اسٹول پر۔ ذرا اچھی طرح بیٹھیے" اور وہ دونوں بیٹھ کر ادائیں لینے لگیں۔

"یوں بیٹھیے۔ اور دوپٹے کو سنبھالیے۔ میرے خیال میں دوپٹہ تو اُتار ہی دیجیے" وہ کیمرے سے زیادہ ان کے دوپٹے وغیرہ پر توجہ دے رہا تھا۔

"ہائے اللہ کتنا بیہودہ فوٹوگرافر ہے" شمن نے بلقیس کے کان میں کہا۔

"آپ کو تصویر کھینچنا ہو تو کھینچیے، ورنہ ۔ ۔ ۔" وہ ہمت کر کے ڈانٹنے لگی۔

"مگر یہ آپ کے گال پر پاؤڈر ۔ ۔ ۔" اس نے شرارت سے مسکرا کر پیار سے بلقیس کا گال چھوا اور سگریٹ کا دھواں بالکل اُن کے منہ پر چھوڑنے لگا۔

دونوں ایسی گھبرائیں کہ فوٹوگرافر کو شاید رحم آگیا اور وہ ہٹ گیا۔

"اچھا صاحب ریڈی؟" دونوں ریڈی ہوگئیں۔ دو چار بار کپڑے میں سر ڈال کر پھر بولا۔ "ادھر دیکھیے ۔ یہ آپ نے بال کیسے بنائے ہیں۔ لایئے میں ٹھیک کر دوں"۔

"آپ کو اس سے کیا؟ آپ تصویر کھینچ رہے ہیں یا۔ چلو شمن چلیں"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

"ارے ارے، آپ تو خفا ہو گئیں۔ بیٹھئے بھئی شمن۔ ۔ ۔ اوہ معاف کیجیے گا۔ بچہ، میں تو آپ کے فائدے کے لیے ہی کہہ رہا تھا۔ بالکل خراب آئے بال تو فوٹو گرافر کو الزام دیں گی آپ کہ تصویر بگاڑ کر رکھ دی اور کیا" وہ کچھ روٹھ سا گیا۔ پھر وہ دونوں راضی ہو گئیں اور اُس نے اُن کی ٹھوڑیاں پکڑ پکڑ کر بال سنوارنا شروع کیے۔ بلقیس نے تھپک کر اس کے سینے سے سر ہٹا لیا جیسے وہ بڑی طرح بھینچ کر بال بنا رہا تھا۔ وہ شرارت سے ہنسا اور شمن کی طرف چلا کہ اتنے میں کچھ لوگوں کے بولنے کی آواز آئی اور تھوڑی سی دیر میں تین چار آدمی اور آ گئے۔ شمن اور بلقیس کو ڈر لگنے لگا۔

"ہم جاتے ہیں۔ آپ تصویر کھینچئے ہیں نہ بات۔ ۔ ۔"

"تو جائیے۔ خدا حافظ!" وہ ہنستا ہوا باہر چلا گیا۔

"ایں؟ یہ آپ؟" نو وارد بولا، "تشریف لائیے۔"

"ہم تصویر کھچوانے آئے تھے۔ ۔ ۔ مگر۔ ۔ اتنی دیر لگا دی۔"

"تو تشریف لائیے اندر۔ معاف کیجئے گا ذرا میں کھانا کھانے گیا تھا۔"

"اور۔ اور۔ ۔ ۔ وہ۔ وہ فوٹو گرافر جو ابھی ابھی یہاں تھا؟"

"جی میں ہی ہوں فوٹو گرافر۔ تو آئیے۔" اس نے فخریہ اپنی کالی شیروانی کو دیکھ کر کہا، "آئیے تشریف لائیے۔"

"تو۔ ۔ ۔ وہ۔ ۔ ۔ ۔ کون تھا؟" بلقیس ہکلائی۔

"کون؟"

"اوہ۔ ۔ ۔ وہ حمید۔ ارے صاحب وہ تو کالج کے ایک صاحب ہیں، پرنٹ لینے آئے تھے۔ آئیے اندر آ جائیے۔" اُس نے بات ٹالنا چاہی۔

"ہیں؟" بیوقوفوں کی طرح وہ ایک دوسرے کا منہ تکنے لگیں۔

"آئیے پھر" فوٹو گرافر نے اپنے اوزاروں سے کھڑبڑ کرنی شروع کی۔

"نہیں، اب ہم کل کھنچوائیں گے، آج دیر ہو گئی۔"

دونوں گھبرا [illegible] وہاں سے۔ دل دھڑک رہے تھے۔ میٹرن ان کی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

تلاش میں سُرگا ڑی پر بہنّہ کیسے پھر رہی تھی ۔ یہ دونوں ملیں تو پڑی ڈانٹ ۔

"ارے ، اور ہم آپ کو ڈھونڈتے پھر رہے تھے ۔" دونوں جھوٹ بولیں ۔ اُس دن بلقیس کی وجہ سے وہ بچ گئی ورنہ میٹرن ان بہانوں کو جانتی تھی ۔ کتنی لڑکیاں روز اسی طرح کھو کر مل جایا کرتی تھیں ۔ اور مزہ بھی بڑا آتا ہے یوں جان بوجھ کر کھو جانے میں ۔ جی بھی تو نہیں چاہتا واپس ملنے کو ۔ کاش کسی طرح ساری عمر کے لیے اسی طرح نمائشوں میں بھٹکتے پھریں اور میٹرنیں نہ پکڑ سکیں ۔

دوسرے دن وہ تصویر کھچوانے نہ جا سکیں مگر نمائش میں وہی کوڑیالہ جمیلہ برابر آہیں بھرتا شعر پڑھتا ان کے پیچھے لگا رہا ۔ اسے ان دونوں کے نام تو معلوم ہی ہو گئے تھے ۔ شرارت میں وہ اپنے دوستوں کو شمن اور بلقیس کہتا تو وہ فوراً چمک کر جواب دیتے ۔ " فوٹو گرافر صاحب ! "

" آؤ شمن بندے حاضر ہیں ۔" ایک اتراتا اور لڑکیوں کی نقل کر کے اپنے دوست کو چھیڑتا ۔

" ہاں بلقیس چلو تصویر کھنچوائیں ۔" دوسرا اٹھلا کر جواب دیتا ۔

شمن اور بلقیس جل جاتیں مگر انھیں ہنسی بھی آ رہی تھی ۔ جب تک وہ ساتھ رہتے وہ جلتی رہتیں مگر جیسے ہی وہ بچھڑ جاتے ان کی آنکھیں بے چینی سے تلاش کر کے انھیں ڈھونڈ لاتیں ، اور پھر ڈھکے چھپے جملے کسے جانے لگتے ۔ نمائش کے پھاٹک کے پاس شمن اور بلقیس کو ایک چھوکرے نے ایک بنڈل لا کر دیا کہ یہ وہ دکان پر بھول آئی تھیں ۔

" تمہارا ہوگا بلقیس ۔"

" نہیں تو ! میں نے کچھ خریدا ہی نہیں ۔ کھولو تو دیکھیں کیا ہے اس میں ؟ "

کھول کر دیکھا تو ٹانیاں ، چاکلیٹ !! اور مٹھائیاں ! مارے خوشی کے چیخ نکل گئی اور دونوں بنڈل پر ٹوٹ پڑیں ۔ فوراً اُن کی نگاہیں اٹھیں اور اُس کوڑیالے کی آنکھوں سے ٹکرا ئیں ۔ ہلکی سی سر کی جنبش سے اُس نے انھیں سلام کیا

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

اور فوراً دونوں بچھڑ گئیں۔ بلقیس نے رائے دی ،، پھینک دو،، مگر بھیک کا تقاضا ہوا یہ ہیو تونی ہوگی۔ بورڈنگ میں جیب خرچ ہی کتنا ملتا ہے۔ دونوں وہاں سے چل دیں۔ کچھ رد و کد کے بعد دونوں نے جیبوں میں مٹھائیاں بھر لیں۔

جب نمائش ختم ہوگئی تو شمن اور بلقیس کے نام عاشقانہ خط آئے۔ بڑے جوتے پڑتے اگر بلقیس پرنسپل صاحبہ کو سب صاف صاف نہ بتا دیتی۔ ہاں تصویریں کھچوانے کا واقعہ گول کر گئیں۔ بات دب دبا گئی۔ بلقیس نے بتایا کہ غریب کوڑیالہ کتنے ہی خط بھیج چکا ہے مگر سب پرنسپل صاحبہ نے پھاڑ کر جلا دیے۔ جب بات بہت بڑھی تو اٹھا کر سارے خط انہوں نے پی۔ ڈی۔ سی کو بھیج دیے۔ اس کے بعد یہ معاملہ ختم ہوگیا۔ کوڑیالے کا نمبر بھی پھیکا پڑ گیا۔ رشید کو بھی اس معاملے کی خبر مل گئی اور اُس نے یہ بات اور لڑکوں میں پھیلا دی اور سارے لڑکوں نے مل کر لنگوڑ مارے کوڑیالے کو ناکوں چنے چبوانے شروع کیے۔ بلقیس کی رائے تھی کہ خواہ مخواہ بچارے کو پریشان نہ کیا جائے، آخر اُس نے ایسا کیا جرم کیا تھا! اُلٹا اسی کا تو ہر طرح کا نقصان ہوا تھا!

سالانہ جلسے کا ڈرامہ ہوا! تھا تو اُس کی تصویریں کھینچنے کے لیے رشید ہی کو بلا لیا گیا۔ ویسے ڈرامے کی ساری لڑکیاں اُس کے سامنے آتی تھیں۔ باہر کا کوئی آدمی بلایا جاتا تو بڑا غل مچتا، جُہلا کو اعتراض ہوتا۔

شمن لڑکا بنی تھی، اور مونچھیں لگا کر تو شرم کے مارے اس کا دم نکلنے لگا بلقیس اُس کی محبوبہ رد تہ اللہ بنی تھی۔

،، ارے بی یہ چھوکرا کون ہے ؟،، رشید نے حیرت سے پوچھا اور شمن اپنی تلوار پھینک کر جھاڑیوں میں چھپ گئی اور تصویر کھچوانے سے قطعی انکار کر دیا، مگر تصویر کھچوانا ضروری تھی اور اُسے محبوبہ ردتہ اللہ کا ہاتھ چومنا تھا اور یہاں تو اُسے کھڑا ہونا ہی دبال معلوم ہو رہا تھا، ٹانگیں لرزی جاتی تھیں اور ہاتھ ٹھنڈے ہو رہے تھے۔

،، ارے چھوکرے ذرا پرے ہٹ کر کھڑا ہو،، رشید نے کہا اور شمن چڑھا

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

کر منمنانے لگی۔ بلقیس نے رشید کو ڈانٹا۔

"واہ، شمن تو ڈیوک کا بیٹا ہے، چھوکرا چھوکرا کیسے جانتے ہو؟"

"اچھا تو ڈیوک کے بیٹے کمبخت کی منجھن کی مونچھیں تھیں! خوب!"

"ہشت جھوٹے، منجھن تھوڑی کا جل ہے" - بلقیس نے پیار سے شمن کی مونچھ کو دیکھا۔

"ہائے بالکل تو اصلی لگ رہی ہیں"

اگر پرنسپل صاحبہ آکر نہ ڈانٹتیں تو مذاق کبھی ختم نہ ہوتا اور نہ تصویریں کھینچتیں۔

"آپا جی اب کے ڈراما ہو تو ہمیں لڑکی بنا دیجئے گا" رشید نے پرنسپل صاحبہ سے کہا

"بھئی جب کالو چپ لگا کر لڑکیاں مرد بن سکتی ہیں تو پھر میں کیوں نہیں لڑکی بن سکتا، بھئی واہ!"

جب سب جانے لگے تو رشید نے چپکے سے شمن سے کہا "اے دیکھو جی میاں لڑکے، ہماری چنٹی اُدھار رہے، کہیں ہضم نہ کر جانا" وہ ہنسی روکتی جھلاتی بھاگ آئی۔

(۱۸)

شمن اور رشید کا رومان پینگیں بڑھاتا رہا۔ روزانہ بلقیس اُس کا ایک پرچہ شمن کو لا کر دیتی۔ اُس پرچے میں کچھ بھی نہ ہوتا سوائے اُس پرانی چنٹی کے ارمان بھرے ذکر کے۔ اسے رشید شم شم یا میاں لڑکے لکھتا۔ سوائے رشید کے شمن کو کچھ بھی تو یاد نہ رہا۔ ششماہی امتحان میں وہ بُری طرح فیل ہوئی اور گھنٹوں شرم سے روتی رہی۔ ریاضی درجہ ٹل گیا حساب میں وہ ہمیشہ سے کمزور تھی، پرنسپل صاحبہ نے اسے ٹیوشن دلوا دی۔ کہنے سن کر رشید ہی اسے ٹیوشن دینے پر مقرر کیا گیا۔ اور کوئی شریف و معقول آدمی ملتا ہی کہاں تھا!

یہ طالب علم اور معلم کا رشتہ بھی کس قدر رومان انگیز ہوتا ہے، یا نہ ہے بات عشق اُبل پڑتا ہے۔ پڑھائی تو خاک بھی نہ ہوتی، شمن اور رشید گھنٹوں آسانی سے باتیں کیا کرتے۔ جب بہت دیر ہو جاتی تو دوسرے دن کی امید دل میں لے کر جدا ہو جاتے۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

پڑھنے کے لیے شمن کو پرنسپل صاحبہ کے بنگلہ ہی پر جانا پڑتا۔ شام ہی سے بنگلہ اندر سبھا کا اکھاڑہ بننا شروع ہو جاتا۔ دوستوں کے جھمگٹ شروع ہو جاتے۔ خاصا بے تکلف جماؤ جمتا جس میں بے تکلف زندگی پر مباحثے ہوتے، انسانی حقوق پر لکچر دیئے جاتے۔ پانچ چاند کے ٹکڑوں کے گرد ستاروں کے پرّے جمتے، مہذّب اور لطیف معاشقے چلتے اور بنگلہ قہقہوں سے گونج اُٹھتا۔

ایک دن وہ اور بلقیس برآمدے کی سیڑھیوں پر بیٹھی رشید کی تازہ شرارتوں پر بات چیت کر رہی تھیں کہ پھاٹک کھلا اور کسی نئی لڑکی کا سامان آنا شروع ہوا۔ سامان بہت سا تھا، معلوم ہوتا تھا کہ کئی بہنیں آئی تھیں، مگر سامان کے ساتھ نہ کوئی نہ کوئی لیس چونکہ پیر تھا اور رشید گئے ہوئے تھے لہذا شمن بنگلہ پر نہیں گئی تھی۔

دوسرے دن پرنسپل صاحبہ دو لڑکیوں کو لیے ہوئے اپنے دفتر میں چلی گئیں۔ لڑکیاں خوبصورت ہی نہیں امیر بھی معلوم ہوتی تھیں۔ ایک تو ان میں سے چھ سات سال کی تھی اور دوسری پندرہ سولہ کی۔ ان کے ریشمی ملبوسات اور فیشن سے متاثر ہو کر لڑکیاں کلاسوں میں سے نکل نکل کر جھانکنے لگیں۔

کھانے پر پرنسپل صاحبہ نے بلقیس اور جلیس کو بلا کر اُن دونوں لڑکیوں کو ان کے سپرد کر دیا اور چاروں نہایت مہذب بنی بنگلے سے آیا ہوا کھانا میز کے صاف ترین کونے پر بیٹھی کھاتی رہیں۔ کھانے پر آج ویسے بھی ضرورت سے زیادہ صفائی تھی۔ ٹوٹے ہوئے تام چینی کے ڈونگے اور بے قلعی رکابیاں اس خاص میز پر نہ تھیں بلکہ نئی پلیٹیں، جو کبھی دعوتوں پر نکال لی جاتی تھیں، لگی ہوئی تھیں۔ کھانا بھی بہت تھا۔ چونکہ جمعہ تھا اس لیے مکھن نکلے ہوئے دودھ کی پھیکی پھیکی کھیر بھی تھی۔ اتنے میں پرنسپل صاحبہ اور ایک لحیم شحیم حسین بیگم نہایت زرّیں لباس پہنے داخل ہوئیں اور اُن نئی لڑکیوں کے پاس جا کر باتیں کرنے لگیں۔ لڑکیوں کی کھسر پھسر سے معلوم ہوا کہ وہ ان کی اماں جان تھیں۔

نو وارد لڑکیوں کی امّاں نے بھی کھانا چکھا اور منتظمین کی تعریف کرتی رہیں؛

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

"ایسا مزے دار کھانا تو گھر پر بھی نہیں ملتا" مرغن کھانوں کا اشتہار، چربی کی پوٹ نوابزادی بولیں "لذیذ اور صحت بخش!" موٹاپے سے عاجز کباب پراٹھوں سے تھکی ہوئی بیگم کی زبان میں اتنا احساس ہی کب رہا ہوگا جو کھانے کی اچھائی برائی پرکھ سکتیں۔

کھانے کے درمیان ہی سے لڑکیاں اور بیگم پرنسپل کے ساتھ واپس جانے لگیں تو لفید بلقیس اور جلیس کو بھی ساتھ لے لیا۔

شام کو بلقیس اُن دونوں لڑکیوں کو لیے ہوئے واپس آئی۔ وہ اب تک بھڑکیلے لباس پہنے تھیں اور ساتھ ساتھ بلقیس بھی ایک خوبصورت سا دوپٹہ اوڑھے ہوئے تھی۔ سارے وقت اُن لڑکیوں کے ہمراہ رہی۔ بورڈنگ میں تو یہ لڑکیاں کیا آئیں عجائبات آگئیں۔ اپنا کام چھوڑ چھاڑ ساری لڑکیاں دیکھنے ٹوٹ پڑیں۔ اتنی دیر میں ان کا کمرہ بھی سج کر تیار ہو گیا تھا۔ علاوہ خوبصورت مسہریوں کے سنگھار میز، جو نہایت ہی عجیب چیز معلوم ہوتی تھی، اور میزیں، لیمپ، قالین، غالیچے ریشمی پردے غرض معلوم ہوتا تھا کہ جنگل میں کسی نے پھولوں سے لدا ہوا گلدستہ کھڑا کر دیا۔

شمن ان کے کمرے کے سامنے سے بھی نہ گزری۔ بورڈنگ میں جب سے اس کی بلقیس سے دوستی ہوئی تھی وہ دوسری لڑکیوں سے بہت دور ہٹ گئی تھی۔ پرنسپل صاحبہ کی منظور نظر ہو کر وہ سب کی نظروں سے گر چکی تھی۔ وہ اُسے خوشامدی، مغرور اور خود غرض سمجھنے لگی تھیں۔ آج جب بلقیس نئے مہمانوں کی آؤ بھگت میں غرق تھی وہ بے سہارا اور تنہا الّو کی طرح اپنے کمرے میں بیٹھی رہی۔ کھانے پر بلقیس لڑکیوں کے ساتھ بنگلے پر چلی گئی اور مسکراتی ہوئی طعن آمیز نظروں کے درمیان وہ خاموش اپنی جگہ بدبودار سالن اور خشک چاول نگلتی رہی۔

بلقیس کچھ چیزیں لینے کمرے میں آئی تو شمن نے منہ پھلا کر شکایت کرنا چاہی مگر بلقیس بڑی جلدی میں تھی۔

"ابھی نواب صاحب بھی آج آئے ہوئے ہیں۔ بے حد خوبصورت کپڑے ہیں۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

نسیمہ نے مجھے زبردستی یہ دوپٹہ دے دیا۔ آپا جی کا حکم ہے کہ لڑکیوں کا دل نہ گھبرانا۔ کوئی بات بھی ہے، کہتی ہیں پرسوں نواب صاحب کو پہنچا نے دلی تک چلو۔ وہ جلدی جلدی چیزیں سمیٹتی رہی۔

"اور کوکو تو غضب کی پیاری ہے۔ رشید پر تو فدا ہے۔ سارے دن کندھے پر چڑھی رہی" وہ ذرا جھینپی ہوئی سی جلدی سے چل دی۔

دو چار روز کی چھٹیاں آ گئیں۔ بلقیس جلیس اُن لڑکیوں کے ساتھ ان کے ماں باپ کو خدا حافظ کہنے دلی چلی گئیں۔ جب وہ آئیں تو بھی بلقیس سے کوئی بات نہ ہوئی۔ رشید کسی میچ میں گیا ہوا تھا اس لیے شمیم پھر بنگلے سے دور ہی رہی۔ پھر وہ پڑھنے پہنچی تو اس نے کچھ فضا بدلی پائی۔ حالانکہ رشید کو وہ تیس روپیہ آپا سے ہزاروں چالیں چل کر دلواتی تھی مگر وہاں آج اس طرح برتاؤ کیا جا رہا تھا گویا وہ کوئی یتیم لڑکی ہے جس پر رحم کھا کر وہ پڑھا دیا کرتا تھا۔ رشید موجود نہ تھا۔ وہ لڑکیاں زیادہ تر بنگلے پر ہی رہتیں اور ساتھ ساتھ بلقیس بھی آہستہ آہستہ بورڈنگ سے اپنی چیزیں بین بین کر گھر لے جا رہی تھی۔

رشید آیا تو اس دن بالکل پڑھائی نہ ہوئی۔ اوّل تو نسیمہ کے ساتھ کیرم کھیلنا تھا، دوسرے کوکو برابر کندھوں پر کودتی رہی تھی۔ علاوہ بلقیس اور جلیس کے قریب قریب ہر ایک فرداُن لڑکیوں پر مکھیوں کی طرح چپکا ہوا تھا۔ ان دونوں نے تو جس دن سے وہ آئی تھیں اپنے کپڑے چھوڑ کر اُن کے ہی پہننے شروع کر دیئے تھے۔ پرنسپل صاحبہ تک کو زبردستی کر کے نسیمہ نے اپنا شان کا ستاروں ٹکا دوپٹہ اوڑھا رکھا تھا۔ نسیمہ پیچھے پڑ جاتی تھی اور اپنا زیور اور کپڑا انھیں پہنا کر ہی دم لیتی۔

نسیمہ کی سنگھار میز جیسے کیمسٹ کی دکان! بلقیس جلیس تو ہر وقت منہ پر الا بلا لوتا کریں۔ سارے بورڈنگ کی لڑکیاں اُن کے کمروں پر ٹبع اُن کی تعریفوں میں چہکا کرتیں۔ نسیمہ نے تھوڑے ہی دنوں میں میدان پر پورا قبضہ کر لیا۔ قریب قریب ہر لڑکی پاؤڈر لپسٹک، پرانے ریشمی جمپر، دوپٹے یا چپل کے احسان کے نیچے دب گئی۔ ان کے ساتھ اُن کی بچپن کی کھلائی بھی تھی جسے سارا بورڈنگ اُن کی نقل میں بے بے کہتا تھا۔ موٹی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

چھوڑی مرد مار سی عورت خوشامدی لڑکیوں کو ہزار دھتکاریں بتاتی پر وہ اُس کے قدم چومنے کو تیار رہتیں۔

نسیمہ اور کوکو پر بورڈنگ کی کوئی پابندی عائد نہ تھی۔ نوکروں کے رہنے کی اجازت نہ تھی۔ مگر ان کے کیس میں مجبوراً پرنسپل صاحبہ نے دی۔ وہ لوگ کھانا اپنے کمرے میں کھاتیں۔ کھانا تو خیر اُن کی "ربے بے" خود اپنے ہاتھوں سے پکاتی تھی چینی کے برتن بھی اُن کے اپنے تھے۔ اُنھیں دو کمرے مع دو غسل خانوں اور اسباب کے کمرے کے ملے ہوئے تھے۔ اچھا خاصا گھر تھا۔ اُن کے برآمدے کی طرف سے کسی کو گزرنے کی اجازت نہ تھی۔

جلد ہی سنگھار کا مرض پھیلنے لگا۔ غریب لڑکیوں نے لال رنگ کی روشنائی اور چار آنے والا ٹیلکم پر لگانے کا پوڈر ہی تھوپ لیا۔ جدھر دیکھو لال پیلے گال اور مصنوعی گھونگھر والے بال نظر آتے۔ بجلی کے آلے نہ ملے تو سلائیں گرم کر کے ہی بال الجھا لیے، سیفٹی پنیں نتھارے اور گوٹے منہ جڑے تو پن اور چھوٹے پتّر سے ہی چپکا لیے۔ ان لڑکیوں کی وجہ سے بورڈنگ میں بزاز، چوڑی والے اور پھل والے کو بھی آنے کی اجازت مل گئی۔ اور کچھ نہیں تو قرض پر ہی خرید و فروخت شروع ہو گئی۔ کمبختوں کے پاس نہ جانے کہاں سے قارون کا خزانہ آن ٹوٹا تھا کہ سارے بورڈنگ کو قرض دینے کے بعد روزانہ ٹوکریوں پھل اور بنڈلوں بسکٹ آتے اور لنگر بٹتے۔ حلوے بنتے اور پارٹیاں ہوتیں۔ آج کوکو کی سالگرہ ہے، سارے بورڈنگ کی دعوت، پرنسپل صاحبہ کے خاندان بھر کی دعوت۔ آج نسیمہ کا جی گھبرا رہا ہے، بلقیس کی سالگرہ کی دعوت وہ خود کر رہی ہے مع سارے خرچے کے، اُوپر سے بلقیس اور حلیمہ کو جوڑا مل رہا ہے، خیرات میں مرنے والیوں کا بھی بھلا ہو رہا ہے

شمن اب حساب میں اتنی کمزور نہ رہی تھی جتنی نسیمہ اُردو میں۔ اس نے ساری عمر کانوینٹ میں گزاری تھی، اب اس اسلامی اسکول کی عاقبت سدھارنے بھیجی گئی تھی۔ لہٰذا رشیدہ اسے پچھتر روپیہ پر اُردو، جغرافیہ اور حساب پڑھانے لگا

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

تھا۔ نسیمہ نویں جماعت میں تھی۔ گو اس کی انگریزی کئی استانیوں سے اچھی تھی اور اُردو میں دوسری جماعت کی بھی قابلیت نہ تھی، انگریزی کے گھنٹے میں وہ شمن کی کلاس میں بھی آجاتی۔ سوال سننے سے پہلے وہ جواب دے دیتی اور استانی صحیح کر استانیوں کی باچھیں کھل جاتیں، نیز دوسری لڑکیوں پر اور جوتا بارہا ہوتی۔ سارے وقت نسیمہ بالکل کچھ ملقتیں بولا کرتیں اور استانیاں اُنہیں شاباشی دیا کرتیں۔ باقی کی لڑکیاں گھبرائی اور شرمندہ بیٹھی پھٹکاریں سنا کرتیں۔

یہی نہیں، کھیل کے میدان میں نسیمہ نے سب کو چت کر دیا۔ وہ کبھی اندھا دھند بھی کر جاتی۔ بازپرس پر نہایت تیز انگلش میں بولنے لگتی جس پر ساری لڑکیاں جھجک جاتیں اور انگریزی کی مدرس انگلستانی اُس کی ساری گستاخیاں انگریزی کے پیار سے جملے سے معاف کر دیتیں۔ نہ جانے کیوں شمن نے پہلی نظر میں نسیمہ کو دشمن کا عہدہ دے دیا ہوتا۔ ہر موقعے پر اُس کی اور نسیمہ کی ٹکر ہو جاتی۔ دونوں کی گستاخ نظریں ٹکراتیں مگر جھک جاتیں۔ اب بھی جب رشیدہ ماما اُس سے دو چار میٹھی باتیں کہہ دیتیں مگر وہ بات نہ رہی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا وہ کچھ بھی اپنا جا رہا ہے۔ پرنسپل کی نظروں سے بھی وہ اُتر گئی تھی اور بورڈنگ میں تو اُس کی حیثیت تھی ہی ایک غیر جیسی۔ لوری تو جلیبیں کے ساتھ کوکو کا دم چھلا بن چکی تھی۔ غرض ایک بار پھر اُسے ایک ناقابل بیان سنسان تنہائی کا احساس ہوا اور اس شدت سے کہ اُس نے ہر چیز سے بغاوت کر دی۔

سب سے پہلے تو وہ کتابوں پر ٹوٹ پڑی۔ نسیمہ کی زبان تیز تھی مگر معلومات صفر کے برابر تھیں۔ تھوڑے ہی دن میں اُس نے نسیمہ کی تلنیج کا جواب بگڑی ہوئی حفظ کی ہوئی انگریزی میں دینا شروع کیا۔ پورے پورے صفحے رٹ کر اُس نے نسیمہ کو چت کر دیا۔ اڑیل گھوڑے کی طرح وہ پیر جما کر کھڑی ہو جاتی اور ساری مسکراہٹوں اور قہقہوں کا جواب وہ رکتی ہوئی زبان میں دیتی رہی۔ اسے کھیل سے نفرت تھی مگر جلتی دھوپ میں اُس نے مشق کی، یہاں تک کہ وہ کھیل میں بھی چوٹ کھائی شیرنی کی طرح سب پر حاوی ہو گئی۔

نسیمہ کے احسانات تو خیر تھے ہی جادو کے منتر، شمن کی ضدیں ہٹ دھرمیاں اور

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

گستاخیاں بھی بیکار نہ گئیں۔ رفتہ رفتہ ساری وہ لڑکیاں جو کسی طرح نسیمہ کی نظروں سے اتر گئی تھیں شمن کے جھنڈے تلے آگئیں۔ نسیمہ کو اب بورڈنگ میں بہت کم وقت گزارنے کو ملتا تھا کیونکہ اسکول سے آکر فوراً وہ اُردو کی کرم دری دروکر نہ بنگلے پر چلی جاتی تھی۔ کوکو بھی اب وہ بھول جلیبی گرہایا نہ رہی تھی۔ بے بے کے تو بس کی نہ تھی۔ بدتمیز بچیوں کے گروہ میں مل خاک دھول میں لوٹا کرتی اور وہ کوکو جیسے چوہے سے لیے لڑکیاں بے اختیار کلاسوں سے نکل پڑتی تھیں، اب چپتیں کھا کر کمروں سے نکلتی۔ پھل بھی کچھ کم آنے لگے تھے کیونکہ زیادہ تر تو بنگلے پر چلے جاتے۔ نسیمہ تو زیادہ تر کھانا بھی وہیں کھاتی۔

شمن کمرے میں خاموش بیٹھی تھی۔ وہ اب اکیلی رہتی تھی۔ بلقیس کے جانے کے بعد اس نے کسی کو نہ آنے دیا تھا۔ وہ ایک تقریر کو رٹنے میں مشغول تھی جو اُسے دوسرے دن کرنا تھی کہ اتنے میں بلقیس آئی۔ وہ کچھ شرمندہ اور پشیمان سی تھی۔ کسی کتاب کے بہانے سے وہ دیر تک میز ٹٹولتی رہی، پھر بیٹھ گئی۔ شمن نے بات نہ کی تو خود ہی بولی "پوئٹری بک میری کھو گئی، ذرا اپنی دے دو۔" شمن نے کتاب اُٹھا کر سامنے ڈال دی۔

"کل کے لیے تیاری کر لی؟"

"ہاں۔"

"لاؤ میں سن لوں۔" بلقیس نے قریب آکر سپیچ کی کاپی لے لی۔ شمن کے گلے میں آنسو اٹکنے لگے، جی چاہا سنائے کھری کھری، مگر بلقیس کی جھکی ہوئی نظریں دیکھ کر وہ چپ ہو گئی۔

"خدا قسم نسیمہ مر بھی جائے تو نہیں بول سکتی۔ پتہ ہے اُس نے ابھی تک نوٹ بھی تیار نہیں کیے ہیں۔"

"بھئی وہ تو بغیر نوٹ کے بول سکتی ہے۔"

"خاک بھی نہیں۔ رشیدہ نے اتنی غضب کی تقریر تیار کر کے دی جناب نے پڑھی تک نہیں۔"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

"میری اور علیبی کی لڑائی ہو گئی" وہ تھوڑی دیر خاموش رہ کر بولی۔
"ہیں؟ ہٹو!"
"سچ!"
"مگر؟"
"کمینہ ہے! پتہ ہے تمھیں اتوار کو" وہ کچھ کہتے کہتے رک گئی۔ شمن نے بالکل تجسس کا اظہار نہ کیا۔
"مجھے کہنے لگے کہ آٹھ پلیٹوں کا فلم ہے، چار نسیمہ کی تصویریں کھینچ لینے دو بجر تمہاری۔ اور جناب بعد میں معلوم ہوا صرف چھ تھیں جن میں سے ایک جلیبی بنکر بہن کر کھچوائے گی۔ جی ہاں گویا میں مرتی ہوں ان کے فلم پر"
"ایک ہی فلم تھا"
"ہاں۔ کہنے لگے دہلی سے لانا پڑے گا۔ اور خدا قسم اتنی بیہودہ ہوتی ہیں بعض لڑکیاں یعنی رشیدہ بیچارے نے جناب کی سینکڑوں تصویریں کھینچیں اور اب ... چپہ ہارہے!" بلقیس روہانسی ہو گئی " ایک لفظ نہیں پڑھتیں۔ آپا بی نے کہا تو فوراً دو مہینے کی ٹیوشن کا چیک لاکر دے دیا۔ یہ آپا بی خدا قسم اتنی وہ ہیں، نہ جانے کیوں دیتی ہیں" آپا بی غریب پانچ بہنوں اور ایک لاڈلے بھائی کی اکیلی کفیل تھیں۔
"تم بھی تو دیتی تھیں" شمن نے کہہ ہی دیا۔
"جی ہاں، جوتی دیتی ہے چڑیل سے۔ ہنہ۔ وہی زبردستی کرتی تھیں۔ پتہ بھی ہے علیبی کو آپ کے اپنے گھر مسوری لے چلنے کو کہتی ہیں"
بلقیس شمن سے روناد و کر چلی گئی۔ سہ پہر کو میٹرن سے نسیمہ کے لڑنے کی آواز سن کر ساری لڑکیاں کھڑی ہو گئیں۔ بات یہ تھی کہ [illegible] آیا تھا اور پرنسپل صاحبہ کے حکم سے لوٹا دیا گیا۔ میٹرن سے جو نسیمہ نے کہا تو وہ [illegible] ظاہر کرنے لگی جس پر نسیمہ خوب بگڑی مگر شکست ماننا پڑی۔ وہ باہر نکل کر جو کچھ خریدنا تھا خرید لائی، میٹرن چوں نہ کر سکی۔ شام کو ہال کے سامنے نوٹس ناٹکا گیا کہ بورڈنگ میں کسی سودے والے کو آنے کی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

اجازت نہیں، خرید و فروخت صرف اتوار کو ہوگی اور بورڈنگ کے باہر کے کمرے میں۔ ساری لڑکیوں نے یہ علانیہ نوٹس پڑھا اور بڑ بڑائیں، گویا بڑی انھیں خریداری کرنی تھی۔

تیسرے چوتھے دن شمن جو کمرے میں گئی تو بلقیس کو خاموش پلنگ پر بیٹھے دیکھا۔ اسے دیکھ کر وہ خاموش تکتی رہی پھر منہ پھیر کر بستر پہ اوندھی گر کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

"ہائیں بلّی کیا ہوا؟" آج بہت دن بعد شمن نے اسے پیار سے پکارا۔
"ہائے شمن!" بلقیس اس سے لپٹ کر پھوٹ پڑی۔ بڑی دیر تک وہ اسے عیلی اور نسیمہ کے عشق کا حال بتاتی رہی۔ عیلی۔ آئی۔ سی۔ ایس کے مقابلے میں بیٹھ چکا تھا اور اس کے باپ کی سفارش سے یقین تھا کہ وہ کامیاب ہو جائے گا۔ اور آج بلقیس نے جب اس کی دی ہوئی البم اٹھا کر پھینک دی تو وہ اُلٹا برا مان گیا۔
"بلقیس تم میری البم لے لینا" نسیمہ نے اسے چھیڑا۔ "میں اب دوسری منگوا رہی ہوں پیرس سے۔"
ہُنہ! گویا بلقیس کسی کی بیکار چیزیں جمع کیا کرتی ہے۔ اور پھر عیلی نے معافی بھی تو نہیں مانگی۔ خیر وہ آج ہی عباس اور انصار کو چائے پر بلائے گی، شمن کو بھی چلنا ہوگا۔

پرنسپل صاحبہ کے پرچہ پر شمن کو جانے کی اجازت مل گئی۔ آج خوب جھمگٹا تھا۔ بلقیس بہت سجی ہوئی تھی مگر نسیمہ نے ضد میں کپڑے نہ بدلے تھے۔
"بلّی اس دوپٹے کے ساتھ کا جمپر کبھی لے لیتیں، میرا تو جی کھٹا ہو گیا ہے چھپی ہوئی چار خانے سے۔" نسیمہ نے چھچھورے پن سے سب کے سامنے یہ ظاہر کر دیا کہ بلقیس اسی کے دیئے کپڑے پہنے ہوئے تھی۔ بلقیس خون کا سا گھونٹ پی گئی مگر اس کا پارہ چڑھ گیا جب اس نے عباس اور انصار دونوں سے انگریزی شاعری پر فاضلانہ بحث کر کے بلقیس کو بالکل پس پردہ ڈال دیا۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

رشید نے شمن سے کچھ نہ کہا۔ اُس کی ہتھیلی میں کہیں سے ایسی باریک پھانس لگ گئی تھی کہ نکلتی ہی نہ تھی۔ شمن دیر تک اُس کی ٹائی پن کی مدد سے پھانس ڈھونڈتی رہی مگر نہ ملی۔ کھانے پر کچھ نسیمہ اور بلقیس میں تیز تیز جملے چلے جن پر سب نے بلقیس ہی کو ڈانٹا۔ یہاں تک کہ انصار بھی کہنے لگا کہ بلقیس بڑی کٹ حجتی کرتی ہے۔ بلقیس کھانا چھوڑ کر چلی گئی جس پر نسیمہ کو ہنسی آ گئی۔

بورڈنگ جانے سے پہلے نسیمہ اور بلقیس میں پھر ٹھن گئی۔ بیچ بچاؤ کروا دیا گیا مگر بلقیس کو پھر سب نے ڈانٹا۔ نسیمہ کے ساتھ شمن کو اُس نے جانے بھی نہ دیا۔ اور وہ اکیلی ہی چلی گئی۔ عیسیٰ، عباس اور انصار ساتھ جانے کو بلبلاتے رہے مگر پرنسپل صاحبہ نے کہا کہ بورڈنگ کی حدود میں لڑکوں کا جانا ٹھیک نہیں۔

رو رو کر بلقیس نے شمن کو رات کو اپنے کمرے میں رکھ لیا۔ بڑی دیر تک وہ اُس کا رونا روتی رہی۔ سونے سے پہلے رشید کسی کام سے کمرے میں آیا اور اِدھر اُدھر کی باتیں کرتا رہا۔

"اچھی بجلی بجھاتے جاؤ۔" بلقیس نے اُٹھنے کی تکلیف سے بچنے کے لیے رشید کی خوشامد کی۔

وہ بجلی بجھا کر اندھیرے میں بلقیس کی ناک پکڑ پانے کی کوشش کرنے لگا۔ اُس کی ناک چھوڑ کر دوسرے ہاتھ سے اس نے شمن کی چھنگلیا کو آہستہ سے دبا کر چھوڑ دیا اور جلدی سے باہر نکل گیا۔ شمن دیر تک سُن پڑی جاگتی رہی۔

دوسرے دن کھانے کی چھٹی میں ہال کے سامنے نوٹس ٹنگا تھا کہ بنگلے پر آنے کے لیے پہلے پرنسپل صاحبہ کی لکھی ہوئی اجازت کی ضرورت ہوگی۔ معنی خیز نظریں نسیمہ پر پڑ رہی تھیں اور سر جوڑ جوڑ کر باتیں ہو رہی تھیں۔ شام کو ایک پوٹلی میں نسیمہ کی دی ہوئی ساری چیزیں اُس کے کمرے پر بلقیس کا نوکر دے گیا۔ نسیمہ نے جھاڑو دیتی ہوئی مہترانی کو بلا کر پوٹلی جوں کی توں اُسے دے دی۔ نہ جانے کتنے جھلملاتے دوپٹے، کرتے، جوتے، البم، پاؤڈر، لپ اسٹک، مسکارے کے ڈبے، بندے، انگوٹھیاں اور پنیں [illegible]

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کی حسرت بھری نگاہیں دیکھتی رہیں اور مہترانی سب کچھ سمیٹ لے گئی
امتحانوں سے پہلے ہی گرمی کی وجہ سے نسیمہ اور کوکو پہاڑ پر چلی گئیں اور یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ اب نہ آئیں گی۔ ان کا فرنیچر غریب لڑکیوں میں بانٹنے کے لیے چھوڑ دیا گیا۔ مگر وہ فرنیچر بنگلے پر پہنچ گیا۔

(۱۹)

چھٹیاں آئیں تو گھر جانا ہی پڑتا ہے۔ ویسے ہی گھر اسے ناپسند تھا مگر اب کے چھٹیوں میں تو حد ہو گئی۔ نوری سیدھی اپنی ددھیال چلی گئی۔ اس کا دل بری طرح گھبراتا۔ گو وہ کئی مضامین میں کمزور تھی مگر الٹ پلٹ کر دیکھنے کو توجی نہ چاہتا۔ گھر ویسے ہی بھرا ہوا تھا اور دنگل غپاڑا مچا رہتا تھا مگر شمن کا کوئی دوست نہ تھا۔ اس کی ایک بھاوج کے بچہ ہوا۔ اس اودھم میں تنہائی ذرا کم ہو گئی مگر پھر بھی اسے ہر چیز بے تکی، ادھوری اور بے ڈھنگی معلوم ہوتی کالج میں ہر چیز کتنے انتظام سے ہوتی تھی۔ یہ تھوڑی کہ ہر چیز لشتم پشتم!
بلقیس کا خط آیا اور اس کے ساتھ رشید کا پرچہ بھی۔ بڑے بھیا نے خط کھول کر دیکھ لیا اور بڑی لے دے مچی مگر شمن ایک چالاک! اس نے کہہ دیا کہ یہ اس کی سہیلی کے چھوٹے بھائی نے لکھا ہے، اور رشید لکھتا بھی تو بچوں جیسی باتیں تھا۔ اس نے وہی اپنی پرانی ادھار کی چنٹی مانگی تھی۔ بڑی تھکی ہوئی آواز میں ڈوبی ہوئی بھیک!
کچھ دن بعد بلقیس پہاڑ پر چلی گئی اور خط آنے بند ہو گئے۔ ایک خط سے اسے معلوم ہوا کہ وہ اور بلقیس نینی تال میں پڑھیں گی۔ اس کے بعد جب وہ کالج واپس گئی تو اسے معلوم ہوا کہ رشید انگلینڈ چلا گیا۔
شمن کو ایسا معلوم ہوا جیسے فلم کی ریل چلتے چلتے بیچ میں سے ٹوٹ گئی اور ہال کی بجلیاں بھک روشن ہو گئیں۔ ان کی کرخت روشنی کی نوکیلی شعاعوں سے اس کی آنکھیں چندھیا کر جھپک گئیں۔ خاموش اور خوفزدہ وہ سانس روک کر سمٹ گئی۔ بچہ شرارت کرنے میں انگلی کاٹ لیتا ہے تو جھٹ اسے کرتے میں چھپائے سہما ہوا کونے میں دبک

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جانا ہے۔ شمن کے احساسات بھی دکھ اور شرم سے خوفزدہ ہو کر نہ جانے دل کے کس سنسان کونے میں اوندھے منہ جا گرے۔ شاید ہمیشہ کے لیے!

بلقیس کا خط آیا بھی تو اس میں رشید کا کوئی ذکر نہ تھا۔ وہ بھی شاید اس کی طرح آنکھیں چھپا رہی تھی۔ جب کوئی اچانک کیچڑ میں پھسل پڑتا ہے تو رحم دل جلدی سے اپنا منہ دوسری طرف پھیر لیتے ہیں تاکہ گرنے والا چوٹ تو جی کھول کر سہلا سکے۔ شمن زیادہ مرہم پٹی کی قائل نہ تھی، بڑی بے رحمی سے سب کچھ دور جھٹک کر آگے بڑھ گئی۔

اسے اب گھر پر بھی دلچسپی معلوم ہونے لگی تھی۔ اس نے چھپے چوری سائیکل سیکھ لی! بر بھائیوں سے بھی پریم بڑھانا شروع کیا۔ نوری جب ددھیال سے آئی تو حد درجہ پکی ہو گئی تھی۔ پڑوس کی لڑکیوں کے ساتھ چھپ چھپ کر اس نے عجیب و غریب کپڑے سینا سیکھ لیے تھے۔ حالانکہ اُسے ابھی ان کی بالکل ضرورت نہ تھی مگر بڑے پُر اسرار طریقوں سے پہنے جاتے، میلے ہوتے اور دھو کر بند صندوقوں میں سکھائے جاتے۔ وہ اپنے ایک رشتہ دار کے بھائی سے محبت کرنا سیکھ آئی تھی جس کے نام کے پہلے حرف سے [illegible] بی کر شرمایا کرتی۔ شمن نے اُسے رشید کے متعلق کچھ بھی نہ بتایا، اور اب بتانے کو رہا بھی کیا تھا؟ وہ جان جان کر اُسے بھائی رشید کہتی، لفظ بھائی پر غیر معمولی زور دے کر۔

بڑی آپا بالکل بدل گئی تھی۔ اُس کی دوستی مونچھوں والی عزیز بیگم سے ہو گئی تھی [illegible] کے میاں انھیں قتل کرنے پر تلے ہوئے تھے مگر وہ تو بڑی آپا سے دوپٹہ بدل رشتہ قائم کر چکی تھیں۔ وہ تو گھر ہی میں آن رہتیں مگر لوگوں نے ایسا غل مچایا کہ حد ہیں۔ بچاری آپا رو رو کر اپنے مرحوم میاں اور سسر کو کوستی رہی۔ عزیز بیگم سے سارے گھر کو نفرت تھی۔ بڑے لڑکے تو اُن کا نام سُن کر ہی چڑھ جاتے۔ گو وہ پردہ کرنے کے قابل نہ تھے۔ پھر بھی وہ اُن سے چھپ چھپ کر انھیں یاد دلاتیں کہ وہ جوان ہو رہے ہیں لہٰذا خطرے کی حدود میں آ چکے ہیں، اور چھوٹے اُن کی مونچھوں سے جھینپتے تھے جنھیں وہ کند چمٹے سے کچھ یونہی سا چھدرا کر لیتی تھیں۔ انھیں دیکھ کر شمن کو بے اختیار نجمہ یاد آ جاتی، گو صورت میں بہت بل تھا مگر بجانے کیا بات تھی جو دونوں میں موجود تھی۔ وہ ہلکی سی مسکراہٹ

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جس میں غنودگی اور بیزاری ایک ساتھ ڈبکیاں کھاتی نظر آتیں، وہ پتلی پتلی چھوٹی سی چال گرم گرم سانسیں اور دہکتا ہوا رنگ!

اُسی زمانے میں شمن کی ایک خالہ کا لڑکا اعجاز ان کے گھر میں آکر رہنے لگا۔ اعجاز کا باپ مر چکا تھا اور اماں نے دوسرا نکاح کر لیا تھا۔ سوتیلا باپ اس کے حق میں سوت سے بدتر تھا۔ وہ اُسے اور خالہ دونوں کو بُری طرح کوٹتا تھا اس لیے اسے یہاں بھیج دیا گیا۔ سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اعجاز کو کوئی کس بات پر مار سکتا تھا۔ وہ عموماً چپ چاپ اُلو کی طرح بیٹھا بولنے والوں کے ہونٹ تکا کرتا۔ شرارت تو وہ کرنا جانتا ہی نہ تھا۔ لوگ ارمان کرتے ہیں کہ اُن کے بچے شریر نہ ہوں مگر اعجاز کو دیکھ کر وہ بھی کانپ اُٹھتے۔ وہ بالکل مار کھائے ہوئے بندر کی طرح ایک جگہ بندھا چاروں طرف آنکھیں گھمایا کرتا۔ اُس کی آنکھیں ایک ہی وقت میں بھوکی، فریادی اور متحیر نظر آتیں۔ بغیر مانگے ہی اُس کی ہر ہلکی سی جنبش سے التجا اور بھکاری پن ٹپکتا۔ کھانے پر سب سے پہلے بغیر بلائے پہنچ کر دسترخوان کی سلوٹیں دور کرنے لگتا اور چمچوں کو قرینے سے سجاتا۔ جب تک کھانا شروع نہ ہو جاتا وہ جیسے بیٹھا بیٹھی بیٹھے پیار بھری نظروں سے دیکھا کرتا۔ ایک ہی شوق تھا ساتھ پھیلا بیٹھا ہر چیز نگل جاتا۔ نمک مرچ، گھٹا میٹھا سب اس کے لیے بے نیاز ہر کھانے کی چیز اُسے مزے دار معلوم ہوتی۔ عموماً وہ سب کے بعد کھانا ختم کرتا اور بچی کھچی روٹی اور رکابی کی پڑچھی کا بڑا سا لقمہ بنا کر منہ میں رکھ لیتا۔ یہ آخری لقمہ وہ بڑے انہماک سے دیر تک چبایا کرتا۔ ہاتھ منہ دھو لیتا لیکن کھانے کا مزہ قائم رکھنے کے لیے وہ کُلی ہرگز نہ کرتا۔ ویسے منہ ہاتھ دھونے پر کبھی اُسے کچھ کہنے کی ضرورت نہ تھی۔ صبح ہی صبح برتن دھونے کے نل سے منہ دھو کر بڑی نفاست سے کرتے کے دامن سے منہ پونچھ ڈالتا مگر دیکھنے میں پھر بھی نہایت غلیظ نظر آتا۔ گدلی اور مردہ رنگ کی جلد اور میلے بال اور میلے کپڑے۔

گھر کے کام کاج میں وہ بڑی مستعدی دکھاتا۔ عموماً اپنے سے چھوٹوں کا کام کر دیتا۔ اُن کے جوتوں کو مانجھ ڈالنے اور کتوں کو چھوٹے ٹکڑے سے کھلانے کا بہت شوق تھا

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دسترخوان سے سارا کوڑا سمیٹ کر وہ احاطے کے کسی سنسان کونے میں مرغیوں اور کتوں کو پکار کر ڈال دیتا، لیکن جلد ہی لوگوں کو اس کے اس شوق کی اصلیت معلوم ہو گئی کیونکہ کر دینے سے پہلے وہ سالن لگے ہوئے ٹکڑے سے، بچی بچائی ہڈی سے چپکی ہوئی بوٹی اور ایسی ہی دوسری کارآمد چیزیں منہ میں رکھ لیتا۔ اتنا کھانے پر بھی ایک طرح کی بے چینی بھوک اس کی آنکھوں میں جھلملایا کرتی۔

اعجاز کا پیار کا نام اجو تھا۔ نہ جانے کمبخت پر کس کو پیار آتا ہوگا، مگر لوگ نہ بچوں کے نام رکھتے وقت دوسروں کے احساسات کا تھوڑا سے خیال رکھتے ہیں۔ وہ بڑا ڈرا بزدار تھا۔ ابا کو انگریزی بالوں سے سخت نفرت تھی اور لڑکے کے سر منڈواتے وقت غدر مچا دیتے تھے مگر جیسے ہی نائی آتا اجو اپنا بے ہنگم سر لے بیٹھتا اور مسکرا مسکرا کر منڈوا لیتا۔ انعام کے دو پیسے لے کر وہ کمر بند میں بڑی سی گانٹھ باندھ لیتا۔ مگر ابا کو یہ انعام دے کر بالکل خوشی نہ ہوتی۔ اپنے اصول پر قائم تھے مگر اجو کا گھٹا ہوا سر دیکھ کر نفرت کی ایک لہر ان کے دل میں بھی اٹھتی۔ سب کو اس کے سر سے نفرت تھی۔ بچپنے میں ایک ہی رخ لیٹے رہنے سے اس کا سر ایک طرف کیڑا لگے ہوئے خربوزے کی طرح پچکا ہوا تھا۔ چپت کھا کر وہ خوش مزاجی سے ہنس پڑتا، جس پر رحم کا جذبہ ذرا سر اٹھاتا لیکن فوراً ہی یہ رحم ایک غیر فانی نفرت میں تبدیل ہو جاتا۔

چھوٹے بڑے سبھی اور اس کا مذاق اڑاتے، نوکر گھرکیاں، تیسے اور برابر والے اس سے گھس کھاتے۔ اس پر طرہ یہ کہ جب شمن پیدا ہوئی تھی، تو خالہ نے اجو کے نام کا ٹھیکرا سے میں روپیہ ڈال دیا تھا، ٹھیکرا تو تھا نہیں کیونکہ شمن کے پیدا ہونے پر میم آئی تھی مگر دبانی بات ہو گئی تھی۔ اماں بھی چپ ہو گئی تھیں کہ خالہ کا دل نہ ٹوٹے۔ ماں غریب ہزار جان سے بیٹے پر قربان تھیں۔ جب کوئی تہوار آتا وہ نئے کپڑوں کا جوڑا اور تل کے لڈو لے کر آ جاتیں۔ اجو اچھا بیٹا بن کر وہ لڈو پاندان کی تھالی میں لے کر ہر ایک کے سامنے پیش کرتا، مگر سب کے انکار کر دینے پر سارے لڈو اسی کو نگلنے پڑتے۔

علاوہ غریب ہونے کے خالہ بدمذاق اور پرانے فیشن کی بھی تھیں۔ اتنے بڑے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

گھوڑے کے لیے پھول دار کرتا اور لال ٹول کا رومال لائیں۔ عید کے دن صبح تڑکے ماں بیٹے اُٹھ کر باسی یخ پانی سے غسل فرماتے اور کورے کلف دار کپڑے پہن کر اچھو سب کو سلام کرنے اُن کے بچھونوں پر پہنچ جاتا۔ ساتھ ساتھ دعاؤں کی پوٹلی بغل میں دبائے ہنستی مسکراتی خالہ ہوتیں، مگر سب ہی تو اس خلل اندازی پر بڑبڑاتے اور کوئی بھی جی سے دعا نہ دیتا۔ اچھو پڑنگ ہو یا کیک سب کو بیٹن ہی کہتا۔ تاش کھیلتے ہیں جب وہ اسپیڈ اور ڈائمنڈ کے بجائے وہی حکم اور اینٹ کہتا تو منجھلے بھیا کا خون کھول اٹھتا۔

"اچھو کے بچے سلام کرنا ک پکڑ کر ادھر اور اُدھر بھی" اچھو ناک پکڑ کر چاروں طرف سلام کرتا۔ "اچھا اب ایک ٹانگ پہ کھڑے ہو جلدی، جلدی" وہ اسی کے گٹوں پر پٹاک سے چھڑی مارتے "نہ بھیا! کیوں مارے ڈالے ہو نگوڑے کو" خالہ گھگیاتیں اور پھر اچھو سے خوشامدیں دوسرے بچوں کے بستر تہ کرواتیں، بکھرے ہوئے جوتے موزے رکھواتیں۔ ایک پیسہ، آدھی چوسی ہوئی آم کی گٹھلی، جھوٹے دودھ چاول کا لالچ دے کر اچھو سے ہر ملکی خدمت لی جا سکتی تھی، اور یہ غریب ہزاروں گٹھلیوں اور جھوٹی ہڈیوں کے نیچے دبا ہوا کوڑیا غلام کی طرح کام کرتا۔

جب شمّن اچھو کو دیکھتی تو وہ اُسے موٹی سی گستاخ گالی نظر آتا۔ اُس کے جذبات کھول کر بغاوت پر آمادہ ہو جاتے اور اُس کا جی چاہتا کسی کی بوٹیاں دانتوں سے چبا کر تھوک دے۔ اُوپر سے عاقبت نا اندیش خالہ نے اچھو کی گت دیکھ کر سوچا اگر منگنی کا ذکر چھیڑ دیا جائے تو شاید آئندہ داماد سمجھ کر اس شدّت سے آزار نہ پہنچایا جائے لہٰذا وہ بیچ صحن میں بیٹھ کر ارمان بھری باتیں کرنے لگیں۔ سب دم بخود رہ گئے اور شمّن کے تو تن بدن میں چنگاریاں چھٹنے لگیں۔ مارے نفرت کے وہ اُس کے منہ پر تھوک بھی تو نہ سکی۔ مگر اچھو پر کچھ عجیب ہی اثر ہُوا۔ وہ ہکا بکا تھوڑی دیر چاروں طرف دیکھتا رہا پھر ایک دم اُس کی پھریری پر نہ جانے جسم کی کن رگوں سے خون جھلک آیا، اُٹھ کر وہ بے تحاشا باہر بھاگ گیا۔

اُس دن سے شمّن سے وہ بے طرح شرمایا اور جھینپا سا رہنے لگا۔ شمّن کو دیکھ کر

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

وہ مفلوج سا ہو جاتا اور اگر وہ پاس سے بھی گزر جاتی تو وہ شل ہو جاتا۔ اس کی غیر فانی ہوک کے بعد یہ پہلا جذبہ تھا جو اس شدت سے اچّو پر حملہ آور ہوا تھا۔ وہ گھر میں قدم رکھتا تو شمّن کے تپنگے لگنے لگتے۔ اُمیدوار داماموں کی سی سنجیدہ شرم اور تکلّف دیکھ کر اُس کا جی چاہتا اُس کے منہ پر جوتا مار دے اور بدترین جملے اُس کی شان میں دہرا دے۔ ایک اور بھی زبردست انقلاب پیدا ہو گیا اُس میں۔ وہ اُس کی چلبلی بیوقوفیاں جو وہ لوگوں کے خوش کرنے اور ہنسانے کو کیا کرتا تھا یکلخت بند ہو گئیں۔ گو وہ شمّن سے شرمایا رہتا لیکن چھپ چھپ کر گھنٹوں اُس کی ہر جنبش کو گھورا کرتا۔

رات کو سب بچّوں کے پلنگ برابر برابر ڈال دیئے جاتے۔ اچّو کسی نہ کسی بہانے سے اپنا پلنگ شمّن کے قریب اڑا لیتا۔ کسی کو خیال بھی نہ آتا کہ وہ جان بوجھ کر ایسا کرتا ہے کیونکہ لوگ اُسے حد درجہ کا بیوقوف سمجھتے تھے، لیکن شمّن کا ہی جی جانتا تھا۔ جب سب سو جاتے تو اچّو آہستہ آہستہ اُس کے پیروں میں اپنے پیر کا انگوٹھا اور انگلیاں ملا کر چٹکیاں لیا کرتا۔ وہ اُسے ڈانٹ کر دُور جھٹک دیتی مگر وہ سوتا بن جاتا اور رات کو آنکھ کھلتی تو اُسے اپنے پلنگ پر تو بہت سے پھُند کیے معلوم ہوتے۔ شاید نہ ساری رات جاگا کرتا تھا کیونکہ دم بھر کو شمّن چین سے نہ سو پاتی، اچّو کا ہاتھ پیر اُس کی پنڈلیاں ران کو سہلایا کرتا۔

"کیا ہے اچّو؟ ہم مار دیں گے۔" اُس نے کئی بار جوتا اُٹھا کر مارا مگر سویا ہوا اچّو آہستہ آہستہ اُسے خوفزدہ کرنے لگا۔ وہ اُس سے بچنے کے لیے بوڑھی انّا کی پٹی سے پٹی ملا کر سونے لگی اور دوسری طرف پلنگ دیوار سے اڑا لیتی اور ان سے وہی بادشاہ اور بادشاہ زادی کی بوسیدہ اور بدمزہ کہانیاں سنا کرتی۔ سنتی کیا تھاک، کہانیاں اُسے رٹی پڑی تھیں۔ پڑی ہوں، ہاں کیا کرتی۔ اُس کے خیالات بہت دور کسی نہایت ہی دلچسپ ہلکی پھلکی کہانی کا تانا بانا جوڑنے میں مشغول ہوتے۔ اس لطیف کہانی کی وہ ہیروئن ہوتی اور ہیرو؟ نہ جانے کون کون تھا، کس کی مجال تھی جو اس کی ان کہانیوں کا ہیرو بننے سے انکار کرے۔ اُس نے ایک بار "ہیر رانجھا" فلم دیکھا تھا۔ ہیر نے کیا

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بھولے پن سے آنکھ مچولی کھیلنے میں رانجھے کو پکڑ لیا تھا۔ کچھ ایسی ہی دل دھڑکانے والی معصوم سی ملاقات اُس کی اور رشید کی ہوئی تھی۔ پکنک میں جب۔۔۔ وہ۔۔۔

وہ سو جاتی سائیں سائیں۔ خواب اُسے لمبے لمبے پلنگ دے کر جھلاتے۔ ایک بار ہی اُوپر چڑھتی چلی جا رہی ہے، پھر چڑھتی ہے اور پھسل پڑتی ہے۔ چکنی چکنی زمین اس کے پیروں کے نیچے گدگدیاں کرتی مچل مچل کر بھاگ رہی ہے۔ وہی بلقیس کا کمرہ اور کیرم کا تختہ۔ رشید بلقیس کے دوپٹے کا گھونگھٹ کاڑھے ہیں۔ وہ پردہ کرتی ہے نا رشید سے۔ رشید کی بے ایمان آنکھیں دوپٹے کی مہین چلمن میں سے جھانک رہی ہیں۔ وہ ہار گئی، جیتا ہوا رشید اُس کی کلائی پکڑے دو انگلیوں کو ملائے چٹکی مارنے کو تیار ہے۔ کہ ایک دم سے ٹھنڈی دم گھونٹنے والی خلا اُسے لپیٹ کر پھرکی کی طرح گھما ڈالتی ہے۔ گرم گرم پانی کی بے آواز دھاریں کندھوں اور کنپٹیوں پر سے پھسلتی رینگتی چلی جا رہی ہیں کہ ایک دم سے وہ جاگ پڑتی۔ اوہ! انجو کے بھوت کے ہاتھ!

دبی ہوئی خوفزدہ چیخ کے ساتھ وہ دیکھتی کہ انجو اس کے سرہانے سے بھاگ کر پانی پینے کے مٹکوں کے پاس بڑا مشغول نظر آ رہا ہے۔ وہ اُس کی لرزتی ہوئی پھٹکار کا کوئی جواب نہ دیتا اور پانی پی کر خاموش اپنے پلنگ پر جا گرتا۔ گھنٹوں خوف سے سمٹی کانپا کرتی، ہزاروں نبضیں جگہ بے جگہ جھنجھنایا کرتیں۔

نفرت میں خوف کا اور اضافہ ہو گیا۔ انجو دن بھر تو بالکل معصوم دکھائی دیتا لیکن بیکس رات کو بھوت کی طرح ڈراؤنا نظر آتا۔ اُس کی صورت اور بھی مسخ ہو چلی تھی۔ دن رات سر اوندھائے پڑھنے میں جُتا رہتا۔ تعجب تو یہ ہے کہ اُس کی وہ غیر فانی بھوک ایک دم غائب ہو گئی تھی۔ کبھی بار بلانے پر وہ دسترخوان پر آتا، دو چار لقمے بے توجہی سے کھا کر چل دیتا۔ اب اُسے دودھ میں بساند، خربوزوں میں ہیک اور آموں میں کھٹاس بھی محسوس ہونے لگی تھی۔ میٹرک میں رٹ رٹا کر وہ وظیفہ پانے لگا لیکن شاید ہی کوئی دن جاتا ہوگا جب کہ وہ رات کو شمن کے سرہانے یا پائنتی کھڑا نظر نہ آتا ہو۔ اب وہ ہاتھ نہیں لگاتا تھا بلکہ بے چینی سے ٹہلتا، رک جاتا، جھکتا اور پھر

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جھجک جاتا۔ ایک دن شمن کا دوپٹہ پلنگ کے نیچے لٹک رہا تھا، اُس نے تھک کر اُٹھایا پھر گھبرا کر اُس کے اوپر ڈال دیا لیکن فوراً ہی وہ پچھتانے لگا کہ آخر اُس نے جالا نہ کیوں پھینک دیا۔ دوپٹہ دوبارہ اُٹھانے کی ساری کوشش اُس کے لرزتے ہوئے ہاتھوں نے خاک میں ملا دی۔ شمن کو کلبلاتا دیکھ کر وہ جلدی سے پانی پینے لگا۔

عموماً شمن جاگ بھی جاتی تو پڑی پڑی اس خاموش ڈرامے کو دیکھا کرتی۔ جونہی وہ اُسے دلیر ہوتا دیکھتی کروٹ لے کر جاگنے کی دھمکی دیتی، گو وہ خوب جانتی تھی کہ اس میں اتنی ہمت نہ تھی کہ بیداری کا اعلان کر سکے۔ کروٹ لے کر وہ کبھی کبھی بڑبڑانے لگتی۔

"مر جائے، مر جائے، کاش، اچّو مر جائے" وہ کچھ نہ سمجھتا اور جھک کر اُس کے ہلتے ہوئے ہونٹوں کو دیکھنے لگتا، مگر ایک دن تو شمن کے ضبط کا پیمانہ چھلک ہی گیا۔ نہا کر وہ گیلے بال کھولے سو گئی۔ رات کو اُسے ایسا معلوم ہوا کوئی اسے بالوں سے پکڑ کر جھونکے دے رہا ہے۔ جھلّا کر اُس نے دونوں ہاتھوں سے اپنا سر پکڑ لیا اور چیخیں مارنے لگی۔ اُس کی سانس رُک گئی، منہ پھٹا تھا مگر آواز نہ نکلتی تھی۔ جب اُس کی آنکھ کھلی تو اچّو اُس کے بالوں میں پھوٗ کے کتّے کی طرح منہ دیئے سسک رہا تھا۔ دل سے رو رہا تھا۔ بھاگتے ہوئے اچّو کے اُس نے زور سے چپل اٹھا کر ماری۔ صبح کو اُس نے گھر کا کونا کونا چھان مارا مگر چپل نہ ملی۔

"میں نے رات کو کتّے کے کھینچ ماری تھی، نہ جانے کدھر گئی۔"

"اوئی، کتّا رات بھر بندھا رہا ہے! کتا کہاں سے آیا؟" کسی نے کہا۔

"اے شاید موری کھلی رہ گئی ہو، کوئی جنگلی کتّا ہوگا۔"

"ہاں جنگلی ہی تھا۔ ایسا ڈراؤنا" شمن نے سہارے پر چلنا شروع کیا۔

"یہ کتّے موندھی کاٹے اٹھا بھی تو لے جاتے ہیں۔"

"کتّے چپل کا کیا کریں گے؟"

"اے یونہی اللہ مارے اٹھا لے جاتے ہیں۔ میری نئی دِلّی کی جوتی کلیم میاں کی کتیا اُٹھا لے گئی، حرامخور نے ساری چھلنی کر ڈالی۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بات ٹھلکتی ہوئی کہیں سے کہیں پہنچی مگر شمن کی الجھن نہ گئی۔ آخر چیل گئی کہاں؟ اُس دن سے اجو کا پلنگ دوسرے چبوترے پر پہنچ گیا، شمن نے شکر کیا کم بخت سے جان تو چھوٹی۔ اس کے بعد اُس نے اجو کو حد درجہ بے تعلق اور اپنے پڑھنے لکھنے میں غرق دیکھا۔ جوتی کھا کر جیسے اُس کا پیٹ بھر گیا۔ چھٹیاں ختم ہو رہی تھیں اور شمن کے جالے میں دو چار دن رہ گئے تھے کہ اجو کو سکول سے پیدل آتے میں لُو لگ گئی۔ ویسے تو کسی کو پتہ نہ چلا لیکن شام کو جب اُسے سستی سے پڑے رہنے پر ابا نے ڈانٹ کر پچھواڑے میں پانی دینے کے لیے کہا تو لپک کر اُٹھ بیٹھا، دو چار قدم چلا بھی مگر پھر جھوم کر زمین پر آ رہا۔ دیکھا تو ایک سو پانچ بخار!

شمن کو ایسا معلوم ہوا جیسے خدا نے اُس کی دعا قبول کر لی اور اجو چلا۔ رات بھر اُسے بخار اور ہذیان نے جھنجھوڑا اور دوسرا دن بھی بےہوشی میں گزر گیا۔ ویسے ابا کو کسی کی خبر نہیں رہتی لیکن اگر کوئی بیمار ہو جائے تو گھر کو لوٹ پوٹ کر کے رکھ دیتے ہیں، یہاں تک کہ اگر مرغی کی بھی ٹانگ ٹوٹ جاتی تو ایک ہنگامہ مچ جاتا۔ اجو کی طبیعت اور زیادہ خراب ہو گئی۔ وہ اُٹھ اُٹھ کر بھاگتا۔ سارا گھر اُس کا ماتھا چھونے گیا مگر شمن نے جا کر جھانکا بھی نہیں۔ باری باری سب کی ڈیوٹی لگائی گئی تو شمن کو بھی جبراً جانا پڑا۔ وہ ارادہ کر کے گئی تھی کہ مردار کو ہاتھ بھی نہ لگائے گی مگر جب اُسے بے سُدھ دیکھا تو ترس آ گیا اور وہ برف کی ڈلی لے کر اُس کے سر پر رگڑنے لگی۔ سر میں سے بھبکے نکل رہے تھے، ہونٹ پپڑائے ہوئے تھے اور آنکھوں کے کونوں سے پانی بہہ رہا تھا۔ اجو کی حالت قابلِ رحم تھی۔ باہر برف کی قلفیاں کھل رہی تھیں، شمن ندیدی نہ سہی پر جی تو لوٹ رہا تھا۔ اس نے چاہا چپکے سے کھسک جائے مگر اجو نے پانی کے لیے ہونٹ چبانا شروع کیے۔ اُس نے برف کی ڈلی لے کر اُس کے گرم گرم دہکتے ہوئے ہونٹوں سے لگا دی۔ ہونٹ اُس کی اُنگلی سے چھو گئے! وہ اچھل کر کھڑی ہو گئی۔ اجو نے آنکھیں کھول دیں اور بغیر آنکھیں جھپکائے اُسے دیکھتا رہا۔ ایک مسخ سی مسکراہٹ اُس کے چہرے پر پھیل گئی، شمن بھاگ کر جانے لگی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"شمن" اُس نے ایک بار حلق سے نکالنے کی کوشش کی مگر وہ باہر آ کر ملائی کی برف کھانے لگی۔ اُس کے ہاتھ کانپ رہے تھے اور حلق جل رہا تھا۔ ٹھنڈی ٹھنڈی برف کے چھلکے اُس کا گلا بھینچنے لگے۔ برف کی پیالی رکھ کر اُس نے اپنی انگلیوں کے پوروں سے بھاپ سے گرم کرنا شروع کیے، جیسے کسی لاش کو چھو لینے سے اُن کا خون جم کر رہ گیا ہو۔

وہ کھرّے سے پلنگ پر پائی چھوڑ کر پڑ رہی۔ جسم میں گرم گرم سلاخیں دوڑتی معلوم ہوتی تھیں۔ حلق بار بار کاغذ کے ٹکڑے کی طرح خشک اور بے لذت ہوتا۔ اجّو کی بخار سے جھلسی ہوئی آواز اس کے کان میں سانپ کی پھنکار کی طرح رینگ رہی تھی۔ اُس کی سمجھ میں نہ آیا اُس کے جذبات کیوں بے طرح اُتھل پتھل ہوئے جا رہے ہیں۔

دوسرے دن جب اجّو کا بستر بدلنے کے لیے اٹھایا گیا تو شمن کی کھوئی ہوئی چپل وہ دونوں ہاتھوں میں بھینچے اوندھا پڑا تھا۔ بخار اُتر کر حرارتِ عزیزی سے بھی پارہ نیچے گر گیا تھا اور آنکھیں پتھرا چلی تھیں!

(۲۰)

سوتے سوتے جو آنکھ کھلی تو شمن نے گھر میں عجیب طرح کی چہل پہل دیکھی، ایک لمبا بانس لیے چپراسی کمروں کے جالے لے رہا تھا اور مہترانی پر موری صاف نہ کرنے پر ڈانٹ پڑ رہی تھی۔ بڑی آپا ناک پر کپڑا باندھے تختوں کے نیچے سے کوڑا نکلوا رہی تھیں، اماں الماریاں کھول کر چینی کے برتن نکلوا رہی تھیں۔ معلوم ہوا کلکتہ والے چچا مع اپنے ہونہار سپوت عباس کے تشریف لا رہے تھے۔ عباس اکلوتے ہونے کے علاوہ انگلینڈ سے انجینیری پاس کر کے آئے تھے۔ کلکتے والے چچا حد درجہ نالائق اور نکمّے تھے۔ مگر یہ اُن کا بیٹا نہ جانے کس طرح ہیرا نکل آیا۔ گورنمنٹ سے وظیفہ لے کر انجینیری پاس کر آیا تو چچا بچارے کے دن پھر گئے۔ خاندان میں ان کی حیثیت ہمیشہ ایک خوفناک چھوت کی بیماری سی رہی۔ جہاں جا کر بیٹھ جاتے دھکے دے کر نکالے بغیر نہ نکلتے۔ اماں تو اُن سے پردہ کرنے لگی تھیں۔ لڑکیاں یوں ہی دعا سلام کر کے چلی آتیں اور وہ نوکروں کی دھتکاریں اور

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

مذاق کا نشانہ بنے جب تک ہنت قائم رہتی جمے رہتے، پھر کہیں اور بیٹھ کر یں کھانے چلے جاتے۔ عباس کو ایک ماسٹر نے رحم کھا کر رکھ لیا تھا اور آج جو وہ چمکتے ستارے کی طرح آنکھوں میں چکاچوند پیدا کرنے واپس آیا تو سارے خاندان کی آنکھیں اُس کی طرف اُٹھ گئیں۔ منجھلے اور چھوٹے ماموں اسٹیشن پر ہار پھول لے کر پہنچے۔ خالہ بی نے تو چار اسٹیشن پہلے ہی ناشتہ کا انتظام کروایا تھا۔ شمن کے یہاں چینی کے برتن اور چاندیاں قالین نکلنے لگے تھے اور کوٹھے کا کمرہ سجنے لگا۔

خیر خدا خدا کر کے عباس میاں مع اپنے بدقماش باپ اور پھوپھی اماں اور چیچک رو بہن فہمیدہ کے دوپہر کی گاڑی سے پہنچ ہی گئے۔ اماں نے عباس کو بھینچ کر گلے لگایا اور چچا کو چیخ چیخ دعا دی۔

"اے ہے فہمیدہ ماشاءاللہ کتنی بڑی ہو گئی یہ بڑی آپا! اسے پیار سے لپٹا کر بولیں، تم نوری کے ساتھ سونا، اچھا!"

خالہ بی جل کر کوئلہ ہو گئیں۔

"اوئی! بھلا اپنی عمر کی لڑکیوں کو چھوڑ کر نوری کے پاس کیا جی لگے گا۔ اے بیٹی تم اپنی ثمینہ آپا کے ساتھ جاؤ، وہ تمہارا منہ ہاتھ دھلوائیں گی۔ کیا کھڑی تک رہی ہو منہ! اسے ثمینہ، بہن کو غسل خانے لئے جاؤ۔"

بڑی آپا حیرت زدہ رہ گئیں۔ اندھیر ہے کہ نہیں! دانڈ بیوہ کا کسی کو خیال نہیں۔ لوگ اپنی بیٹیوں کے آگے یتیم کا حق بھی مارنے سے نہیں چوکتے۔ انھیں پورا یقین تھا کہ چچا سب سے پہلے حقدار کا خیال کریں گے مگر فہمیدہ کو ثمینہ اور احمدی سب کی آنکھوں میں دھول جھونک کر لے اُڑیں!

"اے شمن، عباس کے لیے گرم پانی بھجوا دیا ہو تا کہ ڈھٹا بنی بیٹھی ہو" اماں نے ڈرتے ڈرتے کہا، بڑی کا مزاج بڑا تیز تھا۔

"اے شمن خاک اتنا سمجھیں گی۔ نوری ہ جاؤ تو ذرا میری بجلی کی انگیٹھی پہ پانی گرم کر کے اوپر لے جاؤ" یہ بڑی آپا بولیں۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

مگر اس سے قبل کہ نوری پانی کم کرتی چھوٹی ممانی منہ دھلا فخریہ عباس میاں کو لے کر اوپر سے اُتر آئیں، سب کے سب منہ دیکھتے رہ گئے اور وہ مسکرا تی ہوئی انہیں کرسی پر بٹھا کر پان لگانے لگیں۔

چچا غریب تو بوکھلا گئے اور سمجھے بھی نہیں کہ کیوں اتنی خاطریں ہو رہی ہیں۔ بیچارے سے کو بڑی آنکس سی محسوس ہوتی۔ وہ تو بیچارے الٹے خوشامدوں کے عادی تھے، جب آتے تھے ڈیوڑھی میں پلنگ ڈلوا دیا جاتا تھا، وہیں سینی میں کھانا چلا جاتا۔ سارے کنبے کی خوشامدوں سے وہ ہول کھا گئے، پر جلد ہی انہیں معلوم ہو گیا کہ خاندان میں ضرورت سے زیادہ لڑکیاں ہیں اور لڑکے کم اور نکھٹو، بوکھلا بوکھلا کر کبھی وہ عباس کے لیے ثمینہ کو پسند کرتے اور کبھی نوری پر رحم آ جاتا، ثمینہ کی عمر جا رہی تھی تو نوری کو یہ خصوصیت حاصل تھی کہ وہ یتیم تھی، کبھی بلقیس پر مہربان تو کبھی حسنا پر۔ کبھی شمیم پر عنایت کی بارش تو کبھی احمدی پر۔ ان کا بس چلتا تو وہ ساری کی ساری لڑکیوں کو ایک دم بیاہ لیتے۔

وہ کسی کام کو کہتے تو سارے گھر میں کھلبلی پڑ جاتی۔ مائیں لڑکیوں کو دوڑاتیں اور وہ بیچاریاں کھسیانی ہو کر رہ جاتیں۔ ایک مقابلہ ہو رہا تھا، گویا دیکھیں کون چچا جی کو خاطروں سے بے حال کر کے ٹرافی، یعنی عباس کو، جیت لے جاتا ہے۔ بڑی آپا نے تو ایک نئی ہی ترکیب نکالی، وہ یہ کہ نوری انگریزی کے جملوں کے معنی پوچھنے عباس کے سر پر سوار کر دی، مگر ثمینہ ماشاء اللہ خود ہوشیار تھیں اور عباس کی زیادہ تر توجہ انہی کی طرف رہتی تھی۔ نوری کو وہ بچہ سمجھتے، شمیم کو بدمذاق اور احمدی کے چہرے پر چیچک کے داغ تھے، اس بیماری کا نتیجہ تو صاف ظاہر تھا۔

ثمینہ بی کچھ لجائی شرمائی عباس کے مذاق کا جواب دیتی رہتیں۔ ان کے لیے سویٹر بننا شروع کر دیا تھا جسے خالہ بی بھی بنواتی جاتیں۔ بلقیس حد سے زیادہ شرمیلی تھی پھر اماں کے ٹھوکوں پر مجبور ہو کر بڑھتی اور پیچھے کھنچ آتی۔ شام تاش بچھیسی کا جیا ڈ ہوتا۔ چچا گالیاں بک بک کے پل باندھ دیتے۔ ایک دفعہ اسی طرح گالی بکنے پر اماں نے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

اُن سے پردہ کر لیا تھا پر آج سب مہذب بیویاں کھلکھلا کر ہنس پڑتیں۔ خالہ بی پنکھے کے پیچھے منہ چھپا کر خی خی ہنستیں۔ چچا خوب بے ایمانیاں کرتے مگر شریر بچہ سمجھ کر معاف کر دیئے جاتے۔ چچی اُجلی دیواروں پر پیک کی پچکاریاں مارتیں کہ اماں لرز لرز اٹھتیں مگر کیا مجال تھی جو کوئی بول جائے۔ بات یہ تھی کہ عباس بادا اماں کے غلام تھے۔

یوں تو عباس ثمینہ ہی سے سب سے زیادہ متاثر تھے مگر جونہی وہ کسی کام سے ہٹتی وہ احمدی، شمن یا بلقیس پر مہربان ہو جاتے۔ مذاق تو وہ سب ہی لڑکیوں سے کرتے اور اُن کے مذاق کا رُخ دیکھ کر ہی سیاسی حلقوں میں کھلبلی مچ جاتی۔ ویسے ثمینہ سب سے بڑی تھیں اور پہلا حق ان کا تھا، یہاں تو بحث کی گنجائش ہی نہ تھی۔ شمن کے باپ کے احسانات چچا کی جان پر بہت تھے لہٰذا یہاں کی کوئی کسر نہ رہ گئی تھی۔ نوری یتیم تھی اور یہاں خاندان والوں کی شرافت اور عباس کی عالی ظرفی کا سب کو یقین تھا۔ پھر فیصلہ کیسے ہوگا؟ سب منتظر تھے۔

ویسے عباس بہت ہی دلچسپ تھے۔ جونہی وہ اندر آتے لڑکیاں کسی نہ کسی بہانے سے جمع ہو جاتیں اور پھر یا تو ان کا بٹن ٹوٹ جاتا جسے بلقیس، احمدی یا شمن ٹانکتیں یا ثمینہ کی چھنگلیا کے پاس والی انگلی میں نظر نہ آنے والی پھانس چبھ جاتی جو کسی سے نہ نکلتی پر بھالے کی طرح کھٹکا کرتی۔ جب عباس اس پھانس کو نکالتے تو انھیں ایسے ایسے جملے سوجھتے کہ ثمینہ پسینہ پسینہ ہو جاتی:

"بھئی اس شریر انگلی کا بس ایک علاج ہے" وہ بھینچتے۔

"بھلا کیا علاج ہے وہ؟ وہ آپ کر دیجیے نا" ثمینہ شرماتیں۔

"اس کا علاج یہ ہے کہ ایک جگمگاتی ہوئی انگوٹھی..."

"ہٹیے!" وہ شرما کر ہاتھ کھینچ لیتی، خالہ کی باچھیں کھل جاتیں۔

"اچھا خیر لیجیے، اب کچھ نہ کہوں گا۔"

اس کے علاوہ نوری روز بروز انگریزی کے الفاظ میں کمزور ہوتی جاتی۔ بڑی آپا غم و فکر سے گھلنے اور ڈانٹوں کے مارے نوری کو نگلے لیتی۔ چچا مرغِ مسلّم کھاتے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

کھاتے ادھ مرے ہوگئے۔ ننھی نے گاجر کا حلوہ اتنا نگلا کہ معدہ جواب دے گیا۔ فہمیدہ کے دوپٹوں کو رنگتے اور چنتے شمیمہ اور احمدی کے انگوٹھے سوج گئے۔ سب سانس روکے فرائض میں غرق صبر سے نتیجہ کا انتظار کر رہے تھے۔ دیکھئے اونٹ کس کل بیٹھتا ہے، کس کی قسمت جاگتی ہے!

شمن کو عباس پسند تھے۔ اس لیے ہی نہیں کہ اُن کے بال گھونگر یالے اور آنکھیں خلافی تھیں بلکہ وہ منساتے جو بہت تھے۔ بیٹھے بیٹھے گال میں چٹکی بھر لینا ایک دم سے درد سر کا بہانہ کر کے گھٹنے پر لیٹ جانا پان بجائے ہاتھ کے منہ میں لینا اور لیتے وقت انگلی دانتوں سے دبانے کی کوشش کرنا، بھولے میں ران یا گھٹنا مسل دینا وغیرہ

جاڑوں کے دن سب رضائیاں اوڑھ کر بیٹھ جاتے اور ان رضائیوں کے بادلوں میں عباس کے ہاتھ بجلیوں کی طرح کوندتے۔ لڑکیوں کے گروہ میں ننھی ننھی لرزشیں مچل مچل کر بکھر جاتیں۔ وہ دور ہٹتیں لیکن پھر سمٹ آتیں۔ گھر کے بزرگ بھی وبچوں کے ہنسی مذاق سے ذرا دور پان چھالیہ میں غرق بیٹھے رہتے مگر ان کے کان انھیں کی طرف لگے ہوتے۔

رات کو جب سب لڑکیاں کھسر پھسر کرتیں تو عباس کی ڈالی ہوئی چنگاریاں دہک اٹھتیں۔ سوائے شمیمہ کے وہ سب ایک دوسرے سے بے تکلف تھیں اور ان کے دلوں میں ذرا بھی تو رشک نہ تھا۔ گوپیوں کی طرح وہ مل جل کر ایک ہی کرشن کی بانسری کی لے پر ناچتیں اور جب عباس راس رچانے کے لیے کھانے یا آرام کے کمرے میں آتا تو وہ سب کچھ بھول کر اس کے گرد منڈلانے لگتیں، مگر شمیمہ زیادہ تر فہمیدہ کی دیکھ بھال میں لگی تھی۔ وہ اسے اکیلے میں بھائی کہہ کر چھیڑا کرتی تھی مگر شمیمہ نے اسے سب کے سامنے کہنے کو منع کر دیا تھا۔ وہ اب عباس سے اور بھی زیادہ شرمانے لگی تھی۔ خالہ بی دن رات گو گھرو، لچکوں اور کرنوں کے ذکر کیا کرتیں جہاں کی اندھیری کوٹھری میں کچھ دلوں سے مراد آبادی اور تانبے کے برتنوں کی آواز گونجنے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

لگی تھی۔
بڑی آپا بھی غافل نہ تھیں۔ انھوں نے چٹ پٹ چوہے رتیاں تڑوا کر نئے فیشن کے دست بند بنوانے شروع کر دیے تھے اور ہر وقت چلپی کے ان صٹوں کا ذکر کرتیں جو وہ کلکتے یا بمبئی سے منگوانے والی تھیں۔ جو ایک دم سے سب کچھ ساتھ طے ہو گیا تو بیچاری مارے ہولوں کے مر نہ جائیں گی۔
شمن کی اماں دم سادھے ہوئے تھیں کیونکہ ذرا سی دیر میں بڑی آپا اپنے بے وقت مرنے والے میاں کو یاد کر کے ماتم شروع کر دیتی تھیں۔ نانی ہو کر تو اسی کا پیغام چھین لیتیں؟ پھر بھی آپا ۔۔۔ احتیاطاً طعنے دیتی رہتی۔
"اسے ہے لوگ یتیم بیوہ کا خون چوسنے سے بھی نہیں چوکتے۔ ارے بھئی، لوگوں، سو تو بہت مل جائیں گے، یتیم کو جڑ جائے تو بہت جانو۔ قرآن پاک میں بھی یہی لکھا ہے کہ پہلے یتیم بیوہ کا حق، پھر ۔ ۔" مگر خالہ بی تو یہ باتیں سن کر بالکل بھولی انجان بن جاتیں اور جہیز کی تیاری میں منہمک تھیں!
اس کے علاوہ اور بھی قیاس آرائیاں ہوتیں، جیسے گھوڑ دوڑ کے میدان میں لوگ موسم دیکھ کر اندازہ لگا لیتے ہیں اسی طرح بڑی آپا خالہ بی سے اور چھوٹی ممانی سے باتیں کرتیں۔
"نہیں بی میری بات مانو یا نہ مانو پر دیکھ لینا وہ بلقیس سے تو کرنے کا نہیں۔ ہاں اپنی تو ری۔" ممانی آپا کو خوش کرتیں۔
"اسے بی تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو۔ تمینہ تو کیا شمن سے ہی کر لے تو بہت جانو۔" بڑی آپا جواب دیتیں۔
"دیکھو اب کیا ہوتا ہے۔ ویسے تمھاری خالہ نیچے جھاڑ کے پیچھے تو پڑ گئی ہیں۔ اسے کل آنکھ کے لشنہ کا لحاف بنایا ہے کیا موا چھچھورا اور ذالوں جیسا میں نے تو کہہ دیا بہن ۔ ۔"
غرض ایسا معلوم ہوتا تھا میدان میں گھوڑے چھوٹ چکے، کبھی ایک

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

آگئے تو کبھی دوسرا آگئے۔ یا جیسے انڈا دیو ہو رہا ہے، لوگ اپنی اپنی سی کر چکے ہیں، نتیجے کا بے صبری سے انتظار ہے۔ چچا جی پیغام دے کر ہی نہیں چلتے اور نہ ہی منہ سے پھوٹتے ہیں۔ کھایا پیا اور پیر پسار کے سو گئے اور یہاں سب کی نیندیں حرام ہیں معلوم ہوتا ہے ہر ایک کے دروازے پر بارات کھڑی ہے مگر دولہا اندر قدم نہیں رکھ چکتا۔

ادھر عباس نے آنکھ مچولیاں کھیلنا شروع کر دی تھیں۔ بلقیس جب پچھلے برآمدے سے چھالیا نکال رہی تھی تو نہ جانے عباس کدھر سے آن پہنچے اور پکڑ لیا، بڑی مشکل سے بھاگی۔ اور پھر ایک دن شمن جو ایک دم ڈرائنگ روم میں چلی گئی تو وہ ثمینہ خاتون کو گھیرے کھڑے ملے تھے۔ ثمینہ تو بھاگ گئی پر جب شمن جانے لگی تو عباس نے ہاتھ پکڑ لیا: "کہو گی تو نہیں؟ کیوں شمن؟"

"کیوں نہیں کہوں گی۔ ٹھہر جائیے ذرا" شمن نے ذرا شرارت سے کہا اور ہنسی۔

"نہیں نہیں۔ دیکھو کسی سے نہ کہنا۔ سنو . . ." اور وہ کوئی بہت ضروری بات سنانے اور قریب آگئے۔

"اچھا بھئی چھوڑ دیئے تو، کسی سے نہ کہوں گی" وہ اپنی جان چھڑانے لگی۔

"اوں ہوں، قسم کھاؤ ہمارے سر کی قسم کھاؤ پہلے۔" عباس نے گھسیٹ کر اسے اور قریب کر لیا۔

"اچھا۔ اچھا آپ کے سر کی قسم، چھوڑیئے۔" وہ بوکھلائی۔

"لیکن سنو تو یہ" انھوں نے اسے بھینچنا چاہا۔

"شمن!" انھوں نے تڑپ کر بھاگتی ہوئی بجلی کو پکڑنے کی ناکام کوشش کی۔

دیر تک وہ جھلائی ہوئی ہانپتی رہی۔ عباس کے قرب سے نہ جانے کیوں اسے اتنی گھن آئی۔ وہ ان سے نفرت نہ کر سکتی تھی مگر دور سے، یہ اتنے قریب کی چہلیں اسے بڑی کڑوی معلوم ہوئیں۔

"کیوں؟" وہ دیر تک سوچتی رہی۔ عباس کے بال رشید سے کتنے ملتے تھے۔ وہ کچھ

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

قہقہے بھی اُسی کی طرح لگاتے تھے مگر ستلے بھیر کیا چیز تھی جس سے اُسے گھن آئی؟ لوگ ایک ہی چمچہ منہ میں ڈال ڈال کر کھاتے ہیں تو سبھی مبتلا ہی جاتا ہے۔ اس منہ کا لعاب اُس منہ میں! توبہ! تھوڑی دیر ہی پہلے ٹھمانہ بھاگی تھی... اور...

عباس کی چھٹیاں ختم ہو رہی تھیں اور جانے کے خیال سے وہ اداس ہو جاتا۔ اس کے ساتھ ساتھ لڑکیاں بھی بددل ہو جاتیں اور سارے بڑے بوڑھے بھی سہم جاتے۔ وہ ایک ایک دن ٹال رہا تھا اور بڑی سنجیدگی سے لڑکیوں کو اندھیرے اجالے گھیر رہا تھا۔ اور ادھر بھی چاروں طرف مٹھیاں کھلی تھیں، دانے ڈالے جا رہے تھے، جال پھینکے جا رہے تھے اور شکاری الانے لگائے آس میں بیٹھے تھے۔

شادی بیاہ کے دن رات چرچے ہوتے مگر چچی اور چچا منہ میں گھنگنیاں ڈالے بیٹھے تھے۔ آخر خالہ بی کے صبر کا پیمانہ چھلک ہی گیا۔ چچا کے جواب سے ایسا معلوم ہوا ایک آندھی آئی اور آباد دلوں کی آبادیاں ویران کرتی چلی گئی۔ آئی۔ سی۔ ایس کا انٹرویو ہوتا ہے۔ کامیاب طلبہ کیسے ہشاش بشاش مسکراتے ہوئے مٹھائیاں بانٹتے ہیں۔ نذر نیاز پوری کی جاتی ہے اور جو بیچارے قسمت کے مارے رہ جاتے ہیں ان کے یہاں جیسے موت سی ہو جاتی ہے، ہزاروں ارمانوں کا خون اور لاکھوں تمناؤں کا قتل! انہیں اگر یہ معلوم ہو کہ گورنمنٹ نے وہاں کی ٹکٹ آئی۔ سی۔ ایس کا عہدہ ہی توڑ دیا تو یہ ایک قومی اور ملکی سوگ کہلائے گی۔ یہی ہوا کہ چچی کے چلنے سے پہلے سب کو عباس کی شادی کا زبانی بلاوا دے دیا۔ اس شادی کا جو انگلینڈ جانے سے پہلے ہی ان کا سسرال صاحب کی لڑکی سے طے ہو چکی تھی جنہوں نے عباس کو تعلیم دلوائی تھی۔ لڑکی کالی بھی تھی اور غریب بھی مگر سگھڑ بہت تھی!

سگھڑ ہونے نہ جانے کتنے بھیڑوں پر دھبے رتیوں اور آنکھوں کے نشے کے لحافوں پر جھاڑو پھیر دی۔ ایک دم اماں کو مرغیوں پر پیار آنے لگا۔ گاجر کے حلوے ختم ہو کر دوبارہ نہ بنے۔ فہمیدہ کو جو خالہ جوڑا دے رہی تھیں اس کا دوپٹہ نہ جانے کہاں کپڑوں کے [illegible] گیا۔ دلہا والوں پر بیگ کی ٹکٹ [illegible]

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سبھی اور گہرے زخموں کی طرح دلوں کے پار ہونے لگیں۔ چچا اور چچی ایک ضروری کام کی وجہ سے فوراً روانہ ہونے پر مجبور ہو گئے اور ثمینہ کے ہسٹریا کے دورے پھر سے تازہ ہو گئے۔ نوری کی یتیمی سوالیہ سرلی کی طرح ابھر آئی اور منجھلی ممانی بلقیس کو نامراد نصیبوں جلی کے خطابوں سے پکارنے لگیں۔

چچا اور چچی خوفناک پھوڑوں جیسی ٹیسیں کلیجوں میں چھوڑ گئے۔ چچی دو تکیے بستر میں بھولے سے باندھ دے گئیں اور فہمیدہ ثمینہ کے چاندی کے بندے اتارنا بھول گئی۔ چچا سارے تاش کے پتے [illegible]ں سان گئے اور عباس؟ نہ جانے کتنی آہیں اور شب بیداریاں چند معصوم دلوں میں چھوڑ کر چل دیا۔

(۲۱)

گرمیوں کی چھٹیاں ختم ہوتے ہی اس کا داخلہ ایک امریکن مشنری کالج میں ہو گیا۔ اب شمن کو معلوم ہوا کہ دنیا کتنی لمبی چوڑی ہے، اب تک تو وہ جیسے انڈے کی سطح پر رینگ رہی تھی چکنی بے رنگ اور لا انتہا ہی مگر پھر بھی محدود، جتنا بھی چلے جاؤ وسعت ختم نہیں ہوتی، پھر بھی جہاں تھے وہیں۔ کالج میں قدم رکھتے ہی ایسا معلوم ہوا جیسے ڈاک گاڑی میں اڑی چلی آ رہی تھی کہ جنکشن آ گیا۔ اسے بہت جلد اس جنکشن کے غل غپاڑے میں ڈوب جانا پڑا۔ ادبی جلسے، دلچسپ لکچر، پرزور تقریریں، ہنگامہ خیز سیریں اور قیامت انگیز عشق بازیاں۔ پہلی بات جو دو لڑکیاں بے تکلفی کی کرتی ہیں وہ عاشقوں اور چاہنے والوں کی ہی ہوتی ہے۔ لڑکیاں ایک دوسرے کا بھاؤ اسی ذریعے سے معلوم کرتی ہیں۔ مثلاً میری پر ساری یونیورسٹی مرتی ہے، بلقیا رائے پر سیاست کی پوری کلاس فدا ہے اور کملا پر سنسکرت کے پنڈت جی تین سال سے مر رہے ہیں، کشور پر فارسی کے استاد نیم جان تھے، باقی لڑکیوں پر بھی حصہ رسد ان کے چچیرے اور ممیرے بھائی اور پڑوسی فدا تھے۔ کم از کم کالج کی فضا میں تو ان کا یہی حصہ تھا۔ کالج کے قوانین بڑے سخت تھے۔ ویسے تو کسی کا سگا باپ بھی بغیر جان من کے ملنے نہیں دیا جاتا

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

تھا اس کے باوجود بھی عشق کا اتھاہ ساگر پڑا ٹھاٹھیں مار رہا تھا اور اس معاملے میں چھلے ہوئے منہ اور مرے ہوئے پیلے دانتوں والی میرٹن کی بھی کچھ نہ چلتی تھی۔ ان میرٹن سے سب کو ہی بغض للّٰہی تھا۔ شاید جنگ عظیم میں اُن کا عاشق مارا گیا تھا یا شاید چھوڑ چھاڑ کر چل دیا اور غریب نے اس بہانے کی آڑ میں پناہ لے لی۔ ہر لڑکی کے راز معلوم کرنے کی فکر میں لگی رہتیں۔ جہاں دس بجے اور اللہ کی بندی بجلی گل کرنے کے لیے سر پر سوار، آٹھ دو دو گھنٹے پہلے سے سونے کی تیاریاں شروع کر دیتیں۔ غسل کر کے منہ پر پالش کی جاتی، گنتی کے چار بال اینٹھ کر گنڈہ نما سے بنائے جاتے اور یہی گٹھے لگے بٹی ہوئی بتیوں کی صورت میں اُن کی پیشانی پر تھرکتے نظر آتے۔ ڈھیلا ڈھالا جاپانی کمونا جس پر اژدہوں کی تصویریں بنی ہوئی تھیں اور بغیر ایڑی کی سلیپر پہن کر جب وہ چلتیں تو ان کا ڈھلا ہوا جسم ایسے کلبلاتا گویا اُن اژدہوں میں جان پڑ رہی ہے۔

باوجود انتہائی نفرت کے ہر لڑکی کو ان کی خوشامد میں اتوار کو ان کے مرحوم عاشق کی تصویر کی تعریف کرنا پڑتی۔ یہ تصویر ایک فوجی گورے کی تھی۔ نہایت کریہہ، فٹ بھر لمبا کرخت چہرہ اور اوپر کا تنگ ہونٹ دانتوں پر سے ایسے کھنچا ہوا جیسے کسی پر غصے میں دانت پیس رہا ہے۔ منڈی بھویں اور چھدرے بال۔ بیالوجی کی لڑکیوں کا خیال تھا کہ میرٹن اور اس گورے کا بیج مل جاتا تو یقیناً گھوڑے کی کوئی عجیب الخلقت قسم پیدا ہوتی۔

یہ میرٹن کسی لڑکی کو بغیر عاشق کے تصور ہی نہیں کر سکتی تھیں حالانکہ خود بیچاری نن تھیں۔ ایک دفعہ پریما کا سگا بھائی آیا تو وہ برآمدے ہی میں کھڑی تھی، اجازت لینے کا خیال بھی نہ آیا اور وہ اس سے باتیں کرنے لگی، بلکہ شمن کو بھی ساتھ گھسیٹ لے گئی۔

بیچارا اندر حد سے زیادہ بوکھلایا ہوا رہا، پھر بھی جونہی میرٹن کو پتہ چلا وہ ہانپتی ہوئی موقعِ واردات پر پہنچی۔ ہر چند پریما نے کہا کہ وہ اس کا سگا بھائی ہے، دوسرے نہایت چندے ہیں مگر وہ نہ مانی اور رپورٹ کر دی۔ مگر پریما ایک چلتی پرزہ، وہ ڈول

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

لگا، یا کہ پرنسپل بھی خاموش ہو گئیں۔ پہلے تو دو ملاقاتی کارڈ ڈھونڈ کر ان پر ملنے والوں کے نام لکھے گئے اور پھر ان پر شمن اور پرتما کے سرپرستوں کے دستخط کرائے گئے جو ایک بی۔ اے کی لڑکی نے کر دیئے۔ ان کارڈوں کی رُو سے شمن کو نہ صرف پرتما کے گھر والوں سے ملنے کی اجازت تھی بلکہ وہ اُس کے گھر چھٹیوں میں جا کر دن رات رہ سکتی تھی۔ حالانکہ شمن اور پرتما صرف دو ماہ سے کلاس فیلو تھیں لیکن ان کارڈوں پر لکھا تھا کہ ان کے والدین خاندانی دوست ہیں۔ یہ کارڈ پرنسپل کی میز پر چپکے سے رکھ دیئے۔ جب پرنسپل آئیں تو پرتما نے بڑی معصومیت سے کارڈوں کا ذکر کیا، بلکہ اخبار کے نیچے سے نکال کر ان کے ہاتھ میں پکڑا دیئے، الٹی میٹرن پر ڈانٹ پڑی!

لہٰذا اتوار کو شمن پرتما کے ساتھ اُس کے گھر گئی۔ نریندر کے ساتھ اور چھ سات دوست بھی تھے مگر پرتما نے زبردستی کی اور موٹر لبالب بھر گئی۔ دوپہر کا وقت، چلچلاتی دھوپ۔ لُو کے تھپیڑے جھلسائے دے رہے تھے مگر شمن کے جسم میں ٹھنڈی چنگاریاں رینگ رہی تھیں۔ عمر میں پہلی بار اتنے ڈھیر سے کھردرے سکرٹ، بڑے بڑے جوتے اور بے تندرست ہیبٹ اُس سے اتنے قریب آئے تھے۔ شاید ان دونوں پر رعب ڈالنے کے لیے سب لڑکے اترا رہے تھے۔ وہ پرتما سے بے حد بے تکلف تھے۔ ان میں سے ایک، جسے سب بٹو بٹو کہہ رہے تھے، پرتما کے شانے سے لگا اُونگھ رہا تھا اور ہر جھٹکے کے ساتھ اُس کا سر پرتما کے سینے پر آن گرتا جس پر پرتما دانت پیس کر اس کے گھنے بالوں کے گچھے جھنجھوڑ ڈالتی۔ انور اُس کے برابر بیٹھا بازو پر اپنی تین دن کی مونڈی ہوئی مونچھیں ٹٹولنے کی کوشش کر رہا تھا مگر وہ نہایت فراٹے سے نہ جانے کیا اُوٹ پٹانگ قصہ شمن کو سنانے میں غرق تھی۔ موٹر احاطے میں گھومتی ہوئی برآمدے کے سامنے رُک گئی۔ بیٹھے بیٹھے جوڑ سُن ہو گئے تھے، بڑی مشکل سے ٹانگیں کھینچ کھینچ کر نکالیں اور سب ہنستے ہنستے اندر [illegible]

شمن سب سے پیچھے تھی۔ اُس نے دیکھا کہ پرتما کسی سے صوفے پر گھٹنوں [illegible]

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دوست چیخ چیخ کر ان دونوں کی ہمت افزائی کر رہے تھے، آخر کو زیبا پسپا ہو کر صوفے سے لڑھک پڑی!

"شاباش رائے صاحب!" نزہت نے حریف مخالف کی پیٹھ ٹھونک کر کہا۔

"اور یہ شمن۔۔۔ رائے صاحب یہ ہے وہ شمن۔" پرنما نے تعارف کرایا۔

"ہوں!" وہ چشمے کے نیچے سے اپنی بڑی بڑی آنکھیں گھما کر بولے۔ ان کے ہونٹوں میں ایک لمبا سا سگار جھول رہا تھا اور اس میں سے دھوئیں کی لمبی لمبی چپکیاں لے کر وہ ہونٹ کے کونے سے باریک ڈوروں کی صورت میں پھونک رہے تھے۔ پاس ہی اسٹول پر رنگوں کی طشتری اور برش بکھرے پڑے تھے اور سامنے ایک عورت کی نامکمل تصویر دیوار پر چسپاں تھی۔

شمن آنکھ بچا کر غور سے انہیں دیکھنے لگی۔ خوب مضبوط مگر چھریرا جسم، اونچا قد اور تپتے ہوئے سونے جیسا رنگ، اس پر چاندی سے بھی زیادہ اجلے بالوں کا ڈھیر۔ یہ عجیب و غریب صورت دیکھ کر شمن ایسی بوکھلائی کہ اسے یاد بھی نہ رہا کہ وہ کتنی دیر سے انہیں گھور رہی ہے، کہ ایک دم سے رائے صاحب بولے:

"اے کیا نام ہے اس لڑکی کا؟ کچھ جنگلی سی معلوم ہوتی ہے۔"

"شمن!" دو تین گلے ایک دم چلائے۔

"چمن؟"

"نہیں، شمن!"

"ادھر آ۔۔۔ چمن!" رائے صاحب نے دھوئیں کی ڈوریاں پھونکتے ہوئے کہا۔ شمن اٹھ کر گئی۔ چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے وہ اس کے قریب آ گئے اور ایسے تمسخر سے دیکھنے لگے گویا وہ کوئی عجیب و غریب جانور ہے۔ شرارت سے ان کے چہرے کے چھوٹے چھوٹے عضلات مسکرا رہے تھے اور بھنویں پھڑک رہی تھیں۔ ایک دم سے انہوں نے اس کی آنکھوں کے پپوٹے کھینچ کر دیکھے۔

"زبان نکالو!" انہوں نے سنجیدگی سے کہا۔ شمن نے بے ساختہ زبان نکال دی،

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جس پر ایک زور کا قہقہہ پڑا اور وہ گھبرا کر دو قدم پیچھے ہٹ آئی۔

"کیا بات ہے، کچھ بھوکی معلوم ہوتی ہے۔ اسے پریما کچھ دانہ پانی تو ڈال اس پیٹ پاپی کے لیے۔ کیا ہے تیرا نام۔۔۔ چمن؟"

"شمن رانی صاحب!" پریما چلائی۔

"شمن ہے یہ شمن کیا ہوتا ہے؟ نہیں ہم تو اسے چمن کہیں گے۔ اسے کھانے کو دو کچھ ارے ہیرو تو اتنی پیلی کیوں ہے؟ کیا تیرے پاس پوڈر سوڈر کچھ نہیں؟ ادھر آ۔" اس سے پہلے کہ شمن کچھ سمجھتی رانی صاحب نے اس کے گالوں پر برش سے سرخ رنگ لگا دیا، کھسیا کر وہ ہتھیلیوں سے گال رگڑنے لگی۔

"وہ بڑے خراب ہیں آپ، ہٹیے!" پریما نے انھیں دھکیل دیا اور شمن کو غسل خانے میں لے گئی۔

شام کو رانی صاحب اور سب لوگ تیرنے کے لیے حوض میں اترے۔ شمن کو تیرنا نہیں آتا تھا اس لیے وہ کنارے پر پانی میں پیر ڈال کر بیٹھ گئی۔ رانی صاحب دو تین دفعہ اوپر سے کودے اور بڑی دیر تک تیراکی کے کمالات دکھاتے رہے، کبھی چت تیرتے تو کبھی پٹ اور کبھی دیر دیر تک پانی میں غوطہ لگا جاتے۔

"ارے یہ چل کوا کیسا بیٹھا ہے۔" انھوں نے شمن کو کنارے پر پیر لٹکائے دیکھ کر چھیڑا۔ "یہ پانی میں کیوں نہیں اترتی؟" جب پریما نے بتایا کہ وہ تیرنا نہیں جانتی تو انھوں نے اس کے کان میں کچھ کہا اور غوطہ مار گئے۔ شمن حیرت سے منہ پھاڑے پانی کو گھورتی رہی کہ اب نکلیں اور اب نکلیں کہ ایک دم سے سب چلائے:

"مگر۔ مگر!" اور شمن غڑاپ سے پانی میں! اور بدحواس ہو کر رانی صاحب کو ناخونوں سے کھرچنے لگی جو اسے ڈوبنے سے بچانے آئے تھے۔

"نہیں نہیں۔ ارے نوچے گی تو پھر مگر کو دے دوں گا۔" شمن کھسیا کر سسکنے لگی اور سب کا ہنستے ہنستے برا حال ہو گیا۔

رات کو جلدی جلدی کھانا کھایا گیا، اس کے بعد سب ڈرائنگ روم میں جمع

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہوگئے۔ سب کی رائے ہوئی کہ ناچ ہو۔ پہلے تو پریما نے اپنے تازہ سبق کا مظاہرہ کیا۔ اور جب وہ تھک گئی تو سب چلائے: "رائے صاحب، رائے صاحب"

پہلے تو رائے صاحب خاموش رہے، پھر انھوں نے سگار طشتری میں ڈال دیا اور لیمپ کی طرف پشت کرکے خاموش کھڑے ہوگئے۔ باجا بجتا رہا اور وہ پاؤں جلتے دیوار پر گھورتے رہے، پھر آہستہ سے انھوں نے کرتا اتار کر ہوا میں اچھال دیا اور اپنے برہنہ بازوؤں کو سہلاتے رہے، پھر شمن کا منہ حیرت کے مارے پھٹا کا پھٹا رہ گیا۔ بجلی کی سی تیزی سے وہ مڑے اور ان کا کسرتی جسم سرتال پہ لہرانے لگا، جیسے کوئی سنگین بت یکایک انگڑائی لے کر جاگ اٹھا ہو۔ وہی بدن جو کچھ دیر پہلے قد سے بڑا معلوم ہو رہا تھا کھنچے ہوئے ستار کی طرح بج اٹھا۔ سڈول قبضوں کی بے پناہ جنبش، پنڈلیوں کا مضبوط خم اور چوڑے چکلے سینے کا جلال۔ معلوم ہوتا تھا سُر باجے سے نہیں بلکہ ان اعضا کی لوچدار جنبش سے نکل رہے ہیں۔ انگلیوں کی حرکت، پیر کا دھماکا اور مچھلیوں کی ہر لرزش نغمہ بن کر پھیل گئی۔ پشت پر روشن لیمپ چاندی جیسے گھنے اور خمدار بالوں کو ترشے ہوئے ہیروں کی طرح منور کر رہا تھا۔ ایک دم جیسے طوفان کی دوڑ تیز ہوگئی۔ ساز دوگن میں بھاگنے لگے۔ قہر و غضب کا پرجلال دیوتا پراسرار دنیا سے نکل کر غیض و غضب کے کوڑے برسانے لگا۔ دھم سے گرج کے سنّاٹے کائنات کو ہلا کر رکھ دیا۔ رائے صاحب ایک ہیبت ناک پہاڑ معلوم ہو رہے تھے۔ ان کی سفید دھوتی سمندر کے جھاگوں کی طرح قدموں میں لہریں لے رہی تھی۔ ان کے نقرئی بال بالکل ایسے معلوم رہے تھے جیسے پہاڑ کے پیچھے سورج طلوع ہو رہا ہو۔

ساز رک گئے، ناچ ختم ہوگیا مگر شمن کا دماغ ناچتا رہا اور جب مذاق میں رائے صاحب نے زور سے "ہو"، کرکے اس کے آگے تالی بجائی تو بے ساختہ اس کی گھگی سی بندھ گئی اور اگر سب نہ ہنس پڑتے تو وہ بالکل ہی بدحواس ہو جاتی۔ وہ حیران سب کی صورتیں دیکھنے لگی اور پھر خود بھی قہقہہ مار کر ہنس پڑی۔

"ڈرپوک چوہیا!" رائے صاحب نے اُس کے سر کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جھک کر دل ڈالا اور اس کے پاس ہی بیٹھ گئے۔

"بول سیکھے گی تو بھی؟"

شمن نے دانت نکال کر سر ہلا دیا۔

"ہُنہ! بڑی آئی سیکھنے والی۔ پریما ذرا اس چھوکری کو دیکھنا کہتی ہے ناچ سیکھے گی۔ اسے بھی لانا تو ڈگڈگی، میں ذرا اس کو ناچ سکھا دوں۔"

"میں کوئی بندریا ہوں؟ واہ!"

"اوہو! بندریا نہیں تو پھر کیا بھالو ہے؟ اچھا مٹھائی لا اور شاگرد بن جا۔"

"پہلے آپ سکھائیے تو پھر مٹھائی لاؤں گی۔"

"واہ بھئی خوب رہی۔ پہلے فیس دو، بھی تو ناچ سکھائیں کہ وہ ویسے ہی؟ بس دو مہینے میں تیتری کی طرح ناچنے لگے گی۔"

"واہ میں تو آپ کی طرح... آپ..."

"شمن رائے صاحب نے میری تو مٹھائی ہضم کر لی اور کچھ نہیں سکھایا" پریما بولی۔

"ارے شش، خاموش۔ ہاں کیا نام ہے لڑکی تیرا؟ شمن ہے؟ اچھا مٹھائی ہوا دے بس تو اب کے چھٹی میں آ کر ہمارے کپڑے میں بٹن ٹانک دے اور ہم تجھے ناچ سکھا دیں گے، سمجھی؟"

"بٹن؟"

"ہاں بٹن۔ سب کرتوں کے بٹن ٹوٹ گئے ہیں۔ یہ جو پریما ہے نا، ایک نمبر کی نکمی! بس شوخی کرنا جانتی ہے۔" پریما اس تعریف پر اترا اٹھی اور رائے صاحب کی گود میں لد گئی۔

بٹن ٹانک کر ناچ سیکھنے کا لالچ وعدہ کر کے وہ پریما کے ساتھ ہی ہوسٹل لوٹ آئی۔ راستے بھر وہ رائے صاحب کی باتیں دوہرا کر ہنستی رہی۔ شمن کو پلنگ پر ڈال کر ایسا معلوم ہوا جیسے وہ میلوں کی دوڑ لگا کر آئی ہے۔ ناچ کے تاثر میں اب تک اس کی روح پھنسی ہوئی بیچ در بیچ گھوم رہی تھی۔ نہ جانے کیوں آج اس کا دل کسی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

مقناطیسی طاقت کے آگے ماتھا ٹیک دینے کو چاہتا تھا، آج اس کے دل میں عبدیت نوخیز کلی کی طرح کھل رہی تھی۔

"رائے بڑے صاحب کا نام کیا ہے؟" اس نے ہانپتی ہوئی آواز میں پریما سے پوچھا۔

"ارے پگلی! میرے پتا جی ہیں رائے صاحب!" پریما ہنسنے لگی۔

"مگر.. مگر پریما!" وہ پلنگ پر اٹھ کر بیٹھ گئی۔

"کیوں؟" اس نے کروٹ لے کر پوچھا۔

"کچھ نہیں پریما۔" وہ خاموش ہو گئی۔

"ہم انھیں رائے صاحب کہتے ہیں، انھیں سب ہی رائے صاحب کہتے ہیں۔ بڑے اچھے ہیں، میرے اوپر جان چھڑکتے ہیں۔"

شمن پھر ڈر گئی۔ اس کا جی چاہا پریما کو ڈانٹے کہ وہ کیوں ان سے جان چھڑکواتی ہے مگر پھر یہ بات اسے انتہائی بے تکی معلوم ہوئی، وہ خاموش اپنے سینے سے چپٹائے آگے پیچھے جھولتی رہی۔ لوہے کے پلنگ کے زنگ کھائے ہوئے تاروں سے اکھڑا اکھڑا نغمہ نکل کر اسے سوچنے میں مدد دینے لگا۔

(۲۴)

شام کو لڑکیاں اونچے اونچے سیاہ بلومر اور جمپر پہن کر کالج کے میدان میں آزادانہ چھلانگیں لگاتیں، مالی، بیرے اور چوکیدار برہنہ رانوں اور سڈول پنڈلیوں کو گھور گھور کر آنکھیں سینکتے۔ چوڑھا تھیتن کبھی شام کو اسی وقت برآمدے جھاڑتا۔ میرطن کو اس مہتر سے خاص عناد تھا۔ وہ ان کے اسٹل میں صفائی کرتا تھا اور بقول ان کے نہایت ہی بدمعاش اور بدنگاہ تھا۔ زیادہ تر وہ اسے ڈانٹتی ہی نظر آتیں۔ جب دیکھو جب ہوسٹل کے سنسان کونوں میں اسے گھیرے ایک آدھ نازک لڑکی کے جالے کا، دو چار آوارہ تنکے دکھا دکھا کر ڈانٹ رہی ہیں، مگر وہ بھی بلا کا ڈھیٹ تھا، سر جھکائے اپنے سفید دانت چمکایا کرتا۔ وہ اس پر جھلا جھلا کر ٹیڑھی پٹختیں مگر وہ انہیں ٹوٹی ہوئی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جھاڑو سے بھی زیادہ ناکارہ سمجھتا۔ اُس کی جھاڑو کے سپاٹوں سے صاف ظاہر ہوتا کہ وہ کبھی کا اپنی دانست میں کوڑے کے ساتھ جھاڑ چکا ہے، یہ اُن کا ڈھیٹ پن تھا کہ پھر بھی لوٹی پڑتی تھیں۔ نہ معلوم اُسے دیکھ کر انہیں کیا ہو جاتا تھا۔ جب وہ لڑکیوں کو گھورتا تو وہ بلبلا اُٹھتیں۔ اپنی چھوٹی سی مونڈھیا پہ بیٹھ کر تاسف سے سر ہلاتیں۔ انھیں تعجب تھا کہ ذہن میں لڑکیاں ان غنڈوں کی آنکھیں اپنی رانوں پر رینگتی ہوئی بھی نہیں محسوس کرتیں۔ وہ خود اپنا پھنسا ہوا فراک اور اُبلتے ہوئے کولہے جو مونڈھیا کے چاروں طرف پہاڑ کی چٹانوں کی طرح جھولتے رہتے سمیٹنے میں مشغول رہتیں۔ نہ جانے اتنی نحیف و نزار مونڈھیا ان کا وزن کس طرح برداشت کر رہی تھی! وہ اس ظالمانہ انداز سے اُس پر پہلو بدلتیں گویا وہ چھوٹے مہتر پر سوار اُسے دلنے کی کوشش کر رہی ہیں ان کا بس نہیں تھا ورنہ وہ اُس کی ہڈیاں چیر کر جھاڑو بنا ڈالتیں یا اُس کے خون سے فرش دھلوا ڈالتیں۔ وہ اس کی بدمعاشی کو ہندوستان کی مذہبی تنگ نگاہی پر محمول کرتیں۔ ان کا خیال تھا کہ اگر وہ عیسائی ہو جائے تو یقیناً اُس کی سیاہ روح پاک ہو جائے۔

بڑے سے راز داری کے انداز سے وہ لڑکیوں سے اُس کے چال چلن کے بارے میں گھما پھرا کر سوال کرتیں، وہ انہیں چھپ کر جھانکتا تو نہیں؟ کمرہ صاف کرتے میں کوئی فحش اشارے تو نہیں کرتا؟ اس کی مسکراہٹ بڑی لرزہ خیز تھی۔ ایک مہتر تھا نینی تال میں، جہاں وہ پہلے پہل نوکر ہوئی تھیں، وہ اکیلے دوکیلے لڑکیوں کو پکڑ کر چوم لیا کرتا تھا۔ ایک اور بھنگی جبلپور مشن اسکول میں انھیں نہاتے میں چھپ کر دیکھا کرتا تھا۔ یہ بھنگی لوگ ہم لوگ کو بڑا حیران کرتے، ان کا عزت بھی بہت خراب کرتے ہیں۔ یہ قصے سناتے وقت ان کی دھنسی ہوئی بے رونق آنکھیں گزشتہ زمانے کے خیال نعمت کی یاد میں بھوک بھوکی ہو جاتیں اور ہونٹوں پر شدت سے پسینہ پھوٹ نکلتا۔ بیچاری سفید دیوداسیاں بجائے وجیہہ قبائل والے کاہنوں کے ان کالے بھنگیوں کے ہتھے چڑھائی جا رہی تھیں۔ ان کی سیاہ روحوں کو خداباپ کے قدموں تک گھسیٹ لے جانے میں وہ خود غلاظت کی دلدل میں گھسٹے جاتیں۔ ان میموں کی یہ گت دیکھ کر رونگٹا

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کھرے ہو جاتے۔ ایک فاتح قوم ہندوستان کی جھلسا دینے والی ہوا اور ہندوستانیوں کی پاگل کر دینے والی تاریک ذہنیت کے آگے بالکل ہاری ہوئی اور شکستہ نظر آنے لگتی، وہ گلاب کو شرما دینے والی رنگتیں، تیل میں ڈوبے ہوئے پرانے چمڑے کی طرح سوکھ جاتیں، وہ آسمان کی نیلاہٹ سے زیادہ شفاف آنکھیں سوکھے تالاب میں پیاسے مینڈکوں کی طرح اُبل آتیں، بال اور پلکیں خزاں رسیدہ پتوں کی طرح غائب، جگہ بہ جگہ گوشت کے اُبھار، تنگ جوتوں میں سے ٹخنوں پر کے گوشت کے جھولتے ہوئے لوتھڑے۔ یہ تھیں وہ چیزیں جو باقی رہ جاتیں۔ میٹرن جب ہندوستان آئی تھیں تو جنگِ عظیم کی لُو سے جھلسی ہوئی مگر نوخیز کلی تھیں۔ اور اب گوبھی کی پالا ماری گانٹھ کی طرح بکھری جاتی تھیں۔

بھنگی سے اُن کی ایسی لاگ ڈانٹ بڑھی کہ ایک دن وہ جھپٹ ہی لے کر اس پر پل پڑیں۔ اسے مار کر وہ پسینے میں شرابور روتی ہوئی کرسی پر گر گئیں۔ لڑکیوں کے ٹھٹ کے ٹھٹ کمرے پر ٹوٹ پڑے۔ بظاہر سب ہمدردی ظاہر کرتی رہیں لیکن کسی کو بھی اتنی توفیق نہ ہوئی کہ اُن کے ہاتھ پیر سہلاتی تاکہ ان کا جی ٹھکانے ہوتا۔ دوسرے ہوسٹل کی میٹرن کو خبر ہوئی اور وہ دوڑی ہوئی آئیں، لڑکیوں کو بھگایا اور ان کے جسم کو، جو ربڑ کے فیتوں اور ڈوریوں سے مصنوعی گڑیا کی طرح جکڑا ہوا تھا، ذرا ڈھیلا کیا تو ہوش ٹھکانے ہوئے۔ علمِ نفسیات کی لڑکیاں آپس میں سرگوشیاں کر کے قہقہے لگانے لگیں۔ بات پرنسپل تک پہنچی اور چھوٹے مہتر کو میتری بھون ہوسٹل میں بھیج دیا گیا۔

بیچاری معاملات کی اس الٹ پھیر کے لیے بالکل تیار نہ تھیں اور نہایت بُردباری سے سر ہلا کر کہتیں کہ پرنسپل کو اپنے اس فیصلے پر پچھتانا پڑے گا۔ اُن کے دماغ سے نکل کر بھنگی ساری لڑکیوں کو خراب نہ کر دے تو بات نہیں!

چھوٹے بھنگی کے بجائے بڈھا مہتر، جو بانی کالج کے زمانے سے کام کر رہا تھا، نشاط محل میں صفائی کرنے لگا۔ اُسے سب جمعدار کہتے تھے۔ ڈاکومن جیسی صورت، سیاہ پھٹارہ جیسی رنگت، شب بیداری اور بھنگ کی وجہ سے سُرخ انگارہ آنکھیں،

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

آواز ایسی جیسی گہری سی باؤلی میں کوئی بھوت گڑگڑا رہا ہو۔ نہایت صاف اور مقطع وردی، رعب دار چال۔ میٹرن جو کوئی بھی حکم دیتیں آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہتیں "جانتے ہیں!" بیچاری ہیبت زدہ ہو کر رہ جاتیں۔ لڑکیوں سے روہانسی آواز میں اپنی بے عزتی کا گلہ کرتیں۔ جو زیادہ جی بھر آتا تو سارا غصہ انھیں پر اتار دیتیں۔ کیلے کے چھلکے بے جگہ کیوں پھینکے؟ ردی کا غذ جمع کر کے بڑی کھوج لگاتیں کہ اس پر کس لڑکی نے لکھا ہے۔ معلوم کر لینے کے بعد وہ سارے پرزے مع کڑی تنبیہ کے ساتھ نوٹس بورڈ پر لٹکا دیتیں۔ لڑکیاں نوچ ناچ کر پھینک دیتیں۔ ایک دفعہ خود پرنسپل نے جو دنیا بھر کی ردی بورڈ پر چپکی دیکھی تو غریب کو الٹی ڈانٹ بتائی۔

دنیا میں ان کی صرف ایک دوست تھیں: مس جونس۔ چھ فٹ سے بھی کچھ نکلتا ہوا قد، سپاٹ سینہ اور مردوں جیسے کٹے ہوئے بال! شلنگ کرتی تھیں جو ان کی لاابالی عادتوں کی وجہ سے دو دو دن نہ ہوتا۔ یہ ورزش اور کھیلوں کی تعلیم دیتی تھیں۔ نیک بخت اس زور سے گیند میں ہٹ لگاتی تھیں کہ جی لرز اٹھتا۔ نئی نئی لڑکیاں تو ان کے سامنے ٹانگیں کھلے جمپر پہنتے شرماتیں۔ آواز پھٹی ہوئی جیسی نیند زدہ سولہ برس کے لڑکے کی ہوتی ہے۔ میٹرن اور وہ آپس میں ایک دوسرے کو "ڈارلنگ" کہتی تھیں اور جب کوئی سو بڑھیا ان کا اور کوئی کپڑا سیتیں تو جہاں جہاں کر لڑکیوں کو دکھاتیں۔ ذکر کرتے میں وہ ہمیشہ "ڈیر مس جونس" ہی کہتیں، اور ان ڈیر مس جونس سے لڑکیوں کو للّہی بغض تھا۔ اوّل تو وہ سوائے ورزش کے احکامات کے بہت کم بولتیں۔ شمن کو تو ان سے بات کرتے موت آتی۔ گڑگڑا کرتی بھاری امریکن لہجے والی انگریزی زبان کا ایک لفظ بھی پلّے نہ پڑتا نا ورزش کرتے میں ذرا کسی نے غلطی کی اور دلبرنی نے جھپٹ کر لگایا ایک مکّا!

ایک دن کھیل کی نئی یونیفارم کے لیے مس جونس لڑکیوں کی ناپ لے رہی تھیں، شمن کو سخت گھبراہٹ معلوم ہوئی۔ ایک ایک لڑکی اندر جاتی اور ناپ دے کر واپس لوٹ آتی۔ شمن کی جب باری آئی تو وہ ہچکچاتی ہوئی دفتر میں داخل ہوئی۔ مس جونس

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ناپنے کا فیتہ لیے ایک کاپی پر جھکی کچھ لکھ رہی تھی۔ شمن کا دل دھک دھک کرنے لگا۔
"گرٹا گرٹا" نہ جانے انھوں نے کیا حکم دیا، مگر وہ گھبرا گھبرا کر دوپٹے کا پلو چباتی رہی۔
"گرٹا۔ گرٹا ! " وہ پھر کچھ بڑبڑائیں۔ شمن نے دو قدم اٹھائے۔ آگے نہ پیچھے!
اب کے جو انہوں نے ڈانٹ کر ذرا صاف زبان میں قریب آنے کا حکم دیا تو وہ دو قدم پیچھے ہٹ گئی۔

"یہ کیا واہیات ہے؟" وہ گرجیں۔
شمن کھسیانی زبردستی کی مسکراہٹ جمائے آگے بڑھی۔ فیتہ لے کر انہوں نے ناپ لینا شروع کیا! "ہاتھ اوپر کر دو!" شمن کچھ نہ سمجھی۔
"اوہ، بے وقوف ہاتھ اوپر۔" شمن نے بغلیں بھینچ لیں۔
مس جونسن نے ایک جھنجھوڑی دے کر اسے سیدھا کھڑا کیا اور دو جھٹکے کندھوں میں جمائے۔ شمن ڈری ہوئی بکری کی طرح روتی ہوئی فرش پر گر کر کھڑی ہو گئی۔
"سیدھی کھڑی ہو!" مس جونسن کہتی رہیں اور وہ اسی طرح کھڑی، ناک سے رونے کی آوازیں نکالتی ہوئی بھاگ کر دروازے سے ٹکرائی۔
"ارے! سلی گرل!" مس جونسن کا دودن کا مونڈا ہوا بالائی ہونٹ مسکراہٹ سے پھڑپھڑایا مگر شمن سیدھی اپنے کمرے میں آ کر پلنگ پر گر پڑی اور دیر تک گھوڑے سے منہ تانے جیسی دبی دبی آوازیں نکال کر روتی رہی۔
اس دن سے اسے مس جونسن سے ایسی شرم آئی کہ وہ برابر نیلی چٹھی، جو بیمار لڑکیاں مس جونسن کے لیے فزیکس میں ورزش سے معافی مانگنے کے لیے ڈالتی تھیں، دبے پیر جا کر ڈال آتی۔ ان نیلی چٹھیوں کی تعداد اتنی بڑھی کہ وہ اُس کی ہیلتھ رپورٹ کے ساتھ چپکا کر ہوسٹل کی لیڈی ڈاکٹر کے پاس بھیجی گئیں اور پھر ایک دن بورڈ پر اُس کا نام اُن لڑکیوں کی فہرست میں نظر آیا جو مسلسل خرابی صحت کی وجہ سے ڈاکٹری معائنے کی محتاج تھیں۔

[illegible] اور نازنیوں کے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

باغ میں واقع تھا۔ نہایت صاف ستھرے خوبصورت کمرے اور سامنے کھلا میدان۔ عام طور پر لڑکیاں اتوار کو غسل کے عذاب سے بچنے کے لیے رات کے کپڑے پہن کر ان کمروں میں ذرا سا بیماری کا بہانہ کر کے جا لیٹتیں۔ یہ بھی مشہور تھا کہ کالج سے ملحق جو یونیورسٹی تھی وہاں کے لڑکے آتے جاتے ان کمروں کی کھڑکیوں کی طرف تاکا کرتے تھے اور کئی قصے بھی ان کھڑکیوں سے وابستہ تھے۔ کئی لڑکیاں بدمعاش لڑکوں سے فرار ہونے سے پہلے ان ہی کمروں میں بیماری کا بہانہ بنا کر رہی تھیں۔

اسپتال کی نرس ایک سیاہ فام حبشی نژاد امریکن تھیں۔ پھیلے ہوئے جسم کی ٹھنگنی سی عورت نرسوں کے سفید براق لباس میں سنگ موسیٰ اور سنگ مرمر کا بنا ہوا مقبرہ معلوم ہوتیں۔ عام طور پر ان کی گفتگو ان فرار ہونے والی لڑکیوں کے متعلق ہوتی جو بھاگنے سے پہلے ان کے زیر سایہ رہی تھیں۔ ہر لڑکی کو وہ اصول صحت سمجھاتے وقت جسم کی خوبصورتیاں قائم رکھنے کی اہمیت پر مدلل لکچر دیا کرتیں۔ لبوائزا کو گھیرنے کے تیر ہدف نسخے تو انہیں ازبر یاد تھے۔

"پنڈلیوں کے بال فلاں پوڈر سے اڑاؤ تو موٹے نہیں نکلیں گے۔ کمر پر سے ساڑھی خوب کھینچ کر باندھو، ایسے" وہ ساڑھی کو بالکل تہبند کی طرح کس کر بتاتیں۔

"اتنا تنگ باڈی مت پہنا کرو، سارا جسم لٹک جائے گا۔ انگلش گرلز کو دیکھو۔" وہ انگلش گرلز کا ایسے ذکر کرتیں گویا انگریزوں نے ساری مفتوحات ان منڈی ہوئی ٹانگوں اور چست باڈیوں کے ہی بل بوتے پر زیر کر رکھی ہیں۔ جسم سے بدبو دور کرنے کی اور مختلف پوشیدہ دواؤں کے نام مفت بتایا کرتی تھیں مگر بجائے شکر گزار ہونے کے لڑکیاں الٹی چراغ پا ہو جاتیں۔

یہ نرس ہر وقت امریکہ یعنی اپنے دیس کی تعریفیں کیا کرتیں اور بڑے بڑے معززین کا ایسے ذکر کرتیں [illegible] وہ ان کے سگے چچا ماموں تھے۔ عبادت کے لیے جب ساری لڑکیاں اور پروفیسر معتقد بھر کے کھانے سے قبل جمع ہوتیں تو وہ بھی امریکن استانیوں کے بیچ میں کالے تل کی طرح ملاحت سے چمکا کرتیں۔ ان کی آنکھیں سفید چمڑی کی قربت

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کے غرور سے اور بھی گرجاؤں میں جا کر چمکنے لگتیں۔ ایسا معلوم ہوتا کہ وہ سب کو اس
معجزے سے متاثر کرنا چاہتی ہیں کہ دیکھو ہم سفیدی کے کتنے پاس بیٹھے ہوئے ہیں۔ سفید
میمیں بھی اپنے سر انداز سے یہی کہتی معلوم ہوتیں کہ لوگو دیکھو تم ہمیں اور عش عش کرو،
ہم کتنے بلند ہیں کہ کیچڑ ہو یا کوئلہ ہم ہر ایک کو پاس بٹھا لیتے ہیں۔ یہ دیکھو ہم اس اُلٹے
توے کے ساتھ کس خندہ پیشانی سے بیٹھے مسکرا رہے ہیں اور تم ہمیں ناک چڑھا
اور مغرور کہتے ہو؟ نہ جانے یہ سفید قومیں سیاہ انسانوں کو انسان سمجھ کر اس کا احسان
کس پر جتانا چاہتی ہیں اور کس دھوم سے اُس کا ڈھنڈورا پیٹتی ہیں۔ انگلش چرچ جدا
ہے اندر وہاں کتوں اور اُن کے ساتھ ہندوستانیوں کے جانے کی اجازت نہیں، مگر
مہینے میں ایک دفعہ باری سے سفید انسانی کالے چرچ میں عبادت کر کے اُسے مقدس
بنانے ضروری چلی جاتی۔ ہندوستانی لڑکیاں مارے غرور اور احسان کے بوجھ کے گردنیں
اکڑا اکڑا کر عبادت گاہ میں داخل ہوتیں۔

شمن کی ایک عیسائی دوست ایلما تھی۔ بڑی منہ پھٹ اور زبان دراز۔ جنوبی ہند
کی مخصوص چاکلیٹی رنگت، بھونرا سے سیاہ بال اور سادھوؤں کی سی سُرخ ڈوروں سے
کھنچی ہوئی بڑی بڑی آنکھیں، اودے رنگ کے پکے جامن جیسے پھیلے ہوئے ہونٹ
اور سُتا ہوا چہرہ۔ اُس کے گالوں کی ہڈیاں اُبھری ہوئی تھیں اور دانت غیر معمولی
نیلاہٹ مائل سفید تھے۔ جب وہ زور سے قہقہہ لگاتی تو ہیبت سے دانت چمک اُٹھتے
جو بڑے دھاردار اور زہریلے معلوم ہوتے۔ لڑکیاں اُس کے متعلق عجیب عجیب باتیں
کیا کرتیں۔ گو وہ عیسائی تھی لیکن گرجے بہت کم جاتی، اور اگر جاتی بھی تو صرف لڑکوں
کے ساتھ مل کر حمد گانے۔ اس کی آواز بہت رسیلی تھی اور گانے کا بہت شوق تھا۔
غسل کرتے وقت وہ پوری آواز سے اوٹ پٹانگ گیت گایا کرتی۔ اُس کے کمرے میں
بجائے یسوع کے کرشن کی تصویر لگی تھی جس کے آگے وہ سونے سے پہلے گھٹنے ٹیک
کر بائبل کی آیتیں پڑھ کر سینے پر صلیب کا نشان بنایا کرتی تھی۔ وہ کہتی تھی "مجھے سفید
رنگت سے گھن آتی ہے اور صلیب پر لٹکے ہوئے مسیح پر رحم آتا ہے، اور رحم کے ساتھ

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

عقیدت کا جذبہ بجائے عبودیت کے دل میں بغاوت کی آرزو پیدا کر دیتا ہے، دوسری طرف ہنستے کھیلتے بنسری بجاتے کنہیا جی کو دیکھ کر دل ناچ اُٹھتا ہے۔"

پھر ایک دم سے اسے نہ جانے کیا ہوا کہ کرشن کی تصویر تو نکال کر پھینک دی اور اس کے بجائے وہ تصویر لگا لی جس میں ایک بندر پیڑ پر بیٹھا کیلا کھا رہا تھا، دوسرا بندر نیچے سے ایک لکڑی اُس کی پیٹھ میں چبھو رہا تھا اور پہلے بندر کا آدھا کھایا ہوا کیلا زمین پر گر رہا تھا جس پر نیچے والا بندر مسکرا رہا تھا۔ جب لڑکیوں نے اُس سے اس تبدیلی کی وجہ پوچھی تو وہ اپنے مخصوص قہقہے لگا کر الٹی سیدھی باتیں کرنے لگتی۔

"کرشن جی کی بنسری کو کیڑا لگ گیا تھا، اُس میں سے مینڈک ٹر ٹر ا رہا تھا" وہ ہانکتی، "مکھن کا بڑا شوقین تھا نا، معلوم ہوتا ہے تھوڑا مکھن بنسری میں لگا رہ گیا سو دیمک چاٹ گئی" اور پھر وہ منہ چڑا کر کہتی: "انھیں سوائے عورتوں سے مذاق کرنے کے اور کام ہی کیا تھا؟ سنا ہے بیاہی عورتیں زیادہ پسند تھیں۔"

اس پر لڑکیوں نے اس کی بُری گت بنا لی، پرنسپل سے شکایت کر دی، یہی نہیں، وہ کئی بار شمیم سے اُلجھ پڑی، "یہ سب پیغمبر عورتوں پر کیوں فدا تھے؟ یوں تو ہمارا ہشتم بھی پیغمبر تھا۔۔۔" مگر شمیم غصّے سے بے قابو ہو گئی اور آنسو نکل آئے۔ ایلیما نے خاموشی سے معافی مانگ لی۔

تین چار دن بعد بندروں کی تصویر میں تغیر ہوا، پیڑ پر بیٹھا ہوا بندر جان بل بن گیا اور نیچے والے نے دھوتی پہن لی اور ہاتھ سے چھوٹ کر گرتا ہوا کیلا ہندوستان کا نقشہ بن گیا۔

ایلیما کو ڈانٹ بہت پڑی آتی تھی مگر وہ اس بھدی تصویر میں نت نئی گل کاریاں دکھاتی اور اپنے نیلگوں دھار دار دانت کھول کر لمبے لمبے قہقہے لگاتی۔

اُس کی بیہودہ گوئی اس قدر بڑھی کہ ایک دن لڑکیوں نے سختی سے پرنسپل سے شکایت کر دی۔ دیر تک وہ اُس سے بحث کرتی رہی، جب وہ دفتر سے نکلا تو بہت۔

[illegible]

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اُسے اداس دیکھ کر اس کا جی کڑھ گیا۔ اس نے بتایا کہ پرنسپل نے کہا ہے کہ اگر آئندہ اس کے متعلق شکایت سنی گئی تو رسٹی کیشن کر دیا جائے گا اور وہ باقاعدہ عبادت میں شریک نہ ہوئی تو ہوسٹل سے نکال دی جائے گی۔ گو شمن کو اس کی باتوں سے ڈر معلوم ہوتا تھا پھر بھی وہ اسے سمجھاتی رہی۔ دسمبر کی چھٹیوں کے بعد ایلما نے کالج چھوڑ دیا اور یونیورسٹی چلی گئی۔ وہیں کیلاش ہوسٹل، جو یونیورسٹی میں لڑکیوں کے لئے خاص طور پر کھولا گیا تھا چلی گئی، مگر اکثر وہ شمن کے پاس آیا کرتی۔

شمن کو اس نے کچھ خشک سی کتابیں بھی پڑھنے کو دیں مگر ان میں اس کا قطعی جی نہ لگا۔

ایلما یونیورسٹی میں جا کر چمک اٹھی، کلاس میں اول رہنے کے علاوہ اسے یونین کا پریزیڈنٹ بھی بنا دیا گیا جہاں وہ ہنگامہ خیز تقریروں سے لڑکوں اور پروفیسروں پر چھا گئی۔

(۲۳)

اسکول اور کالج میں کتنا لمبا چوڑا فرق ہے! کہاں ایک مسلم درس گاہ اور کہاں امریکن مشن کالج! کہاں تو یہ حال کہ اگر کوئی لڑکی کھیل کھیل میں سیاہ شیروانی اور ترکی ٹوپی پہن کر آجائے تو لڑکیوں کو دورے پڑ جائیں اور تہلکہ مچ جائے۔ جرمانے ہوتے سو الگ اور کہاں یہ کہ کالج میں دوسری ٹرم شروع ہوتے ہی نئی لڑکیوں کو یونیورسٹی کے لڑکوں سے مہذب طریقے پر ملایا جاتا اور اس مقصد کے لیے ایک باقاعدہ دعوت ہوتی۔ پرنسپل اور استانیاں اور پروفیسر خود ہر ایک لڑکی کو ایک لڑکے سے ملواتیں، تھوڑی دیر سب ساتھ رہتیں اور پھر ان کو بے تکلف باتیں کرنے کے لیے چھوڑ جاتیں۔ اس جلسے کی بڑی زور دار تیاریاں ہوتیں، چائے پانی کے علاوہ ڈرامے اور ناچ گانے کا بھی ایک پروگرام تیار کیا جاتا تھا۔ لڑکیاں بھی کپڑوں لتوں کا انتظام کرتیں، خوب شاندار جوڑے تیار کئے جاتے۔

نئی لڑکیاں تو جلسے کی دہشت سے ہی بے حال ہو جاتیں۔ ایسا معلوم ہوتا کہ کوئی سخت عیب کی بات ہونے والی ہے۔ بہت سی تو اپنے گھر والوں پر اس کا ذکر ہی نہ کرتیں۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بلکہ چھپے چوری ہی گناہ کر لیتیں۔ پرانی لڑکیاں ان کا مذاق اڑاتیں:
"سنو شمن تمھیں اپنے ساتھی کا پیار لینا ہوگا" پرمیلا نے شرارت سے کہا۔
"ہائے!" شمن کو پسینہ آگیا۔
"اور کیا، پیار تو لینا ہی ہوتا ہے اور پھر دوسرے دن پرنسپل کو ایک پرچے پر لکھ کر دینا ہوتا ہے کہ تم نے اتنے لوگوں کا پیار لیا" اوروں نے تائید کی۔
"ہاں، اور پھر جس نے سب سے زیادہ پیار لیے ہوں اس کو انعام ملتا ہے۔"
"اور... اور جو نہ لے تو؟"
"جو نہ لے تو اس کو جرمانہ، اور سالانہ رپورٹ پر لکھ دیا جاتا ہے کہ یہ لڑکی بالکل کمزور ہے، خراب!"
مارے پریشانی کے شمن کی نیند اڑ گئی۔ جو ابا میاں کے پاس سالانہ رپورٹ پہنچی، اور انہوں نے دیکھا تو بس بیتر نہیں۔ نہ جانے کن مصیبتوں اور سفارشوں سے تو بھیجا تھا، ورنہ وہ تو یہی کہتے تھے کہ اسی کالج کی کلاسیں کھلوانے کی کوشش کرنا چاہیے۔ دوسرے محیط بھیا جب سے انگلینڈ سے آئے تھے تعلیم نسواں کے حد سے زیادہ خلاف ہو گئے تھے۔ یہ الٹی ہی بات تھی۔ حمید بھائی نے انگلینڈ سے آکر بوڑھی نانی تک کا پردہ تڑوا دیا۔ بیچاری ہزار بڑ بڑاتیں نکھٹوں کی آنہ البتہ مگر بھنگی، بہشتی، باورچی سب ہی گھر میں آتے۔ جوان جوان بہو بیٹیاں مزے سے لیٹی بچوں کو دودھ پلایا کرتیں، خالہ اماں بیٹھی خوب آرام سے کھجوایا کرتیں، اور بیگم اماں نہایت بے تکلفی سے لیٹی چودہ پندرہ برس کی میراسے اپنی دلائیں۔ بوڑھی نانی لرزتیں اور تھراتیں۔ بہشتی، بھنگی پہلے لنگی سر پر ڈال کر آتے تھے اب یہ خود بیچاری گھونگھٹ کاڑھ لیتیں۔
"نانی اماں اتنی بوڑھی ہو گئیں مگر مردوں سے شرمانا نہ چھوڑا" حمید بھائی چڑاتے اور نانی غریب مرط مرط صورت دیکھتیں۔
مگر محیط بھیا نہ جانے کن متعفن مولویوں کی غلاظت میں ہولی کھیل کر آئے تھے۔ کہ اور زیادہ پردے کے حامی ہو گئے تھے۔ خاندان کی سب سے بیوقوف اور بے ہنگم

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

لڑکی سے شادی طے کی اور شمّن کی تعلیم کے خلاف محاذ قائم کیا۔
بکرے کی ماں کب تک خیر مناتی! جلسے کا دن بھی آ ہی گیا۔ شمّن کو تو بخار سا چڑھ آیا۔ رات بھر اُسے عجیب عجیب واہمے خواب بن بن کر ستاتے رہتے۔ کبھی کالج کے غنڈے اُسے چیخنے چلاتے اپنے پیچھے دوڑتے دکھائی دیتے۔ کبھی دیکھتی وہ شیشے جیسے چکنے پہاڑ پر اُلٹی پھسل رہی ہے اور اُس کے کپڑے تار تار ہو گئے ہیں، ہتھیلیاں چھل گئی ہیں۔ کبھی دیکھتی میر بڑن چھوٹے بندے کی پیٹھ پر سوار اُسے جھاڑو سے ہانک رہی ہے، وہ غسل خانے میں نہا رہی ہے کہ حبشی شہزادہ نرس لے چوپٹ دروازے کھول دیے۔ وہ چیخ مار کر گر پڑی مری ہو گئی۔ جب اُس کے حواس درست ہوئے تو پریما اُس کے منہ پر سے چادر اتار رہی تھی: "کیا ہوا؟ کیا کوئی بڑا سپنا دیکھا تو نے؟"
"ہاں!" وہ گھبرا کر آنکھیں مچانے لگی۔
"پگلی کہیں کی! ایسے زور سے چیخی کہ میں ڈر ہی تو گئی۔ اُٹھ نا۔ جائے کی گھنٹی بھی ہو گئی۔"
سارے دن کسی کام میں جی نہ لگا۔ عام طور پر لڑکیاں بالکل بے فکر سی نظر آ رہی تھیں۔ غور سے وہ ہر لڑکی کو گھور کر اُس کے دل کا حال معلوم کرنا چاہتی مگر کچھ بھی تو ظاہر نہ ہوتا اُن کے چہروں سے۔ یا تو وہ واقعی بڑی بہادر تھیں یا اُس کی طرح بن رہی تھیں۔
شام کو ہر کمرے میں کپڑے بدلنے جانے کی اُدھم مچ ہو گئی۔ سوئی دھاگے اور بٹن سے لے کر ساڑھیاں بال، زیور اور بندے وغیرہ ایک دوسرے سے مستعار مانگے جانے لگے۔ شمّن نے اپنی لٹھے کی شلوار اور چنا ہوا دوپٹہ نکالا۔ آج اسے دوپٹہ بہت ناکافی معلوم ہو رہا تھا۔ وہ اس بار ایک چینٹ کو کھول ہی رہی تھی جو اُس نے انگلیوں میں چھپا لے ڈال کر بڑی کاوشوں سے بنائی تھی کہ پریما آ گئی:
"ارے پگلی، شلوار قمیص پہن کر جائے گی! وہ ڈانٹ بتائیں گی پرنسپل کہ یاد کرو گی۔"
"کیوں؟"
"کیوں کیسی؟ معلوم نہیں کہ ساڑھی پہننی چاہیے کالج کی لڑکیوں کو۔"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"مگر میرے پاس تو اس وقت بس وہی چار رخا لے والی ہے، اور جمپر بھی نہیں ہے"
"تمھارا تو بالکل ہی دماغ خراب ہو گیا ہے۔ بھلا اس جلسے میں سوتی ساڑھی چلے گی؟ میرے پاس ہے، آؤ۔" وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر گھسیٹ لے گئی۔

شمن نے بہتیری کوشش کی خوشامدیں کیں مگر پریما نے اُسے کاسنی ریشم کی ساڑھی جس پر بھاری بنارسی فیتہ لگا تھا، اور بروکیڈ کا شلوکا پہنا دیا۔ وہ تو ہلکا سا پاؤڈر ہی لگا لیتی اور بس، مگر پریما نے مانی اور زبردستی سرخی اور کاجل لگایا، پھر بھر بھر ہاتھ چوڑیاں اور جھمکے، جن پر ملمع کیا ہوا تھا مگر اصلی معلوم ہوتے تھے، اُس نے خود ہی پہن لیے۔ نہایت سبک ایڑھی کا جوتا پہن کر چلنا اسے بالکل ایسا معلوم ہوا جیسے وہ پل صراط پر چل رہی ہے۔ جوتا ذرا پنجہ دباتا تھا مگر وہ سہہ گئی۔ آج اُس نے پریما کی حرص میں کُم کُم کی بندی بھی لگائی۔

جلسے کا شور شروع ہو گیا جیسے دیکھو بے طرح سج رہا تھا۔ مس جونسن تک نے آج اپنی مردانہ وضع کی فراک پر پھولوں کا گچھا لگا کہ کچھ نسوانیت سی پیدا کرلی تھی۔ تھوڑا بہت زنانہ پن جو اُن میں باقی رہ گیا تھا۔ میٹرن بھی آج تنگ فراک کو اور زیادہ تنگ بنا کر منڈھے ہوئے تھیں۔ ان کے جسم پر بندھی ہوئی ڈوریاں اور فیتے بستر بند کے تسموں کی طرح اُن کی فراک میں سے جھلک رہے تھے۔ ایلما بھی مہمانوں میں آئی تھی۔ اپنی سادہ دکھنی ساڑھی اور اونچے جوڑے میں وہ بالکل الورا کے غاروں کی دیوداسی معلوم ہو رہی تھی۔

شمن کو ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے سارے مہمان اُسی کو گھور رہے ہیں اور کوئی دم میں بھاری بنارسی فیتے کی ساڑھی اُس کے جسم سے پھسل کر اُسے برہنہ چھوڑ جائیں گی۔ ساڑھی پہننے کی عادی نہ ہونے کی وجہ سے کبھی پلّو کھینچتی، کبھی پلیٹوں کو ٹٹولتی کہ کھل تو نہیں گئیں، پھر ایک دم آنچل بہت زیادہ لمبا لگنے لگتا تو چپکے سے اسے سرکا کر اڑس لیتی۔ ایک دم سے ایسا معلوم ہوا کہ کم کم کی بندی گولی کی طرح ماتھے میں اٹکی چبھ رہی ہے اور کوئی دم میں انار کے دانے کی طرح پھوٹ کر اس کے سارے چہرے سے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

پر بہہ جائے گی اور ساتھ ہی ساتھ ملمع کے جھینپ کر بوجھل ہو کر کان کی لوؤں کو کھینچنے لگے۔

اتنے میں پروفیسر اور پرنسپل بھی آگئیں اور تعارف کا سلسلہ شروع کر دیا گیا۔ انڈین ڈھنگ۔ ہاتھ پکڑ کر جوڑے بنے۔ انگا نے شروع کر دیے اور تھوڑی ہی دیر میں زیادہ تر لڑکیاں ایک ایک لڑکے کی ہمراہی میں نظر آنے لگیں۔ جب شمن اس عجیب و غریب تماشے کو خوب آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھ چکی تو اسے اپنے سامنے بیٹھا ہوا پریشان حال لڑکا نظر آیا۔ شمن نے اسے چونک کر دیکھا، اس کی متاثرت بھری نظروں سے وہ اور بھی سٹپٹا گیا اور بری طرح ہکلا کر اپنی ٹائی ٹٹولنے لگا۔ شاید وہ بھی آج شمن کی طرح پہلی دفعہ سوٹ پہن کر آیا تھا!

جب ذرا حواس درست ہوئے تو اس نے نہایت گھبراتے ہوئے اور الو کی نقل میں چائے بنا کر کیک وغیرہ شمن کو پیش کرنے شروع کیے۔ انگریزی میں شمن شکریہ کہتی اور وہ جواب میں مستعدی سے "کوئی بات نہیں میڈم!" کہتا لیکن گھبراہٹ میں کئی بار "میڈم" کے بجائے "مم" کہہ جاتا اور پھر شرم سے نیلا ہو کر اس کے حلق میں پھندے پڑنے لگتے۔ اس کو اتنا گھبرایا ہوا دیکھ کر شمن کو ہنسی آگئی۔ وہ کافی بہادری سے انگریزی کے گھسے گھسائے جملوں میں اس سے باقاعدہ باتیں کرنے لگی۔ چھوٹی سی بات کو نہایت شستہ اور قواعد سے مرصع انگریزی میں کہتی۔ وہ دونوں باتیں کرنے لگے لیکن دو چار جملوں میں ہی گفتگو کا سارا مواد ختم ہو گیا۔ مجبوراً دونوں نے نہایت تندہی سے کھانا شروع کر دیا اور باقی وقت میں چائے کی پیالیاں ہونٹوں سے چپکائے رہے کیونکہ چائے پینے میں بولنا ضروری نہ تھا۔ بیچ بیچ میں وہ نہایت حسرت سے اور لوگوں کو دیکھنے جو ایک دانہ بھی نہیں کھا رہے تھے اور برابر قہقہے لگا رہے تھے۔ ایک دم شمن کو ایسا معلوم ہوا جیسے کسی نے گندے نالے کی متعفن کیچڑ اس کے حلق میں گھول دی، بڑی زور سے ابکائی آئی مگر اس نے گلا بھینچ کر چائے کے بڑے سے گھونٹ سے لقمہ نگل لیا۔ گرم چائے نے سارے حلق اور معدے تک کو جھلسا دیا۔ بے اختیار اس کی آنکھوں سے آنسو پھوٹ نکلے، اس کا دل اچھی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بڑے رحم کی نظروں سے اُسے دیکھنے لگا۔ وہ سمجھ گیا اُس کی طرح وہ بھی ٹین کی مچھلی کھانے کی عادی نہیں۔ اس مچھلی کو کھانے کے لیے مشق کی ضرورت ہے اور وہ مشق مسلسل کھانے میں مسلسل الیٹوں کے بعد حاصل ہوسکتی ہے، مگر اس وقت وہ ننھی چڑیاں پنجرے کی تیلیوں کو حسرت سے تک رہی تھیں اور زبان بند تھی۔

شمن نے دیکھا کہ ایلیاؔ اسے بڑے غور سے دیکھ کر کچھ چپکے چپکے اپنے ساتھی سے کہہ رہی ہے، پھر اُس کا مخصوص قہقہہ فضا میں کھنکا اور دھاردار دانتوں کی قطاریں چمک اُٹھیں۔ گھبرا کر دونوں نے چائے کی پیالیاں رکھ دیں اور ایک دوسرے سے چھپا کر رومال ڈھونڈنے لگے۔

ایلیاؔ نے تاک کر ایک پکا سا انگوٹھ پھینکا۔ شمنؔ ایسی گھبرائی جیسے ڈوب ہی تو جائے گی اُس کے رس میں۔ باوجود تندہی سے تلاش کرنے کے رومال نہ ملا۔ بس کے کھکھلاتے ہوئے ساتھی نے جلدی سے رومال نکال کر اس کا گال پونچھ دیا۔ شمنؔ کو معلوم ہوا جیسے کم کم کی بندی اُس کے سارے جسم پر بہہ گئی، اور وہ بیچارا ابھی کرنے کو تو اس قدر ہمت کا کام کر گیا مگر پھر اس بُری طرح جھینپا کہ شمنؔ کو ترس آگیا۔ ایلیا اور اُس کا ساتھی بے حال ہو کر ہنسنے لگے، پھر وہ دونوں اپنی کرسیاں گھسیٹ کر اُن کی میز پر آگئے۔

"ارے مسٹر تم تو بہت چل نکلے ہو، واہ بھئی!" ایلیاؔ کے ساتھی نے اس زور سے بیچارے کی پیٹھ ٹھونکی کہ بل کر رہ گیا۔

"شمنؔ اپنے دوست سے ملاؤ نا" ایلیاؔ نے کہا۔

"یہ۔۔۔یہ۔۔۔" وہ ہکلا کر رہ گئی۔

"ہیں؟ ایسی کھانے میں مشغول ہو کہ نام بھی نہ پوچھا۔"

"جی۔۔۔ نہیں تو" حمایت میں بولا۔

"ارے بھائی اتنی دیر سے برابر کھا رہے اور۔۔۔"

"جی ہاں۔۔۔" وہ بھی ہکلایا، اس پر دونوں نے پھر قہقہوں کی بھرمار کر دی۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اور تم بڑے آوارہ ہوتے جلتے ہو، ابھی،۔۔۔"

"میں سچ کہتا ہوں ۔۔۔ آ معاف کیجئے گا۔" وہ جلدی سے شمن کی طرف مڑا۔

"میں نے تو یونہیں پوچھ دیا تھا کہ آپ کا رومال نہ خراب ہو۔"

شکر ہے کہ املیا اور اُس کے ساتھی افتخار کے آجانے سے وہ دم گھٹنے والا طلسم خاموشی تو ٹوٹا۔ افتخار نے دونوں کو چھیڑ چھیڑ کر بے تکلف بنا دیا۔ تھوڑی دیر میں ڈرامہ شروع ہو گیا۔ املیا افتخار کو کہیں چھوڑ کر شمن اور اُس کے ساتھی کے بیچ میں بیٹھ گئی۔ تھوڑی ہی دیر میں جلسے کا لطف آ گیا۔ عجب مزاج تھا املیا کا بھی! عشق بازی پر تل جاتی تو سب کو نچا کر پھینک دیتی اور ایک دم جی اُکتا جاتا تو سب کو شعلے کی طرح پھاڑ کر اُٹھ کھڑی ہوتی۔

ڈراما ختم ہوا اور جلسہ بھی بکھر گیا۔ لوگ جانے لگے۔ پریما اپنے بھائی نریندر کے ساتھ اُسے ڈھونڈنے آ پہنچی۔ دوسرے دن چھٹی تھی اور پریما اُسے اپنے ساتھ دو دن کے لیے گھر لے جانا چاہتی تھی۔ دونوں کپڑے بدل کر جونہی رجسٹر میں دستخط کرنے گئیں تو میٹرن نے کہا پہلے پرنسپل سے لکھوا کر اجازت لاؤ، ایک ہندو لڑکی کے گھر جانے کے لیے عام دستور سے مختلف اور زیادہ پختہ اجازت کی ضرورت ہوتی ہے۔

پرنسپل کے پاس سے پریما روہانسی صورت بنائے واپس آئی۔

"کیوں، اجازت ملی؟"

"نہیں۔ ڈانٹ ملی اور جرمانہ۔"

"اچھا ہوا۔ ہم پہلے ہی کہتے تھے ٹھیک نہیں۔ بہت نٹ کھٹی کرتی ہو تم۔"

میٹرن خوش ہو کر بولیں۔

"اور پرنسپل صاحبہ نے کہا ہے کہ کیونکہ یہ جرمانہ آپ کی کوششوں سے ہوا ہے لہٰذا آپ کو ہی چاکلیٹ کھانے کے لیے دے دیا جائے۔" یہ کہہ کر اُس نے ان کے سامنے اجازت کا پرچہ ڈال دیا۔ جس میں نہایت شستہ سختی سے یاد دلایا گیا تھا کہ انہیں بے کار باتوں کے لیے پرنسپل کو حیران نہ کرنا چاہیے۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اس کے بعد نہ پوچھیے کیا ہوا۔ میرٹن نے بے عزتی کی حد دیکھتے ہوئے پھوٹ پھوٹ کر رونا شروع کر دیا۔ استعفا دینے کی دھمکی دینے لگیں، جو وہ کبھی نہ دے چکی تھیں۔ شمن اور پریما کپڑے بدل کر دوسرے دن پہننے کے لیے کپڑوں کی پوٹلیاں باندھ کر نریندر کے ساتھ موٹر کی اگلی سیٹ پر ٹھنس گئیں۔ کچھ مہمان ابھی رخصت ہو رہے تھے، زور شور سے شب بخیر کہا جا رہا تھا۔ جب موٹر احاطے میں مڑ کر پھاٹک سے گزری تو شمن نے دیکھا اُس کا جلنے والا ساتھی دیوار سے لگا کھڑا تھا۔ جیسے وہ جاتے جاتے رُک گیا ہو!

"اوہ!" اُس نے پہچان کر کہا۔

"کون تھا؟" پریما نے پوچھا۔

"کوئی نہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ایک ۔ ۔ ۔ ۔ ایک ۔ ۔ ۔ ۔"

"لڑکا تھا؟ ہوں! یہ بات ہے!" پریما نے زور سے اس کے چٹکی لی اور نریندر نے ایک نگاہِ غلط انداز ڈالی۔

شمن ایک عجیب شیریں جذبے کے ماتحت مسکرا اُٹھی۔ کیرم کھیلنے میں نشانہ ٹھیک بیٹھے تو دل جھوم اُٹھتا ہے، بالکل اسی طرح کوئی چیز دماغ میں سرد اور شیریں لہر کی طرح تیر گئی۔

راستے بھر پریما جماہیاں لے کر اونگھتی رہی اور نریندر نہ جانے غلطی سے یا قصداً اُس کی ران کو کہنی سے پیلتا رہا مگر وہ کہیں اور تھی؛ دور۔ موٹر سے بہت آگے۔ وہ اُڑی چلی جا رہی تھی۔

(۲۴)

رات آرام سے گزری۔ دوسرے دن شمن کرسی پر بیٹھی رائے صاحب کے کرتوں میں بٹن ٹانکتی رہی اور وہ اُس کے پیروں کے پاس قالین پر پھسکڑا مار کے بیٹھے کہانیاں سناتے رہے اور سوئی میں تاگہ پرو کر بھی دیتے جاتے۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اُلٹا مرتُ مانک دیجو بٹن، سُنا!" وہ بڑی معصومیت سے بٹن کو الٹ پلٹ کر غور سے اُلٹا اور سیدھا دیکھتے۔

"یہ سیدھا" وہ بڑی ہچکچاہٹ سے کہتے اور شمن ہنستی۔

پھر وہ اُسے شہزادیوں، بھٹیاریوں اور جادوگرنیوں کے قصے سنانے لگے۔ یہ کہانیاں شمن نے ہزاروں بار سنی تھیں مگر رائے صاحب ان میں دل سے باتیں جوڑتے جاتے۔ وہ بار بار بھول کر اُس ایک بھٹیاری کا ذکر بیچ میں گھسیٹ لاتے جو ہر مسافر کے ساتھ چوسر کھیلتی تھی اور پاس اپنی بلّی بٹھا لیتی تھی، جب ہارنے لگتی تو بلّی کو اشارہ کر دیتی اور بلّی لیمپ بجھا دیتی۔

"اتنے میں وہ چادلی بدل جاتی اور مسافر ہار جاتا۔" رائے صاحب بڑے جوش سے کہتے۔

"واہ، بھلا بلّی لیمپ کیسے بجھا سکتی ہے؟"

"ایں؟" رائے صاحب بڑے بھولپن سے چونکتے۔

"اور کیا، بلّی لیمپ کیسے بجھا سکتی ہے۔"

"پھو... کر کے۔" وہ بلّی کی نقل کرتے۔ شمن ہنستے ہنستے بے حال ہو جاتی اور رائے صاحب بھی بچوں کی طرح کھلکھلا اٹھتے۔

"نہیں، اصل میں بھٹیاری جو تھی وہ چراغ جلا کر بلّی کے سر پر رکھ دیتی، جب اشارہ کرتی تو بلّی سر ہلا کر چراغ گرا دیتی، بس۔"

"مگر مسافر بڑے بیوقوف تھے: اوّل تو وہ چراغ بلّی کے سر پر کیوں رکھنے دیتے تھے؟ بھلا بلّی کا سر بھی چراغ رکھنے کی چیز ہے؟ دوسرے وہ اُس نگوڑی کے ساتھ کھیلتے ہی کیوں تھے؟"

"چل ہٹ بھی، اب یہ میں کیا جانوں! تو ہوتی تو اُن سے ضرور پوچھتی۔"

"اور کیا، اور بھٹیاری کو پولیس سے پکڑوا دیتی۔"

"اونہہ، سارا کہانی کا مزا کرکرا کر دیا۔ پگلی کہیں کی، بھلا بھٹیاریوں کو پولیس پکڑ

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سکتی ہے؟"

کہانی کہتے وقت اُن کے چہرے اور دماغ میں کتنا بچپن آجاتا تھا! اُن کے چہرے کی جھریاں خفیف مسکراہٹیں بن جاتیں اور آنکھوں پر سے بڑھاپے کا غلاف سرک جاتا۔ یہی چہرہ اخبار پڑھتے وقت اور دفتر میں کام کرتے میں کس قدر پُر دبار اور خشک ہو جاتا تھا!

شام کو رائے صاحب کرسی پر لیٹ گئے اور پکارا!

"بھئی ہمارے سر میں تیل کون ڈالتا ہے؟" پریما اور نریندر لڑنے لگے۔ پریما کا کہنا تھا کہ وہ تو ہوسٹل میں رہتی تھی، نری سارے وقت رائے صاحب کو ہڑپ کرتا رہا تھا، پھر بھی اُس کا جی نہیں بھرتا۔ نریندر کہتا تھا کہ پریما کو ایک سر سے تیل ڈالنے کا سلیقہ ہی نہیں۔

"شمن تیل ڈالے گی، نری پیروں کے انگوٹھے کھینچے گا اور پریما میری گود میں بیٹھے گی" رائے صاحب نے فیصلہ کیا، پریما فوراً اٹھلا کر ان کی گود میں لپٹ گئی۔

رائے صاحب کے بال بالکل سفید نہ تھے۔ اُن میں پلاٹینم کی سی دھندلی سیاہی جھلکتی تھی، جیسے پہاڑوں پر جمی ہوئی بلوریں برف پر ہلکا سا شام کا غبار چھایا ہوا ہو۔ بالوں میں غضب کا گھناؤ تھا اور ذرا سا چھو دینے سے اُن میں بجلی سی دوڑ جاتی تھی۔ رائے صاحب ان بالوں سے کس قدر پراسرار اور غیر مرئی معلوم ہوتے تھے۔ شمن محویت کے عالم میں اُن کے پالش کیے ہوئے جھوں کو ڈری ڈری چھو رہی تھی، پاس ہی پریما گھاس پر اوندھی لیٹ کر اونگھنے لگی، نریندر بیڈمنٹن کورٹ بنوانے چلا گیا اور شمن رائے صاحب کے بالوں کے گنجان کہرے میں ڈوبتی اُبھرتی رہی۔ پرسکون انداز میں اُن کی آنکھیں بند تھیں مگر پلکیں کانپ رہی تھیں۔ وہ سوئے نہیں تھے۔ آدھے کھلے ہونٹوں میں سے سچے موتیوں کی طرح چمکتے ہوئے مصنوعی دانت اور سونے کے تار نظر آرہے تھے۔ اُن کے تلخ تبسم کو نیند کے ہلکورے لیتے دیکھ کر شمن کو ہمیشہ ایسا محسوس ہوتا جیسے وہ نرم نرم ٹھنڈی دلدل میں دھنستی چلی جارہی ہے۔ کنپٹی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کے پاس ننھی ننھی شریانیں، معلوم ہوتا دبی ہوئی زندگیاں پھڑک رہی ہیں۔ بیچوں بیچ ماتھے پر اُودے قشقے کی طرح کھنچی ہوئی رگ، آنکھوں کے گوشوں میں چڑیا کے پنجوں کے نشان، پتھر میں سے تراشا ہوا مضبوط جبڑا! اُس پر رعب اور نامعلوم سی دہشت طاری ہو گئی۔ بے خیالی میں اُس کی سرد اور سہمی ہوئی اُنگلیاں اُن کی مڑی ہوئی گردن پر جا ٹکیں!

"ارے کیا کر رہی ہے؟" دنیا جاگ پڑی، شمن گھبرا کر اپنی انگلیوں کو کھینچنے لگی۔ رائے صاحب نے ماتھے پر شکن ڈال کر زور زور سے کھانسنا اور چھینکنا شروع کر دیا۔ شمن کو ان کی اس چھچھوری حرکت سے سخت کوفت ہوئی، وہ جاگ پڑی۔

"تھک گئی؟ چل ہاتھ دھو، آج تجھے چاٹ کھلائیں گے۔" وہ پیار سے بولے۔ رائے صاحب اُٹھ کر پریما کے کان میں گھاس کے تنکے سے گدگدی کرنے لگے۔ پریما ننھے بچوں کی طرح مچل مچل کر اُٹھی اور گھاس پر بیٹھ کر سب نے چاٹ اور کافی اُڑائی۔ رات کے کھانے کے بعد پریما بیٹھی ایک تارہ جھاڑ پونچھ رہی تھی۔ کالج میں فرصت نہ ملتی تھی جو مشق کرے اور یہاں کھیل کود ہی اتنا ہوتا کہ کچھ یاد ہی نہ آتا۔ کل رائے صاحب نے اُسے کوئی فلمی گیت گاتے سُنا تو ملامت کرنے لگے۔ راگ راگنیاں مقبول کردہ ٹیس میں پڑتی جا رہی تھی۔ اُنھیں کتنا ارمان تھا کہ بہت نہیں تھوڑا ہی سہی کچھ تو آرٹ سے ان بچوں میں بھی لگاؤ پیدا ہو جاتا۔

طنبورا اُٹھا کر اُنھوں نے نہ جانے کس راگ کا الاپ شروع کر دیا۔ پیر کے پنجے سے تال دیتے جاتے۔ دیر تک وہ کچھ گاتے رہے۔ شمن خاک نہ سمجھی مگر وہ اُن کی گہری لوچدار آواز رات کی خاموشی میں مل جل کر اُسے نیند کے جھولے جھلانے لگی۔ نہ جانے کیا سُر تھے، دھیمے اور نرم، جو احساسات پر پھوار کی طرح برستے رہے۔

قریب قریب ہر اتوار کو شمن اُن کے گھر جاتی۔ ہر سال لڑکیوں کو ملنے جلنے والوں کا بنا کارڈ بھروانا پڑتا تھا۔ عام طور پر تو لڑکیاں کارڈ پھینک پھانک دیتی تھیں۔ کیونکہ جو گھر والوں کے دستخطوں کے لیے بھیجتیں وہ کبھی واپس نہ آتے۔ اب کارڈ بھروانے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کے لیے بڑی مصیبت آئی۔ پہلے کارڈ پر جو دستخط تھے وہ جعلی تھے اور اس دفعہ پرنسپل نے کارڈ بجائے لڑکیوں کو دینے کے سرپرستوں کو خود براہِ راست بھیج دیے تھے اور وہاں سے شمن کے لیے یہ جواب آیا کہ کہیں جانے کی کوئی خاص ضرورت نہیں، اگر کوئی رشتہ دار ملنے آئے گا تو وہ اجازت نامہ ساتھ لائے گا۔ لیکن اس طرح بڑی گڑبڑ ہوئی۔ خود بڑے بھیا ملنے آئے اور گھنٹوں پرنسپل سے لڑے۔ وہ ابا میاں کے پاس ہو کر نہیں آ رہے تھے لہٰذا اجازت نامہ ندارد تھا۔ غصّے میں آ کر وہ کارڈ خود بھر کر دستخط کر دیے گئے۔ ایک اور لڑکی کا گارڈین ملنے آیا لہٰذا اُس سے بھی اجازت نامہ طلب کیا گیا۔ وہ بہت چراغ پا ہوا۔ خیر یہ طے ہوا کہ وہ وہیں بیٹھ کر اجازت نامہ لکھے۔ ہیڈمسٹرس سوتے سے اٹھائی گئی تھیں، وہ بڑبڑاتی ہوئی پرنسپل کے کمرے سے ملاقات کے کمرے تک پیغام رسانی کرتی رہیں۔ پھر قلم دوات منگوایا گیا، گھنٹوں لگ گئے پر ملاقات نہ ہو سکی۔ گارڈین تنتنا کر چل دیا اور سر پھرے نے اخبار میں الٹی سیدھی خبریں چھپا دیں۔ ایک اور لڑکی کا سگا بھائی ملنے آیا۔ اتفاق سے وہ سامنے ہی برآمدے میں کھڑی تھی، بے اختیار دوڑ کر لپٹ گئی۔ بڑی دیر بعد خیال آیا کہ اجازت تو لی ہی نہیں، اگر مسٹرن کو خبر ہو گئی تو؟ اور واقعی سانپ کی طرح اُس کی پسلی پھڑکی اور مس سر پر موجود۔

"بغیر اجازت کس سے بات کر رہی ہو؟"

"اپنے بھائی سے۔"

"ثبوت کیا ہے کہ یہ تمھارا بھائی ہے؟"

"ثبوت؟ ارے یہ میرا سگا بھائی ہے۔ کیا تم سمجھی ہو یہ میرا عاشق ہے؟"

"کیا معلوم؟" لڑکی جل گئی۔

"مگر یہ تو کہتا ہے کہ آپ سے ملنے آیا تھا... آپ کا"

"ہشت" اس کا بھائی بولا اور مسٹرن کا تو یہ حال کہ انگاروں پر لوٹ گئیں۔ لڑکی بولی، "اگر آپ کو یقین نہیں کہ یہ میرا سگا بھائی ہے تو چلیے سائنس روم میں خون کا معائنہ کرا کے دیکھیے، اور کیا!" غرض آئے دن یہی جھگڑے ہوا کرتے۔ روز روز

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کے قصوں سے منتظمین بھی تنگ آگئے تھے۔ لڑکیوں کی چالوں کے آگے کسی کی نہ بن آتی۔ بڑی لے دے مچتی لہذا پھر کارڈ بھروانے کا تقاضا ہوا۔

اب کہ شمن کو دوسری چال چلنا پڑی، یعنی نہایت صفائی سے کارڈ پر دستخطوں کی نقل کر ڈاک سے پرنسپل کی خدمت میں بھیج دیا۔ یہ ننھی ننھی چوریاں بڑی پیاری معلوم ہوتیں۔ اتنے رعب دار بزرگوں کو الّو بنا کر لڑکیاں چپکے چپکے ان کے بھولپن پر ہنستیں۔ ڈھائی تین سو کارڈوں میں دو چار جعلی چلا دینا کچھ مشکل بات نہ تھی!

شمن کا جانا صرف چند اتواروں کے لیے رکا اور وہ پھر جانے لگی۔ رائے صاحب سے اُس کی خوب گھٹتی۔ بچوں میں وہ بچہ بن کر کھیلتے، خوب بے ایمانیاں کرتے۔ پریما کی توان سے باقاعدہ کشتی ہوتی۔ پھر بھی اگر وہ پریما کی طرح شمن کے گدگدیاں کر دیتے یا گال نوچ دیتے تو وہ بُری طرح جھینپ جاتی اور دیر تک الگ الگ رہتی۔ اُن کے سامنے ننھا سا بچہ بن جانے کی خواہش ہونے لگتی۔

ایک دن مذاق میں انھوں نے اسے بھینچ ڈالا تو وہ کھسیا کر رو پڑی۔ رائے صاحب کچھ متحیر اور کچھ پریشان ہو گئے۔ اتنے زور سے تو انھوں نے بھینچا بھی نہ تھا! جب شمن مسکرا دی تو وہ بن کر روٹھ گئے۔

کھانے پر وہ نربندر سے کچھ گاؤں وغیرہ کے متعلق باتیں کرتے رہے اور پھر کسی کام سے اپنے دفتر میں بند ہو کر بیٹھ گئے۔ شمن ان کی بے رُخی سے روہانسی ہو گئی۔ اگر وہ واقعی خفا ہو گئے تھے تو؟ بے اختیار اُس کا دل بورڈنگ بھاگ جانے کو چاہا۔

پلنگ پر چت پڑی وہ سنسان دوپہر میں سوچا کی۔ آخر اتنی جلدی اُس کے آنسو کیوں نکل پڑتے ہیں؟ رائے صاحب کو دیکھ کر اُس پر رقت کیوں طاری ہو جاتی تھی؟ پھر اُسے نربندر کا خیال آگیا: وہ سب کے سامنے کتنا چپکا بنا رہتا تھا پر اکیلے میں بُری طرح ٹپٹپا جاتا۔ شمن اُس کی گھبراہٹ سے اور بھی شیر ہو جاتی اور جب وہ شوق بھری کن انکھیوں سے اسے تاکتا تو بزرگانہ انداز سے مسکرا اٹھتی۔ اب وہ بچہ نہ تھی، اسے معلوم تھا نربندر اسے چاہتا ہے! یہ چاہت کیا ہوتی ہے؟ نربندر اُسے بالکل

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

چُغد معلوم ہوتا۔ اس کی محبت کیسی بے تکی اور کتنی بے ہنگم تھی

اور رائے صاحب جب تو اُسے دیوتا نظر آتے۔ بیٹھے بیٹھے اُس کا جی چاہتا وہ لمبی لمبی اُن کے صندل جیسے پاک قدموں میں لیٹ جائے، وہ آہستہ سے اسے سہارا دے کر اُٹھائیں اور اُس کا چکر کھاتا ہوا سر اپنے پراسرار سینے سے لگائیں۔ اُن کا فراخ سینہ، جس میں سے مقدس مندروں کی سی مسحور کن خوشبو آتی تھی، ایک بار ہی وہ اپنے نتھنے چوڑے کر کے اس مہک کو پی جائے اور ابدی غنودگی میں ڈوب جائے۔

پریما کہتی تھی کہ ماں کے مرنے کے بعد انھوں نے دوسرا بیاہ نہیں کیا، دونوں بچوں کے لیے سب کچھ بن کر رہ گئے۔ کچھ لوگ تو انہیں چھچھورا کہتے تھے اور بعض انھیں فلسفی مجذوب اور نہ جانے کیا کچھ سمجھتے تھے شمن کو وہ نارد جی اوتار معلوم ہوتے۔ پریما کے ساتھ رہ کر اسے ہندو دھرم بہت مقدس معلوم ہونے لگا تھا۔ کبھی کبھی وہ کم کم کی ٹیکی چھپ کر لگاتی اور آئینے میں اسے اپنی شکل عجیب سی معلوم ہوتی۔ ننھی سی خونیں بوند سے اُس کے چہرے پر ہزاروں رنگینیاں اور سنگار پیدا ہو جاتے! اُس کی آنکھیں کچھ کچھ الیما کی مست سادھوؤں کی سی آنکھوں سے مشابہ ہو جاتیں۔ اور بال زندہ سانپوں کی طرح رینگنے لگتے۔ معلوم ہوتا وہ ٹھنڈے ٹھنڈے شعلوں میں لپٹی ہوئی آہستہ آہستہ سلگ رہی ہے۔ اُس وقت رائے صاحب کے طلسمی بال اور ڈھلی ہوئی صبح کی طرح جھلملاتی پیشانی کے علاوہ اسے کچھ نہ نظر آتا اور وہ نہ جانے کن نامعلوم تاریکیوں میں بھٹکنے لگتی۔

شام کو کھانا کھاتے میں کچھ دھرم اور سماج کا ذکر چھڑ گیا۔ پریما زور شور سے لکچر دینے لگی، نریندر بھی بیچ بیچ میں بول اٹھتا۔ ایکا ایکی رائے صاحب بولے:

"ارے او چھوکری، تو ہندو ہے کہ مسلمان؟"

سب ایک دم خاموش ہو کر ایک دوسرے کا منہ تکنے لگے۔

"رام رام، جو کہیں مسلمان ہوئی تو اپنا دھرم تو بھرشٹ ہو گیا سمجھو۔"

"رائے صاحب ہمارا دھرم ایسا بودا نہیں کہ کوئی اُسے بھرشٹ کر سکے۔ دنیا

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کی کوئی شکتی ہمارے دھرم کو آنچ نہیں پہنچا سکتی۔" پریمیا بولی۔
"چل چل، جانے دے۔" انھوں نے پریمیا کے جوش کو ایک طرف جھٹک کر کہا۔
"کیوں ری چمن، تو بتا۔"
"رائے صاحب دیکھیے میری طرف۔" نریندر جوش سے چیخا۔
"نہ، نہ بھئی میں کچھ نہیں دیکھتا، یہ جو لڑکی ہے نا، یہ اگر مسلمان ہوئی تو۔ ۔ ۔ "
"رائے صاحب آپ،" پریمیا غصہ سے بے حال ہو گئی۔ "اور آپ کے کتنے دوست جو مسلمان ہیں تو۔ ۔ ۔"
"ہمارے دوستوں کی اور بات ہے، وہ۔ ۔ ۔ مگر یہ لڑکی تو۔ ۔ ۔ مجھے نہیں معلوم تھا، رام رام۔" مارے شرم کے نریندر اور پریمیا روہانسے ہو گئے اور شمن نے سہم کر پلیٹ سے ہاتھ کھینچ لیا۔ رائے صاحب کے چہرے پر ویسی ہی درشتی قائم تھی۔
"مذاق نہیں ہے، اب ہم سب کو پرائشچت کرنا پڑے گی سو الگ، اور کبھی اس چھوکری کو ہندو بنانا پڑ جائے گا۔ کیوں پھر۔ ۔" وہ جھک کر شمن کی آنکھوں میں دیکھنے لگے۔
"تو لے تجھے بھی ہندو بنائے دیتا ہوں۔" گلاس میں سے پانی لے کر وہ ناخون سے شمن کے منہ پر چھڑکنے لگے۔ اڑم شڑم نہ جانے انھوں نے کیا پڑھنا شروع کیا۔ ایک دم سے پریمیا دوڑ کر ان کے بازو سے جھول گئی اور زور سے شانے میں دانت گاڑ دیے۔
"اُفوہ، کتیا۔" رائے صاحب جلدی جلدی اپنا کندھا سہلانے لگے۔
"اچھا مت بنانے دو، ہم تو کہتے تھے چلو بھئی اچھا رہے گا، کوئی موٹا سا بنیا ڈھونڈھ کر اس کا بیاہ کر دیں گے، مگر۔ ۔ ۔"
شمن تنتناتی ہوئی میز پر سے اٹھ کر کھڑکی میں جا بیٹھی اور آنکھیں بھینچ بھینچ کر جھوٹے آنسو نکالنے کی کوشش کرنے لگی۔
"ارے، ارے رے، ہمارا بٹیا روٹھ گیا۔" وہ پیچھے پیچھے آئے، دیر تک وہ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اُسے بہلاتے رہے مگر شمن روٹھی رہی۔

"آنکھیں میچیں کون آئے، آنکھیں میچیں کون۔" اُنھوں نے آنکھیں بند کر کے اُس کی طرف دونوں ہاتھ پھیلا دیے۔ ان کی بائیں آنکھ کھلی ہوئی تھی جس میں سے شربتی شرارت سے جھانک رہی تھی، شمن ہنس پڑی، لپک کر رائے صاحب نے اُسے اُٹھا لیا اور کرسی پر ڈال دیا۔

شمن نے ایک کہانی سنی تھی کہ ایک آدمی اپنے ایک دوست کو دفن کرنے گیا تو اُس کی تسبیح قبر میں گر گئی۔ بعد میں اُسے یاد آیا تو اُس نے سوچا چل کر لے ہی کیوں نہ آؤں۔ اُس نے جا کر قبر کھولی اور نیچے اُترا تو دیکھا مردہ غائب، ہاں قبر کے سرہانے ایک کھڑکی کھلی ہے۔ اس کھڑکی کے اندر داخل ہوا تو سامنے اُس کا دوست ایک مرصع تخت پر جلوہ افروز نظر آیا۔

"یار بڑے ٹھاٹ ہیں تمھارے تو۔" اُس نے کہا "ہاں بھائی تمھاری دعا سے مزے میں ہیں اور بھائی تمھاری تسبیح رہ گئی تھی سو یہ رہی۔" وہ بولا: "ہاں وہی تو لینے چلا آیا تھا، خیر تم سے بھی ملاقات ہو گئی، اچھا بھئی السلام علیکم۔"

"وعلیکم السلام۔"

وہ آدمی قبر سے نکلا تو معلوم ہوا دنیا ہی بدل چکی ہے: نہ گھر نہ بار نہ بچے نہ بیوی! ایک سو دو سو برس کے بوڑھے نے بتایا کہ اُس کے لکڑ دادا کے لکڑ دادا کے سگڑ دادا کے زمانے میں سنا جاتا تھا کہ کوئی آدمی اس نام کا رہتا تھا۔

تو یہ ہیں قدرتِ الٰہی کے کرشمے۔ یہاں تو علیک سلیک ہی ہوئی اور وہاں جگ بیت گئے۔ جب رائے صاحب نے اُسے اُٹھا کر کرسی پہ ڈالا تو اسے ایسا معلوم ہوا جیسے وہ آسمان پہ ستاروں کے ہنڈولے میں چمک پھیریاں کھا کر ایک دم رک گئی۔ ہر چیز اُسے اپنے گرد ڈگمگاتی محسوس ہو رہی تھی اور مندر میں جلتی مقدس خوشبو سے اُس کا دماغ سن ہو کر رہ گیا۔ جلدی سے وہ اُٹھ کھڑی ہوئی اور لرزتے ہوئے ہاتھوں سے ٹھنڈے پانی کا گلاس اٹھا کر اپنے صدیوں کے پیاسے ہونٹوں سے لگا لیا۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

(۲۵)

دسمبر کی چھٹیوں میں اُسے اس مرتبہ کوئی گھر سے لینے نہ آیا۔ گنتی کی دو چار لڑکیاں بورڈنگ میں رہ گئیں وہ بھی اپنے اپنے مشغلوں میں ڈوبی رہتیں۔ پریما اور شمن ہر وقت ساتھ رہتی تھیں، اُس کے چلے جانے کے بعد شمن دن بھر پریشان بھٹکتی رہتی۔ کسی پیڑ کے نیچے دری ڈال کر ناولیں پڑھا کرتی، پھر کبھی کبھی شام کو دو چار لڑکیاں مل کر سنیما چلی جاتیں، تب تو شمن اور بھی بوکھلا جاتی۔ خاموش کرسی پر لیٹے کرنہ رامائن کا ترجمہ پڑھا کرتی، سیتا جی کی زندگی پر اُسے بڑا رشک آتا۔ کس مزے سے وہ رام چندر جی اور لچھمن جی کے ساتھ جنگلوں میں پکنک منایا کرتی ہوں گی۔ چودہ برس کی لمبی چوڑی حسین پکنک! ایسا کہتی تھی کہ اچھا ہی ہوا جو رام چندر جی کو بن باس ملا، کچھ تو غریبوں کی دکھ بھری زندگی کا اندازہ ہو گیا ہوگا۔ کتنے انسان ہیں جو جانوروں سے بدتر اور جنگلوں سے بھی گئی گزری زندگی گزارنے پر مجبور ہیں لیکن تاریخ میں کوئی ایک لفظ بھی ان کے بارے میں نہیں لکھتا۔ یہ بڑے لوگ اگر عیش و عشرت سے اکتا کر سنیاس لے لیں تو مصیبت کی۔ لیکن ان سلب سیوں کو کوئی آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا جو پیدا ہی ننگی دنیا میں ہوتے ہیں۔

چند ہی دنوں میں اُس نے اَن گنت کتابیں پڑھ ڈالیں جن میں سے "جین ایر" نے اُسے حد سے زیادہ متاثر کیا۔ وہ آخری باب، جہاں وہ اپنے اندھے آقا کے پاس لوٹ کر آتی ہے، اُس کو اتنا پیارا معلوم ہوا کہ تین چار بار پڑھ کر بھی سیری نہ ہوئی۔ ٹیگور کی کہانیاں، خصوصاً "کابلی والا" پڑھ کر تو سچ مچ آنسو نکل پڑتے۔ ہارڈی کی مشہور ناول "ٹیس" نے بھی اسے ہلا کر رکھ دیا۔ مگر سب سے زیادہ جس چیز نے اس کی رگ رگ کو بیچا کر پست کر ڈالا تو وہ بائرن، شیلے اور کیٹس کی شاعری تھی۔

جب کُل پانچ چھٹیاں رہ گئیں تو پریما اور نریندر اسے لینے آ پہنچے۔ شمن کو یاد بھی نہ رہا کہ وہ پریما سے ناراض تھی۔ نریندر کے ساتھ گھس کر بیٹھنے میں بھی اعتراض نہ ہوا اور جب اُس نے حسبِ عادت اُس کا پیر کچلا، شمن نے چٹاخ سے اُس کے گال پر ایک چپت جڑ دیا۔ پریما بھی اُس کی حمایت میں نریندر کے چٹکیاں بھرنے لگی۔ موٹر اُڑی چلی جا رہی تھی اور اس سے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بھی پیر شمن اُڑ رہی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ روحانی طور پر تو پہنچ بھی چکی ہے۔ رانیہ حبیبہ پرمیا اور نریندر سے ناراض ہیں کہ وہ اُسے اتنی دیر میں کیوں لائے۔ وہ اس کے انتظار میں کس قدر تھک گئے ہوں گے۔ اُسے دیکھتے ہی وہ نقلی مگر اصلی موتیوں جیسے دانت ایک دم جگمگا اُٹھیں گے۔

مگر گھر پہنچ کر نہ ہی دانت جگمگائے اور نہ اُس کے انتظار میں کوئی تڑپتا ہوا نظر آیا۔ رائے صاحب اپنے چند دوستوں کے ساتھ شکار کو گئے ہوئے تھے، آنے کے متعلق کچھ نہیں کہہ گئے تھے۔ گھر سونا سونا ہو رہا تھا، شمن آکر پچھتائی۔ اوپر سے نریندر نے بدمذاقیاں شروع کر دیں۔ پرمیا کو سونا پا کے اُس نے شمن پر سچ مچ اعلانِ عشق کر دیا اور وہ بھی اس بھونڈے طریقے سے کہ بس، ٹوٹ ہی تو پڑا۔ شمن کو اُس پر مجبوراً غصے کے بجائے پیار سا آ گیا، وہ مسکرا دی اور جیسے ایک عقلمند ماں بچے کو شیشے کا گلاس مانگنے پر بڑے پیار سے بہلا دیتی ہے اسی طرح شمن نے نریندر کو چمکار دیا اور جب وہ ناامید ہو کر سسکیاں لینے لگا تو شمن کا جی چاہا اُس کا بے خوف سر اپنے سینے سے لگا کر تھپکیاں دے اور سلا دے۔ وہ اپنے آپ کو ایک دم نہایت عقلمند اور بزرگ سمجھنے لگی۔ نریندر راستے بے حد یتیم اور بیکس معلوم ہو رہا تھا۔ وہ بیچارا اُس کی بزرگانہ باتیں سن کر۔ ویسے ہی حیرت زدہ ہو رہا تھا، بالکل ہی شپٹا گیا۔ چائے پر کچھ جھینپا، کچھ روٹھا بیٹھا رہا۔

شام کو رائے صاحب اچانک واپس آ گئے۔ گویا شمن کی خاموش پکار نے انھیں کھینچ بلایا۔ خاک اور دھول میں اَٹے ہوئے خاکی کپڑے، روپہلی بالوں پر خاک کی افشاں جیسے سورج پر ہلکے ہلکے بادلوں کی پرچھائیاں، دھوپ سے رنگ کچھ اور جھلس کر سرخ ہو گیا تھا۔ اور جب پپڑائے ہوئے ہونٹوں کے درمیان ستاروں کی لڑیاں چمکیں تو شمن کا دل غضب زور زور سے اُچھلنے لگا اور اُس کی نگاہیں مٹی میں لتھڑے ہوئے بھاری بھاری جوتوں پر جم گئیں۔

آتے ہی اُنھوں نے بھر گلاس برف کا پانی پیا اور خلافِ معمول سر ہاتھوں سے تھام لیے۔ پرمیا اور نریندر ویسے اُن سے اتنے بے تکلف تھے، مگر اُنھیں خاموش

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دیکھ کر بیچاروں کی زبانیں گنگ ہو جاتیں۔ اُن کی ایک تنبیہی نگاہ چانٹے کی طرح لگتی۔ اور پرپیا جیسی بے چین ہستی بھی دبک کر رہ جاتی۔

"کیا بات ہے؟" شمن نے خاموشی اور سکون سے متاثر، آہستہ سے پرپیا سے پوچھا۔

"تھک گئے ہیں، یا شاید۔۔" وہ رک گئی۔

"کیا؟"

"شاید مس فلپ سے لڑائی ہو گئی۔ وہ ابھی تو شکار کو گئی تھیں۔" پرپیا نے اسے ڈرائنگ روم کے آخری کونے میں لے جا کر کہا۔

"کون ہیں یہ مس فلپ؟"

"ہیں ایک۔ یہاں انسپکٹریس آف اسکولز ہیں، رائے صاحب کی کلاس فیلو تھیں، شادی بھی طے ہو گئی تھی مگر جب انگلینڈ میں رائے صاحب ممی سے ملے تو بس نہ جانے کیوں دو دن میں شادی بھی کر ڈالی۔ اب۔۔ ارے تم نے ممی کی تصویر نہیں دیکھی جو رائے صاحب نے بنوائی ہے! ٹھہرو ابھی دکھاؤں گی۔ ہاں تو ممی کی زندگی ہی میں یہ گھنٹوں آ کر بیٹھا کرتی تھیں۔ ممی آرٹسٹ تھیں اور اس قدر سیدھی کہ ہماری دادی جی خوب اُن سے گھر کا کام کرواتی تھیں۔ وہ دھوتی باندھتی تھیں اور بڑی کاہل تھیں۔ یہ چڑیل جب ہی سے انھیں پھانسنے کی فکر میں تھیں، یہ فلپ کی بچی! رائے صاحب اسے بہت چاہتے ہیں مگر جلاتے بھی خوب ہیں، مگر جب روتی ہے تو پچھتاتے بھی ہیں۔"

"بڑی بری ہے!" شمن کے دل نے پکارا۔

"ہاں مگر رائے صاحب اسے کبھی نہیں مناتے۔"

"پھر؟"

"پھر یہ کہیں ملاقات ہو جاتی ہے کسی پارٹی جلسے میں۔ اور رائے صاحب کی تو یہی عادت ہے کہ ذرا دیر میں ہنسا دیا اور ذرا میں رلا دیا۔ پھر اس دن۔۔"

"پرپیا!" رائے صاحب کی بھرائی ہوئی آواز لمبے چوڑے ہال میں گونجی۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ارے، تم بھی آ یا ہوا ہے؟" جب اُس کے دوست نے راے صاحب نے کہا۔ اب اُس نے دیکھا۔ وہ ذرا مسکرا اُٹھے۔ کہنے لگے ... کبھی ذرا اُتار دو وہ کوٹ میں پھنسے ہوئے بولے۔

شمن کوٹ اُتارنے لگی۔ قمیص بُری طرح پسینے میں ڈوبی ہوئی تھی اور جسم جل رہا تھا۔ وہ پُراسرار مزدوروں کی سی خوشبو کا جھونکا اُسے آہستہ سے جھنجھوڑ گیا، مگر وہ سنبھل گئی اور زمین پر بیٹھ کر بوٹ کھولنے لگی۔ راے صاحب نیر پیر کھینچ لیے۔ اور جھک کر ہوئے سے اُس کے گال پر دو انگلیاں ماردیں۔ شمن گھبرا کر کھڑی ہو گئی اور نیرا جوتے کھولنے لگا۔

کھانے کے کمرے میں شمن کو چچا بہت رنگیلے معلوم ہوئے۔ اُس نے بجلی جلائی تو نریندر نامراد عاشقوں کے سارے مزدوری نا ثرات چہرے پر جمع کیے کرسی پر اکڑا ہوا بیٹھا تھا۔ شمن جیسے اُس کے حالِ دل سے بے خبر کرسی کھینچ کر پاس بیٹھ گئی۔

"کتنی گرمی ہے!"

نریندر چپ۔

"آج تو آئس کریم ملتی؟"

نریندر چپ!

"راے صاحب کو فالودہ پسند ہے نا؟" اُس نے براہِ راست پوچھا۔

چپ!

"تو پھر، کوئی سامنے کی کھڑکی ہی کھول دے، پنکھے بھی تو بند ہیں؟ معلوم ہوتا ہے کہیں آگ لگ گئی ہے... ہائے کوئی..."

نریندر نے ایک حقارت آمیز نظر اُس پر ڈالی، اور بھنّاتا ہُوا کھڑکی کے کواڑ دھڑا دھڑ کھولنے لگا۔

"نری کیا بہت غصہ ہو؟" اُس نے پیار سے چھیڑا۔

"نہیں۔"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ہاں.... تو پھر آئس کریم کے ذکر پر مسکرائے کیوں نہیں؟" باوجود کوششوں کے نریندر مسکراہٹ کو نہ روک سکا۔

"اوہو ہو، بن رہے تھے جناب! ندیدے کہیں کے! کہیں جاڑوں میں بھی کوئی آئس کریم کھاتا ہوگا!"

"تم نہیں جانتی کہ...."

"ہونہہ، جیسے تم تو بہت جانتے ہو۔"

"اگر تمہیں کسی سے اتنا پریم ہوتا" وہ انگریزی چھانٹنے لگا۔

"آہا، پریم! پریم کی نیّا.... پریم.... کہو نا آگے؟"

"ہُنہ.... میں...." نریندر بھنّایا۔

"دیکھو نریندر، تم مجھے ڈانٹو گے تو.... ہاں، اچھا نہ ہوگا۔ بڑے آئے ڈانٹ کے بولنے والے۔ اور اسی پہ کہتے ہو پریم ہے؟ خاک پریم ہے تمہیں۔ جی ہاں، پریم ہوتا تو یوں اپنا ریکیٹ چھپا کر نہ رکھتے اور لوکاٹ توڑتے وقت پیچھے پیچھے خود نہ نکل جاتے۔"

"کیوں جھوٹ بولتی ہو، کتنے سارے توڑے مگر اس نے پرتیما نے لپک لیے، ہُنہ!"

"چیز لوکاٹ تو پرتیما نے لپک لیے اور ریکیٹ کی بات گول ہی کر گئے؟ ہُنہ، جیسے میں کھا ہی تو جاتی تمہارا بلاّ۔"

ایک دم سے نریندر پیر پٹختا چل دیا، شمن مسکراتی ہوئی اطمینان سے کرسی پہ پھیل گئی۔

"یہ لو ریکیٹ اور مجھ سے بات نہ کرنا" نریندر نے ریکیٹ پٹخ دیا، کچھ دیر شمن اسے دیکھتی رہی اور پھر کھلکھلا کر ہنس دی۔

"او.... فوہ نری!"

"مجھ سے مت بولو جی، سو دفعہ کہہ دیا، ہاں، نہیں تو...."

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

شمن امتا کے معصوم جذبے سے بے چین ہو کر ہنسنے لگی۔ اگر اس طرح، بالکل ایسے ہی فرہاد شیریں کے سامنے تیشہ اٹھا کر کہتا: "ہم سے نہیں کھدتی نہر... جی!" تو یقیناً وہ شہریار کو چھوڑ دیتی، اسی کے گلے کا ہار بن جاتی اور پھر حکم ملتا ہے: "ہم سے مت بولو جی!" وہ خوب ہنسی۔

"اوہ، نری ڈیر!" وہ نریندر کے شانوں پر ہاتھ رکھ کر اس کا منہ تکنے لگی۔ ایک دم سے نریندر اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر ریچھ کی طرح لپٹ گیا۔ شمن نے گھبرا کر اسے دور دھکیلا۔ سارے بال اور کان کھسوٹ ڈالے، بیچارا پٹے ہوئے کتے کی طرح کونے میں دبک گیا اور شمن کچھ خوفزدہ، کچھ شرمندہ بھاگنے لگی کہ آتی ہوئی پریما سے ٹکر ہوئی۔

"ارے کیا ہوا؟"

"آ... آ... کچھ نہیں، یہ نریندر مجھے مار رہا تھا۔" وہ ایک دم بات پلٹ کر ہنسنے لگی، پھر مصنوعی غصے سے گال پھلا لیے۔

"ہائیں! نری کے بچے، یہ رہا تیرا ریکٹ! اور کہتا تھا کہ گم ہو گیا۔"

"ہاں، جھوٹا ہے زمانے کا۔" شمی نے تائید کی۔

"کیوں مار رہا تھا ہماری شمی کو؟ کیوں؟ کیوں؟" وہ ریکٹ کے جال سے نریندر کے سر پر ٹھپے لگانے لگی۔

بپھرا ہوا نری بھنبھوڑ ہی کھاتا کہ اتنے میں رائے صاحب کمبل لپیٹے آ پہنچے اور بات ٹل گئی۔

"آج نریندر کو کیا ہو گیا ہے؟" رائے صاحب نے اسے غصے اور شرم سے سرخ دیکھ کر کہا، "تم دونوں نے ستایا ہوگا۔ کیوں؟"

"پریم ہو گیا ہے بیچارے کو۔" شمن نے دبی زبان سے ہنسی روک کر کہا۔

"کیا ہو گیا ہے؟"

"پریم، پریم... رائے صاحب۔" پریما نے چیخنا شروع کیا۔

"کیسے ہو اپنے نری کو؟" رائے صاحب بن کر فکرمند ہو گئے۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ہاں، چھ بچیاں!"

"میں مار دوں گا، ہاں" نریندر غرایا

"ارے باپ رے! مگر کس سے ہو گیا ہے پریم؟"

"ایک ہے" شمن اترانے لگی۔

"جھوٹی، ہُنہ" نریندر مارے شرم کے اور بھی بھنا گیا۔

"ہا، بچیاں۔ رائے صاحب آپ اپنا بزی تو۔ ۔ ۔"

"میں چھری مار دوں گا۔ ۔ ۔" پریما کی بچی۔

"اور رائے صاحب۔ ۔ ۔" قبل اس کے کہ پریما کچھ بولے نریندر نے کھٹ سے چھری کا دستہ اس کی انگلی پر رکھ دیا۔

کھانے پر نریندر کے عشق نے سب کو ہنسا دیا، خصوصاً شمن تو بے تحاشا ہنستی رہی۔ اُسے یہ کھیل نہایت ہی مضحکہ خیز معلوم ہو رہا تھا۔ رائے صاحب میں بھی اپنی پرانی شگفتگی لوٹ آئی، وہ دیر تک بیٹھے کانٹوں اور چھری کی مدد سے میز پر معمے بنا کر امتحان لیتے رہے، مگر انہوں نے صرف شوربہ پیا اور جلدی سے جا کر سو گئے۔

شمن اور پریما اُداسی سے نڈھال ہو کر ایک ہی پلنگ پر سو گئیں، یعنی شمن جاگتی رہی اور پریما سو گئی۔ شمن نے جاگنے اور خود سے بات کرنے کی ایک عادت سی ڈال لی۔ روزانہ سونے سے پہلے وہ خود اپنے حضور میں اپنے سارے احساسات اور تجربات ایک ایک کر کے پیش کرتی اور ان پر خود اپنا فیصلہ سنتی، یہاں تک کہ وہ نہ جانے کب سو جاتی۔ اس سونے میں اسے ایسا معلوم ہوتا جیسے کسی نے مزے دار کہانیاں سُنا کر سلا دیا ہو۔ رائے صاحب نے جو ہولے سے اُس کے گال پر دو انگلیاں چھوا دی تھیں وہ ایک دم تازہ ہو گئیں، ساتھ ہی اسے گزرے ہوئے جنم کی بھولی ہوئی باتیں یاد آ گئیں۔ دور، بہت دور، صدیوں پہلے رشید نے کیرم کھیلنے میں اُس کی کلائی کو پکڑا تھا، چٹکی مارنے کے لیے دو انگلیوں کو مار کر پھر چھوڑ دیا تھا اور وہ سسکتی ہوئی چٹکی اب بھی اُس کی رگ رگ میں چمکیں لے رہی تھی۔ اُس نے اپنی کلائی پر سنسناتا ہوا گال رکھ دیا اور رائے صاحب کی دو انگلیوں کا مس کلائی میں سما گیا۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

گیا۔ اس طرح گویا اُس نے اس نیم مردہ ہچوٹ میں نئی جان ڈال دی، اسے سکون کی نیند آگئی۔

صبح اُس کی آنکھ خلافِ معمول دیر میں کھلی تو کالج کی گھنٹی کی آواز نہ کہیں دور سنائی دی۔ ذرا ہوش آنے پر معلوم ہوا وہ کالج میں نہیں بلکہ پرتما کے پلنگ پر ہے۔ اور یہ آواز کسی نے کانسی کی تھالی رسوئی میں گرائی تھی۔ اُس کا دل دھک دھک کرنے لگا۔

رائے صاحب اب بھی شکست نظر آرہے تھے۔ شمن دیر تک مس فلیپ کو کوستی رہی جس سے لڑ کر وہ اتنے مکدّر ہو گئے تھے۔ مگر پھر بھی اُسے دیکھ کر اُن کی آنکھوں میں تازگی آجاتی۔ اور وہ ایک آدھ جملہ ضرور کس دیتے، دیر تک بیٹھ کر تاش بھی کھیلے اور بے ایمانیاں بھی کیں۔ آج شمن کا دل بے اختیار اُنھیں چھونے کو چاہتا تھا لہٰذا وہ پرتما کے ساتھ ساتھ اُن سے لڑنے بھی لگی۔ نہ جانے کس بات پر انھوں نے زور سے اُس کی اُنگلی چٹخا دی تو بچوں کی طرح مچل گئی۔ اُس کا جی چاہتا تھا ایک دم اُن کے مندر جیسے سینے کے پٹ کھل جائیں اور وہ سرنگوں ہو کر اُن میں سما جائے۔

وہ روٹھی ہی رہی۔ پرتما دھوبی کو کپڑے دینے چلی گئی اور نریندر کا دورہ قائم تھا وہ منہ پھلائے برآمدے میں پڑھتا رہا کہ رائے صاحب آگئے۔ شمن نے بن کر منہ پھلا لیا، انھوں نے اُس کے پھولے ہوئے گالوں کی نقل میں اپنے گال پھلا لیے اور شمن کے ہنسنے پر اُس کے پاس بیٹھ گئے۔ شمن پر تو بھتنی سوار تھی وہ نہ جانے کس بات پر جل اٹھی اور اُن کے چھیڑنے پر بکھر کر رونے لگی۔

"ارے، رے، رے میرا چمن" رائے صاحب نے اُسے چھوا تو وہ اور بھی بگڑ گئی۔ وہ متعجب ہو کر صورت دیکھنے لگے۔ اُنھیں سنجیدہ دیکھ کر وہ ڈر گئی اور بُری طرح اُن سے لپٹ کر سسکیاں بھرنے لگی۔

رائے صاحب نے ہنستے ہوئے اُسے بچوں کی طرح تھپکنا شروع کیا۔ وہ خاموش اُن کے سینے سے سر لگائے لمبی لمبی سانسیں بھرتی رہی، یہاں تک کہ اس پر غنودگی سی طاری ہو گئی۔ رائے صاحب نے جھک کر اُس کا چہرہ دیکھا تو وہ ایک دم سوتی بن گئی۔۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

رائے صاحب اُسے تھپکتے رہے، پھر آہستہ سے اُنھوں نے اسے سرکا کر پلنگ پر لٹانے کا ارادہ کیا تو وہ ایک دم انھیں دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر کانپ اُٹھی۔

"نہیں، نہیں رائے صاحب" اُس نے گھٹی ہوئی آواز میں کہا۔

"کیا ہے؟ کچھ... ارے" وہ اُس کی آنکھوں کی دہشت سے ڈر گئے۔

"میں... میں... نہیں رائے صاحب، مجھے گرائیے مت رائے صاحب... رائے صاحب... رائے صاحب میں... میں... آپ سے پریم کرتی ہوں!" اس نے سوکھے ہوئے گلے سے آخر کہہ ہی دیا۔

"ہیں؟" وہ اُس کی طرف اجنبیوں کی طرح دیکھنے لگے۔

"میں آپ سے... پریم... رائے صاحب... میں..." اُس کی آواز اور گھٹ کر سہم گئی۔

"ایں، چمن... اچھا سو جاؤ" وہ جلدی سے اُس کی لپٹتی ہوئی انگلیاں الگ کرنے لگے۔

"نہیں... نہیں رائے صاحب، میں مر جاؤں گی۔ رائے صاحب مجھے... رائے صاحب مجھے دور نہ کیجیے" رائے صاحب ایسے جھجکے جیسے کسی نے اُن کے ماتھے پر پتھر مار دیا۔

"رائے صاحب... میں اپنا دھرم بھی بدل دوں گی" اُس نے اور قریب ہو کر کہا، رائے صاحب چاروں طرف گھبرائی ہوئی نظروں سے دیکھنے لگے۔

"ارے پربیا..." انھوں نے آواز دی۔

"مت بلائیے کسی کو۔ رائے صاحب میں مر جاؤں گی۔ میں پریم کرتی ہوں رائے صاحب"

سامنے دروازے میں ننھیا کتاب لیے حیرت سے منہ پھاڑے کھڑا تھا، جونہی اُس نے چمن کو یہ کہتے سنا اُس کا چہرہ کانوں تک لال ہو گیا، جیسے کسی نے اُسے ماں کی گالی دے دی ہو۔ چمن کی زبان لڑکھڑا گئی، وہ ڈھیلی ہو کر پلنگ پر اوندھے منہ گری۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

رائے صاحب چلے گئے، بغیر دوسرا لفظ دہان سے نکالے۔ اور شمن کا جی چاہا کاش پلنگ سمیت وہ زمین میں سماتی چلی جائے۔ نیچے، نیچے، اتنے نیچے کہ بالکل زمین کے کلیجے میں جا چھپے۔ مارے ہیبت اور شرم کے وہ آنکھیں بند کیے اسی طرح شام تک پڑی رہی۔ کوئی ایسی ترکیب ہوتی جو وہ بنا کچھ کہے سنے اپنا منہ ڈھانکے وہاں سے بھاگ نکلتی۔ اس کے کمرے میں کوئی نہ آیا مگر اسے صاف معلوم ہو گیا کہ نریندر اور پریما دوسرے کمرے میں ڈرے ڈرے سے کیا باتیں کرتے رہے۔ یہ اس نے کیا کر دیا؟ اب کیا ہوگا؟

کانپتی لرزتی، آنکھیں جھکائے جب وہ باہر نکلی تو نریندر جلدی سے اپنے کمرے میں گھس گیا۔ وہ بھی اسے منہ دکھاتے ڈر رہا تھا۔ پریما نے عورت کی پوری بہادری سے اس کا مقابلہ کیا، گویا وہ آج پہلی مرتبہ اس کا بہ حیثیت ایک اجنبی ہستی کے استقبال کر رہی ہے۔ وہ بڑے اخلاق سے بولی اور دونوں نے جا کر مہذب لوگوں کی طرح چائے پینا شروع کی۔ آج نہ کچالوؤں پر جھگڑا ہوا نہ بسکٹوں پر چھینا جھپٹی ہوئی۔ اس کی ہمت نہ پڑی جو رائے صاحب کا نام بھی لیتی۔ پریما نہایت تپاک سے اسے پھل وغیرہ دیتی رہی، شمن سہمی تکلف سے کھاتی رہی۔ کبھی کبھی اسے پریما آنکھ بچا کر دیکھ بھی لیتی مگر ایسے گھبرا جاتی گویا اسے نہیں پہچان پائی۔ دونوں بے طرح سہمی ہوئی تھیں۔ وہ بے تکلف سہیلیاں ایک دوسرے سے بہت دور، غیریت کی خشکی میں جا پڑی تھیں۔ ان کے حواس بے طرح بھٹک گئے تھے، جیسے دو دوستوں کے بیچ میں ریگستان در آیا ہو اور ایک دوسرے کو پکار بھی نہ سکیں۔ شام تک خاموش رہنے کے بعد شمن نے بڑی مشکل سے اس سے بورڈنگ جانے کی اجازت دبے الفاظ میں طلب کی جو ایسی تیزی سے ملی کہ اس کا منہ اتر گیا۔ ڈرائیور تو جیسے تلا ہی بیٹھا تھا۔ آن واحد میں وہ خالی ڈھنڈھار بورڈنگ کی چہار دیواری میں تھکے ہوئے قدم اٹھاتی اپنے کمرے میں پہنچ گئی۔ اس نے بجلی نہیں جلائی اور نہ جوتوں سمیت لحاف میں سکڑ کر لیٹ گئی۔

دوسرے دن لوگوں سے آنکھ ملاتے وحشت معلوم ہونے لگی۔ گو وہ کچھ نہ جانتے تھے پھر بھی جیسے اس کے منہ پر لمبی لمبی سطریں لکھی اس کے گناہ کا ڈھنڈورا پیٹ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

رہی تھیں۔ وہ کچھ چھپانا چاہتی اُن متجسس نظروں سے جو اس پر اچانک جا پڑتیں اور وہ جھجک کر دور ہو جاتی۔

تو وہ بدمعاش تھی! پرلے درجے کی آوارہ! اس نے ایک مقدس انسان کی پاکدامنی پر سیاہ دھبے ڈالنے چاہے مگر خدا نے اُسے بچا لیا۔ یہ اُسے کیا ہو گیا تھا؟ یہ ٹوٹے ہوئے ذرّے اب کیسے جڑیں گے؟ اب کیا ہوگا؟

چھٹیاں ختم ہونے سے پہلے ہی لڑکیاں لوٹنا شروع ہو گئیں۔ اب پرِیما بھی ایک دن بعد آ جائے گی! پھر کیا ہوگا؟ وہ اس آئینے میں اپنی صورت کیسے دیکھ سکے گی۔ اس کی وحشت بڑھتی گئی۔

دوسرے دن صبح لائبریری میں لڑکیاں سر جوڑے اخبار پر مکھیوں کی طرح جھکی ہوئی تھیں، کچھ بلند آواز سے پڑھ رہی تھیں۔ جیسے کوئی حادثہ ہو جاتا ہے تو تماشبین لاش کو چاروں طرف سے گھیر کر کھڑے ہو جاتے ہیں اسی طرح ایک کے بعد دوسرا گروہ اخبار پر جمع ہو رہا تھا۔ "چہ... ہا... بیچاری پریما..." اس نے کسی کو کہتے سُنا اور اس کے ہاتھ سے لرز کر کتابیں چھوٹ پڑیں۔ مجرم کی طرح نظریں نیچی کیے وہ منتظر رہی مگر پریما نے شاید اُسے دیکھا نہیں۔ اس کی نظریں اخبار کی طرف اُٹھیں۔ لڑکیاں اُسے چھوڑ کر جا چکی تھیں، آہستہ سے وہ بڑھی، احتیاطاً کرسی پر بیٹھ گئی۔ رات کو رائے صاحب ہارٹ فیل ہو جانے کی وجہ سے فوت ہو گئے۔ یہ اُن کی پرانی بیماری تھی جس کا ایک حملہ ہو گیا۔ وہ خاموش میز پر کہنیاں ٹیکے بیٹھی رہی، کسی نے کلاس چلنے کے لیے شانہ ہلایا اور وہ چلنے لگی لڑکیوں کی رَو کے ساتھ۔

"کہاں جا رہی ہو؟" ایف اے کلاس نے اُسے اپنی جماعت چھوڑ کر آگے بڑھتے دیکھ کر روکا۔

"ہیں؟" وہ ٹھٹک گئی۔

"تمہاری کلاس تو پیچھے رہ گئی، یہ اب کہاں جا رہی ہو؟"

"اوہ، میں نقشہ لینے جا رہی ہوں، کل سٹنگ روم میں بھول آئی تھی" یہ اُسے

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

عین موقع پر بات سُوجھ گئی ورنہ غضب ہوگیا تھا۔ وہ یقیناً پکڑی جاتی۔ تیز قدم وہ سٹنگ روم کی طرف چلی مگر وہ کافی دور تھا، اُس نے پیچھے مڑ کر دیکھا کہ کوئی دیکھ تو نہیں رہا ہے اور وہ جلدی سے پلٹ پڑی۔ اپنی کلاس میں گھس گئی۔

نہ جانے اُس نے اس دن کیا پڑھا اور کیا سُنا! آنسو تو اُس کی آنکھوں سے جب ہی خشک ہوگئے تھے جب وہ دن رات متواتر اپنی بدمعاش انا کی یاد میں روئی تھی، چہرے پر کوئی آثار لاانا کمزوری کی نشانی تھی، مگر پرنیا کی خالی کرسی دیکھ دیکھ کر یہی محسوس ہوتا تھا کہ رائے صاحب نہیں پرنیا مرگئی۔

رائے صاحب مرگئے! اس خیال سے ہی اُس پر ایک نامعلوم سی دہشت طاری ہوجاتی۔ اُن کو جلا دیا گیا! یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ اُن کے وہ بال۔ وہ سورج سے زیادہ روشن تاج جلایا نہیں جاسکتا! وہ پکے سونے جیسی رنگت اور سچے موتیوں جیسے مصنوعی دانت۔ ناممکن! وہ خود ہی فیصلہ کرتی۔

راتیں بڑی بھیانک ہوگئیں۔ رائے صاحب اس کے دماغ سے کسی طرح نہ نکلتے تھے۔ اور پھر تو یہ حالت ہوگئی کہ وہ باقاعدہ اُن سے ڈرنے لگی۔ رائے صاحب سے، جن کے قرب کے خیال سے ہی وہ لرز اٹھتی تھی۔ ایک دن اُس نے ایک مہارشی کی ارتھی بڑی دھوم دھام سے نکلتے ہوئے دیکھی۔ مہارشی کو پالکی میں باندھ کر بٹھا دیا گیا تھا، دانت کھلے ہوئے اور منہ پر سیندور، ہلدی اور چندن کے داغ، جلد باسی بینگن کی طرح جھرّیلا اور سیاہ، اس پر سے ہلکی ہلکی سڑے گوشت کی سی لبساند! پھر تو یہ حال ہوگیا کہ مارے ڈر کے دن کو اکیلے کمرے میں جاتے دم نکلتا۔ رات کو معلوم ہوتا وہی پالکی والا مردہ اُس کے سرہانے بیٹھا ہے۔ وہ ہمّت کرکے آنکھیں ٹیڑھی کرکے دیکھتی اور وہ جھپ سے پلنگ کے نیچے چھپ جاتا۔ کبھی پٹی کے نیچے سے ہاتھ پھیلا کہ اس کا گلا ٹٹول رہا ہے، کبھی غسل خانے میں اُس کے پیچھے پکڑنے لپکتا۔ جاتے جاتے وہ دلیری سے مڑ کر دیکھتی اور ایسا معلوم ہوتا کوئی تیزی سے کھمبے کی آڑ میں ہوگیا، جھاڑیوں میں دبک گیا، گیلری میں سرک گیا۔ پسینے چھوٹ جاتے اور گھٹنے لرزا کرتے۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بعض وقت رات کو کھانا کھاتے میں ایسا معلوم ہوتا کہ مردہ انگلیاں اُس کے ٹخنے میز کے نیچے ٹٹول رہی ہیں۔ وہ ڈر کر پیر کھینچتی تو وہ ہاتھ بھی ساتھ لٹکا چلا آتا۔ چیخ مار کر الگ کرتی تو معلوم ہوتا کہ وہ خود اُس کی شلوار کا پائنچہ ہے۔

ایک دن وہ پڑھتے پڑھتے میز پر سر ڈال کر سو گئی۔ دیکھا رائے صاحب کے ساتھ بیٹھی تاش کھیل رہی ہے کہ ایک دم وہ اُٹھ کر ناچنے لگے، اُن کے بازوؤں کے پٹھے پھول پھول کر اُچھلنے لگے اور بال گز گز بھر کے سانپوں کی طرح کھرلے سے ہو جھومنے لگے، مصنوعی دانت سُرتال میں بجنے لگے، تاشوں کے پتے مشعل کی طرح جل اٹھے اور وہ دشمن کی طرف بڑھے۔ اُس نے ایک دلدوز چیخ ماری لیکن انھوں نے اس کی آنکھوں میں آگ ٹھونس دی۔ دشمن متواتر چیخیں مارتی رہی اور دونوں ہاتھوں سے مشعل کے شعلوں کو آنکھوں سے دور ہٹاتی رہی۔

"خن خن" کچھ کہا اور وہ اُٹھ کر بے تحاشہ بھاگی۔ وہ بھاگتی چلی گئی اور شاید ساری رات اسی طرح بھاگتی رہتی اگر ایک دم چوکھٹ اُس کے ماتھے پر اچھل کر نہ لگتی۔ وہ گر پڑی۔ جب آنکھ کھلی تو رائے صاحب اُس پر جھکے ہوئے کچھ ناک میں ٹھونس رہے تھے جو دوزخ کی آنچ کی طرح دماغ کو جلائے ڈالتی تھی۔ اُس نے پھر چیخ ماری اور اُٹھنا چاہا مگر دو تین سفید سفید لمبوتری شکلوں نے اُسے دبوچ لیا۔

"چپ چاپ لیٹی رہو!" یہ پرنسپل کی آواز تھی۔

"میں نے جیسی ہی ٹارچ ڈالی یہ پاگلوں کی طرح نوچنے لگی اور پھر بھاگی" یہ میٹرن خود نہایت خوفزدہ ہو رہی تھیں۔

تو یہ میٹرن تھیں جنھیں وہ رائے صاحب کا بھوت سمجھ رہی تھی۔ ان کے سفید بال کاغذ کی بتیوں میں لپٹے ہوئے روپہلی تاج کی طرح چمک رہے تھے، ٹارچ ہاتھ میں تھی اور وہ خود ہسپتال کے کمرے میں پڑی تھی۔

بعد میں معلوم ہوا کہ اُسے بجلی بجھ جانے کے بعد بھی میز پر اوندھا پڑا دیکھ کر

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

انھوں نے ٹارچ ڈالی، بس وہ پاگلوں کی طرح بھاگی۔ حسنِ اتفاق سے اس کا خواب اور میٹرن کا ہیولا ایک ہی کڑی میں اُلجھ کر دماغی خلل کا باعث ہو گئے۔ صبح تک اُسے زور کا بخار چڑھ آیا اور اسی حالت میں اُسے گھر پہنچا دیا گیا جہاں تین مہینے اُسے ٹائیفائڈ نے جی بھر کر جھنجھوڑیاں دیں۔

(۲۶)

بیماری طویل تھی اور ساتھ ساتھ غیر دلچسپ! حال ہی میں اُس نے ایک کتاب پڑھی تھی جس کی ہیروئن شروع سے آخر تک بیمار رہتی ہے اور اس بیماری کے وسیلے سے اُن کے عاشق صاحب کو اس قدر بہترین موقعے حاصل ہوتے ہیں کہ حد نہیں: جب دیکھو جناب مریضہ کو سہارا دیے دوا پلا رہے ہیں، اُس کے نازک ہاتھوں کی نازک ترین نبضیں ٹٹول رہے ہیں! اُس کے پیاسے لبوں میں انگور کا رس نچوڑ رہے ہیں۔ اس ناول کو پڑھ کر بے اختیار اُس کا دل بیمار پڑنے کو چاہا کرتا۔ وہ اُن رنگین لمحوں کا حسین تصور جس کے خیال ہی سے اُس کی نبضیں اُچھلنے لگتیں اور حرارت تیز ہو جاتی تھی۔

مگر اب جو وہ بیمار پڑی تو یہ حال کہ تیماردار تو درکنار مزے سے لوگ اُس کے سامنے چیخ چیخ کر بولتے، ننھے لڑتے اور پٹتے، سامنے برآمدے میں اناج پھٹکے جاتے، ہاون دستے میں ہلدی دھنیہ کوٹا جاتا۔ بارہا ایسا ہوا کہ اُس کی آواز نہ نکلتی، سامنے لوگ لڑ لڑ کر تاش جیسی کھیل رہے ہیں، پانی مانگا تو کون کھیل چھوڑ کر اُٹھے، زکر کو آوازیں دی جا رہی ہیں اور وہ بھی ایسے تنگ ہو کر کہ مردے بھی جی اُٹھیں۔ ذرا غنودگی طاری ہو جاتی تو پھر کسی کی "وہ مارا" کے نعرے سے آنکھ کھل جاتی۔

سامنے روز لمبا چوڑا دسترخوان بچھتا، تر مال اُڑائے جاتے۔ دشمن کی روح بلبلا بلبلا کر کھانوں پر منڈلاتی، آنکھیں خوان دیکھ دیکھ کر پتھرا جاتیں، قوتِ شامہ کھانے کی مہک کے حملے سہتے سہتے سن پڑ جاتی۔ بھائی بہن مزے دار کھانے کھاتے دکھا کر

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

کھاتے اور اسے چڑا دیتے۔ سب اُس کے ندیدے پن کو اُس کی کمزوری اور فطری پستی پر محمول کرتے۔ اُس کی بیماری کی وجہ سے گھر والے پریشان نہیں عاجز ضرور تھے۔ جبھی تو اُس کا ایک دن جلا جب خاندان کے دو بڈھوں کو جنازے کی نماز پر بحث کرتے سُنا۔ وہ دونوں اُس کی طرف منہ کیے ریہرسل ہی کر رہے تھے اور اسے یہی معلوم ہُوا کہ گنا بنا اُسی کی نمازِ جنازہ پڑھنے کی تاک میں تیاریاں کر رہے تھے۔ ان میں سے ایک ہر وقت وضو کرتے تھے مگر اس قدر بدبو جسم سے پھوٹتی تھی کہ دم لوٹ جاتا تھا۔ دوسرے قطعی خبطی تھے۔ شمن ان دونوں میں سے کسی کی پڑھائی ہوئی نماز سے جنت میں جانے کی متوقع نہ تھی۔ پھر چند لوگ بیٹھ کر لباس چوڑائی پر بحث کرنے لگے۔ دوران گفتگو میں وہ کا غذ کے نمونے موٹے موٹے کر تشریح کرتے جاتے۔ بیٹھ مرکر اُس نے سسک سسک کر رونا شروع کیا اور جب وہ سب چلے گئے تو اُس نے ڈرتے ڈرتے اُس کا غذی کفن کے نمونے کو دیکھا۔ کس قدر ناکافی تھا یہ لباس خدائے ذوالجلال کے حضور میں جانے کے لیے! بھلا اگر ایک سِلا ہوا جوڑا خراب ہو جائے گا تو کون سا ایسا ٹوٹا آجائے گا؟ موت سے اُسے اور بھی ہول لگنے لگا۔

مگر موت اتنی بھیانک نہ تھی جتنی موت کی آؤ بھگت۔ معلوم ہوتا سب کو اس کے مرنے کا پُر اشتیاق انتظار ہو رہا ہے۔ اُسے نفرت ہوگئی۔ سب سے نفرت ہوگئی زندہ یا مردہ دونوں کے لیے مر چکی تھی، یا شاید کبھی پیدا ہی نہیں ہوئی تھی۔ یہ کون تھے سب اُس کے؟ مانا کہ سب بھائی بہنوں نے ایک ہی ماں کے شکم میں تکمیل پائی تھی مگر اس سے کیا ہوتا ہے؟ ایک مکان ہیں ہزاروں کرائے دار آتے ہیں، رہتے ہیں، چلے جاتے ہیں، سڑک پر کتنے انسان چلتے ہیں، چھکڑے سے گھسٹتے ہیں، لاریاں دوڑتی ہیں، وہ کون ہیں ایک دوسرے کی؟ کوئی نہیں! اس نے جواب دیا اور وہ اُسے مل گیا۔

تین مہینے کے بعد بخار تھک گیا لیکن اسے بھی بڑی طرح تھکا گیا۔ ایک تو بیماری

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دوسرے اس قدر غیر دلچسپ۔ جب وہ کانپتی ہوئی ٹانگوں سے چل کر پلنگ سے کرسی تک جانے کے قابل ہوئی تو بجائے خوشی کے اُسے رونا آگیا۔ بال سب جھڑ گئے تھے، ہاتھ پیر جلی لکڑی کی طرح خشک اور صورت ایسی جیسے مردہ کفن پھاڑ کر نکل آیا ہو۔

اسی زمانے میں نوری بھی ایک ہفتے کے لیے آئی۔ وہ سال بھر سے اپنی ددھیال رہنے چلی گئی تھی۔ بڑی آپا بھی میکے کی روٹیوں سے تنگ آکر وہیں ایک اسکول میں لڑکیوں کو پڑھانے لگی تھی۔ جوانی لہراتے پھنکارتے سانپ کی طرح پلک جھپکتے میں دوڑ گئی، کچھ یونہی سی دھندلی لکیر باقی تھی۔ بوڑھی چڑانے والے ساس اُس کے منہ پر بار بار حقارت سے اُس گزرتے ہوئے سانپ کا تمسخر اڑاتی۔ وہ خوش تھی کہ بہو جلد از جلد بوڑھی ہو کر خطرے کی حدود سے نکل رہی تھی۔ اسی لیے تو اُس نے کٹھن زمانہ گزارنے کے لیے میکے بھیج دیا تھا۔ کہ کچھ تو باپ بھیوں کی لاج پیروں بیں بیڑیاں ڈالے رہے گی۔ وہ اب اُسے اپنا ہم عمر سمجھنے لگی تھی۔ بات بات پر اُسے گردن توڑ بخار کی طرح چڑھتے ہوئے بڑھاپے کی طرف متوجہ کر کے رہی سہی زندگی بھی نچوڑ لینے کی کوشش کرتی۔ بڑی آپا ایک زندہ شہید کی طرح سر اُونچا کیے خاموش رہ جاتی۔ اُسے اس ساس سے کافی نفرت تھی۔ یہی تو وہ ڈائن تھی جس نے شادی شدہ زندگی کے تین مختصر سال طعنوں اور اعتراضات سے حد درجہ مکدر بنا دیے تھے۔ اُسے کیا معلوم تھا کہ یہ دنیا اتنی مختصر زندگی دے کر آئے گی، وہ تو سوچتی تھی کہ آخر ایک دن وہ ہوگی اور اُس کا میاں۔ اگر اُسے اس دن کی خبر ہوتی تو بڑھیا کے منہ پر خاک ڈال ان تین سالوں کو کلیجے سے لگا رکھتی۔ بڑھیا اکلوتے بیٹے پر دیوانی تھی مگر جب کبھی وہ بیوی کی طرف زیادہ ملتفت نظر آتا تو جل کر خاک ہو جاتی:

"اسے بھئی یہ ہر وقت کے چونچلے۔۔۔" وہ ناک سکوڑ کر طعنہ دیتی اور بڑی آپا شرم سے پانی پانی ہو جاتی۔ وہ جلدی سے اپنے آپ کو اس کے ترستے ہوئے ہاتھوں سے چھڑا کر بھاگ آتی اور ساگ بینے لگتی۔ دور بیٹھا وہ حسرت سے تکا کرتا، ارمان

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بھرے اشارے کرتا، ترسی ہوئی نظروں سے گھورتا، جیسے وہ اس کی جائز بیوی نہیں پرائی عورت ہو۔ مگر وہ نہ جاتی۔

جونہی وہ کالج سے آتا بڑھیا اپنے امراض کا پوٹلا لے کر بیٹھ جاتی اور اُسے گھیرے رہتی؛ جونہی وہ اپنی جان چھڑا کے بیوی کے پاس آتا وہ بہو کو فوراً کسی ضروری کام کے بہانے بلا لیتی۔ بہو صبر کی سل کلیجے پر دھرے بیٹھی رہتی، ہاتھ کام میں لگے رہتے مگر دل میاں کی ادھوری بات میں۔

"اے بہن کام میں جی نہیں لگتا تو جاؤ نا اسے، ہاں نہیں تو۔" وہ اس کے دل کا حال معلوم کر کے نئے طعنے سے اُس کے قدم جکڑ دیتی۔ جب اُسے یقین ہو جاتا کہ بہو واقعی ناامید ہو چکی ہے اور بیٹے کا مزاج کافی گرم ہو گیا، چاؤ چونچلے کا خطرہ ختم ہو گیا، تب وہ اسے چھوڑ دیتی۔

میاں کا پارہ اُتارنے میں ساری خوشامدیں، سارے لاڈ، جن کے آسرے پر وہ پہاڑ سے دن کاٹتی، مٹی میں مل جاتے۔ دبے چھپے لفظوں میں شکایت بھی کرتی، معافی مانگتی مگر چڑھا ہوا پارہ اتنی آسانی سے تھوڑی اُترتا تھا۔ پھر ساس کو خبر ہو جاتی تو وہ اور جلے پر پھپھولے پھوڑتی۔

"اے ہم نے تو کبھی میاں کی جوتی پہ ناک نہیں رگڑی، وہی بچارے اللہ بخشے ہماری جوتیوں سے ناک رگڑا کرتے تھے۔ پر آج کل کی لڑکیوں کا تو بس۔۔۔ توبہ ہے! مجھ موئی کا ہی نصیب ہے۔"

وہ خاموشی سے یہ سب کچھ سن لیتی اور یہ سوچ کر صبر کر لیتی کہ کبھی تو یہ طعنے دینے والی قبر کے کونے میں دفن ہو جائے گی۔ پھر کبھی کبھی اُسے بڑھیا پر رحم آنے لگتا۔ وہ اسے تختہ غسل پر لانے والے اور قبر تک لے جانے والے آخری لمحوں کو تیار دیکھتی۔ اس نے پکا ارادہ کر لیا تھا کہ اس کا تیجہ وغیرہ دھوم دھام سے کرے گی تاکہ لوگ یہ نہ کہیں کہ تعلیم یافتہ بہو نے فضول رسموں کی آڑ میں محبت بھی مٹی میں ملا دی۔ حالانکہ اُسے پختہ یقین تھا کہ یہ کتنے فضول رسم و رواج ہیں۔ کیسے جاہل۔ بڑھیا اگر ذرا ان کے لیے اپنی زبان روک لیتی تو ان بیہودہ رسموں کے عذاب سے بچ جاتی۔ بیٹے کی ماں تھی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بہت تو عذاب بھوگنا ہی پڑے گا۔ اگر یوں نیاز نذر سے کام چل جاتا تو پھر کیا کہنے تھے اور پھر تو وہ فراخدلی سے تیجہ کرتے بھی گھبراتی۔

مگر بڑھیا اُس کے گلے میں چکی کے پاٹ کی طرح لٹکی رہ گئی اور خود اس کی ساتیں سوتی اور دن تھپیا تک کانٹوں سے بھر گئے۔

نوری اب جوان ہو رہی تھی لہٰذا ساس ہر وقت بہو کو چال چلن سے رہنے کی تلقین کرتی۔ یا تو وہ خریچے کے ڈر کے مارے کسی سے ملتی جلتی نہ تھی یا اب سارے کنبے کے ایک کون کی بلائیں لینے پڑ گئی۔ ساس اور بہو نے مل کر لڑکا کاگھیرے پر کمر باندھ لی۔ علاوہ نوری کی ذاتی صفات کے اس کی یتیمی کا سارٹیفکیٹ ہر جگہ کارآمد ثابت ہوا اور جلد ہی ایک نہایت مالدار اور اکلوتے لڑکے کو اس پر عاشق کرا لیا گیا۔ اُس کے کنبے والوں نے لاکھ اُدھم مچائی مگر ایک نہ چلی۔

نوری جب آئی تو نہایت شرمیلی اور فرمانبردار بن کر آئی۔ بڑی آپا بڑی جانفشانی سے جہیز جمع کرنے لگی۔ اُس نے ایک دم سارے خرچے بند کر کے تنگی میں گزر کرنی شروع کر دی۔ نوری بھی پھٹے پرانے کپڑے بڑے شرمیلے فخر کے ساتھ پہن لیتی۔ ہر چیز جہیز کے لیے رکھ دی گئی۔ لونڈا کا ابھی میٹرک میں پڑھتا تھا اور انگلینڈ جانے والا تھا اور اس طرح نوری کو کم از کم سات سال امیدواری میں گزارنے تھے مگر وہ آنے والی خوشگوار زندگی کے حسین خیالوں کے نشے میں کچھ بھی تو نہ محسوس کرتی۔ وہ ان پتھیر طوں کو چھپتی کے جوڑے کی امیدیں کلیجے سے لگا کر پہنتی۔

اُسے اب احساس بزرگی بھی ہو چلا تھا۔ اُس نے سارا چلبلا پن چھوڑ دیا تھا اور ایک دم گھر والیوں کی طرح سنجیدگی اختیار کر لی۔ وہ شدت سے اپنے آپ کو کچھ برتر خیال کرنے لگی تھی۔ اُس کا مول اتنی جلدی ہو گیا، اور جس طرح دوکان میں رکھی ہوئی چیزوں میں سے کسی ایک چیز کا مول توقع سے غیر متوقع قیمت پر ہو جائے، کوئی گانٹھ کا پورا آن پہنچے تو باقی کا مال بیتر بڑا رہ جاتا ہے اسی طرح شمن بھی کچھ متحیر اور حقیر سی رہ گئی۔ اسے ایک ہلکا سا احساس کمتری بھی ہونے لگا۔ آخر وہ کیوں زندگی کے ہر شعبے میں پیچھے رہ جاتی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہے؟ بیماری سے اُٹھی ہوئی دُم نچی مرغی کی طرح وہ بدہیئت اور حقیر، نوری کی رومانی کمسنی کے آگے ایک متعفن پھوڑا معلوم ہوئی۔

اسی عرصے میں کالج سے لوٹتے میں اعجاز دو چار روز کے لیے آیا۔ جب اُس کا خط آیا تو کسی کو پڑھ کر سنا لینے کی مہلت بھی نہ ملی، وہ خود ہی تانگے میں بیٹھ کر گھر تلاش کرتا آن پہنچا لیکن جب لوگوں نے اُسے دیکھا تو اللہ کی شان یاد آنے لگی۔ وہی سوکھا مارا بدوضع جانور ایک وجیہہ نوجوان بن چکا تھا۔ اُس کا گھٹا ہوا سر چمکیلے بالوں سے آراستہ تھا۔ قیمتی سوٹ کیس میں رکھے ہوئے کپڑوں کی تہیں بھی متاثر کیے بغیر نہ رہ سکیں۔

اسے دیکھ کر شمن کے دل پر گھونسہ سا لگا۔ معلوم ہوا وہ برسوں کی کھوئی ہوئی چپل نہ جانے کس گم نام کونے سے اُچھل کر اُس کے منہ پر لگی۔ وہ خود بخود پیچھے سمٹ گئی۔ موٹی جھری کے مارے ہوئے بال اور پتلے پتلے ہونٹ اور سوکھے ہاتھ زیادہ ڈراؤنے نظر آنے لگے۔ اُس نے اسے دیکھتے ہی ایک دم اس کے خلاف ایک محاذ قائم کر لیا۔ وہ اپنی پرانی نفرت کو اعجاز کے سامنے جھجکتا دیکھ کر اور بھی چڑ گئی۔

اعجاز بالکل نیا پورا بن کر آیا تھا۔ وہ جیسے اپنے پچھلے اپن تو کو اس کی موجودہ ذات سے کسی طرح وابستہ نہ کر سکتا تھا۔ خوش ہیئت، مہذب زبان، ہنس مکھ اور دلیر۔ آتے ہی اُس نے حیرت سے شمن کو گھورا۔ وہی بچپن کی آنکھیں کس گستاخی سے اس کے آر پار تیرتی چلی گئیں۔

”ارے یہ شمشاد اتنی دُبلی، اور تمہاری چوٹی کیا ہوئی؟ کتر گئے، بھئی واہ!“ اس نے قہقہے لگانا شروع کیے اور شمن جھلا کر رہ گئی۔ لوگوں نے اُسے باتوں میں لگا لیا، کسی نے بھی تو یہ نہ بتایا کہ وہ ابھی بیماری سے اُٹھی ہے۔ یہ نہیں کہ وہ اعجاز کے سامنے اپنی بدصورتی کا کوئی عذر پیش کرنا چاہتی تھی بلکہ یونہی، کیوں وہ غلط فہمی میں مبتلا رہے!

وہ اس کی جان کو ایک بلا بن کر آیا، دن بھر قہقہے لگاتا۔ آیا تو دو دن کے لیے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

تھا مگر دو ہفتے بعد بھی بہانے بنا کر رہے چلا جا رہا تھا۔ لوگ اس میں اس قدر دلچسپی لینے لگے تھے کہ روز وہ کسی نہ کسی بہانے سے روک لیا جاتا۔ نوری تو اس سے خوب گھل مل کر باتیں کرتی۔ وہ بھی اُن کے بھولے والے میاں کی باتیں کر کے چھیڑا کرتا۔ وہ سارے کام چھوڑ کر بس اعجاز سے اُلجھا کرتی۔

شمن کا جی چاہتا کوئی اعجاز کو اُس کی پرانی تصویر دکھا کر اُسے وہ غلاظتیں بھی تو یاد دلائے جو وہ پیچھے چھوڑ آیا تھا۔ نہ جانے لوگ اپنے ماضی کو کس طرح اس قدر آسانی سے جھٹک کر آگے بڑھ جاتے ہیں۔ اُسے ان لوگوں سے سخت نفرت تھی جو پہلے والے غریب، بدوضع اور کم عقل اجو کو بھول کر اس نئے انداز ان کی آؤ بھگت کرنے لگتے۔ وہ اُسے کیسی کیسی حقارت بھری ٹھوکریں مار چکے تھے مگر آج اس پر فدا تھے۔ وہی منجھلے بھائی جن کے سامنے وہ ناک پکڑ کر اٹھک بیٹھک کر چکا تھا اُسے موٹر میں لیے لیے پھرتے، وہی اماں جو اگر وہ کتوں کا کھانا چرا لیا کرتا تھا تو صبح کا ناشتہ بند کر دیتی تھیں اب مرغن کھانے اُس کے منہ میں ٹھونسے دیتی تھیں، کبھی وہ دن بھی تھے کہ ذرا دیر تک سوتا رہتا تو اُس پر پانی کا لوٹا اوندھا کر اُس کی چارپائی اُلٹ دی جاتی تھی، مگر آج دن چڑھے تک سوتا رہتا پھر بھی لوگ یہی کہتے:

"اللہ رکھے جوانی کی نیند ہے، سونے دو۔" شمن سلگ کر رہ جاتی۔ لوگ سچ بولتے کیوں ڈرتے ہیں! یہ کیوں نہیں کہتے روپے کی نیند ہے، اس جائداد کی نیند جو اس کے چچا نے اپنی زندگی ہی میں اُس کے نام کر دی تھی۔ بڑا ذلیل تھا اعجاز۔ وہ ان ٹھوکروں کو کیسے بھول گیا؟ نیچ کہیں کا! جب لوگوں نے تھوکا جب بھی نا[illegible] اور شاکر رہا اور جب کہ وہی لوگ اپنا تھوکا چاٹ رہے تھے وہ نہایت خوش تھا۔ یہ کیوں اور کیسے؟ مگر شمن اب بھی وہی شمن تھی، وہ اب بھی اعجاز کے وجود پر تھوکنے کو تیار تھی۔ وہ گھنٹوں بیٹھ کر لوگوں کے ساتھ تاش کھیلتا ہنسی مذاق کرتا مگر شمن اُن سب سے دور کسی نہایت غیر دلچسپ کام میں ڈوبی رہتی۔ وہ اعجاز سے بالکل مخالف سمت چلتی۔ اگر وہ اس سے کبھی کچھ کہنا بھی چاہتا، یونہی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 030376

کوئی نہایت معمولی سی بات، تو وہ سنی ان سنی کر جاتی۔

جب سے وہ آیا تھا لوگ نئے نئے پینتروں سے ہر وقت اُس کی شادی کا ذکر کرتے۔ بڑی آپا بیچاری کے تو ہاتھ کٹ چکے تھے، وہ نوری کے بیاہ کے لیے ہاں کہہ چکی تھیں۔ حالانکہ کئی دفعہ اُس کی نیت بہک بھی گئی۔ سال دو سال میں اعجاز نوکر ہو جائے گا اور وہ ہونے والا داماد نہ جانے کب ملیں جو تننے کے قابل ہو؟ اس کے علاوہ اور سارے خاندان کی لڑکیاں اُس کے قدموں میں لا ڈالی گئیں مگر وہ ہر ایک میں کوئی نہ کوئی نقص نکال دیتا۔

اتفاق کہیے یا قسمت، اُنہی دنوں بلقیس اور جلیس اپنی خالہ کے یہاں آئیں۔ زمانۂ کالج میں اچانک شمن سے ملاقات ہو گئی۔ بلقیس بال برابر بھی تو نہ بدلی تھی، وہی چنچلا پن، چیخ چیخ کر بولنا اور اونچے اونچے قہقہے۔ شمن سے اس قدر لپٹ لپٹ کر ملی کہ شانے دکھنے لگے۔ گھل مل کر دونوں میں باتیں ہوئیں۔ بلقیس اپنی خالہ کے یہاں زناٹے سے عشق لڑانے آئی ہوئی تھی۔ خالہ کا گھر اچھا خاصا بھرتی کا دفتر بنا ہوا تھا، شہر کے تمام شادی کے قابل یا ناقابل ہونے والے لڑکے اُن کے یہاں حاضری دیتے تھے۔ تین چار اپنی لڑکیوں کے علاوہ وہ اپنے عزیزوں کی لڑکیوں کے نصیبے کھولنے میں ملکہ رکھتی تھیں۔ اُنھیں اس قدر مشق ہو گئی تھی کہ جس لڑکی کا جس لڑکے سے چاہتیں جوڑ لگا دیتیں، فریقین کتنا بھی چاہیں کچھ بس نہ چلتا۔ نکھٹو اور بدقسمت لڑکے موقع دیکھتے ہی تھوہر کی جڑ کی طرح چمن زار سے نکال کر پھینک دیے جاتے۔ اُن کا آنا یک لخت قابلِ اعتراض ہو جاتا۔

بلقیس خالہ کی تمام سہولتوں کو قبول کرنے کی صلاحیت رکھتی تھی۔ پڑھائی چھوڑ کر اُس نے کچھ دن سلیقہ اور فیشن سیکھنے کے لیے انگریزی اسکول میں نام لکھوایا تھا اور وہاں سے ایسی دھار دار ہو کر آئی تھی کہ حد نہیں۔ عجیب بات اس لڑکی میں یہ تھی کہ وہ ہر اس نسوانی حربے کا جو مرد کو مارنے کے مصرف میں آتا ہے، فخریہ ذکر کرتی، چالاکیوں، خود غرضیوں اور مکاریوں کا بڑی معصومیت سے اعتراف کرتی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 030376

"علیسی مجھے خاک پسند نہیں پر جب میں نے اسے ستار سنایا تو کمبخت مر گیا۔
جلیس نے وائلن بجایا مگر بیچاری شرما گئی۔"

"منوّر حلہ اُلو ہے، پتہ ہے کل بزنار ڈشا میرے لیے نہ جانے کہاں سے ڈھونڈ کر لایا۔ بڑا پڑھا کو ہے، کہتا ہے: پروفیسر بنوں گا۔ اب بھلا شمن کتنے سال لگ جائیں گے! کم از کم چار سال رکھ لو۔ بھلا کون بیٹھا رہنے دے گا مجھے؟ اختر سپرنٹنڈنٹ پولیس ہے، جان کو آ گیا ہے مگر میں نے ابھی تو کسی کو جواب نہیں دیا ہے۔ خدا قسم جو اختر میرے لیے پدما جیسی انگوٹھی نہ لایا تو کبھی جو کہہ جاؤں منگنی۔"

"خالہ بی کہتی ہیں اختر خاصا ہے مگر میں کہتی ہوں موسیٰ کی جائداد حد بڑی ہے۔ پتہ ہے تین موٹریں ہیں اور۔ ۔ ۔"

کلب کے بعد وہ شمن کو اپنی خالہ کے گھر لے گئی اور دوسرے دن دو تولہ نہیں بغیر کہے سنے آ دھمکیں شمن کے گھر۔ یوں تو گھر اچھا خاصا تھا مگر بے سلیقہ پن اور لاپروائی کی وجہ سے یہ حال تھا کہ دو چار ٹوٹی کرسیاں، میلی دریوں کے تخت اور بان کی کھری چارپائیوں کے سوا کچھ اٹھنے بیٹھنے کا انتظام نہ تھا۔

جھینپتی کھسیانی شمن انھیں اپنے کمرے میں لے آئی۔ اس کا کمرہ کہنا بالکل بیجا تھا۔ اسی جگہ کچھ صندوق، چینی کے برتنوں کی الماری بھی تھی۔ ایک طرف چھت میں جڑاول کا سامان جھول رہا تھا۔ کونے میں جالا لینے کا بانس کھڑا تھا جسے کبھی حرکت نہ دی جاتی۔ مکڑیوں اور چھپکلیوں کا پُر سکون راج قائم تھا۔

"اپنے کمرے میں چلو نا۔" بلقیس نے چپکے سے اس کے کان میں کہا اور شرم کے مارے شمن کا جی مر جانے کو چاہا۔ روپے کی کچھ کمی نہ تھی، پنشن ہی اتنی کافی تھی کہ اگر چاہتے تو ڈھنگ سے رہنا مشکل نہ تھا، مگر پنشن سے پہلے کون سے ٹھاٹھ تھے! ویسے گھر میں پندرہ بیس نوکر اور مفت خورے موجود۔ باہر چار چار بھینسیں، گھوڑے، کتے اور مرغیاں وغیرہ بھری پڑی تھیں۔ باہر تو کچھ بیٹھنے کے لیے مونڈھے وغیرہ تھے بھی مگر گھر میں بڑی بڑی بیویاں بھی آتیں تو لشتم پشتم پلنگوں اور تختوں پر چادریں

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بجھ جاتیں۔ اُس نے کبھی کسی کو اپنے گھر کی حالت نہ بتائی تھی اور بلقیس جلیس سے دو چار دفعہ گپ بھی مار دی تھی۔ وہ تو اس گھر میں پیدا ہو کر پچھتائی تھی۔ کاش وہ کہیں اور جنم لیتی۔ اتنے بہن بھائیوں کے بجائے دو ایک لائق فائق بھائی اور وہ ایک اکیلی لاڈلی بیٹی ہوتی، کوٹھی بنگلہ ہوتا، صوفے اور کوچیں ہوتیں، چاہنے والے چچا اور قربان ہونے والی خالائیں ہوتیں۔ کاش اس کے گھر میں بھی ایک باغ ہوتا اور وہاں نارنگی اور لوکاٹ کے پھول مہکا کرتے جنھیں توڑنے کے لیے اُس کی انگلیاں حسین اور نازک ہو جاتیں، مگر یہ تو اُسے خواب میں بھی میسر نہ ہوا، اس نے خواب بھی سدا بھیانک اور ڈراؤنے ہی دیکھے، بھوتوں اور چڑیلوں کی دنیا کے۔

وہ بلقیس اور جلیس کو لے کر احاطے کے ایک سنسان کونے میں چلی گئی۔ یہ کونا بھی کوڑے کرکٹ، ٹوٹی ہوئی اینٹوں، بوسیدہ ڈلیوں اور ٹوٹی ہوئی جھنکڑوں سے پٹا پڑا تھا مگر بلقیس بڑی بے تکلفی سے دہلیز پر اخبار کا کاغذ بچھا کر بیٹھ گئی۔ جلیس نورتن کے دانے چننے اور املیاں بیننے چلی گئی۔

گھنٹوں سر جوڑے وہ نہ جانے ایک دوسرے کو کیا باتیں بتاتی رہیں۔ بلقیس نے اُسے بتایا کہ وہ کس طرح تندہی سے شادی کی تیاریوں میں لگی ہوئی ہے اور وہ تمام تیاریاں یہ تھیں کہ اتنے ڈھیر سے لڑکوں میں سے ایک زندگی کا ساتھی چننا تھا۔ اتنے جنوں میں سے ایک کو چن لینا اور باقیوں کو مونگ پھلی کے چھلکوں کی طرح تھوک دینا بلقیس جیسی جذباتی لڑکی کے لیے کتنا مشکل تھا۔

"آخر تمھیں محبت کس سے ہے؟"

"محبت جو سچ پوچھو تو مجھے عباس سے ہے بچپن سے ہم ایک دوسرے کو جانتے ہیں اور پھر ہمارے خیالات بھی ایک جیسے ہیں۔"

"چہ... چھوڑو! پہلے کہتی تھیں انتشار پر مرتی ہوں۔ بڑا قوم پرست ہے۔ یہ ہے، وہ ہے۔" شمن نے چڑ کر کہا۔

"ہے تو وہ قوم پرست مگر بہن سچ بتاؤ گزر کیسے ہو سکتی ہے اس کی؟ کبھی بات

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 030376

یہ ہے کہ چاہے کچھ بھی ہو مجھے سوسائٹی پسند ہے۔"

"بلقیس۔ ہمکار ہو تم بھی۔ محبت میں تو انسان ان باتوں کو سوچتا بھی نہیں۔"

"مگر ادا، میں تو مجھے اختر ہی سے زیادہ محبت ہے۔"

"غنیمت ہے اختر ہے، اس کی نئی موٹر ہے!"

"چہ، بھئی تم تو ہو بیوقوف۔ موٹر اس کی خاک پسند نہیں۔ خدا قسم موسیٰ کی موٹر دیکھو تو لہرا مر جاؤ۔"

"تو پھر نسبت؟"

"محبت تو عزیزوں ہی سے زیادہ ہوتی ہے مگر۔۔۔"

"مگر؟"

"مگر شادی تو امیر ہی سے کرنا پڑتی ہے۔ کیوں ہے نا بھئی؟"

"کیوں؟ یہ تو بالکل رنڈیوں جیسی بات ہوئی۔"

"ہشت، رنڈیوں جیسی کیوں ہوئی؟ اور اگر ہے بھی تو کیا ہوا؟ شمن ایک ہی تو بات ہے۔"

"تو کیا؟"

"ہاں بھئی، دیکھو۔۔ آپ جیسے۔۔۔ اونہہ بھئی مجھے نہیں معلوم تم تو بحث کرتی ہو پہ تو بس ہم کیا باتیں کرنے لگے؟ شمن ہمیں نے کل نماز پڑھی تھی۔"

"اچھا؟"

"ہاں، اختر نے کہا تھا میں شلوار قمیص میں بالکل لیلیٰ معلوم ہوتی ہو۔ وہ جو میرا کالا انناس کا ستاروں والا دوپٹہ ہے میں نے ایرانیوں کی طرح لپیٹ کر اوڑھا تو کہنے لگا۔۔" وہ کچھ رکی۔

"کیا کہنے لگا؟"

"کہنے لگا لاؤ تمہاری تصویر کھینچ کر ولایت میں بھیجوں گا۔ میں نے کہا جا سے نماز پر کھڑی ہو جاؤں تو زیادہ اچھی رہے گی۔ مگر شمن کھڑے ہو کر تو بڑی لگی تو میں

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 030376

بیٹھ کر دعا مانگنے لگی۔ تصویر کھینچ کر۔۔۔ ہی۔۔۔ ہی" وہ ہنسی۔

"کیا؟ کیا؟"

"وہی کمبخت پیار کر لیا، بدتمیز کہیں کا!" بلقیس بن کر شرمانے لگی۔

دونوں ہنس رہی تھیں کہ اعجاز خاص معشوقانہ انداز سے ریکٹ گھماتا ہوا برآمدے میں نکلا۔

"اوہ؟ معاف کیجیے گا" وہ جلدی سے مڑ کر جانے لگا۔

"خدا!"

"کیوں؟"

"کون تھا یہ؟ ہائے بالکل فریڈرک مارچ کی سی شکل ہے" بلقیس نے زور سے شمن کا بازو مسل کر پوچھا۔

"ہے ایک، ہمارا رشتے کا بھائی"

"اچھا؟ بے ایمان کہیں کی!"

"واہ!" شمن مسکرائی۔

"جان ہے خدا قسم، شرطیہ تم مرتی ہو اُس پر"

"ہنہ، کبھی بھی نہیں۔"

"ہائے بڑی بدمذاق ہو۔ خدا قسم وہ۔۔۔ وہ دیکھو ادھر ہی دیکھ رہا ہے۔ تمہیں گھور رہا ہوگا" وہ پھر اترائی۔

"چُپ گدھی کہیں کی" شمن نے اس کے خوب چٹکیاں لیں۔ کوئی بےنام سی چیز دل میں کلبلائی مگر وہ جھلاتی ہی رہی۔

جب بلقیس اور حلیمہ جانے لگیں تو اعجاز پھر باہر نکل کر کسی نوکر سے فضول باتیں کرنے لگا۔ جب اُن کی موٹر چلی گئی تو وہ شمن کی طرف مڑا، وہ جلدی سے اندر چلی آئی۔

شام کو کھانے کے وقت اعجاز جان بوجھ کر اُس کے پاس گھس کر بیٹھا کہیں بلقیس کی باتیں سُن تو نہیں لیں بدذات نے؟ وہ پیار میٹھی باتیں بھی کرنے کی کوشش کی مگر

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar, M. Mazhar Kathia) 030376

شمن نے کسی بہانے سے اُٹھ کر جگہ بدل لی۔ وہ پان لگا رہی تھی کہ پاس آ بیٹھا:

"ایک ہمیں بھی، پر بھئی منہ نہ کاٹ دینا" وہ اترا کر بولا۔ شمن نے جب پان دیا تو اُس نے اُس کی انگلی پکڑنے کی کوشش کی، شمن نے جل کر پان چھوڑ دیا۔ یہ فرسودہ رومان اُسے ایک آنکھ نہ بھایا۔ اسے ان گونگے عاشقوں سے سخت نفرت تھی جن کا رواں بولتا ہے پر منہ سے نہیں پھوٹتے۔

"لائیں پڑھا دوں" اُسے پڑھتا دیکھ کر وہ پاس آن بیٹھا۔

"پڑھ چکی" یہ شمن نے شرارت سے کتاب بند کر دی اور جوتا پہنتی چل دی۔ وہ خوب اُس کی چالوں کو پہچان رہی تھی، وہ آج پھر وہی پرانا بھوکا اچو معلوم ہو رہا تھا اور ادرد گرد ایسے منڈلا رہا تھا جیسے گوشت پر چیل۔ شمن جان جان کر اُسے دتکار رہی تھی۔ انجاز کو پیاسا ہانپتا دیکھ کر وہ دل ہی دل میں ترتی محسوس کر رہی تھی۔

دو دن تک وہ زرستار ہا مگر شمن نے اسے بولنے کی مہلت نہ دی، مگر رات کو جب سب کچھ کچھ سو چلے تھے وہ باہر سے کسی بہانے سے آیا۔ پہلے تو وہ حسبِ عادت دکھانے کے لیے کچھ ڈھونڈتا رہا، پھر پانی پینے لگا۔ رُک رُک کر اُس نے پورا گلاس چڑھا لیا۔ شمن ہنسی دبائے خاموش پڑی رہی۔ وہ مڑا تو شمن نے آنکھ کے گوشے سے دیکھا کہ وہ واپس لوٹا۔

"شمن" اُس نے آہستہ سے پکارا۔

"کیا ہے؟"

"یہاں بیٹھ جاؤں" مگر قبل اس کے کہ وہ کوئی جواب دے انجاز پلنگ کے کونے پر بیٹھ گیا۔

"شمن ایک بات کہوں؟ کئی دن سے۔۔۔" اس کی آواز اٹک گئی۔ شمن کے ہاتھ پیر سُن ہونے لگے، جملہ حواس ایک نقطے پر جمع ہو کر بھینچنے لگے، اُس نے سانس روک لی۔

"تم جانتی ہو دو سال کی ٹریننگ اور ہے اور پھر کسی اچھی جگہ پوسٹ ہو جاؤں گا۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 030376

چچا میاں کی جائداد بھی کافی ہے مگر بس سوچتا ہوں شملہ پر ایک کوٹھی خرید لی جائے تو.... "

"کوٹھی اور باغ.. نازگی کی کلیاں .. " شمن کی انگلیاں اینٹھنے لگیں۔

"میرے خیال میں میری حیثیت کا انسان ایک تعلیم یافتہ لڑکی کے لئے ناموزوں تو نہیں.... ٹھیک ہے نا؟"

"اعجاز ‌" اُس نے سانس کو پھیپھڑوں میں گھونٹا۔

"ہاں شمن۔ یہ لوگ تو جاہل ہیں، کچھ نہیں سمجھتے۔ احساسِ کمتری ہے اور کچھ نہیں۔ تو بس اب تمھارے ہاتھ میں ہے سب کچھ.. "

"میرے .... میرے ہاتھوں میں.. " شمن نے زور سے مٹھیاں بھینچ لیں تاکہ وہ نامعلوم سی دولت کہیں رینگ نہ جائے۔

"وہ تمہاری دوست ہے نا... "

"ایں ؟ " شمن نے مضبوطی سے ٹیوب میں ہوا روک دی۔

"ہاں... بلقیس تمھاری پرانی دوست ہے.. تم چاہو تو شادی کروا سکتی ہو۔"

"مگر.... "

"بھئی دیکھو بہانے مت بناؤ۔ ہماری بھنو کیسی، خدا قسم جو تم کہو گی.... وہ تمھیں ہارڈی کا چمڑے والا پورا سیٹ پسند ہے نا.... "

"مگر... " اُس نے اُسے روک کر کہا، "بلقیس کا ٹیسٹ بہت اُونچا ہے..... معاف کرنا اعجز.. " وہ بضد بولی، " وہ ذرا اور قسم کی لڑکی ہے "

"مگر شمن... میں کافی آزاد خیال ہوں.... "

"میرا مطلب ہے آجکل لڑکیوں کو آزاد خیالی سے زیادہ کلچر چاہیے..... "

"تو.. "

"اور وہ خاندان دیکھتی ہیں، معاشرت دیکھتی ہیں۔ بلقیس کے اُمیدوار زیادہ تر تو نوابوں ہی کے خاندان سے ہیں۔ دوسرے تم سوچتے ہو یہ تمھاری جائداد بہت ہی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kaṭhia) 030376

زبردست ریاست ہے کہ۔۔۔"

"میں یہ تو نہیں کہتا۔۔۔" اعجاز کی آنکھوں میں اُسے بھوک اور شکست جھلکتی نظر آئی۔

"فضول بکواس ہے۔"

اعجاز سر جھکائے چلا گیا، وہ خاموش بے حس و حرکت پڑی رہی، کچھ نہ سوچا۔ اُسے تو بس ایک احساس تھا کہ اُس نے نارنگی کے جھاڑ میں ہاتھ ڈالا اور کسی زہریلے ناگ نے بھی مار دیا۔ زہر کی طرح کوئی چیز سنسناتی لہراتی اُس کے دماغ کی طرف چڑھتی چلی گئی جسے جھٹکنے کی بھی اُس نے کوشش نہ کی۔

کیا اُسے اچو سے محبت ہو چلی تھی؟ چہ، توبہ کیجیے، اِس واہمے کو سوچ کر وہ ہنس پڑی۔ پھر؟ اس نے اس کا جواب پانا ضروری نہ سمجھا۔

اعجاز کے جانے سے پہلے اُس کی شادی کا ذکر چھڑا، وہ کچھ دل برداشتہ سا رہا چونکہ شمن کے والد نے اُس کی پرورش میں کافی پیسہ خرچ کیا تھا اس لیے پہلا حق تو اعجاز کو پہنچتا تھا۔ اِس سے قبل کہ کچھ اعجاز سے کہا جاتا اُس نے فوراً سے کہہ دیا کہ وہ اعجاز کے علاوہ ہر جانور سے شادی کر سکتی ہے۔ جھگڑے اُٹھے، کچھ رونے دھونے کے ڈھونگ رچے مگر کالج جا کر اُس نے صاف صاف انکار لکھ دیا اور اس قدر بے حیائی سے کہ یہ سانحہ خاندان میں تاریخ بن گیا۔ اعجاز کچھ کھسیانا اور متحیر سا ہو گیا۔ بلقیس کا ذکر اُس نے کسی سے نہ کیا۔ اور شمن؟ زور لگا کہ اُس نے ہر گرفت سے پھیلنا شروع کیا۔ بغاوت! اُس کی رگ رگ غرور سے پھڑک اُٹھی۔ اُسے خود اپنی طاقتوں پر حیرت ہونے لگی۔ اُس نے سب کے منہ پر طمانچہ مار دیا، دل توڑ دیے، امیدیں خاک میں ملا دیں۔۔۔ اوہ! کتنی ظالم تھی وہ؟

(۲۷)

ایلما کو دیکھ کر تو وہ اُس سے لپٹ ہی گئی۔ اُس کے کاندھے پر ہاتھ رکھے رکھے تو وہ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

دوزخ کی آگ میں سے بھی سکراتی ہوئی گزر جاتی۔ وہ اس دفعہ ایک تحفہ لائی تھی تا الیما کے لیے: ایک باغی کی گود میں وہ ایک نیا باغی ڈالنے لائی تھی۔ الیما نے اپنی جادو بھری آنکھیں اس کی نڈر آنکھوں میں ڈال دیں اور مسکرا اٹھی۔

"کیوں؟" اُس نے صرف اتنا پوچھا۔

"میرا دل!" بجائے لمبی چوڑی تفصیل کے نئے باغی نے پیر جمائے میدان میں۔

" GOOD " الیما نے مسرت سے جھوم کر کہا۔ "ٹھیک کہتی ہو، کسی کو ہم سے کیوں کہنے کی جرأت ہی نہ ہونا چاہیئے۔ آؤ چلو۔" گردن نے چیلے کی بانہہ پکڑ لی۔

اُسی دن الیما نے اُسے یونیورسٹی کے یونین کے صدر اور سیکریٹری سے ملایا۔ بہت تیزی سے شمن نے دنیا کے اُس رُخ کو دیکھ لیا جہاں انسان اپنے گھونگے جیسے خول سے باہر نکل کر اپنے وجود کے سوا بھی کچھ دکھتا ہے۔

وہ الیما کے کمرے میں گئی تو ذرا دیر کو ٹھٹھک کر رہ گئی۔ اس کے پلنگ پر یونین کا پریزیڈنٹ افتخار بیٹھا ہوا تازہ اخبار دیکھ رہا تھا۔ وہ جھینپ کر لوٹنے ہی والی تھی کہ الیما سر پر تولیہ کو صافے کی طرح لپیٹے غسل خانے سے نکلی۔ اُس نے شمن کا تعارف کرایا۔ گو وہ افتخار سے اچھی طرح واقف تھی مگر بات چیت کا موقع نہیں ملا تھا۔ الیما بال سکھانے لگی اور شمن سے چائے بنانے کو کہا۔

"دودھ بالکل نہیں، شکر ایک چمچہ" افتخار نے تکیہ پر سر گھما کر حکم دیا۔

"یہ سرطای چائے میں دودھ نہیں لیتا بلکہ نیبو نچوڑ لیتا ہے" الیما نے تشریح کی

"نیبو؟"

"جی ہاں، آپ نے کبھی نہیں پی روسی چائے!" افتخار نے بات اٹھالی۔

"روسی چائے؟"

"ہاں، روسی چائے میں نیبو ڈالتے ہیں۔ آپ بھی آزمائیے، بڑی مزے دار ہوتی ہے" شمن نے جھجکتے ہوئے نیبو اٹھا کر پیالی میں نچوڑ دیا۔

"اور لوگ تو ابھی تک آئے نہیں، سیتل سیدھا دہیں پہنچ جائے گا" یونین کے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

آزاد اور ترقی پسند گروپ کی میٹنگ پکنک کی صورت میں کھلے میدان میں ہونا قرار پائی تھی۔

"کیا مس لوگا بھی چلے گی ؟"

"لو، مس لوگا نہ چلے گی تو پھر جا ہی کون سکتا ہے۔ مگر کیوں پوچھا تم نے ؟"

"یونہی، ایسے ہی۔ بات یہ ہے کہ مجھے کمبخت سے نفرت ہے۔ عورت ہے کہ۔۔"

وہ کچھ کہتے کہتے رُک گیا، پھر تیزی سے بولا:

"کیا ہی اچھا ہوتا جو ہم کسی طرح اُسے بھولے سے چھوڑ جاتے۔"

"اسے وہ اپنی موٹر سائیکل پر دند ناتی چلی جائے گی۔ تم نے دیکھی نئی موٹر سائیکل لی ہے اُس نے۔"

شمن بڑے انہماک سے چمچہ چلا رہی تھی، افتخار نے اسے غور سے دیکھا:

"یہ اب چینی گھل رہی ہے" وہ ابرو سے اشارہ کر کے بولا، "میرا مطلب ہے پیالی کی چینی۔ کب تک چلائیں گی، کچھ دیر میں پیندے میں سوراخ ہو جائے گا۔"

ایلیا نے دانت چمکا کر اپنی مخصوص سیٹی اُگلنا شروع کی اور شمن نے جھینپ کر بڑا سا گھونٹ چڑھا لیا، زور سے اُبکائی آئی اور وہ منہ پر رومال رکھ کر ہچکیاں لینے لگی۔

"یہ۔۔ یہ چائے ہے؟" نیبو سے دودھ پھٹ کر گدلے رنگ کے لوتھڑے چائے میں ڈبکیاں لگا رہے تھے۔

"خوب ابھی دودھ ڈالو تو نیبو نہیں نچوڑنا چاہیے۔" افتخار نے اُس کے لیے نئی چائے بنائی۔ "یہ روسی چائے پینے کے لیے مذاق ہونا چاہیے۔"

چائے پی کر گروہ کے گروہ شہر کی حدود سے باہر مقررہ مقام کی طرف روانہ ہو گئے۔ کچھ تانگوں میں اور کچھ سائیکلوں پر لڑکیوں کو بٹھائے قہقہے لگاتے چل دیے۔ راستے میں مس لوگا اپنی نئی موٹر سائیکل پر سیتل سنگھ، کالج کے مشہور کھلاڑی، کو بٹھائے سب کی آنکھوں میں دھول جھونکتی نکل گئیں۔

آسمان گہرا لاجوردی اور شفاف تھا، معلوم ہوتا تھا گاڑھی گاڑھی مارنش

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

کی ہوئی ہے۔ خشک ہوا موسم خزاں کی ، نیم مردہ پتیوں کو ادھر سے اُدھر گھسیٹے پھر رہی تھی۔ گو ہوا ہلکی پھلکی اور نرم پڑ گئی تھی مگر اُس کا ہر طمانچہ جسم میں زندگی دوڑا رہا تھا۔ لڑکوں اور لڑکیوں کے چھوٹے چھوٹے گچھے چھدرے پیڑوں کے نیچے بے تکلفی سے بکھر گئے۔ دو مخالف عناصر کے لطیف اور اچھوتے ملاپ سے فضا میں بہار سی رچی ہوئی معلوم ہوتی تھی۔ مردانہ آوازیں زیادہ بھاری بھر کم اور لڑکیوں کے قہقہے زیادہ سریلے ہو گئے تھے۔

لڑکیوں کی تعداد قدرتی طور پر محدود تھی، لہٰذا ایک ایک لڑکی بطور تبرک ہر گروپ میں بانٹ دی گئی۔ یوں ایلما سے جدا ہو کر شمن ایک بالکل نئے اور جھینپو قسم کے غیر دلچسپ گروہ کے ہتھے چڑھی۔ قدم پھونک پھونک کر نہایت عالمانہ اور شستہ گفتگو شروع ہو گئی اور بہت جلد سب کی قابلیتیں جواب دے گئیں جیسے طرح دم گھٹنے لگے۔ اُدھر ایلما کے گروہ میں یونیورسٹی کے چُنے ہوئے موتی جگمگا رہے تھے۔ اُن کی آب و تاب دور ہی سے لوگوں کو خیرہ کیے دے رہی تھی۔ ایک طرف مس بوگا چند بے فکروں کے جھرمٹ میں اپنی کھردری آواز میں انگریزی کے مزاحیہ گیت گانے کی کوشش کر رہی تھی۔ تالیاں بجاتے میں اُن کی باہوں کا پلپلا گوشت تھل تھل ہل رہا تھا۔ ایک جھاڑی میں آدھا گھسا ہوا افتخار سب سے الگ چیونٹیوں کی قطاروں کو بڑے انہماک سے دیکھ رہا تھا، گویا وہ آیا ہی اس غیر ضروری کام کے لیے تھا۔ شمن کے ساتھی، جن میں سے اکثر ایلما کے پرستار تھے، بے چینی سے اس کے قرب میں پہنچنے کا بہانہ ڈھونڈ رہے تھے مگر مجبوراً بیٹھے شمن کو بھگت رہے تھے، ورنہ اُن کے دل تو ایلما اور مس بوگا کے قہقہوں کے سر تال پر ناچ رہے تھے۔

شمن کو اس گھٹے ہوئے سکون سے سخت گھبراہٹ ہو رہی تھی۔ اُس کا بس چلتا تو وہ خود بھاگ کر ایلما کے قرب میں پہنچ جاتی یا کم از کم یہی معلوم کرتی کہ افتخار جھاڑی میں الجھا ہوا کون سے معمے سلجھا رہا تھا۔ ساتھیوں کی بیوقوفانہ خاموشی سے وہ جی ہی جی میں سلگ رہی تھی۔ نہ جانے کتنی دیر گُندھ رہتی اگر سیٹی اور ایلما میں پُرجوش

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

ٹیڑھی لکیر ۲۰۸

جنگ نہ شروع ہو جاتی۔ سیتل ایلیا کا برابر کی چوٹ کا مقابل تھا گو ایلیا اُسے ہر میدان میں ایک قدم پیچھے چھوڑ جاتی تھی، پھر بھی وہ سب بھی مر کر دیکھیں اُسے جیتا ہوا پاتی۔ ان دونوں میں قابلِ رشک نفرت تھی۔ اگر ایک دن تھا تو دوسرا رات۔ جلتی ایلیا پر ابر تھی اتنا ہی سیتل چٹیل میدان کی طرح بے لذت۔ ایلیا انتہا کی تلخ اور تیز، سیتل حد درجہ بے فکر اور مسخرہ! کرکٹ کے علاوہ انگریزی شاعری میں بھی ٹانگ اڑی ہوئی اور یہاں اس کی ایلیا سے مڈبھیڑ ہوئی۔ وہ کہتی تھی کہ سیتل کے بازو گورے لیے گئے ہیں اور سلیقہ گینڈے کا سا لیکن دماغ اُونٹ سے بھی بدتر۔ وہ شاعری سے اتنا ہی دور ہے جتنا ٹیگور گلی ڈنڈے سے۔ اس پر ہر موقعے پر ہر جگہ دونوں ایک دوسرے کی کاٹ کرتے۔ زبانیں دونوں کی تیز تھیں لہٰذا لوگ بے چینی سے ان دو متضاد عناصر کے ٹکرانے کا انتظار کرتے۔

آج ایلیا ہندوستان کی آبائی غلامی اور ناداری کا علاج واحد ایک، سرے سے عام تباہی اور قتل تجویز کر رہی تھی۔ اس کی رائے تھی کہ اس کی سسکتی ہوئی قوم کو آبِ حیات نہیں بلکہ زہریلی گیسیں ملنا چاہئیں تاکہ ایک بار بالکل نام و نشان مٹ جائے۔ طاعون کا علاج کیتھم کے انجکشنوں سے نہیں بلکہ لوہے سے داغنے سے کیا جا سکتا ہے۔ یہ صدیوں کا سمویا ہوا زہر مرہموں سے نہیں بلکہ زہر ہی سے نچوڑا جا سکتا ہے۔

سیتل نپے تلے مہذب جملوں میں اُسے ایک نیم حکیم خطرۂ جان سے تشبیہ دے رہا تھا۔ وہ ڈاکٹر نہیں جو علاج نہ جانے۔

"وہ ڈاکٹر نہیں گدھا ہے جو ایک عضو کے سر جانے پر اسے جڑ سے کاٹنے کے بجائے زمبک کی مالش تجویز کرے۔ یہ صدیوں کے بجھاتے ہوئے کیڑے! عبث ہے ان میں جان ڈالنے کی کوشش کرنا مٹی کا تیل چاہیے تھوڑا سا۔"

"وہ بے جان تو نہیں، ہاں کمزور ہیں۔"

"تو کرکٹ کھلانی چاہیے ان سب کو۔" ایلیا کے حق میں قہقہہ پڑا۔

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ہاں، اور تھوڑی سی شاعری کی خوراک . . . " سوائے سس لوگا کے کسی نے
داد نہ دی۔ اُن کی ہنسی میں چنگھاڑ تھی کہ سب کے قہقہے ماند پڑ جاتے۔ ایلما انھیں مادہ
چرخ کہا کرتی تھی۔ وہ زندگی کو ہلکے پھلکے غبارے کی طرح ہوا میں لہراتا دیکھنا چاہتی
تھیں۔ اب ایک نئے تیسرے مضمون میں ایم۔اے کر رہی تھیں اور اُن کے رویے سے
معلوم ہوتا تھا کہ دنیا بھر کے ہر مضمون کو ایم۔اے کر ڈالیں گی۔ مگر ایلما کا خیال
تھا کہ علم سے زیادہ انھیں کالج کی زندگی کی ایک عادت سی پڑ گئی تھی۔ یونیورسٹی کی
چہار دیواری کے باہر اُن کی زندگی صفر کے برابر ہو جاتی تھی۔ سوائے پروفیسروں
اور کالج کے لڑکوں کے انھیں کسی سے بات کرنی بھی نہ آتی تھی۔ انھوں نے بہت چاہا کہ
نئی زندگی کی عادت ڈالیں، کہیں نوکری کر لیں مگر گاڑی نہ چلی۔ تانگے میں جتنے کا عادی
ٹٹو کھلے میدان میں کلیلیں کرنے سے شرماتا تھا۔ یہ نہیں کہ وہ بیاہ کی شی بدشکل تھیں اور
سوائے کالج کے اُن پر کوئی لٹو نہ ہوا بلکہ وہ خود باوجود کوششوں کے کسی پر لٹو نہ ہو سکیں۔
لکچر ہال، لائبریری، ریڈنگ روم، بورڈنگ کا کھانا، آئے دن نئے نئے انسانوں
کا داخلہ اور اخراج۔ انہیں اس کی ایکسا لت پڑ گئی تھی۔ وہ ہر نو وارد طالبہ پر
جاتیں، اُسے ساتھ لیے لیے تمام اصول اور یونیورسٹی کے عجائبات سے روشناس کرائیں
بالکل ایک محبت کرنے والی ماں کی طرح وہ ان کی چھوٹی موٹی پریشانیوں کو پراسے اور
شریر لڑکوں کی بدمعاشیوں سے بچا لیتیں۔ عباس، ایک بالکل تازہ فرسٹ ایئر فول۔
گو تو وہ بالکل پوتے تلے چھپائے رکھتیں۔ لیکن ہر نیا شکار کچھ دن بعد اُن کا شکاری بن
جاتا، اُن کے دستِ شفقت کی گرمیوں سے اکتا جاتا اور اُلٹا انہیں عشق ستم بنا ڈالتا
جنسی اعتبار سے وہ ایک عجیب دلفریب تمثیل تھیں۔ سنا ہے جب وہ سائنس میں
ریسرچ کر رہی تھیں تو پروفیسر نقوی سے اُن کی بڑی راہ و رسم تھی، یہاں تک کہ بارہ بارہ
بجے تک بیٹھی سائنس کی گتھیاں سلجھایا کرتیں۔ لیکن ایک دن جب مشتاق پروفیسر نے
جو کہ نہایت ہی دقیق گتھی سمجھنے کی کوشش کی تو انھوں نے تیزاب سے انھیں
باندھا کرتے کرتے چھوڑا۔ اب تک نقطے سے سہمے ہوئے بچے کی طرح اس عادت نے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

کی تفصیل بیان کرتیں، اور اس آسودگی سے لڑکوں کے ہر سوال کا جواب دیتیں کہ وہ ہنستے ہنستے بے حال ہو جاتے تھے۔ وہ ذرا بھی نہ جھینپتیں اور پروفیسر کی دست درازیوں کی تشریح عملی حرکتوں سے کرتی جاتیں۔

ایلما کہتی تھی کہ افتخار بھی کسی زمانے میں ان کا چہیتا تھا پر انہیں اُن سے اس دن سے نفرت ہو گئی جس دن انھوں نے عشق و محبت کا کچھ عجیب بھونڈے اور گھناؤنے پن سے ذکر کیا۔ وہ سہم کر رہ گیا۔ ورنہ یہی افتخار گھنٹوں ان کے کمرے میں بیٹھا رہتا۔ وہ سگریٹ بنا کرتیں اور افتخار ان کے زانو پر سر رکھے پڑا رہتا۔ وہ اُس کی دست درازیوں کو غلطیاں سمجھتیں اور اشارے کنایے کو پی لیتیں۔

آج کل وہ بڑے زور شور سے سیتل پر کرم فرما تھیں۔ وہ سویٹر بن کر دے چکی تھیں اور وہ دن بھر موٹر سائیکل پر اڑا دیتے پھرتا۔ اس کی ہر بات پر وہ ڈارلنگ، اور ہر بار وہ ہنسیں، کہتیں گو ایلما سے اچھے خاصے تعلقات تھے مگر سیتل کی پذیرائی ٹھیک ٹھیک اپنا فرض سمجھتیں۔ جب سیتل نے ایلما کے ساتھ جنیوا نہ جانے کا مذاق اُڑایا تو وہ جوش سے چیخ پڑیں، اور جب ایلما کوئی چبھتا ہوا جملہ کہہ دیتی تو وہ سیتل کو چھوٹے بچے کی طرح چمٹا رکھتیں جس پر اس کا منہ سرخ پڑ جاتا۔ لڑکوں نے مشہور کر رکھا تھا کہ وہ اسے گود لینے والی ہیں اور پھر اب میں جو اُن کے پاپا کی کپڑوں کی ملیں ہیں وہ سب اسی کو ملیں گی۔

سیتل نے ہارتے ہوئے پہلوان کی طرح بیلٹ سے نیچے حملہ کیا:

"عورت کو سیاست سے کیا تعلق ہے اس کا تو صرف ایک مقصد ہے اور وہ . . ."

ایلما کی آنکھیں نفرت سے چمک اٹھیں۔ وہ سیتل کے اس حملے کے آگے کچھ بے دست و پا ہو جاتی۔ مگر قبل اس کے کہ سیتل عورت کے اس ایک مصرف کی تشریح کرتا افتخار نے آ کر محفل درہم برہم کر دی۔ افتخار کے عروج کے ساتھ ہی ساتھ سیتل کا وجود چاند کی طرح پھیکا پڑ جاتا۔ وہ کبھی افتخار سے نہ الجھتا بلکہ فخریہ ہار مان لیتا۔

افتخار نے فوراً نہایت آنکھیں ہی ہیں سے آنکھ مچولی کا پروگرام بنا ڈالا۔ ایک لڑکے کی آنکھوں پر پٹی باندھی گئی اور باقی سب گھبرا گھبرا کر ادھر اُدھر چھپ گئے۔ ہنسا اور شرمیلا لڑکا کا ذرا سی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دیر میں تختۂ مشق بن گیا۔ گھنٹوں چکراتا رہا کوئی ہاتھ نہ آیا۔ اس عرصے میں مس لبوگا مسرت سے چیختے چیختے بالکل بدحواس ہو چکی تھیں۔ تالیاں بجا کر اور ہنس ہنس کر وہ کھیل اور تماشا بنائے دیتی تھیں۔ پسینے میں شرابور تازہ سِکے ہوئے کیک کی طرح تمتمایا ہوا تھا۔ ڈھیلے برہنہ بازو جن پر بھورے بھورے تل چھاپے کی طرح جمے ہوئے تھے، ہوا میں بات بے بات اُچھل رہے تھے۔ باڈی کے بند پھسل کر کندھوں پر سے نیچے آ رہے تھے اور ساڑھی اونچی نیچی ہو گئی تھی۔ جب اُن کے بنائے ہوئے داؤں پیچ لگا کر بھی وہ لڑکا کسی کو نہ پکڑ سکا تو وہ لوگوں کو جان بوجھ کر چور بن جانے کی رائے دینے لگیں۔

"وہ ادا بھی چمتکار! آہا آ گئے گو! تو کیوں دبکا ہوا ہے؟ ٹھنک گیا بیچارا۔ ارے سیتل سنگھ اب بھی تیری باری، تو بن چور۔"

جب کسی نے نہ سنا تو کھیل کے تمام اصول توڑ کر چور سے بغلگیر ہو گئیں۔ چور نے انھیں فوراً بوجھ لیا اور غضب یہ کہ اس معنی خیز قہقہے نے گھڑوں پانی اُلٹ دیا جو اُس کے دوستوں نے اُس کے حالِ زار پر لگایا۔

مس لبوگا نے مچل مچل کر بچی بن کر دہائی دی اور تیتا اتنا کہہ پر ایک کو پکارنے لگیں لیکن بیچاری کی خوشی نہایت مختصر رہی کیونکہ افتخار نے فوراً آگے بڑھ کر اپنے آپ کو پکڑوا دیا۔ کھسیانی ہو کر وہ آہستہ شیفرڈ سے ہارنے لگیں اور ہنستی ہوئی پھر تماشبینوں میں آن ملیں۔ کھیل بدمزہ ہو کر مصیبت بن گیا کیونکہ افتخار جب کسی کو پکڑتا تا جان بوجھ کر اُس کا نام نہ بتاتا اور سزا کے طور پر پھر چور بنتا۔ اگر اُس کے بجائے کوئی اور ہوتا تو نہ جانے کیا گت بنتی مگر لوگ نہایت خندہ پیشانی سے ہنس رہے تھے۔

شمن کھیل سے بے تعلق، نہ جانے کدھر دیکھ رہی تھی اور کیا سوچ رہی تھی۔ کھیل سے ذرا ہٹ کر ایلما افتخار کے لمبے پڑے ہوئے جسم کو جو کبھی پنڈوں پر لپٹا انگڑائیاں لے رہا تھا، ایک عجیب نفرت بھری نظروں سے دیکھ رہی تھی۔ سیتل نے کچھ کہا اور ایلما کے زہریلے دانت بھڑکے بھیڑیئے کی دھاردار کچلیوں کی طرح چمکنے لگے۔ سیتل نے اُس کی تلخیوں کا جواب ایک ملزومہ سے کراہٹ سے دیا اور اپنے بھورے تبسم کی بیلیں کی طرح

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

پتیوں پر لڑھکا دیا۔ کراری خشک پتیاں چھوٹی چھوٹی چنگاریوں کی طرح چٹک کر خاموش ہوگئیں۔ الیاس نے اس ہتک آمیز لتاڑ سے کھسیا کر زمین سے ایک مٹی کا ڈلا اُٹھایا اور زور سے سامنے پیڑ کے تنے پر کھینچ مارا۔ سیتل نے بروقت قہقہہ لگایا اور اب ایسا معلوم ہوا وہ قہقہہ اُس ڈھیلے میں چھپا بیٹھا تھا اور باریک ذرّوں کی شکل میں فضا میں بکھر گیا۔

شمن زور لگا کر اپنا بازو چھڑانے لگی۔ بے خیالی میں اُس نے دیکھا بھی نہیں اور افتخار نے اُسے پکڑ لیا۔ وہ ایسی بُری طرح بھڑکی جیسے سچ مچ کے چور نے دبوچ لیا ہو۔ افتخار کی انگلیاں رسّی کے پنجوں کی طرح اور مضبوط جکڑ گئیں۔ وہ چھوڑنے والا آدمی نہ تھا۔ غل مچا کر بے انصافی اور بے ایمانی کی دہائی دینے لگا۔ ساتھ ہی مس لوگا پر تالیوں اور چیخوں کا دورہ پڑ گیا۔ شمن کو مجبوراً خاموش کھڑے ہو کر اپنے آپ کو بجھوانا پڑا۔ حالانکہ افتخار اُسے فوراً پہچان گیا تھا مگر بن بن کر وہ اُسے ٹٹولے چلا گیا۔ ناک کو ہاتھ، ہاتھ کو پیر بتا کر سب کو خوب ہنسایا، خصوصاً مس لوگا تو بالکل ہی پاگل ہو گئیں۔

"ارے پیچ بتاؤ یہ ہمارے ہی گروپ کا کوئی آدمی ہے یا۔۔۔"

"بلّی۔۔۔ اپھنکھا ر بلّی۔ ہی ہی" مس لوگا اپنی جگہ پر دونوں پیروں پر پھدک رہی تھیں۔

"ارے مونچھیں! نہیں مونچھیں نہیں۔۔۔ کون ہو سکتا ہے؟ سیتل، عباس، قادری۔۔۔؟ دت؟" وہ اور بنا اور شمن روہانسی ہو گئی۔ افتخار نے پٹی کھول دی۔

"اوہ آپ؟۔۔۔ معاف کیجیے گا" وہ مضحکہ خیز ادب سے جھکا اور مس لوگا نے پھر ہنسی کی چیخیں ماریں۔

افتخار نے اتنا مذاق کیا کہ شمن کو جیسے گودڑ کی پوٹلی میں سے نکال کر اونچے چبوترے پر کھڑا کر دیا۔ یونین کا صدر معمولی ہستی نہیں، اگر وہ کسی میں دلچسپی لیتا ہے تو کوئی نہ کوئی بات ضرور ہے۔ واپس لوٹتے وقت دس بیس سائیکلیں پیش کی گئیں، یہاں تک کہ مس لوگا نے اُسے سیتل کے ساتھ ہی بیٹھ جانے کی دعوت دے دی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ہاں، ہاں تم اس کی گود میں بیٹھ جانا" وہ بڑی معصومیت سے رائے دینے لگیں یتیّل نے مسکرا کر شانوں کو ایک استقبالیہ جنبش دی اور شمن کا جی چاہا مس پوگا کے ایک زور کی چپت لگائے، جیسے وہ اپنے بدتمیز چھوکرے کے گندے گلاس میں پانی پلا کے پر لگا دیا کرتی تھی۔

رات کو شمن الیما کے ساتھ ہی رُک گئی۔ وہ نہ جانے کہاں کہاں کی باتیں کرتی رہی۔ گھوم پھر کر سیتّل کا ذکر آجاتا اور الیما دانت پیس کر رہ جاتی۔

"مگر جانتی ہو؟" اُس نے بستر پر بیٹھ کر کہا۔

"کیا؟"

"یہ... کہ مجھے سیتّل سے نفرت کیوں ہے؟"

"پتہ نہیں۔"

"دنیا میں متضاد عناصر ایک دوسرے کے قریب ہی بھڑک اُٹھتے ہیں؛ پانی کو قریب پا کر آگ اور بھڑکتی ہے، سیاہی کو دیکھ کر سفیدی اور زیادہ تند ہی سے چمکتی ہے۔"

"ہوں۔" شمن سوچنے لگی۔

"کیا مجھے سیتّل سے محبت ہو سکتی ہے! ویسے ہی پوچھتی ہوں۔"

"کیا پتہ ہو بھی جائے۔"

"ہاں شاید، مگر جانتی ہو وہ... وہ محبت کس قسم کی ہو گی؟"

"جانے!"

"اسے دیکھ کر دل میں بڑے ذلیل جذبات متحرک ہو جاتے ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے میں ایک گوشت کا لوتھڑا ہوں، جیسے...."

"کیا؟"

"کچھ نہیں، تم نہیں سمجھو گی۔" تھوڑی دیر وہ خاموش بیٹھی اپنے خیالوں میں ڈوبی آنکھیں کھولتی بند کرتی رہی۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"شمن... سیتل کو دیکھ کر... بدمعاشی کرنے کو دل چاہتا ہے! ہے نا؟"
اُس نے ہولے سے کہا۔
"ہٹو... اللہ نہ کرے۔ نفرت ہے مجھے تو۔" شمن جھجکی۔
"ہاں ہاں نفرت ہی تو ہے... اونہہ، تم نہیں سمجھتیں۔" وہ کچھ اُداس ہوگئی۔
"دیکھو... مگر ہوتا ہے ایسا... دنیا میں کئی طرح کے انسان ہوتے ہیں۔ کچھ تو ایسے جنھیں دیکھ کر سوئی ہوئی مامتا انگڑائیاں لینے لگتی ہے اور کچھ ایسے جن کے ساتھ دو چار باتیں کر کے جی بھر جاتا ہے۔" وہ شمن سے زیادہ خود کو سمجھانے کی کوشش کرنے لگی۔
"مگر کچھ ایسے ہوتے ہیں جن کے ساتھ لمبا چوڑا معاہدہ کر کے اُن کے ساتھ لمبا چوڑا سفر کرنے کو دل چاہتا ہے۔"
"سفر؟... کیسا سفر؟"
"زندگی کا سفر!"
"مگر سیتل؟"
"ہاں ٹھیرو، اور چند ایسے بھی ہیں جن سے ایک بار تجربے کے طور پر—"
"توبہ ہے ایلما!"
"اور پھر اُن کی صورت سے گھن آنے لگتی ہے، اُن کے تصور سے جی متلاتا ہے، جی چاہتا ہے پھر انھیں اُٹھا کر دور پھینک دیں اور بھول جائیں۔"
کمرے کی دھندلی روشنی میں ایلما کا سانولا چہرہ اندھیرے غاروں میں جمی ہوئی کائی کی طرح بے جان ہو رہا تھا، اُس کی آنکھیں اور بھی غیر مانوس اور بوڑھی ہو رہی تھیں۔
"عجیب لڑکی ہو۔" شمن نے جیسے خود سے کہا۔
"کیا؟ عجیب لڑکی! ممکن ہے عجیب لڑکی ہوں، نہیں... شاید۔" وہ چپ ہوگئی۔
"شمن۔" اُس نے پھر کہا، "جب میں اپنے دل کو ٹٹولتی ہوں تو وہاں بڑے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

وحشیانہ خیالات چھپے نظر آتے ہیں، جنھیں میں جلدی سے ذہن بند کر کے اوٹ کر آتی ہوں۔ میں ڈرتی ہوں کہ کہیں ایک دن وہ باہر نکل کر مجھے دبوچ نہ لیں۔ شمشاد، اگر میں ان بھوتوں کو باہر نکال سکوں تو ۔ ۔ ۔"

"کون سے بھوت؟"

"یہی ۔ ۔ یہی جو میرے دل میں اُودھم مچایا کرتے ہیں، مگر بہت برا ہوا! بہت ہی برا!"

"دیکھو ہو تم تو ایلما، بالکل کہیں کی، بھلا یہ بھی کوئی بات ہے! کمبخت سیتل ۔ ۔ ۔"

"نہیں نہیں، تم ڈرو نہیں، میں جو بات کہہ ڈالتی ہوں کبھی نہیں کرتی، سمجھیں تم۔ جب ایک بار کچھ سوچتی ہوں تو ۔ ۔ ۔ اچھا سو جاؤ تم، تھک گئی ہو۔"

"نہیں نہیں، مجھے نیند نہیں آ رہی ہے، کہو تم۔ دیکھو ایلما تم اس کمبخت سیتل کے منہ نہ لگا کرو ۔ ۔ نہ جانے مجھے کیوں اس سے ڈر لگتا ہے؟"

"ڈر؟ تو تمھیں بھی اس سے ڈر لگتا ہے؟" ایلما نے اس کے پاس جھک کر پوچھا۔

"اور کیا تمھی، ایسی بھینی آنکھیں ہیں۔"

"ارے پگلی وہ ڈر ۔ ۔ ۔ وہ ڈر ۔ ۔ ۔ اب کیسے بتاؤں، اونہہ، تم سمجھتی کیوں نہیں؟" ایلما اس کی کند ذہنی سے عاجز آ گئی۔

"اور وہ کیا کہہ رہا تھا، عورت کا ایک ہی مصرف ہے، کیا ہے وہ؟"

"اور وہ، یہی مصرف، جو، جو، تم نہیں سمجھتیں، وہ ہمیشہ یہی کہتا ہے کہ عورت مرد کی دلچسپی کے لیے پیدا کی گئی ہے۔"

"پھر تو بڑا منحوس کہیں کا! تو تمھیں غصہ آ گیا تھا۔"

"ایں؟ نہیں تو، مجھے اس بات پر غصہ نہیں آیا تھا بلکہ ۔ ۔ جب وہ لپٹا تھا تو تم نے دیکھا تھا؟"

"وہ کیا؟"

"اونہہ، اب تمھیں کیسے بتاؤں! ہائے توبہ اور اُس کی ٹوٹی ہوئی کمینے لنگور کی پتلی ابھی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اگر میں تمہیں بتاؤں کہ مردوں کی ایک قسم ایسی بھی ہوتی ہے جن کا... جو..."
"کیا ہوا آپا؟" شمن نے ڈر کر پوچھا۔
"جنھیں دیکھ کر دل میں ایک عجیب خواہش جاگ اٹھتی ہے۔ مثلاً جیسے افتخار ہے، اب مجھے اس سے محبت نہیں، ہے بھی وہ بڑا عجیب، مگر میرا جی چاہتا ہے کہ میرا پہلا بچہ افتخار کا ہو..."
"آپا!" شمن بیوقوفوں کی طرح سینے میں سانس لانے کی کوشش کرنے لگی۔
"ہاں پگلی، اور کتنا دل چاہتا ہے میرا کہ وہ... وہ..."
"مر جاؤ، خدا کرے۔" شمن بگڑ گئی۔
"لیکن میں ایک لمبے سفر میں افتخار کو نہیں بھگت سکتی... آآ..." اس نے لمبی سی جماہی لی اور لحاف میں اچھل کر لیٹ گئی۔
"تھک جاؤ، میں تو دو دن میں تھک جاؤں۔" اس نے سونے سے پہلے بار بار تھکی ہوئی جماہیوں کے درمیان دہرایا۔

(۲۸)

الما کی چہلی بن کر کیلاش ہوسٹل آنا پڑا۔ پرنسپل اس کی گمراہی پر تنبیہ کر کے ہار گئیں مجبوراً انھیں درس اخلاق دینے کے لیے گھر سے نکالنا پڑا۔ آنے سے پہلے کیا کیا منصوبے باندھے تھے کہ آزادی ملی تو یوں گلچھرے اڑائیں گے۔ مگر جب چڑیا کے پر ایک بار کتر دیے جائیں تو وہ پنجرے کے باہر بھی قیدی ہی رہتی ہے اور یہ کاٹے ہوئے پر اس جنم میں تو نکلتے نہیں، نکلے بھی تو ٹیڑھے میڑھے! دوسرے جب انسان پر خود اپنی نگرانی کا بار پڑتا ہے تو وہ بہت کوتاہ نظر ہو جاتا ہے۔ چھچھورے جھوٹ اور بہانے خود کو دینے میں کیا لطف؟ لیکچر میں جانے کا بہانہ کر کے سینما اڑ جانا، اب اس کی ضرورت ہی نہ رہی۔ آزادی سے جلد ہی جی بھر گیا۔ معلوم ہوتا تھا اب کسی کو اس کے چال چلن کی بھی فکر نہیں رہی۔ وہ بلا سے کچھ کرے کسی کو کیا؟ ایسا معلوم ہوتا تھا

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

لوگ اپنے کاندھوں کا بوجھ پھسلا کر آہستہ آہستہ اُس کے سر پر ڈالتے جا رہے ہیں، اوروں کی قید سے چھوٹ کر خود اپنی ذمہ داری کی زنجیروں میں جکڑتی جا رہی ہے۔
اس کی ہستی دو حصّوں میں تقسیم ہو گئی! ایک محافظ اور دوسری محفوظ!
لائبریری سے نکلتے میں سیتل سے ٹکر ہو گئی! "یقیناً اتنا تو عزیز مرئی نہیں ہوں کہ کھاتی بھی نہ دوں" اس۔لیے مصنوعی جھلاہٹ سے کہا۔ شمن نے حال ہی میں عینک لگانا شروع کی تھی، جھینپ کر شیشے رومال سے صاف کرنے لگی۔
"جی ہاں، خوب صاف کر کے دیکھیے۔ ویسے چھ فٹ کی چیز اتنی باریک تو نہیں کہ خوردبین سے دیکھنا پڑے!"
شمن کو ہنسنا پڑا، سیتل بھی ہنس دیا۔ وہ پنسل لینے جا رہا تھا، لیکن اب تو اُس کے قلم سے کام چل جائے گا۔ الیما سچ کہتی تھی کہ سیتل کے قرب میں انسان گوشت کا لوتھڑا بن جاتا تھا۔ اُس نے نہایت بے تکلفی سے اس کے گریبان سے قلم اچک لیا اور قبل اس کے کہ وہ کچھ بُرا مانتی وہ تیزی سے معافی مانگتا ہوا نوٹ لینے پرے کونے میں چلا گیا، شمن بڑی ہولی مشکل لیے دوسرے کونے کی میز پر بیٹھ گئی۔
باوجود کوشش کے شمن سیتل کے وجود کو نظرانداز نہ کر سکی۔ بار بار اُس کی نظر اُسی گوشے کی طرف بھٹک جاتی جہاں وہ کچھ کتابیں اُلٹ پلٹ کر رہا تھا۔ وہ میز پر کہنیاں ٹکائے موٹی سی ڈکشنری کھولے کچھ ڈھونڈ رہا تھا اور سوچ سوچ کر کچھ لکھتا جاتا تھا۔ بار بار وہ قلم کو ہونٹوں پر رگڑ کر کچھ سوچنے لگتا اور کتاب پر جھک جاتا۔ اُس کی پھنسی ہوئی سپورٹ شرٹ کھال کی طرح سینے اور شانوں پر منڈھی ہوئی تھی۔ مضبوط گردن ورزش کی وجہ سے آہنی سانچے میں ڈھلی معلوم ہوتی تھی۔ وہ بار بار پہلو بدلتا۔ اس کا کسرتی جسم بالکل اٹلانٹس کے مجسمے کی طرح کھنچا ہوا اور سڈول تھا۔ بھوئیں زیادہ گھنی اور تیکونی آنکھیں از حد پتھریلی اور گہری ہو رہی تھیں۔ جب وہ اپنے ہونٹ روٹھنے کے انداز میں سکیڑ لیتا تو بالکل ضدی بچے کی سی شکل ہو جاتی۔

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

شمن نے جھنجھلا کر کتاب بند کر دی اور نہ جانے کس پر دانت پیسنے لگی۔ سیتل کے خلاف یہ اُسے فضول غصہ کیوں آنے لگا ہے؟ دھڑکتے ہوئے دل سے ایلما کے الفاظ یاد آ گئے، تخئیل نے اسے نہ جانے کہاں سے کہاں پہنچا دیا، کیا کیا منظر دکھا دیے۔ اندھیرے گوشے، سنسان تنہائیاں اور دھندلے دھندلے پیڑوں کے گھنے جھنڈ، خزاں رسیدہ پتوں کی چُرمُر ٹوٹنے کی آواز۔ مگر نہیں، تو سیتل کے پہلو بدلنے سے میز چرچرائی تھی۔ سیتل! سیتل! سیتل! کیوں؟ آخر کیوں وہ اُس کے دماغ پر چڑھا چلا آتا تھا؟ بغیر قلم لیے وہ چپکے سے لائبریری سے نکل بھاگی اور کامن روم میں جا کر لیٹ گئی۔

لیکن پھر وہ خود بخود ہنسنے لگی۔ یہ اُس کی کمزوری نہیں، سیتل کی طاقت تھی جو اُسے تھکائے دے رہی تھی۔ وہی طاقت جو ایک حُسن فروش بیسوا میں پا کر اچھے بھلے انسان جبیں سائی پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ اس نے اس سے پہلے کسی سے سنا بھی نہ تھا کہ جیسے فاحشہ عورتیں سینہ تانے کمر لچکاتی، ناز و عشوہ کی بجلیاں گراتی لوگوں کے دل مسلتی چلتی ہیں اسی طرح بعض مرد بھی اپنے جسم کی سستی اور چھچھوری نمائش کیا کرتے ہیں! سیتل کی ہر جنبش سے معلوم ہوتا وہ چیخ چیخ کر کہہ رہا ہے "دیکھو یہ مضبوط ٹخنے، یہ رانیں، یہ چوڑا چکلا سینہ، بس یہ بہت نظر بھر کے دیکھنے کی ہے" وہ جو بار بار قلم کو ہونٹوں پر رگڑ رہا تھا کیا بھونڈا طریقہ تھا پیغام رسانی کا۔ اُسے گھن آنے لگی۔

کمرے میں بھاری پردے پڑے ہوئے تھے اور عجیب پُراسرار و ترحم اندھیرا پھیلا ہوا تھا۔ کبھی کبھی کوئی پردہ ہوا سے لرزتا، روشنی کی ننھی سی کرن سسکیاں بھرتی پھر اُسی خوشگوار تاریکی میں گھل مل جاتی۔ اُس کے دماغ کی رگیں سوکھی پتیوں کی طرح خستہ ہو رہی تھیں، ڈر تھا کہ ذرا بھی دھیان بھٹکا اور اُن کا چورا ہو جائے گا۔

"ارے آپ یہاں ہیں؟" سیتل ربڑ کے جوتے پہنے بلی کی طرح چلتا نہ جانے کب کرسی کے پیچھے آن کھڑا ہوا۔ شمن اُچھل پڑی۔ جیسے وہ بے خبر مزے سے نہا رہی تھی اور کسی نے دروازہ چپ چاپ کھول دیا۔ اُس نے جلدی سے اپنے حواس سمیٹ لیے اور بیٹھ گئی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"یہ آپ کا قلم؟" اس نے گال کھجانے کے بہانے اسے گال سے لگایا۔ اس کی آنکھوں نے بتا دیا کہ کیوں قلم دیتے اس کی انگلی ذرا زیادہ دیر تک دب گئی، شمن نے گھبرا کر قلم چھوڑ دیا۔

"ارے ہاتھ چھل گیا؟" وہ اپنی چپٹی نیلی آنکھیں جھپکا کر ہنسنے لگا۔

دور لائبریری سے مڑ کر اس نے ایک پینٹنگ کو دیکھنا شروع کیا، جیسے وہ جاتے جاتے رک گیا ہو۔ پاس رکھے ہوئے اسٹول کا سہارا لے کر دو چار انگڑائیاں لیں اور پھر شمن کی طرف مڑا۔

باہر برآمدے میں لوگ ہنسا کر گھوم رہے تھے۔ لائبریری بھی دور نہ تھی، لیکن شمن کا دل ایسے دھڑکا جیسے وہ سنسان تنہائیوں میں نامعلوم خوف سے بھاگ رہی ہے مگر سب راستے بند ہیں، بڑے بڑے حشرات الارض لمبے چوڑے دہانے کھولے چاروں طرف سے لپک رہے ہیں۔ اگر سینٹل ایک لمبی سی چھری سے کر اس کا قیمہ کر ڈالتا تو بھی اس میں جنبش کرنے کی سکت نہ آتی، مگر سینٹل الو نہ تھا، اسے کچے پھلوں سے نفرت تھی۔ وہ نہایت صبر سے پیڑ کے نیچے کھڑا ہونٹوں پر زبان پھیرا کرتا اور پھل کے پک کر رسدار ہو جانے کا انتظار کرتا، یہاں تک کہ خود اس کی آغوش میں رس کی بارش ہو جاتی، مجبوراً وہ اسے چکھ لیتا، بالکل زبردستی کی دعوت سمجھ کر۔

سینٹل چلا گیا مگر بڑی دیر تک اسے وہ ملاجی یاد آیا کیے جو بہت دن ہوئے جب وہ اور نوری کھڑکی میں بیٹھی گلی سے جھانکا کرتی تھیں اور پھر حواس باختہ ہو کر کھڑکی سے گر گر پڑا کرتی تھیں۔ وہ جلدی سے کامن روم سے بھاگ آئی۔

یونیورسٹی میں دو گروہ تھے، ایک تو پروفیسروں کا چہیتا اور ہر دلعزیز، مگر جس کی حرکتوں پر یونیورسٹی کے ملازمین کے علاوہ حکومت کی نظر بھی رہا کرتی تھی۔ اس گروہ کے سردار ایلیا اور افتخار رہتے۔ بعض لوگوں کا خیال تھا کہ افتخار مفسد اور مکار تھا۔

اس کی زبان اس قدر طرار تھی کہ چند لمحوں میں ساری یونیورسٹی کو بہکا دیتا مگر جونہی وہاں میں کوئی نیا خیال پیدا ہوتا، بڑے سے بڑے فساد کو ذرا سی دیر میں ختم کر دیتا۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اسی لیے منتظمین کو ہر معاملے میں اس کی مدد کی ضرورت پڑتی، یہاں تک کہ یونیورسٹی کے اہم موقعوں پر اسی کی رائے سے مہمان اور صدر چنے جاتے۔ یونیورسٹی کو کوئی بہانہ بھی تو اسے دفع کرنے کا نہ ملتا تھا، ورنہ وہ تو کبھی کا کلرکی کے کھوئے میں جتتا نظر آتا۔

صورت شکل سے وہ نہایت معمولی درجے کا انسان نظر آتا تھا۔ عام طور پر ایک قسم کی ناسمجھی اور بے وقوفی طاری رہتی۔ لوگوں کا خیال تھا یہ اس کا اصلی چہرہ نہ تھا۔ اس کا اصلی چہرہ تو بہت تھوڑی دیر کے لیے صرف پرنسپل نے اپنے دفتر کے پرائیویٹ لمحوں میں دیکھا تھا یا کبھی کبھی جب وہ خود کو بھول جاتا تو دیکھنے والے اس کے چہرے سے مکدر خاطر ہو جاتے۔ اس کے ہونٹ حملہ آور بھیڑیے کی طرح ہونٹوں پر سے کھنچ جاتے اور آنکھوں میں صدیوں کی دبی ہوئی غلامی کی خاموش بغاوت سلگنے لگتی۔ اس کی صحت عموماً خراب رہتی تھی اور زیادہ تر کھانستا چھینکتا رہتا تھا۔

قدرتی طور پر شمن کی نظر بار بار افتخار کی طرف اٹھتی۔ گو وہ بہت کم اس سے بات کرتا مگر جب کبھی وہ ملتے ایسا معلوم ہوتا وہ ایک دوسرے کو برسوں سے پہچانتے ہیں۔ وہ اس کی ہر بات پر آنکھ میچ کر صاد کرنا اپنا فرض سمجھ چکی تھی۔ اب وہ مداحوں کے گروپ سے قدم بڑھا کر ممدوح بنتی جا رہی تھی اور نئے انتخاب پر اسے یونین کا رکن بھی بنا دیا گیا۔ آہستہ آہستہ خود اعتمادی بڑھ کر کچھ غرور کی حدود کو چھونے لگی تھی۔ اب ایلما اسے اپنی ہی جیسی مگر زیادہ عقلمند اور ذہین نظر آتی تھی، اب وہ پہلے کی طرح مسحور ہو کر اس کی پُراسرار آنکھوں اور زہریلے دانتوں سے اتنی متاثر نہ ہوتی تھی۔ اسے خود اپنی ہنسی میں ایک غیر مانوس سی جھنکار سنائی دینے لگی تھی۔ ہاں! افتخار اور اس کی کھوئی ہوئی سی جھلاہٹ اسے اب بھی مسخر کر دیتی تھی۔

اسی زمانے میں الہ آباد میں آل انڈیا اسٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کا جلسہ شروع ہو گیا اور پرانے حقداروں کو پیچھے چھوڑ کر نہ جانے کیسے شمن کا انتخاب نمائندہ جماعت میں ہو گیا۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

(۲۹)

گھر کے ایک خط سے معلوم ہؤا کہ نوری کی شادی ہو رہی ہے لہذا لوٹتے میں رک گئی۔ نوری اندر کمرے میں مائیوں بیٹھی ملی شمن کو دیکھ کر وہ اُس سے لپٹ گئی۔ نوری اور شمن ہمیشہ ان مصنوعات سے پاک رہی تھیں مگر نہ جانے کیوں دونوں طرف سے پیار ابل پڑا۔ بڑی محبت سے دونوں ایک ہی رضائی میں لپٹ کر سوئیں اور رات گئے تک باتیں کرتی رہیں۔ عام باتیں جو ایک مائیوں بیٹھی ہوئی لڑکی اپنی بچپن کی سہیلی سے کرتی ہے، ہونے والے شوہر کے متعلق سنے سنائے افسانے، ساس نند کے ارمان بھرے دکھڑے، ٹیکے، جھومر اور پازیبوں کا ذکر۔ ماں، دادی اور دوسرے رشتہ داروں کی مدد سے اس نے دور ہی دور سے عشق کر لیا تھا۔ جہیز کی تیاری میں گویا روحانی کورٹ شپ ہو گئی تھی۔ ہر ٹانکے پر وہ ہونے والے میاں کا خیال ایک لڑی میں پروتی جاتی ساس نندوں کا رمنٹک برتاؤ اور بری اور چڑھاوے کے ذریعے سے وہ ہونے والے ساتھی کو بخوبی پہچان چکی تھی، اس کی چھوٹی سے چھوٹی ضد اور عادت وہ اچھی طرح جان گئی تھی:

"انھیں مہندی سے نفرت ہے۔ گہرے رنگ سے تو چڑتے ہیں۔ بڑی خوشامدوں سے تو سہرا باندھ رہے ہیں" وہی عام چھچھورے دولہاؤں کے نخرے مگر نوری انھیں بے انتہا عجیب و غریب بنا کر سنا رہی تھی۔

"کہتے ہیں گھونگٹ نہیں کاڑھنے دیں گے۔ بھلا میں بھائی میاں کے سامنے کیسے چلوں گی، میرا دم تو نکل جائے گا" اس نے منگنی کے بعد ہی سے اس کے تمام رشتے داروں سے ناطے جوڑ لیے تھے اور انھیں ناموں سے پکارتی تھی جن سے وہ اُن کا ذکر کرتا تھا۔

"روز صبح شیو کرتے ہیں ورنہ ایسے کھردرے گال ہو جاتے ہیں کہ حد نہیں"

وہ ایسے کہنے لگی گویا وہ برسوں سے ان گالوں کو سہلانے کی عادی ہے۔ تخیل بھی کیا غضب کی چیز ہے! جہاں کسی کی رسائی نہ ہو، پرندہ پر بھی نہ مار سکے وہاں مزے سے خیالوں کے ہنڈولے میں جھولتے چلے جاؤ۔ منگنی سے پہلے ہی نوری کا پردہ کرا دیا گیا

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

تھا اور اب وہ تین سال انگلینڈ گزار رہا تھا۔ کوئی پوچھے، کم بخت! یہ سب تجھے کس نے بتا دیا کہ اس کی ڈاڑھی کھردری ہے، مونچھیں چبھنے والی ہیں اور ہتھیلیاں چکنی ہیں؟ شمن نے اس سے بالتفصیل نہ پوچھا ورنہ وہ اُسے شادی کے بعد کی اپنی پرسکون زندگی، بچوں کے پیارے نام، روزانہ گوشت ترکاری کا حساب کتاب سب کچھ بتا دیتی۔ نہ جانے کب سے وہ زندگی کی اس جمع تفریق میں مشغول تھی، اور پھر سب کا خیال تھا کہ نوری ابھی کم سن ہے، بوجھ نہ اٹھا پائے گی۔ یہ بھولی مائیں! اتنا نہیں جانتیں کہ ذرا سی فتنی تھی جبھی سے بوڑھی دادی بن چکی تھی۔

نوری کو چھوڑ کر وہ دورِ زندگی کے ہیر پھیر پر غور کرنے لگی۔ یہ لڑکی ذات بھی معمہ ہے۔ چار پانچ سال کی تو بکی نانیوں جیسی۔ جو دیکھے کانوں پر ہاتھ رکھے کہ ابھی یہ حال ہے تو بڑھ کر آفت کا پرکالہ نکلے گی۔ جہاں دس پانچ سال اور بیتے، ایک دم رنگ پلٹا۔ وہ بزرگوں جیسی گفتگو اور طور طریق غائب، اس کی جگہ دوپٹہ کہیں ہے تو پاجامہ کہیں، گریباں چاک ہے تو جوتی پیروں سے نکلی بھاگتی ہے، بات کرتے میں سو بار زبان لڑکھڑاتی ہے اور ہزار بار چہرے کا رنگ بدلتا ہے۔ کیا نئے انقلاب اور تازہ مصیبتیں اس شدت سے حملہ آور ہوتی ہیں کہ سدھ بدھ ہی غائب ہو جاتی ہے یا احساسِ شباب ایک پھٹکار بن کر ہوش و حواس کو معطل کر دیتا ہے۔

نوری خواب بیداری سے جی بھر کر کے سو بھی گئی مگر شمن نے اس کا سر اپنے بازو سے نہ ہٹایا۔ اس کا نرم گرم جسم، خوابوں سے رنگین چہرہ، اُبٹنے میں بسے ہوئے میلے کپڑے، وہ غور سے اسے دیکھنے لگی۔ عورت! کیا یہی تھی عورت، جو حلوے کی مرغن قاب کی طرح سجا کر بنا کر کل ایک نئے مہمان کے سپرد کی جانے والی تھی! اسے نہلا دھلا کر عطریں بسایا جائے گا کہ اگر تھوڑی بہت بساند ہو بھی تو معلوم نہ پڑے، ایسے ہی جیسے مرے سے گلے آلو کی چاٹ بنانے والا تلخی چھپانے کے لیے ڈھیر سا مسالہ چھڑک دیتا ہے، بالکل اسی طرح دلہن کو شیرے میں لتھیڑ کر دولہا کے حلق میں اتار دیا جائے گا اور جب ایک بار نگل گیا تو بھلا شیرا اپنا ہے، پھر وقت؟ وہ بارنش دو چھپنا

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

گھسوں میں اتر جائے گی اور دلہن صرف بیوی رہ جائے گی! لہٰذا بیوی کے خیال ہی سے شمن کے جسم میں ایک پھریری دوڑ گئی۔ نوری کے نوجوان جسم سے لپٹے ہوئے درجنوں بچے اور بیزار دل ٹوکریوں میں جونکوں کی طرح چپکی خون چوستی نظر آنے لگیں۔

”عورت کا صرف ایک مصرف ہے ...“ اسے سیتل کے الفاظ یاد آگئے۔

دفعتاً اسے الہ آباد کی میٹنگ بھی یاد آگئی، مخصوصاً آخری اجتماع جو تاروں کی چھاؤں میں الاؤ لگا کر کیا گیا تھا۔ چاروں طرف گچھوں کی صورت میں بیٹھ کر کانا پھوسی ہو رہی تھی، دنیا کے اہم مسائل طے کیے جا رہے تھے، لڑکوں کی بھاری اور مدھم آوازوں کے ساتھ ساتھ لڑکیوں کی مہین بولیاں روپہلی گھنگھروؤں کی طرح بج رہی تھیں، بیچ بیچ میں مونگ پھلیوں کے چھلکوں کی چڑ چڑ، بالکل ساز سنگیت کا لطف آرہا تھا۔ الاؤ دھیما دھیما ہو گیا تھا، صرف کبھی کبھی جب کوئی گروہ مونگ پھلیوں کی مٹھیاں بھر کر پھینکتا تو ایک آدھ شعلہ لپک اٹھتا۔

اس دن کتنی نگاہیں اسے اپنے جسم میں چبھتی ہوئی محسوس ہو رہی تھیں اور بجائے ان کو جھٹکا دینے کے سینے سے لگا کر تھپکیاں دی تھیں۔ اسے سردی لگی تھی تو کتنے کوٹ اور مفلر اس پر برس پڑے تھے۔ ہر ایک خود دکھ اٹھا کر اس کے قیمتی جسم کو بچانے کی فکر میں تھا۔ نہ جانے اس قربانی میں کیا لطف آرہا تھا کہ ہر ماتھا جھکا جا رہا تھا۔ اتفاق کہیے یا جو کچھ بھی اس کے ہاتھ میں افتخار کا کوٹ آیا تھا۔ پہلے تو اس کا دم گھٹنے لگا تھا۔ سگریٹ کے علاوہ اور بھی بہت سی پریشان کن خوشبوئیں ایک دم دماغ پر چڑھ گئی تھیں۔ شمن نے اوڑھے ہی کون سے ہزاروں کوٹ تھے جو ان خوشبوؤں کو پہچان سکتی۔؟

اس نے چھپے چوری اس دلچسپ کوٹ کی جیبیں بھی ٹٹول ڈالی تھیں۔ افتخار بڑا لاپروا تھا، تینوں کوڑا بھرا پڑا تھا، تمباکو کا چورا، ٹوٹی ہوئی دیا سلائیاں، دو چار پنسل کی چھیلن کے ٹکڑے، پروگرام کے تہہ کیے تڑے مڑے پرچے، دوسری

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

جیب میں مونگ پھلیوں کے چھلکوں کے علاوہ ایک خط بھی تھا جو وہ الاؤ کی روشنی میں نہ پڑھ سکی اور نہ جانے کیوں اسے اپنی صدری میں اڑس لیا جلسہ بکھرنے لگا تو وہ افتخار کو ڈھونڈنے لگی۔

"کمال کر دیا آپ نے تو، بھئی میں نے سب کی حرص میں دے دیا تھا کوٹ اور آپ قبضہ ہی جما بیٹھیں۔ خدا قسم مرا جا رہا ہوں سردی کے مارے۔ یا تو مجھے بھی لپیٹ لیجئے اسی میں یا . . ."

افتخار کو ہذیان بکتے دیکھ کر شمن سہم کر رہ گئی۔

"لیجئے اپنا کوٹ۔" اس نے ہمت کر کے کہا۔

"نہیں، اور آپ؟ مرنے کا شوق ہے؟"

"میں یہ پہنے ہوں، کافی گرم ہے۔"

"اوہو، جل گیا میرا ہاتھ تو . . ." اس نے بن کر صدری کا کپڑا چٹکی سے چھوا۔

"اچھا اب بیٹھئے ہمت اور جلدی سے کیمپ میں جا کر بستر میں دبک جائیے۔ نیند جو نہیں آ رہی ہے میں جا کر اپنا کوٹ بھی لوں گی۔ لیجئے۔"

دونوں کیمپ میں آئے اور افتخار نے کوٹ نہ لیا بلکہ اس کی رضائی اوڑھ لی۔ دونوں باہر آ گئے تھے۔

"کاہے کی خوشبو ہے؟" افتخار نے بنارسی رضائی کو ناک سے رگڑ کر پوچھا تھا۔ شمن نے نہ جانے کیا جواب دیا تھا۔ ایک بے تکی خاموشی درمیان میں حائل ہو گئی تھی اور دونوں کو ایک دوسرے کا وجود بری طرح کھٹکنے لگا۔ افتخار نے سگریٹ سلگایا اور پھر جھنجھلا کر مسل ڈالا۔

"ہنہ!" وہ طنز سے غرایا۔

"جی؟"

"آپ چاہتی ہیں میں چلا جاؤں۔ یہ سنبھالیے اپنی رضائی یہ"

"ایں؟"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ مجھ سے نفرت کرتی ہیں۔۔ میں۔۔۔ بلکہ میرا مطلب کچھ نہیں" اس نے دونوں ہاتھ پھیلا کر کندھوں کو بے معنی سی جنبش دی۔

"مجھے معلوم ہے کہ تم مجھے بہت پسند کرتی ہو"

"یہ۔۔۔ میں؟" وہ چڑ کر مسکائی۔

"ہاں، اور جھوٹ بولنے سے کوئی فائدہ نہیں، یہی وجہ ہے کہ میں آج تم سے کھل کر باتیں کرنا چاہتا ہوں" وہ اسے روک کر بولا، "میں تم سے بہت بڑا ہوں، دنیا بھر کی ٹھوکریں کھائی ہیں، بہت کچھ سمجھنے لگا ہوں۔ میں تمہیں پسند کرتا ہوں اس لیے۔۔۔ تو۔۔۔ خیر جانے دو۔ تو میں کیا کہہ رہا تھا؟" وہ ایک دم گم ہو گیا۔

"ہاں اسی لیے تم سے کچھ کہنا ضروری سمجھتا ہوں"

"کہیے!"

"تم بہت بھولی ہو۔۔۔ اس میں کوئی فخر کی بات نہیں" اس نے جلدی سے اپنے الفاظ کی تردید کی، "معصومیت ایسی دولت نہیں جس پر کوئی اس دنیا میں ناز کر سکے۔۔۔ تو میرے خیال میں۔۔۔"

"تم نے کسی سے محبت نہیں کی" وہ تھوڑی دیر بعد بولا۔ شمن خاموش رہی، نہ جانے کیوں اسے تردید کرنے میں احساسِ کمتری ہونے لگا۔

"اور میری عمر اسی دشت کی سیاحی میں گزری ہے۔ میں نے اتنی بار محبت کی ہے کہ یاد بھی نہیں۔ ماں کی محبت سے لے کر مجھے رنڈیوں، فقیرنیوں اور ان سے بھی گری ہوئی عورتوں کی محبت نصیب ہو چکی۔۔ مگر تم سے جو محبت۔۔۔ لاحول ولا قوۃ!" وہ جھلایا، "کہیں یہ نہ سمجھنا کہ مجھے تم سے زیادہ کسی سے محبت نہیں ہوئی۔ نہیں، بلکہ تمہیں دیکھ کر میرے دل میں عجیب جذبات موجزن ہونے لگتے ہیں۔

"تم سمجھ بھی تو نہیں سکتیں۔ تم سے لگاؤ پیدا ہوتے دیکھ کر ایسا معلوم ہوتا ہے۔۔۔ جیسے۔۔۔ جیسے میلی کچیلی سی جیسے میں تمہیں اپنا کوٹ دے دوں اوڑھنے کے لیے تو مجھے یقین ہے کہ وہ محفوظ رہے گا" شمن ڈر گئی کہ کہیں اس نے خط نکالتے دیکھ تو نہیں لیا۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"تم اس میں سے کچھ نہ چرا سکو گی، برسوں کے لیے بھی اگر میں اپنی محبت مع تمام رعنائیوں کے سپرد کر دوں تو بھی خیانت نہ کرو گی۔ اور یہ اطمینان جتنا نہیں سکتا ایک مرد کے لیے کیا حیثیت رکھتا ہے۔ میرا مطلب اور مردوں سے نہیں خود اپنی ذات سے ہے۔"

"مگر یہ کیوں؟" وہ ایک دم بولا۔

"یہ آپ ہی بتا سکتے ہیں۔"

"میں؟ میں کچھ نہیں بتا سکتا۔ ہُنہ، خود ہی نہیں سمجھتا کہ تم جیسی سیدھی سادی لڑکی مجھے کیا دے سکتی ہے جو مجھے در در کی خاک چھان کر بھی نہ ملا۔ میں تمہارے ساتھ بغیر تھکے بہت دور تک جا سکتا ہوں۔ ۔ ۔" شمن کو املیا کا لمبا سفر یاد آ گیا۔

"مگر ہمارے راستے جدا جدا ہیں۔ ۔ ۔"

"کیوں؟" شمن نے کسی غیبی ہاتھ سے گلا چھٹا کر کہا۔

"اس لیے کہ۔ ۔ ۔ کہ تم بالکل چھوکری ہو۔ ۔ ۔ اور دنیا کے گھسے کھا کر میں بالکل گول ہو چکا ہوں۔"

"مگر تراشنے سے ہیرا اور بیش بہا ہو جاتا ہے۔" شمن اپنی زبان کی طراری پر جھینپ گئی۔

"ہیں؟ ۔ ۔ ۔ مگر میں پتھر ہوں۔ ۔ ۔ تم سمجھ رہی ہو گی کہ میں پی رہا ہوں۔" وہ بگڑا۔

"نہیں تو۔"

"ہُنہ۔ ۔ ۔ جانتی ہو میں نے تمہاری رضائی کیوں اوڑھی؟" شمن کا دل دھڑکا۔

"اسے دیکھ کر مجھے گزری ہوئی زندگی کی باتیں یاد آ گئیں۔ تمہیں نہیں معلوم میری ایک بہن بھی تھی۔ ہم دونوں میں بڑی دوستی تھی۔ مجھے اب تک یاد ہے ہم دونوں ایسی قوس قزح کی طرح رنگیلی رضائی میں گھس کر ریل ریل کھیلا کرتے تھے۔ آج اس رضائی کو دیکھ کر۔ ۔ ۔ ہنسو مت! تم ہنستی کیوں ہو؟ ہاں اسے دیکھ کر میرا دل بے اختیار ریل ریل کھیلنے کو چاہا۔ تمہیں دیکھ کر میرا دل ہمیشہ چھیڑنے کو چاہتا ہے، مگر میں رک جاتا ہوں کہ کہیں تم اسے کچھ اور نہ سمجھنے لگو۔ شمشاد، معشوقاؤں کے تو ہم نے ہزاروں چٹکیاں لی ہیں مگر ویسی چٹکی، جو میری بہن پلنگ کے نیچے گھس کر میری پیٹھ میں بھر لیا کرتی تھی،

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

اس کی یاد آج تک میری رگ رگ میں سمائی ہوئی ہے۔ میری بہن مر گئی اور پھر مجھے ویسی محبت نصیب نہ ہوئی۔"

وہ تھوڑی دیر تک رضائی پر ٹکے ہوئے تارے ناخونوں سے کھرچتا رہا پھر کچھ یاد کر کے بولا:

"ہم صبح ناشتے پر اُرد کی کھچڑی کھایا کرتے تھے۔ وہ دبلی پتلی اور بڑی ہلکی سی تھی اور میں پلنگ پر بیٹھ کر کودا کرتا تھا تو وہ لڑھک کر میرے اوپر آن گرتی۔ اسے کھانسی کی وجہ سے گھی کھانے کو منع کر دیا گیا تھا مگر وہ ضد کرتی تو بیوی روئی کی گولی بنا کر کھچڑی پر رکھ دیتیں۔ وہ قطعی نہ سمجھتی اور مزے سے کھچڑی کھا لیتی۔ ایک دن میں نے اُسے بتا دیا،

"بیجو یہ گھی تھوڑی ہے، روئی ہے۔"

"روئی؟" وہ حیرت زدہ ہو کر رہ گئی اور جب اسے اماں کی چالاکی معلوم ہو گئی تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔ مجھے بڑا افسوس ہوا تھا۔ تم نے کبھی اُرد کی کھچڑی کھائی ہے؟"

"آہاں" شمن کا گلا بھر آیا۔

"اور... اور... ارے یہ میں تم سے کس قدر بے تکی باتیں کر رہا ہوں، لاحول ولاقوۃ! تم سمجھ رہی ہو گی کہ میں بھی نرا چغد ہوں" وہ کھسیا گیا۔

"ارے میں تو بالکل بھی... "

"جھوٹ، تم مجھے قطعی الو سمجھ رہی ہو۔ اور نہیں تو کیا! میں جب تمہیں پسند کرتا ہوں تو بجائے تمہیں آغوش میں لینے کے یہ اُرد کی کھچڑی.. "

"تو کیا ہوا، آپ مجھے بہن کی طرح چاہتے ہیں؟"

"ایں؟ قطعی نہیں۔ میں ان لوگوں کو پرلے درجے کا مکار سمجھتا ہوں، جو غیر لڑکیوں کو، جو اُن کی معشوقہ بن سکتی ہیں، بہن کہتے ہیں۔ مگر شاید تم کچھ ٹھیک کہتی ہو میں معشوقائیں بناتے بناتے تھک چکا ہوں، یہی وجہ ہے کہ میں لفظ بیوی سے چڑتا ہوں مگر میں تمہیں بہن تو نہیں بنانا چاہتا، لاحول ولاقوۃ!"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

"کیوں؟"

"کیونکہ ہو ہی نہیں سکتا۔ ایک سرے سے میں جھوٹ نہیں بولنا چاہتا۔ بہت دفعہ میرے دل میں تمہاری طرف سے ایسے خیال آئے ہیں جو ایک بہن کے لیے نہیں آتے۔ تم ابھی نہ سمجھو گی ایک دن آئے گا جب ان الفاظ کے معنی تم خود بخود سمجھ جاؤ گی۔ تم کیا یہ نہیں ہو سکتا کہ تم بھائی نہیں بلکہ دوست سمجھو، ایسا دوست جس سے کسی قسم کا تکلف نہ ہو۔"

"کیوں نہیں۔"

"میری بہن زندہ رہتی تو میں اسے کبھی بھی صرف بہن نہ سمجھتا، اس کی شادی ہو جاتی مگر ہم بہترین دوست رہتے۔"

"آپ شادی نہیں کریں گے؟"

"شادی سے تمہارا مطلب کیا ہے؟ کیا سہرا باندھ کر گھوڑے پر چڑھنا اور ایک لڑکی کو ٹکا اسٹامپ لگا کر وصول کرنا ہی شادی ہے؟ تو میں کنوارا ہی بھلا، اور ویسے تو۔۔۔" شمن کچھ جھینپ گئی۔

"تو اس میں کیا ہوا؟" وہ جلدی سے بولا "مرد ہونا کوئی عیب تو نہیں اگر ہم کہتے نہیں مگر ہماری ماں بہنیں خوب جانتی ہیں کہ۔۔۔ ہم مرد ہیں۔ میں اسے گناہ نہیں سمجھتا۔"

"آپ شادی کے خلاف ہیں، میرا مطلب ہے نکاح کے۔"

"قطعی۔ نکاح ایک وعدہ ہے جو صرف اس لیے پختہ کیا جاتا ہے کہ کہیں وعدہ کرنے والا مکر نہ جائے۔ ذرا سوچیے تو سہی، زندگی کے اتنے اہم معاملے کو کاغذی گواہ کس طرح مضبوط بنا سکتے ہیں؟ شادی ایک فعل ہے قول نہیں۔"

شمن کچھ نہ سمجھی۔

"تو پھر لوگ نکاح کیوں کرتے ہیں؟"

"گدھا پن کرتے ہیں۔"

"واہ" شمن لاجواب ہو کر ہنسی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

نوری نے کروٹ لی اور اس کا سر بازو سے ڈھلک کر تکیے پر لٹک گیا۔ شمن نے جھک کر اس کا چہرہ دیکھا، شاید وہ آنے والے کل کے سب سے زیادہ رنگین لمحوں کو سمیٹ کر خواب دیکھ رہی تھی، اس کے ہونٹ ہل رہے تھے اور آنکھیں نیم وا تھیں۔ رات کی تنہا خاموشی میں شمن کا جی چاہا کاش وہ کسی طرح جھانک کر اس کی جگمگاتی دنیا کی ایک جھلک دیکھ سکتی، مگر افتخار کے الفاظ گھوم پھر کر اسے اپنی دنیا میں واپس گھسیٹ لے گئے۔

"اور کیا، گدھا پن تو ہے ہی۔ اگر مجھے کوئی عورت کہے کہ مجھے تمہارا اعتبار نہیں، چار آدمیوں کے سامنے کہو کہ تم مجھے... مجھے..." شمن کی گھبراہٹ دیکھ کر وہ رک گیا تھا مگر پھر جلدی سے بولا:

"تو میں اس سے کہوں گا: بیگم صاحبہ چلتی پھرتی نظر آؤ، ہمیں چار آدمیوں کی گواہی کے بغیر ہی کوئی چیز مل جائے تو..."

"مگر یہ تو ناانصافی ہے آپ کی!" وہ جلدی سے بولی۔

"کیوں؟"

"کیونکہ جن عورتوں کی زندگی اس طرح خراب ہو جاتی ہے وہ کیا کریں؟"

"کیوں صاحب، عورتوں کی زندگی خراب ہو جاتی ہے تو مردوں کی نہیں ہوتی؟"

"لوگ تو عورتوں کی ہی زندگی دوبھر کر دیتے ہیں۔"

"مردوں کی نہیں کرتے؟"

"مرد پروا جو نہیں کرتے؟"

"تو عورتوں سے کون کہتا ہے کہ وہ پروا کریں؟ کہہ دیجیے سماج۔"

"اور کیا؟"

"اور یہ سماج بنایا کس نے؟ خود انڈا پھوٹ کر بچہ نکل آیا؟"

"نہیں تو!"

"جب ہم نے ہی سماج بنایا ہے تو ہم ہی توڑ سکتے ہیں۔"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

"مگر اور بھی مصیبتیں ہیں جو صرف عورتوں کو بھگتنا پڑتی ہیں۔" شمن نے ڈرتے ڈرتے کہا۔

"یعنی بچے وغیرہ؟"

"جی ہاں۔"

"بھئی واہ، کیا عورت ہیں آپ بھی کہ اپنے عظیم ترین فرض کو مصیبت سمجھتی ہیں۔ جبھی تو لوگ کہتے ہیں عورتوں کو زیادہ نہیں پڑھانا چاہیے۔"

"ارے!" اس کی سمجھ میں نہ آیا کہ کیا جواب دے، اور وہ اس کی بدحواسی پر زور زور سے ہنسا۔

"مگر جو بچے ہوں گے وہ۔۔۔"

"حرامی ہوں گے وہ۔۔۔"

"حرامی ہوں گے؟"

"ہاں۔۔۔"

"حد ہے۔ بھئی ہمارے اور آپ کے نظریے بہت مختلف ہیں۔ میں حرام، حلال اور جھٹکا سب ایک ہی چیز سمجھتا ہوں۔ قدرت کے اصول کی پیروی کر کے پیدا ہونے والا جاندار انسان بننے کا حقدار ہے۔"

"مگر میرا مطلب ہے۔۔۔ اقتصادی مشکلات۔"

"تو یوں کہیے میاں نہیں بینک کی کتاب چاہیے۔"

"یوں ہی سمجھ لیجیے۔"

افتخار کو کچھ لاجواب سا دیکھ کر شمن کو دکھ سا ہوا، وہ بولا:

"ٹھیک کہتی ہو، یہی تو وہ سوال ہے جس کا جواب میں برسوں سے تلاش کر رہا ہوں۔ ابھی تو نہیں شاید ہماری تمہاری زندگی میں وہ وقت آ جائے کہ اس کا جواب مل جائے۔" دیر ہو گئی تھی اور وہ واپس کیمپ کی طرف چل دیئے۔

"ہاں ایک بات اور، جو تم سے کہنا بھول ہی گیا۔" اس نے رضائی دینے کے لیے

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہاتھ بڑھایا پھر رک گیا۔ "ہاں تم اپنی یہ رضائی مجھ کو دے سکتی ہو؟"

"رضائی؟"

"ہاں، اس کوٹ کے بدلے میں نہیں بلکہ مفت۔"

"لے لیجیے۔" وہ الٹی احسان مند تھی۔

"سلام۔" اس نے مسخرے پن سے ماتھے کو ہاتھ لگائے۔

"ایک بات اور، وہ یہ کہ میں سینی ٹوریم جا رہا ہوں، ڈاکٹروں نے مجھے ڈی بی دق ہے۔ اُس نے . . . ؟" وہ شمن کی گھبراہٹ پر مسکرایا، "جیسے یہ کوئی نئی بات ہے۔ پرانی شکایت ہے، دو دفعہ بھوالی رہ آیا ہوں۔ مگر۔ مگر اب کے شاید جلدی نہ نکل سکوں۔"

"لیکن آپ اتنے بیمار تو نہیں نظر آتے۔"

"نظر تو نہیں آتا مگر تم جیسی نظروں کو، اندیشہ ہے کہ کہیں میرے جراثیم دوسروں کو لگ نہ جائیں، یہ چھوت کی بیماری ہے۔" اس نے معنی خیز قہقہہ لگایا۔ "ہماری مہربان گورنمنٹ نے "ٹی بی" کلاس میں میرے لیے پلنگ دلوا دیا ہے، سارا خرچہ یونیورسٹی اور حکومت کے ذمے۔" وہ ہنستا رہا۔

"جب شارع عام پر ایک گڑھا ہو کر اس میں غلاظت بھر جائے جو ہر آنے جانے والے کے منہ پر اچھلنے لگے تو حکومت کا فرض ہے کہ عام صحت کی خاطر اسے دور کر دے۔ شکر کرو کہ پونا جیل سے بچ گیا ورنہ . . . اوہ، یہ میں کیا بکنے لگا؟" چلنے سے پہلے اس نے کہا۔

"ہاں ایک وعدہ کرو۔ یہ رضائی تو میں نے لے لی، اب ایک اور بھی قیمتی وعدہ مانگنا چاہتا ہوں۔"

"کہیے۔" وہ اب بے صبر ہو چکی تھی۔

"کہ کبھی میں تمھیں کوئی ہدایت کر دوں تو تم اس پر عمل کرو گی۔ میرا مطلب ہے کہ میری وہ درخواست جس سے تمھارے اوپر آنچ نہ آئے۔"

"میں آنچ سے نہیں ڈرتی۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"مجھے معلوم ہے، مگر میں تمہیں اتنے تند دریں نہیں گھسیٹنا چاہتا، میں پختہ وعدہ نہیں چاہتا۔ سوچ لو، اگر تم سمجھتی ہو کہ۔ ۔ ۔"

"آپ نے میری خاموشی کا غلط اندازہ لگایا ہے"

"تو۔ ۔ ۔"

"میں وعدہ کرتی ہوں"

"تو آؤ"

قلم اور کاغذ لے کر افتخار نے اُس کی کلائی پکڑ کر اپنے پاس بٹھا لیا۔ جب سارا کیمپ غفلت کی نیند سو رہا تھا دو سر پھرے انسانوں نے سر جوڑ کر چند سطور لکھیں۔

"آنکھیں بند کر دو" افتخار نے ٹھوڑی پکڑ کر اس کا منہ دوسری طرف پھیر دیا۔

"ہائے!" سوئی کی نوک شاید انگلی میں گہری اُتر گئی۔

"لکھو"

"شمشاد!" شمن نے لرزتے ہوئے انگلیوں سے لکھ دیا۔

"خدا حافظ" وہ رضائی میں منہ چھپائے تاریکی میں ڈوب گیا۔

شمن جاگ اُٹھی۔ یہ خواب اُس نے لفظ بہ لفظ دہرا لیا۔ بکھرتے ہوئے حواس سمیٹ کر اُس نے پھر زنجیر کو پکڑا۔ متحیر آنکھیں پھاڑے جیسے وہ اب بھی کیمپ کے ہلتے ہوئے پردے کو دیکھ رہی تھی۔ آج، آج اسے کسی نے خوب جھنجھوڑیاں دے کر زندگی کے نئے موڑ پر دھکا دے دیا تھا۔ دیر تک حواس رسیاں تڑا کر بھاگتے رہے مگر دور دھندلی روشنی میں اسے بہت لمبا راستہ اُٹھتا . . . . گرتا نظر آ رہا تھا۔ آج اُس نے اپنے خون سے اپنے دیوتا پر عبودیت کا قشقہ کھینچ دیا تھا۔ اُسے معلوم بھی نہ تھا کہ اُس کا خون اتنا سُرخ ہے: اور یہ نام۔ شمشاد۔ سُرخ پرچم کی طرح شفق بن کر کتنی دور تک پھیلا آ رہا تھا۔

اُس نے پھر بن بیاہی دلہن کی طرف دیکھا: کل وہ بھی اپنے دیوتا کے حضور میں ماتھا ٹیک دے گی۔ نوری دھندلی ہو کر ایک آدمی کی عورت رہ جائے گی۔ غرور اور اطمینان

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کی لہروں نے ہلکورے لے لے کر اُسے سلا دیا۔

(۲۷۰)

شادی کے درمیان میں اُسے معلوم ہُوا کہ وہ اپنے کتنے ہی بزرگوں سے بڑی ہوگئی ہے۔ اُس نے بڈھیوں کو خوب چھیڑا، یہاں تک کہ وہ مچل مچل گئیں۔ وہی اعتراض، جنھیں سنکر وہ رو دیا کرتی تھی، اُس نے توڑ مروڑ کر اُلٹے انھی کے سر مار دیئے اور اس صبر سے پن سے کہ معترض کھسیا گئے، اور لوگ ہنس دیئے، خصوصًا ان بڈھیوں کو تو رلا کر چھوڑا جو ہر بات پر :

"ائے ہے، فوج جو ہمارے زمانے کی لڑکیاں ایسی بے شرم ہوتیں!"

"توبہ ہے، گریباں تو دیکھو، سارا آگا پیچھا کھلا پڑا ہے"

"جب دیکھو جب کھٹی کھٹی، جب دیکھو دھما چوکڑی، لڑکیاں ہیں کہ گھوڑے"

ان لوگوں کو جلا کر اُسے بڑا مزا آیا۔ ہنایت ڈھٹائی سے اُس نے اُن کی ہر بات کی کاٹ شروع کر دی، گویا ساری عمر کی ڈانٹ کا آج پورا پورا بدلہ لے کر چھوڑے گی۔ اُسے آج معلوم ہوا کہ بجائے غصے کے ان بڈھوں پر رحم آنا چاہیے۔ جوانی کہیں ڈانٹ پھٹکار سے دبتی ہے؟ ہار تو ہمیشہ بڑھاپے کی ہے۔ جب قدرت کسی کو خزاں کے بے رحم ہاتھوں سے مسلنا شروع کر دیتی ہے تو وہ دانت کچکچا کر بہار ہی پر جلن اُتارتا ہے، مسرت بھرے قہقہے ٹھٹی، عشق، بدمعاشی اور جوانی بے حیائی نظر آنے لگتی ہے جوان لڑکیوں کی چکنی نرم باہیں اور سڈول جسم دیکھ کر بڑھیوں کو اپنے کھٹائی جیسے چمرخ جسم پر غصہ آتا ہے، جی پر چھریاں چل جاتی ہیں، یہی جی سے دعا نکلتی ہے کہ کوئی ان کی طرح جوانی کو خزاں کی چادر میں لپیٹ کر ان کے ساتھ دفن کر دے تاکہ وہ ان کی طرح مرجھا کر جلد از جلد مردہ اور بے رنگ ہو جائے۔

محفل میں جتنی لڑکیاں نظر آئیں سب بدمذاق اور چھوٹی، دو چار لڑکے دکھائی دیئے وہ ڈرپوک اور دبّو سے۔ مگر پھر بھی اُن میں گھل مل گئی تاکہ ایک دفعہ وہ بھی پڑھی لکھی لڑکیوں

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کے اخلاق سے متاثر ہو جائیں۔ چند لڑکیاں پڑھی لکھی بھی تھیں مگر شمن کی طرح لڑکوں سے گھل مل جانے کا موقع نہ ملا تھا۔ اُن کے لڑکے اب بھی رومانٹک، بدمعاش اور بے رحم واہیے بنے ہوئے تھے جن کی آوازیں سن کر وہ اصطبل میں بندھی گھوڑیوں کی طرح ہنہنانے لگتیں۔ گو زبان سے بیٹھی لڑکوں کو کوس رہی تھیں مگر جان بوجھ کر ایسی جگہ جا رہی تھیں کہ اُن سے ٹکر ہو جائے۔ اور پھر وہاں سے ایسی اترا کر شرمانی لجاتی بھاگتیں گویا کچھ چھن ہی تو گیا۔ پھر گھنٹوں پسینے میں ڈوبا دل دھڑکا یا کرتیں۔ لڑکے بھی بھاگ دوڑ میں جو کچھ نہ کر جاتے کم تھا۔

"کمبخت کہیں کا، میرا کلیجہ اب تک کانپ رہا ہے۔" وہ اس پُرلذت ٹکر کی گدگدیاں یاد کر کے دوسری ٹکر کی تاک میں لرزا کرتیں۔ اس کے علاوہ کئی لڑکیاں اپنی ہونے والی ساس نندوں سے وہ شاندار عشق چلا رہی تھیں کہ کیا کہنے۔ وہ اُن سے ہونے والے شوہر کا تصور وابستہ کر لیتیں اور اُن سے ایسے شرماتیں جیسے نئی دلہن دولہا سے شرماتی ہے۔ بھلا اس رومانی عیاشی سے کون روک سکتا ہے؟

کہاں یہ رنگین فضا اور کہاں کالج کے کھلے میدان میں پروفیسروں کے زیر سایہ ایک دوسرے سے مصنوعی ہنسی طاری کر کے پوچھنا، "آپ کا مزاج کیسا ہے؟" گویا ایک لڑکی کو ایک لڑکے کے مزاج کی تو پڑی رہتی ہے۔

شمن کو محسوس ہوا کہ یہ آزادی ہی تو فتنہ ہے۔ ٹھیک کہتے ہیں یہ بوسیدہ لوگ کہ عورت کو پردے میں رہنا چاہیے۔ سچ تو ہے، کتنے مزے سے پردے میں آنکھ مچولی کھیلی جا سکتی ہے۔ جی چاہا جس سے چھپ گئے اور جی چاہا جسے دکھا دیا۔ بدصورت تو خاص فائدے میں رہتی ہوں گی، جسے ہلکی سی جھلک دکھا دی وہی حسین سمجھ بیٹھا۔ یہ تھوڑی کہ مقابل بیٹھے ہیں اور ہر عیب سامنے رکھا دل دکھا رہا ہے۔

جب ہی تو پچھلے زمانے کا ادب اُٹھا کر دیکھو ہر عورت، حسنِ مجسم رکھی ہے۔ عورت حسینہ تھی یا دوشیزہ، اور اب اُسے اُستانی، ڈاکٹرنی، نرس، فقیرنی، بھگن یا لڑکی کہا جاتا ہے۔ بے پردے سے نکل کر حسینہ سے صرف عورت کیوں رہ گئی؟ وہ اس کے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سارے قتل و غارت کے حربے کیا ہوتے ہیں؟ تیر نظر کند اور ابروؤں کی دھار کند۔ اب بات یہ ہے کہ پردے سے نکل آنے پر غازے، سرمے، مسّی کا راز کھل گیا، سب کو معلوم ہو گیا کہ ابرو نوچ کر کمانیں بنائی گئی ہیں اور آنکھوں سے بجلیاں مسکارہ کی مدد سے گرائی جا رہی ہیں، ہونٹ "تنجی" کے صدقے برگِ گل بنے ہوئے ہیں اور گالوں پر روژ کی شفق کھیل رہی ہے۔ گو ویسے ہندوستان میں جتنی حسن کی قلت پہلے تھی اب بھی ہے مگر یہ پردہ ہٹ جانے سے تو نظر کا پردہ ہی اُٹھ گیا، عورت بڑے نقصان میں رہی۔

دولہا شام کو گھر میں آیا تو صنفِ نازک ہوئی مکھیوں کی طرح جٹ گئی۔ اچھی بھلی پردے والیاں پر بھر کو ٹھٹیا گئیں پھر وہ بھی بست ہو گئیں۔ مرد ہیں، خواہ وہ دولہا ہی کیوں نہ بنا ہُوا ہو، کتنی جاذبیت ہوتی ہے کہ اچھے بھلے دماغ کھو بیٹھتے ہیں۔ اس پر ستم یہ کہ ساتھ ساتھ دو چار دولہا کے شہ بالے بھی رینگ آئے۔ پہلے تو دو چار لڑکی پھولی ناکارہ بڑھیوں نے غل مچایا مگر پالا جوان ہی مارے گئے۔ یہ طے ہوا کہ شہ بالے فیر بیٹھ جائیں بشرطیکہ اپنی رشتہ داروں کے دوپٹوں میں منہ چھپانے کا پختہ وعدہ کریں۔ ان کی دوپٹوں میں سے جھلکتی شریر آنکھوں کو دیکھ کر شمن کو بے اختیار بلقیس کی سالگرہ کا دن یاد آ گیا جب کیرم کھیلنے میں رشید کو رومال کا گھونگٹ نکال کر کھیل میں شریک ہونے کی اجازت مل گئی تھی۔

"یہ بھی دولہا کے دُم چھلّے کیوں آئے ہیں؟" شمن نے مصنوعی غصّے سے پوچھا تو اُن میں سے ایک کبوتر باز دل جیسی آنکھوں والے نے کچھ دانتوں ہی دانتوں میں جواب دیا جس پر اُس کے ساتھی نے لعنتی ماری۔

"پاگل ہے بیچارا" ایک نے شمن سے سفارش کی۔

"پاگل نہیں دیوانہ کہو" اُس نے پھر کبوتر باز جیسی آنکھیں چلائیں اور پھر کچھ بڑبڑایا جس پر اُس کے ساتھی نے چپ رہنے کی رائے دی۔

جتنی دیر دولہا دلہن سے آرسی مصحف کی کشتی لڑتا رہا لڑکے دوسری لڑکیوں کے ٹھٹیلیاں بھرنے کی تاک میں لگے رہے۔ معلوم ہوتا تھا ایک نہیں چھ رات آرسی مصحف

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہو رہے تھے۔ لڑکیاں چڑھا کر باتیں سنا رہی تھیں مگر منّے کا نام زینب تھیں، جبھی ہونی مقابلہ کر رہی تھیں۔

رخصت ہوتے وقت نوری کلیجہ پھاڑ پھاڑ کر روئی، شمن جل گئی۔

"بن کیوں رہی ہو، مری تو جاتی تھیں شادی کے لیے۔"

"واہ!" نوری کھسیا کر نتھ سنبھالنے لگی۔

"یا اس لیے خوشی کے مارے رو رہی ہو کہ اتنی مشکلوں سے شادی ہوئی۔"

نوری چپ ہو گئی اُس کے آنسو بھی نہ جانے کیسے خشک ہو گئے۔

"کوئی زبردستی ہو رہی ہے تمھاری شادی، کیوں کر لی؟ اب طلاق لے لو،" شمو نے اُسے خاموش دیکھ کر اور جلے کٹے جملے کہے۔

اُسے نوری بالکل گائے بیل کی طرح لگ رہی تھی۔ اکیاون ہزار میں وہ اپنی جوانی کا سودا کر کے ایک مرد کے ساتھ جا رہی تھی، بیوقوفوں کی طرح نہیں، پکا کاغذ لکھا کر کہ اگر وہ بعد میں تڑپے تو اور پھندا اُس کے گلے میں تنگ ہوتا جائے، اور وہ چیند بھی ڈھول تاشے سے اُسے خرید کر لے جا رہا تھا۔ آخر فرق ہی کیا ہے اس سودے میں اور آئے دن جو چاوڑی میں خرید و فروخت ہوتی رہتی ہے۔ وہ چھوٹا موٹا بیوپار ہے جیسے کچالو پکوڑیوں کی چاٹ اور یہ لمبا ٹھیکہ ہے۔ جب تک فریق خیانت نہ کرے بیوپار چلتا رہتا ہے ورنہ سودا پھٹ!

مگر جب دولہا نوری کو لے کر جانے لگا تو شمن کے دل کے کسی نامعلوم کونے میں ایک عجیب سا شبہ پیدا ہوا، جیسے نوری فروخت نہیں کی گئی بلکہ یہ جو اُسے کلیجے سے لگائے لیے جا رہا ہے اپنی زندگی کے پیروں میں زنجیریں ڈالنے لے جا رہا ہے۔ یہی نوری یہ کم عمر الھڑ لڑکی — اس کی ہستی میں ایسے گھرے پنجے گاڑے گی کہ وہ دنیا کو چھوڑ چھاڑ اُسی کے ہاتھ میں لگام دے کر اُسی کے چلائے راستے پر چلتا چلا جائے گا۔ حیف ہے کہ یہ مرد عورت کو پیر کی جوتی، ناقص العقل اور نہ جانے کیا کیا کہتے ہیں مگر جب یہ جوتی اُن کے سر پر بجتی ہے تو احساسِ خودی بھی فنا ہو چکتا ہے۔ اُسے سارے مرد مظلوم

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

نظر آنے لگے اور ساری سونے روپے میں لدی ہوئی بیویاں ظالم، جو اُن کی کمائی پر بالکل اسی طرح قابض تھیں جیسے خون چوسنے والے سرمایہ دار غریبوں کی مشقت پر۔ وہ اپنے جسم کی قیمت لیتی تھیں ــ بجائے درجنوں کے صرف ایک سے۔

پھر یہ مرد عورت کو کمزور کیوں کہتے ہیں؟ شاید اس طرح خود اُن کی کمزوری آڑ میں چھپ جاتی ہے۔ ظالم کبھی پکار پکار کر اپنے ظلم کا ڈھنڈورا نہیں پیٹتا، بزدل ہی شیر کی طرح گرج کر دل کی بھڑاس نکالتے ہیں۔ مگر عورت؟ عورت اس حاکم کی طرح ہے جو پرجا کا چاکر، بن کر انھیں اُلو بناتی ہے۔ اُس کی چالیں کس قدر خطرناک اور پُراسرار ہیں! بجائے شرمندگی کے اُسے اپنی نسوانیت ایک بلند چیز نظر آنے لگی۔

مراثنیں گارہی تھیں، اُن کی آواز میں رقت تھی،

ہم تو بابل تورے کھونٹے کی گیاں
جدھر ہانکو ہنک جائیں!

”کیا کہنے ہیں اس معصومیت کے! گویہ گائیں، بیلوں سے زیادہ بھولی ہوتی ہیں۔“ شمن نے پاس بیٹھی ہوئی ایک لڑکی سے کہا، ”اور کیا بہن، گائے بیچاری تو ہوتی ہی سیدھی ہے۔“

کیا گائے سینگ نہیں مارتی؟ ویسے بیل بیچارا زندگی میں زیادہ اُلّو بنتا ہے۔ یہ کولہو کا بیل غریب کس کے سینے میں سینگ مارنے جاتا ہے؟ ہل کے بیل کو کب فرصت ملتی ہے کہ لوگوں سے مذاق کرنے جائے! لیکن یہ گائیں! سوائے گھاس چبانے اور دودھ دینے کے اور کیا کام کرتی ہیں؟ اُن کی بلا سے دودھ بچھڑے سے نہ پیا آدمی نے کھیر بنا کر کھا لی۔ نہ ہاتھ ہلانے کی ضرورت نہ پیر اور پھر بھی انسان گائے کی پوجا کرتا ہے اور بیل کو پوچھتا بھی نہیں۔

اُس کا ایسا بھی جی جل گیا۔ مراثنیں بیچارے دولہا کا مذاق اڑا رہی تھیں، جی چاہا جا کر ان کا منہ مسل دے۔ کمبختو، بیلوں میں بھی جان ہے۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

(۳۱)

نادی سے لوٹی تو ایسا معلوم ہوا دو عزیزوں کو دفن کر آئی۔ ایک تو نوری اور دوسرا نخار۔ نوری کو دوسرے دن سے سوائے دولہا کی شرارتوں کے اور کسی جھگڑے ں دلچسپی نہ رہی، سارا دن بیٹھی وہ ہجولیوں کو سرگوشیوں میں افسانے سنا سنا کر بے ال کرتی رہی۔ پتہ نہیں ان ہجولیوں کو سب کچھ معلوم ہونے کے بعد بھی کس چیز کی تلاش تی یا شاید یہ وہی جذبہ تھا جو لوگوں کو قصے کہانیوں میں جنسی ذائقے کا متلاشی بنا دیتا ہے۔

اور افتخار؟ وہ الہ آباد سے سیدھا بھوالی چلا گیا۔ انچارج پروفیسر نے تذکرے طور پر بتا دیا کہ انھیں بڑا افسوس ہے کہ افتخار ان کے ساتھ نہیں جا سکتا بلکہ وہ پنے پرانے مرض کے علاج کے لیے سینی ٹوریم چلا گیا۔ اس کے بعد انھوں نے چند عائیہ جملے بھی کہے مگر وہ صاف ڈھکوسلا معلوم ہوئے۔ وہ خوب جانتی تھی کہ داہ اللہ کتنا بھی افتخار پر مہربان ہو، اگر دنیا نہ چاہے تو وہ کبھی بھوالی سے صحت لر نہیں نکل سکتا، گو لوگ اس کی موت کا سارا الزام ملک الموت اور نوشتۂ تقدیر کے ر تھوپ دیں گے۔

افتخار کے بعد سیتل خود بخود یونیورسٹی کی باگ تھام کر کھڑا ہو گیا۔ اس کی پشت پروفیسروں اور پرنسپل کی شفقت بھی تو تھی۔ نہ جانے کن ہتھکنڈوں کی مدد سے ہ پریزیڈنٹ بنا دیا گیا۔ ایلیما کچھ ششدر کچھ جھلائی سی بے تکی باتیں کرنے لگی۔ اس سیتل کی مخالفت نہ کی نہ ہی یونین کے کسی جھگڑے میں دلچسپی لی۔ نہ جانے وہ کس ڈر سے کچھ خوفزدہ سی نظر آتی تھی۔ وہ اس کی بزرگی میں ڈوبی ہوئی آنکھیں کسی نامعلوم نکی سے خوفزدہ ہو جاتیں تو وہ بالکل معصوم اور بھولی معلوم ہونے لگتیں، اس کی ہنسی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

میں جھینپ آجاتی اور دانت مصنوعی چینی کے کھٹل ٹکڑے سے بن جاتے ہیں۔
سیتل کے عروج نے بجائے مرعوب کرنے کے اسے ڈرا دیا تھا مگر یونین کی ساری مردنی غائب ہو کر نئی جان پڑ گئی۔ ترقی پسند گروہ میں ممبروں کی تعداد بڑھتی چلی گئی۔ بڑے جوش و خروش سے میٹنگ پر میٹنگ ہونے لگی۔ نئے قواعد بنے، کئی شاخیں بنائی گئیں۔ ڈراما سیکشن، آرٹ سیکشن اور گاؤں سدھار کی سکیم بنی اور ہنگامے شروع ہو گئے۔

چند روز تو شمن کچھ غیر مطمئن سی رہی، سمجھ میں آیا کہ ایک دم سے افتخار کی جگہ سیتل کو دیکھنے کی کیسے عادت ڈال لے۔ کالج اور یونیورسٹی کی زندگی بھی پانی کا بلبلہ ہوتی ہے جو چند لمحے تیرتا رہتا ہے تو ہزاروں رنگینیاں اس کے خول پر منعکس رہتی ہیں مگر جونہی پھوٹا سب کچھ غائب۔ وہی افتخار جس کا وجود یونیورسٹی میں قطبی ستارے کی سی حیثیت رکھتا تھا آج آسمان سے ٹوٹ کر نہ جانے گمنامی کے کس غار میں جا گرا۔ فضا در و دیوار کو اس کی کمی بھی تو محسوس نہ ہوتی تھی، گویا خاک کا ایک حقیر ذرہ تھا جسے آندھی نے اٹھا کر دور پٹخ دیا تو کسی کو پتہ بھی نہ چلا۔ دو چار دن تو غلطی سے لوگوں نے بجائے سیتل کے افتخار کا نام لیا مگر پھر بہت جلد زبانیں نئے بول کی عادی ہو گئیں اور سیتل کی خوش بیانی، حسین اور لمبے چوڑے جسم نے افتخار کی یاد کو دلوں سے مار بھگایا۔ املیا سیکرٹری رہی لیکن شمن کو خزانچی کی کرسی سنبھالنا پڑی۔ نئے عہدے کی دہشت نے اسے کچھ ایسا بدحواس کر دیا کہ سوچے سمجھے بغیر وہ ترقی پسند گروپ کی پرجوش رکن بن گئی۔

ہیرا جب تک کان کے گمنام اندھیرے میں رہتا ہے بیکار کنکری بنا پڑا رہتا ہے، مشک کو جب تک گھسا نہ جائے تو ناسد مادے کی ایک گولی سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا۔ سیتل کے سوا کسی نے بھی تو نہ پرکھا کہ شمن کی اس پریشان اور ڈری ہوئی شخصیت کا آئینہ استقلال اور بغاوت کا لاوا دبا پڑا ہے، اس خاموش چٹیل میدان کے سپاٹ سینے میں آگ کی تہیں چھپی سو رہی ہے، صرف جگانے کی دیر ہے اور پھر وہ لاوا

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اُونگھتی ہوئی طاقتیں پورے جوش سے اُبل پڑیں گی۔ شمن کو اپنی ہستی کے اس انوکھے ٹکڑے کے وجود کا علم بھی نہ تھا، وہ اس نئی شمشاد کے تخیل کو پہلے تو واہمہ سمجھی مگر پھر اس نے اسے شخصی طور پر دیکھ لیا، وہ خود اس کی جگمگاتی ہوئی لپک سے آنکھوں میں چکاچوند سی محسوس کرنے لگی۔ دور، بہت بلندی پر اُس نے اس نئی چیز کو کھڑے دیکھا۔ بادِ مخالف کے تندی تھپیڑوں کے سامنے دشمنوں کی فوج سے مقابلہ کرتی ہوئی یہ مقدس طاقت اب تک کہاں پوشیدہ تھی: وہ پرانی شمن اُس کے سامنے کس قدر بودی اور حقیر معلوم ہو رہی تھی! "وہ کوئی چیز ہے جو عام لوگوں کو چھوڑ کر صرف اسے بخشی گئی ہے!" اور بہت جلد اس نے اپنے آپ میں ایک پراسرار کشش، ایک خاموش دبدبہ اور کھنچی ہوئی شان پائی۔ سیتل کی رائے سے اس نے اس نئی شخصیت کو، جس کا انکشاف اسے بھونچکا چھوڑ گیا تھا، سمجھنے اور پہچاننے کی کوشش کی۔ ادب اور فلسفے کا مطالعہ کرنا شروع کیا، شاعری سے دلچسپی لی اور بہت تیزی سے وہ پرانا خول چھلکے کی طرح چٹخ گیا اور اندر سے ٹھوس مینگ نکل آئی۔ اس بھربھرے چھلکے کو اُس نے مسل کر دور پھینک دیا اور مینگ کو سمجھنے کی کوشش کرنے لگی۔ مگر جتنا جتنا وہ اُسے پہچانتی گئی معمہ اور پیچیدہ اور تہہ دار ہوتا گیا۔ ایسا معلوم ہوتا نئی شمن اس سے آنکھ مچولی کھیل رہی ہے۔ جونہی وہ اسے چھونا چاہتی وہ ہوا میں تحلیل ہو کر پرے چلی جاتی۔ کبھی تو ایسا معلوم ہوتا اس نے اُسے پکڑ ہی لیا ہے مگر قبل اس کے وہ ٹھیک سے اُس کا ناک نقشہ پہچان سکے وہ ہاتھ چھڑا کر غڑپ بلے مار جاتی۔ پھر وہ دگنے شوق سے اُس کے پیچھے دوڑنا شروع کر دیتی مگر بعض وقت اس دوڑ میں وہ کسی ایسے بھیانک اور سنسان گوشے میں پہنچ جاتی جہاں وہ خود اکیلی رہ جاتی اور وہ تخیل کی شمن واہمہ بن کر گھل جاتی۔ اس بنجر اور غیر مانوس فضا میں سے اُس پر خوف طاری ہو جاتا ہے اور وہ اُلٹے پیروں بھاگ آتی۔ جیسے غلط راستے پر جانے سے انسان پریشان ہو جاتا ہے اسی طرح وہ بھی وہاں سے کبیدہ خاطر لوٹ آتی۔

شمن سیتل کو کیا سمجھی تھی اور وہ کیا نکلا! گوشت پوست کے شاندار پہاڑ کی تہوں میں ایک فلسفی شاعر پوشیدہ تھا جس کا دل انسانیت سے لبریز اور محبت میں ڈوبا ہوا تھا،

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جس کی اندرونی زندگی قوم اور ملک کے قدموں پر نچھاور ہونے کے لیے بیقرار تھی۔ ظاہر میں وہ دنیادار اور کھیل کود کا شوقین نظر آتا تھا مگر کسی کو نہیں معلوم تھا کہ ان مسکراہٹوں میں کتنے آنسو جذب تھے، ان قہقہوں میں الجھی ہوئی آہیں صرف سننے والے کانوں کو ہی سنائی دے سکتی تھیں۔ وہ خوف جو دشمن نے ہمیشہ اُس کے وجود سے محسوس کیا کہ وہ بھی قطعی بے بنیاد ثابت ہوا۔ وہ صرف دیکھنے میں بدمعاش معلوم ہوتا تھا۔ یوں تو کتنے ہی سانپ دیکھنے میں زہریلے معلوم ہوتے ہیں مگر بہت سے بھی زیادہ بے ضرر ہوتے ہیں۔

وہ بدمذاق بھی نہ تھا۔ بعض وقت تو لوگ ان کی باتوں پر ہنستے ہنستے بے تاب ہو جاتے تھے۔ پریزیڈنٹ ہونے کی وجہ سے اُسے ہر ایک کو خوش رکھنا پڑتا تھا۔ مس ہوگا جو کھلے بندوں اس پر انوکھے قسم کا عشق برسایا کرتی تھیں اُس کے ساتھ بڑی تندہی سے کام کرتیں۔ ہر سنجیدہ اور غیر سنجیدہ مجمعے میں ان کی موجودگی لازمی تھی۔ جب تک سوکھی اور مشکل باتیں ہوتی رہتیں وہ فرمانبردار بچے کی طرح خاموش بیٹھی سنا کرتیں۔ نہایت انہماک سے وہ مقرر کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ کو سننے کے بجائے دیکھنے کی کوشش کرتیں، ذرا سی بھی آہٹ ہوتی تو پریشان ہو کر شش کرنے لگتیں۔ اگر سخت ضرورت سے اُٹھنا ہوتا تو اپنی ننھی سی گرگابی کے نازک پنجوں پر لڑکھڑاتے کوے کی طرح بغیر آواز کیے کھسکنے کی کوشش کرتیں، کوئی بات کہنا ہوتی تو بالکل کان کے سوراخ سے منہ چپکا کر سہمی ہوئی کھسر پھسر کرتیں۔ لیکن اُن کی یہ ساری احتیاطیں حاضرین جلسہ کی توجہ کو اور بھی منعطف کرتیں۔ وہ مقرر کے مزاحیہ جملے کا بڑی بے چینی سے انتظار کرتیں اور جونہی موقع ملتا سب سے پہلے تالیاں اور قہقہہ شروع کر کے سب سے آخر میں بند کرتیں۔ بعض وقت کوئی دلچسپ بات سنائی نہ دیتی یا سمجھ میں نہ آتی تو بچوں کی طرح پریشان ہو کر اوہ اوہ، کر کے پاس بیٹھنے والوں سے اُس کا مطلب پوچھنے لگتیں۔ اس طرح اُن کا قہقہہ عموماً ذرا دیر سے ظہور میں آتا شیلندا، انہیں بڑے پیار سے چھیڑا کرتا تو کم عمر بچیوں کی طرح زبان نکال کر شرمانے لگتیں۔ یونیورسٹی میں بہت سے مذاقیہ لطیفے انہی کی شخصیت سے ایجاد کیے گئے تھے اور ہر چھوٹا بڑا اُن سے بے تکلف تھا۔ کچھ دنوں سے وہ فرسٹ ایئر کے نئے لڑکوں

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

چرچا مقرر کر لی گئی تھیں۔ کتنی ہی فائنیں مس لوگا سے وابستہ کر کے اڑائی جاتیں۔ کبھی کبھی وہ بڑا مان جاتیں اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتیں۔ روتے میں وہ بڑی تیز انگریزی میں خود اپنی حالت پر رحم کھاتیں اور دوسروں کو شرمندہ ہونے کی رائے دیتیں۔

کچھ دن سے، یعنی افتخار کے زوال اور سینتل کے عروج کے بعد سے وہ عوام کی نظروں میں کچھ گر گئی تھیں۔ افتخار کی اور بات تھی، پر سینتل تو ان کا اپنا آدمی تھا اُسے تو اُن کی عزت افزائی کرنا لازمی تھی۔ اُس کے انتخاب میں سب سے بڑی مدد مس لوگا کی تھی۔ ووٹ جمع کرتے وقت وہ ہر ایک کی جان کو آ گئی تھیں۔ اپنے خرچ سے پمفلٹ چھپوا کر بانٹے اور جب اُسے فتح نصیب ہوئی تو کسی کو خاص حیرت نہ ہوئی پر وہ خوشی کے مارے پاگل ہو گئیں۔ لوگ چھیڑنے کو مٹھائی مانگنے لگے تو انہوں نے سچ مچ ہی کھلا دی۔

ترقی پسند گروہ اب اور شدت سے اشتراکی رنگ میں رنگتا گیا۔ ممبروں کی تعداد بڑھ گئی۔ مس لوگا نے ایک دم گجراتی اطلس چھوڑ کر کھدر پہننا شروع کر دیا اور بیچاری ہر وقت کھدر اوڑھے اپنی پیٹھ پہ نکلے ہوئے گرمی دانوں کو انگریزی کی گالیاں دیا کرتیں۔ دیکھنے میں اُن کا جسم بے مصرف گوشت کا لوتھڑا تھا مگر ذرا سی تھکن سے چھل جاتا اور فرصت کے لمحات عموماً ہر ایک کو گھاؤ اور پھنسیاں دکھانے میں صرف کرتیں۔ نیز ہزاروں قسم کے پاؤڈر اور مرہموں کے نام انھیں یاد ہو گئے تھے۔ اُن کا جسم تو ایک ہی تھا مگر ہندوستان کے خطوں کی طرح زمین اور آب و ہوا مختلف تھی۔ اگر ایک مقام کی پھنسی زمبک سے اچھی ہوتی تو دوسرے حصہ کی کیوٹی کیورہ سے۔ اگر پیٹھ کے دانے ڈسٹنگ پاؤڈر سے سوکھتے تو بغلوں میں بورک چھڑکنے سے شفا ہوتی۔ جتنا وہ دیسی مال کی سرپرستی میں بچا لیتیں اتنا ہی بدیسی دواؤں پر خرچ ہو جاتا۔ بعض لوگوں کی رائے سے انھوں نے نیم کی چھال اور ہندوستانی لیمپ وغیرہ استعمال کیے مگر اُن سے اور بھی بدحواس ہونا پڑا۔ اُن کے برخلاف شمشی، ایک نئی لڑکی، ہر چیز دیسی استعمال کرتی تھی، یہاں تک کہ اُس کے برتن خالص گوالیار چینی کے اور پلنگ کا پورا فرنیچر کشمیر اور میسور کی صنعت گری کا نمونہ تھا۔ مرشد آباد کی سلک، میسور کی جارجیٹ اور ملدا

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

کی ساڑھیاں پہنتی۔ اُن کا سارا خاندان لیڈروں کا خاندان کہلاتا تھا۔ اس کے تایا جی بڑے پکے قوم پرست تھے اور ہر قومی جلسے میں اُسے ساتھ لے جاتے تھے جہاں وہ مائیکروفون کے سامنے بندے ماترم گایا کرتی تھی۔ اُس کی شادی ہو گئی تھی اور میاں انگلینڈ گیا ہوا تھا۔ باوجود دیس بھگت ہونے کے فیشن گھر میں کافی تھا۔ انگریزی زبان مادری بنی ہوئی تھی، 'ماما' 'پاپا' اور 'آنٹی'، کا رواج تھا۔ سب لڑکیاں فراک پہنتی تھیں اور بال کٹے ہوئے تھے مگر ایک تار بھی بدیسی نہیں استعمال ہوتا تھا۔ گو روحیں یورپ زدہ ہو چکی تھیں۔ مگر جسم دیسی تھے۔

اُس کے خاندان میں کوئی سرکاری نوکری نہیں کرتا تھا۔ تایا جی نے تو خطاب بھی لوٹا دیا تھا، اور کئی بار جیل میں گئے تھے۔ بمبئی میں روئی کا بیوپار ہوتا تھا جس میں خاندان بھر کھنچا چلا جاتا تھا، پھر غلامی کی نوکری کون کرتا؟ دوسرے بیوپاروں میں بھارت کے مال کی اُنتی بھی ہوتی ہے، گو بعض بدمذاقوں کا خیال تھا کہ لالہ جی کو بھارت کی اُنتی سے زیادہ اپنے بیوپار کی اُنتی کی فکر تھی۔ کھدر کے پرچار سے بھارت ورش کے بیوپاری بیشک دُگنی ہو گئے مگر مزدور ویسے ہی ننگے بھوکے رہے۔ وہ پہلے بھی موٹا جھوٹا پہنتے تھے اور اب بھی وہی ملتا رہا۔ ہاں ذرا جاپان کے سستے مال نے ریشم پہنوا دیا، غریب بھی اطلس کے مس سے واقف ہو گئے، بھنگی چمار بھی جاپانی کھلونوں سے کھیل لیے، چینی کے سامان اور شیشے کے گلاس چپراسیوں کی لڑکیوں تک کو جہیز میں ملنے لگے۔ مگر یہ جاپانی مال تب تک؟

ترقی پسند گروہ کی ہر میٹنگ زیادہ دلچسپ ہوتی گئی۔ جتنے ممبر تھے سب ہی ہتھیلی پر جان رکھے "کام" کو تیار رہتے تھے۔ زیادہ تر ایسے لوگوں کی تعداد تھی جو دل شکستہ اور تقدیر کے ٹھکرائے ہوئے تھے اور زندگی کی تلخیوں سے دوچار ہو چکے تھے۔ احمد کو ایک عیسائی لڑکی سے عشق ہو چکا تھا جو انتہائی بے رحمی سے منہ موڑ کر ایک پروفیسر کی ہو رہی۔ رحمان اپنی چچا زاد بہن کے عشق میں گرفتار تھا جس کے لالچی باپ نے اُسے صرف اس لیے ٹھکرا دیا تھا کہ وہ سرکاری نوکری نہ حاصل کر سکا تھا اور وطن پرستی کا عزم کر چکا تھا۔ تین سال وہ متواتر مختلف مقابلوں میں شریک ہوا لیکن صرف خاندان والوں کی زبردستی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سے، قوم کی خدمت سے اُسے اتنی فرصت نہ ملی جو ان لغویات کی طرف توجّہ دیتا! انور زنانہ کالج کی ایک توبہ شکن لڑکی سے محبّت کرتا تھا جس کی خمیدہ زلفوں اور لچکیلی کمر نے اُسے شاعر بنا دیا تھا۔ اُمید کی جاتی تھی کہ بہت جلد وہ اپنے زمانے کا سب سے زیادہ ترقی پسند شاعر ہو جائے گا۔ اُس کی شاعری بالکل انوکھی تھی؛ وہ پرانی روش سے ہٹ کر نئے راستوں پر گامزن تھی۔ اُس کی رومانی ہیروئن "زہرِ عشق"، "گلِ بکاؤلی"، "رعنا" کی فرسودہ محبوبہ سے بالکل مختلف ایک کالج کی روشن خیال حسینہ تھی جو بجائے ظلم و ستم ڈھانے کے خود اس پر پروانہ وار فدا تھی مگر ظالم سماج کے ہاتھوں مجبور ہو کر ایک آئی۔ سی۔ ایس کے پلّے بندھ چکی تھی۔ لیکن انور کی شاعری پیشین گوئی کرتی تھی کہ انقلاب آئے گا، جب یہ ساری پابندیاں ٹوٹ جائیں گی، سماج کو ملیا میٹ کر دیا جائے گا، شفق خون برسائے گی اور زمین و آسمان سرخ ہو جائیں گے اور سرخ آندھیاں چلیں گی۔ پھر اس سُرخی کے شعلوں میں ساری بلائیں بھسم ہو جائیں گی، آزادی کا قرمزی جھنڈا لہرائے گا، مزدور کا راج ہوگا۔ اس وقت وہ اس لڑکی سے جی کھول کر محبّت کرے گا اور اس کی مشکیں چوٹی کو حسین راتوں کی جامہ شبوں میں کھول کر فضا میں خوشبو پھیلا دے گا۔ پھر کیا ہوگا؟ پھر پتہ نہیں کیا ہوگا! اس کے علاوہ آنند تھا جس پر شہر کی کل طوائفیں عاشق تھیں، وہ ان کے یہاں مفت جاتا تھا۔ شراب ہر فنکار کے لیے ضروری ہوتی ہے اور وہ ایک سچّا فنکار تھا۔ اُس نے روسی ادب کا گہرا مطالعہ کیا تھا۔ کچھ سال تراجم چھپوانے کے بعد وہ اب طبعزاد کہانیاں لکھنے لگا تھا اور آثار کہتے تھے کہ بہت جلد وہ بلند مرتبہ مصنفوں کی صف میں آگے آگے نظر آنے گا۔ برکت علی عجیب جنونی تھا۔ وہ تاریخ میں ایم۔ اے کر رہا تھا مگر اس کا زیادہ وقت جنسیات کے متعلق مواد فراہم کرنے میں صرف ہوتا تھا۔ جیمس جوائس اور ڈی۔ ایچ۔ لارنس تو اُس کے روحانی دیوتا تھے جن کا وہ ہر قدم پر حوالہ دیتا اور جنسی آزادی کو سوراج سے بھی زیادہ اہم سمجھنے لگا تھا۔ اس کی زبان میں بڑی روانی تھی اور عام طور پر لوگ قائل ہو جایا کرتے تھے شمن کو اس سے کوئی ذاتی عناد نہ تھا اور اس کے اصولوں کی بھی کچھ شدّت سے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

مخالف نہ تھی پھر بھی پتہ نہیں کیوں جب اکیلے میں مختلف نفسیاتی نکات کی تشریح کرتا تو پسینے چھوٹ جاتے:

"انسان جانور سے بھی گیا گزرا ہو گیا کہ جب تک اُسے مذہباً، رسماً اور قانوناً سارٹیفکیٹ نہ دیا جائے محبت ہی نہ کرے۔" لفظ محبت وہ بہت ہی پرمعنی طور پر استعمال کرتا تھا۔ وہ ایسے پھسپھسے عشق کا قائل نہ تھا جس میں ٹھنڈی سانسیں اور شب بیداری شامل ہوتی ہے۔ اُسے تو بس خالص عشق پسند تھا۔ اُسے طوائفوں سے بڑی شدت کی ہمدردی تھی۔ اُن کی زندگی اور رہن سہن، اُن کی مالی مشکلات، گندے مکانات، مختلف انواع و اقسام کی بیماریوں کے بارے میں ایسی ایسی باتیں سناتا تھا کہ رونگٹے کھڑے ہو جاتے۔ کبھی تو شمن کو اس سے گھن آنے لگتی کہ کمبخت نہ جانے کن غلاظتوں میں غوطے مار کر آتا ہے اور کبھی اُسے طوائفوں پر غصہ آتا کہ مردیاں کیوں اتنی گندی ہوتی ہیں، کوئی ڈھنگ کا کام کیوں نہیں کرتیں۔ ارے بھئی چکی پیسیں، کپڑے سییں اور عزت سے رہیں۔۔۔ مگر اُسے خوب معلوم تھا کہ یہ طوائفیں اتنی الو نہیں، اگر چولہا چکی اتنا آسان کام ہوتا تو وہ کبھی کا شروع کر دیتیں۔

"اس کا علاج؟" وہ کبھی برکت سے پوچھتی۔

"سرمایہ داری کا خاتمہ!"

"وہ کس طرح؟"

"جس طرح روس میں ہوا!" اور وہ دونوں گھنٹوں روس کے انقلاب کی پرچھائیاں ناپا کرتے۔ غرض جو کوئی بھی اس ترقی پسند گروہ میں تھا پہنچا ہوا تھا۔ عشق و محبت، بیوفائی اور جفاکاری، مفلسی اور بیکاری نے سب کو مجذوب بنا دیا تھا۔

شمن ایک دم جو کالج سے لوٹی تو الیما کو پلنگ پر پیر لٹکائے بیٹھے پایا۔

"ارے تم دیر سے بیٹھی ہو؟" اس نے کچھ خجل ہو کر پوچھا اور پاس بیٹھ گئی۔ اُس کا ضمیر الیما کو خاموش دیکھ کر ملامت کرنے لگا۔ افتخار کے جانے کے بعد جیسے کیسے دونوں میں عہد و پیمان ہوئے تھے مگر اس نئے انتخاب کے اثر دونوں کے درمیان فاصلہ

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

پیدا ہونا شروع ہو گیا تھا اور اب تو یہ حال تھا کہ یہ سڑک کے اس کنارے پر تو وہ دوسرے پر کبھی بھولے بھٹکے نگاہیں ملیں بھی تو جلدی سے بچا لیں گویا دیکھا ہی نہیں، یونہی وہم ہوا تھا مگر آج نہ جانے کیوں سشمن نے اس کے گرد باہیں لپیٹ کر چمٹا لیا اور دیر تک اس کے چہرے کو تکتی رہی۔

یہ الیما کو کیا ہو گیا تھا؟ وہ الیما ہی نہ تھی۔ آنکھیں اور زیادہ بوڑھی ہو گئی تھیں جیسے ان پر سیلولائیڈ کا غلاف چڑھا دیا گیا ہو، گالوں کی ہڈیاں زیادہ ابھر آئی تھیں اور بال پہلے سے بھی زیادہ گھنیرے معلوم ہو رہے تھے۔ بجائے جھنجھلاتے ہوئے قہقہے لگانے کے وہ خاموش بلبلی سے مسکرائے جا رہی تھی جو بجائے دلی حالات کی آئینہ داری کے بالکل ایک مصنوعی خول کی طرح منڈھی ہوئی تھی۔ اس مسکراہٹ میں نہ گرماہٹ تھی نہ مٹھاس، اور نہ کوئی طنز پوشیدہ تھی۔

پھر وہ باتیں کرنے لگیں دیر تک ادھر ادھر کی۔ دوسرے کے قریب بیٹھی وہ وقت سے غافل بکواس کرتی رہیں: افتخار کی باتیں، جلسوں کی باتیں اور نہ جانے کیا کیا۔

"بعض وقت ہمارا ہر پانسہ الٹا ہی پڑتا ہے۔" الیما ایک دم سے بولی۔

"کیا کہا تم نے؟" سشمن نے اس کے قریب جھک کر پوچھا۔

"میں نے کہا، ہم کیا سوچتے ہیں اور کیا کرتے ہیں!"

"کیا مطلب؟"

"سشمن؟"

"ہاں!"

"کیا میں کچھ بدل گئی ہوں؟"

"کیوں؟ نہیں تو!" سشمن نے الیما کو سر سے پیر تک دیکھا، ایک دھوکا سا ہوا مگر مٹ گیا۔

"مگر ڈاکٹروں کا خیال ہے میں امتحان میں نہیں شریک ہو سکتی۔" وہ اور پھیل گئی۔

"تم... تم... الیما؟" وہ ہکلا گئی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ڈرومنٹ، میری بیماری چھوت دار نہیں، وہ تمہیں نہیں لگ سکتی" املیا نے طنز بھرا قہقہہ لگایا۔ وہ اس عرصے میں صرف ایک بار ہنسی اور یہ قہقہہ ایسے کھڑکھڑاتا ہوا شمن کے کانوں میں گونجا جیسے کسی نے بہت سے پتھر ٹین کے خالی ڈبے میں ڈال کر جھکول دیے۔ اس کے دانت بالکل زہر میں بجھے ہوئے کیلوں کی طرح چمکے اور آنکھوں میں سے گھٹا ہوا دھواں اٹھنے لگا۔ اب شمن کو معلوم ہوا کہ اس کے رخساروں کی ہڈیاں کیوں ابھر آئی تھیں اور بال چہرے کی مناسبت سے زیادہ گھنڈار معلوم ہو رہے تھے۔

"تم مجھے کچھ نہ بتاؤ گی؟" اس نے بہت کچھ جان کر پوچھا۔

"بتانے کو ہے ہی کیا، میرے پیٹ میں بچہ ہے۔" شمن ایسی بری طرح جھجکی جیسے اس کے سر پر چھت آن پڑی مگر فوراً ہی کھسیانی ہو کر سنبھل گئی۔ نہ جانے کیوں سماجی اصولوں کے آگے قدرت کے بنائے ہوئے اصول کمزور اور ناقص ہو جاتے ہیں۔ اور بنظرِ غور دیکھا جاتا تو قدرت کی طرف سے ماں بننے کی مکمل آزادی تھی مگر سماج اس سے پروانہ راہداری مانگتا تھا۔ شمن کو خود اپنی روشن خیالی پر ناز تھا مگر روشن خیال بننے سے پہلے ہمیں عادت ڈالنی پڑتی ہے۔ شمن جلد ہی سنبھل گئی، اس کے خیالات جنگلی ہرنوں کی طرح قلانچیں بھرنے لگے۔ اب سے بہت پہلے جب پکنک سے واپس آکر دونوں سہیلیوں نے باتیں کی تھیں اس وقت شمن اور بھی بیوقوف تھی مگر اب تو وہ ان الفاظ کے معنی خوب سمجھتی تھی۔ پھر اسے کیمپ کی وہ رات یاد آگئی جب اس نے ایک نئے موڑ کی طرف قدم اٹھانے تھے۔ افتخار کے کوٹ کی خوشبو کوشش کرنے سے وہ دوبارہ دماغ میں کھینچ لا سکتی تھی۔ اور پھر اسے اپنی وہ رضائی یاد آئی جو افتخار نے اس سے مانگ لی تھی۔

"مجھے معلوم ہے تم کیا سوچ رہی ہو" املیا نے ہولے سے کہا۔

"میں؟"

"ہاں، تم سوچ رہی ہو کہ میں بڑی بدنصیب ہوں، میں نے پاپ کیا ہے۔ یہ بات نہیں، میں اسے پاپ نہیں سمجھتی۔ مگر" اس کے چہرے پر پھر وہی بے معنی مسکراہٹ لوٹ آئی، "تم نہیں سمجھ سکتی — میں نے واقعی پاپ کیا ہے۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ایلما!"

"میں نے بہت بڑا پاپ کیا ہے۔ میں نے اپنی روح کو دھوکا دے کر جسم کا پیٹ بھر دیا۔"

"کیا بک رہی ہو ایلما؟ کیا مطلب؟"

"ہیں؟ نہیں، میں بہک گئی تھی۔" وہ تھوڑی دیر کو چپ ہو گئی، پھر بولی: "تم نہیں سمجھتیں، تم بھول گئیں، میں نے تم سے کہا تھا نا کہ...."

"ہاں تم نے مجھ سے کہا تھا کہ تم افتخار کا...."

"ہاں ہاں، یہی تو مصیبت ہے، اگر ایسا ہوتا تو...." وہ پھر کچھ سوچنے لگی۔

"اگر ایسا ہوتا تو میں اس کی امانت اپنے سینے سے لگا کر رکھتی۔" وہ جلدی سے اٹھ کر بیٹھ گئی اور اونچی آواز سے بکنے لگی:

"اس وقت جو شیطان میرے جسم میں سانس بھرنا سیکھ رہا ہے وہ سینئل کا تحفہ ہے ——— اور ——— میں نے اپنے جسم کی آرزو پوری کر دی مگر میری روح ابھی بھوکی ہے۔ میں اسی ہفتے بنگلور جا رہی ہوں، وہاں آپریشن کرا دوں گی۔"

آنکھیں پھاڑے، سانس روکے شمن سمجھنے کی کوشش کرتی رہی۔ "کیوں؟"

"تم ان باتوں کو شاید عجیب سمجھ رہی ہو مگر میں کہتی ہوں۔ کیونکہ مجھے سینئل سے نفرت ہے اور اسے مجھ سے، ہم کوئی سمجھوتا نہیں کر سکتے۔ بھلا تم ہی سوچو میں اس کا گناہ کیسے برداشت کر سکتی ہوں؟ آپریشن کے ذریعے سے بس اپنی انتہائی نفرت کا ثبوت دے سکتی ہوں کہ اس کا بیش قیمتی تحفہ ٹھکرا دوں۔"

"بھلا اس کمبخت کو کیا رنج ہو گا۔"

"اوہ، یہی تو تم نہیں جانتیں۔ فرض کرو تم نے میری دعوت کی، میرے منہ میں تر تر نوالہ دیا، اب اگر میں اسے تمہارے منہ پر تھوک دوں تو کیا حال ہو گا تمہارا؟"

"اوہ، ایلما!"

مگر ایلما نے وہی زور زور کے قہقہے لگانے شروع کر دیے۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"مگر۔۔ تمہارا ابھی تو کچھ حقہ ہے اس میں۔"

"ہاں ہاں، مگر جب کوئی چیز زمین پر گر کر مٹی میں لتھڑ جائے تو اسے پونچھ کر کھانے کی ضرورت نہیں بلکہ اپنے نقصان پر صبر کر کے اسے پھینک دینے میں ہی مصلحت ہے۔"

"سیتل کو معلوم ہے۔" تھوڑی دیر خاموش رہ کر شمن نے پوچھا۔

"ہاں، جب اسے معلوم ہوا تو دل کے ہیرو کی طرح دوڑا سینہ چوڑا کر کے۔۔۔۔ کہنے لگا: مجھ سے شادی کر لو۔"

"پھر تم نے کیا کہا؟"

"میں نے کہا: میاں تم سے چار پیسے کا سودا کرنے کو تو تیار نہیں پھر بھلا زندگی بھر کا پٹا کیسے لکھ دوں۔ پھر وہ اور وعدے کرنے لگا تو میں نے کہا میں بنگلور آپریشن کے لیے جا رہی ہوں، بیچارے کا منہ اتر گیا۔" وہ دل کھول کر ہنسی۔

ایلما چلی گئی شمن دیر تک بیٹھی سوچتی رہی۔ سیتل کا مزاج کچھ دن سے بگڑا ہوا تھا، کچھ جھنجھلایا سا رہتا۔ اس کا بے اختیار جی چاہا کہ جا کر اُس کے دل کی باتیں پوچھے۔ سیتل جیسا لاپروا اور بے رحم انسان کیا واقعی ایلما کے رویے سے کچھ ہتک محسوس کر رہا تھا۔ شادی بیاہ کو چھوڑ کر تخلیق انسان کا پہلا فرض ہے۔ خدا نے انسان کو یونیورسٹی میں ڈگریاں لے کر دفتروں میں جھک مارنے کے لیے تو یقیناً نہیں پیدا کیا ہو گا۔ تخلیق، خواہ وہ کسی صورت میں ہو، انسان کی بہترین کمائی ہے۔ تو شاید اپنی کمائی کو ضایع کیا جاتا دیکھ کر اُسے کچھ دکھ ہو رہا تھا۔ عیش و عشرت اور آوارہ گردی کا زبردست حامی ہوتے ہوئے بھی وہ خصلتِ انسانی کے ہاتھوں مجبور ہو گیا تھا۔ شاید اگر ایلما عام عورتوں کی طرح رو تی پیٹتی تو اُس کے احساسات کچھ مختلف ہوتے: تھوڑا سا قانون اور سماج کا بھی ڈر ہوتا اور پھر وہ خود ہی یہ تجویز ایلما کے سامنے پیش کرتا مگر اب تو وہ اُس کی حقارت بھری بے رحمی پر بھنا رہا تھا۔ ویسے اُسے اپنے حصے کے ضائع ہو جانے کی پروا نہ ہوتی مگر یوں ایک بد دماغ لڑکی کو اُسے ذلیل کرنے کا کیا حق تھا؟ یہ نہیں کہ اس نامکمل شے سے اسے کچھ اُنس ہو گیا تھا یا اس کی آئندہ نسل کا انحصار اسی کی ذات

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سے وابستہ تھا، پھر بھی وہ خوش نہیں تھا۔ شاید ایلیما کی جگہ مس لو گا ہوتیں تو اُس کی اس قدر بے قدری نہ ہوتی اور پھر شاید وہ اس قدر حساس بھی نہ ہوتا۔

دو تین دن بعد ایلیما جنوبی ہند روانہ ہو گئی۔ شمن کو اُس کی جدائی کا بڑا رنج ہوا۔ واپسی کے متعلق اس نے نہایت مبہم سے جملے کہے: نہ ہاں نہ نا، وہ عجیب فلسفیانہ جواب دے گئی۔ چلتے وقت اسٹیشن پر اُس نے شمن کو کھینچ کر بڑے جوش سے پیار کیا۔

"میں اب افتخار سے تو مل نہ سکوں گی۔ اگر اتفاق ہو ملنے کا تو یہ پیار تم میری طرف سے پہنچا دینا۔ نہ جانے کیوں مجھے ایسا معلوم ہو رہا ہے جیسے میں اب زندہ نہیں رہوں گی"

"کیا بکتی ہو!"

"پگلی میرا مطلب یہ نہیں، جسمانی طور پر تو میں واقعی ابھی بہت دن زندہ رہوں گی مگر میری روح مر چکی ہے!"

"تمہارے خیالات اور اتنے تاریک!"

"میں جانتی تھی تم اسے بکواس کہو گی، لیکن واقعہ یہ ہے کہ ہم ہندوستانی ایک مقررہ حد سے آگے بڑھتے تو ہیں مگر فوراً دھکا کھا کر لوٹ آتے ہیں، یہ تاریکی ہمارے خون میں رچی ہوئی ہے۔ جہاں تک تخیل کی دوڑ کا سوال ہے کوئی ہماری گرد پا کو بھی نہیں پہنچ سکتا، خوابوں میں تو ہم بڑی آسانی سے پاتال تک کو فتح کر لیتے ہیں لیکن جہاں عمل کا سوال آیا ہم پیچھے گرے۔ یہی دیکھو، افتخار کتنا جوشیلا، کتنا سچا ہے! مگر صرف وہاں تک جہاں تک گفتگو ہی کا سوال ہے۔ وہ جو کچھ سوچ سکتا ہے کاش اس کا تہائی بھی عمل کی صورت میں ظاہر کر سکتا تو وہ ہندوستان کا سچا رہنما ثابت ہوتا۔ نہ جانے کیا ہو جاتا لیکن اگر اسے معلوم ہو کہ میں نے۔۔۔"

"افتخار روشن دماغ ہے!" شمن نے کیمپ کی آخری ملاقات کو یاد کر کے کہا۔

"کتنا بھی روشن دماغ ہو، یہ سیاہی ایک دفعہ تو وہاں بھی اندھیرا کر دے گی۔ میری زندگی میں رہ بھی کیا گیا ہے، صرف اپنے ضمیر کی ملامتیں"

"قوم کی خدمت جس کا تم بیڑا اٹھا چکی ہو"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اس پردے سے بھی منہ جل گیا۔ کچھ نہیں، دنیا میں ہر چیز ذلیل ہے ہم لوگ ایک چیز بڑی شان سے شروع کرتے ہیں مگر جلد ہی آپس کی پھوٹ، خود غرضیاں، پست خواہشات اور چھچھورے خیالات درمیان میں آکر سب کچھ میٹ دیتے ہیں۔ سوائے زبانی بکواس اور تالیاں پیٹنے کے ہمیں کچھ بھی تو نہیں کرنا آتا۔"

"لیکن اس کی کوئی تو وجہ ہے؟"

"وجہ؟ ہماری آبائی توہم پرستی۔ ہم خواہ کہیں چلے جائیں، کچھ سیکھ جائیں، اپنے خون سے اس پست مادے کو دور نہیں کر سکتے جو جنم جنم سے ہماری تمام تباہیوں کا باعث بنتا چلا آرہا ہے۔ ہم پیدا ہی غلامی اور دوسروں کو سجدہ کرنے کے لیے ہوئے ہیں۔ گاندھی نے ہمیں غلامی سے آزاد کرنے کی کوشش کی ہم نے اُلٹا اُسے مہاتما بنا کر پوجنا شروع کر دیا، سارا قومی جذبہ ایک دیوتا کی مہمل پرستش بن کر رہ گیا۔" پلیٹ فارم پر ٹہلتے ٹہلتے ایلما فلاسفر بن گئی، شمن حیرت سے جز بز خاموش رہی۔

"جب ہم ایک دیوتا کو پوجتے پوجتے اُکتا جاتے ہیں تو دوسرا بنا لیتے ہیں، ہماری بلا سے اُس کا رنگ سفید ہو یا سیاہ۔ اگر کوئی ہم سے دنیا میں بغیر دیوتا کے رہنے کو کہے تو ہم کبھی تیار نہ ہوں۔ میں نے تمہارے مذہب کے بارے میں بھی پڑھا ہے۔ مگر مشرقی اور مغربی مذہب میں بھی فرق ہے، اتنا ہی جتنا دیسی اور فرانسیسی شراب میں: ایک سلجھی ہوئی فلاسفی کا خمار ہے تو دوسرا ٹھرے کا جنگلی نشہ، ایک میں عقل ہے تو دوسرے میں سانڈ کا جوش۔ یہاں ہندوستان میں کوئی مذہب سلامت نہیں رہ سکتا، اس پر فوراً بھوانی میّا اور راکھشسوں کی حکومت شروع ہو جاتی ہے۔"

"مگر تم لوگ تو۔۔۔ عیسائی؟"

"سب واہیات، ہم، تم، وہ۔ سب ایک ہی ناؤ میں جھولتے چلے جا رہے ہیں۔ بڑے جوش سے میلے کپڑے اُتار کر نیا جوڑا پہنتے ہیں مگر دم بھر میں کیچڑ میں مچل جاتے ہیں۔ ہم ہر نئی چیز پہ جھپٹتے ہیں، خود نیا بننے کے لیے نہیں بلکہ اُسے بوسیدہ بنانے کے لیے۔ ہم مکڑی کی طرح ہیں جو حسین سے حسین پروانے کو اپنے جالے میں لپیٹ کر فنا کر دیتی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہے، ایسے کہ پہچانا بھی نہیں جا سکتا۔ نمک کی کان ہیں جو کچھ بھی گر جائے نمک بن جاتا ہے۔

"تو تمہارے خیال میں ہندوستان کا مرض لا علاج ہے؟"

"مرض تو کوئی علاج نہیں۔" وہ تھوڑی دیر سوچ کر بولی۔ "مگر ہمارے طبیب ابھی تک مریض کے سرہانے کھڑے مرض کی تشخیص کی کوشش کر رہے ہیں۔ کسی نے گنٹھیا تجویز کی ہے، کوئی کہتا ہے صرف فسادِ خون ہے۔ ہاں یہ سچ بھی ہے۔ یہ خون۔ ہندوستانی خون۔ بہت ہی سیاہ ہو گیا ہے!" وہ اپنی سادھوؤں جیسی آنکھوں سے نہ جانے کس سمت گھورنے لگی۔ گویا ایلما کی صحت گر رہی تھی مگر جسم پر پھل دار درخت کی سی بھاری بھرکم لطافت چھائی ہوئی تھی۔ شمن اُسے خاموش پا کر غور سے دیکھنے لگی، نہ جانے کیوں اس کا گلا بھر آیا۔ اگر ایک درخت قدرت سے جنگ شروع کر دے تو وہ کتنے دن زندہ رہ سکتا ہے! آم بور لگتے ہی مچل جائے اور پھل پیدا کرنے سے انکار کر دے تو؟ مگر ایسا ہو ہی نہیں سکتا، اس بغاوت کا حق تو صرف اشرف المخلوقات ہی کو حاصل ہے کہ اگر وہ قدرت کی ضدیں پوری کرنے کو تیار نہ ہو تو کوئی اُسے مجبور نہیں کر سکتا۔ مگر یہ اس کی سمجھ میں نہ آیا کہ یہ بغاوت اُس نے سیکھی کہاں سے!

ایلما کی ٹرین روانہ ہو گئی تو ہزاروں سوال اُس کے دماغ میں گورکھ دھندوں کی طرح اُلجھتے سلجھتے رہ گئے۔ دل ایک بھاری سے بوجھ کی شدت سے دھنسنے لگا۔ وہ پُر حسرت بوسہ جو ایلما انتظار کے لیے اس کے ہونٹوں پر چھوڑ گئی تھی، انگارے کی طرح دہکنے لگا۔ اس کی امانت محفوظ رہے گی؟ کاش انسان اتنا بزدل نہ ہوتا!

واپسی پر اس نے لان کی بنچ پر سینٹیل کو بیٹھے پایا۔ وہ گھاس کے درمیان جھلکتی ہوئی خشک زمین پر کسی گزرے ہوئے کیڑے کے نقشِ پا ڈھونڈ رہا تھا۔

"گھاس کی جڑ تک کھا جاتے ہیں یہ کیڑے!" اُس نے زنجیر نما لہرے کی طرف اشارہ کر کے کہا۔

"کیا بوٹنی کا مطالعہ شروع کر دیا ہے؟" شمن نے آواز میں طنز کی جھنکار پیدا کر کے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

جواب دیا۔

"نہیں نہیں، ابھی میں نے مالی سے پوچھا یہ ٹینس کورٹ کیوں گنجا ہوتا چلا جاتا ہے تو۔۔ مگر شمن کے چہرے پر دبی دبی ہانسی مسکراہٹ دیکھ کر وہ چپ ہو گیا۔

"اسے پہنچا کر آرہی ہیں؟ یہاں بیٹھ جایئے۔" اس نے ایسے لجاجت سے کہا کہ شمن کو ہنسی آگئی۔ یہ مرد بھی کتنے معصوم ہوتے ہیں! آگ کو ہمیشہ مٹھی میں دبانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہنسی ہنسی میں جیسے کانچ کا گلاس توڑ کر بیٹھا منہ بسور رہا ہو۔ شمن اس کے پاس بیٹھ گئی۔

ظالم اور مظلوم کا فرق بھی بالکل وہم کی سی نوعیت رکھتا ہے۔ اگر اماں بھی سیتل کو مقررہ سزا دے دیتی تو وہ یوں خود اپنے ضمیر کی جوتیاں نہ کھاتا۔ اس کی بے نیازی نے تو خاموش گھٹن کو اور بھی بڑھا دیا۔ کاش سزا پر طمانچہ مار دیا جاتا تاکہ احساس تو ٹھوکریں کھانے سے بچے!

"میں نے اس سے کہا بھی کہ میں تایاجی کی دھمکیوں کی پروا نہیں کرتا۔ میری ماتا کی جائیداد کافی ہے۔" وہ شرکا ہوا بولا اور شمن کو اس پر ترس آگیا۔ لوگ ابھی تک جائیداد و والدین کی دھمکیوں کو اس قدر اہمیت دیتے ہیں گویا پیسہ ہی تو ضمیر کا مول ہے۔ مگر سیتل یہ عذر شمن کے سامنے کیوں پیش کر رہا تھا؟ شاید خود داری مظلومیت کی پناہ میں شکست خوردہ ریزوں کو دوبارہ جوڑنا چاہتی تھی۔

"ٹینس نہیں کھیلیں گی؟" اس نے شمن کو اٹھتے ہوئے دیکھ کر روکا، جیسے اسے تنہائی سے خوف آرہا ہو۔

"میرا ریکیٹ تو مرے پر ہے۔" گو وہ ارادہ کر کے آئی تھی کہ سیتل کی جی بھر کے گت بنائے گی مگر نہ جانے ممتا کی کون سی رگ پھڑک اٹھی کہ وہ بالکل ہی پگھل گئی۔ روتے کو اور کیا چھیڑنا!

ٹینس کے تین سیٹ ختم کر کے جب وہ ہلکی پھلکی کمرے پر پہنچی، تو اس کا ضمیر اس پر ٹھپکار برسانے لگا۔ حیف ہے کہ وہ اپنی سب سے پیاری سہیلی کے دشمن کی دلجوئی کر رہی

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

تھی۔ وہ رُوہانسی ہو کر بیٹھ گئی، جیسے ایمّاں کی چتا پر ناچ کر آ رہی ہو۔ خوفزدہ ہو کر اُس نے منہ پر ٹھنڈے پانی کے خوب چھینٹے دیے۔ آئندہ سے وہ سیتیل سے بات بھی نہ کرے گی۔

لیکن یہ اُس کے بس کی بات نہ تھی۔ یونین کی اتنی اہم عہدہ دار ہوتے ہوئے اُسے سیتیل سے نجات پانا مشکل تھی۔ وہ جب چاہتا اُس سے فرضی معاملات کے متعلق مشورہ کرنے آن دھمکتا۔ کلاس میں، کلاس سے باہر، لائبریری میں، ٹینس لان پر، کھانے کے کمرے میں اور یونیورسٹی کے ہر کونے سے سیتیل نے اُس پر بادلوں کی طرح امڈنا شروع کر دیا۔ ایسا معلوم ہوتا جیسے وہ ایک ننھے سے نکتے میں بھنچی چلی جا رہی ہے۔ یہ گھر اُس کا دم کیوں گھونٹے دیتا ہے؟ قوتِ مقابلہ اتنی شکست اور بدمست کیوں ہوتی جا رہی ہے؟ سیتیل نے تین گھنٹے لائبریری میں اُسے لغو شاعری سنائی وہ سنتی رہی!

وہ پیر سکیڑے آرام کرسی پر اکڑوں بیٹھی بڑھتی ہوئی تاریکی کو آہستہ آہستہ رینگتے ہوئے محسوس کر رہی تھی۔ ڈوبتے ہوئے سورج کی آخری جھلک کمرے کو مسحور کن رنگ میں ڈبوئے ہوئے تھی کہ اچانک اُس کے دماغ میں ویسلین اور لیونڈر میں ملی جُلی ایک شیریں سی بساند نے چونکا دیا۔ وہ اس لیسلی لپٹ سے دماغ کو چھڑا کر پیچھے مڑی۔ سیتیل ورزش کے بعد پسینے میں نہایا ہوا اُس سے کچھ پوچھ رہا تھا۔ اُس کے لمبے لمبے بال بھرے بازو عریاں تھے اور پنڈلیاں پسینے سے چمک رہی تھیں۔ نہ جانے کیا ہوا کہ شمن کا دم گھٹنے لگا، معلوم ہوا کسی نے اُسے گوشت پوست کے انبار میں لپیٹ کر جکڑ دیا۔ لمبی لمبی سانسیں بھر کے وہ سنبھلی اور بدحواسوں کی طرح بھاگی۔ غسل خانے کے نل سے اس نے گٹ گٹ کر پانی پیا اور دیوار سے لگ کر بکھرے ہوئے ذرّوں کو سمیٹنے لگی۔ دیر تک ایک اُبکائی کا سا احساس اُس کے دماغ میں پھنسا رہا اور وہ نڈھال پلنگ پر پڑی رہی۔

کھانے کی میز پر باوجود سیتیل کے شدید اصرار کے وہ وہاں سے اپنے بھاگنے کی کوئی معقول وجہ نہ بتا سکی۔ نہ ہی اُسے کچھ معلوم تھا۔ اس کے وجود نے بھاگنا

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

چاہا اور بغیر کچھ سُنے بھاگ نکلا۔ کہتے ہیں بہت سے حیوان طوفان کی آمد سے پہلے پناہ گاہوں کو بھاگ نکلتے ہیں۔

اور افتخار؟ اُس کے خیال ہی سے غم و غصہ سے اس کا سر بھاری ہو جاتا۔ کیا بات تھی جو افتخار میں سیتل سے مختلف تھی؟ جس نے اُس کے وجود میں اس بلا کی کشش پیدا کر دی تھی؟ جہاں تک صورت شکل اور دولت کا سوال تھا وہ سیتل سے میلوں ہارا ہوا تھا پھر بھی سوائے مس بوگا کے اس سے سب لڑکیاں چڑتی تھیں۔ کیا عجب جو الیما نے بھی سیتل کے جسم میں افتخار ہی کی جستجو کی ہو اور نا اُمید ہو کر لوٹ پڑی ہو۔ امتحان سر پر آ گئے اور سیتل کی ساری نفرت، خوف اور کشش کو بھول کر اُس نے کتابیں سنبھال لیں۔

(۳۲)

امتحان کا نتیجہ آنے سے پہلے سستی اور بیکاری کے لمبے چوڑے دن گپ بازی میں کاٹنے دشوار ہو گئے۔ بورڈنگ میں رہتے رہتے اُسے گھر سرائے معلوم ہونے لگا تھا۔ بی۔ اے کے بعد ایک طرح تعلیمی جنکشن پر اتر کر ذرا اِدھر اُدھر نگاہ ڈالنے کی فرصت ملی: گھر میں بچوں کی تعداد دگنی ہو گئی تھی، بھائی کمانے میں جٹے ہوئے تھے اور بھاوجیں پود بڑھانے میں مشغول معلوم ہوتا تھا زندگی کو ٹوٹے ہوئے چھکڑے کی طرح ہر ایک آ گے گھسیٹنے میں مشغول ہے، کوئی بھی تو مرمت کے لیے دم نہیں لیتا۔ چولیں ڈھیلی، پہیے بھاگ نکلنے کو تیار، چھت غائب، پیندے میں چھلنی جیسے چھید مگر بیل کی گردن پر جُوا مضبوط اور لاٹھیوں کے ٹھوکے جاری جو کسی سے روک کر پوچھنا چاہو کہ "بھئی کہاں کا قصد ہے"؟ تو ہکا بکا ہو کر جواب ملتا ہے: "کہیں کا نہیں! اس دنیا میں ایک دفعہ آنے کے بعد سوائے قبر کے اور کہاں جا سکتا ہے ہم گرتے پڑتے سب ایک ہی نشان کی طرف دوڑتے چلے جا رہے ہیں اس امید میں کہ وہاں جنت ملے گی۔ دفتر سے بے فکر مزے سے گزرے گی، حوریں ملیں گی اور

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جواہرات کے محل۔ جو کچھ سمیٹا جا سکے وہیں کے لیے اٹھا نو۔ ٹھوس ٹھاس ایک بار وہاں پہنچ جائیں تو پھر وارے نیارے ہیں۔ اگر جنت کی تاک میں دنیا دوزخ بنتی ہے تو کچھ پروا نہیں۔

چھٹیوں میں انور، برکت، عباس اور سنیل کے خط آئے۔ افتخار اور ایلما خاموش رہے۔

شمشی کا میاں انگلینڈ سے مغربی بنیا بن کر آگیا۔ مس لوگا نے فلسفے میں ریسرچ شروع کر دی اور شمن ہر نتیجہ سننے کے بعد اس کی سمجھ میں نہ آیا کہ اس شمن کا کیا کرے؟ زندگی کی گاڑی گھسٹونے کے لیے کئی وضعدار پھیٹے ساتھ دینے کو موجود تھے مگر کسی کا دھرا کمزور، کسی کا حال ڈھیلا۔ ڈپٹی کلکٹریاں محدود، پولیس کا دائرہ مقرر، بنگلات میں پالہ لبریز۔ زمانے کی افرا تفری کو دیکھتے ہوئے مس شمشاد نے ایک قومی اسکول کی سرپرستی قبول فرمالی۔

اسکول کی عمارت ایک دریا دل رئیس کی بے کار کوٹھی تھی جو انہوں نے بلبہ زبان لوگوں کی بکواس سے بچنے کے لیے اپنی منہ چڑھی طوائف کے لیے آبادی سے ہٹ کر بنوائی تھی اور جہاں سے ہر کرایہ دار چھپکلیوں اور مچھروں سے تنگ آکر بھاگ چکا تھا۔ اسکول کا باقی سامان کسی اور بگڑے دل رئیس کی نائکہ کی بنچوں اور نیلام کی میزوں پر مشتمل تھا۔ ایک اور رئیس، جن کے باپ دادا کو ادب سے لگاؤ تھا، لائبریری مہیا کرنے پر تل گئے تھے۔ چونکہ کوڑا کرکٹ پھینکنے کے لیے کوئی کنواں میونسپلٹی کی زیادتی سے دستیاب نہ ہو سکا اس لیے دنیا بھر کی واہیات اور لغو کتابیں، جنہیں مصنف کے بعد شاید کاتب نے پڑھا ہو، اپنی تمام بھیانک ضعیفی کے ساتھ آن موجود ہوئیں۔ جتنی لڑکیاں رجسٹر میں درج تھیں اس کی نصف تو شاید کبھی پیدا ہی نہیں ہوئی تھیں۔ چار اسسٹنٹ معلمات تھیں جنہیں بیس روپیہ مہانہ دے کر پچیس روپیہ کی رسید لی جاتی تھی۔ بیچاریاں غربت اور بیوگی کی لعنت میں گرفتار تھیں ورنہ محکمہ تعلیم سے ان دکھیاریوں کا تو دور کا بھی واسطہ نہ تھا۔ دو چپراسنیں تھیں جو خوشحال دنوں میں نائکہ کی لطیف خدمات بڑی خوش اسلوبی سے انجام دے چکی تھیں۔ ایک چپراسی تھا جو منیجر صاحب کا باورچی، بیرا، فراش اور بچوں کی گورنس کی خدمات کے علاوہ انسپکٹرس کے آنے پر بھورا کوٹ اور سفید صافہ باندھ کر مودب کھڑا کرنے کے کام بھی آتا تھا۔ اسکول کی تمام کارآمد کرسیاں اور میزیں خالی اوقات میں منیجر

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

صاحب کے ڈرائنگ روم کو زینت بخشی رہتی تھیں۔ چاروں استانیاں زیادہ تر اُن کے بچوں کی مرغیاں، لحاف اور کمبل کے کرتے سیا کرتی تھیں۔ اس کے علاوہ انہیں کشیدے کے کام سے بہت لگاؤ تھا اور یہ استانیاں بچرنگے ڈوروں سے اُن کے غلافوں پر سویٹ ڈریم اور فورگٹ می ناٹ، بہت صفائی سے کاڑھا کرتی تھیں۔

اِن میں سے ایک استانی رضیہ بیگم کو تیس روپیہ کی رسید پر پچیس روپے تنخواہ ملتی تھی۔ ہر ماہ منیجر صاحب یہ زاید پانچ روپے اپنی جیب سے ادا کرنے کی دھمکی دیتے مگر پوری نہ کرتے۔ ان کی آمد پر مسز منیجر نے فینائل اور ٹنکچر آئیوڈین وغیرہ پینے کی عملی دھمکیاں دی تھیں۔ رضیہ بیگم بھاری جسم کی ادھیڑ عمر بیوہ تھیں۔ قرآن شریف کے علاوہ اُردو اور ذرا سی فارسی سے بھی واقفیت رکھتی تھیں۔ کبھی خاصی قبول صورت ہوں گی مگر برص کے سفید داغوں نے ذرا بدہیئت کر دیا تھا۔ لوگوں کا کہنا تھا کہ داغ پرانے تھے مگر مسز منیجر کا خیال تھا کہ یہ اُن کے وظیفوں اور اُن کے پیر کی دعاؤں کا الٹا عکس تھا جو رضیہ بیگم پر پھٹکار بن کر برس رہا تھا۔

رضیہ بیگم سے سوائے نرانٹ چپراسنوں کے سب ہی مرعوب تھے۔ یہ چپراسنیں اُن کی گزشتہ زندگی کی بہترین راز دار تھیں۔ اُن سے بہت بے تکلفی تھی اور بڑی والی بڑھیا تو انہیں رجو بی بی کہا کرتی تھی۔ رجو بی کا زیادہ وقت مونگ پھلیاں ٹونگنے اور منیجر صاحب کے سویٹر بننے میں صرف ہوتا تھا۔ یہ سویٹر وہ اس قدر پیچیدہ نمونوں کے بنا کرتی تھیں کہ دماغ اُلجھ کر رہ جاتا۔ پڑھاتی خاک تھیں لڑکیاں البتہ یا اُن کا اُون سلجھایا کرتیں یا اُن کے سر میں چٹکیاں بھرا کرتیں، اور چپراسنیں بیٹھی انہیں محلے ٹولے کی عاشقیوں کے قصے سنایا کرتیں یا بڑی استانی جی، یعنی شمن، کی بدچلنیوں پر مباحثہ کیا کرتیں۔ شمن سے پہلے بھی دو ہیڈ مسٹریسیں ہیرٹ کے پاس آئیں مگر تین تین مہینے بعد بھاگ نکلیں۔ شمن کی آمد پر نہ جانے کیوں مسلم گھرانوں کی توجہ تعلیم کی طرف تیزی سے مبذول ہو گئی۔ دیکھتے ہی دیکھتے دو عیسائی عورتوں کا اضافہ ہو گیا، داخلے بھی تیزی سے ہونے لگے۔ ایک گریجویٹ ہیڈ مسٹرس کا لالچ لے آیا۔ منیجر صاحب اعلیٰ خاندان کی لڑکیاں بھی پھانس لائے مگر یہ اعلیٰ خاندانی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

صاحبزادیاں دواؤں، اناؤں اور ایسی ہی گھنی گھنائی بڑھیوں کی نگرانی میں کالج کے گلاس بن کر آتیں، چاروں طرف اٹھلاتی پھرتیں اور پھر اُن کی موٹریں، بگھیاں آجاتیں اور وہ چل دیتیں۔

شمن کی آمد سے پورا انقلاب آگیا؛ آگے آگے وہ اور پیچھے پیچھے منیجر صاحب اُسے عجوبۂ روزگار بنائے لیے پھرتے۔

"صاحب مسلمانوں میں ہیں کہاں تعلیم یافتہ لڑکیاں؟" اور لوگ بھی اُسے ایسے گھورتے گویا اس کے منہ پر سونڈ لٹک رہی ہے۔ کام کی بات یہ ہوئی کہ انسپکٹرس شمن کے کالج کی پرانی طالبہ نکلیں اور یہ رشتہ اس قدر مؤثر ثابت ہوا کہ گورنمنٹ کی گرانٹ بڑھ گئی اور منیجر صاحب گھنٹوں برآمدے میں سونگھنے کے بجائے ڈرائنگ روم میں بیٹھنے لگے۔ مگر وہاں بیچارے حد درجہ بدحواس رہتے اور انسپکٹرس یا اُن کا کُتا آجاتا تو ہڑبڑا کر کھڑے ہو جاتے۔ ویسے بھی اس کی قوم پرستی کی دھاک بیٹھ گئی۔

آن واحد میں دنیا بدل گئی۔ اسکول میں نیا فرنیچر، نقشے اور تصویریں نظر آنے لگیں۔ ٹاٹ پر بیٹھنے کی عادی لڑکیاں بنچوں پر اکڑوں بیٹھنے کی مشق کرنے لگیں اور شمن نے بڑی شدومد سے عمارت کو پیوند پارسے لگا کر درست کرنا شروع کیا، چھپکلیوں کے خلاف جہاد بول دیا۔ مس ٹامس اور مس الگزنڈر نیلی اور سُرخ روشنائی سے بیچ بیچ کے ٹائم ٹیبل بنانے لگیں۔ لائبریری کی بھربھری بوسیدہ کتابوں کی سنبھال کر ٹانکہ زنی کی گئی۔ دو چار دن تو بہ جبر سینے پر پتھر رکھ کر چپراسنیں بھی مقررہ بنچوں پر بیٹھے طوطوں کی طرح جمی رہیں، رضیہ بیگم نے بھی مونگ پھلیاں ڈیسک میں چھپا دیں اور چپراسی نے دفعتاً دروازے کے بیچ میں لٹکے ہوئے گھنٹے کو پیٹ دیا۔ گھنٹہ بجاتے وقت شدتِ احساس سے اس کے کان سرخ ہو جاتے اور گاڑی والے اپنی گپ بازی اور چلمیں چھوڑ کر ٹوٹے ہوئے موٹر خانے سے اُسے بغور دیکھ کر مسکرانے لگتے۔ مگر کچھ دن بعد ہی ان بندشوں کا جادو دفنا ہو گیا۔ رضیہ بیگم کرسی پر ہی پالتی مار کر منیجر صاحب کے بیہودہ سویٹر بُننے لگیں، چپراسنیں حسبِ معمول دہلیز پر پھسکڑا مار کر ٹپاری لگا بیٹھیں، گھنٹہ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بنانے کی ہوڈگری نقشے کی کیل ہٹو کرنے لے جائی گئی اور پھر قرآن والی انسانی جی کے کمرے میں اُن کی چھپا لیا کی ڈلیاں توڑنے کے لیے محفوظ ملی۔ شمن نے مغربی بردباری اور سنجیدگی سے بکھرتے ہوئے شیرازے کو سمیٹنے کی کوشش کی مگر وہاں تو جیسے نمک سابقہ گرہ شروع ہو گئی۔ ہر چیز اُس کی آنکھ بچتے ہی پھسل پڑتی اور محل کرنا بولے سے باہر ہو جاتی۔ کرسیاں اور میزیں اور گملے منیجر صاحب کے یہاں دعوت میں مستعار گئے اور پھر لوٹ کر نہ آسکے۔ چپراسی پھر باقاعدہ اپنے پرانے عہدے پر واپس چلا گیا اور دونوں عیسائی استانیاں پڑوس کے قومی اسکول کے ماسٹروں سے روز بروز زیادہ مانوس ہوتی گئیں۔ لائبریری کی کل جانمازیں کتابیں مسز منیجر اور اُن کی سہیلیاں پڑھنے کو لے گئیں جو پھر اگر واپس آئیں تو چیتھڑے ہو کر اور دال سالن میں لتھڑی ہوئی۔

رضیہ بیگم نے تو ایک مستقل محاذ قائم کر لیا جس میں دونوں چپراسیں بڑے جوش و خروش سے شریک ہو گئیں۔ لڑکیاں دن بھر آم اور بیر کے درختوں کے نیچے کشتیاں لڑتیں اور شمن کو ایسا معلوم ہوا کہ کوئی غیبی ہاتھ اس کے بنائے ہوئے گھروندے کو ڈھانے پر مصر ہے۔ جتنی جتنی اُس نے سختی برتی عملہ بپھرتا ہی گیا۔

رضیہ بیگم اور ان کی دلیوں کی کوشش نے اُسے بدحواس کر ہی رکھا تھا کہ مسز منیجر مع اپنے غلیظ اور نامعقول بچوں کی فوج کے اسکول کے معائنے کو آن دھمکیں۔ پتہ نہیں انھیں یہ عہدہ کب اور کیوں دیا گیا تھا۔ اصل وجہ کچھ اور ہی تھی۔ انھیں بڑے معتبر ذریعے سے معلوم ہوا کہ لڑکیاں کچی امیاں بڑی بے رحمی سے کھانے میں مشغول تھیں۔ یہ قیمتی امیاں علاوہ اچار چٹنی کے اُن کے گھر کا سال بھر کا کھٹائی کا اسٹور مہیا کرتی تھیں اور خود منیجر صاحب کو ان کی حفاظت کی فکر گھن بن کر کھائے جاتی تھی۔

"یہ تو ہونے سے رہا کہ میں لمبا سا بانس لے کر نگرانی شروع کر دوں۔" اُس نے اُن کا دُکھڑا سن کر رکھائی سے کہا، "بچیوں کو تو میں نے منع کر دیا ہے مگر استانیوں کو کیا کہوں؟ جو کھٹائی سکھانے کے لیے توڑتی ہیں؟"

"ہاں بہن یہی تو مصیبت ہے۔ میں نے کتنی دفعہ کہا ان کمبختوں سے مگر نہیں مانتیں۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

یہ رضیہ بیگم تو سب سے پیش پیش ہیں۔ بھلا تم ہی بتاؤ بہن، بھلا ان کی عمر اب کچی امیوں کی ہے؟ بڈھی گھوڑی! "

"میں نے منع کیا تو انہوں نے کہا وہ آپ کے لیے اچار بنا رہی ہیں۔"

"خاک میرے لیے اچار بنا رہی ہے اس کا بس چلے تو میرا ہی اچار بنا دے۔۔۔ آپ کو نہیں معلوم۔۔" وہ رازدارانہ انداز میں پاس سرک آئیں۔

"بہن کیا بتاؤں؟" بڑی حسرت سے بولیں "یہ اسکول کا تو اللہ مارا بہانہ ہے۔ چھ بچوں کے باپ مگر گن دیکھو تو اللہ توبہ۔ اس رضیہ کے پیچھے دنیا زمانے کے غنڈے لگے پھرتے ہیں اور اللہ کے بندے نے اس کے سپرد شریف بچیوں کو کر رکھا ہے۔ میں نے تو کہہ دیا ایک دفعہ کہ پڑھنا وڑھنا تو خاک نہیں ہاں دو چار آنکھ لڑانے کے گر ٹھیک سکھا دیں گی۔" شمن ہنسی دبائے ان کی باتیں سنتی رہی۔ امیوں کی رکھوالی کا پختہ وعدہ لے کے مسز مینیجر چلی گئیں تو دیر تک شمن رضیہ بیگم ہی کے متعلق سوچتی رہی۔ ان کی جوانی ڈھل چکی تھی پھر ان میں ایسی کون سی خطرناک ادا باقی رہ گئی تھی جس نے مسز مینیجر کو بار جو اس کر رکھا تھا۔ اگر کوئی جوان لڑکی ہوتی تو خیر ایک بات بھی تھی مگر اپنی ہم عمر اور نسبتاً بدصورت عورت میں انہیں کہاں سے خطرہ نظر آ رہا تھا۔

"اچار میں بھی خاص ساڑالتی ہوں مگر انہیں تو اسی مردار کے ہاتھ کا پسند ہے، اسی کی چٹنی پہ دم جاتا ہے۔ دیکھ لینا ایک دن ان کی چٹنی نہ بنا کر رکھ دے تو نام بدل کے رکھ دینا۔" وہ کس وثوق سے کہہ گئی تھیں۔ تو کیا مینیجر صاحب رضیہ کی چٹنی پر عاشق تھے؟ شمن کو ہنسی آ گئی۔ یقیناً عشق نرالا تھا اور چٹپٹا بھی۔ یعنی اچار چٹنیوں کے ذریعے بھی عاشق پھنسائے جا سکتے ہیں۔ چٹنی کھاتے وقت اسے کبھی شبہ بھی نہ ہوا تھا کہ اس کا اتنا ہولناک مصرف بھی ہو سکتا ہے۔

شمن کا کمرہ اسکول سے ملحق ذرا جاندار حصے میں تھا۔ سامنے اس نے چھوٹا سا باغیچہ بنا لیا تھا جہاں وہ شام کو آرام کرسی پر لیٹ کر سامنے میدان میں کھیلتے ہوئے بچوں کو دیکھا کرتی تھی۔ بازو کے برآمدے سے گزر کر ایک چھوٹی سی کوٹھری تھی جو رضیہ بیگم

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کو دے دی گئی تھی۔ ایک چپراسن دوسرا ہیٹ کے لیے اُن کے ساتھ رہتی تھی۔ اسکول کے بعد وہ کوٹھڑی کے سامنے پلنگڑی پر بیٹھ کر منیجر صاحب کے تکیوں کے غلاف کاڑھا کرتیں۔ نہ جانے انہیں اتنے غلافوں کی کیوں ضرورت پڑتی تھی، ضرور بیوی پار کر دیتی ہوں گی۔ رضیہ بی کے کاڑھے ہوئے سویٹ ڈریم سے اُن کی بیچاری کی اپنی نیند اڑ جاتی ہو گی۔ اب جیسے آموں کا موسم شروع ہوا تھا وہ امیاں چھیل کر چٹنیاں پکایا کرتی تھیں۔ کتاب اور اخبار کو بھول کر شمن اُن کے افسانے کو پڑھنے کی کوشش کرتی۔ رضیہ بیگم صورت سے کافی ہوشیار اور پکی معلوم ہوتی تھیں۔ اُن کی زندگی کچھ معصوم نہ گزری ہو گی کاش کوئی اُن کی کتاب زندگی کے دو چار ورق الٹ دیتا۔ منیجر صاحب کو وہ بھائی جان کہتی تھیں مگر اس لہجے سے کہ لفظ "جان" پر بیچاری مسز منیجر کی جان ہی تو نکل جاتی۔ کہتے ہیں عورت عورت کو پہچان لیتی ہے، مگر پھر یہ کیا چیز تھی جو انہیں ڈرائے ہوئے تھی اور شمن کو وہم معلوم ہوتا تھا۔

داخلے اور روزانہ حاضری کے رجسٹر بنانے کے لیے اُسے کسی مددگار کی ضرورت ہوئی تو منیجر صاحب نے اپنے جان پہچان والے دو ماسٹروں کو بھیج دیا جو روز شام کو آ کر اُسے اور دونوں نئی عیسائی استانیوں کو جمع تفریق کی مشقیں از سر نو کرانے لگتے۔ ضرورت سے زیادہ بیکار خانے نکتوں سے بھرنا، مہینے بھر کی حاضری جوڑ کر اُسے سال بھر کی حاضری میں سے گھٹانا اور پھر دنیا بھر کی الابلا کو گڈ مڈ کر دینا۔ کتنی لڑکیاں ڈرائنگ لیتی ہیں اور کتنی فارسی۔ چونکہ یہ دونوں مضمون اسکول میں سکھائے جاتے تھے اس لیے یہ خانے نکتوں سے پُر کرنا۔

کبھی تو حبیب اور اکرم دونوں آتے اور کبھی حبیب اکیلے۔ اور جب رجسٹروں کا جھگڑا ختم ہو گیا تب بھی کسی نہ کسی بہانے سے پھیرا لگاتے رہے۔ کچھ کتابوں وغیرہ کا لین دین شروع کر دیا۔ ان کی ضرورت کی کتاب ساری لائبریریوں کو چھوڑ کر صرف شمن کی لائبریری ہی میں ملتی۔ حد یہ کہ حبیب کی توجہ ناقابل برداشت حد کو پہنچ گئی لہٰذا آہستہ آہستہ اُن کے پیچھے ڈھیلے کرنے شروع کیے، ایسے کہ وہ محسوس نہ کریں مگر انہوں نے تو نرا اپنا

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کی صفت اختیار کرلی اور جتنا اُکھاڑا جمتے ہی چلے گئے۔ وہ آتے اور ہکلائے ہوئے بدحواس سے بیٹھے رہتے۔ اُن کی اس قابلِ رحم گھبراہٹوں پر شمن مسکرایا کرتی۔ ضرورت سے زیادہ مہنگے سنگھار کرکے آنا شروع کیا اور شمن کی رُکھائی پر مکمل مریضِ عشق بن گئے۔ مگر خاموش اور مسکین ایسے کہ مجسم سوال ہیں مگر زبان بند۔ یہ بوکھلاہٹ بھی کچھ کم مضحکہ خیز نہ تھی۔

اس میں اُس بیچارے کا کیا قصور تھا؟ جاہل خاندان کا تعلیم یافتہ، عمر میں شاید پہلی مرتبہ ایک غیر اور شریف عورت سے آمنے سامنے بیٹھ کر گفتگو کرنا۔ ویسے لڑکیاں تو بہت دیکھی تھیں مگر تاک جھانک کر، اب جو یہ جیتی جاگتی، لو دیتی بھالتی مورت دیکھی تو سوائے عاشق ہو لینے کے اور کچھ سمجھ میں نہ آیا۔ سیدھے سادے آدمیوں کو چلتا پھرتا دیکھ کر حیرت نہیں ہوتی لیکن نٹ کو بانس کی نوک پر قلابازیاں لگاتے دیکھ کر ششدر ہونا ہی پڑتا ہے۔ تو شمن نے بیچارے کو بازیگر کی طرح مسحور کرکے گنگ کر دیا تھا۔ اس اُلجھے ہوئے جذبے کو وہ عشق سمجھ رہا تھا اور اس بغیر معقول وجہ کے عاشق ہو جانے سے شمن کو جلن۔ جنسِ مخالف ہونا معشوقہ بننے پر تو مجبور نہیں کرسکتا اور نہ ہی ہر مرد کو عورت پہ عاشق ہونے کا حق ہے۔

شمن کو اس پر ترس بھی آتا اور غصہ بھی۔ اُس نے تخیل ہی میں اس کی آئندہ زندگی: ایک مختصر مکان میں معمولی سی بیوی اور غیر معمولی تعداد میں بچے غربت کی گود میں پلتے دیکھ لیے۔ یہ لوگ بس زندگی میں ایک بار اپنے طبقے کو چھوڑ کر عشق رچا لیتے ہیں خواہ وہ یک طرفہ ہی ہو۔ مگر ناکامی لازمی نتیجہ ہے اور شاید ایسا عشق کرکے ناکام ہونا ہی اپنی خوش نصیبی سمجھتے ہیں۔ یہ درمیانے طبقے کا کم حیثیت لڑکا چھانٹ کر اپنے آسودہ حال پروفیسروں کی لڑکیوں جس سیٹھ کے دفتر میں وہ چالیس روپیہ کا نوکر ہو اس کی اکلوتی لڑکی پر عاشق ہو بیٹھتا ہے۔ اگر اچانک کبھی ایسے عشق میں کامیاب ہو جائے تو بھونچکا سا رہ جاتا ہے۔ اسے اچکا کر لے جانے سے بھی خواب چورا چورا ہو جاتا ہے۔ دریا میں ڈوب کر بھی پیاسا رہ جاتا ہے۔ وہ تو عشق صرف نام رہنے کے لیے کرتا ہے تاکہ اُس کے قصے اپنی نئی دلہن کو ٹھنڈی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سانسیں بھر بھر کر سنایا کرتے۔ رنڈی کو اپنی بیوی کا رقیب بنانے میں وہ ہتک محسوس کرتا ہے۔ نچلے طبقے کا ہوتے ہوئے بھی وہ عشق جیسے بلند جذبے کو بلندی ہی پر رکھنا چاہتا ہے۔ اپنی بیوی سے کبھی محبت نہیں کرتا مگر اُس کے جنے ہوئے کیڑوں کی پرورش میں انسان سے چرخا بن جاتا ہے، اس کی بیماری پر ہاتھ پیر پھیلا لیتا ہے اور ذرا روٹھ جاتی ہے تو ہاتھ جوڑ کر منا لیتا ہے۔ اپنی محبوبہ کا رتبہ بہت بلند سمجھتا ہے مگر اُسے اپنی بیوی سے کم معصوم اور پارسا جانتا ہے۔ اس محبوبہ کو وہ روحانی تمازت کے لیے اپنی شخصیت میں چھپا لیتا ہے۔ اگر اصلی نہیں تو خیالی ہی سہی، وہ ہر طرح اس سے لطف اندوز ہو لیتا ہے۔ جب بیوی حاملہ ہوتی ہے یا میکے چلی جاتی ہے تو اُسے بڑی احتیاط سے نکال کر عشقِ حقیقی سے جی بہلاتا ہے اور یہی خیالی رقیب دور بچھڑی ہوئی بیوی کے سینے میں رشک کی آگ بھڑکا کر اس کی محبت کو اور بھی پختہ کر دیتا ہے۔

جی گھبرا اٹھا تو وہ ٹہلتی ہوئی آم کے پیڑوں کی طرف نکل گئی۔ رضیہ بیگم بان کے پلنگ پر کھڑی چھڑی سے آم جھاڑنے میں مصروف نظر آئیں۔ نہ جانے کیوں وہ اس ادھیڑ عمر عورت کو بوالہوس لومڑی کی طرح کچی امیوں کی تاک میں بیٹھا دیکھ کر چڑ گئی۔ سچ کہتی تھیں مسز منیجر کہ کچی امیاں کھانے کی بھی ایک بالپن کی عمر ہوتی ہے۔ واقعی بڑھی گھوڑیوں کو ایسے بلک کر آموں پر ٹوٹ پڑنا زیب نہیں دیتا۔ لیکن فوراً ہی اُسے یاد آ گیا کہ وہ تو منیجر صاحب کی چٹنی بنانے کے لیے توڑ رہی تھیں!

شمن کو دیکھ کر وہ سوئے ادب پلنگ سے اُتر آئیں اور کنواری لڑکیوں کی طرح جھینپ کر سر ڈھانکنے لگیں۔ ان کی یہ چہرے پر کے آثار پیدا کرنے والی ادا کا مطلب اب تک اُس کی سمجھ میں نہ آیا۔ وہ اتنی بڑی تھیں مگر بہت کم عمر اور چھوٹی سی بن کر دبکے دبکے، کر کے اٹھلانے لگتیں اور گھبرا گھبرا کر بار بار سر ڈھانکتیں اور نیچی نظروں سے شرما کر مسکرانے لگتیں۔ ان کی اس ادا سے آگ لگ اٹھتی مگر شاید ان کی یہی ادا منیجر صاحب کے کلیجے پر چھری چلا گئی ہو۔

بڑے پیار سے انہوں نے گری ہوئی کیریاں جمع کیں اور اپنی کوٹھڑی کی طرف

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

چلی گئیں۔ رضیہ بیگم بڑی سگھڑ تھیں۔ یہ بہتری تھی کہ بہتری ان کی صفائی اور خوش مذاقی کا نمونہ بنی رہتی۔ سامنے در کے اوپر گلابی بیل چڑھا رکھی تھی۔ کیاریوں میں ساگ اور دھنیا پودینہ بو لیا تھا۔ دو چار گملے بھی رکھے تھے۔ شام کو چھڑکاؤ کر کے ننگی پلنگڑی بیگم کی طرح صاف ستھرے کپڑے پہن کر بیٹھتیں اور چپراسن سے محلے کی خبریں سنا کرتیں گو وہ فیشن ایبل نہ تھیں پھر بھی اچھا خاصا بنا ٹھنا ان کی تراش کے جمپر پہنتیں ہی پاجامہ ٹخنے ہی رہتا مگر کرتے کے بجائے قمیص یا جمپر پہنتیں۔ تندرستی اچھی تھی کپڑا خوب کھلتا تھا۔ عموماً ہلکے خوشگوار رنگ اچھے لگتے تھے۔ ان کے برخلاف مسز بلنچرڈ بیچاری ہمارے ذرہ بھر کی بھیڑ بھاڑ اور ہمیشہ بدحواس رہتیں۔ ایک بچہ کسی نہ کسی صورت میں ان پر چھایا رہتا۔ نہ تو انہیں کپڑوں کے بجائے جمپر پہننے کی مہلت اور نہ اچار چٹنیاں بنانا آیا تھا۔ شادی کے بعد سے وہ خود ایک مستقل اچار بن کر رہ گئی تھیں۔ گھر جیسے گودڑ کی پوٹلی جس میں صرف چیتھڑے اور الجھے ہوئے تاگے بھرے تھے۔ گو منیجر صاحب نہایت اعلیٰ قسم کے بدذوق انسان تھے مگر پھر بھی کبھی کبھی گھبرا اٹھتے اور اسکول کی عمارت کے معائنہ کا بہانہ بنا کر رضیہ بیگم کی صاف ستھری پلنگڑی پر آن بیٹھتے اور اپنے جوانی کے شاندار کلب کا لطف اٹھا لیتے۔ رضیہ بیگم ان سے پردہ نہ کرتی تھیں مگر عجب معشوقانہ انداز سے ہمیشہ کسی چیز کی آڑ سے ایسے کھڑی ہو کر بات کرتیں کہ نصف نظر آتیں، نیز کیوڑوں کی بھینی خوشبو بھی تھوڑی بہت پہنچ سکتی۔ منیجر صاحب نہایت کھرے اور اپنی صاف گوئی کی بدولت بڑے غیر مقبول تھے مگر انہیں دیکھتے ہی مذاقیہ چھینٹے کسنے شروع کر دیتے:

"کہیے کیا حال ہے۔ آپ کی بدمزاجی کا؟" وہ ہمیشہ اسی طرح ان کی مزاج پرسی کرتے۔

"کوئی تازہ جھڑپ ہوئی مہترانی سے؟"

"میری کیوں جھڑپ ہوتی؟ وہ ہے ہی آپ کی منہ چڑھی، میری تو بات بھی نہیں سنتی۔"

اسکول کی عام صفائی رضیہ بیگم کے سپرد تھی۔ منیجر صاحب کہتے تھے کہ جب اسکول بڑھ جائے گا تو بورڈنگ کی منتظمہ رضیہ بیگم ہی بنائی جائیں گی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"وہ آپ کے کُرتے تیار رکھے ہیں، چپراسی کو دے دوں یا آپ خود لیتے جائیں گے۔" وہ اٹھلا کر پوچھتیں۔

"نہیں میں خود ہی لے جاؤں گا۔" وہ نہ جانے کیوں سٹپٹا جاتے۔

"وہ اچار دانی آپ کے گھر میں توڑ ڈالی گئی، اب اگر اچار کھانا ہو تو گھر سے برتن بھجوائیے۔"

"ہاں وہ بچوں نے توڑ ڈالی، میں دوسری بھجوا دوں گا۔"

"پرانا سویٹر بھیج دیجئے گا، ادھیڑ کر نیا نمونہ ڈال دوں گی۔"

"میں بنا بنایا ادھیڑ دوں گی!" وہ حیرت سے مسکراتے۔

"تو کیا ہوا، کام ہی کیا ہے اور مجھے؟" وہ ٹھنڈی سانس کھینچ کر کہتیں حالانکہ چند روز پہلے شمن نے اُن سے لائبریری کی کتابوں پر نمبر لگانے کو کہا تھا تو کام کی زیادتی کی شکایت شروع کر دی تھی اور آج کس مزے سے سویٹروں کی اُدھیڑ بُن کو تیار تھیں! ادھر حبیب کا رویہ صبر آزما ہو گیا۔ اب اگر وہ ٹال دیتی اور مل نہ سکتا تو پرچہ ہی دے جاتا۔ آہستہ آہستہ اس پرچے کی صورت، چند لائنوں سے صفحوں میں تبدیل ہو گئی اور علاوہ دستی آنے کے ڈاک سے بھی آنے لگے۔ کئی بار کی شدید کوششوں کے بعد اگر کبھی ملنے کا موقع بھی ملتا تو غریب بدحواس اور مبہوت سا بیٹھا رہتا۔ شمن کو اس سے کوفت ہونے لگی۔ نہ جانے دل کے کس کونے میں خوشنودی کے لیے اُسے لٹکا رکھا تھا۔ اُس سے کسی قسم کا لین دین کرنے کا قصد نہ تھا مگر اس کے وجود سے ایک طرح کی قلبی طمانیت ضرور حاصل تھی۔ جب وہ آتا تو نہ ہی اُس کا دل اُلٹا سیدھا دھڑکتا اور نہ خون میں سنسنیاں پیدا ہوتیں پھر بھی بعض وقت تو اُسے ملاقات سے محروم کرنے کے لیے ہی اُس کا انتظار کرتی۔

"کہہ دو آرام کر رہی ہیں۔" وہ آتا تو کہلوا دیا جاتا۔ اگر وہ پھر بھی انتظار میں ٹھہرنے کی دھمکی دیتا تو وہ جل کر خاک ہو جاتی۔ اسے یہ ربڑ کی گیند کی طرح ہر بار چوٹ کھا کر لوٹ آنے والی خاصیت سے اور بھی نفرت تھی۔ اُسے چاہیے تھا کہ فرمانبرداری سے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سرچھ کاٹنے۔ خیر اس کی حماقت کی سزا وہ یوں دیتی کہ اُسے بٹھا کر دوسرے دروازے سے سینما یا خرید و فروخت کو چل دیتی۔ وہاں سے آتے ہی وہ سب سے پہلے یہ معلوم کرتی کہ جلیبت کتنی دیر انتظار میں بیٹھا رہا۔ اگر اُسے معلوم ہوتا کہ بیٹھے بیٹھے اُس کی آنکھیں پتھرا گئی تھیں، ہاتھ پیر سُن ہو گئے تھے تو وہ اطمینان سے مسکرا کر دو چار پیار بھری ملامتیں اپنے آپ کو سنا لیتی، ورنہ بات ہی ٹال جاتی۔

ایک دن چپراسی نے آکر کہا کہ کوئی صاحب ملنے آئے ہیں۔ وہ حسب معمول کہنے ہی والی تھی کہ کہہ دو نہیں مل سکتیں کہ چق ہٹی اور ہاتھ میں کمبل کی تہہ پکڑے افتخار کھڑا تھا۔ نہ تو وہ چونکی اور نہ ہی حیرت کے بے پناہ طوفان کو اپنے کسی انداز سے ظاہر ہونے دیا۔ اس زبردست بھونچال کے جھٹکے کو اُس نے ایک معمولی "ارے" کے ساتھ سہہ لیا۔

افتخار پہلے سے زیادہ دبلا اور بدصورت ہو گیا تھا۔ اس کے بال رُوکھے اور بے تکے پن سے بکھرے ہوئے تھے جسم پر گھسی گھسائی قمیص اور روئی کی مرزئی تھی۔ گلے میں ایک میلا سا مفلر لپٹا ہوا تھا۔ بہت بدل چکا تھا مگر اُس کے جاننے والوں کے لیے پہچاننا اور بھی آسان ہو گیا تھا۔ اُس نے اب وہ چھلکا اپنے چہرے پر سے اُتار پھینکا تھا جو یونیورسٹی میں مجبوراً چڑھائے رکھنا پڑتا ہے۔ اس کے نقش و نگار دلی جذبات کا عکس بن کر رہ گئے تھے۔ وہ باغی آنکھیں اب کھلے بندوں انگیاں بکھیرتی تھیں اور ہونٹ مستقل طنز بہ مسکراہٹ میں ڈوب چکے تھے۔ نسبتاً زیادہ بیمار اور چڑچڑا معلوم ہوتا تھا۔ ہنسی میں کڑواہٹ کے ساتھ ساتھ دیوانگی بھی برسنے لگی تھی جسے وہ قطعی چھپانے کی کوشش نہ کرتا۔

"تم اب بھی ویسی ہی ڈرپوک اور دبّو ہو" اُس نے بزرگانہ انداز سے پوچھا "میرے کپڑوں میں بدبو آ رہی ہے اور شاید جوئیں بھی ہوں، تمہارے پلنگ پر بیٹھ جاؤں؟" مگر وہ بغیر اجازت ہی بیٹھ گیا۔

"آپ کب آئے پہاڑ سے؟"

"ایں؟ پہاڑ سے؟ اوہ... ہاں بھئی لا۔ میں پہاڑ پر ہی اپنی صحت درست کرنے گیا ہوا تھا نا۔ ہاں... " وہ ہنسا، "تو تمہیں کچھ نہیں معلوم؟"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"نہیں!"

"مگر مجھے تمہاری ہر بات معلوم ہوتی رہی" وہ کچھ جز بز ہو کر بولا، "میں نے اخبار میں تمہارے یہاں آنے کی خبر بھی سن لی۔ سوچا چلو تم سے ہی مل آؤں۔ تمہیں نہیں معلوم کہ اب ہمارا پہاڑ پہ نابیں قائم ہو گیا ہے جہاں دن میں چھ گھنٹے چکی چار گھنٹے۔۔۔۔"

"ہیں؟ آپ جیل میں کٹتے؟"

"اور کیا ہوتا؟ خان بہادری کا خطاب ملتا!"

"اور سب کا کیا ہوا؟"

"سارا گروہ پکڑا گیا۔"

شمن حیرت سے منہ پھاڑے رہ گئی۔ کیسا گروہ؟ کیوں گروہ پکڑا گیا؟ یہ اسے ٹھیک سے معلوم نہ تھا مگر خود داری نے اسے پوچھنے بھی نہ دیا۔ اتنا وہ جانتی تھی کہ افتخار اشتراکی تھا اور منشتبہ، مگر یہ اسے آج معلوم ہوا کہ وہ دہشت پسند بھی ہو گیا تھا۔ ایک دفعہ کو اس کی بزدل فطرت دہشت پسندی کے تخیل سے جھک گئی مگر پھر فوراً اس کی بھاگتی ہوئی ہمت لوٹ آئی۔ افتخار اپنی قوم اور ملک کی خاطر مٹ رہا تھا۔ اس نے اپنی جوانی اور زندگی کی بازی لگا کر آزادی چھین لینے کا عہد کر لیا تھا۔ اس کے ہم خیالوں کا حلقہ روز بروز بڑھتا جا رہا تھا۔ اور یہ مختصر حلقہ سارے ہندوستان کو اپنی آغوش میں لینے کو تیزی سے پھیل رہا تھا۔ بیداری بڑھتی جا رہی تھی، کسان اور زمیندار کا پرانا رشتہ نیا چولا بدل رہا ہے، اس کے سارے خواب عملی جامہ پہنتے جا رہے تھے مگر اس قدر سست رفتاری سے جیسے چیونٹی کی چال۔ یہ ہندوستان کی ہر چیز رینگنے کی کیوں عادی ہے؟ صدیاں چاہییں ایک طرف سے دوسری طرف گردن پھیرنے کے لیے!

کھلنے پر افتخار نے بڑی تیزی سے سونگھ سونگھ کر نگلنے اور پہچاننے کی کوشش کی مگر اس کی بھوک مر چکی تھی۔

"یہ کیا ہے؟"

"تسلیم گوشت۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"شلجم؟ اور مجھے یاد ہے کہ کبھی یہ میری مرغوب ترین غذا تھی، میری اماں تانبے کی رکابی میں موٹی گھی لگی روٹی کے ساتھ دیا کرتی تھیں۔ ہم چولہے کے پاس بیٹھ کر کھایا کرتے تھے اور جب گھی جمنے لگتا تھا تو چولہے میں سے سلگتے ہوئے اُپلے کا ٹکڑا نکال کر اس پر رکابی رکھ لیا کرتے تھے۔ میری بہن کو نیبو بہت پسند تھے۔" وہ گزرے ہوئے زمانے کی سوئی ہوئی یادوں کو جھنجھوڑ کر جگانے کی کوشش کر رہا تھا۔

"نیبو منگوا دوں؟"

"نہیں نہیں مجھے تو نہیں، میری بہن نیبو کو پسند کرتی تھی۔" پھر وہ خاموش ہو کر بڑے بڑے نوالے نگلنے لگا گویا کہہ رہا ہے نیبو منگوانے سے وہ بیتا ہوا زمانہ تو واپس نہیں لایا جا سکتا۔ بنو قبر کی مٹی سے ہم آغوش ہو گئی، اب شلجم اور نیبو کیا کر سکتے ہیں؟

"ایلما نے کوئی خط لکھا؟"

"نہیں تو۔"

"وہ ایک اسکول میں کچھ الا بلا پڑھانے پر نوکر ہو گئی ہے۔ پہلے تو ایک اسکول سے کچھ الٹی سیدھی تعلیم دینے کی وجہ سے نکال دی گئی تھی۔" وہ مسکرایا۔ "پیٹ کی پکار زمانہ بھر کے ساتھ ساتھ دماغ کو بھی تو جکڑ دیتی ہے۔ جب تک کالج میں رہے والدین کے پیسے یا تعلیمی وظیفوں سے عیش اڑائے پھر یا تو کلرکی کر دیا بھوکے مرو۔ ساری ہیکڑی ختم! جانتی ہو دلیپ کہاں گیا؟ پکڑا گیا اور اب اُسی وائسرائے کے دفتر میں نوکر ہے جس کی موٹر پر بم پھینکنے کی کوشش کی تھی۔ جب وائسرائے کی موٹر گزر جاتی ہے تو وہ پہیوں کے نشانوں اور دھول کو سلامی دیتا رہ جاتا ہے، مگر یہ نہ سمجھو کہ یہ خاک اس کی بغاوت کو دفن کر سکے گی۔ نہیں، یہ جذبہ اندر ہی اندر جلتا رہے گا، جب وہ مر جائے گا تو یہ نامکمل آرزو اُس کی اولاد میں خصلت بن کر باقی رہ جائے گی۔ محبوب کو اس کے باپ نے نہ جانے کیسے بچا لیا اور اُسے سرکاری وظیفے سے بیرونجات بھیج دیا گیا۔ وہاں سے وہ پروفیسر بن آیا ہے اور کسی کالج میں پروفیسر ہے۔"

"کچھ مس لوگا کا حال معلوم ہے؟"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اوہ، ہاں بھول گیا، انہوں نے نرسنگ کا کورس کنگ جارج ہاسپٹل میں لے رکھا ہے۔ جیل کے ایک حسین تحفے کے سلسلے میں مجھے بھی پندرہ دن ہسپتال میں رہنا پڑا۔ ذرا بھی نہیں بدلی ہیں، بڑی تندہی سے کورس پورا کرنے میں لگی ہیں۔"

"سنا تھا شادی کر رہی ہیں؟"

"ایں؟ شادی، ارے وہ شادی نہیں کرے گی جب تک۔۔۔"

"کیا؟"

"کچھ نہیں، یہی کہ جب تک کوئی رحمدل اُن کا کنوارپن نہ ختم کر دے۔"

"توبہ؟" شمن جھینپ گئی۔

"ہاں ہاں تم نہیں سمجھتیں، وہ۔۔۔ وہ۔۔۔ بچہ عجیب چیز ہے۔ وہ اُن عورتوں میں سے ہے جو پیدا ہوتے ہی ماں بن جاتی ہیں مگر شادی سے کانپتی ہیں۔"

"ارے! یہ کیسے؟" شمن کچھ نہ سمجھی۔

"ماں بننے سے میرا مطلب ہے کہ جذبۂ مادری ان میں شدت سے موجود ہوتا ہے مگر شادی کو پاپ گھناؤنا فعل سمجھتی ہیں، جب تک کہ۔۔۔"

"اچھا چھوڑیئے۔ نہ جانے کیا لے کر بیٹھ گئے، یہ بتایئے کیا پروگرام ہے؟"

"شام کی گاڑی سے چلا جاؤں گا، جب تک کے لیے تم ہی بنا دو پروگرام!"

"سنیما چلیے گا؟"

"کہہ تو دیا کہ جیسی تمہاری مرضی۔ مگر سنیما سے ذرا کم دلچسپی ہے۔ سوائے جذبات کو بھڑکانے کے اور تو کوئی مصرف نہیں اُن کا۔ بس ویسے ہی گرم مزاج ہوں۔"

"بچہ آج نہ جانے کیا ٹھان کر آئے ہیں جی میں۔"

"بھئی ٹھیک تو کہہ رہا ہوں۔ بھلا خود ہی سوچو کسی کو عشق لڑاتے دیکھ کر مجھے کیا طمانیتِ قلب حاصل ہو سکتی ہے۔ سچ پوچھو تو کامبڈی دیکھ کر غصہ آتا ہے۔ وہ سالا ہیرو کوڑی کام کا نہیں مگر عیش اُڑا رہا ہے اور ہم ہیں کہ۔۔۔"

"خیر چلیے چڑیا گھر ہی دیکھ لیں۔۔۔ دلچسپ ہے؟"

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"واہیات، ٹریجیڈی پر تو اور بھی جھنجھلاہٹ آتی ہے، اور دیو اس کو تو ٹھوکنے کو دل چاہتا ہے۔"

"یا اللہ یہ کیوں؟"

"بیچارہ کمبخت، بھاگ جاتا لڑکی کو لے کر۔"

"اونہہ، تو نہ جایئے، یہ کیوں نہیں کہتے۔"

"یہاں ایک پارک بھی تو ہے۔"

"ہاں۔"

"اگر تمہارے ساتھ میرے جانے سے تمہیں اسکول سے نکال نہ دیا جائے تو چلو ذرا کھلی ہوا ملے گی، نہ جانے کب سے منبروں میں رہنے کا عادی ہو چکا ہوں۔"

"مگر ایک فائدہ تو ہے ان فلموں سے!"

"شکر ہے کہ کچھ تو ملا آپ کو۔"

"ہاں ہمارے پوشیدہ امراض کی دواؤں کی تو خوب ترقی ہو رہی ہے۔ یہ دیکھو کہ ہر فلم کے اشتہار کے ساتھ اس کی دوا موجود ہے۔۔ نہیں سمجھیں؟" شمن کے اکتائے ہوئے چہرے کو دیکھ کر ہنسا، "تم لوگ بنتی ہو یا واقعی بے وقوف ہو۔"

"جو کچھ بھی سمجھ لیجیے۔"

"ارے بھائی فلم کا آخری شو دیکھ کر جیونی کا ٹھرا اچڑھانے کے بعد سڑک کے کنارے نالیوں میں کیا ہوتا ہے: مزے سے لیٹ کر فلمی ڈراما دہرایا جاتا ہے۔"

شمن چپ رہی۔

"بعض خوش نصیب تو بازار حسن میں اپنی سلوجنا اور مادھوری ڈھونڈ نکالتے ہیں اور بعض۔۔"

"کیا؟"

"کچھ نہیں، تمہیں کراہت آئے گی۔ جانے دو ان باتوں کو۔ دوسرے یہ باتیں یا تو ضرورت سے زیادہ ہندوستانی ہیں یا فحش کہ ان کا ذکر معیوب سمجھا جاتا ہے۔ نہ جانے ہم

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اپنے عیوب کا ذکر سن کر اس قدر چراغ پا کیوں ہو جاتے ہیں؟ اونہہ، جانے دو۔۔۔ ہاں بتاؤ کچھ اپنے اسکول کا حال، استانیوں پر بڑا رعب گانٹھتی ہو گی؟"

"نہیں تو، بیکار۔ اترانے کی مجھے عادت نہیں۔"

ڈھیری ڈھیری چاندنی پھیلی ہوئی تھی، ہوا تھمی ہوئی اور رات بڑا اسرار بنا رہی تھی۔ پاؤں تک میں چاروں طرف زندگی کا احساس موجود تھا مگر خاموش اور دھندلا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا نیم خفتہ روحیں سرگوشیاں کر رہی ہیں۔ چاندنی اور خاموشی نے مل کر آوازوں کو بھاری اور دھیما کر دیا تھا۔

"تمہیں تعجب ہوگا؟" فضا سے مسحور ہو کر افتخار نے کہا۔

"کس بات پر؟"

"اگر میں کہوں کہ مجھے تم بہت پسند ہو۔"

"نہیں!" شمن نے قلابازیاں کھاتے ہوئے دل کو دبوچ کر کہا۔

"اور کیا یہ بھی ضروری ہے کہ میں تمہیں بتاؤں کہ تم پہلی لڑکی ہو جس نے مجھے اس حد تک متاثر کیا ہے؟"

"لیکن یہ سب کیوں؟"

"پتہ نہیں!" وہ متحیر سا تھا، "پتہ نہیں میں یہ سب کچھ کیوں کہہ رہا ہوں تمہیں معلوم ہے کہ میں نے ایک بار نہیں ہزار بار محبت کی ہے، کم از کم یقین تو یہی کیا ہے اور یقین دلانے کی کوشش بھی کی ہے مگر تمہیں؟ تمہیں میں کچھ یقین نہیں دلانا چاہتا۔"

"اور نہ ہی مجھے کچھ یقین کرنے کا حق ہے؟" شمن کو خاموش دیکھ کر بولا۔

"شاید۔"

"اور یہ بھی ایک وہم ہی ہو۔"

"ہو سکتا ہے!"

"تو پھر میں جیل سے چھوٹ کر سیدھا تمہاری طرف کیوں بھاگا، جیسے میرے روح کے سارے جلتے زخموں کا مرہم تمہارے ہی پاس ہے تم سے ملتے ہی شفا ہو جائیگی۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"شاید یہ بھی وہم ہوا"

"اُونہہ، مجھے جلاؤ مت۔ شمن خدا کے لیے مجھے سمجھنے کی کوشش کرو اور کچھ سمجھ میں آجائے تو مجھے بھی سمجھا دو۔ میں کیا ہوں اور کیوں ہوں؟" وہ بھولے بچوں کی طرح التجا بھری نظروں سے دیکھنے لگا۔ شمن کا دل بھر آیا۔ وہ کیا دے سکتی ہے اُسے! اس کے پاس انتشار کے دکھوں کا علاج کہاں ہے؟ وہ اس سے کچھ مانگ بھی تو نہیں رہا۔ اُس کی حالت۔ لاوارث بچے کی سی ہے جو گھر سے بھٹک آیا ہوا اور والدین کا نام ونشان بھی نہ دے سکے۔ کون کر سکتا ہے ان گم شدہ لوگوں کی رہ نمائی!

"شمن، نہ جانے کیسے میری آرزو ہے میں کسی سے محبت کروں، جی بھر کے محبت کروں۔ مگر میرے دل سے ہر چیز کا اعتبار اُٹھ گیا ہے، مجھے کسی چیز پر یقین نہیں رہا اور خدا کے وجود پر ہنسنے کو جی چاہتا ہے۔ محبت سے مجھے گھن آتی ہے اور خدا پر غصہ کہ وہ کیوں ہے؟ اُس کی کیا ضرورت ہے؟ مانا کہ یہ دنیا اُس نے بنائی، تو ہم پر کیا احسان کیا؟ پل اُسے سجدے کرانے کا اتنا کیوں شوق ہے؟ اور جو نہ کرو تو دوزخ میں جلانے کی دھمکیاں دیتا ہے۔ سچ بتاؤ یہ کبڑی بھینگی دنیا تمہیں پسند ہے؟ کہیں اونچائی ہے تو ضرورت سے زیادہ پستی ہے۔ تو انتہا سے زیادہ، پانی ہے تو پانی ہی چلا گیا ہے اور خشکی ہے تو وہ کمبخت بے تکی۔ جی چاہتا ہے اس دنیا کے گولے کو دونوں ہاتھوں سے کوندھ ڈالوں اور پھر اتنی سبک اور نفیس دنیا بناؤں کہ لوگ پیدا ہو کر بھی خوش ہو جائیں۔" شمن کو اس کے بچپن پر ہنسی آگئی۔

"مگر آپ تو کہتے تھے ہر مرض کا علاج ہو سکتا ہے۔ آپ اشتراکی ہو کر ہمت ہار رہے ہیں۔"

"میں اشتراکی تو ہوں مگر میری روح تو فاشزم کی عادی ہو چکی ہے۔ اشتراکیت ابھی ہم سے اتنی دور ہے جتنا یہ آسمان زمین سے۔"

"کیا یہ فاصلہ کبھی کم نہ ہوگا؟"

"ہوگا ... جیسے کسی دن سو جائے تو میں کہاں زندہ رہوں گا۔"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ارے تو وہ آپ کی سکیم ہے؟"

"وہ چار بم پھینکے، تین چار ریلیں لڑائیں، وائسرائے کی موٹر میں پنکچر ہوتے ہوتے بچ گیا۔" وہ زور سے ہنسا۔ "نصف سے زیادہ کام کرنے والے جیل میں چکیوں پر جُت گئے اور کسی کے کان پر جوں تک نہ رینگی۔ یہ گئے دیکھو" اس نے ہاتھ پھیلائے۔

"چہ۔ اسے ہے، نہ جانے کیوں لوگ جاتے ہیں جیل میں۔"

"کہتے ہیں بغیر جیل ہو آئے عوام کو قوم پرستی کا یقین نہیں ہوتا۔ جیسے یونیورسٹی کی مہر کے بغیر سرکاری نوکری نہیں مل سکتی، اسی طرح جب تک جیل کا سارٹیفکیٹ نہ ہو قومی سٹیج پر نہیں ناچا جاسکتا اس لیے بعض وقت تو بڑی کوششوں سے جیل جانا پڑتا ہے۔"

"چہ۔ بیکار ہے!"

"جی ہاں بیکار کا ڈھکوسلہ۔ بات یہ ہے کہ ہمارے لیڈروں کے پاس سوائے جیل جانے کے کوئی عملی ثبوت ہے بھی تو نہیں قوم پرستی کا۔ اب یہ لکھ پتی دو چار مہینے کی جیل نہ کاٹ آئیں تو عوام الو کیسے بنیں اور ان پر پھولوں کے ہار کی بارش کیسے ہو؟"

"مگر سب تو لکھ پتی نہیں۔"

"ہاں، اور ان کے پاس کوئی حربہ بھی تو نہیں جسے استعمال کریں۔ سوائے سڑک پر چلا جانے کے اور اس کی سزا ہیں، اماں جان، کوٹھڑی میں بند کر دیتی ہیں۔ ارے یہ باتیں زبانی نہیں سمجھی جاتیں، سمجھنا ہے تو آجاؤ میدان میں۔ پر کھدر پہننا ہوگا، یہ ململ نہیں چلے گی۔" وہ اس کی ساڑھی کے آنچل کو جھٹکنے لگا۔ "ارے یہ پڑھا بیٹھ گئے۔"

آنچلوں کے ذکر سے اسے مس لوگا یاد آگئیں۔

"یہ مس لوگا نرس کیوں بن رہی ہیں؟"

"دل کی بھڑاس نکالنے کو، میاں لیا اور بچے نہ سہی مریض ہی سہی۔"

"سنیے، اور تو پاک محبت کی ہمیشہ سے قائل ہیں۔"

"کیسی بہن۔ تمہارا کیا مطلب ہے؟ ماں اور بیٹے کی محبت؟" آج انتہا درجے کی لیکچربازی ہو رہی تھی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"نہیں، بلکہ دوستی، ایک دوسرے سے ہمدردی!"

"دوستی کوئی چیز نہیں، ایک عورت اور مرد کی صرف ایک مقصد کے لیے دوستی ہوسکتی ہے اور وہ۔۔۔"

"اونہہ جانے بھی دیجیے۔ دنیا میں ہر عورت کو بیوی نہیں بنایا جاسکتا!"

"تم ٹھیک کہتی ہو۔۔۔ ہر عورت کو بیوی تو نہیں بنایا جاسکتا۔۔۔ مگر۔۔" وہ الفاظ ڈھونڈنے کے لیے بالوں کو انگلیوں سے سلجھانے لگا، "مگر مس لوگا کی محبت نہیں۔ نہ تو اس میں ماں کا سا معصوم پیار ہے اور نہ محبوبہ کی پرستش کی گرمی۔ وہ تو ایک بجھے ہوئے شعلے کی بے حقیقت گرمی بھی نہیں، برف کی طرح ٹھنڈی اور مٹی کی طرح بے جان ہے۔ کچھ بوسیدہ اور پھیکی ہوئی سی وحشت سی ہے۔" ایک دم چپ ہو گیا۔

"اور میری۔۔ میری محبت کس قسم کی ہے؟" اس نے سرگوشی میں خود سے پوچھا۔ "یہ میں کس قسم کی محبت کرتا ہوں؟ یہاں کس قدر حسین اندھیرا ہے، تم ہو اور میری صدیوں کی پیاسی روح مگر ایک لمحے کو بھی میں یہ گوارا نہ کرسکوں گا کہ تم اس بلندی پر سے گر کر نیچے آؤ جہاں میرے تخیل نے تمہیں بٹھا رکھا ہے۔ کیا میں اتنا شریف ہوں؟ تُف!" اس نے لفظ شریف کو حقارت سے تھوکا۔

"یہ آپ اپنی ہر خوبی کو کمزوری اور فطرتوں کو غلطیاں کہہ کر گویا بڑا بھاری انصاف کرتے ہیں۔"

"لاحول ولا قوۃ، مگر میں شرافت کو اپنے لیے تو نہیں سمجھتا ہوں۔ کیا سمجھتی ہو میں تم سے اپنی پارسائی کا سرٹیفکیٹ لینا چاہتا ہوں؟" وہ واقعی جھنجھلا اٹھا، "ابھی یہاں اس سنسان کونے میں اگر میں چاہوں تو۔۔۔"

"آپ کچھ نہیں کرسکتے۔"

"کیوں؟" افتخار کا منہ اتر گیا۔

"اس لیے کہ آپ اتنے بُرے نہیں جتنا آپ کے وہم نے بنا رکھا ہے۔"

"کیونکر؟"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اطمینانِ قلب کے لیے۔ آپ اُن لوگوں میں سے ہیں جنھیں خود پر پھٹکار بھیج کر بہ اطمینان ہو جاتا ہے کہ اس طرح اُن کے گناہ دُھل گئے۔"

"گناہ؟ مگر کون بیوقوف گناہ و ثواب کا قائل ہے؟"

"آپ کا ضمیر!"

"ہشت، غلط۔ ضمیر ایک غلط فہمی ہے اور کچھ نہیں میں جو کچھ کرتا ہوں..."

"بُرا سمجھ کر کرتے ہیں اور اچھا ہو جاتا ہے۔"

"ایں؟" وہ چونکا۔

"آپ مانیں یا نہ مانیں، مگر آپ دل کے بُرے نہیں۔"

"یعنی زبردستی۔"

"جی ہاں، اگر مجھے اس کا یقین نہ ہوتا تو اس وقت میں آپ کے ساتھ کبھی نہ بیٹھتی"

"بڑی ننگ خیال ہو!"

"جو کچھ بھی سمجھ لیجیے! جیسے اب خنکی بڑھ رہی ہے، آپ کو کچھ ہو گیا تو..."

"تمہاری بلا سے!"

"جی نہیں۔ آپ کی زندگی میری نظروں میں اتنی سستی نہیں جتنی آپ نے بنا رکھی ہے۔ ابھی آپ کو دنیا میں بہت کچھ کرنا ہے، اور دنیا کے لیے مجھے آپ کو زندہ رکھنا ہے۔"

"ہوں، دنیا کے لیے؟ اور کسی لیے نہیں۔" وہ مردہ دل ہو گیا۔ "دنیا کے لیے جیتے جیتے تو اب دل اُچاٹ ہو چکا ہے۔ نہیں کیا غرض مجھے دنیا کے لیے جلانے کی؟"

"میں بھی تو دنیا ہی میں ہوں۔" شمن کو اپنی ہمت پر سخت حیرت ہوئی۔

"اوہ!" وہ دیر تک خاموش سر جھکائے کچھ سوچنے اور یاد کرنے کی کوشش کرنے لگا۔

افتخار چلا گیا تو وہ دیر تک نہ جانے کیا کیا سوچتی رہی۔ اُس نے امتحان کے دو پلڑوں میں افتخار اور رسٹیل کو تولنا شروع کیا۔ ایک کے تخیل ہی سے پیچھے کو دھکا لگتا تھا اور دوسرا ایک مست کن غبار کی طرح چاروں طرف سے اُسے مسحور کرتا جا رہا تھا۔ اتنی دیر ساتھ بیٹھی مگر ایک مرتبہ بھی تو اُسے یہ نہ سوجھا نہ احساس نہ ہوا جو آخری

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

مرتبہ سیتیل سے مل کر ہوا تھا۔ یہ کیا تھا جس نے اُس کی زندگی میں اتنی خاموش ہلچل مچا رکھی تھی۔ یہ نامعلوم سی بے چین کسک، جو بیک وقت شیریں بھی تھی اور تلخ بھی۔ وہ اس کے ہر اشارے پر سب کچھ دست بردار ہونے کی زبردست آرزو! اس کا ہر لفظ بھوکے کی پکار بن کر دماغ میں پنجے گڑا لیتا، ہر سانس فقیر کی صدا بن کر گونج اُٹھتا تھا۔ یہ سب کیوں؟ کیوں؟ وہ کوئی جواب نہ پا سکی!

(۳۴)

اسکول کے بکھرے ہوئے شیرازے کو دونوں ہاتھوں سے سمیٹنے کی کوشش میں وہ بالکل پاگل ہو گئی۔ دوپہر کو جو لڑکیوں کے گھروں سے کھانا آتا اُس میں سے ایک آدھ تو بوٹی چرا لیتیں، نکال کر اُڑا جاتیں، باقی میں سے تباہ حصہ لگاتیں، بیچاری بچیاں بھوکی رہتیں۔ پہلے تو چپراسنوں نے سنی ان سنی کر دی، پھر جو سختی کی گئی تو ایک اور چال چلیں، لڑکیوں سے کہہ دیا "خبردار جو پورا کھانا کھایا۔ ہمارا حصہ ضرور رکھنا۔" لیکن یہ بات بھی زیادہ دن نہ چھپ سکی اور ایک دن چپراسنوں کے مظالم کی کسی نے شکایت کر دی۔ باز پرس پر چپراسنوں نے پھوٹ پھوٹ کر رونا شروع کر دیا۔

"کیا کریں مس صاحب، چھ روپیہ اور تین بچے، ایک اپاہج ماں اور نکھٹو بھائی، کیسے گزر ہو؟ یہ اللہ مارا پیٹ بھی نہیں مارا جاتا!"

"جیسے تیسے تو ہم پڑھا رہے ہیں اپنی بچیوں کو، اپنے ہی پیٹ کو نہیں تو ان چپراسنوں کا کہاں سے کلہ گرم کریں؟" لڑکیوں کے والدین نے دہائی مچا دی۔

"بیس روپے میں مکان کا کرایہ اور اپنا اور بچوں کا روٹی کپڑا کیسے پورا کریں؟" استانیاں بجنیں۔ شمن کو ایسا معلوم ہوا اسکول میں نہیں کسی لنگر خانے میں آ پڑی ہے۔ دنیا نہیں بھوکے ننگوں کا ایک مستقل یتیم خانہ ہے جہاں اوپر سے لے کر نیچے تک ہر ایک بدحال ہے۔ اُس نے دونوں چپراسنوں کو اپنے پاس سے دو دو روپے دینا شروع کیے، جب کبھی ممکن ہوتا استانیوں کی دعوت کر دیتی، ہر ماہ دو چار غریب لڑکیوں کی فیس بھی ادا کر

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دیتی۔ مگر ایسے وقت سب کا دماغ ہو گیا کہ جتنا جتنا وہ پیدا کرنے کی کوشش کرتی معلوک بڑھتی جاتی۔ ایک ٹیچر کو پیسہ دو دے دو تو وہ اور لوٹ پڑتے ہیں۔ جو نہ دو تو معلوم نہیں شریف مزاج گالیوں پر بھی اتر آتے ہیں۔ غرض اس دریادلی کے بدلے میں بجائے سرخروئی کے جوتیاں ملیں۔ ہر جمعرات کو اپنے اسٹیشن محلے ٹوٹے ہوئے بھیک مانگنے آتیں۔ استانیاں نہ بیچاری بھیک مانگنے کی ہمت اور نہ مزدوروں کے پیشے کے لائق۔ گزر بسر ہو سوائے اسکولوں کی خیرات کے اور کیا وسیلہ زندگی گزارنے کا ہوا؟ ہر وقت ایسٹ قرضے میں پھنسی قصائی سے بچے۔

مگر ٹینیہ بیگم بالکل ہی انگریزی پالیسی کی قائل تھیں۔ باوجود کوشش کے انہوں نے لڑکیوں کو ایک لفظ بھی پیدا کرنے دیا۔ بس ہر وقت منیجر صاحب کے لیے شکایت کا جال تیار کیا کرتیں۔ شمن نے اور بڑا رپورٹ شکایت کی گھڑیوں رپورٹ اپنے لمبرا سن کے پاس بھیجنے سے پہلے منیجر صاحب نظر ثانی کو دے دیتیں اور ان کی شکایت ہی گول ہو کر دیں۔ دینیہ بیگم شکایت سے عادی ہو گئی تھیں۔ شمن کا یکا اعتقاد دیکھ کر وہ اس قدر پانیوں پڑ تا لوٹما پنٹیں بجائے اور ترقی کی جو مواب سنائی دیں۔ حیرت ہو گئیں۔ آخر ان کی سچی کے ساتھ انہوں نے اسکول کی کتنی پیٹنے اپنا شروع کر دی۔ شمن کو معاوضہ بھی نہ ہوا اور وہ منیجر کی آڑ لے کر ان کی پیٹھ میں ڈنک مارنے لگیں۔ اسکول کے بنیادی بنے والو رپورٹ پہنچائی اور منیجر صاحب قوم پرستی پر تل گئے۔ اس کے لباس اور طرزِ بالش سے انہیں شریف خاندان کی لڑکیوں کا اسکول سے ہٹ جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا۔ وہ ذرا ذرا سی بات کی خبر پا جانے لگے بجا اٹھتی ہے، کب ہوتی ہے، کیا کھاتی ہے اور کیوں کھاتی ہے!

"کس نے کہا آپ سے؟" وہ پریشان زدہ ہو کر پوچھتی۔

"مجھے ہر بات کی خبر رکھنا پڑتی ہے صاحب" وہ نہایت پراسرار مسکراہٹ چہرے پر طاری کر کے کہتے۔ گویا اسکول کے منیجر کو سی۔ آئی۔ ڈی کا کام بھی کرنا پڑتا ہے مجھے عوام کے قومی جذبے کو ابھار کر چندہ جمع کرنا ہے، لہٰذا استانیوں کا چال چلن..."

لفظ چال چلن پر شمن جل کر رہ گئی۔ پتہ نہیں لوگ چال چلن کو کیا سمجھتے ہیں، چال

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 030376

چلن کبھی کوئی مقتدا نہ مقررہ ہے کہ اس کے آگے نا تفا ٹھیک کر بات کی امید ہی لگا بیٹھیں۔ اگر ایک انسانی زمانے بھر کی آوارہ ہے مگر کام ٹھیک کرتی ہے تو اس مقدس ہستی کا بنی ہوئی معلمہ سے ہزار درجے غنیمت ہے جو خود تو مجبوراً نباہ چلن ہے مگر لڑکیوں کا ایمان اور مستقبل تباہ کرنے میں مصروف ہے۔

"دیکھیے صاحب سنا ہے لڑکیوں کے پاس چٹھیاں آتی ہیں"

"کیسی چٹھیاں؟" دشمن نے ضبط سے کام لیا۔

"ایسی ہی خرافات پرچے غلط سلط بھیجتے ہیں۔ آپ ایک کام کیجیے ایسی سب لڑکیوں کے پاس خطوط آتے ہیں، جمع کر کے انہیں ڈانٹیے"

"مگر یہ کیسے معلوم ہو کہ چٹھیاں کس کے پاس آتی ہیں۔ مگر پڑھی سامنے تو بتاتی ہیں"

"وہ تو سونگھ سے پکڑ لیجیے" گویا چٹھیاں بھی کبوتر ہیں کہ چھاپہ مار کر پکڑ لی جائیں۔ دوسرے یہ چیز ہماری تجربے میں آتی ہے۔ ایسے خطوط ڈاک سے نہیں آتے بلکہ لڑکیاں ہی ایک دوسرے کی مدد کرتی ہیں۔ اپنے بھائی بندوں کی پرچہ بازیاں جاری کرنا ایک عام بات ہے۔ جیب خرچ یا [illegible] والی استانیاں اور چھوٹے روپیہ گھر [illegible] کا خرچہ اس پر [illegible] تو اور کیا کریں۔ اگر لڑکیوں کو ڈانٹو تو [illegible] وہ [illegible] کہ ان کی معصوم بچیاں [illegible] کیا جانیں۔ اور ان معصوم بچیوں کا پکڑنا کبھی معمولی کام نہیں۔ بڑے درجے کی ہوشیار ہوتی ہیں۔ کہ [illegible] مرتبہ کی رہنمائی [illegible] یہ فعل کرتی ہیں، معلوم نہیں ہوتے۔ ہزاروں چالیں چل کر خط لاتے جاتے ہیں۔ [illegible] لڑکی کی طرف سے لڑکی کے نام ہوتے ہیں جن پر باز پرس کرنے کے لیے [illegible] پڑتا ہے۔

بات تو [illegible] کہ لڑکیاں ایک دوسرے کی نقل نہ کریں [illegible] پارسائی پر چوکیداری کرنا [illegible] کا زمانہ آ گیا۔ اب یہ دیکھنا کہ سارے رجسٹر تبدیلی [illegible] کیسی کیسی فضول معلومات سے پر ہیں یا نہیں۔ لائبریری کی کتابوں اور کشیدہ کاری کے نام سے روپیہ نکال کر [illegible] اپنی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 030376

ساس کا قرضہ اتار دیا اس رقم کی لیپا پوتی میں کون سے گر استعمال کیے جائیں۔ منیجر صاحب بھی کچھ متفکر سے رہ گئے۔

"اچھا صاحب یہ کیجیے کہ لکھ دیجیے رجسٹر میں۔۔۔ کہ گملے اور پھولوں کے بیج خریدے گئے۔ چلیے چھٹی ہوئی۔" رائے دینے لگے۔

"مگر ہیں کہاں گملے اور بیج۔ انسپکٹر اس نے معائنہ کیا تو؟"

"کہہ دیجیے گا کچھ بچیوں نے توڑ ڈالے اور کچھ میں جنگی کے افسر سے کہہ کر خالی ٹوٹے گملے منگوا لوں گا۔ باغِ عام میں بہت بیکار پڑے ہیں۔ کچھ میرے یہاں ہیں وہ بھیج دوں گا اور آپ۔۔۔ آپ نے بھی تو کچھ لگا رکھے ہیں؟"

"اپنے تو میں نے تقسیم کر دیے۔ کون چھٹیوں میں رکھوالی کرتا۔"

"ارے لیجیے غضب کر دیا آپ نے تو۔۔۔ خیر کوئی مضائقہ نہیں۔"

"اور بیج؟"

"اوہ، لکھ دیجیے اُگے نہیں، خراب تھے۔ اور یہ کمبخت ہوتے بھی ہیں گھنے گھنائے واہیات۔ کہیے تو میں کچھ پنساری کے یہاں سے منگوا دوں؟"

"مگر یہ پورے روپیہ کا تو حساب نہ ہوا۔"

"کچھ بننے کاڑھنے کا سامان میں مکان سے بھجوا دوں گا۔"

"بہت اچھا۔"

"اور کچھ کتابیں بک اسٹال سے منگائے دیتا ہوں، خراب نہ ہونے پائیں، نہایت احتیاط سے واپس کرنا ہوں گی۔ کچھ چائے پانی کا انتظام؟"

"وہ تو خیر ہو جائے گا، مگر وہ بورڈنگ، اُس کا کیا ہو گا؟ اس کے لیے باقاعدہ رقم ملتی ہے!"

"آپ فکر نہ کیجیے۔ ایسا ہے کہ اس کا میں نے پہلے سے انتظام کر لیا ہے۔ وہ جو مشرقی بازو کے تین کمرے ہیں اس میں پندرہ بیس چارپائیاں ڈلوا دوں گا۔ بستروں کا بھی انتظام گھر میں سے کر دیں گی۔ کچھ فاضل چادریں اور تکیے ہوں تو آپ دے دیجیے گا۔"

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

"مگر یہ تو سراسر دھوکا دینا ہے۔ اس طرح فریب دے کر انسپکٹرس کی نظروں میں کیا وقعت رہ جائے گی۔ اگر اُسے کسی طرح پتہ چل گیا؟"

"اب صاحب پتہ چلنے کی کوئی راہ تو ہے نہیں سوائے... خیر... آپ اسکول کی مائی باپ ہیں مجھے امید ہے کہ اسکول کی بہتری کے لیے آپ کو خود فکر لگی رہتی ہے کیا کیا جائے صاحب مجبوری ہے۔ یہ دیکھئے آپ کو اگر گورنمنٹ سے گرانٹ لینی ہے تو سبھی کچھ کرنا پڑے گا۔ آپ پریشان نہ ہوں، میں سب کچھ بھگت لوں گا۔ بس عین وقت آ جائیں تو آپ... ارے ہاں وہ نظم؟"

"نظم؟"

"جی ہاں نظم... تیار کی آپ نے؟"

"میں نے؟ کیوں؟"

"لیجیے صاحب۔ ابھی وہی انسپکٹرس کی شان میں... بخدا بھول گیا۔ دیکھیے جب وہ آکر بیٹھ جائیں تو کسی پیاری سی بچی سے گلے میں ہار ڈلوا دیجیے گا۔ عمدہ صاف کپڑے ہوں۔ سپرنٹنڈنٹ صاحب کی نواسی ٹھیک رہے گی، میں اسے صبح ہی سے بلوا لوں گا۔"

"مگر وہ تو یہاں پڑھتی نہیں۔"

"ابھی سب چلتا ہے، کوئی نام بہ نام تھوڑی ایک ایک لڑکی دیکھی جاتی ہے۔ آپ یہ کیجیے گا کہ صبح سے بلوا لیجیے گا... ہاں!"

"جیسی آپ کی مرضی!"

"اور وہاں پھر ہار وغیرہ پہنا کر لڑکیوں سے نظم... چہ، لاحول ولا قوۃ، آپ نے نظم تو تیار نہیں فرمائی۔"

"میں نے عرض کیا نا کہ مجھے نظم لکھنی نہیں آتی۔"

"چہ تو بہ، ایسی مشکل ہی کیا ہے! پچھلی مرتبہ رضیہ بیگم نے بنا دی تھی، اگر مل جائے تو وہی چلا دیجیے۔ دو چار لفظوں کا ہیر پھیر کرنا ہوگا... ورنہ خیر تبلیغ میں ہی کچھ سوچوں گا" اور وہ چہرے پر شاعرانہ جذبات طاری کرنے کی کوشش کرنے لگے۔ "ایں؟... ہیں؟"

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 030376

انھیں سوجھ ہی گئی۔" وہ دیکھیے پاس جو قومی ہائی اسکول ہے اس میں جو جلسے ہوتے رہتے ہیں وہاں ہزاروں نظمیں پڑی ہیں، منگواتا ہوں، میں۔۔۔۔ اے ننھے۔۔۔۔ او۔۔۔ ۔۔سالے۔۔۔ اوہ معاف کیجیے گا۔۔۔ دیکھ بے ذرا مسعود صاحب کے پاس تو جا لپک کر، کہنا، منیجر صاحب نے سلام کہا ہے اور نظمیں مانگی ہیں۔"

"نظمیں؟"

"ارے ہاں گدھے۔۔۔ کہیو۔۔۔ چہ الو ہے تو۔۔۔ معاف کیجیے گا۔۔۔ خیر میں خود ہی سے آؤں گا۔۔۔ اور کل تک پہنچ جائے گی، آپ اس میں ردو بدل کروا لیجیے گا۔ اسکول میں ایک دن پہلے سے سجوا دوں گا۔ اور امتحان پر سے شروع کروا دیجیے گا۔ اُس روز پرچہ رکھ دیجیے گا۔" انسپکٹرس کو اردو نہیں آتی تھی، تعلیمی انسپکشن سے بچنے کی یہی ایک صورت تھی۔

انسپکٹرس کی آمد کی خوشی میں پاس پڑوس کے جتنے گملے تھے آ گئے، کرسی ہیں اور بنچ تو کسی میں ہری مرچیں مگر برآمدہ ہرا بھرا ہو گیا۔ کتب فروش نے دس روپے کرایہ لے کر چار پانچ سو کتابیں بھیج دیں۔ اتنا دیکھنے کی کسے فرصت یا فکر تھی کہ اس میں زیادہ تعداد ایسی کتابوں کی تھی جو لڑکیاں تو لڑکیاں، کوئی بھی پڑھنے کے قابل نہ تھیں۔ زیادہ تر سستے بازاری ناول: "میاں بیوی"، "شادی کی راتیں"، اور "مستانی کوک شاستر" تھے جنھیں بڑی شان سے الماری میں چن دیا گیا۔ ساتھ ساتھ ادھر اُدھر کا کوڑا جمع کر دیا گیا۔ پہلے پرانے میگزین، جنتریاں، ٹیلی فون ڈائریاں اور پرانی فہرستیں نہایت صفائی سے کاغذ چڑھا کر ایسے مقام پر رکھ دی گئی تھیں جہاں سے دیکھنے والا کتاب کی ضخامت سے متاثر ہو جائے، نیز اس کاغذ چڑھانے والی چال کو سلیقہ سمجھے۔ کواڑوں اور کھڑکی ہوئی چوکھٹوں پر تیل اور پانی چڑھا گیا، جگہ جگہ تصویریں اور کیلنڈر وغیرہ چپکا کر دیواروں کی مفلسی پر پیوند لگائے گئے۔ لڑکیوں سے کہہ دیا تھا کہ صاف اور ثابت کپڑے پہن کر آنا تو وہ بری کے جوڑے نکال کر پہن آئیں۔ چھابجی جوڑیوں کی جھنکار سے اسکول اندر سبھا کا اکھاڑا بن گیا۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ایک اور ہوشیاری کی گئی، وہ یہ کہ امتحان کی کاپیوں پر آدھا آدھا پرچہ استانیوں نے بورڈ پر لکھ کر پہلے سے کروا دیا تاکہ اگر انسپکٹرس لڑکیوں کی قابلیت کا اندازہ لگانے پر بضد ہوں اور کسی کو ساتھ لے آئیں تو ان میں ادیب فاضل کی لیاقت کے جوابات حل کیے ہوئے پائیں۔ ان انسپکٹرسوں کے سارے ہتھکنڈوں سے اسکول والوں کو واقف رہنا پڑتا ہے، کوئی چال ان کی نہیں چل سکتی۔

اس کے علاوہ میزوں اور الماریوں میں ''لڑکیوں کی کشیدہ کاری'' کے نام سے بازار سے خریدی ہوئی چیزیں اور کچھ مانگے تانگے کے جہیزوں کے میز پوش، پاندانوں کے کور، سلمہ کا بنا ہوا تاج محل اور قریب قریب سارے نمونے رضیہ بیگم کے کاڑھے ہوئے، سویٹ ڈریم، اور گڈ نائٹ، سجا دیے گئے۔ ان میں سے بعض چیزیں تو مشین کی بنی ہوئی اور بیرونجات کی صنعت گری کا نمونہ تھیں مگر ایسے پلینڈروں سے بے سبب سا ان رکھا گیا کہ صرف لڑکیوں کی تعداد بڑھا رہا تھا، مگر پہنچ سے دور تھا۔ یہی نہیں کچھ نامکمل چیزیں بھی تھیں جو پاس کے اسکول سے منگا کر سجا دی گئی تھیں۔

بورڈنگ بھی لیس تھا۔ چارپائیوں پر خالی غلافوں میں الا بلا ٹھونس کر تکیے لگا دیے گئے۔ اوپر سے چادریں اور پلنگ پوش ڈال دیے گئے۔ پاس دو چار میزوں پر کتابیں سجا دی گئیں، پیچھے کمرے سج گئے۔ رہیں لڑکیاں، تو وہ تین چار کلاسوں سے چن کر مقرر کر دیں کہ جب انھیں بلایا جائے تو حاضر ہو کر انسپکٹرس کو سلام کریں۔

خدا خدا کر کے برات کی طرح زور شور سے انسپکٹرس آ اتریں۔ گیٹ کے پاس جہاں لمبا چوڑا خوش آمدید اور جھنڈیاں لگی ہوئی تھیں، منیجر، ہیڈ مسٹرس نے مع چپراسی اور دو عیسائی استانیوں کے خوش آمدید کہا۔ یہ انسپکٹرس بھی دنیائے تعلیم میں خدا کا سا درجہ رکھتی ہیں، جو شان لاٹ صاحب کی سواری کی۔ ان کا کام صرف دھوم دھڑلے سے آنا اور ڈانٹ ڈپٹ کرنا ہے۔

''یہ جالا کیوں؟ یہ اینٹ کیسی؟ یہ گڑھا کس لیے؟'' اب ان سے کوئی پوچھے سال میں دو مرتبہ اگر آئیں اور جالے اور گڑھوں میں پھنس گئیں تو کون سی قیامت آ گئی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سیدھی طرح آؤ، ہار پھول پہنو، تعریفی نظمیں سنو، تازہ تازہ پھل اور مٹھائیاں جو بینڈ، کے لیے منگا رکھی ہیں، وہ چکھو۔ کچھ تمہارے ساتھ چپکے سے باندھ کر گھر پہنچا دیں گے، وہاں اطمینان سے چکھنا۔ بس اس سے زیادہ دخل درمعقولات کی فہرست میں داخل! کیا فائدہ بڑی رپورٹ سے! چیف انسپکٹرس کب کب آتی ہے اور کتنی دیر کو آتی ہے! اس سرسری معائنے کی سرسری ہی رپورٹ ہو، ورنہ خواہ مخواہ تمہارا ہی حلقہ بدنام ہو جائے گا۔ اوّل تو ہم ہندوستانی ہیں، بدانتظامی، دھوکا، جعلسازی ہمارا پیدائشی حق؛ دوسرے ہمارا شمار پست اقوام میں ہے۔ اب تو چپڑاسی اور دودھ والا تم بیکار مغز پاشی کر رہی ہو۔ تمہاری بلا سے جو رسیدوں پر جھوٹے دستخط ہیں، جو منیجر صاحب نے خود اُلٹے ہاتھ سے کر لیے ہیں اور فرضی انگوٹھے تنخواہ کے رجسٹر میں لڑکیوں اور چپراسنوں سے لگوا لیے ہیں۔ تم کیوں پرائی ہوا ان جھگڑوں میں!

اس پر بھی جو تم نہ مانیں تو مقامی قومی اخبار کے ذریعے تمہارے چال چلن، خفقہ رشتوں اور سیروں کا پول کھول کر رکھ دیا جائے گا، تم فرقہ پرست الگ مشہور کر دی جاؤ گی۔ زیادہ نہیں بیا ر پانچ روپے کا خرچ ہے، سحر البیان ایڈیٹر تمہاری سات پشتوں تک کی دھجیاں بکھیر کر پھینک دیں گے۔ ہم جو جھالسے تم کو دے رہے ہیں بس علیٰ مین یہی لے کر اپنے افسروں کے سامنے رکھ دو۔ اس معائنے کے اچھے شکریے کے انعام میں جو ہم یہ چاندی کا بکس علاوہ مٹھائی کے دے رہے ہیں اس میں سے کچھ اپنے افسر کے بکس میں پہنچا دو۔

سپرنٹنڈنٹ صاحب کی نواسی کے ہاتھوں ہار پھول پہن کر انسپکٹرس نے ذرا بیڑھا دانستہ اختیار کیا۔

"کیا نام ہے تمہارا؟" پیار سے پوچھا۔

"اُدل، ہٹ!" لاڈلی نواسی نے جواب دیا اور منیجر صاحب کی روح قبض۔

"اوہو ہو... شرماتی ہے... بولو... بیٹی نام بتاؤ... بولو" بیچارے مدد کو دوڑے۔ اصل میں وہ خود بچی کا نام بھول گئے تھے۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"وحیدہ!" کسی نے سہارا دیا۔

"کس کلاس میں پڑھتی ہو وحیدہ!"

"بولو... بولو بیٹی وحیدہ... بچی... ہاں ڈرو مت.... ڈرتی کیوں ہو" حالانکہ بچی نہایت گستاخی سے انسپکٹرس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے گھور رہی تھی اور ادھر مارے خوف کے دراصل منیجر صاحب پیلے ہوئے جا رہے تھے مگر بچی ٹس سے مس نہ ہوئی۔

"ابھی یونہیں آتی ہے۔ کلاس والاس میں تو کچھ نہیں... بڑے آدمی کی لڑکی ہے، یہ اسکول آتی ہے تو عوام کی ہمت افزائی ہوتی ہے" منیجر کو تمام گر یاد تھے۔

چائے اور ناشتے سے صاف انکار! یا خدا! ضرور کسی نے کان بھر دیے ہیں۔ گزشتہ سال جو انسپکٹرس آئی تھی بچاری کتنی اچھی تھی۔ مزے سے بیٹھی نظم سن سن کر گائے کی طرح چارہ سائی کرتی رہی، پر یہ تو پوری دہ تھی۔

"ہیں، ہیں، ہیں۔ آپ کو پسند ہوں تو بنگلے پر پہنچوا دوں... جی..." منیجر اپنے سوکھے ہاتھوں کو دھونے کی نقل میں ایک دوسرے کے گرد لپیٹنے لگے۔

"یہ چُنگی کے گملے ہیں!" صاف تاڑ گئی۔

"ہیں چنگی! چنگی واللہ!" منیجر صاحب مصنوعی حیرت اور خوف کے ملے جلے حملے سے اور بھی زرد اور نڈھال ہو گئے اور بوکھلاہٹ چھپانے کو گملے کے پیندے میں لگے ہوئے نمبر کو بغور پڑھنے لگے۔ کمبخت چپراسی نمبر مٹانا بھول گیا!

"اوہ! جی ہاں چنگی کے تو ہیں ہی" وہ اطمینان کا سانس بھر کر بولے، "سکتر صاحب نے امداد کے طور پر عطا فرمائے ہیں" یعنی ایک مد اور رجسٹر سے کم ہو گئی دوسری مفت کی رہی۔

شاید یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ نہ جانے کس پُر اسرار طریقے سے رجسٹر میں گملوں کی مد کے آگے لکھا تھا: ابھی آئے نہیں ادائیگی پیشگی ہو گئی، مگر انسپکٹرس تو [illegible] آ ہی پھٹکیں۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"یہ گملے کافی سے زیادہ ہیں، اور ضرورت نہیں ---- روپیہ واپس لے لیا جائے۔"
اُس نے گملوں کی باڑ پر چھری ہی پھیر دی۔

یہ ہوتا ہے کہ اگر بیٹھے بٹھائے ہم وار میں انسپکٹرس کو گھیر کر بدحواس کر لو تو بھیگی بلی کی طرح ہر بات پر میاؤں کر دالے۔ اگر ہاتھ اوچھا پڑا اور نکل گئی پھٹکی سے تو بس مست ہاتھی کی طرح گرجتی برستی سب چیزوں کو روند کر کھلیان کر دے گی۔ اور یہ نئی انسپکٹرس تو بالکل تازی گھوڑے کی طرح چاروں طرف ٹاپیں ڈالنے لگی، مگر بلنجر صاحب بڑے برلے بن کھلا چکے تھے۔ نہ جانے کدھر سے کتابیں اُڑا دیں، کچھ رہ گئیں، وہ ایسی کہ وہ قیمت کا اندازہ ہی نہ کر سکی۔ دست کاری اس نے باوجود شدت سے بتا کر نے کے نہ دیکھی۔ امتحان کا وار بھی کچھ اوچھا پڑا۔ پہلے تو دو چار کاپیاں دیکھیں، منشی اسے کھسر پھسر کی، پھر کہہ دیا کہ چونکہ امتحان ہو رہا ہے تعلیمی معائنہ پھر ہوگا۔ کس دن؟ یہ مقرر نہیں، بے کہے گولہ آن گرے گا۔

اس کے بعد اس نے قطعی ہلاکو خاں والی پالیسی اختیار کی۔ بجائے لڑکیوں کے فی الحال استانیوں کا امتحان لے لیا جائے تو خوب رہے گا۔ بلنجر صاحب کے پیروں تلے کی زمین سرک گئی اور سر پر مصیبت ٹوٹ پڑی۔ مارے بوکھلاہٹ کے بدکے ہوئے اونٹ کی طرح چاروں طرف دوڑنے لگے۔ اس گھبراہٹ میں کئی گملے، جو سجاوٹ کے خیال سے نہایت خطرناک جگہوں پر نازک سے سہارے سے لٹکا دیے تھے، بل پڑے اور وہ بیل گملے مع تمام بانسوں اور تختوں کے ان پر سے چھادر ہو گیا۔ رضیہ بیگم کا پیٹ کی خرابی کا پرانا مرض اُبھر آیا اور وہ نڈھال ہو کر اپنی پلنگڑی پر جا پڑیں۔ دوسری استانیاں بھی از بہ لورانڈ ہو گئیں۔ صرف عیسائی استانیاں ہنس رہیں، مگر وہ تھیں بھی غنیمت۔

اسی عرصے میں گھبر گھا کے بلنجر صاحب نظم خوانی کے لیے لڑکیاں بلا لائے۔ شاید ڈھول تماشے سے معاملے کی تُرندی کچھ کم ہو جائے۔ کہتے ہیں سنگیت ہیں بلا کی طاقت اور جادو ہے، بجھی ہوئی شمعیں جل اٹھتی ہیں، بدمست ہاتھی ماتھا ٹیک دیتے ہیں۔ مگر غضب ہو گیا۔ نظم کے بند بغیر تبدیلی کیے لڑکیوں کے سپرد کر دیے گئے اور تعلیمی جلوس

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کا ہاتھی اپنے بدلے صوبے کے کمشنر کی شان میں نظم سن کر اور بھی بدمست ہوگیا، مگر بجائے غصہ ہونے کے وہ بڑے زور شور سے قہقہے لگانے لگی۔ مینیجر صاحب جواب تک بنے تالیوٹا مانگوں کو صرف قوتِ متخیلہ کے ذریعے روکے ہوئے تھے بے طرح لرزنے لگے اور خود بھی بدحواس ہو کر ہنسنے لگے۔

"کوئی دوسری چیز گاؤ۔" رسالیت سے حکم ملا۔

"وہاں ہاں کوئی دوسری چیز سناؤ۔ وہ گاؤ، لب پہ آتی ہے... چلو کمبختو منہ کیا دیکھ رہی ہو؟ شروع کرو۔" مینیجر صاحب لڑکیوں کی صف کے آگے پیچھے دوڑ دوڑ کر ہدایات دینے لگے۔ "گاؤ... ہاں، لب پہ!" مگر لڑکیاں مبہوت اور شرما کی ایک دوسرے کی پیٹھ میں گھسنے کی کوشش کرتی رہیں۔

"یہ... یہ دیکھیے مس صاحب، میں تو ہار گیا ان سے۔ آپ کو نہیں معلوم، آپ نہیں جانتیں ہماری قوم کس قدر پستی میں گری ہوئی ہے۔ یہ سب غریب اور نچلے طبقے کی بچیاں ہیں جن کے گھروں میں کوئی الف کے نام بے نہیں جانتا۔ میں تو تھک گیا سمجھا سمجھا کے۔ اوہ... ارے خدا کے واسطے..." لڑکیوں نے ان کی رقت آمیز آواز سے مجبور ہو کر "لب پہ آتی ہے" شروع کی مگر باوجود کوششوں کے کچھ بھی لب پہ نہ لا سکیں۔

"اچھا وہی گاؤ: سارے جہاں سے اچھا... چلو شروع کرو۔"

بہت بڑے جوش سے ایک لڑکی نے پنجم سر کو گھسیٹ کر سُر کی رسے پر گلے کی آخری جھنجھنا ختم کر دی۔ سُر بہت اونچا تھا، ایسا معلوم ہوا جیسے انڈا چھوڑ کر اڑی اور منڈلا کر واپس گر پڑی۔ پھر لاکھ خوشامدوں کے بعد ایک دوسرے کے کہنیاں مار کر دوپٹوں میں ناکیں چھپا کر ایک لڑکی نے از سرِ نو تان کھینچی اور کھرج سروں میں ہندوستان کے سارے جہاں سے اچھے ہونے کا عملی ثبوت دینا شروع کیا، دم بلا اٹھا۔

"بس کرو۔" انسپکٹرس اُٹھ کر چلنے لگی۔ دل شکستہ اور شرمندہ لڑکیاں چوٹ کھائی ہرنیوں کی طرح بنچوں میں الجھتی گرتی بھاگیں۔

"ہم جانتے ہیں آپ کا یہ اسکول کیا ہے اور کیوں قائم ہے لیکن ہمیں جان بوجھ کر پست

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اقوام کے ساتھ رعایت کرنی پڑتی ہے، سرکار کی یہی پالیسی ہے ورنہ یہ اسکول دو دن بھی قائم رہنے کا حقدار نہیں۔" رپورٹ پر اس نے "اطمینان بخش" لکھ کر حقارت سے کہا اور منیجر صاحب نے کھل کر سانس لی۔ چیز سے بلا ٹلی، اور بڑی نہیں ٹلی۔ جلدی سے انھوں نے گلاب جامنوں کی پوٹلی سنبھال لی جو انسپکٹرس نے چھوئی بھی نہیں تھی۔

"ابھی یہ اُجڈ کیا جانیں ان لقموں کا مزہ!" انھوں نے پیار بھری نظروں سے مٹھائی کو دیکھا اور چل دیئے۔

شمن سارا دن کچھ مردہ دل رہی۔ رعایت؟ آخر کیوں؟ ان نیچے لوگوں کے ساتھ ہر ایک کو دَیا ہی سوجھتی ہے۔ کم زور ہیں، جاہل ہیں، ناکارہ ہیں اس لیے خیرات کے حقدار ہیں۔ تو پھر ان پست قوموں کو دنیا پر سیاہی اور عفونت پھیلائے رکھنے کا حق ہی کیا ہے؟ کیوں نہیں انہیں بھی ملک کے پیڑ کی جڑ میں لگے ہوئے خطرناک کیڑے کی طرح سپرٹ ڈال کر جلا دیتے۔ یوں نیچا رکھ کر اور پستی میں گراتے جانا تو سراسر حیوانیت ہے۔ کہتے ہیں اگر بھاری طوفان اور آندھیاں آئیں تو وہ سارے کوڑے کرکٹ کا خاتمہ کر جاتی ہیں۔ یا خدا تو پھر یہاں وہ طوفان کب اُٹھے گا جو ساری پستیوں کو کچے رنگ کی طرح بہا کر کیچڑ کے ساتھ بہا لے جائے گا۔ پھر لوگ یوں پستی کو اور پستی کی طرف ڈھکیلنا تو چھوڑ دیں گے۔

(۳۴)

انسپکٹرس نے رپورٹ تو نہایت معصوم دے دی مگر کچھ زبانی گفتگو ہو گئی کہ گرانٹ ملنے میں مہینے لگ گئے، نئے معائنوں کی آئے دن دھمکیاں آنے لگیں، منیجر صاحب کا دوڑتے دوڑتے برا حال ہو گیا۔ اس سال جڑاول بھی بچوں کی نہ بنی، بیوی نے لاکھ خوشامد کی کہ چولہے میں ڈالو یہ قومی خدمت اور وہی اپنی پرانی وکالت سنبھالو، جو کچھ آئے گی تنگی ترشی سے گزر تو ہو جائے گی، یہ تو نہیں کہ اپنے بچے ویران، سوانگ؛ دوسرے لوگ چاروں طرف سے بوٹیاں نوچ رہے ہیں۔ استانیوں کی چار ماہ کی تنخواہ [illegible] ابھی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

نے ایک دم بغاوت کر کے استعفا دے دیا اور پیشہ ہی بدل کر اینٹیں ڈھونے پر نوکر ہو گیا، چوکیدار، مہترا ور دوسرے چھوٹے موٹے کام کرنے والا نوکر بھاگ ہی نہیں گیا بلکہ کچھ فرنیچر بھی غائب کر گیا۔ وہ لے دے مچی کہ تو بہ بھلی بیچارے منیجر صاحب ہکا بکا چاروں طرف منہ پھاڑ پھاڑ کر لپکنے لگے، جیسے جنگلی چڑیوں کی ٹھٹھی یکایک کھل جائے تو چڑیمار کبھی ادھر اور کبھی ادھر جھپٹتا ہے اور جب ایک بھی چڑیا ہاتھ نہیں آتی تو تھک کر نہایت اطمینان سے پالتی مار کر بیٹھ جاتا ہے اور مزے سے اُن کی پرواز دیکھتا ہے "اُڑ دو، میری بلا سے جہاں جی چاہے اُڑ جاؤ اور مجھے بھی اُڑا لے جاؤ" منیجر صاحب بھی تھک کر رفیعہ بیگم کی پلنگڑی پر لیٹ گئے اور مزے سے اسکول کی بربادی دیکھتے رہے۔

تھوڑی دیر تو شمن اس طوفان کی بدحواسی پر بھونچکی کھڑی سمٹ ٹھوڑی رہی گو اس کے لیے اس سے بہتر اسکول بہتر مشاہرہ لیے موجود تھے مگر جہاں ایک ہی بار سرائے ہی کی طرح تھوڑی دیر کو قدم رکھا وہاں سے آگ لگتے ہی بھاگ نکلنا انتہائی بزدلی معلوم ہوئی۔ اُسے کچھ معلوم بھی نہ تھا کہ کیا کرنا چاہیے اور کیونکر کرنا چاہیے، بغیر سوچے سمجھے وہ الہ آباد ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ چل دی۔

محکمۂ تعلیم کی عظیم الشان عمارت سے ذرا سی بھی علم کی ضو پاشی نظر نہ آئی تعلیمی کا ہے کو کوئی کاروباری ڈپارٹمنٹ ہے۔ ایک حصے پر ہسپتال کا شبہ ہوتا تھا۔ گیلری میں ایک قطار سہمی ہوئی عورتوں کی بیٹھی تھی جو کسی نوکری یا وظیفے کی امیدواری میں آئی تھیں۔ سب کی سب نہایت لاغر، بیمار، دکھیا اور نادار نظر آ رہی تھیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کے ہر شعبے میں ناکام ہونے کے بعد پیٹ پالنے کا آخری سہارا محکمہ تعلیم ہی میں ملتا ہے۔ یا تو بدصورتی اور غربت کی وجہ سے میاں نہ ملا یا بیوہ ہو گئیں اور جن پر جا کے پڑیں انہوں نے نکال دیا، بال بچوں کی خاطر یہ پیشہ کر رہی ہیں۔ چاہے تعلیم کا رتی بھر شوق نہیں، دماغ گوبر ہے، پڑھانا تو درکنار پڑھنے ہی کی طاقت نہیں مگر چلی آ رہی ہیں۔ ادھر محکمہ تعلیم کو بھی کسی نہ کسی طرح تعلیمِ نسواں کو ترقی دینا ہے، پہلے گھاٹا ہیں یہ انسانی میل کچیل اور کوڑا ہی سہی اچھا مال بھی آنے لگے گا۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ان میں سے ایک بیٹھی اپنے بچے کو دودھ پلا رہی تھیں اور اونچی آواز میں اپنے سسرال والوں کے دکھڑے سنا تی جا رہی تھیں جنھوں نے انھیں کچھ کے دے دے کر اس کام پر مجبور کیا۔ دوسری بیٹھی اپنے بچے کی اصلاح کر رہی تھیں اور پاس بیٹھی ہوئی تیسری عورت سے زمانے کی تنگیوں کا دکھڑا رو رہی تھیں۔ تین چار اونچی آواز میں ملنے والی نوکری میں مین میکھ نکال رہی تھیں۔ اور یہ سب استانیاں بننے آئی تھیں۔ اور دوسرے معنوں میں آنے والی نسلوں کا نقشہ کھنچا ہوا تھا۔ کچھ ہو جائے، کیسی بھی تعلیم دی جائے، برسوں ٹریننگ پلائی جائے یہ گھٹی میں پڑی ہوئی چھوٹی چھوٹی کمزوریاں نسلاً بعد نسلاً چلتی جائیں گی سیمن کا جی چاہا ایسی تعلیم کے لیے کوشش کرنے سے تو بہتر ہے کہ لوٹ چلے، گھر جائے اور شادی کر کے ننگوں بھوکوں کی تعداد بڑھانے لگے جو اُس کا قومی ورثہ ہے، کیا حاصل اس مغز پاشی سے؟ جب بیج ہی گھنا ہوا ہے تو پودے کے اُگنے اور پھل دینے کی آس لگانا فضول ہے... مگر...

وہ اتنا ہی سوچنے پائی تھی کہ چپراسی نے آکر اس سے چلنے کو کہا۔ کئی گھنٹے کی مغز ماری کے بعد یہ طے ہوا کہ اسکول کو گورنمنٹ اپنے سایۂ عاطفت میں لیلے، ہیڈمسٹرس وہی رہے باقی اسٹاف بدل دیا جائے۔ سوال یہ تھا کہ منیجر صاحب جو اپنا روپیہ قومی اسکول کی ترقی کے لیے لگا چکے تھے اس کا کیا کیا جائے۔ رسیدوں سے تو ان کا کافی روپیہ نکلتا تھا خیر یہ سوال بعد کے لیے اُٹھا رکھا گیا، اسکول پر سے قومی ٹھپہ ہٹا کر گورنمنٹ کا بنا دیا گیا۔

اسکول نیا چلا ہی کر جو اٹھا تو تھوڑی ہی دیر میں لوگوں کی توجّہ بھی اس کی طرف مبذول ہوئی۔ داخلہ بڑھا، منیجر صاحب عرصے تک اپنا روپیہ وصول کرنے کے لیے بھاگ دوڑ کرتے رہے عجیب کشمکش میں پڑ گئے معلوم ہوتا تھا اُن سے کوئی کام نہیں ہو سکتا، بیوی نے اور زندگی تلخ کرنا شروع کی۔ اسی مدّوجزر کی رَو میں گر کر بڑا کر انہوں نے رضیہ بیگم سے نکاح کر کے دو مستقل محاذ قائم کر لیے جہاں انہیں آم کی چٹنی سے بھی زیادہ چٹپٹی زندگی سے دست و گریباں ہونا پڑتا۔ پھر سنا ان پر مالیخولیا کے مرض کے خفیف سے حملے ہونے شروع ہو گئے۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اسکول میں ہندو اور عیسائی لڑکیوں کی تعداد بڑھی مگر مسلمان لڑکیاں اور کم ہوگئیں۔ اسکول جب تک اسلامی نہ ہو اسلامی پانی کی طرح اس کی طہارت پر یقین نہیں کیا جا سکتا۔

استانیوں کا نیا گروہ کچھ اس شان سے وارد ہوا کہ پہلے تو سمجھ ہی میں نہ آیا کہ کاہل ہیں یا چست، اچھا پڑھاتی ہیں یا بُرا؟ کیونکہ یہ استانیاں گرگِ باراں دیدہ تھیں۔ ایک ایک محکمے میں بیس بیس سال سے جمی ہوئی تھیں۔ ایک چھٹی ہوئی رقمیں جن کا بیس سال کا ریکارڈ دیکھنے سے معلوم ہوا کہ کسی اسکول میں گزارہ نہ ہو سکا۔ چونکہ گورنمنٹ کا معاملہ ڈھیسٹ ہی ہوتا ہے، بس ایک اسکول سے دوسرے میں، دوسرے سے تیسرے میں اور جو وہاں بھی بہت جوتم پیزار ہوئی تو چوتھے اور پانچویں میں۔ ایک جگہ جم کر رہنے کی نہ تو عادت اور نہ شوق باقی رہ گیا تھا۔ جب ایک اسکول میں ہیڈمسٹریس سے کہہ سن تک سے مارکٹائی تک نوبت پہنچ جاتی اور مفت سواد دینے والے مادرسے تقاضوں سے تنگ آ کر جینا دوبھر کر دیتے تو یہ روتی پیٹتی انسپکٹریس کے پاس جاتیں اور تبادلہ کروا لیتیں۔ بھلا وہ دشمن کو کس گنتی میں شمار کرتیں!

اُن میں سے ایک باقری بیگم تو بس معلوم ہوتا تھا کہ چھوا اور بکھریں۔ عمر کی پکی تھیں اور کئی انسپکٹریسیں بھگتا چکی تھیں۔ کسی کا کہا ماننا ہتک سمجھتی تھیں اور یا تبدیلیوں کو سرکار کی زیادتیاں۔ بہت جلد انہوں نے کنایوں اشاروں سے جتا دیا کہ اگر ذرا بھی چوں چرا کی تو انسپکٹریس سے بھڑ دیں گی۔ انہیں اپنی قسم پر بڑا ناز تھا اور جس کو نہیں نہیں کرنے کی قسم کھائی پوری ہو گئی۔

دوسری مس سائکس عجیب پٹی ہوئی روئی سی ادھیڑ عمر عورت تھیں۔ ذرا سی بات پر پھوٹ پھوٹ کر رو پڑتیں اور پھر گھنٹوں منا ڈالنے کرواتیں۔ ایک دوست مسز شرما باہر اسکول میں اُن کے ساتھ رہنے کی خدمت انجام دیتی تھیں۔ مسز شرما اُتری ہوئی عمر کی مرنجیہ شکل غصہ ور عورت تھیں۔ یہ دونوں ہمیشہ انگریزی میں ایک دوسرے سے پیار محبت کی باتیں کرتیں اور لڑائیں بھی انگریزی میں۔ جونہی لڑائی شروع ہوتی مسز شرما مفت رہنے کا طعنہ دے کر فوراً کھانے پینے کا خرچہ دینے کی دھمکیاں دیتیں اور مس سائکس رو دیتیں۔ دنیا

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

میں معلوم ہوتا تھا ان دونوں کا کوئی اور نہ تھا۔ ساری محبت اور غصہ ایک دوسرے پر اتارتیں۔ ان لڑائیوں کے چرچے دور دور پھیلے تھے اور محبت بھی کچھ کم مشہور نہ تھی۔

باوجود ان تمام باتوں کے اسکول کا رہٹ رول رول ایک لطیف نغمے کی روانی سے چل رہا تھا۔ داخلہ اطمینان بخش، نتیجہ اطمینان بخش، تعلیم اطمینان بخش۔ اس اطمینان بخش فضا نے دل میں ایک نہایت ناقابل اطمینان تکان، سستی اور مردہ پن پیدا کر دیا۔ معلوم ہوتا جیسے پرشور ندی دوڑتے دوڑتے اسپد ہے اور سپاٹ میدان میں رینگنے لگی ہو۔ اس گھسٹتی ہوئی دنیا میں سب آنکھ بند کیے عمر کی لکیر پر خاموش چلتے جا رہے ہیں، ایک دوسرے سے ٹکر ہو گئی تو بھی کاندھا بچا کر آگے گھسٹ گئے۔ زندگی دھیرے دھیرے کھسک رہی ہے، وہی نیم خفتہ ٹنن ٹنن۔ گھنٹہ وقت مقررہ پر جاگ کر انگڑائی لیتا ہے اور پھر اونگھ جاتا ہے اس کی ہر کروٹ دو قدم آگے یا دو قدم پیچھے گھسیٹ لاتی ہے۔ وہ اداس سویا ہوا فرنیچر جس پر جمائیاں لیتی ہوئی استانیاں، کسی کا بس نہیں چلتا کہ اس سست رفتار گھنٹے کو جھنجھوڑ کر جلدی جلدی دوڑنے پر مجبور کر دیں۔ یہ منٹ کی سوئی اتنی بوجھل کیوں ہے! کیا عاقبت کا توشہ ساتھ لے جانا ہے! اور اگر یہ سیکنڈ کی سوئی ذرا لپک کر چلے تو دنیا اس کے ہلکورں سے جاگ اٹھے۔ یہ وقت اس قدر ہولے ہولے چوری چھپے نہ چلتا تو انسان اتنا کاہل کبھی نہ ہوتا ٹک ٹک وہ بھی جلدی جلدی مشینوں کے پرزوں کی طرح چلتا۔

اور فضا بھی تو بھاری ہے، جیسے کوئی خوفناک طوفان تلا کھڑا ہے، ٹھس لگی اور بند لوٹا۔ پھر کوئی نہیں جانتا کہ امرت برسے گا یا شعلے مگر ایک خاموش بے اختیار سے انتظار نے ہر ایک کو تھکا رکھا ہے۔ ایک نامعلوم بوجھ سے کندھے ٹوٹے جا رہے ہیں۔ کیا ہو گا؟ کب ہو گا؟ اور کیوں ہو گا؟ یہ کسی کو نہیں معلوم! مگر ہو گا ضرور کچھ نہ کچھ۔ کپڑا سستا، اناج کوڑیوں کے مول۔ مگر کوڑیاں خون کے مول بھی نہیں! یہ آخر دنیا میں پیسہ اتنا کم کیوں بنایا جاتا ہے؟ یہ جو گھر دل میں تانبے کی پتیلیاں ہیں انہیں گلا کر پیسہ بنایا جا سکتا ہے!

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دنیا بستی، انسانیت بستی، حیوانیت بستی پھر بھی یہ کنگالوں کی تعداد میں کمی کیوں نہیں آتی؟ معلوم ہوتا ہے اناج کے ہر دانے کے ساتھ دس بھوکے لپٹے ہوئے زمین ہی سے اُگتے ہیں اور ان کی ساری عمر اسی ایک دانے کی چھین جھپٹ میں بیت جاتی ہے۔ اتنا وقت کہاں جو کسی اور چیز کے لیے بھی ہاتھ پیر ہلائیں۔ کہتے ہیں اور لوگ لوٹ کھسوٹ زر و جواہر اور عزت کی خاطر خون کی ندیاں بہا دیتے ہیں، مگر یہاں تو عزت چھوڑ اپنی کیچڑا بھی نہیں جس کے لیے یہ بھوکے کبھی کسی سے لڑیں۔

فضا کی گھٹن اور بڑھ گئی۔ لوگ ہوا کو سونگھ سونگھ کر معنی خیز انداز میں سر ہلانے لگے۔ جیسے طوفان کی بُو پا کر کیڑے مکوڑے پناہ گاہوں کو بھاگ نکلتے ہیں اسی طرح بازار میں بھگدڑ سی پڑ گئی۔ بنیوں نے سونا چاندی سمیٹ کر دھرتی ماتا کی چھاتی میں چھپانا شروع کر دیا۔ طوفان کا دھماکا اتنا گہرا نہیں ہوگا کہ ماتا ان کی امانت بھی اگل دے۔ آسمان پر سرخ ستارہ یکایک تازہ زخم کی طرح پھوٹ نکلا اور لوگوں نے اس میں سے لہو ٹپکتا دیکھا۔ چاروں طرف سے غیر مرئی گھٹائیں امڈنے لگیں اور خاموش گرج نے دل و دماغ ہلا دیے۔

پکّا پھوڑا پھوٹا اور مواد کا دریا بہ نکلا۔ دیکھنا ہے اپنی رَو میں کس کس کو گھسیٹتا ہے اور کون بچ رہتا ہے۔ جرمنی نے پولینڈ پر حملہ کر دیا۔ بنیوں نے جلدی جلدی نمک اور سونا سمیٹنا شروع کر دیا۔ کچھ کہا نہ سنا۔ بیٹھے بٹھائے جرمنی کے دانتوں میں کیوں کھجلی اٹھ کھڑی ہوئی؟ فرانس اور انگلینڈ، کمزوروں کے طرفدار، صلح کے پرچم لے کر دوڑ پڑے۔

"آج سے ہماری تمہاری کُٹّی۔" جرمنی کو صاف صاف بتا دیا۔ مگر وہ تو مچلے ہوئے بچے کی طرح بپھرتا ہی چلا گیا۔ ادھر روس کی بھی پسلی پھڑکی اور خون لگا کر شہیدوں میں داخل ہو گیا۔ میاں ہٹلر کو منجھلی دنیا نے پوچھ کر رکھ دیا۔ دیکھتے دیکھتے دونوں بڑے بچوں نے پولینڈ کو میٹھی ٹکیا کی طرح بانٹ کھایا، چلیے چھٹی ہوئی۔

جرمنی نے پولینڈ پر قبضہ کر لیا۔ اونہہ، یہ تو بڑی برحق بات کی۔ دنیا بھر کا نقصان

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہوگیا۔ یہ لوگ قہقہہ کرنے کے اتنے کیوں شوقین ہیں حالانکہ یہ بالکل اچھی بات نہیں۔ گلوب پر کتنا حصہ گلابی ہے، جیسے تازہ تازہ کوڑھ ہوا۔ اب یہ جرمنی کونثار کا ڈبہ لے کر چلا ہے نہ جانے یہ لوگ لیپ پوت کر اس گول مول نارنگی کا کیا حال کریں گے!

اور پھر کیا ہوگا؟ پولینڈ بھی غلام بن جائے گا۔ ہندوستانی تو خیر صدیوں سے غلامی کرتے آرہے ہیں۔ بھوکے رہنے سے روح بڑھتی ہے اور موسم کے اثرات جسم کو توانائی بخشتے ہیں۔ یہ پھٹی پھٹی آنکھوں والے سڑک کے کتے جنہیں ہر راہگیر کی ٹھوکروں اور فاقہ کشی کی چھپکلیوں نے کیا فنا بنا دیا ہے، یہ تو اسی میں مگن ہیں۔ گوشت پوست تو بیکار کا فضلہ ہے اصل چیز ہے ہڈی اور اُسے سمیٹے رہنے کیلئے اوپر سے کھال کا غلاف۔ یہ انسانی پنجر۔ سیاہ اور ٹیڑھے بنگے کھجلی اور پھڑیوں سے لدے ہوئے مرقعے جنہیں قدرت نے اپنے دستِ خاص سے گھڑا ہے اور پھر جلتی دھوپ اور لو کے تھپیڑوں سے دہکا کر خاک اور دھول میں تھپیڑ کر پکی کھرنجہ اینٹ کی طرح مضبوط کر دیا ہے۔ ان پر غلامی بھی اثر نہیں کر سکتی۔ مگر یورپ کے وہ کومل بدن جو تیز نگاہ سے بھی کمہلا جاتے ہیں، وہ کیسے تاب لائیں گے ان مظالم کی؟

دفتر کے بیکار کاموں سے سر مارتے وقت شمن کے خیالات دور دور بھٹک جاتے۔ کھڑکی میں نیلی زمین کا پردہ لٹکا ہوا سڑک پر چلنے والوں کی نظر بازیوں سے پناہ میں لیے ہوئے تھا مگر اس کے نچلے حصے سے چلنے والوں کی ٹانگیں نظر آتیں اور وہ گھنٹوں بیٹھی ان ٹانگوں کی رفتار دیکھا کرتی۔ کالی پیلی، ٹیڑھی اور خشک ٹانگیں۔ کچھ میلی پھٹی دھوتیوں میں الجھی ہوئی مرگھلی ٹانگیں، کیچڑ اور میل میں لتھڑی ہوئی کمزور ٹانگیں اور کبھی بھاری توند کے وزن سے کراہتی ہوئی مجروح ٹانگیں۔ اس کی کھڑکی کے نیچے سے گزرا کرتیں۔ کبھی کبھی چکنے نیلون اور اجلے موزوں میں لپٹی ہوئی بھی ٹانگوں کی ایک آدھ جوڑی گزر جاتی مگر بہت کم۔ بیٹھے بیٹھے وہ اکتا جاتی۔ دنیا مجسم ٹانگیں بن کر اس کی کھڑکی کے نیچے چلتی رہتی۔ اسے ان پر ترس آتا۔ تھک نہیں جاتیں یہ؟ کب سے چل رہی ہیں اور نہ جانے کتنے دن اور چلیں گی۔ انہیں ٹھنڈ میں بھی کوئی نہیں ڈھکتا، پالے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سے کوئی نہیں بچا تا، دھوپ کی آنچ سے کوئی نہیں ہٹا تا۔ یورپ میں تو شوقین مزاجوں نے ننگے کلب بنائے ہیں اور یہاں تین چوتھائی مخلوق جنم سے ہی برہنہ رہنے کا بندوبست کر کے آتی ہے۔ ایسے بھی ملک ہیں جہاں مفید خوراک مہیا کرنے والے محکمے قائم ہیں پنیر، مکھن، دودھ۔ ورگھی نے جو انسانوں کو چربی کی پوٹلیوں میں تبدیل کر دیا ہے اس کا کچھ تو علاج ہونا چاہیے۔ دولت کا جتنا حصّہ گوشت اور چربی ٹھونسنے میں صرف ہوتا ہے کم از کم اس کا نصف تو ایسی مشینیں ایجاد کرنے میں صرف ہونا چاہیے جو موٹاپے سے عاجز بچیا پدول کو ذرا ہلکا کر دیں۔ کتنے مزے کی بات ہے جو یہ کہ دنیا کے ایک حصّے میں گوشت اور پوست کی اس قدر قلت ہے دوسرے حصّوں میں ذہنی عناصر کی زیادتیوں کو کل پرزوں سے چھیل چھیل کر دور کیا جاتا ہے۔ کاش اُن خوش نصیب انسانوں کے جسم کی چھیلن ہی ان انسانی ڈھانچوں پر منڈھ دی جائے جو یہاں گھوم رہے ہیں تو ترازو کے دو پلڑوں میں کچھ تو توازن پیدا ہو جائے۔

روز دوپہر کے بعد ٹانگوں کا نیا طوفان بہنا شروع ہو جاتا۔ یہ طوفان پاس کی ٹال سے اُٹھا کرتا تھا اور شہر کی طرف بہہ جاتا۔ یہ بدبودار شیرے اور سڑی ہوئی راب میں سنی ہوئی ٹانگوں کا تھکا ہوا ریلا اپنی انتھک نڈھال روانی سے روز بہا کرتا چھٹی ہونے سے ذرا پہلے ایک یکہ و تنہا ٹانگ ایک لکڑی کی ہمراہی میں رکتی تھمتی کانپتی تھرتھراتی گزر جاتی۔ شمن کا معمول تھا کہ وہ اس ٹانگ کی ہمدم لکڑی کی مسلسل ٹھک ٹھک کو قریب آتا سن کر ایک پیسہ کھڑکی سے نیچے ٹپکا دیتی اور منتظر رہتی کہ ایک سوکھے ہوئے مردے جیسا سیاہ ہاتھ اُسے کس صفائی سے غلاظت کی نالی میں سے نکال لیتا ہے، جیسے اُسے نالیاں ہی ٹٹولنے بیتی ہو۔ اور پھر وہ سست اور مکدّر اس ٹانگ کو دور جاتا دیکھتی رہ جاتی۔ کیوں؟ آخر کیوں پیدا ہوئی ہیں یہ بھیانک ٹانگیں اور کالے سیاہ ڈھانچے! پھر اُسے خیال آتا اگر یہ ڈھانچے اتنے سوکھے نہ ہوتے تو تاج محل دنیا کا آٹھواں عجوبہ کیسے نظر آتا، اگر جامع مسجد کی سیڑھیوں پر اتنے فقیر اور مکھیاں نہ بھنبھناتیں تو شاہانِ مغلیہ کی شان و شوکت کا ثبوت کیسے ملے؟

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اگر خدانخواستہ جرمنوں کا دماغ چل نکلے اور وہ پولینڈ کی طرح ہندوستان پر بھی ناخن تیز کرنے لگیں تو شاندار عمارتیں، یہ نادر الوقت مقبرے اور یہ مقدس مٹی، جہاں ہم صرف بونے کے شوق کو پورا کرنے کے لیے ہری بھری کھیتیاں سجاتے ہیں، یہ لمبی لمبی سڑکیں جنہیں ہم موٹروں کی دھول پھانکنے کے لیے خون پسینے کی ندی بہا کر کوٹتے ہیں، کہاں جائیں گے؟ کارخانے سے نکل کر گرما گرم کباب اڑانے کے لیے جامع مسجد کی سیڑھیاں کہاں غیب ہوں گی! اور جب بادل امڈ گھمڈ کر آئیں گے، ابرِ رحمت رم جھم برسنے لگے گا، کوئلیں پکار اٹھیں گی اور پپیہے ٹھنڈی سانسیں بھرنے لگیں گے تو زناری پریم کی پیاس بجھانے انھیں عظیم الشان مقبروں کی آغوش میں چھپ جائیں گے، لیکن یہ فاسسٹ ہماری ان جشن گاہوں کو تہس نہس کر کے رکھ دیں گے۔ ہمارے باپ دادا کی مقدس ہڈیاں اکھاڑ کر لے جائیں گے، وہ ہڈیاں جن کی خاطر ہم جنم جنم سے خون کی ندیاں بہاتے آئے ہیں؛ وہ مانک موتی سے بھی زیادہ انمول ہڈیاں جن پر ہند کو ناز ہے۔ ہر ہندی کا فرض ہے کہ ان کی حفاظت میں خون اور پانی ایک کر دے۔ یہ ہڈیوں کا پجاری خود بھی تو ہڈیوں کی ایک مالا ہے اور ورثے میں یہی مالا اپنے بچوں کو بخش جاتا ہے۔ جیتے جی تو کچھ نہیں مگر مرنے کے بعد اُس میں اتنی شکتی پیدا ہو جاتی ہے کہ بانجھ کو بیٹا اور مردے کو زندگی بانٹنے لگتا ہے۔ گو زندگی بھر جسم کا کوئی کونہ مستور نہ رہ سکا مگر مرنے کے بعد اطلس و کمخواب کی چادریں چڑھائی جاتی ہیں اور صندل مل کر عرق گلاب اور کیوڑے سے غسل کرتا ہے۔ زندگی بھر جو میل کی پپڑیاں اور جوئیں اُس پر چھائی رہیں اُن کا کچھ تو بدلہ مل ہی جاتا ہے۔ زندگی میں جسم کو نہ سہی مرنے کے بعد ہڈیوں کو ہی سہی!

یہ ہڈیاں! کیا مرنے کے بعد ان ہڈیوں میں دل نہیں رہتا! کاش دل بھی ہڈی کا مضبوط ٹکڑا ہوتا جو صدیوں زندہ رہ سکتا۔ تو اگر ہندوستان کی زمین پر جنم لینا ہے تو روحوں کو چاہیے ہڈیاں بن کر جنم لیں اور اگر جینے کی خواہش ہو تو جتنی جلدی ہو سکے مر جائیے اس قبرستان میں زندگی کا کوئی مصرف نہیں۔

پولینڈ کا لقمۂ تر اژدہے کی داڑھ میں زیرہ ہو کر رہ گیا اور فرانس کی حسینہ بھی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جھپیٹ میں آ گئی۔ شرم نہیں آتی ان حیوانوں کو عورت ذات پر ہاتھ اُٹھاتے۔ رانی جھانسی بھی تو عورت تھی کس قدر نسوانیت تھی اس جی دار حسینہ میں جلتی ہوئی چتا کی آخری چنگاری! مگر ابرِ رحمت نے ایک بار ہی برس کر اُسے بھی ٹھنڈا کر دیا۔ ان ہڈیوں کے دیش میں ان چنگاریوں کا کیا کام؟

گھٹائیں برسیں اور خوب برسیں۔ بند کھل گئے، سوتے جاری ہو گئے لیکن یہ ہندوستان کیوں خشک پڑا ہے؟ کیا ہندوستانی خون کی لو ابھی تک اژدہے کی ناک میں نہیں پہنچی؟ یہ سیاہ خون ہے بھی بہت لباندہ۔ گو سفید ذرات نے مل کر کچھ خاکی حسن پیدا تو کر دیا ہے، مگر ابھی اسے بہت سے انجکشنوں کی ضرورت ہے۔ یہ سارے جہاں سے اچھا، ہندوستان سواستکا کے چکر سے کیوں بچا ہوا ہے؟ ہر قوم کو اس پر پیار آ چکا ہے۔ سب ہی کو اس کے سدھار کی فکر نے ستایا۔ سیاہ دراوڑوں کو انسانیت سکھانے آریہ آئے، سکندر ترک کی پسلی پھڑکی، ایران و افغانستان کو محبت چرائی، تاتاریوں نے دانت کچکچا کر بوسے لیے، مغلوں نے عشق و محبت کے میدان گرم کیے اور پھر یورپ کے بنیوں کی ترازو کے پلڑے جھولنے لگے۔ ہندوستان کی مہمان نوازی ہر ایک کی خدمت میں خوانِ نعمت بچھا، ہاتھ باندھ کر کھڑی ہو گئی: "یہ سب کچھ حاضر ہے، کھاؤ پیو اور گھوڑے کا حصّہ باندھ کر لے جاؤ۔ ہم بھوکے سو رہے ہیں یہ تمہاری کھیتی بھر جائے! ہمیں تو بس اتنی اجازت دے دو کہ تمہارے بیرے اور آیا کا عہدہ پا کر تمہاری سفیدی کے آگے اپنی سیاہی کا ماتھا ٹیک دیں۔"

موسم بدلنے لگا۔ شمن جی پر خفقان سا اُٹھنے لگا۔ یہ الجھی الجھی فضا جس نے دم گھونٹ رکھا تھا کچھ اور بھی غلیظ ہوتی جا رہی تھی۔ جی بُری طرح گھبراتا۔ غصّہ آتا کس پر؟ یہ اُسے نہ معلوم تھا۔ استانیوں کی سُستی پریشانی میں بدل گئی تھی۔ کون جانے کیسی ہوا چلے، کدھر سے چلے ۔ ۔ ۔ اور کہیں کس کو اُڑا لے جائے۔ بے چین بھاگم بھاگ شروع ہو گئی تھی۔ جنگ کوسوں دور تھی مگر خطرہ دلوں میں چھپا ہوا تھا۔

گھبرا کر اُس نے پندرہ دن کی چھٹی لی اور کہیں دور جانے کا ارادہ کر لیا۔ کہاں؟ یہ اُس نے اسٹیشن پر پہنچ کر بھی فیصلہ نہ کیا۔ سب سے پہلی ٹرین مدراس کلکتہ تھی۔ اُس نے وہی پکڑ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

لی۔ کہاں جا رہی ہے؟ کس کے پاس؟ یہ اُس نے سوچنے کی ضرورت ہی نہ محسوس کی۔ کیا ضرورت تھی کسی منزل کی! جب جانا ہی ٹھہرا تو پھر کیا حاجت ہے کسی مقررہ لکیر پر چلنے کی! اُس کے پاس تیسرے درجے کا ٹکٹ تھا۔ ایک ہندوستانی کے نقطۂ نظر سے سفر کو مکمل کرنے کے لیے ضرورت سے زیادہ کافی سامان ہے۔ ریل کی افراتفری نے تھوڑی ہی دیر میں سفرِ آخرت کا مزا پہنچا دیا۔ بیمار ٹوٹے پھوٹے بے ہنگم انسان میلے اور بدبودار چیتھڑوں میں اُلجھے ہوئے پتہ نہیں کہاں اور کیوں جا رہے تھے؟ شاید انہیں بھی منزل کا پتہ نہ تھا۔ اُسے غصہ بھی آ رہا تھا اور ہنسی بھی۔ کیا حماقت ہے سفر کرنا، اور وہ بھی تھرڈ کلاس میں! کبھی تو اُکتا کر جی چاہتا لوٹ پڑے یا اتر کر ریل کی پٹڑی پر لیٹ جائے تاکہ ایک بار ہی یہ لمبا چوڑا تھکا دینے والا سفر ختم ہو جائے، مگر پھر سوچتی اس میں بات ہی کیا ہے؟ آواگون کا کیا ٹھیک! عجیب اوٹ پٹانگ سا سلسلہ ہے۔ دنیا میں بار بار تھوڑی ریل کے دھکے، یہ بھیڑ، یہ سڑے بسے کھانے اور بدبو سونگھنے کو آنا نصیب ہوگا۔ جو کچھ بھی ہے، جیسا بھی ہے اسی زندگی میں دونوں ہاتھوں سے لپک لو۔

گاڑی بدلنے میں بھی ایک دنیا سے دوسری دنیا میں جانے کا لطف آ گیا کیونکہ تھرڈ کلاس والوں کے لیے بیلوں کے باڑے سے بھی بدتر جگہ مشکل سے ملتی ہے۔ اُسے پلیٹ فارم پر بستر سے لگ کر چار لمبے آہستہ آہستہ رینگتے ہوئے گھنٹے گزارنے پڑے۔ سیکنڈ کلاس کے مسافر خانے میں تالا پڑا ہوا تھا اور فرسٹ میں کوئی انگریز ٹھہرا ہوا تھا۔ سوائے اسی ایک سفید انسان کے باقی سارے کالے پیلے نیلے جانور تلے اوپر پلیٹ فارم پر بکھرے ہوئے تھے۔ یہ پلیٹ فارم بھی ایک قسم کی گورنمنٹ ہوتی ہے جہاں چند فرسٹ کلاس انسانوں کے علاوہ ساری رعایا گودڑی نظر آتی ہے حالانکہ آمدنی اسی تیسرے درجے والے سے ہوتی ہے مگر آرام کبھی کبھی مجبوراً سفر کرنے والا اوّل نمبر ہی لے جاتا ہے۔

ہر سودے والا سارا سودا اُسی کے ہاتھ بیچنے پر تل گیا۔ منع کرتے کرتے بھی تو تھک گئی۔ فقیروں کے علاوہ یتیم خانوں، بیوہ آشرموں اور گئو رکھشا کا پوتر کام کرنے والوں نے بھی ہلّہ بول دیا۔ وہ جل گئی۔ کبھی یتیم خانوں میں جاؤ تو یتیم آنکھ میں لگانے کو کرائے پر بھی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

نہیں ملتے اور بیوہ آشرم اتنے مردوں کی موجودگی میں حدِ فاصل سے زیادہ نہیں۔ اور ان پناہ گاہوں کی ضرورت بھی کیا ہے! جب تک یتیموں کے لیے کوٹھے موجود ہیں ان بیکار جھگڑوں میں پڑنا ہی حماقت ہے۔ اور یہ گائیں تو جب بچوں کے لیے مائیں اور مٹھائی میں ڈالنے کے لیے گھاس کا گھی اور سنگھاڑے کا آٹا موجود ہے تو پھر یہ گائیں کس کی چربی بڑھانے کو پالی جائیں؟

بار بار اُس کی نظر ایک بچے کی طرف بھٹک جاتی جو بڑے غور سے کبھی اُن کیلوں کو تک رہا تھا جو اس کی ٹوکری سے دلکش بیسواؤں کی طرح جھانک کر لبھا رہے تھے اور کبھی ان کتوں کو جو چاروں طرف نہایت ضروری کام سے دوڑتے پھر رہے تھے۔ بچہ نہایت چلبلا تھا۔ اُس کی بوڑھی آیا قابو میں کرنے کے لیے برابر اس سے کشتی لڑ رہی تھی۔ بار بار اُس کی ممی سے ڈرا رہی تھی جو نہ جانے کس کام کو گئی ہوئی تھی مگر بچے میں بلا کی پروا نہ تھی۔ بیٹھے بیٹھے اچھل کر لوٹ لگاتا اور پاس رکھی ہوئی ہر چیز کو جھنجھوڑ ڈالتا۔

”بُری بات بابا!“ آیا کہتی اور وہ تھوڑی دیر کے لیے ٹھٹھر جاتا مگر پھر اُس کے جسم میں روانی کی لہریں اُٹھتیں، پہلے ٹانگوں کو بستر سے ٹکراتا، پھر ہتھیلیاں تسموں سے چھونے لگتیں، سر کوک بھرے کھلونے کی طرح آگے پیچھے، دائیں بائیں مٹکنے لگتا اور تھوڑی ہی دیر میں وہ ننھا سا جیتا جاگتا بھونچال بن جاتا۔

کیلوں کو وہ پیار بھری حسرت سے تکتا۔ ”بُری بات“ کی مہر نے انہیں اور بھی دلکش اور جاذبِ نظر بنا دیا تھا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اتنے شیریں اور لذیذ کیلوں کی پاک خواہش میں ”بُری بات“ جیسی تلخی کہاں سے آ سکتی ہے۔ وہ جانتا تھا آیا سدا کی جھوٹی ہے اور ہمیشہ اُسے ایسی ناگوار قسم کے جھانسے دیا کرتی ہے کتنی ہی بار وہ دوڑ دوڑ کر انجن کی طرف گیا۔ یہ گوکو کرتا دیو ہیکل بھوت اتنی بہت سی گاڑیوں کو گھسیٹ لے جاتا ہے۔ اُسے نیا بیاہتا جوڑا بھی بہت جاذبِ نظر معلوم ہو رہا تھا۔ آگے آگے دولہا اور اُس کے پیچھے دوپٹے کے کونے سے بندھی ہوئی عورت۔ اگر آیا اجازت دیتی تو وہ ایک بار ذرا اُس دفعہ بیٹھ کے جھولے میں دو ایک پینگیں لے کر دیکھتا۔ آیا نے اسے وزن کرنے کی مشین پر بھی نہیں

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ٹیڑھی لکیر ۔۔۔

کود نے دیا اور صندوقوں کی قطار پر لیفٹ رائٹ کرنے پر بھی معترض ہوئی۔ ہار تھک کر کبھی وہ ساکت ہو کر آنے جانے والوں کے منہ تکنے لگتا اور بے خبری میں اُس کا منہ اُن کی نقل میں نئی نئی شکلیں بناتا۔

"کیلا لو گے؟" شمن نے تنہائی سے اکتا کر بچے سے پوچھا۔

"نہیں!" اُس نے چپکے سے آپا کی طرف دیکھ کر کہا، "پرائی چیز بُری ہوتی ہے۔ ہیں نا آپا!" وہ جوش سے بولا اور کیلوں کی طرف اچٹتی ہوئی نظر ڈال کر فوراً اپنی توجہ پاس رکھے ہوئے سامان کو بکھیرنے میں لگا دی۔

کتنی ہی دیر سے کئی وقت مارے نوجوان گنگناتے لطیف اشارے کرتے شمن کے سامنے سے گزر رہے تھے۔ دبی کچلی خواہشات ننگی ہو ہو کر اُن کے چہروں پر ناچ رہی تھی۔ دل کی بھڑاس نکالنے کے لیے وہ ایک دوسرے کو قطعی ناممکن العمل گالیاں دے رہے تھے۔ پلیٹ فارم پر کئی برقعہ پوش گٹھڑیاں بیٹھی اُن کے مفلوج دماغوں سے فٹ بال کھیل رہی تھیں۔ پاس ہی ایک قبول صورت چنچل سی دلہن گھونگٹ کاڑھے اُن پر بم باری میں مصروف تھی۔ ایک مجروح شکل لڑکا ایک انگریزی کا کوک شاستر اس رُخ سے لیے بیٹھا تھا کہ شمن کی نظر بار بار اس کے با تصویر عنوان پر پڑتی۔ گھنٹہ بھر سے وہ اسی ایک تصویر کو حفظ کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ پاس بیٹھی ہوئی عورتوں کو وہ یہ تصویر نہایت انجان طریقہ پر دکھاتا اور جونہی کسی سے نظر مل جاتی عجیب برہنہ سی مسکراہٹ آنکھوں میں پیدا کر کے نڈھال ہو جاتا۔ اسی خاموش لاسلکی پیغام کے ذریعے وہ ساری گٹھڑیوں سے بھی راز و نیاز میں مشغول تھا۔ جواب بھی مل رہے تھے: کچھ پریشان، کچھ نفرت میں ڈوبے اور کچھ حد درجہ متجسّس! اُس چنچل دلہن کا منہ تو چھپا ہوا تھا مگر تھکن سے نڈھال انگڑائیاں توڑ رہی تھی۔ بچے کی معصوم آنکھیں جو کیلوں سے عشق لڑانے میں مشغول تھیں اُن نوجوانوں جیسی فحش اور گستاخ ہوتی جا رہی تھیں۔ وہ جھنجھلا جھنجھلا کر پیر پٹخ رہا تھا اور غصّے سے زمین پر تھوک رہا تھا۔ کئی بار اُس نے آپا پر بھی تھوکا اور پھر اُسے جلانے کے لیے خوب ناک میں انگلیاں ٹھنگھولیں، سوٹ کے بٹن چبا ڈالے اور جوتے کے بند کھول ڈالے۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

منچلے نوجوانوں میں کسی بات پر کشتم کشتا شروع ہو گئی۔ گالیوں کی جدت میں ترقی ہو گئی۔ کیلوں کی ٹوکری اور کئی صراحیاں لپیٹ میں آگئیں اور ادھر ادھر ٹانگیں مختلف زاویوں میں پھیلنے لگیں۔ بچہ یہ ہنگامہ دیکھ کر پہلے تو ششدر رہ گیا پھر اس کی آنکھیں جگمگا اٹھیں، گال سرخ ہو گئے اور چیخ چیخ کر ہنسنے لگا۔

"کیلے کیلے۔۔۔ آہا کیلے۔۔۔!" وہ کچلے ہوئے کیلے دیکھ کر خوشی سے دیوانہ ہو گیا اور کشتی میں حصہ لینے دوڑا مگر آیا نے اسے پکڑ کر بستر پر بٹھا دیا۔

جب ذرا سکون ہوا اور بچہ بستر پر اوندھا ہو کر لیٹ گیا تو پلیٹ فارم بھی سونا ہو گیا۔ شمن نے ڈبہ کھول کر کچھ چاکلیٹ اور بسکٹ نکالے۔

"بری بات!" بچہ بغیر ملاسٹے چلایا۔

"آیا! بچے کو میرے پاس لے آؤ۔" شمن نے حکم دیا۔

"میم صاحب بڑا ناٹی ہے۔ اس کا ممی شاپنگ گیا۔ بولا دو کلاک سے آئے گا۔ پن کون جانے کبی آئے گا؟" جبراً آیا نے بچے کو آنے دیا۔

"کیا نام ہے تمہارا؟" شمن نے بہت سے چاکلیٹ اس کے دونوں ہاتھوں میں بھر دیے۔

"میم صاحب اکھا دن مستی کرتا۔۔۔ پڑھتا کو کچھ نئیں۔۔۔ ناٹی۔۔۔ ویری ناٹی۔"

بچے نے چاکلیٹ کھائے نہیں بلکہ انہیں صندوق پر قطار میں جما کر تالیاں بجانے لگا۔ آیا اس کی شرارتوں کا رونا روتی رہی۔ شمن بغور بچے کو دیکھتی رہی۔ چاکلیٹ کی برجیاں بنا کر زور سے ایک تھپڑ مار کر بکھر دیتا اور اپنی اس فاتحانہ تخریب پر قہقہے لگانے لگتا۔

"جب تم بڑے ہو جاؤ گے تو کیا بنو گے؟" شمن نے ایک ٹیچر کا مرغوب ترین سوال بچے سے پوچھ ہی لیا۔

"ہم۔۔۔ ہم سپاہی بنیں گے!" اس نے کانسٹبل کی طرف دیکھ کر کہا جو تھوڑی دیر ہوئی فساد فرو کر کے مزے سے کھمبے سے پیٹھ لگائے دوسرے فساد کے انتظار میں کھڑا تھا۔ اگر یہ فساد نہ ہوں تو دنیا کتنی سونی ہو جائے۔ پھر کانسٹبل سوائے کھمبوں

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سے پیٹھ لگا کر اونگھنے کے کیا کریں گے۔ اگر بچہ جھلاہٹ کی برچھیاں بنا کر نہ ڈھائے تو سوائے اسباب کی توڑ پھوڑ اور آیا پر تھوکنے کے اور کیا کرے۔ کاش ان کانسٹیبلوں اور بچوں کو بھی کچھ کام ہوتا۔

”تمہیں ممی مارتی تو نہیں“ نہ جانے اُسے کیوں خیال آیا کہ بچے کو پٹنے کی اشد ضرورت ہوتی گئی۔ کئی بار اُس کا خود جی چاہا اُس کے پیارے پیارے سُرخ گالوں میں چٹکی بھرے اور بے اختیار اُسے بھینچ ڈالے۔ یقیناً وہ بڑا گدگدا اور گرم ہوگا۔ اُس کی آغوش میں اُسے جکڑنے کی ناقابلِ بیان تھکی ہوئی سی خواہش جاگ اُٹھی۔ بچے نے ممی کے نام پر فکرمند ہو کر تیوریاں چڑھا لیں۔

”وہ بڑی ناٹی ہے... ممی!“ بچے نے جھلا کر کہا تو اُسے ایسا معلوم ہوا وہ اس بچے کو بہت دن سے جانتی ہے۔ اُس نے پہلے بھی اُسے کہیں دیکھا ہے۔ اس کے ہونٹ کتنے شگفتہ تھے۔ بعض انسان پھلوں اور مٹھائیوں سے کتنے مشابہ ہوتے ہیں! دیکھتے ہی بھنے ہوئے چنوں جیسی سوندھی سوندھی خوشبو نتھنوں میں آنے لگتی ہے۔ کچھ ایسے ہیں جو تازہ انگوروں اور اناناس کی قاشوں کی طرح مہک دیتے ہیں۔ یہ دلکش گوشت کا لطیف کھلونا جسے دیکھ کر بے اختیار نارنگی کی پھانک کی طرح چکھنے کو جی چاہنے لگا!

”ہمارے پاس نیو دتی ہے۔ بستر میں لپیٹ دی آیا نے، دیکھو گی؟“ بچے نے مستعدی سے بستر پر حملہ کیا۔

”نائیں۔ نائیں بابا بیڈ ٹنگ کیسے کر کے کھولنے کا؟“ انگلش پھٹہ لگی ہوئی آیا نے بغاوت کی۔

”ہم پھاڑ ڈالیں گے۔“ بچے نے آنکھیں نکالیں۔

”کیسا پھاڑے گا؟ ممی تم کو اتنا کر کے مارے گا کہ بس!“

”ہم ممی کو گولی سے مار دیں گے... ٹھائیں“ شکست خوردہ سپاہی نے سرخ گالوں کو پھلا کر کہا۔

”چہ... بری بات!“ شمن نے چمکارا، بچے نے اس پر بھی ایک بے اعتباری کی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

نگاہ ڈالی۔

"تم بھی ناٹی ہو... ممی اور آپا سب ناٹی... ہم سب کو ٹھائیں ٹھائیں مار دیں گے۔" بچے کے غصے پر شمن کو پیار آگیا۔ اتنا سا بچہ اور اتنے دشمن! بیچارا! کاش یہ ٹھائیں ٹھائیں مارنے کی دھمکی میں کچھ اصلیت رہے اور یہ جذبہ پروان چڑھ سکے۔

"آئی ایم سوری!" بچے کی آواز گلے میں پھنس گئی۔ آنے والی خاتون کو اس نے ڈانٹ کر کہا اور غصے اور بغاوت کا ننھا منا دیوتا بستر پر سر بلند ہو کر ڈٹ گیا۔

"ہیں! تم!" پھر سے پلیٹ فارم پر دوبارہ اس سہیلیاں شنٹ کیے ہوئے ریل کے ڈبوں کی طرح ایک دوسرے کی آغوش سے ٹکرا گئیں۔

"الیما! تم!"

"تم کہاں جا رہی ہو؟" دونوں نے ایک ساتھ پوچھا۔

"چھٹی گزارنے، اور تم؟" شمن نے پوچھا۔

"گھر جا رہی ہوں.. تو چلو میرے ساتھ...."

"میرے خطوں کا جواب... " اتنے میں ریل آگئی اور شمن نے لشتم پشتم دوڑنا پڑا۔ ایک گارڈ سے کہہ کر شمن الیما کے ساتھ انٹر میں بیٹھ گئی۔

بچھڑی ہوئی سہیلیوں نے بالکل ننھی بچیوں کی طرح بہت سا وقت ایک دوسرے سے سوال پر سوال کرنے میں صرف کر دیا۔ جواب سننے کی کسے مہلت تھی! الیما بانکی پور جا رہی تھی۔ شمن نے چھٹیاں وہیں گزارنے کا فیصلہ کر لیا۔ ریل میں نہ اتنی فرصت اور نہ کہانیاں اتنی مختصر کہ سنانے والا سنائے اور سننے والا جی بھر کر سنے۔

چٹاخ سے الیما نے بچے کے گال پر تھپڑ لگایا، وہ کپڑے بدلتے میں ہیر پھیر کر رہا تھا۔ ایک بار زور سے اس نے منہ پھاڑ کر دھاڑ نکالی اور چپ ہو گیا۔ ایک آنسو بھی نہ نکلا۔ سرخ انگارہ جیسی دہکتی ہوئی آنکھوں سے اس نے ایک بار نہایت گستاخ آنکھوں سے کچھ کہا۔ شدت ضبط سے نتھنے پھڑکے، کان سرخ ہوئے مگر دودھ ابلتے ابلتے تھم گیا۔ خاموش اس نے کپڑے اتروا لیے مگر گویا کوئی اس کی کھال اتار رہا ہو۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

شاید کھال اُتارتے ہیں بھی اتنی شدّت سے جذبات نہ دکھتے ہوں گے۔

"ہمیں بھوک لگی ہے۔" بچّے نے ڈانٹ بتائی۔

"آپا لبسکٹ دے دو۔"

"ہم بسکٹ پھینک دیں گے، چاول کھائیں گے۔" دانت کچکچا کر ایلمیا نے پھر تھپڑ اُٹھایا مگر شمن نے اُس کا ہاتھ پکڑ لیا۔

"کیوں مارتی ہو؟"

"تم... تم نہیں جانتیں.... یہ... یہ..." ایلمیا کا گلا گھٹ گیا اور وہ پٹے ہوئے بچّے کی طرح لبسور دی۔ شمن نے کچھ نہ کہا۔ خاموش سر موڑے کچھ سوچتی رہی اور ریل فراٹے بھرتی رہی!

(۳۵)

"تم کہتی ہو میں اُسے کیوں مارتی ہوں؟" ایلمیا نے سونے سے پہلے اپنے مختصر کمرے میں ٹہلنا شروع کیا۔ بچّہ آیا کے پاس سوتا تھا۔ گھر صاف ستھرا تھا مگر نہ جانے کیوں قید خانے کا سا حبس تھا۔ کمرے کچھ پرانے اور برسوں سے بند پڑے تھے۔

"میں اسے مار ڈالنا چاہتی ہوں۔ جانتی ہو میں نے اُسے ختم کر دینے کی پوری کوشش کی۔ اسے پھینکنے کی کوشش میں اپنے آپ کو کئی بار موت کے کنوئیں میں دھکیل دیا مگر میری تندرستی سخت جانی بن کر آڑے آ گئی۔ میں نے ایک گھناؤنے مرض کی طرح اسے شکم میں برداشت کیا۔ ہر لحظہ میں نے اس کے وجود پر پھٹکار دی اور بد ہضمی کی قے سمجھ کر جنم دیا۔" وہ بڑے جوش سے بکتی رہی۔ اُس کی آنکھیں اب بھی اتنی دہکتی ہوئی اور سیاہ تھیں مگر ان پر ہلکا سا الکان کا پردہ پڑا تھا جو بہت غور سے کبھی کبھی ایک جھلک سی دکھا جاتا تھا۔ جسم ذرا بھاری ہو گیا تھا۔ اور جیسے جیسی کھنچی ہوئی کمر بھدی پڑ گئی تھی وہ سبک شاخ گل اب پھل اتری ڈالی ہو گئی تھی۔ وہ بے رونقی کے دھندلے نقوش جو مٹ کر بھی لکیریں چھوڑ جاتے ہیں! پھر بھی اُس کا دماغ ابھی کنوارا تھا۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اور کنوارا رہنا چاہتا تھا گو جسم ماں بن چکا تھا۔

”میں نے اس تھوہر کے پودے کو سینچنے سے انکار کر دیا مگر دودھ کی زیادتی سے اندیشہ پیدا ہو گیا اور جبراً۔۔۔ اوہ۔۔“ وہ سہم کر شمن کے بالکل قریب بیٹھ گئی، جیسے اس کی آغوش میں پناہ لینا چاہتی ہو۔ ”یقین، اوشمن میں نے نرک کے دکھ بھوگ لیے، جیسے سانپ کو چھاتی سے لگایا۔ کہتے ہیں کہ جب بچے کے پوتر ہونٹ ماں کے جسم کو چھوتے ہیں تو سورگ کی اپسرائیں رشک کی آگ میں جل مرتی ہیں کہ وہ ماں نہیں بن سکتیں۔۔ مگر شمن لوگ بڑے جھوٹے ہیں۔ جیسے اس سپیدیے کے پیٹ کی آگ میں نے بجھائی میں ہی جانتی ہوں۔ جتنے دن یہ میرا خون چوستا رہا میری آتما جہنم میں تھوکتی رہی!“

”اتنی پریشان نہ ہو پگلی!“ شمن نے پیار سے اُسے پاس گھسیٹ لیا۔

”تم نہیں جانتیں۔۔۔ اوہ تم نہیں جانتیں!“

”الیما تم اتنی پریشان ہو۔۔۔ کیا یہ سب کچھ اس لیے کہ وہ ناجائز ہے؟“

”ہشت پگلی! اگر سینٹل کا بچہ دیوتا ڈل کے اپنے ہردے کی جلائی ہوئی آگ سے بھی پوتر ہو کر آتا تب بھی مجھے سولی جیسا دکھ دیتا۔۔ کوئی منتر کوئی پوجا اسے پاک نہیں کر سکتی۔۔۔ جب میرا ضمیر ایک حیوان کے جسم سے چوٹ کھا گیا تو۔۔۔۔“

”مگر اس میں معصوم کا کیا قصور ہے؟“

”قصور؟ ہنہ، تم نے دیکھا نہیں، یہ وہی ہے، یہ وہی ہے!“ ___ وہ خوفزدہ ہو گئی ”وہی، بالکل وہی سانپ!“ اور شمن کو یاد آیا کہ بچے کو دیکھ کر جو اُسے دھوکا ہوا تھا کہ اُسے کہیں دیکھ چکی ہے وہ وہم نہیں تھا۔ بچہ بالکل چھوٹا سا سینٹل تھا۔ وہی تنو مند جسم اور مستانہ چال، وہی زندہ دلی اور کھوشش! تو پھر الیما حق بجانب تھی۔ قدرت اُسے چڑا رہی تھی۔ اگر بچہ الیما سے مشابہ ہوتا تو شاید خود پرستی آڑے آ جاتی مگر وہی شخص جو ہمیشہ اس کی نفرت کی آماجگاہ بنا رہا غیر اختیاری طور پر ایسا چھایا کہ اس کے خون میں بھی رچ گیا۔ محبت اور نفرت اپنی بلندی پر پہنچ کر ایسی صورت اختیار کر لیتی ہیں کہ انھیں پہچاننا مشکل ہے۔ دیوتا اور شیطان دونوں کی پرستش ایک نکتے پر جا کر ٹک جاتی ہے کتنا باریک ہے یہ نکتہ

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

تخیل کی نگاہ بھی نہیں دیکھ سکتی۔

"لیکن ایلما، تم تو بڑی ترقی پسند ہو اور اگر سماج ایک ایسے بچے کے ساتھ ایسا ہی سلوک کرے تو تم اُسے ظالم کہو گی؟"

"سماج ایسے بچے کو صرف اس لیے بُرا سمجھتا ہے کہ وہ بیاہ کے منتروں کے چھینٹوں میں نہائے بغیر دنیا میں آجاتا ہے اور میں ۔ ۔ ۔ ۔"

"نہیں، سوسائٹی کی اجازت بغیر دنیا میں آجاتا ہے۔ تمہیں رولی سے اس لیے نفرت ہے کہ وہ تمہارے حکم بغیر دنیا میں آیا۔ اسی طرح سوسائٹی کو بھی ۔ ۔ ۔"

"مگر کیوں؟ سوسائٹی کو کیا مطلب؟"

"اس لیے کہ ایسے انسانوں کی تعداد دنیا میں نہ بڑھے جو بن وارث کے ہوں ۔ ۔ ۔ تم جانتی ہو عورت ہی تنہا ذمہ دار رہ جاتی ہے۔ باپ کے منہ پہ کوئی مہر نہیں پڑتی ۔ ۔ ۔ اب ذرا سوچو اگر شادی کا اسٹامپ نہ لکھا جائے تو عورت، جس کی اقتصادی حیثیت صفر کے برابر ہے، کیا کرے ۔ ۔ ۔"

"ہوں تو تمہاری رائے میں ناجائز بچے صرف مالی مشکلات کی وجہ سے دوبھر معلوم ہوتے ہیں؟"

"اور کیا، خود سوچو ایک ماں قدرت کے بنائے ہوئے اصول کے مطابق آنے والے بچے سے کیوں نہ محبت کرے؟ کیا وہ اُس کے جسم کا ایک ٹکڑا نہیں؟ دینے والے نے نعمت دی اور لینے والے نے پائی۔ پھر باپ کیوں ڈرے اور ماں کیوں تھرائے؟ صرف اس لیے کہ اس کا پالنا پوسنا "دردِ سر" ہے۔"

"اور شادی کے بعد؟"

"تب مرد اُسے اپنا فرض سمجھ کر برداشت کر لیتا ہے۔"

"سوسائٹی کا باندھا ہُوا فرض۔"

"ہاں ۔ ۔ ۔ مگر اس کا اب وہ اس درجے تک عادی ہو چکا ہے کہ اس بار کو اپنا سمجھتا ہے۔ لفظ "اپنا"، اُس کی خود پرستی کے جذبے کو تسکین دینے کے لیے کافی ہے۔"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اور ناجائز کو اپنا نہیں سمجھتا؟"

"مجبور نہیں... قانوناً بھی تو وہ اُس کا نہیں... قانون کے بغیر اس کی ماں بھی غیر ہوئی"

"لیکن ماں۔ ماں کیوں نفرت کرے؟"

"کیونکہ وہ کوئی کمانے والا ساتھ نہیں لاتا، اُس کی پرورش کا بار اُس کی زندگی کے پیروں میں بیڑی بن کر اُلجھ جاتا ہے۔"

"ہشت، یہ سب واہیات ہے۔ مائیں اپنے بچوں کو صرف ایک وجہ سے فنا کر دینا چاہتی ہیں کہ وہ اُس کے لانے والے سے نفرت کرتی ہیں۔ اس نفرت کا انتقام وہ اُس کی گردن مروڑ کر لیتی ہیں۔"

"توبہ توبہ، میں تو ایسی عورت کو حیوان سمجھتی ہوں!"

"تم بیوقوف ہو... حیوان اتنے بے رحم نہیں ہوتے اور نہ بیوقوف۔ اُن کے یہاں نہ بھادریں پڑتیں اور نہ بیاہ رچتے... سنا ہے تم نے کسی گدھے کو سہرا باندھے؟"

دونوں کھلکھلا کر ہنس پڑیں، سیاہ بادل چھپٹ گئے۔

"ایلیما تم بھی سڑن ہی ہو... وہ کسی کا ہو، ہے تو اتنا پیارا!"

"خاک! دماغ تو ہے ہی نہیں بس جیسے گوشت کا دھمّہ۔ میں تو اس کی پڑھائی کی طرف بھی نہیں دیکھتی۔ نہ جانے کیا جھک مار کر آتا ہے۔"

"کیا ارادہ ہے تمہارا اُس کے مستقبل کے بارے میں؟"

"میرا ارادہ..." اس کی آنکھوں میں پھر آگ سلگی۔

ایک فلک شگاف چیخ بچے کے کمرے سے آئی اور پھر پے در پے آوازوں سے سنسان گھر گونج اُٹھا۔ دونوں لپکیں، ایلیما آگے اور شمن پیچھے۔

"نہیں... نائیں..." بچہ مسہری پر اوندھا لیٹا رہا تھا۔ تیزی سے ایلیما نے اُسے اُٹھا لیا۔ تھوڑی دیر کو شمن کو شبہ ہوا کہ اُس کی آنکھیں نرم نرم روشنی سے چمکیں مگر فوراً ہی ایک دردناک چیخ مار کر اُس کے بازوؤں سے پھسل پڑا۔

"آئی ایم سوری... سوری..." وہ ہیبت زدہ ہو کر چلانے لگا۔ ایک ہلکی سی پریشانی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

الہاما کے چہرے پر آئی اور غائب ہو گئی۔

"چپ... خاموش... چپ" اُس نے تھپڑوں کی بارش کر دی اور اُس کا گلا گھونٹ دیا ہوتا اگر شمن اور آیا اُسے دھکیل کر کمرے سے نہ لے جاتیں۔ شدّتِ جذبات سے وہ دیر تک لرزا کی۔ معلوم ہوتا تھا ایک بچّے سے نہیں کسی دیو سے کشتی لڑ کر آرہی ہے۔

"میں ایک دن اُسے ختم کر دوں گی۔ میں موت سے نہیں ڈرتی مگر یہ عمر قید... میری زندگی.... " جھلائی ہوئی شیرنی کی طرح وہ بل کھا کھا کر مختصر سے کمرے میں ڈگ بھرنے لگی۔ بگڑ بگڑ کر وہ اپنے ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ کی انگلیاں جکڑ لیتی اور پھر خود ہی اس گرفت سے زور آزمائی شروع کر دیتی۔ معلوم ہوتا اُس کے دماغ کے گرد بھی کسی نے جال بن دیا ہے ایسے کہ جتنا جتنا وہ زور لگاتی ہے بندش کستی ہی جاتی ہے۔

"مگر اس بچے کا...."

"یہ بچہ نہیں ہے..." اُس نے بلند آواز سے کہا، "یہ وہ خود ہے... مجھے آزار پہنچانے تباہ کرنے کے لیے وہ خود جنم لے کر آیا ہے۔ اُس نے اسی ذلت کو کافی نہ سمجھا اور مجھے ایڑی تلے مسلنے..."

"تم پاگل ہو گئی ہو، تم اُس کی ماں ہو۔"

"نہیں، میں اُس کی ماں نہیں۔ اگر جنم دینے سے ماں ہو جاتی ہے تو... تو... ہرگز نہیں۔ اگر چنبیلی کی بیل سے دھتورے کا پودا لپٹ جائے تو تم اُسے بھی دھتورہ کہنے لگو گی؟..... اگر اس گلدان میں کہیں سے سانپ گھس آئے تو وہ پانی بن جائے گا؟" اُس نے آتش دان پر رکھے ہوئے گلدان کو دونوں ہتھیلیوں سے بھینچا۔ "تم نہیں سمجھ سکتیں میرے دُکھ کو۔" وہ زور سے مڑی اور گلدان ایک غمگین چھناکے سے زمین پر آرہا۔ الہاما دہشت زدہ ہو کر اُن پریشان کیڑوں کو دیکھنے لگی جو اس میں سے نکل کر چاروں طرف کونوں میں پناہ لینے بھاگ گئے۔

"نہیں، نہیں، یہ نہ ہوگا۔ یہ نہیں ہو سکتا... یہ کبھی نہیں ہو سکتا۔" اس کی حالت بالکل دیوانوں جیسی ہو گئی اور گھبرا گھبرا کر گلدان کے بکھرے ہوئے ٹکڑوں کو جوڑنے لگی۔ شمن کو اس سے ڈر معلوم ہونے لگا۔ اُس نے چاہا اُسے گھسیٹ کر پلنگ پر بٹھائے مگر وہ بگڑ گئی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اس طرح ریزہ ریزہ ہونے سے پہلے میں اُسے خاک میں روند کر پھینک دوں گی!"

آہستہ آہستہ دانت پیس کر اس نے کہا۔ اُس کی شکل بالکل مکار چڑیلوں جیسی ہو گئی۔ شمن کو اس سے کراہت آنے لگی۔

"تم بن رہی ہو ایلما!" اس نے حقارت سے کہا۔

"ایں؟" وہ غصے سے مڑی۔

"ہاں، تمہیں ایکٹنگ میں مزا آرہا ہے، تم جھوٹ بولتی ہو۔"

"شمن!"

"بس اتراؤ مت، مجھے تم سے یہ اُمید نہ تھی کہ تم اور میرے سامنے اتنی عجیب باتیں کرو گی۔ تمہیں اپنے بچے سے محبت ہے اور مجھے اُلو بنا رہی ہو۔"

"کیا؟ محبت؟" ایلما بپھری۔

"مجھ سے جھوٹ نہ بولو۔ اتنی سی دیر میں مجھے سب کچھ معلوم ہو گیا۔ تمہیں رولف سے شدید محبت ہے مگر اسے جھوٹی نفرت کے بھیانک روپ میں لپیٹ کر دکھانا چاہتی ہو۔"

"تم!"

"چپ رہو۔ میں تمہیں اتنا کم ہمت نہ سمجھتی تھی، افسوس تم نے میرے سارے حسین خوابوں کو آج اس گلدان کے ریزوں کے ساتھ چکنا چور کر دیا۔ تم بزدل اور دھوکے باز۔ بڑی روشن خیال ہو، ناجائز کو جائز کہہ دیا لیکن تمیل کے نہ بلائے ہوئے ڈھکوسلے کی آڑ لینے لگیں۔ مجھ سے جھوٹ بول بول کر اپنی عزت اور کم نہ کرو۔ سچ بتاؤ تم نے اپنی ممتا کو تو انہیں نبا ڈالا۔ بڑی آئیڈیل والی بنتی ہو مگر یہ تمہارا آئیڈیل، تمہارا۔۔۔۔ تمہارا ضمیر، تمہاری ذہانت، تمہاری ممتا کے آگے مات کھا رہے ہیں۔ یہ جھوٹ ہے کہ تمہیں کبھی بھی سیتبل سے نفرت نہ تھی!"

"شمشاد۔۔۔"

"بکو مت۔ تم اس کی پرستار تھیں لیکن تمہاری خود پرستی نے کبھی تمہیں اقبال نہ کرنے دیا۔ تمہارا یہ فلسفہ بالکل بے بنیاد اور لچر ہے کہ جسم اور روح جدا جدا ہیں۔ یہ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کیسے ہو سکتا ہے کہ ستیل کو تمہارے جسم نے چاہا اور روح نے نفرت کی۔ پگلی دل و دماغ دھوکا کھا سکتے ہیں مگر جسم دھوکے میں نہیں رہتا، وہ وقت آنے پر سچ بول دیتا ہے مگر تم نہیں مانتیں کہ تم ستیل سے محبت کرتی تھیں اور اب بھی تمہاری آتما اس کی خواہش مند ہے تمہیں یہ سزا دے دی ہے۔ کیونکہ وہ تمہیں نہیں ملا اس لیے اس فراق کی جلن، تو اس کے بچے سے انتقام لے کر بجھانا چاہتی ہو اور یہ جب لینا چاہتی ہو کہ یہ تمہارا ہی ہے۔ ارے دیوانی ذرا غور تو کر اس طاقت کے مظاہرے میں کتنی کمزوریاں پوشیدہ ہیں۔"

"مجھے کس بات کا ڈر تھا جو محبت کو چھپاتی؟" ایلما کی آواز شکست خوردہ ہو کر تھرا گئی۔

"خود اپنا۔ ایلما جتنا تم اپنے آپ سے ڈرتی ہو کسی سے نہیں ڈرتی۔ تم کو خود اپنے سامنے سچ بولنے کی ہمت نہیں۔ اس کے علاوہ تمہاری ایک اور زبردست کمزوری ہے جسے تم کبھی تسلیم نہ کرو گی... تم ویسے بڑی مضبوط بنتی ہو مگر... تم سماج سے بھی ڈرتی ہو۔"

"ہنہ، تم کہو اور دنیا مان لے۔" ایلما نے وثوق سے کہا۔

"تم جھوٹ بہت بولنے لگی ہو۔ زندگی کو جنتر منتر بنا رکھا ہے۔ سچ بتاؤ تم نے بچے کا کیا نام لکھایا ہے اسکول میں؟"

"رولف... کیوں پوچھا تم نے؟"

"نہیں پورا نام بتاؤ۔"

"کیا کرو گی؟" ایلما کا چہرہ سرخ ہو گیا۔

"دیکھا باپ کے نام پر کھسیا گئیں!"

"مطلب کیا ہے؟ یہ میری نجی باتیں ہیں!"

"بالکل، اور مجھے دخل دینے کا کیا حق؟ معافی چاہتی ہوں، اب کچھ نہ کہوں گی۔"

"اس کا باپ اس لائق نہ تھا... دوسرے..."

"دوسرے تمہارے پاس اس کے نام کا سرٹیفکیٹ بھی تو نہیں تھا۔"

"ہاں!" ایلما کچھ خوفزدہ سی خاموش ہو گئی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-0

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"بس اسی کا سارا غصہ ہے۔ آگینس نا اپنی اصلیت پہ دیکھا اپنے آئیڈیل کا حشر۔"

تھوڑی دیر بستے کی خاموشی چھائی رہی جس میں دبے دبے سہیلیوں کی تھکی ہوئی سانسیں گونجا کیں۔ ایسا معلوم ہو رہا تھا دونوں تھک گئی ہیں۔ باہر دریچے میں سے چاند ایک بادل کے نیچے سے گھسٹ گھسٹ کر نکل رہا تھا اور ہوا ٹہنیوں میں سرسرا رہی تھی۔ رات کافی گزر چکی تھی۔ صرف دور، بہت دور جنگلی سیار خواب آلودہ قہقہے لگا رہے تھے۔

"ہم ہمیشہ سے بزدل تھیں، جبھی تو ہر ایک پر غرا کر جھپٹ پڑتی تھیں۔ اور بچے کے متعلق جو تمہارے خیالات ہیں یہ کچھ نہیں سوائے تمہاری مفلوج مامتا کے انتقام کے۔ تم اس جذبے سے زور آزمائی نہ کرو، بری طرح شکست کھاؤ گی۔"

پلنگ پر خاموش بیٹھی ایلما اپنے ہاتھوں سے کشتی لڑتی رہی۔ اس کے تھکے ہوئے چہرے پر کرب اور لاچاری طاری ہو گئی۔ سادھوؤں جیسی گیانی آنکھیں لہو برساتے ہوئے بچوں کی طرح رو پڑیں۔ سیاہ دھتے ہوئے گالوں پر سے لمبے لمبے خاموش آنسو جھلملاتی ندیوں کی طرح بہنے لگے۔ عضلات کی کھینچا تان سے اس کا بالائی ہونٹ دانتوں پر سے سرک گیا۔ وہ اب بھی اتنے ہی دھار دار تھے مگر زہریلے نہیں!

"اس وہم کو دماغ سے نکال دو" ایلما کا سر تکیے سے لگا کر اس نے کہنا شروع کیا۔

"اس میں شرم کی کیا بات ہے۔ ارے لف کتنا پیارا بچہ ہے۔ ہم تو کبھی سوچتی بھی نہیں کہ اس کی تخلیق میں کچھ سینٹ کا بھی حصہ ہے۔ مجھے تو وہ میری پیاری ایلما کا ننھا منا کھلونا معلوم ہوتا ہے۔ سنو ایلما۔۔۔"

مگر ایلما سننے والی دنیا سے بہت دور گہری نیند میں غرق تھی۔ شمن کی لوری نے اس کی برسوں کی اچاٹ نیند کو بلا لیا اور وہ معصوم بچے کی طرح ایک ہی چٹکی میں غافل ہو گئی۔ مگر شمن کی نیند اچاٹ ہو گئی۔ آہستہ سے اس نے ایلما کے پیر سیدھے کیے اور خود جا کر دیوان پر لیٹ رہی۔ خیالات کے گھوڑے لگامیں تڑا کر بھاگ نکلے۔

ایک ہی بچے نے ایلما کو بوڑھا کر دیا تھا، ایک ہی پرورش کی بینائی میں وہ سب کچھ ڈھا بیٹھی تھی۔ کمر کے وہ خم، جسم کا وہ ٹھوس پن سر تھا چکا تھا۔ شمن نے اپنے جسم پر نظر ڈالی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

مہکتے ہوئے تیار انگوروں کی تیز خوشبو اس کے نتھنوں میں بھر گئی اور اُسے وہ انگور یاد آ گیا جو بہت دن ہوئے الیما نے اُس کے گال پر کھینچ مارا تھا تو اُس کا سارا منہ نہا گیا تھا۔ اور الیما! اُس نے گردن گھما کر دیکھا، جیسے چوسی ہوئی گٹھلی! اُس نے اپنی کیا گت بنا لی تھی! دو چار انگور اُٹھا کر اُس نے سونے کی کوشش کی مگر پکے انگوروں کی خوشبو نے اُسے بے چین رکھا۔

اُسے سنبل کا خیال آیا جب وہ پلنگ میں سوکھی ہوئی پتیوں پر اینڈ رہا تھا، اور پھر اُس نے الیما کے مرجھائے ہوئے گالوں کو دیکھا۔ اُس کا جی دکھ گیا۔ چاہا چپکے سے اُٹھ کر ان شبنم میں ڈوبے اُداس گالوں کو چوم لے۔ سوتے میں وہ الیما، جس پر جاگتی ہوئی الیما ہر وقت بھتنی کی طرح قینچی لیے سوار رہتی تھی، کتنی معصوم لگ رہی تھی۔ ابروؤں کا طنز آمیز کھنچاؤ ڈھیلا پڑ گیا تھا اور بجائے اتورا کی دیو داسی کے وہ بالکل معمولی عورت لگ رہی تھی۔ اس کا سیدھا سادا سینہ معصوم ماؤں سے دھڑک رہا تھا۔ شاید وہ خواب میں اس بچے کو چوم رہی تھی جس پر سہارا ری میں خود اس نے اپنے وہم کا پاسبان بٹھا رکھا تھا۔

صبح اُٹھ کر شمن نے رولف سے دوستی شروع کر دی۔ بچہ بلا کا ذہین تھا اور شاید الیما کو جلانے کے لیے اُس کی ذہانت چرالی تھی۔ بات کرتے میں وہ بالکل اُس کی طرح بھویں چڑھا کر گہری گہری آنکھوں سے دیکھنے لگتا۔ ماں کا ٹھکرایا ہوا بچہ شمن سے پورے جوش سے لپٹ پڑا۔ الیما کی طرح وہ بھی جھکی تھا اور جس بات کے پیچھے پڑ جاتا عاجز کر دیتا۔ الیما خاموش کن انکھیوں سے اُسے دیکھتی مگر محبت جتلاتے ایسی شرماتی جیسے بھرے بازار میں ننگی ہو گئی ہو۔ چار سال کی دبی ہوئی کونپل زرد اور بے جان ہو چکی تھی۔

آہستہ آہستہ شرم بھی ٹوٹی۔ بچہ پہلے بے اعتباری سے بھڑکا اور غصے ہوا پھر متیر ہو کر مانوس ہو گیا۔ ندی کا بند ٹوٹ چکا تھا۔ اُمڈے ہوئے طوفان کو، جسے برسوں کی روک نے اور بھی شہ زور بنا دیا ہو، روکنا آسان کام نہیں۔ دن بھر الیما کی آنکھیں چھپے چوری رولف کے پیچھے بھاگتیں اور ذرا دور جاتا تو اُس کی تلاش میں بھٹکنے لگتیں۔

جب شمن دو دن چھٹیوں کے علاوہ رہ کر چلنے لگی تو الیما اُس سے لپٹ کر رو دی۔ وہ بڑی نرم دل ہو چکی تھی۔ ندی کا دھارا جب خشک زمین پر پورے زور سے گرتا ہے تو

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اُس کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے بکھیر دیتا ہے۔ ایلیما کی پیاسی مامتا پر بھی یہ محبت کا دھارا اس شان سے گرا کہ کنواں بن گیا اور وہ اُس کی گہرائیوں میں ڈبکیاں لگانے لگی۔ ماں بیٹے اسٹیشن تک اُسے الوداع کہنے آئے۔ جب ریل چل دی تو شمن نے اطمینان سے سانس بھری۔ وہ خوش تھی اُس نے دو روٹھے ہوئے بچوں کا میل کرا دیا تھا۔

(۳۶)

گرمی شباب پر تھی۔ معلوم ہوتا تھا سورج گھومتے گھومتے راستہ بھول کر قریب آتا جا رہا ہے، دنیا چکرائی جا رہی ہے۔ جرمنی نے فرانس کو بھون کر رکھ دیا۔ صدیوں سے آزادی کا جھنڈا اونچا کر کے بڑھنے والی حسینہ کان میں کوڑی ڈال کر جھک گئی۔ ادب اور فن کی دیوی زہرہ پر نازی عقاب پنجہ پھیلا کر ٹوٹ پڑا۔ یہ کیسی مجنونانہ دُھن تھی کہ الٹے اپنے پیروں میں بیڑی بن کر الجھ گئی۔ وہ تکیہ جس سے پیٹھ لگائے مزے سے لیٹے تھے اُلٹا دم گھونٹنے لگا۔ غلام فرانس کو نازی چنگل میں سسکتا چھوڑ کر آزاد فرانس انگلستان میں جا بیٹھا۔ جتنے ملک نازیوں کے پنجے کے نیچے دبتے گئے اُن کے آزاد واہمے انگلستان میں جمع ہوتے گئے۔ کیا ہی اچھا ہوتا جو یہ فرزندِ دلبندِ دولتِ انگلشیہ، یہ ہندوستان بھی ایک بار اس جان چھڑکنے والی ماں کی گود سے چھوٹ کر آزادی کی انگڑائی لے سکے اور اس کے کسی کونے میں آزاد ہندوستان پیدا ہو جائے۔

اسکول کے ربط سے عاجز آ کر اُس نے کلب جانا شروع کر دیا مگر وہاں بھی جی کچھ اکھڑا اکھڑا سا رہتا۔ سکونِ قلب نہ جانے کہاں جا کر سو رہا تھا۔ عمر اونگھتی ٹھیلتی چلتی جا رہی تھی۔ اسی زمانے میں اُس کی ملاقات منصور صاحب سے ہو گئی۔ منصور کھاتے پیتے رئیس تھے مگر دل میں قوم کا درد بھرا تھا۔ کھدر پہنتے تھے اور شہر میں کئی کھدر کی دکانیں تھیں۔ اُن کے ساتھ کچھ گاؤں سدھار کے سلسلے میں جانے کا اتفاق ہوا، پُرلطف پکنک کا مزا آ گیا۔ زمیندار صاحب خود ترقی پسند تھے اور منصور کے پکے دوست۔ شکار کی دُھن دیوانگی کی حد تک پہنچی ہوئی تھی۔ گاؤں والے متحیر آنکھیں پھاڑے اپنے مکتی دلانے والوں کو

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جوق در جوق دیکھنے آنے لگے۔ مارے عقیدت کے بدحواس ہو گئے تھے، جیسے انہیں یقین نہ آ رہا ہو کہ سدھار بھی کوئی چیز ہے۔ اس کی ضرورت انہیں کسی طرح محسوس ہی نہ ہوتی تھی۔ جبیں سائی کی کچھ ایسی عادت پڑ چکی تھی کہ احساس بھی سُن ہو گیا تھا۔ یہ کسان، جن کی دولت ہل ہے اور بیل، جو دھرتی کا سینہ چیر کر اناج نکالتے آئے ہیں اپنے پیٹوں کے لیے نہیں بلکہ غاروں میں جھونکنے کے لیے۔ یہ تو بس ہونے کے قائل ہیں اور دیوتاؤں کو خوش رکھنے ہی میں مکتی ہے۔

لیکن یہ بھولے بھالے گنوار بھی عجیب خصلت رکھتے ہیں۔ یہ بہت جلد ایک مالک سے اکتا جاتے ہیں اور جب ایک رُخ سے ناک رگڑتے رگڑتے گھِس جاتی ہے تو سانس لینے کو دوسرے دیوتا کے آگے دوسرے رُخ سے ناک گھسنے لگتے ہیں، تبھی تو ان کی ناکوں میں اتنی کھردری دھار ہے۔ انہیں رتی بھر بھی تو احساس نہیں کہ جرمن پٹھے کا چکر گھوما تو کیا ہو گا۔ پِستے رہنے کی عادت نے انہیں بالکل نڈر بنا دیا ہے۔ انہیں ذرا بھی تو نہیں معلوم کہ جرمنوں نے انگلستان پر بمباری شروع کر دی ہے۔ سکھ چین کے عادی نازک طبع کیسے جھیلیں گے اس آگ کی بارش کو؟ کیا حال ہو گا ان کا جب انہیں معلوم ہو گا کہ دنیا میں آرام دہ کمرے ہی نہیں سورج کی تپش، برف کی ٹھنڈک اور ہوا کے بگولے بھی رہتے ہیں۔ مگر یہ ننگے بھوکے فقیر کسی کے نہیں۔ ہندوستان کی دولت اور دولت مند فتح کیے جا سکتے ہیں مگر اس کے سسکتے ہوئے گداگر اور ان کے خاموش متنفر دل کوئی نہیں جیت سکتا۔

شام کو سرکار کی طرف سے سارے گاؤں کو سرکار کی جیت کی دعائیں مانگنے کا حکم ملا۔ مندروں میں گھڑیال جھنجھنا اٹھے اور مسجدوں میں اذانیں گونجیں مگر ان مردہ دل کسانوں کے دل خاموش رہے۔ وہ کیا کسی کے دشمن کو کوسیں جو خود اپنے دشمنوں کی درازیٔ عمر کی دعائیں مانگتے آئے ہوں۔ رات کا کھانا پُرلطف رہا۔ زمیندار صاحب نے شکار کھیلوا لیا تھا اور تازہ گھی لگی روٹیاں موجود تھیں۔ رات گئے تک گراموفون بجتا رہا اور صبح ہوتے ہی واپس لوٹ آئے۔ پہلی قسط قوم سدھار کی بُری نہ رہی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-9

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

تنہائی نے اخبار کو رفیق بنا دیا۔ ویسے اخبار ہو بھی تو گئے تھے دلچسپ۔ یورپ میں جو اکھاڑا جمتا جا رہا تھا اُس کے بارے میں چھوٹی سی خبر بھی ہلچل مچا دیتی۔ جرمنی کے بلے جوڑے دہانے میں ملک پر ملک پھسلتے جا رہے تھے۔ سرکار کی گلابی افشاں پر سیاہ بادل منڈلا رہے تھے۔ ہٹلر کی ہوس بڑھتی جا رہی تھی۔ دنیا کی بھی خواہ سرکار گھبرا چلی تھی۔ اتنے برسوں میں جو کچھ کیا دھرا تھا اُس پر پانی پھرتا نظر آ رہا تھا۔ کسی کا بھروسہ نہیں۔ یہی جرمنی جس سے بیس بائیس سال پہلے حق پرستوں نے ناک رگڑوا ڈالی تھی آج مست ہاتھی کی طرح روندتا چلا آ رہا تھا۔

سہ ماہی امتحان سر پر آ گئے۔ نہ جانے یہ امتحانوں کا سلسلہ کس نے شروع کیا۔ طالب علم اور ممتحن دونوں کو بندھی مار دینے کا آسان طریقہ۔ اور کچھ نہیں بس پندرہ بیس دن کی پڑھائی اور کاغذ کی ڈھیریوں کا ستیاناس لگ جاتا ہے۔ کیں بلو نجے کچھ نہ کچھ لکھنا ان کا فرض اور اس پر نمبر دینا ممتحن کا کام۔ نہ جانے ان نمبروں کی لین دین کا مقصد کیا ہے!

امتحان کے کمرے میں چکر لگاتے لگاتے پیر سوج گئے۔ اسے پانی پلاؤ تو اسے سیاہی لا کر دو۔ ایک قلم بھول آئی تو دوسری کا نب ٹیڑھا ہو گیا۔ سارے وقت مسطر، چاقو، جاذب ادھر سے اُدھر پہنچاؤ۔ یہ عاریتاً مانگنے کی عادت بھی خوب ہے۔ تعجب ہے، لوگ قلم دوات، کاغذ پنسل کے ساتھ ساتھ آنکھ کان ناک اُدھار نہیں مانگ لیتے۔

دسمبر کی چھٹیوں میں گھر جانے کا فیصلہ کر لیا۔ تمام کر اپنا سامان درست کر کے آرام کرسی پر جمائیاں لینے لیٹ گئی کہ کب شام ہو اور کب چڑیا بسیرا لینے اُڑ جائے۔ اس دفعہ گھر کی یاد کچھ زیادہ ستا رہی تھی۔ پورا سال گزر گیا تھا۔ نہ جانے گھر کا کیا حال ہو گا! اماں کے کتنے دانت اور ٹوٹ گئے ہوں گے۔ مصنوعی لگ جائیں تو چھٹی ہو۔ منجھو بی کے کتنے بچے ہوں گے۔ چھٹا تو شاید لڑکا تھا یا لڑکی۔ چار سال کی بات کسے یاد۔ اور نہ جانے اتنے میں تعداد کہاں سے کہاں پہنچی ہو۔ منجھو بھی تو بلا کی زرخیز۔ منجھلی نے کتنے جتن کر ڈالے چوہے کا بچہ بھی نہ جن سکی۔ اب تو اس کا میاں بھی سوکھ کر مرغ بن گیا ہے۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بھاوجیں بھی کسی سے کم نہیں۔ میاں سے گھڑی بھر کو نہیں بنتی پر بچّوں کا سلسلہ ذرا دیر کو نہیں رکتا! خیر آج کل تو بچوں کی ضرورت بھی ہے۔ جنگ کا زمانہ ہے لڑکے سپاہی بن کر گھائل تیار کریں گے اور لڑکیاں ان گھائلوں کی مرہم پٹی کریں گی۔ نہ جانے اس توڑ پھوڑ اور مرمت میں کیا لطف آتا ہے انسان کو۔

چپراسی نے ایک تار لاکر دیا اور شمن کے خیالات منتشر ہو گئے۔

"آن ملو۔

افتخار"

بے اختیار دل دھڑکا۔ دو لفظوں نے دفتر کے دفتر کھول کر سامنے بکھیر دیے۔ کئی بار پڑھا کہ کوئی لکیر کوئی نقطہ نظر انداز تو نہیں کر دیا۔ جی جل گیا۔ پیاسے کے منہ پر چھینٹا اور وہ بھی اس بخل کے ساتھ کہ اور پیاس بھڑک اٹھی۔ اسی شام کو وہ بھوپال روانہ ہو گئی۔

وہ کہاں جا رہی ہے؟ وہ بہت جلد بھول گئی۔ پتنگ کی ڈور کھنچ رہی ہے اور قدرت کے ہاتھ کی ٹھمکیوں پر لہراتی وہ چرخی سے قریب تر ہوتی جا رہی ہے۔ چھپی ہوئی آرزو اور بندھے ہوئے خواب رسیاں تڑا تڑا کر ڈرا دے بھرنے لگے۔ ان چند سالوں کی خشک زندگی نے اُس کے جذبات پہ کاروباری سیمنٹ کی ایک تہ چڑھا دی تھی۔ سوائے سادہ بھدی ساری اور بدوضع جمپر کے اُس نے لباس بھی تو کوئی نہیں رکھا تھا۔ لڑکیوں کی اخلاقی حالت کو برقرار رکھنے کے لیے وہ فیشن سے پرہیز کرنے لگی تھی۔ اُس کی زندگی مسلسل اُداسی اور خشکی میں ڈوب گئی تھی مگر آج اُسے ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ سیمنٹ کی تہہ کو توڑ کر ایک دبا دبایا کلّہ سر اُٹھا رہا تھا، مرجھائی ہوئی زرد زرد کونپل ایک نئی حرارت کے احساس سے چونک رہی تھی۔

گزشتہ چند ماہ میں اس نے افتخار کو کچھ رقم اور گرم کپڑے بھیجے تھے، کچھ طاقت کی دوائیں جن کا ذکر اُس کے خط میں بے خیالی سے کر دیا گیا تھا اور اپنے ہاتھ کا بُنا ہوا سویٹر تو حال ہی میں بھیجا تھا۔ اُسے وہ وقت یاد تھا جب افتخار کی کھانسی کے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دھماکے اُس کے دماغ میں گونج اُٹھتے تھے۔ اُس کے مرجھائے ہوئے جسم کو گرم کرنے کے لیے اگر ممکن ہوتا تو وہ اپنی کھال اُتار کر دے دیتی۔ اب تو ایک جسم کا خون دوسرے جسم میں آسانی سے پہنچایا جا سکتا ہے، اُس نے طے کر لیا کہ اس مرتبہ وہ پوری کوشش کرے گی کہ تھوڑا سا اپنا خون اس کے جسم میں پہنچا دے۔ اور آنکھیں بند کر کے تخیل میں افتخار کی نسوں میں خون بن کر بھاگنے لگی۔ شرمائی ہوئی سرخ پوش دلہن! وہاں کس آزادی سے وہ یک جان ہو سکتی تھی۔ یہ خونی جوڑا پہنے دلہن دبے پیر اُس کے دل میں رینگ جاتی، پھیپھڑوں میں پھیل جاتی اور گالوں کو چومتی ہوئی ہونٹوں پر ناچ اٹھتی! افتخار کتنا مہذب تھا! اُس نے کبھی اس کا ہاتھ بھی تو نہ چھوا۔ ایک مقناطیسی کشش سے وہ اپنی طرف کھینچتا ضرور تھا مگر صرف اتنے قریب کہ دہکتی دہکتی مدہوشی کی آنچ لگے پر داغ نہ پڑنے۔ اور پھر ڈھیل دے دیتا ایسے کہ کھینچنے والا دہکا کھا کر پرے جا گرتا۔ اگر وہ کبھی دست دراز ہوتا اور ربیل کی طرح اُس کا جسم بھی طاعون بن کر چھا جاتا تو وہ گردن پھیر کر بھی اُس کی طرف نہ دیکھتی۔ یہ مدبھرا امرت کا گھڑا اُس کے اُوپر اُلٹ دیا جاتا تو پھر یہ خمار کہاں سے آتا!

کتنا مقدس تھا ان دونوں کا ناطہ! اس دن الہ آباد کے کیمپ میں جب اپنی ریشمی رضائی افتخار کو سونپی تھی تو اس کے ساتھ ساتھ اپنے خوابوں کی دنیا کو بھی لپیٹ دیا تھا۔ تنہائی کی اتھاہ لمبی راتوں میں چاروں طرف سے مہیب آوازیں پکار پکار کر قہقہہ لگاتیں اور کہتیں "اکیلی" "اکیلی" تو وہ اپنی ٹھٹھرتی ہوئی لاوارث روح کو چپکے سے دور اس رضائی میں سرکا دیتی۔

اُس کے پاس افتخار کی ایک پرانی تصویر تھی جس میں وہ دور کہیں غیر فانی بلندیوں کی طرف گھور رہا تھا۔ بالائی نصف حصہ روشن تھا اور داہنا رُخ تاریکی میں تھا۔ اُس کے ہونٹوں پر استقلال ناچ رہا تھا اور ایسا معلوم ہوتا تھا تاریکی کا تھپڑ اُس کا منہ موڑنا چاہتا ہے مگر وہ استقلال سے دھارے کے بہاؤ سے مقابلہ کر رہا تھا۔ یہ تصویر ہمیشہ اس کے بہت قریب ہوتی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ابھی حال ہی میں افتخار نے اُسے چند اشعار بھیجے تھے۔ چلتے چلتے باغیانہ اشعار کے ساتھ اُس کا دل محبّت کے شیریں نغمے بھی گا اُٹھتا تھا۔ اُن رنگین اشعار میں اُس پیلے شمن کی اُس بسنتی ساری کو لہراتا دیکھا تھا جو اس کے دل و دماغ پر ایک رنگین خواب بن کر چھا گئی تھی، جس میں مصوّر نے قوسِ قزح کو بکھیر کر واپس ایک نقطے پر سمیٹ دیا تھا اور اس دن سے سونی سونی راتوں میں وہ اپنے غمگین دل سے باتیں کیا کرتا تھا۔ اس سے پہلے بھی وہ اس کے خوابوں میں نور برساتی آ چکی تھی۔ یہ گیت اُس نے اتنی مرتبہ گنگنائے تھے کہ لوحِ دماغ پر گہری گہری لکیروں کی طرح کھنچ گئے تھے، کاغذ اُس کے دھڑکتے ہوئے سینے کی نمی سے بھر بھرے ہو گئے تھے۔ اسکول کی اس خشک اور چٹیل فضا میں یہ آبِ حیات کے چند چھینٹے اُس کونپل کو تازہ دم بناتے رہے جو نا قدری سے مرجھا چلی تھی۔ افتخار کے خطوں نے اُس کی نسوانیت کو جلائے رکھا ورنہ وہ تو کبھی کی ایک کامیاب معلّمہ بن چکی ہوتی جس کے رعب سے دوسری استانیاں لرزتیں اور لڑکیاں کانپ اٹھتیں۔ کامیاب معلّمہ وہی ہے جو مؤنث اور مذکر کے سوال بھول کر لکیریں کرنے کا مسطر بن جائے۔ اقلیدس کے اس غیر شاعرانہ آلے کو دیکھ کر ہنسی لڑکھڑا جائے، چہرے مؤدب ہو جائیں اور کندھے نہ جھکیں، قلم دوڑنے لگیں اور کاپیاں سیدھی ہو جائیں، ہر چہار طرف فوجی نظام قائم ہو جائے اور قواعد حکمران ہو جائیں۔ مگر ان گیتوں کی دھیمی دھیمی پھوار نے پودے کو سوکھنے سے بچا لیا۔

کسی تہوار یا میلے کی وجہ سے ریل کھچا کھچ بھری ہوئی تھی۔ تیسرے درجے میں قیامت جیسی بھیڑ اور غل تھا۔ لوگ مکھیوں کی طرح چھتّے کے چھتّے بنا کر لٹکے ہوئے تھے۔ ریل ڈیڑھ گھنٹہ لیٹ تھی اور بالکل گھریلو حساب کتاب سے چل رہی تھی۔

سینی ٹوریم کے روشن برآمدے میں افتخار اُس کی دی ہوئی رضائی پیروں پر ڈالے اور اُس کا ہی بُنا ہوا سویٹر پہنے بیٹھا تھا اور بہت سے کاغذ اُس کے سامنے پھیلے ہوئے تھے۔ نہایت تکلّف سے اُس نے شمن سے ہاتھ ملایا۔ یہ پہلی گستاخی تھی جو نہ جانے آج کس رَو میں اُس نے جائز سمجھی۔ جلدی سے اُس نے ہاتھ چھڑا کر دو پاس

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہی بیٹھ گئی اور کاغذ دیکھنے لگی۔

"تمہارے کام کے نہیں۔" شمن نے دیکھا وہ ہسپتال کے بل اور نسخے ہیں۔

"کیوں؟"

"کہتے ہیں عورتیں چوہوں تک سے ڈر جاتی ہیں۔"

"میں اُن عورتوں میں سے نہیں۔"

"مگر ان میں چوہیاں نہیں اژدہے ہیں۔" مگر شمن نے نہ سنا۔

"ہاں بھئی وہ نیا پُل اُوور تو آچکا ہم اسی بچارے پرانے دوست کو سینے سے لگائے بیٹھے ہیں۔" افتخار نے پیار سے پُل اُوور کو سہلایا۔ یہ وہی سویٹر تو تھا جس کے ایک ایک پھندے کے ساتھ شمن نے اپنے ہزاروں سپنوں کو بُن دیا تھا۔ کس شان سے اس کے سینے سے چپاں تھا۔ وہی سوکھا مارا نحیف سینہ، پیار اور لطیف جذبات کا لبالب خزانہ، جس کے قریب کے وہم سے ہی اس پر کپکپاہٹ طاری ہو جاتی تھی۔

"تھوڑا اون کم ہو گیا ہے، یہاں سے جا کر پارسل کر دوں گی۔"

"دق کے مریض کی چھوئی ہوئی چیزیں کھانا نہیں چاہییں مگر یہ پھل بالکل تازہ ہیں، تم خود اُٹھا لو۔ مجھے بھی دو۔ چاقو دراز میں ہوگا۔"

"میں اس قدر وہمی نہیں۔ اگر آپ کو مہمانوں کی خاطر کرنی نہیں آتی تو رہنے دیجیے۔"

"اچھا، تو آپ مہمان ہیں!"

"جی۔"

"ہونہہ!" اُس نے اُٹھ کر میز سے چاقو نکالا اور نہایت دھیمی آواز میں کہنے لگا، "جو ہر لمحہ دل و دماغ پر سوار رہیں، خوابوں میں بھی پیچھا نہ چھوڑیں، نیندیں اڑا دیں، موقع ملے تو کیا مزے سے مہمان بن بیٹھتے ہیں۔ نفرت ہے مجھے ایسے مہمانوں سے!" افتخار نے مصنوعی غصّے سے کہا اور شمن کا دل اُچھل پڑا۔

"میں نے ایک کہانی میں پڑھا تھا کہ تازہ پھل کھانے کا مزا تو جب ہے کہ انہیں دانتوں سے بھنبھوڑا جائے اور دو کے بجائے چار ہونٹ ایک ساتھ رس چوسیں۔"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

افتخار آج شاعری پر تُلا ہوا تھا۔

"سنا کچھ؟"

"کیا"

"ہٹلر نے کتنے ملک ہپڑ لیے، اب ان کی باری آنے والی ہے۔"

"توبہ ہے، انسان انسان کو چبائے ڈالتا ہے۔"

"یہی ہو گا، اگر شیر کو بھوکا رکھا جائے گا تو موقع پاتے ہی پہلے اپنے سدھانے والے کو چبائے گا۔ یہ نازی شیر ہنٹر ڈھیلا پڑنے کے انتظار میں تھا، اب موقع آگیا ہے!"

"مگر بیچارا پولینڈ۔"

"گیہوں کے ساتھ گھن کو بھی پسنا پڑتا ہے۔ مگر اب ان کا وقت آگیا ہے۔ ان کی دنیا بھی مٹی کا تودہ نہ بنا دے تو بات نہیں۔ بہت پیس لیا بے گناہوں کو اب ذرا چکی کے دور گرد سے خود بھی آزما لیں۔ وہ بھوبل جو سالہا سال سے یہ اور دل پر برسانے آئے تھے قدرت نے جمع کر کے آتشیں گولوں کی صورت میں انہیں کو لوٹا دینے کا فیصلہ کر لیا تو بزدل کیڑوں کی طرح بلوں میں گھسے جا رہے ہیں اور پھر چاہتے ہیں کہ ہمیں دکھ ہو، ان سے ہمدردی ہو، ان کے دشمنوں کو کوسیں۔ ارے ہم اپنے ہی دشمنوں کی درازیٔ عمر کی دعائیں مانگتے آئے ہیں، تمہارے دشمنوں کو کیا کوسیں گے۔ مگر نہیں، ہمیں کوئی نہیں جانتا، ہم بہت جلدی ایک مالک سے گھبرا جاتے ہیں۔ اور اب ہسٹری نئے فرمان بنا رہی ہے، نئے سرے سے حصے بانٹے جائیں گے۔ جو لو یا ہے اس کا نتیجہ بھوگنا پڑے گا۔ اوروں کے خون سے ہولی کھیلنے والے ذرا خود اپنے خون کی سرخی بھی تو دیکھ لیں۔ اس مغرور سر کو بھی تھوڑی سی نکسیر بہانی پڑے گی۔"

"مگر یہ کمبخت بڑے طاقتور ہیں!"

"خاک نہیں۔ شیخی سے سر سے خالی ڈینگیں مارتے ہیں۔ ننگے ہیں مرتے جبھی تو چچا جی کے آگے ہاتھ پھیلا رہے ہیں۔ دیکھ لینا ناکیں رگڑ دیں گے ایک ایک ڈالر پر۔ اور چچا بھی معصوم نہیں۔ چچا بھتیجے کی بھگت سے تو یہ راج قائم ہیں اور جب تک یہ زندہ

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M.·Mazhar Kathia) 03037

ہیں مجھو کے اور لکھ پتی رہیں گے۔"

"اب سکے یہ مدد نہیں کریں گے۔"

"ارے کریں گے کیسے نہیں۔ آخر کو بنئے ہیں۔ روپے کا بیوپار نہیں انسانوں کا ہی سہی۔ وہ میرے چیلے کے خوف سے خود ان کی سٹی گم ہے۔"

"ہٹیے کیا رکھا ہے جاپان میں۔ کمبخت کوئی چیز بھی تو ڈھنگ کی نہیں بناتے۔"

"ارے تو تم اس جاپانی مال سے ان کی طاقت کا اندازہ لگا رہی ہو۔ ولایتی تو ہندوستانیوں کے لیے ہے اور بہت ہے ان بچاروں کے لیے۔ تم نہیں جانتیں کیا حال ہے۔۔۔" وہ چاقو سے سیب کے چھلکے کا قیمہ کیے ڈالتا۔

"اور تم دیکھنا آخر میں مزدور کا پھاوڑا ہی جیتے گا، اور یہ پھاوڑا اس مجبور نظام کو چکنا چور کر دے گا۔ بے گناہوں کا خون ضائع نہیں ہوا۔ اس خون سے اُگی ہوئی روٹی جا کر سرخ قوم پیدا ہو گی، سکولوں کا دامن پاک ہو جائے گا، ایک نہ نگا مسیحا ہو گا، سینۂ گیتی شق ہو جائے گا اور پھر کیا ہو گا! اس کا جواب میرے پاس نہیں لیکن شاید کبھی میں اس کا جواب دے سکوں۔" جوش کی شدت سے افتخار کا زرد چہرہ دہک اٹھا۔

"ظلم کے علمبردار آج تہذیب اور انصاف کی حفاظت کو چلے ہیں۔ یہی جاپان ۵۷ء میں کسی حسینہ کی گود میں سو رہا تھا۔ لوہے کو لوہا کاٹتا ہے اور ہٹلر نوالا دے رہے؟"

"مگر یہ کیسے ہو سکتا ہے ان کی طاقت۔۔۔"

"شیر کے آگے گیدڑ کی بھبکیاں! صفحۂ ہستی سے مٹ جائیں گے یہ۔ تم خود دیکھ لو گی۔"

"مگر ہندوستان کو کیا واسطہ ان باتوں سے؟ یورپ والے تو ہمیشہ یہی بات سے بات جوتی پیزار میں مشغول رہتے ہیں، ہم تو کیا، ہم تو ویسے ہی غلام کے غلام ہیں"

"ٹھیک کہتی ہو، ہمیں کیا ہم کیوں پٹیں، ناحق اٹھائیں لیکن تم تو بھولا رہی ہو کہ ہم غلام ہیں اور آقا کے ساتھ بلکہ آقا سے پہلے ہمیں اپنے تن من کی بھینٹ چڑھانی ہو گی۔ لیکن وہ دن جلد آنے والا ہے جب لفظ غلامی تمہیں لغت میں بھی نہ ملے گا۔ میں نے تمہیں کس لیے بلایا ہے۔ یاد ہے وہ کیمپ والا معاہدہ یا بھول گئیں!"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اتنی کند ذہن نہیں ہوں۔"

"معلوم ہے مجھے، جبھی میں نے سب سے پہلے تم ہی کو چنا تھا۔ تم نہیں جانتیں کہ تمہاری قربانی کی ملک کو کتنی ضرورت ہے۔ اور تم میں ہمت بھی ہے اور ذہانت بھی۔ تم مضبوط دل و دماغ کی مالک ہو۔ بولو کیا دے سکتی ہو؟"

"میرے پاس ہے کیا؟"

"جو کچھ بھی ہے۔ ایک بیمہ ایک چھوٹی کوڑی سنواری جماعت کو فنڈ کی ضرورت ہے چاروں طرف پولیس ہے۔ کام جو تیزی سے جاری تھا بکھرتا جا رہا ہے مگر ڈر ہے کہ رک نہ جائے۔ کانپور سنٹر سخت مصیبت میں ہے، تمام کاغذات ضبط کر لیے گئے ہیں۔ ہمارے بہت سے کام کرنے والے جیل میں سڑ رہے ہیں مگر پھر بھی جو آزاد ہیں چمگادڑ کی طرح کھنڈروں، کونوں کھدروں میں چھپے بیٹھے ہیں۔ جانتی ہو سب سے بہتر پناہ گاہیں کہاں قائم ہیں؟"

"نہیں!"

"رنڈیوں کے کوٹھوں پر۔ تم بڑی چغد ہو رہی ہو۔ کسی شریف عورت میں نہ ایسے ملزموں کو چھپانے کا سلیقہ ہے اور نہ ہمت۔ رنڈی کے کوٹھے پر شراب میں دُھت انسان کو کون پہچان سکتا ہے! لوگ سمجھتے ہیں غنڈا ہے پرلے درجے کا۔"

"لیکن نقشہ کیا ہوگا آپ کے کام کا؟"

"یہ ایک شاندار راز ہے۔ میں جو یہاں چھپا بیٹھا ہوں کس لیے۔ یہاں کسی کی نگاہ نہیں پڑتی۔ میری خیریت پوچھنے میرے ساتھی بہ آسانی آسکتے ہیں۔ میرے رشتہ دار۔۔۔ معاف کرنا میں نے تمہارا نام بھی رشتہ داروں میں لکھا دیا ہے، گستاخی تو نہیں ہوئی؟"

"بس بنیے مت۔"

"شکریہ، اور غنڈہ کی قلت کی وجہ سے یہ بل۔۔۔" وہ ایک دم چپ ہو کر کاغذات چھپانے لگا۔

"آپ میری ہتک کر رہے ہیں!"

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"کون ہیں؟"

"جی!"

"تو یہ ہے، چہ... ارے بابا کھال ادھیڑ دو مگر ایسی ٹیڑھی نظروں سے نہ دیکھو۔" شمن ہنس پڑی۔

"تو لائیے وہ کاغذات۔"

"تمہارے کام کے نہیں۔" افتخار نے ٹالنا چاہا مگر شمن نے چھین لیے۔ پورے دو سو پچھتر روپے کا بل اگر ادا نہ ہوا تو چوبیس گھنٹے کا نوٹس۔

"اب پتہ چلا آپ مجھے کیسا رشتہ دار سمجھتے ہیں۔"

"تو بھئی..."

"رہنے دیجیے، مجھے آپ کے اوپر اعتبار نہیں۔"

"کیا یہ آخری فیصلہ ہے؟"

"جی۔" شمن نے اس کی دھیمی آواز کی تپش سے پگھل کر زبردستی کہا۔

"کچھ جرمانہ نہیں ادا کیا جا سکتا۔ کان پکڑنا ٹھیک ہے؟"

"جی نہیں۔"

"تو پھر ہم نے بھی فیصلہ کر لیا۔ پوچھو کیا؟"

"نہیں پوچھتی۔"

"چہ... جی چاہتا ہے مالش کی دوا پی کر اس جھگڑے کو ہی ختم کر دیں۔"

"بڑے اچھے معلوم ہوتے ہیں بچے بلتے!"

"تم مذاق سمجھ رہی ہو مجھ سے دنیا خفا ہو چکی ہے اور اب... اب اس نئی دنیا کی خفگی، مرو... نہیں بتاؤ ایک بیکار انسان لوگوں کی نفرت کی آماجگاہ بن کر کب تک سہم سہم سا جیے جائے۔"

"تو... پھر آپ نے مجھ سے کیوں چھپایا؟"

"غلطی ہوئی... بس۔" کان کی لو اینٹھ کر کہا "معاف کر دو۔"

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ایک شرط پر۔"

"اوہو! کوئی شرط ایسی بھی رہ گئی ہے تمہاری جسے ماننے نہ ماننے کا اختیار میں نے غصب کر رکھا ہے؟"

"جی ہاں، ورنہ یہ کاغذ میرے تجسس سے چھپائے نہ جاتے بلکہ اگر آپ مجھے اپنا سمجھتے ہیں تو آپ کو چاہیے تھا مجھے بل پکڑا کر حکم دیتے کہ انہیں ادا کر دو۔"

"اوہ!" افتخار نے بھینچے ہوئے گلے سے کہا۔ اُس کا سر جھک گیا اور باوجود ضبط کے آنکھوں میں نمی جھلکنے لگی۔ "لیکن . . . "

"پرائسچت؟"

"سنو تو۔"

"جی نہیں . . . آداب عرض۔" شمن جل کر اٹھی اور جانے کو مڑی۔

"بیٹھو . . . بخدا اس تیکھے پن پر کہیں کوئی گستاخی نہ ہو جائے . . ." افتخار نے بھیگی ہوئی آنکھوں سے اُسے دیکھا۔ "تم آگ سے کھیلنے کی کیوں اتنی شوقین ہو۔ کہیں خود ایک آدھ چرکا نہ کھا جاؤ۔" افتخار نے جلدی سے اس کا بازو چھوڑ دیا۔ شمن بے سہارا ہو کر واپس کرسی پر گر پڑی۔ ایک دم بے تکی خاموشی چھا گئی جسے دو دلوں کی دھڑکن توڑتی رہی۔

تنخواہ کے چند نوٹ شمن نے لفافے میں ڈال کر میز پر سرکا دیے۔

"میرا قرض رہا، مع سود واپس کر دیجیے گا۔"

"اچھا تو یہ سلسلہ بھی چلتا ہے؟"

"کیوں نہیں، آپ جیسے کو کیوں چھوڑا جائے۔"

"جو نہ ادا کر سکا تو؟"

"تو حشر کے دن ایک کے ستر وصول کر لوں گی۔"

"مذاق نہ کرو . . . میرا کام اور پھر یہ بیماری۔"

"للہ اس کمبخت بیماری کو چھوڑیے۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"میں اسے بہت چھوڑنا چاہتا ہوں پر یہ ہی مجھے چھوڑے۔ ہوٹلوں کے لھانوں اور فٹ پاتھ پر سونے کا اس سے زیادہ حسین تحفہ اور کیا مل سکتا ہے۔" اس کی مرجھائی ہوئی آنکھوں میں پھر وہ پرانی سلگتی ہوئی بغاوت چھا گئی "انتقام۔ انتقام" اس کے چہرے لی کرخت سلوٹیں پکار اٹھیں سنبھل کر اس نے دوا پی اور پھر انتقام کر بیٹھ گیا۔

"یہ کمبخت جراثیم، قدم قدم پر بڑا یاں..." اس نے حسرت سے شمن کے چہرے کو گھورتے ہوئے کہا، "اب کب آؤ گی۔ ویسے تو مجھے کوئی ضرورت نہیں۔ تمہاری عنایت کا محتاج نہیں" شمن کا منہ اتر گیا، "کیونکہ جب چاہوں تخیل کے زور سے گھسیٹ لاتا ہوں۔ اور اس وقت نہ تم اتنا جھجکتی ہو اور نہ مجھے جراثیم کا خطرہ ہوتا ہے۔"

وہ تیزی سے باہر نکل آئی۔

(۳۷)

واپسی پر اسے ایک تار ملا "فوراً آؤ۔" ایلما نے لکھا تھا۔ کیونکہ وہ اپنی ڈاک کے متعلق کوئی ہدایت نہیں دے گئی تھی کا ارادہ تھا بھوپال سے لوٹ کر سامان لیتی ہوئی گھر روانہ ہو جائے گی، تار کئی دن دیر سے ملا۔ پھر بھی وہ فوراً روانہ ہو گئی۔ رزکف کے بیٹے اس نے ایک بندوق، رنگین گولیوں کا ڈبہ اور تھوڑے سے چاکلیٹ لے لیے۔

وہ برآمدے ہی میں تھی کہ بوڑھی آیا نے اسے دونوں شانوں سے پکڑ کر روک لیا۔

"اندر جانے کا نہیں، ابھی کر کے سویا ہے۔"

"سویا ہے تو سونے دو میں اسے جگاؤں گی نہیں۔ میم صاحب کہاں ہیں؟"

"اویہی سوتا... اکھا دن ایسا ایسا کرتا۔" آیا غم کا مجسمہ بن گئی۔ یقیناً بڑھیا سٹھیا گئی تھی۔ ایلما سے کہہ کر نئی آیا کا انتظام ہونا چاہیے۔ وہ آگے بڑھی۔

"بولتا کہ بائی نہیں جانے کا۔"

"کیوں؟"

"کیوں؟ او کیوں؟" اندر سے مردہ آہوں میں ڈوبی ہوئی آواز آئی، کیوں؟

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar M. Mazhar Kathia) 03037

"یہ سب آخر کیوں؟" پردہ ہٹا کر ایلما باہر آگئی۔ عجیب وحشیوں کی سی حالت آنکھیں پھٹی ہوئی، بال بکھرے مردے سے بدتر۔ بخار میں جل رہی تھی۔

"ایلما کیا ہوا؟" پہلے تو وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے دیکھنے لگی۔ لیکن شاید اب بھی دماغ کی کوئی رگ سلامت تھی۔

"تم! تم آگئیں؟ اُسے بھی لے آئیں... میں نے اُس کے لیے دودھ ابال دیا ہے اور..."

"کیا ہے ایلما!"

"چچ چچ... بولا تمہارے کو... کیسا پھر نیڈ ہے... ڈاکٹر آوے تبی بیسے گا ہم اُس کو..." آیا نے پھر ڈانٹنا شروع کیا۔ "بائی کو شوک لگ گیا۔" اس نے کان میں چپکے سے کہا۔

"تم کیوں لے گئیں میرے روڈی کو؟ چلو ادھر لاؤ، بڑی شریر ہو تم۔" ایلما شرما کر مسکرائی۔

"ایں؟" شمن چکرائی۔

"اُوہو... بندوق بھی لے آئیں اس کی... اچھا کیا... بچارا روتا..."

"ڈیتھ ہو گیا بے بی کا!" آیا نے روہانسی آواز سے کہا اور سر ہلانے لگی۔

"کیا... روڈلف!"

"جھوٹ... بالکل جھوٹ... یہ سب جھوٹے ہیں... دھوکا دیتے ہیں مجھے... میں ان سب پر کیس چلا دوں گی... ہٹائیں... ہٹائیں... وہ مارا۔" ہوائی بندوق داغ کر وہ کلکاریاں مارنے لگی۔

"نمونیا ہوئے... تین روز میں... کھلاس!" چندھی بجو جیسی آنکھوں والی بڑھیا اپنی سسکاری۔ بولی ناک چڑھا کر بسورنے لگی۔ "ذہنک! میم صاحب ایک دم بالکل سری کا ہو گیا۔ ہم بولا کوئی زبردستی نہیں۔ پیسہ کا جھگڑا۔ اومے بلا لیا ین ہم کو تو دھکا مارتے۔ بولتے جاؤ نہیں مانگتا تمہارے کو... ہم بولا کہاں بی جائے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

پپو مانتا بی نہیں۔۔ کیسا؟... بولو کون دوسرا ہے اپنا... صاحب بھی مر گیا...

"اور جو بابا ہمیں صاحب رہتا۔۔ بولا مسیح پال ان لکی... ایکدم کیسے ان لکی۔"

"اونہہ... ذرا جا کر اسباب اترواؤ... آیا۔" شمن نے آیا کی بکواس سے بوکھلا کر کہا اور ایلما کو گھسیٹ کر اندر لے گئی۔

"لاؤ نا، کہاں چھپا دیا ہے اسے؟" اس نے شرارت سے مسکرا کر کہا۔

"ایلما..." شمن کا جی چاہا اسے کلیجے سے لگا کر جی بھر کے رو دے۔

"تم بولتی کیوں نہیں ہو؟ دیکھو مجھ سے کوئی چال مت چلنا، ورنہ یاد رکھو میں نے وکیل کر لیا ہے اور سب کے اوپر کیس چلا دوں گا... اوہ..." وہ کچھ سوچ کر رک گئی اور منہ پر ہاتھوں کا کٹورا ڈھک کر پکارا۔

"ہُو... لیو... آ... لیو..."

"آتا میم صاحب!"

"آیا... بیبی ڈارلنگ مانگتا۔ جلدی کے واسطے ایک دم اچھا ہونا... گسل ہونا۔"

"کیا میم صاحب بولتا ابھی اپکا گسل کر لیا۔ اب..." اس نے [illegible] کہا۔

"اس کو اینجل بے بی ڈارلنگ کا گسل دیتا۔ بیبوسی..."

"غارت ہو کمبخت... چلو یہاں سے۔" ایلما نے ڈانٹا اور جھپٹی اس پر مگر آیا نہایت لاپروائی سے کھڑی ہنستی رہی۔ "ایسا ایسا کیا چلاتا میم صاحب... ہم ڈاکٹر کو بولنے مانگتا۔"

"چپ رہو آیا... ایلما صبر کرو یہ کیا حال بنا لیا ہے۔" وہ پیار سے اس کے بال سنوارنے لگی۔

"تو پھر لاؤ اسے۔" ایلما نے بچے کی طرح اس بھری آواز میں التجا کی۔

"کون مانتا... ہم کتنا کتنا بولتا پن... جب بیبی مر گیا تو کیا ہونا پن اکھا دن... ماری کرتا..."

"جھوٹ جھوٹ!"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اب یہ میسی کی بات کو جھوٹا بولتا۔۔۔ کیا ہونا ایسے!"

"آیا۔۔۔"

"لیسو کا گنتہ۔۔۔"

"باہر چلو۔۔۔ نکلو۔۔۔" شمن نے اُسے زبردستی باہر گھسیٹا

"ہماتا بابا جاتا تو۔۔۔ پن یہ دیکھنے کا کہ اپنے کو لیسو بلا دے تو۔۔۔ اور میم صاحب کو آتا بتیا کو جیسے جائیں۔۔۔ کھُرا باپ گستہ ہوتا۔" شمن نے دروازہ بند کر لیا!

"یہ مہیں او لی بو کھلائے دیتی ہے۔ یہ کیا حال بنا لیا ہے تم نے؟۔۔۔"

"سب کہتے ہیں الہ چلا گیا۔ تم سے گئی ہو؟"

"نہیں"

"اکیلا ان ہے!" الیما سہم گئی۔

"یہ دوائی پی لینے کا۔۔۔ پن ہم بولتا ڈیتھ کا کوئی دوائی بی نہیں ہے" آیا دوا کی شیشی کے بہانے پھر اندر آ گئی۔ بڑھیا کو وحشت ہو رہی تھی اور تنہائی سے خوف زدہ ہو رہی تھی۔

"کیسی دوا ہے؟"

"ڈاکٹر دیا۔۔۔ فرسٹ کلاس ڈاکٹر۔۔۔ ہم تھرڈ الف کا کام کیا اُس کے انڈر۔ ہمیں پیچھے آنکھی بگڑا۔ ہم بولا ہمارے کو دیکھا بی نہیں۔ بولا آیا تم اب کوئی اور کام کر دو۔ ہم بولا ڈاکٹر کیسا کام کرتا! بولا نرس کا کام ہونا۔ بیبی کا نرس۔ ہم بولا کوئی بات نہیں جبر ور سے کرتا۔ بولا بیبی پہ بیبی۔ جو ڈیتھ ہوا نا۔۔۔ ہسپتال میں دو روز لیبر ہوا۔۔۔ ایسا۔۔۔ ایسا ہاتھ پالکڑی کے مافک ٹیڑھا بیبی۔" آیا اپنے پچکے ہوئے پیٹ پر آڑے بچے کا نقشہ کھینچنے لگی۔ "اکھا وارڈ کھلاس۔ ایک دم ڈسچارج!"

"اسے۔۔۔ چپ رہ کمبخت بڑھیا۔ چل باہر بیٹھو میں دوا پلا دوں گی" دوا پلا کر شمن نے الیما کو کمبل اُڑھا دیا اور وہ بخار سے بیہوش ہو کر سو گئی۔

آٹھ دن الیما موت اور زندگی کی کشمکش میں گرفتار رہی۔ نویں روز بخار ٹوٹا لیکن کمزوری دیر تک قابض رہی۔ دونوں نے بیتے ہوئے حادثے کا جان بوجھ کر ذکر نہ کیا حالانکہ

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سارے وقت انہیں احساس رہتا کہ وہ دونوں ایک ہی چیز کے متعلق سوچ رہی ہیں۔ ایلماؔ نے اُسے وجود میں لا کر پالا پوسا تھا مگر شمنؔ کو بھی اس سے کچھ کم محبت نہ تھی۔ گزشتہ دو برس کی چھٹیوں میں دونوں نے بڑے جوش و خروش سے مل کر اس کے لیے تعلیمی کھلونے خریدے تھے۔

"ہول... آنٹی کہو" ایلما اُسے ڈانٹتی۔

"نہیں... چمن!" وہ شرارت سے آنکھیں چمکاتا اور دور بھاگ جاتا۔ اس کے ہونٹوں سے "چمن" سن کر اسے رائے صاحب یاد آ جاتے۔ وہ بھی تو ایسے ہی ڈھیٹ تھے اور شریر بھی۔ یہ چلبلے انسانوں سے خدا کو کیوں اتنا بیر ہے!

جب سے ماں بیٹے میں ملاپ ہوا تھا ایلما نے اس کی پرستش شروع کر دی تھی۔ بیچ کی غلاظت کو بھول کر پورے کی پوری اس میں مست تھی۔ اس کی ہزاروں تصویریں خود کھینچی اور کھنچوائی تھیں جن کا ایک کاپی شمن کو ملی تھی۔ دور رہ کر بھی وہ اس کی پرورش میں حصہ لے رہی تھی۔ جہاں کوئی مفید کتاب یا کھلونا نظر آ جاتا فوراً خرید کر پارسل کر دیتی۔ خاص اس کی خاطر بچوں کی نفسیات پر کتابیں پڑھیں۔ دونوں گھنٹوں بیٹھی اُسے دلچسپ پہیلی کی طرح بوجھنے کی کوشش کر کے لطف اندوز ہوتیں۔

اور جب تک اس کھلونے کو مٹا دینے کی کوشش کی بال بھی بیکا نہ ہوا لیکن جونہی اُس سے چاہنا شروع کیا اُس کی ممتا کا خون کرنے کے لیے وہ روٹھ گیا۔ بخار اترا تو ایلما کی وحشت بھی کچھ دب گئی۔ رولف کی زندگی سے ناامید ہو کر اس نے شمن کو پکارا تھا۔ اسی نے تو رولف سے ملایا تھا۔ سمجھتی تھی وہ اُسے موت کے چنگل سے بھی چھین لے گی۔ کہتے ہیں ناجائز بچے بڑے سخت جان ہوتے ہیں۔ تو پھر رولف کیوں ہوا کے ایک جھونکے کی طرح آیا اور گم ہو گیا؟ کوئی دوسری ماں ہوتی تو تسلی دی جاتی کہ صبر کرو خدا اور دے گا مگر ناجائز بچے کی ماں کے لیے تو گالی ہوئی۔

"ایلما شادی کر ڈالو" شمن نے سمجھانے کی کوشش کی

"ہُنہ، نئے رولف پیدا کرنے کے لیے۔ تم کیا جانو اپنے جسم سے گوشت

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar, M. Mazhar Kathia) 03037

کا ٹکڑا کاٹ کر یوں پھینک دینا مذاق نہیں۔ اور شمن وہ دکھ جو اسے جنم دینے میں میں نے سہا آج اس کی موت سے دس گنا ہو گیا۔ اُف وہ موت سے بڑھ کر دم گھونٹنے والا دکھ۔۔۔"

"شاید تمہارا دکھ اس لیے بہت معلوم ہوا کہ تمہاری پوزیشن اور ماؤں سے مختلف تھی۔ اگر کسی کا بچہ محبت بھری نگرانی میں جنم لیتا تو شاید اتنا دشوار نہ ہو۔۔"

"ہو سکتا ہے، ممکن ہے ایسا وقت آئے اور میں اتنا نہ ڈروں۔ یہاں ایک پروفیسر میرے پیچھے بہت دن سے پڑے ہیں۔ انہیں رولف کا حال معلوم ہے۔ بچارے اُسے بہت پیار کرتے تھے اور بڑے روشن خیال ہیں۔ ویسے میں ایسی بزدل نہیں جو طعنہ نہ سہار سکوں اور نہ ہی اب مجھے رولف کی ماں بننے میں شرم آتی تھی۔۔" وہ پھر خاموش ہو گئی۔

"تو پھر کیوں شادی نہیں کر لیتیں؟"

"اس لیے کہ مجھے ڈر تھا کہ میں رولف کے ساتھ پھر ناانصافی نہ کرنے لگوں۔ ماں بن کر میں نے ڈائن کے سے سلوک کیے، مگر بقول تمہارے اپنے کو قبول کر، اب دوبارہ میں یہ بھول نہیں کرنا چاہتی تھی۔ میں نے پھر بھی اسے اتنا نہیں دیا جتنا اس کا حق تھا۔"

ایلما سے رخصت ہو کر وہ سیدھی گھر روانہ ہو گئی۔ اتنے دن دور رہنے کی وجہ سے وہ بالکل غیر ہو کر رہ گئی تھی۔ کبھی کبھی آنے والے مہمانوں کی طرح اس کی بھی آؤ بھگت کی جاتی مگر کوئی خاص جگہ اس کی مقرر نہ تھی۔ یہ دو مہینے کی چھٹیاں وہ اُٹھنے بیٹھنے کے کمرے میں گزار دیتی۔ وہ جو گھر کی سہولتیں ہوتی ہیں وہ نہ مل سکتیں۔ اپنے حسابوں تو وہ بیاہی جا چکی تھی۔

یہ کمرہ بھی بالکل ویٹنگ روم معلوم ہوتا۔ اس کی چیزیں عجائب روزگار سمجھ کر دیکھی جاتیں اور بالکل شارع عام پر رہنے کا لطف آ جاتا۔ ہزار بندشوں کے باوجود بھی وہ خلوت نہ نصیب ہوتی جس کی وہ عادی ہو چکی تھی۔ لوگ بھی اسے عارضی رکاوٹ سمجھ کر اپنے دلوں پر جبر کرتے اور اپنی عادتوں کی لگامیں روکنے کی کوشش کرتے۔ اس کا وجود بار

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بھی گر جاتا تو بالکل مہمان سمجھ کر برداشت کر لیتے۔ قدرتی طور پر اس کا کمرہ گھر بھر میں سب سے غنیمت ہوتا لہٰذا بچوں کی سیاسی دلچسپی اسی طرف مبذول رہتی۔ کوئی مہمان آتا تو اسی کے کمرے میں مہمان نوازی کی جاتی، اسی کے پیڈ، لفافوں اور قلم سے گھر بھر کی حاجتیں پوری کی جاتیں۔ دنیا اتنی ترقی کر گئی تھی مگر اس کے گھر میں وہی افراتفری مچی تھی۔ قسمت سے سب بادشاہیں بھی ایسے ہی گھرانوں کی ہیں جہاں کھانے کی میز پر بچوں کے پوتڑے سکھائے جاتے ہیں اور کھانا یا درمیان میں اکڑوں بیٹھ کر کھایا جاتا ہے۔ غسل خانوں میں اناج کے مٹکے رکھے جاتے ہیں اور الگنی پر پردہ ڈال کر غسل کیے جاتے ہیں۔ نشست و برخاست کا کمرہ اس کی غیر موجودگی میں ٹوٹی چارپائیوں، ردی کرسیوں، بے کار ہونڈوں اور ڈگمگاتے اسٹول، رکھنے کے کام آتا۔ الماریوں میں چینی کے برتن اور چائے دانیاں وغیرہ بھی یہیں رکھی جاتیں۔ جب وہ آتی تو جھاڑ پونچھ کر دو چار تخت کرسیاں بیٹھنے کے قابل بنا لیتی۔

جب سے بادشاہ کی پنشن ہو گئی تھی گھر کی ہر چیز صرف استعمال کے لیے رہ گئی تھی۔ جونہی بیکار ہو جاتی کوئی مرمت نہ کرتا اور رالا رنگ بنا کر کوٹھے میں جمع کر دی جاتی۔ ان پنشن یافتہ چیزوں سے گھر بھرا ہوا تھا۔ سب جگہ کا گھر کوڑا خانہ بنا ہوا تھا۔ ناگفتہ بہ حالت دیکھ کر اسے ہندوستان کی عام حالت کا اندازہ ہونے لگا۔ جیسے سرکاری اونچے دفتروں میں چارپائیاں ڈالے افسر گپیں مارا کرتے ہیں، میزوں پر دہی بڑے کی چاٹ، پکوڑیاں اور چائے کے خوان لگتے ہیں، سالن اور گھی کے دھبے لگے اوٹ پٹانگ رجسٹر، سوکھی ہوئی دواتیں، الٹے نب، مڑے ہوئے ہولڈر جن سے لکھنے سے زیادہ ازاربند ڈالنے کی خدمت لی جاتی ہے۔

ادھر جرمنی نے دنیا کو خون سے نہلا کر پوتر کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ پولینڈ کا بٹوارہ تو ہو گیا، رہ گئی باقی کی دنیا تو کتنے دن کی ہے۔ یہ مثلث بھی پرکار کے ایک چکر میں سوا اسٹک بنا جاتا ہے۔ بڑے بڑے لوگ ملاقاتیں کرتے رہ جائیں گے۔ ہندوستان لٹنے یا نہ لٹنے، بات ہی کیا ہے۔ اس سالم دنیا میں کیا کم جھپٹ ہے۔ کبھی تو جی چاہتا کوئی بڑی سی موٹر لے کر اس ٹکڑے کے پرخچے اڑا دے اور اس کے بھی ایسے ہی ذرے بکھر جائیں جیسے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

برطانی جزائر اور جاپان کے۔

خود اُس کے گھر کو ایک زبردست چوٹ کی ضرورت تھی۔ یہ ایک انوکھا خاندان نہ تھا جہاں کھانے والوں کی تعداد تیزی سے بڑھ رہی تھی اور کمانے والے تھک کر بوڑھے ہوتے جا رہے تھے۔ یہ امان روز بروز ڈھیلا اور بیکار ہوتا جا رہا تھا۔ سیڑھیاں خطرناک حد تک ٹوٹ گئی تھیں اور سیمنٹ جگہ جگہ سے اکھڑ گیا تھا۔ کاش اس کھنڈر کے کاہل باسیوں کو کوئی سانحہ گھسیٹ کر لق و دق صحرا میں لے جا پٹختا جہاں اس گھر کی اندھیری پناہ سے آزاد ہو کر وہ خود اپنے ہاتھوں سے نئی پناہ گاہیں بنانے پر مجبور ہو جاتے۔ ہر چیز کو تخریب کی ضرورت تھی۔

جرمنی نے لندن پر آگ برسانی شروع کر دی۔ جن بھوکوں کا خون نچوڑ کر یہ شاندار شہر سجایا گیا تھا اُن کے کچلے ہوئے دلوں میں مسرّت کی لہر آگ کے شعلوں کی طرح دوڑ گئی ہو گی۔ آہا کیا مزا آ رہا ہوگا۔ یہ جو پربت جیسی اونچی اور جنت جیسی حسین عمارتیں نظر آتی ہیں بھوسے کی گٹھریوں کی طرح بکھر جائیں گی۔ نازک اندام میمیں اور پھول جیسے بابا لوگ قصائی کی دکان سے پھینکا ہوا ملغوبہ بن جائیں گے۔ جنھیں کتے بھنبھوڑیں گے اور گدھ نوچیں گے۔ آسمان سے خدا کا قہر برسے گا اور زمین لاوا اُگلنے لگے گی۔ بڑی بڑی سڑکیں ریگستان اور ہوٹل کھنڈر بن جائیں گے۔ سنہ ۵۷ء کا خون چھلکے گا۔ اور یہ سیاہ خون اندھیرا بن کر چھا جائے گا۔

ہٹلر بھی تو آرین ہے! وہی آرین جنھوں نے ہندوستان بنایا۔ اب پھر وہی آریہ یہاں آئیں گے۔ جیسے ہنومان جی دم میں آگ لگا کر لنکا کو پھونکنے گئے تھے اسی طرح یہاں بھی آگ برسے گی جس میں سارے راکھشس بھسم ہو جائیں گے اور دیوتا سونے کی مورتیوں کی طرح تپائے ہوئے نکل آئیں گے۔ پھر ہندو مسلمان ایک دوسرے کے گلے میں پھولوں کے ہار ڈالیں گے۔ ہندو مسجدوں کو پوجیں گے اور مسلمان مندروں کو سجدہ کریں گے۔ دو بھائی گلے مل کر جی کا غبار نکالیں گے۔

اس بیماری سے گھبرانا کیسا؟ قحط اور بیماریوں کے ساتھ مفلسی اور لاچاری کی مار

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سہمے ہوئے کیڑوں کے سامنے ان بیچاروں کی کیا حقیقت ہے۔ آئے دن موٹروں ہی سے اتنے کچل کر خاکِ راہ میں گم ہو جاتے ہیں۔ مگر یہ راکھ مردہ نہیں بگولے بن بن ایک بے قرار روح کی طرح برسوں رقصاں رہے گی اور دنیا کی آنکھ میں کھٹکے جائے گی کتنی بار یہ ہندوستان کا شہنشاہ فتح ہوا لیکن اس سینے دکھے ہوئے مفلس دل کسی کے نہ ہو سکے۔ یہ دل ان جی حضوریوں کے سینے میں نہیں جو حاکموں کے دربار میں ان کی اترن پہنے عجائب گھر کے سونگا بنے بیٹھے ہیں، یہ دل ان سڑی بسی جھونپڑیوں میں ہیں جو آریوں کے راج میں پٹتی رہیں، مغلوں کی حکومت میں بھی روپا کیں اور اب بھی ان میں ان گنت سوراخ ہیں۔ ان چھلنیوں میں کوئی جال نہیں لگا سکا۔ یہ دل کیا متاثر ہوں گے کسی چوٹ سے جنھیں صدیوں کی ٹھوکر خوردگی نے بے حس چٹان بنا دیا ہے۔ اب تو انھیں یہ بھی فکر نہیں کہ ٹھوکر شاہی جوتی سے زیادہ لگتی ہے یا فرنگی بوٹ سے۔ دکھ کا اثر ہی زائل ہو چکا ہے۔

سیاسی الجھنیں زندگی پر خاموش جنگ بن کر چھا گئیں مگر اس شدت سے نہیں کہ برسوں کی رچی ہوئی عقیدت مندی سے جگا سکیں۔ جب مغربی ٹینکوں کی جھنکار اور توپوں کی گرج سے گونج اٹھا ہندوستان نے اہنسا کا ڈراما کھیل دیا۔ جی جلانے کا اس سے بہتر اور کیا طریقہ ہو سکتا ہے کہ کوئی گلا پھاڑ پھاڑ کر جگائے اور سونے والے افیم کھا اٹا نگل کر کروٹ بدل لیں۔

اسکول کا میدان بھی سیاسی اکھاڑہ بن گیا۔ آپس میں بحث مباحثے ہوتے پھر بیٹھ کر ایک دوسرے کو کوسا جاتا اور آنسو بہائے جاتے۔ ہندو لڑکیاں دل و جان سے اہنسا کی قائل، عیسائی ایسی پریشان گویا اسلام اور ہندو دھرم کے ساتھ ساتھ اب ان کی صلیب کو بھی خطرے میں پڑنا آ گیا۔ اگر سرکار کا ساتھ نہ دیا اور یہ سفید راج اڑ گیا تو کیا ہو گا! صرف رنگ ہی کا تو فرق ہے ورنہ یہ کالی پیلی بھی یسوع مسیح کی بھیڑیں ہیں اور ویسے بھی لباس، رہن سہن کے ساتھ ساتھ بچے ماما، پاپا، آنٹی اور سسٹر کتنی شستہ زبان میں بول لیتے ہیں۔ ہندوستانی کسی کو آتی کب ہے۔ خواہ تھیلوں کی شکل کی بھول مگر ہیں تو فراکیں۔ کالی بکری جیسی ٹانگوں میں پھسلے ہوئے نیلام کے جوتے ہیں مگر اونچی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ایڑی موجود ہے۔ مانگیں ٹیڑھی اور سینچے ہوئے گھونگر علین مین مغربی! فرق ہی کیا ہے اگر صاحب لوگ کو ہندوستان سے جانا پڑا تو پھر یہ برا لوگ اور آیا لوگ کو کیا کریں گے؟ بھلا کالا آدمی اتنی اونچی تنخواہ دے سکتا ہے! وہ تو باورچی خانے ہی میں پھسکڑا مار کر لنچ اور ڈنر نگل لیتا ہے اور بچے نانیاں دادیاں پال لیتی ہیں۔ دو چار رہتی ہیں سو وہ بھی الیا جی کھولی کہ نہیں دینے۔ دوسرے جب یہ چلے جائیں گے تو نہ جانے کون آئے گا پھر؟ بیرے اور آیا کا فیشن رہے نہ رہے؟ یہ چرخے کی بات اور بھی ٹیڑھی کھیر ہے۔ کہتے ہیں گاندھی جی سب کو ایک ایک بکری اور چرخہ پکڑا کر کہہ دیں گے: جاؤ سوت کاتو اور دودھ پیو۔ نہ ٹی نہ چاکلیٹ اور نہ لپسٹک!

مسلمان لڑکیوں کو نہ بکری سے دلچسپی اور نہ چرخہ کاتنے کا شوق، اُن کا تو پاکستان الگ بننے والا تھا۔ مع تاج محل، موتی مسجد اور لال قلعے کے ساری پاک دنیا دیکھتے چاند کے سائیں مزے سے رو رو کے نماز میں غرق جنت کی طرف کھسکتی چلی جائے گی۔ کوئی دم میں حصہ بخرہ ملنے ہی والا تھا۔ پنسل کی ٹیپ، تو ہر پان والے کی دکان پر بکنے ہی لگی تھی، بس خاموش بیٹھے انتظار کر رہے تھے۔

مگر یہ کانگریسی حصہ دینے میں بخل کر رہے تھے۔ اگر پاکستان کی طرح میں سکھستان مہاستھان بھی بن گئے تو جیتا جاگ سے بھارت درش کے ٹکڑے ہو جائیں گے۔ اور یہ ہمالیہ کے ماتھے پر لٹکا ہوا انگوٹھا جھومر موتی موتی ہو کر بکھر جائے گا۔ اور پھر کہیں پاکستانی اُدھر سے خان بھائیوں کی دعوت کر کے پھر محمود غزنوی جیسی چھیڑ خانیاں شروع کر دیں!

زمانہ تیزی سے ترقی کا پرچم لے کر آگے دوڑنے لگا۔ جلسوں میں نیا جوش پیدا ہو گیا۔ پروگرام بنے، پُر جوش نظمیں پڑھی گئیں، کھانے اور شرابیں اڑیں، ترقی پسند اخبار، ترقی پسند انجمنیں، ترقی پسند مضمون نگار اور شاعر پیدا ہوئے اور پورے زور شور سے انقلاب ہونے لگا۔ آزاد زندگی اور آزاد محبت، آزاد موت اور آزاد بیدائش کے حقوق کی حمایت ہونے لگی۔ پرانے بندھنوں کو توڑ کر نئی راہیں اور نئے زاویے کھینچے گئے۔ ہر وہ انسان ترقی پسند بن گیا جس کے بال بے تکے اور آنکھیں دہشت انگیز تھیں،

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

لباس ذرا انوکھا اور ملنگا ہو، ہاتھ میں اٹیچی کیس جس میں پھڑکتی ہوئی نظمیں اور سلگتے ہوئے افسانے، دہکتے ہوئے مضامین اور لطیف فوٹو، کچھ معصوم یادگاریں اور شیریں تحلوط ہوں۔ بات کرتے میں کچھ کھوسا جائے، لڑکیوں سے انتہائی بے تکلفی، قدرے لاپروائی اور سختی سے بات کرے، چھوٹتے ہی پیار کا نام لینے لگے، بھونڈے سے زنانہ کپڑوں پر ہاتھ ڈال دے۔ پھر ان کو ایسے دیکھے گویا عمر بھر پہلی مرتبہ دیکھ رہا ہے، پھر معنی خیز مسکراہٹ کے ساتھ جھینپ جائے۔ ان کی ساخت اور اہمیت پر گفتگو کرنے پر آمادگی ظاہر کرے۔ اس کے علاوہ ہر قابل ذکر لڑکی کا ذکر کرتے وقت اس کی جنسی کشش اور جسمانی ساخت پر روشنی ڈالے، اس کی لطیف جنبشوں پر تجزیہ کرنے کا سوچا ہو، اس کے تمام گزشتہ سے پیوستہ عاشقوں کی تعداد، اس کے جائز و ناجائز تعلقات اور اس کے ادھورے اور سالم بچوں کی تفصیل جانتا ہو۔ تمام انقلابی روسی، فرانسیسی، امریکی ادیبوں کے نام اور ان کے تراجم ازبر ہوں۔ ان کے تراجم پیش کر کے ادب کی خدمت بھی کر چکا ہو۔ لازم ہے کہ وہ خود بھی فنکار ہو، یعنی شاعر یا مضمون نگار ہو۔ نام کو جوڑ توڑ کے گھما پھرا کر لکھتا ہو۔ احساس کمتری، جس نے نپولین اور ہٹلر جیسے مدبر پیدا کیے، بخوبی رکھتا ہو۔ ساتھ ساتھ لازمی طور پر دکھی ہو، بھوکا اور حساس ہو، دوستوں کے خرچ سے پیٹ بھر شراب اور نفیس کپڑے پہنتا ہو۔ ڈھٹائی سے بے زبانی پر مجبور کرتا ہو اور ان حسابوں اشتراکی ہو کہ "جو کچھ تمہارا وہ میرا اور جو کچھ میرا وہ تمہارا۔۔۔ نہیں!"

یہی نہیں بلکہ گاؤں کی لڑکیوں کے بھولپن اور تعلیم یافتہ لڑکیوں کی مکاری کا بھی تجربہ رکھتا ہو۔ مٹی بھری عورت، جو تیوں میں مسلی ہوئی رنڈی کا طرفدار ہو۔ دلچسپ شریف زادیوں کے جسم میں تھوک کے اگرانی رنڈیں زادیوں کے عشق میں ناکام رہ کر مجذوبیت کا درجہ پا چکا ہو۔ والدین کی ناسمجھی اور غلط طریقہ تعلیم کی وجہ سے کوئی ڈگری نہ حاصل کر سکا ہو۔ زندگی کی تلخیوں سے تنگ آ کر مفت پینے اور نالیوں میں گرنے کا عادی ہو چکا ہو۔

ایک اور شاخ بھی ترقی پسندوں کی ہو سکتی ہے۔ وہ بچارے جو مجبوراً لمبی چوڑی جائیدادوں کے مالک بنا دیے گئے ہوں۔ تمام مقابلوں اور انتخابوں میں باوجود کئی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سفارش کے ناکام رہ گئے ہوں سمجھ میں نہ آتا ہو کہ کیا کریں، کیسے وقت کاٹیں۔ باپ دادا کے بنائے ہوئے محلوں میں جبراً رہنا پڑے، اعلیٰ قسم کا فرنیچر استعمال کرنا پڑے، بڑے بڑے سرکاری اور غیر سرکاری جلسوں کی شرکت لازمی ہو جن سے کیسے۔ بیش کے لباس کو چھوڑ کر مغربی درزیوں کے ہاتھ کا سلا ہوا سوٹ پہننا پڑے۔ وقتاً فوقتاً عالیشان ڈرائنگ روم میں بیٹھ کر ٹی کے چائے کے سیٹ میں چائے پی کر انتہائی انقلابی ادب سے ادیبوں اور شعرا کی پرورش کرتا ہو۔ ان کی ضیافت کر کے ان کی بدحواسیوں سے لطف اٹھائے۔ مشاعروں اور ادبی جلسوں میں حسین لڑکیوں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر لائے اور انقلاب کے برسنے کے انتظار میں ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جائے۔

زندگی کی دوسری گاڑیوں کی طرح یہ انقلاب کا چھکڑا بھی اکیلے بیل سے نہیں گھسٹتا صنفِ نازک کا وجود لازمی ہے۔ کوئی آزاد خود مختار خاتون جو دنیا کی بکواس کا خیال نہ کرے۔

یہی وجہ تھی کہ شمن پر ہر چہار طرف سے ترقی پسند برس پڑے۔ گو اس نے اب تک کوئی کارہائے نمایاں نہیں کیے تھے پر نہ جانے اس کی قوم پرستی کی دھاک بیٹھی ہوئی تھی۔ جیسے چیونٹیاں مٹھاس کی خوشبو سونگھ کر پہنچ جاتی ہیں اسی طرح قومی جذبے کی مہک چھپائے نہیں چھپتی اور لوگ ڈھونڈ ہی لاتے ہیں۔ پہلے روز نوابزادہ صمد مع چند جوشیلے کارکنوں کے تشریف لائے۔ دیر تک چائے کا بے تکلف دور چلا اور پُرجوش مباحثے ہوئے۔ پھر چند روز بعد ہونے والے جلسے میں شرکت کا وعدہ لے کر رخصت ہو گئے۔ نوابزادہ صمد نہایت جوشیلے اور سجیلے جوان تھے۔ بچارے کو مجبوراً یہ غیر انقلابی لفظ اپنے نام کے ساتھ لگانا پڑتا تھا ورنہ اپنے بے تکلف دوستوں کے حلقے میں تو کامریڈ صمد ہی کہلاتے تھے۔ دوسرے کوئی انقلابی شاعر تھے جنہوں نے فرسودہ روش کو چھوڑ کر لیلیٰ مجنوں کے بجائے نرس، ڈاکٹرنی اور اسکول مسٹرس سے ناکام محبتیں کی تھیں اور بجائے گھوڑے اور شمشیر کے ریل اور موٹر کی شان میں قصیدہ خوانی کی تھی۔

تیسرے ایک پروفیسر تھے جن کی تحریریں حکومت نے مخرب اخلاق قرار دی تھیں۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

وہ نہایت فخریہ بتاتے تھے کہ اُن کے مضامین پڑھ کر لوگ لرز اُٹھتے ہیں۔ عریانی کی دھاک بیٹھی ہوئی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ عورت پر نظر ڈالتے ہی اُن کے تخیل میں اُس کے کپڑے دھواں بن کر غائب ہو جاتے ہیں اور نگاہیں سات پردوں کو چیر کر آر پار تیر جاتی ہیں۔ شمن کو بھی یہ سن کر جھرجھری آ گئی اور اُس کا جی چاہا کاش اُس کے کپڑے ذرا موٹے اور مضبوط تاروں سے بنے ہوئے ہوتے۔

ایک انجینیر تھے۔ سرکاری ملازم ہونے کی وجہ سے بیچارے چھپ کر انقلاب لاتے تھے۔ ہمدری گاؤں کی آمدنی سے خاجر تھے۔ جب تک انگلستان میں رہے برابر وہاں کے قومی منطاہروں میں کھدر پہن کر اور جھنڈا لے کر نکلتے رہے۔ خاص طور پر وہ ہندوستان سے کھدر کی شیروانی اور چوڑی دار پاجامہ سے گئے تھے جو اُن پر بے طرح سجتا تھا۔ گو جلوس لمبے ہوتے اور اُن کی روح تک سردی کے مارے کنگ ہو جاتی مگر اس دن وہ بالسی چیسٹر نہ پہنتے۔ واپسی پر اُن کی لینڈ لیڈی گرم پانی کی بوتلیں اور چائے تیار رکھتی۔ وہ خود بیچاری ان انگریزوں کو گالیاں دیتی تھی جو بیچارے ہندوستانیوں کو فدا سے سوراج کے لیے اتنی تکلیفیں دے رہے تھے۔ اسے ان لڑکوں سے خاص ہمدردی تھی جن کی بدولت اُس کی تین لڑکیاں نامگیری سے نجات پا کر ہندوستانی رانیاں بن گئی تھیں۔ اُسے کتنا ارمان تھا کہ ان کالے داماددوں کے کالے ملک میں جا کر ہاتھیوں پر سوار ہو کر اژدہوں اور ببر شیروں کا شکار کھیلے، سونے چاندی کی رکابیوں میں پلاؤ اور کباب کھائے اور کوٹھریوں میں بھرے ہوئے ہیرے جواہرات اپنے ہاتھوں سے چھوئے۔

جلسے کے دن کامریڈ صمد مع چند چیلوں کے آکر اپنی موٹر میں اُسے لے گئے۔ مجمع خاصہ تھا اور روداد دلچسپ۔ انقلابی عشق کی پُرزور نظمیں پڑھی گئیں۔ ترقی پسند انقلابی شاعر نشے میں دہت ذہانت اور فنکاری کا مجسمہ بنا جھک رہا تھا۔ نظم کا ایک ایک بند شعلہ بن کر لپک رہا تھا۔ زوردار مضامین پڑھے گئے جن میں ظاہر کیا گیا کہ موجودہ ادبی عریانی قدیم عریاں نگاروں کی تحریر کے آگے صفر کی حیثیت رکھتی ہے۔ جب باپ دادا اتنے رنگا ہیر، تھے تو کیا وجہ ہے کہ سپوت پیچھے رہ جائیں! اس ادبی ورثہ کی قدر نہ کرنا حماقت ہے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

زیادہ نامقبولیت کا ثبوت ہوتا۔ اگر کوڑھ بھی باپ دادا سے ورثے میں ملے تو کلیجے سے لگا کر رکھنا چاہیے۔

ویسے تو کئی خواتین موجود تھیں مگر ان میں سے ایک قوم پرستی میں بلند مرتبہ رکھتی تھیں اور کئی نقصائی ان کی ناک تراشنے کی فکر میں تھے۔ جس پر بجائے حزن زدہ ہونے کے انھیں اور فخر تھا۔ نوابزادہ کی شمعِ محبت کا خاص شعلہ تھیں۔ کچھ سنائی نہ پڑا کہ انھوں نے کیا کہا کیونکہ پورے ہال میں کھسر پھسر گونج رہی تھی۔ لوگ ان کے متعلق اڑی ہوئی افواہوں پر ناقدانہ مباحثہ کرنے میں غرق تھے۔ ان کے بعد دوسری خاتون آئیں مگر یہ کچھ پھیکی سی رہیں بجاری اس شعلے کے سامنے صورت شکل کے لحاظ سے بھی مٹی کے تیل کی کُپی معلوم ہو رہی تھیں۔ اُلجھے ہوئے پریشان بال اور بہکی بہکی نظریں۔ انتہائی چوٹ کھائی اور پٹی سی صورت نہ جانے انھوں نے کیا کہا مگر مواد یقیناً انقلابی تھا۔ نہ وہ ہاں کی طرف دار تھیں اور نہ نہیں کی۔ ایک سرے سے انہوں نے ہر چیز کی مخالفت کی۔ یہاں تک کہ خود اپنی مخالفت کی مخالفت کر دی۔ لوگ انہیں خبطی اور بدحواس کہتے تھے۔

جلسے کے بعد نخنیر صاحب اور کامریڈ صمد کی طرف سے پُرتکلف ڈنر ملا۔ گھر واپس پہنچتے پہنچتے مس شمشاد کئی سونٹوں پر دشمن بن گئیں۔ کامریڈ صمد نے تو کئی مرتبہ اسطرح اس کے کان میں کچھ کہا کہ ان کے جلتے ہوئے ہونٹ اس کے کان کی لو سے چھو گئے۔ انقلابی شاعر مع اپنے بدبودار کپڑوں اور عقاب جیسی بھو کی آنکھوں کے اس کے قریب آتا رہا۔ جلسے کی تھکن نے ہی تھپک تھپک کر سلا دیا مگر قریب ایک بجے اُس کی آنکھ کسی نامعلوم کھٹکے سے خود بخود کھل گئی۔ چوروں سے اُسے ڈر نہیں لگتا تھا مگر اس وقت تو نہ جانے کیوں سائیوں کا دل سے بھی کلیجہ کانپ اٹھتا۔ ہمت کرکے اس نے زور سے پکارا: کون! کوئی جواب نہ ملا۔ خاموش لیٹ کر بغور سننے کی کوشش کرنے لگی۔ دماغ پر زور ڈالنے سے جسم بھی تن کر معلق سا ہو گیا۔ ایک ہلکا سا کھٹکا سنائی دیا جیسے کوئی بھٹکی ہوئی روح شیشے پر سر مار رہی ہو۔

"دشمن!" ہوا سرگوشیاں کرتی اس کے کان کے پاس رینگی، جیسے کسی کی جانی پہچانی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سی آواز اسے پکار رہی ہو۔ مگر یہ آواز تو اسے بار بار دھوکے دے چکی تھی۔

"شمن!" اس بار شبہ مٹ گیا۔ واقعی کوئی کھڑکی کے ادھر سے اسے پکار رہا تھا۔

"کون!"

"میں! ڈرو نہیں، میں ہوں افتخار۔ کھڑکی کھولئے"

"ایں!" شمن نے ڈرتے ڈرتے کھڑکی کھولی مگر اس کا وہم جسمانی صورت میں موجود تھا۔

"آپ؟"

"اندر آسکتا ہوں؟"

"آئیے" وہ کھڑکی کے سامنے سے ہٹ گئی۔

"مگر سوچ لو، میرے پیچھے خطرہ ہے"

"خطرہ!"

"جلدی بولو... تاکہ میں اور کہیں"

"آئیے اندر!" اس نے جھلا کر کہا اور کھڑکی کے پٹ پھیلا دیے۔

"پھر پچھتا نا مت!" اس نے کھڑکی کی چوکھٹ پر رک کر کہا مگر پھر اندر آگیا۔

"کیا بات ہے؟" شمن نے مضبوطی سے کھڑکی بند کر کے کہا۔

"ذرا سانس لینے دو" وہ خاموش کوچ پر بیٹھ کر ہانپنے لگا۔ شمن لبادہ اوڑھ کر کرسی پر بیٹھ گئی۔

"یہ کمبخت بھیبھڑے!" اس نے کلیجہ بھینچ کر کہا، "دو قدم نہیں چلنے دیتے۔ بال بال بچا"

"کیا ہوا؟"

"وہی، وہی... اور کون اس بری طرح بھگانے کا شوقین ہے۔ زندگی ایک مسلسل دوڑ بن کر رہ گئی ہے"

"پولیس؟"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ایں؟" وہ چونکا مگر پھر کسی سوچ میں ڈوب گیا۔
"تمھیں میں نے آج تک نہیں بتایا۔۔۔ اور فائدہ بھی کیا۔۔ تم گرلز اسکول کی ہیڈ مسٹرس ہو تمہیں۔۔۔"
"میں ڈرتی نہیں ہوں کسی سے۔ نوکر ہوں غلام نہیں!"
"مگر ـــ"

"رہنے دیجیے۔ یہ بتائیں کچھ کھا بیٹھے ہیں؟" جواب میں افتخار نے اسے ایک بار دیکھا اور خاموشی سے جیب میں کچھ ڈھونڈنے لگا۔ شمن باورچی خانہ ٹٹولنے چلی گئی۔
"جانتی ہو یہ کیا ہو رہا ہے؟" اُس نے جلدی جلدی لقمے چباتے ہوئے کہا، "روس کو کچلنے کی ترکیبیں ہو رہی ہیں۔ یہ ہنس کیوں کو دا ہے؟ روس فن لینڈ سے ٹھیک گیا ناکمبخت یہ دانت نکلوانے پڑیں گے، بیکار ہو گئے۔ یہ امپیریلسٹ اب کر روس کو لگنا چاہتے ہیں۔ اگر کہیں پانسہ پڑ گیا تو بس!" وہ تخیل میں بھیانک شکلیں دیکھ کر پھر پریشان ہونے لگا۔
"مگر جرمنی۔۔۔ جرمنی اتنا اتو نہیں کہ ان کے گھسے میں آجائے۔" اُس نے جیسے خود کو سمجھایا۔

"مگر ہنس؟ اس کا ہنس کا کیا کریں گے؟" شمن خود اپنے بچوں جیسے سوال پر جھینپ گئی۔ "یہ سیاست بھی تو عجیب کھیل۔ گھڑی میں بڑی بڑی اہم سرگرمیاں اور گھڑی میں بچوں جیسی شرارتیں!"
"میں جا رہا ہوں۔۔۔ شمن۔۔۔ مجھے یاد رکھنے کی کوشش کرنا۔ اگر بھول بھی جاؤ مجھے نہ بتانا، میں برداشت نہ کر سکوں گا۔ نہ جانے کیوں میرا یقین ہے کہ تمہارے ملانے سے جی رہا ہوں۔ نامرادیوں میں تمہارا ہی خیال سہارا دیتا ہے۔ اب تو ایسا معلوم ہوتا ہے میں نے تمہاری ہی آنکھوں سے دیکھنا شروع کر دیا ہے۔۔۔ اوہ یہ کیا بک رہا ہوں!" اُس نے نگاہیں زمین پر گڑا دیں۔
"کہاں جا رہے ہیں؟"
"کئی سال کے لیے شاہی مہمانداری۔۔۔"

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"مگر کس قصور میں؟"

"اخبار میں پڑھ لینا، وہی پرانا کیس ہے... کانپور کی اسٹرائک کے بعد کا۔ چھوڑو ان ناگوار باتوں کو... میں ان لغویات سے تمہیں پریشان کرنے نہیں آیا بلکہ..." وہ خاموش ہو گیا۔

"جانے سے پہلے مضبوطی اور ہمت مانگنے آیا ہوں... دُعا کرنا کہ کہیں بدھیا! راستے ہی میں نہ لیٹ جائے۔" شمّن کا گلا گھٹنے لگا۔

"ذرا سی چھالیہ دو۔"

"اچھا تو میں جاؤں؟" مگر وہ کھڑا اپس و پیش میں ہاتھ ملتا رہا۔

"خدا حافظ!" مگر وہ پھر بھی غیر فیصلہ کن انداز میں پریشان کھڑا رہا۔ شمّن کا دل بے ترتیبی سے دھڑکتا رہا۔

"اچھا خدا حافظ!" وہ آہستہ آہستہ کھڑکی کی طرف مڑا اور سست ہاتھوں سے پٹ دور کیے۔

"میں جا رہا ہوں.. تو میں یہ کہنا چاہتا تھا کہ.. ڈاکٹروں نے کہہ دیا ہے اب میرا مرض خطرناک نہیں رہا... اب جراثیم..." وہ بری طرح نروس کھڑا گیا اور ایک دم کھڑکی میں سے غوطہ مار کر تاریکی میں غائب ہو گیا۔ شمّن نے ایک جھلک اُس کے تمتمائے ہوئے چہرے کی دیکھی۔ وہ آنسو روکنے کے لیے ہونٹ چبا رہا تھا۔ اُس کے ننھے چوڑے ہو گئے تھے اور گردن کی رگیں شدّتِ ضبط سے تنی ہوئی تھیں۔

دونوں ہاتھوں میں منہ چھپائے وہ خاموش کھڑی رہی، پھر پلنگ پر اوندھی گر کر گہری گہری سسکیاں لینے لگی۔

([illegible])

انقلابی جلسوں کی غیر انقلابی حرکتوں سے وہ جلد ہی عاجز آ گئی۔ وہ چار جلسوں کی صدارت بھی کی اور نہایت جوش سے کام میں حصّہ لیا لیکن اگر ذرا غور سے دیکھا جاتا تو

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اس کا حصہ بس نام کا تھا۔ عام قاعدہ تھا کہ خواتین کے لیے منتظمین خود ہی تقریریں لکھتے، ریزولیوشن تجویز کرتے اور تمام کاغذات تیار کرتے اور یہ وہاں جا کر کٹھ پتلیوں کی طرح بنائی ہوئی لکیروں پر چلنے کی کوشش کرتیں، وہ بھی ایسے ڈگمگاتے ہوئے قدموں سے کہ عین وقت پر مددگار کو آ کر پنسل اور کھویا ہوا اشد ضروری پرچہ مہیا کرنا پڑتا۔ یہ عورت ذات بھی کس قدر غیر ذمہ دار جنس ہے۔ وہ کچھ دینے کا وعدہ کر کے بالکل بھول جاتی عین وقت پر لوگ اُسے لینے بھاگتے اور یاد آتا کہ جو اسپیچ اسے تیار کرنے کو دی گئی تھی اس کا سرسری طور پر بھی مطالعہ نہیں کیا۔

"کیا بتاؤں، بالکل بھول گئی!" بڑی سے بڑی غلطی کرنے کے بعد مسکرا کر کہہ دیتی۔ یہ اس کا جنسی حق تھا جس کا استعمال نہ کرنا حماقت تھی۔ کتنا ہی ضروری مرحلہ ہو ان کا رویہ نہیں بدلے گا۔ بس یہ سمجھیں گی باماجی کا گھر ہے۔ مزے سے بیٹھی ہیں، کھانا دیر میں پھیکا سیٹھا پکے باورچی کا قصور، گھر میلا ہو نوکروں کا قصور، کپڑے گندے ہوں دھوبی کا قصور۔ کسی بات میں بھی تو ان کا اپنا قصور نہیں۔ رنڈی بن جائیں، سماج کا قصور، دھوکہ کھا جائیں، نسوانیت اور بھولپن کا قصور، لٹ جائیں، چوری چلی جائیں، بھگا لی جائیں، لونڈی بنا کر بیچ دی جائیں۔ سب ظالموں کا قصور!

کئی اصحاب نے اس کے نام سے مضامین اور نظمیں لکھ کر چھپوائیں۔ کتابیں چھپوانے پر تیار ہو گئے مگر اس خشک تحفے کی طرف اُس نے اتنی بھی توجہ نہ دی جتنی چاندی کے بندے پا کر ہوتی۔ نئے زمانے کی نئی الجھنوں نے لوگوں کے پاس چھوڑا ہی کیا ہے سوائے حساس دلوں اور بے چین دماغوں کے۔ پہلے لوگ ساڑھیاں، بندے، جھومر ٹیکہ تحفہ میں دیا کرتے تھے، اب اشعار، مضامین اور افسانے حاضر ہیں۔ دولت سے مطلب! سودا پٹانے کے لیے کچھ تو چاہیے۔ کبھی ان سب پر ترس آ جاتا۔ وہ بھی تو انسان تھے، جوان تھے، خواب دیکھنا جانتے تھے۔ قصور یہ تھا کہ بٹوارے کے وقت ان کے حصے میں احساس زیادہ اور وسعتیں کم پڑی تھیں۔ اگر امیر پیسے کے زور سے دس عورتیں رکھ سکتا ہے تو قلم والا قلم کو کیوں زنگ لگائے۔ قلم بھی تو ویسے شمشیر کا توام بھائی ہے، وہ کیوں

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

نہ ملک گیری کرے؟

چھٹی کا دن تھا اور فرصت تھی۔ ویسے ہیڈ مسٹرس کو کام کرنے کی ضرورت نہیں، اُس میں تھانہ داری کا مادہ ہونا چاہیے۔ اگر وہ چار استانیوں سے گھما پھرا کر آٹھ کا کام لے سکے تو وہ صحیح معنوں میں محکمۂ تعلیم کی بہی خواہ ہے۔ مختلف تھیوریاں چپکا کر اُلّو بنا کر زیادہ سے زیادہ بیگار لینا، وقتِ مقررہ کے بعد بھی کام کرانا اور پھر بھی استانیوں میں انتہائی درجہ کا احساسِ کمتری پیدا کر دینا کہ انھیں اپنے دماغ اور قوتِ متخیّلہ پر بھی بھروسہ نہ رہے اور بالکل ہی پس کر رہ جائیں مگر اُف نہ کریں، سارے الزامات ان کے سر تھوپنا اور سرخروئی اپنے لیے رکھ لینا۔ بدانتظامی، جنگلی لڑکیوں اور نالائق استانیوں کے حصّے ہیں، قبرستان جیسی خاموشی اور سرکس کے جانوروں جیسی سدھائی ہوئی طالبات ہیڈ مسٹرس کی محنت اور جانفشانی کا نتیجہ!

چپراسی نے آکر اطلاع دی کہ کوئی عورت ملنا چاہتی ہے۔ کہلوا دیا نہیں مل سکتی۔ ان عورتوں کی آمد بھی کئی قسم کی آفتیں لاتی ہے۔ کہیں دشمن کی جاسوس تو نہیں کہ جا کر لگائی بجھائی کر دیں۔ کسی لڑکی کی ماں یا بہن ہوئی تو یا تو فیس معاف کروائے گی یا زبردستی درجہ چڑھانے کو کہے گی۔ نہ جانے یہ جاہل مائیں درجوں کو بانس کی سیڑھیاں کیوں سمجھتی ہیں جنھیں پار کرانا ہیڈ مسٹرس کا کام ہے۔ جہاں سالانہ امتحان شروع ہوئے اور کمزور اور بدشوق لڑکیوں کی ماؤں کو ہیڈ مسٹرس کی محبت چرائی۔ مٹھائیاں چلی آرہی ہیں، تحفے نازل ہو رہے ہیں۔ ہاتھ پیر جوڑے جا رہے ہیں۔ اگر نہیں مانتیں تو دھمکیاں اور گالیاں بھی موجود ہیں۔

چپراسی نے آکر کہا کہ عجیب ٹیڑھے قسم کی عورت ہے، نہیں مانتی۔ ساتھ ساتھ وہ خود ہی آگئی۔ مجبوراً ملنا پڑا۔ برقعہ اتار کر گھر کی طرح ہو بیٹھی۔

"آپ مس گپتا ہیں؟" چھوٹتے ہی سوال کیا۔

"نہیں!"

"نہیں تو شاید مسز نورانی ہے"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"جی نہیں!" ذرا سختی سے کہا گیا۔

"کامنی دلیوی؟"

"آپ کو غلط فہمی ہوئی۔ میں...."

"تو آپ یقیناً زہرہ ہوں گی... کیوں؟"

"جی... نہیں، مطلب کیا ہے آپ کا؟" جل کر کہا۔

"یا اللہ تو پھر آپ کون ہیں؟"

"آپ کی بلا سے آپ کو کچھ کہنا ہو تو.. "

"اری بہنو کہنا تو بہترا ہے پر یہ بھی تو معلوم ہو کہ کون سی ہو... چہ... اچھا... آپ... اول۔ رہ... دہی... ابے وہ کیا بھلا سا نام ہے اللہ مارا... چہ... ہاں تسنیم... تسنیم... خدا کی مار اس یاد پر۔"

"جی نہیں۔ میں نے کہا نا کہ آپ کو غلط فہمی ہوئی..."

"نہیں جی، ایسی بھی کیا غلط فہمی۔ اس حلقے میں تو... یہی نام ہیں۔ اچھا جانے دو، یہ بتاؤ کوئی سن نہیں رہا ہے۔"

"جی نہیں۔ آپ کو جو کچھ کہنا ہے جلدی کہیے اور براہ کرم تشریف لے جایئے۔"

"ہاں ہاں گھبراؤ مت۔ تشریف بھی لے جاؤں گی مگر... خیر کچھ بھی ہو تمہارا نام خاک پڑے، مجھے کیا، تم اسے تو جانتی ہو گی۔ افتخار احمد کو۔"

"ایں؟" شمن سمجھ گئی سی۔ آئی۔ ڈی سے پالا پڑا، مگر وہ بچہ نہ تھی۔

"مگر نامت، تمہیں قرآن پاک کی قسم، پاک پنجتن کا واسطہ۔ دیکھو بہن خدا کو بھی منہ دکھانا ہے۔ اپنے پیارے دل کی قسم!"

"کیا مطلب ہے تمہارا! فوراً چلی جاؤ ورنہ..."

"بیوی مجھے ان گیدڑ بھبکیوں سے نو دھمکاؤ مت۔ تم سے زیادہ زمانہ دیکھا ہے اور بھگتا بھی ہے جو ان جلے نصیبوں میں لکھا تھا۔ پھر کیا فائدہ۔ یہ تو بتاؤ اس نے تمہیں ماں بنایا تھا یا بہن یا معشوقہ!"

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"تم دیوانی معلوم ہوتی ہو... جانتی ہو کہ پھر..."
"اندازہ سے تو یہی معلوم پڑتا ہے کہ... کہ... بہن خوبصورت نہیں پر ہاں غنیمت ہو۔"
"تم نہیں جاؤ گی؟"
"جاؤں گی کیوں نہیں، پر اپنی کہہ کر اور تمہاری سن کر۔ تو میرے خیال میں معشوقہ ہی ہو گی... ڈھنگ بھی بتاتے ہیں۔ اللہ رکھے شرم آگئی!" وہ طنز سے مسکرائی۔
"تمہیں ان باتوں سے کیا واسطہ؟"
"کچھ بھی نہیں۔ مجھ اجڑی ہوئی کو کیا واسطہ ہوتا! بس یہی کہ میں اس بدذات کی بیوی ہوں۔"
"تم... تم!"
"ہاں میں۔ یقین نہ آئے تو لو یہ سرٹیفکیٹ دیکھ لو۔ میں جانتی تھی کہ تم یہی کہو گی جھوٹ۔ تو لو یہ... حسینی بی زوجہ افتخار احمد... قوم سید..."
تم کیا چاہتی ہو؟ آنکھیں جھک گئیں۔
"یوں کہو... ہاں تو بن بیاہی ہو یا ماشاء اللہ..."
"تم اپنی کہو... کیا کہنا ہے؟"
"تو ماشاء اللہ کنواری ہو۔ منہ سے تو یہی لگتا ہے، غیب کا حال اللہ جانے۔ آج کل کنواری بیاہی میں اللہ مارا فرق ہی کیا رہ گیا ہے؟"
"بکواس بند کر کے اپنا مطلب بیان کرو۔"
"تو بہن مطلب یہ کہ تمہیں اس کیڑا دل بھرے کباب میں کیا دکھائی دیا جو ریجھ گئیں۔ برا نہ ماننا اگر منہ سے کوئی بات نکل جائے تو۔ چودہ برس کی عمر سے تو میں اسے بھگت رہی ہوں، ایک گھڑی بھی سکھ چین کی گزاری ہو تو بارہ اماموں کی مار۔ دیدار نصیب نہ ہو۔ تین بچے ہیں... تیرے میرے گھر میں اتنی عمر گزاری... باپ کے جیتے بھرے، بھلیجوں کے قوموت کیسے، بھاوجوں کی پھٹکاریں سہیں۔ اللہ نے جیسا کچھ بھی ڈالا

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بھگتا۔۔۔ پراب بہنو میری۔۔۔" شمن کے ہاتھ پیر پھول گئے، اس کی ہچکیوں نے آئے حواس غائب کر دیے!

"میں ہار گئی، پر تم ماشا اللہ پڑھی لکھیاں اُسے بھگت رہی ہو۔ تمہارا اس میں قصور نہیں، وہ ہے ہی ایسا۔ خدا کی پھٹکار اُس پر۔ صورت نہ شکل، اللہ جانے یہ عورتیں اُس پر کیوں لٹو ہو جاتی ہیں۔ اسے اور تو اور بوڑھی بوڑھی ڈھڈو۔ کوئی بیٹا بنا کر کلیجے سے لگائے لیتی ہے، کسی کا بیرن بنا ہوا ہے۔ سنتی ہوں کہیں نکاح بھی کر رہا تھا!"

"تم یہ کس افتخار کا ذکر کر رہی ہو؟"

"ایسا دیوانہ نہ سمجھو۔ میں خوب سمجھتی ہوں۔ کالج میں پڑھتا تھا تمہارے سنگ۔۔۔ شمشاد ہے نا تمہارا نام۔۔۔ خوب یاد آیا۔ فوٹو بھی ہے اس کے پاس اور۔۔۔ تم جھوٹ نہ سمجھو میں پکا ثبوت دے دوں گی۔ پہلے سن لو۔ یہ جو نواب۔۔۔ ہیں نا اُن کی بیوی کا بھائی بنا ہوا ہے۔ اور میں ننھی نادان نہیں کہ ان بہنوں اور اماؤں کے چھل بٹے نہ پہچانوں۔ اللہ ماریاں اماں بہنیا کے رشتے کو شرماتی ہیں۔ ایسے کام کرو تو کھلے بندوں کرو جب جانیں۔۔۔"

"خیر۔۔۔ آپ کیا چاہتی ہیں؟"

"یہ بتائیے آپ اُسے روپیہ دیتی رہی ہیں؟"

"نہیں!"

"جھوٹ نہ بولو۔۔۔ میرے پاس آپ کے خط موجود ہیں جن میں حوالے دیے گئے ہیں۔ یہی نہیں بہن، معاف کرنا، آپ نے اُس کے لیے بیٹھ کر سویٹر بنے ہیں، ہاتھ جلا جلا کر حلوے تیار کیے ہیں۔۔۔ اور۔۔۔"

"میرے خط دکھا سکتی ہو۔۔۔"

"مجھے پہچان تو نہیں مگر آپ کے شہر کی مہر سے شاید۔۔۔" وہ مداری کی طرح تھیلے میں کچھ ڈھونڈنے لگی اور خطوں کے بنڈل نکال کر گود میں رکھ لیے۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"میں... آپ چھیننے کی کوشش نہ کرنا..."، اُس نے بے اعتباری سے ایک طرف مڑ کر کہا اور شمن شرم سے پانی پانی ہو گئی کیونکہ ایک ثانیہ کو اُس کے دل میں یہ خیال ضرور آیا تھا کہ کیوں نہ جھپٹا مار کر ظالم سے اپنی بیوقوفیاں چھین لے اور...

"یہ... نیلے لفافوں میں... آپ خود دیکھ لیجیے۔" شمن نے کپکپاتی انگلیوں سے لفافہ لے لیا۔ کھول کر دیکھنے کی ضرورت نہ تھی۔ حقیقت ننگی ہو کر ناچ رہی تھی!

"خاطر جمع رکھو... میں نے کوئی خط نہیں پڑھا۔ میرے بھیجے میں کہاں اتنا بوتہ کہ چھپلے کے محبت نامے پڑھوں۔ اور ہو شروع شروع میں چرائے بھی، پڑھے بھی، جلائے بھی، پر اب تو سب چیزوں پر خاک ڈال دی۔ اسے لکھنے والیاں نہ تھکیں پر میں تو ہار گئی۔"

"آپ کیا چاہتی ہیں؟" شمن نے بھیگی بلی کی سی میاؤں کی۔

"ادی بہنیا میں کیا چاہوں گی۔ تم خود سوچ لو۔" پلنگ پر پالتی مار کر کہا۔

"یہ دیکھو کہ نکھٹو کو تو آنکھ کا تارا بنا کر رکھا ہے اور مجھ دکھیاری کو لوگ گھر میں نہیں گھسنے دیتے: چلو چلو، ہٹی کٹی بھیک مانگ رہی ہو؛ لو بھئی جیسے ہمیں شوق ہی تو ہے در در ٹھوکریں کھانے کا، لوگوں کے آگے ہاتھ پسارنے کا۔ کبھی ہمارا بھی زمانہ تھا۔ لاکھ کا گھر خاک ہو گیا۔ سُسر کی آنکھیں بٹم ہو گئی تھیں، کوڑی کوڑی پھونک دی۔ اور یہ کنگال بیٹا میکے میں ٹپخ خود نکل کھڑا ہوا۔ ویسے بچے دلا کے برس کے برس پہنچ جاتے۔ ابھی گئے مہینے تمہارے پاس آیا تھا۔ رات گئے میں نے اسٹیشن پر پکڑا اور وہ ویٹنگ روم میں سے ہوا ہو گیا۔ پر میں بھلا چھوڑنے والی ہتی پھاٹک کے پاس چھپ گئی۔ جیسے ہی باہر نکلا میں ساتھ چلی کہ پتہ تو لگاؤں اس کے ٹھکانوں کا۔ جب وہ تمہاری کھڑکی میں کودا تو بس سنگ تھی۔ وہ تو میں اسی وقت آ جاتی پر فائدہ کیا تھا۔ دوسرے سنا ہے یار کے ساتھ مل کر عورتیں کام تمام کرنے سے بھی نہیں چوکتیں۔ وہ تو خاک بچاتا مجھے۔ اس کا بس نہیں جو گلا گھونٹ دے خود۔ مگر بہن جب تک میں نے تمہیں دیکھا نہیں تھا، پر اب معلوم ہوا! اگر اندازہ غلط نہیں تو شریف گھرانے کی بیٹی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

معلوم ہوتی ہو، آنکھوں میں شرم ہے۔" شمن کا جی چاہا کاش وہ اندھی ہوتی اور کان بھی پھوٹے ہوئے ہوتے! "تم کیا جانو اُس کے کتنے سلسلے چلتے ہیں۔ زمانے بھر کی عورتوں نے وظیفے باندھ رکھے ہیں۔ حکومت کو الگ تگنی کا ناچ نچا رکھا ہے۔ یہ جو بھوالی گیا تھا یہ بھی کوئی چال تھی۔ میں تو خوش ہو گئی تھی کہ اللہ مارا اب تو مرے گا، بلا سے رانڈ ہو جاؤں تو خیر خیرات کی تو حقدار ہو جاؤں، بچوں کا پیٹ تو پلے۔"

"آپ فرمائیے بھی کچھ...." شمن نے سہمی ہوئی آواز نکالی۔

"یا اللہ اتنا جو فرمایا تو کچھ بھی نہیں۔ ماشا اللہ اتنے دن باپ کو بھرا، تھوڑا بہت بچوں کا حق بھی سمجھ لو۔ اگر نہیں تو تمہاری مرضی۔ تم سے مل لی، جی خوش ہو گیا۔ شریف ہو، شرافت کو ہاتھ سے نہ دو گی۔ یہ نہیں کہ سپرنٹنڈنٹ صاحب کی بیوی کی طرح لگیں غرّے ڈبّے دکھانے۔ جب سے کہا ہوش میں رہ کر بات کرو بیگم کس بھلاوے میں ہو۔ پرائے مرد سے آنکھ لڑاتے شرم نہیں آتی؟ اپنا چھ ہاتھ کا اچھا بھلا چھوڑ کر اس قبر بجو پر جی دے بیٹھیں۔ پھر اوپر سے اینٹھو تو بندی بھی ایسی ویسی نہیں۔ صاف کہہ دیا کہ خطوں کا بنڈل جاتا ہے سپرنٹنڈنٹ کے پاس کہ میاں دوسروں کے ٹھیکریاں چڑھا! اتنے پھرتے ہو، گھر میں کیا مزے سے خود اپنی عزت پر ڈاکہ ڈلوا رہے ہو۔ آستین میں سانپ پال رہے ہو۔ بس نکل گئی ساری ہیکڑی، چیٹ ہاتھ کے کڑے اُتار کے دینے لگیں۔ میں نے کہا بیوی ایسی کچی گولیاں کسی اور کو کھلوانا۔ اُلّو نہیں ہوں۔ ایسا بھی کیا کڑے لیجاؤ جو کل کو خصم سے کہہ کر جیل میں دھروا دو تو کیسی ہو۔ ذرا پانی منگوا دو... خدا کی پھٹکار حلق بھی تو سوکھ گیا۔" شمن نے پانی انڈیل کر برف ڈالی اور پیش کیا۔

"جگ جگ جیو بہن، دکھیاری کی خاطر داری کا اجر ملے گا۔"

"یہ میری بینک کی کتاب ہے، یہ بندے اور چوڑیاں... اس کے علاوہ جو کچھ بھی آپ کو نظر آ رہا ہے... آپ کو جو کچھ چاہیے لے جائیے۔" دیر تک حسین بی بیٹھی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کتاب کے ورق الٹا گئیں۔

"کچھ تم نے جمع ہی نہیں کیا۔"

"جو کچھ بھی ہے یہی ہے۔"

"ہوں" وہ سوچنے لگی، "مگر میں تو کل جا رہی ہوں۔"

"آج تو چھٹی کی وجہ سے پوسٹ آفس بند ہے۔" شمن نے سوکھی آواز سے کہا۔

"یہ بندے تو اچھی وضع کے ہیں، بہن لو کان بوچے لگتے ہیں۔ چوڑیاں دلّی کی بنی معلوم ہوتی ہیں، کیوں؟"

"ہاں" شمن نے جبراً کہا۔

"اچھی ہیں، قدسیہ کے لیے ایسی ہی بنواؤں گی۔ بن باپ کی بچی ہے، پر دیکھ لینا جو کچھ بھی کمی رہ جائے۔ اُسے تو وہ خدائی خوار بھی چاہوے ہے۔ پار سال سو روپے دے گیا تھا۔ دے کیا جاتا میں نے اینٹھ لیے وہ زندگی اجیرن کی کہ اگلنا ہی پڑے۔ دو سو پڑ بھی دیے ہتے کہ ادھیڑ کر بچوں کے نیالے، تو میں نے منے اور اسلم کے لیے بنا دیے۔ اتنا سا ادن بچ گیا۔ خدا کی سنوار ان عورتوں پر کیا دریا دلی سے اس بدنصیب کے لیے بنتی ہیں۔ اُدن بھی تو مہنگا ہے۔" شمن خاموش سنتی رہی۔

"اچھا بہن تو میں چلی۔ یہ لو اپنے خط پتر گن لو سنبھال کر۔"

"اور روپیہ۔"

"اب جانے بھی دو روپے۔ میرے آگے بھی کنواری بیٹی ہے، بیری کی طرح بڑھ رہی ہے۔ بیوی دنیا نہیں دیکھی تم نے، ایسا ہی ہے تو کچھ اُوپر پڑا ہو تو دے دو۔" شمن نے بٹوہ جھاڑ کر ایک سو چالیس روپے گنا دیے۔

"اللہ تمہارا بھلا کرے۔ تم بھی بیاہ کر ڈالو بنّو، باپ دادا کا نام اچھالنے سے کیا فائدہ! یہ منہ پہ مہاسے نکل رہے ہیں، سرسوں دودھ میں گھس کر لگاؤ، اللہ نے چاہا چپٹی کھال نکل آئے گی۔۔۔ تو میں چلی۔"

دروازہ کھلا اور وہ تیز قدم مارتی نکل گئی۔ شمن مٹی کے ڈھیر کی طرح بے جان

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بلیٹھی خطوں کے لاوارث بنڈل کو تکتی رہی۔ نوریہ تھی اُس کے گلشن محبت کی عمر بھر کی کمائی! چپڑاسی نے آکر بتایا کہ جلسے کی کار انتظار کر رہی ہے۔ اسے آج ایک ضروری لیکچر دینا تھا۔

"کہہ دو نہیں ہیں!"

اور واقعی اس وقت اس کی حقیقت "نہیں" سے بھی کم ہو رہی تھی۔

(۳۹)

چونک کر اس نے دیکھا تو شام کی دھندلی سیاہی کمرے کو مختصر بناتی جارہی تھی۔ دہشت زدہ ہو کر وہ پیچھے سمٹ گئی۔ یہ اتنی دیر وہ کہاں رہی؟ جب حسینی بی اسے چھوڑ کر گئی تو خاصی دھوپ تھی۔ تو پھر یہ تین چار گھنٹے اس کے وجود نے کس طبقے میں ڈوب کر گزارے؟ احساسات کے ساتھ اس کا دماغ بھی سُن ہو گیا تھا۔ نہ ہلی نہ جلی مگر دل دھڑکتا رہا، جیسے پھیپھڑے پھولتے پچکتے رہے، خون کا دوران قائم رہا۔ مگر خود؟ نہ سوئی نہ جاگی نہ ہی اتنی دیر کچھ سنا، کچھا اور سوچا نہ ہی کوئی خواب دیکھا۔ تو پھر کیا کرتی رہی؟ ضبط کے تناؤ سے جملہ حواس معدوم ہو کر کسی نامعلوم گہرائی میں غوطہ مار گئے اور اب وہاں سے آہستہ آہستہ اُبھر رہے تھے۔ دفعتاً ان کی رفتار تیز ہوئی، جیسے سطح کی کوشش بڑھ گئی اور وہ اُوپر کی طرف دوڑنے لگے۔ سڑک پر لالٹینیں جل اٹھیں، تانگے آگے پیچھے دوڑنے لگے۔ دور کہیں ریل کی سیٹی بھی گونجی۔ کنکر کوٹنے کا انجن دن بھر کی جانفشانی کے بعد بھاری قدموں سے ڈپے کی طرف لوٹ رہا تھا۔ اس کی پھولی ہوئی سانسیں دھونکنی کی طرح ہانپ رہی تھیں۔ اس کے قصبوں کی طرف جانے والی تھکی لاریاں ہاتھیوں کی طرح جھومتی چلی جارہی تھیں۔ نئے نئے سُر اور نغمے کانوں میں گتھم گتھا گھسنے لگے اور ایسا معلوم ہوا کہ وہ زمین کی سانسیں کو آج پہلی بار سُن رہی ہے۔ اتنی دیر مردہ رہنے کے بعد کانوں کے پردے ان آوازوں سے ناآشنا ہو چکے تھے اور بالکل غیروں کی طرح پراگندہ ہو کر ہر نئی آواز پر چوٹ کھا کر چونک اُٹھتے۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

تو دنیا موجود تھی! ویسی ہی جاندار اور ہٹی کٹی۔ صرف وہ گم ہو گئی تھی۔ اُسے بڑا دکھ ہُوا کہ اُس کی غیر موجودگی سے کچھ بھی تو نظام درہم برہم نہ ہُوا۔ مشین کے لکھوکھا پرزوں میں سے اگر ایک ننّھا سا بے حقیقت پیچ مفلوج سی دیر کو ڈھیلا ہو کر گر گیا تو سفر رک نہیں گیا۔ کچھ بھی تو نہ ہُوا۔ جملہ عناصر کی موجودگی میں صرف اس کی خاطر یہ کاروانِ حیات کیوں سُست پڑ جاتا! روزمرّہ کا بھیانک انجن تو اسی طرح سیٹی بجاتا، پٹریاں بدلتا دندناتا رہا۔

وہ جلدی سے کھڑی ہو گئی۔ امتحان کے لیے دو چار قدم اٹھائے۔ ہاتھ پیر ہلا کر دیکھے، ہر ٹکڑا سالم تھا، پرزے چل رہے تھے، کلیں درست تھیں۔ کھوتے وقت تو پتہ نہ چلا، کھٹ سے بجلی کا بٹن دب گیا ہوگا مگر پاتے وقت وہ سب کچھ دیکھ رہی تھی؛ کس طرح اس کی بھٹکی ہوئی ہستی جھجکتی، شرماتی واپس لوٹ رہی تھی۔ کسی نے کمرے میں روشنی بھی نہیں کی تھی۔ ادب کی وجہ سے کوئی اس کمرے میں آ بھی نہ سکتا تھا۔ اور جو اسی طرح وہ بالکل ہی کھو جاتی! تو یہ مودّب خادم اُسے ڈھونڈنے بھی آتے، اور شاید ڈھونڈتے بھی تو اتنی دیر سے کہ پانے کا وقت گزر چکا ہوتا۔ یہیں اُس بستر پر وہ کھو جاتی۔ کیڑے مکوڑے اپنا حصّہ بٹورنے آ پہنچتے۔

مارے دہشت کے وہ کانپنے لگی۔ جی چاہا اُس گھٹے ہوئے ننّھے سے ڈبّے میں سے بھاگ کر جم غفیر سے لپٹ جائے۔ انھیں دونوں ہاتھوں سے پکڑ لے اور کہے: "مجھے خود میں جذب کر لو، چھپا لو۔ چاروں طرف سے گھیر کر اس ڈراؤنے اکیلے پن کو مار بھگاؤ اور اب مجھے نہ کھونے دینا!" اور پھر شاید ان کی زندگی کے مس سے یہ مردنی جھپٹ جائے گی جو اس پر برسوں کی پڑی خاک کی طرح ذرہ ذرہ گر کر جمع ہو گئی تھی۔

یہ اس کے کمرے میں قبرستان جیسی پرانی اور ٹھنڈی بو کیسی ہے جیسے برسوں سے بند پڑا ہو۔ چپراسی نے آج لوبان بھی تو نہیں جلایا۔ مگر پھر اُسے ایک دم لوبان کی خوشبو سے ڈر لگنے لگا۔ اُس کی مردہ خوشبو سے تو یہ کمرہ بالکل پرانی قبر ہی بن جائے گا۔ وہ کیا کرے؟ کیا کرے؟ کہاں جائے؟ کس کے پاس؟ دیر تک وہ یہی سوچتی رہی کہ اب اپنے اس

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ٹوٹے پھوٹے وجود کا کیا کرے، کس طرح بکھرے ہوئے ذرّوں کو سمیٹ کر جوڑ ڈالے! "ماں... ماں" وہ خاموشی سے پکارنے لگی۔ اس کا جی چاہا چیخ چیخ کر ماں کو پکارے اس کماں کو نہیں جو اس کے باپ کے گھر میں بیٹھی اس کی خواہشات کو تسکین پہنچایا کرتی تھی۔ اور جس نے اسے جنم دے کر دوسرا جی پیٹ میں ڈال لیا تھا پھر اُسے فراموش کر دیا تھا، بلکہ وہ ماں جس کی پیار بھری گرم آغوش میں گول مول ہو کر وہ روح کی اس تھکاوٹ کو دور کر سکے جس کے نرم و نازک ہاتھ اُس کی تھکی ہوئی کمر کو سہلائیں اور دکھتی ہوئی آنکھوں کو بھینچ کر اُن آنسوؤں کو نکال دیں جو مئی جون کے بادلوں کی طرح اُس کی کنپٹیوں میں پھنسے ہوئے تھے۔ گرم گرم لُو جیسے تھپیڑے کانوں کے پیچھے سے اٹھ کر انہیں جھلا رہے تھے پر برسنے نہیں دیتے تھے۔

"ٹھیرو... ٹھیرو... ذرا دیر ٹھیرو" اُس نے خود کو نرمی سے چمکارا۔ "ذرا سی دیر ٹھیرو، سب کچھ گزر جائے گا۔ یہ دھول بھری آندھی بیٹھ جائے گی، طوفان اُتر جائے گا۔ ایک گلاس پانی پی لو... ٹھنڈا ٹھنڈا!"

فرماں بردار بچے کی طرح چل کر اُس نے احتیاط سے تھرماس کھولا، برف کے ٹکڑے ہیروں کی طرح پانی میں ڈبکیاں لگا رہے تھے۔ کھڑکی میں سے آتی ہوئی کمزور روشنی انہیں آبگینوں کی طرح چمکا رہی تھی۔ خود اس کی سانس تھرماس کے خالی حصّے سے ٹکرا کر ہیروں کو چومتی ہوئی واپس اُس کے چہرے پر پھیل گئی۔ چہرے کے عضلات خود بخود مسکراہٹ میں ڈوب کر ڈھیلے پڑ گئے۔ جان بوجھ کر اُس نے تھرماس سے منہ لگا کر لمبی لمبی سانسیں کھینچنا شروع کیں۔ ٹھنڈی ہوا کی چادریں سی حلق میں اُتر گئیں۔ ڈرتے ڈرتے اُس نے ایک چمکیلی شفاف ڈلی کو چھوا۔ ارے! ایک ٹھنڈا بوسہ سارے جسم میں بچھو کے زہر کی طرح چڑھ گیا۔ اور ہمّت بڑھی، انگلی بڑھا کر اُس نے ایک ڈلی کو پکڑ لیا جو مچھلی کی طرح زور مارنے لگی، مگر جھٹ سے اُس نے ہتھیلی پر ڈال دیا۔ جلد میں سے ہوتی ہوئی ٹھنڈی ٹھنڈی گدگدی کہنی تک پھیل گئی۔ شفاف ڈلی آنسوؤں میں تیرنے لگی۔ ہتھیلی کی گرمی سے بے چین ہو کر وہ ادھر اُدھر پھسلنے لگی۔ نہ

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جانے کیا خیال آیا کہ اُس نے برسوں کے پیاسے ہونٹ اس پر چپکا دیے۔ اتنی دیر بیکار پڑے رہنے سے زبان بے مزہ ہو گئی تھی سارا منہ کڑوا ہو گیا، جیسے کسی نے کچا کچا خون لے کر حلق میں پوت دیا۔ ہاتھ ڈال کر اُس نے بھاگتے ہوئے ٹکڑا ڈلی کو مٹھی میں بھینچ لیا اور منہ میں بھر کر چبا ڈالا، یہاں تک کہ اُس کا حلق، زبان اور خوراک کی نالی یخ ہو گئی۔ مگر وہ برف لیے چبے چباتی رہی۔ ڈلیاں ختم کر کے اُس نے گدلا پانی گلاس میں انڈیل لیا۔ ندیدے شرابی کی طرح وہ ایک ایک جرعہ نچوڑ لینا چاہتی تھی۔ پھر گلاس چھوڑ کر اُس نے گلاس کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ ذرا اوچھا پڑا اور۔۔۔ گلاس ایک شیریں چھنک کے۔ سے اُچھل کر زمین پر گرا۔ ٹکڑے بالکل جاندار پرندوں کی طرح پھڑ پھڑانے لگے۔

وہ سچ مچ بسور دی جیسے کسی نے ننھے سے بچے کا دودھ لنڈھا دیا۔ اور وہ اس وقت بہت حساس اور ننھی ہو گئی تھی۔ بچپن اور ممتا کے سارے جذبات گڈمڈ ہو کر نہ جانے کیا بن گئے تھے۔ غم و غصے کا جوش سوڈے کی اُبال کی طرح فوراً بجھ گیا۔ ایک بار بے اختیار جی تڑپا کہ گلاس کے بلوریں ٹکڑوں کو بھی ٹھنڈے چنوں کی طرح چبا کر نگل جائے، مگر بُری بات کہنے اندر سے ٹوکا اور وہ چڑے ہوئے بچے کی طرح اکڑ کر کھڑی ہوئی دانت پیس کر اُس نے پوری طاقت سے ٹکڑوں میں ٹھوکر مار کر انہیں سارے کمرے میں بکھیر دیا۔ چمکیلے ذرے ہوا میں نیم مردہ چنگاریوں کی طرح چیخ کر تیر گئے۔

بڑا لطف آیا! جیسے کنپٹیوں میں اُڑتے ہوئے بادل ڈھیلے ہو کر اُڑ رہے ہوں۔

سے اس نے دوسرا گلاس اُٹھایا۔ پہلے روشنی کی طرف کر کے اُس سے آنکھ لگائی۔ لیمپوں کے چاروں طرف قوسِ قزح کی گوٹ، آگے پیچھے دوڑتے ہوئے رنگوں کے ڈورے۔ دور رکھی ہوئی میز کتنی ننھی سی بالشتیوں جیسی لگ رہی تھی۔ پلنگ اور کرسی بھی ایسے وجود بھی تو اتنی ہی ننھی سی ہو گئی، جیسے تو ان چھوٹی چھوٹی کھلونوں جیسی چیزوں پر سوتی اور بیٹھتی ہے! اور یہ ساری دنیا اس گلاس میں آکر بس گئی ہے۔ وہ خربوزے کے بیچ برابر کتابیں بٹن برابر اسٹول اور کپڑوں کی کھونٹی! کیا اچھا ہوتا جو وہ خود بھی ننھی سی گڑیا کی طرح کرسی پر دراز نظر آتی۔ یہ باریک دنیا اس کی رسائی سے کیوں دور تھی! وہ کس دروازے سے گھسے اندر؟ جل کر اُس نے گلاس چھوڑ دیا۔ الماری کھول کر جلدی سے بنا سٹن

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہلکے آسمانی رنگ کے گلاس اس نے ایک ایک کرکے روپہلی قہقہوں میں غرق کر دیئے۔ تو کیا ہوا وہ کل اور نیا سٹ لے آئے گی۔ نیلا پیلا گلابی ہر رنگ کا گلاس اور پھر ان کے ٹکڑوں کے ساتھ خود بھی قہقہے لگائے گی۔ کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ ڈر کر وہ ٹکڑوں کو چھپانے لگی۔

"ستار ماسٹر آئے ہیں!" چپراسی نے کہا۔

"بھگا دو کمبخت کو!" اس نے کہنا چاہا مگر خیال بدل دیا۔

"آتی ہوں" اس نے اپنے کھوئے ہوئے رعب کو ڈھونڈ کر کہا۔

جلدی جلدی ساڑھی کی شکنوں کو ہاتھوں سے دور کیا، چپل پہن کر آئینے کے پاس گئی، روئے ہوئے تر بتر بچے جیسے چہرے کو جلدی سے پاؤڈر تھوپ کر دھندلا کر دیا، زائد پاؤڈر تولیے سے پونچھ کر، اس نے بال کنگھی سے اونچے کیے، بائیں آنکھ کے پپوٹے پر سے پاؤڈر رگڑ کر وہ ایک دم کھلکھلا کر ہنس دی۔

ستار پر جب وہ نتی کی نئی گت کے توڑے لیتے وقت اس کی نظر پیر کے انگوٹھے پہ پڑی۔ خون سے ڈر کر اس نے ہاتھ نہیں روکا۔

"ٹھوکر لگاتے وقت مضبوط ٹو کا جوتا پہننا چاہیے۔" اس نے خون کو قالین پر رگڑ کر سونے سے پہلے اس نے دونوں دروازے احتیاط سے بند کر کے چٹخنی چڑھا دی۔ کھڑکی کا پردہ بھی کھینچ دیا۔ ہر طرف سے مطمئن ہو کر وہ دبے پیر پلنگ کے پاس آئی۔ آہستہ سے بستر گھسیٹ کر زمین پر ڈال دیا۔ چھت کا پنکھا کھول کر چت لیٹ گئی۔ ریڑھ کی ہڈی خاص خموں میں جھکنے کی عادی سیدھے فرش پر لیٹنے لگی۔

"نہیں... نہیں ہر خم مٹا دیا جائے گا۔ اس لہریے کو سیدھا ہونا پڑے گا" اس نے حکم دیا اور ایسی گہری نیند میں ڈوب گئی جو برسوں سے صرف آرزو بن کر رہ گئی تھی۔

(۴۰)

[illegible] چڑھ آیا ہے۔ خبروں کا وقت نکل چکا تھا، ریڈیو پر

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کوئی دھیمے سروں میں کسی تازہ دم راگ کا الاپ کر رہا تھا۔ اطمینان سے چائے کی پیالی ختم کی اور صبح کا اخبار اٹھا لیا۔

جرمنی نے روس پر حملہ بول دیا۔

وہ جلدی سے تکیے کا سہارا لے کر بیٹھ گئی اور دوبارہ ان موٹے موٹے حرفوں کو پڑھا جو تاریخ کے ماتھے پر خونیں لکیروں کی طرح کھنچ چکے تھے۔ اُسے حسین بی کو دیکھ کر اتنا تعجب نہ ہوا تھا جتنا اس خبر کو پڑھ کر ہوا، مگر نہ جانے وہ کیوں مسکرا دی۔ خبریں اگر نئی صورتیں اختیار کر کے آئیں تو انسان مسکرا ہی پڑتا ہے۔ کل تک روس اور جرمنی گلے میں باہیں ڈالے ایک دوسرے کو چمکار رہے تھے اور آج یہ جوتم پیزار شروع ہو گئی۔ شبہ تو تھا مگر اتنا قریب نہیں۔ ۲۲ جون بھی تاریخ میں یادگار رہے گی۔ کسی کو معلوم ہی نہیں کہ روس کے علاوہ کسی اور کی سلطنت کو بھی تاراج کر دیا گیا تھا۔ آنے والی پود اس تاریخ کو رٹتے وقت اس سلطنت کی شکست خوردہ رانی کے خواب سے بھی واقف نہ ہوگی مگر پھر بھی یہ دن کسی نہ کسی صورت میں دنیا کے دماغ میں بسا رہے گا اور اس خیال سے اُسے ایک گونہ تسلی ہو گئی۔ جو کچھ بھی کیا ہٹلر نے ٹھیک کیا، ورنہ یادداشت کے لیے اُسے اپنی ڈائری خراب کرنی پڑتی۔ اس حسین خوابوں کی ڈائری میں یہ دھبہ کتنا بدنما معلوم ہوتا!

اب سے اُسے اٹھنا چاہیے۔ دکانیں کھل گئی ہوں گی۔ جنگ کا یہ نیا رُخ ضرور قیمتوں پر اثر ڈالے گا۔ جاڑے کا سامان بھی اگر خرید لیا جائے تو کیا حرج ہے۔ ضروری کام کا بہانہ کر کے وہ فوراً اسکول کی لاری میں بازار چل دی۔

آج اُسے ذرا شوخ رنگ پسند آ رہے تھے۔ اُس دن نہ جانے کس سے کہا تھا کہ سانولے رنگ پر گدلا سبز رنگ بہت زیب دیتا ہے، کاسنی نفاست کا پتہ دیتا ہے اور سنہرا شاہی کہلاتا ہے۔ ریشمی فیتے آگے چل کر ضرور مہنگے ہو جائیں گے۔ سامن بھی چڑھ رہی ہے۔ دو کوٹ جلد ہی بیکار ہو جائیں گے۔ ہر چیز دگنی خریدنی چاہیے۔

[illegible] ہو گئی۔ باقی کچھ [illegible]

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

پٹ میں اُڑ گئی۔ اُس نے ایک خاتون کو روپہلی روغن ناخنوں پر چڑھائے دیکھا تھا۔ کالے سیاہ ہاتھ راون کی بہن جیسے خونخوار لگ رہے تھے۔ خیر باقی تھے چار پانچ، رنگ اسے پسند آئے۔ ٹینی ردّی ہوتی ہے، بلیک میجک کا مقابلہ نہیں کر سکتی، مگر میکس فیکٹر کا پورا سیٹ کیا برابر رہے گا! عمر میں پہلی مرتبہ ایک ماہ کے کل خرچ کے برابر روپیہ اس نے انہیں لوازمات میں جھونک دیا۔ سنگھار میں دیسی بدیسی سب چلتا ہے اور کپڑوں میں بھی کون پوچھتا ہے۔ کہہ سکتی ہے کہ پہلے کا خریدا ہوا پڑا ہے۔ ترقی پسند بننے سے پہلے کا ہے۔ جلانا بھی بے دقوفی ہے مجبوراً پہن ہی ڈالا جائے۔

بغیر آستین کے بلاؤز میں کتنے ہی فائدے ہیں۔ کپڑا کم، گرمی کم، اور آرام زیادہ۔ جاڑوں میں بھی کوٹ کے نیچے پہن لو۔ کندھے بہت نہیں پھولتے، بازوؤں کی طاقت نہیں اور جلد بھی دو رنگی ہے، کہنی تک گہری اور جہاں چھپی رہی وہاں ہلکی۔ ٹھیک ہو جائے گی۔ لوگ سمجھ جائیں گے کہ نیا نیا سیکھا ہے تو مُلاّ سے، کر کیا لیں گے!

وہی کامریڈ صمد کی پانچ سیٹ جس میں ہمیشہ دم گھٹتا تھا آج ضرورت سے زیادہ وسیع معلوم ہوئی۔ ایک طرف کامریڈ اور دوسری طرف شاعرِ انقلاب پھر بھی کافی جگہ تھی۔ اور اسے ذرا بھی اعتراض نہ ہوا! جب وہ دونوں بار بار ایک دوسرے کی سگریٹ جلانے یا کسی اور بہانے سے اُسے دونوں طرف بھینچنے لگتے۔ ان کی گرم سانسیں گردن اور بازوؤں کو سینکتیں یا اُن کی بیکل پنڈلیاں اُس کی ساری سے ٹکراتیں تو وہ بالکل انجان بن کر باہر دیکھنے لگتی، ایسے کہ اُس کے دونوں رُخ حسین زاویے پیش کر سکیں۔

ساٹھن کی صدری میں یہ بڑا عیب ہے کہ آنچل بہت پھسلتا ہے اور انقلابی شاعر کی آنکھیں لٹو کی طرح ناچتی ہیں۔ صمد کی گردن میں بار بار کیا چیز رینگتی ہے کہ جسے مٹانے کے لیے اُسے اپنی کہنی شمن کے پہلو میں اڑانا پڑتی ہے۔ اور شاعر کی رانوں میں کھجلی ہوتی ہے تو وہ اپنے جسم سے زیادہ قریب بیٹھنے والے کے جسم کو کھجا اٹھتا ہے۔ آگے جھک کر وہ پروفیسر رحمان سے وقت پوچھنے لگی۔ گو کامریڈ اور شاعر دل گھڑیاں باندھے تھے مگر رحمان کے سر پر جا کر نئے قدموں سے دوڑ رہی تھی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جلسے میں زور شور کا مباحثہ رہا مگر سب کچھ لوکھلائے سے تھے۔ سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ کسے برا کہیں اور کسے اچھا۔ جتنے منہ اتنے بول۔

"بیوقوف ہے، روس کو چاہیئے تھا جرمنی سے مل کر امپیریلزم کا خاتمہ کرتا"

"دکھاوے کی ہے لڑائی، اڑا دی ہے دشمنوں نے یہ"

"نہیں جی خبر سچی ہے، پڑوس میں رات بھر گورے خوشی سے ناچتے رہے۔ اپنی بلا دشمن کے سر، سب سے پرانا دشمن ہے۔ اب دیکھو جرمنی کے ساتھ مل کر خود ڈپٹیں گے اسے"

"ارے آج تو یہ امن کے ٹھیکیدار دونی چڑھائیں گے۔ بیسوں کی مراد بر آئی ہے"

"نہیں جی روس کا ساتھ دیں گے، عملاً نہ سہی زبانی ہی سہی اور خود چمگادڑ کی طرح دور کھڑے جیتنے والی پارٹی کا انتظار کریں گے"

"آخر میں بیٹھے ہوئے روس اور جرمنی کو سب مل کر بانٹ کھائیں گے"

"فی الحال تو یہ روس کی طرفداری کریں گے اور کرنا بھی چاہیئے۔ روس کی موت انسانیت کی موت ہوگی اور معلوم ہوتا ہے انسانیت کا بڑھاپا آن پہنچا"

"زیادہ سے زیادہ دو ماہ لگیں گے روس کو پٹنے میں"

ادھر سواستکا لٹو کی طرح گھومتا اپنا دائرہ بڑھاتا رہا ادھر شمشاد نے سٹہ بازی شروع کر دی۔ آج کامریڈ صمد کی موٹر میں کل انجینئر صاحب کے ساتھ۔ ایک دن شاعر کے شعروں میں رچ کر کسی بوسیدہ ریستوران میں تو دوسرے دن پروفیسر رحمان کی نیم تاریک لائبریری میں! ایک ہفتہ سپرنٹنڈنٹ کے خیمے میں تیتروں کا شکار تو دوسرے ہفتے نہر کے کنارے ننھی سی چھولداری میں کافی کے گھونٹوں کے ساتھ اونچے اونچے قہقہے۔ وہ بڑی ڈرلپک ہو گئی تھی۔ کم خوری سے جسم بھی ہلکا ہو گیا تھا۔ انگلیاں دراز اور لوچدار ہو گئی تھیں اور پیروں کے جوڑ کا نکسنہ۔ ذرا سی دور چلنے سے ٹخنوں میں ٹیسیں اٹھنے لگتیں اور مسلنے سے اتنی گدگدی ہوتی کہ وہ اپنے روغنی ناخنوں سے مسیحا کے ہاتھ کی کھال اتار لیتی۔ کامریڈ صمد ان گہرے نشانوں کو تنہائی میں چومتے تھے۔ انقلابی شاعر نے ان ننھے ننھے گڑھوں کو کنوئیں سے تشبیہ دی تھی جہاں ان کا اداس دل شام

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کی تنہائیوں میں ڈوبا اُچھلا کرتا تھا۔ انجینیر صاحب کا خیال تھا کہ یہ نشان، بہت دن بعد جب زندگی اُنہیں ایک دوسرے سے بہت دُور بھگا لے جائے گی تو، صحرا میں گرے ہوئے ڈھانچوں کی طرح کسی شاندار کارواں کی یاد دلائیں گے۔ پروفیسر ادیب تھے اور ان کے ہر جملے سے ادب ٹپکتا تھا۔ وہ انھیں ایک گمراہ روح کے قدموں کے نشانوں سے تعبیر کرتے تھے۔ کہاں کہاں پہنچ چکے تھے یہ اچھوتے چھاپے! نگاہ تخیل بھی تو ان کا پیچھا کرتے کرتے بھٹک جاتی تھی۔ دوران خون بھی اپنی گرمی سے انھیں نہیں پگھلا سکتا۔ یہی ستارے کھر دپنے ان کے دل ودماغ پر بھی تو کھنچے ہوئے تھے۔ مرنے کے بعد ان کی ہڈیاں بھی ان داغوں کی گواہی دیں گی۔ وہ ان سب سے بے تکلف تھی۔ وہ اُس کے کمرے میں بغیر اجازت گھس آتے، پھر اُس پریشانی پر جھینپ جاتے۔ اس کے بستر دل پر مہینوں کی طرح کلیلیں کرتے۔ مذاق میں اُس کی ساڑھیاں اوڑھتے۔ اس کی چوڑیوں سے جُوا کھیلتے۔ ایک ایک چوڑی دس دس روپیہ کا نوٹ بن کر ایک جیب سے دوسری جیب میں جاتی۔ اُس کے کپڑے ناکوں سے بھینچ کر اس کی مخصوص خوشبو و داغوں میں محفوظ کر لیے جاتے تاکہ اس سے بچھڑ جانے کے بعد وہی خوشبو سونگھ کر اُس کی یاد میں بے چین ہو سکیں اور گزرے زمانے کی یاد تازہ ہو جائے۔

اپنی گھنگھریالی پیچیدہ کاکلیں اس نے کتنی ہی تراش کر اُن کے سینے کے تعویذوں کے لیے دے دیں، یہاں تک کہ اُسے بالوں کے لنڈورے ہو جانے کا خدشہ پیدا ہو گیا۔ جہاں کہیں اُس کی چوڑی ٹوٹ جاتی تبرک کی طرح بانٹ لی جاتی۔ اشعار میں آمد کے لیے شاعر انھیں ہونٹوں پر لپ سٹک کی طرح نچایا کرتے اور گو ہونٹ بے رنگ رہتے دل ودماغ قوس قزح کے رنگوں میں ڈوب جاتے۔ جوڑے کے پھولوں کی آمادہ پنکھڑیاں، میلے رومال اور ایسی ہی ایک غیر شاعرانہ دماغ کو واہیات نظر آنے والی چیزیں کتابوں میں نشانی کے طور پر رکھی جاتیں۔ نہ جانے اُس نے کتنے ہی لال، سفید اور پیلے پھول لوگوں کو اپنا گنوارا تحفہ بنا کر دے دیے، کتنے ہی سیب اور شربت کے گلاس ساتھ مل کر چار ہونٹوں نے چوسے۔ مگر وہ پھر بھی پیاسی ہی رہی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mażhar Kathia) 03037

افتخار نے اُسے ایک نایاب نسخہ سکھا دیا تھا۔ اگر شیر کو سدھانا ہو تو بھوکا رکھو۔ حکومت کرنا ہو تو بھوکا رکھو۔ جو گنتی کے سفید کروڑوں کالوں پر راج کر رہے ہیں یہ سب بھوک کی پالیسی کی بدولت۔ نتھنوں میں خوشبو آئے، رال ٹپک پڑے، زبان باہر نکل آئے مگر کھانا مت دو۔ پیٹ بھر جاتا ہے تو کھانے والا لقموں کا مزہ دوبارہ نہیں یاد رکھتا۔ حلق سے اُترا سو گیا۔ بس ہونٹوں تک بات کرو، حلق سے دور!

وہ اُن سے اوندھے سیدھے کام لینے سے بھی نہ چوکتی۔ رات کو دس گیارہ بجے اُسے یکایک ناریل کے خوشبودار تیل کی ضرورت ہوتی، موجودہ تیل یا بدبو دینے لگتا یا جی سے اُتر جاتا، وہ اسی وقت انہیں موٹر میں دوڑاتی۔ پٹرول کی قلت کے باوجود اگر جوہی کی خوشبو کا ناپسند ہوتا تو واپس کروا کے مولسری کی مہک کا لاتے اور گورنمنٹ سے ضروری کاموں کے نام سے پٹرول لیتے یا پھر کالا بازار جو پیٹ کھلاتا تھا۔ نئے نئے رنگوں کی جارجٹ کی تلاش میں انہیں دلی کلکتے تک ہلکان کر دیتی۔ اس کے علاوہ اُن سے تکیوں کے غلاف بدلواتی، گدے جھٹکواتی، پردے ٹنگواتی، ننھے سے ہیر پن سے شلوار میں کمربند ڈلواتی اور اُلجھا ہوا اُون سلجھانے کو دے دیتی۔

سر میں تیل سوائے شاعر کے کسی سے نہ ڈلواتی کیونکہ خلیل چمپی کرنی بہت مزے کی آتی تھی۔ ساتھ ساتھ کندھے بازو اور کمر بھی بڑی اچھی دبا دیتے تھے۔ وہ انہیں اس معاملے میں چھوٹی موٹی محدود رعائتیں بھی دے دیتی۔ اور کنگھی کرتے میں جب وہ ہر بال کی شان میں فی البدیہہ آزاد نظم کہتے تو وہ حیرت سے منہ دوہرا کر دائیں گال کے تل کے قریب چھنگلیا کا روغنی ناخن رکھ کر بیٹھ جاتی۔ اسے آئینے میں بغیر دیکھے اس تل کے پاس ناخون پہنچانے کی مشق ہو گئی تھی اور اس صفائی سے کہ چھپ نہ جائے اور یہ حرکت بالکل غیر اداری معلوم ہو۔

اگر وہ کسی سے جل اٹھتی تو شاعر پر اپنے لاڈ کی بارش شروع کر دیتی۔ وہ بے چارا سب سے کمتر سمجھا جاتا تھا لہذا اس کو لیول چڑھتا دیکھ کر لوگ ضبط کے دائرے سے پھسل پڑتے، لیکن اگر منظر بہت زور سے پڑ جاتا تو وہ بسورنے والے کو منا لیتی۔

باوجود ان مظالم کے اُس نے ہر ایک کو یہی یقین دلا رکھا تھا کہ وہ انتہائی درجہ

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کا بے رحم، سخت دل اور غصہ ور ہے، جب چاہے بچاری کا دل توڑ کر رلا سکتا ہے۔ لہٰذا وہ سب یہی شیخی مارا کرتے تھے کہ جب چاہیں اُسے تڑپا تڑپا کر رلا سکتے ہیں۔ اور یہ تھا بھی ٹھیک۔ ذرا سا کنپٹیوں پر زور ڈالتی اور آنسو چھلک پڑتے۔ سب کا یہی قول تھا کہ اُس کی آنسوؤں میں تیرتی ہوئی آنکھیں بالکل جل پریاں معلوم ہوتی ہیں۔ اور جب روتے روتے اس کا بُرا حال ہو جاتا تو وہ خود بھی رو پڑتے۔ پھر دو محبت بھرے دلوں کے آنسو ایک ہی رومال میں جذب ہو جاتے!

جو اُصول اُس نے بنا رکھے تھے اگر کسی بے صبرے نے توڑنے کی ہمت کی تو وہ ایک دم باسی ہار کی طرح اُتار کر پھینک دیا گیا۔ اگر چاہتے ہو تو جتنا ملتا ہے کلیجے سے لگاؤ اور صبر کرو، نہیں چاہتے تو ٹھنڈے ٹھنڈے گھر سدھارو۔

کون کہتا ہے کہ بے پیے نشہ نہیں ہوتا۔ بعض ایسے بھی ہیں جو صرف سونگھ کر مست ہو جاتے ہیں، بعض اوروں کو پیتا دیکھ کر جھوم لیتے ہیں، کچھ ایسے ہیں کہ شراب و کباب کے اشعار پڑھ کر ہی مدہوش ہو لیتے ہیں۔ یہی حال جنسی زندگی کا ہے۔ بعض ایسے ہیں جنہیں قصے کہانیوں ہی سے چلین پڑ جاتا ہے۔ چند کند ذہنوں کو تصویروں اور فلموں سے مدد لینی پڑتی ہے۔ اور اچھے بھلے تجربہ کار بھی ان چیزوں کو دیکھ کر نہ جانے کون سی بچی ہوئی ضرورت پوری کرتے ہیں۔ تو بس یہ لوگ بھی اس بیٹھ کے بیٹھے جو پانے کی اُمید میں کمنڈل لیے دروازے پر لوٹتے ہوئے تھے۔ یہ وہ خوب جانتی تھی کہ وہ خواہ انہیں کتنا بھی اُلو بنائے آج یا پھر کبھی وہ خود اپنے ضمیر سے بھی اپنی بے وقوفیوں کا اعتراف نہ کریں گے۔

مگر ایسے لوگوں کو ٹھکرا دینا بڑی حماقت ہے۔ نا اُمید ہو کر تو وہ فوراً ہی جو کچھ نہ پا سکے تخیل میں پالیں گے اور وقت آنے پر اصل جیسی نقل کر کے ڈینگیں ماریں گے، ہزار باتیں دل سے جوڑ کر لگا دیں گے۔

وہ یہ بھی جانتی تھی کہ ان کی مجال نہیں جو وہ جُدا ہو کر اُسے بھول سکیں۔ کم از کم اُس کا خیال اُن کے اکیلے پن کو تو دور ہی کر دیا کرے گا۔ اس کا ذکر کر کے وہ بیوی اور دوسری

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

معشوقاؤں کو حسد کی آگ میں جلا لیا کریں گے۔ جب جی چاہا معشوق پولیس کے ڈنڈے کی طرح بیوی کی جاند پر دے مارا۔ موقع بے موقع کسی کی یاد میں ایک کھولتی ہوئی پھنکار مار کر نیم غنودگی میں ڈوب گئے۔ دکھ بھری رنگین مسکراہٹ کے ساتھ سب کو چھوڑ کر دور رد نا ان کی گود میں اڑ گئے۔

"آہ کیا ساری پہنتی تھی! اُس رنگین شام کو رگ رگ مہک رہی تھی۔ بالوں میں نہ جانے کیا نشہ اور عطر چھڑک رکھا تھا کہ دل پگھلا جاتا تھا۔ کئی بار میں نے چپکے سے جھک کر بالوں میں ناک گڑو دی!" بس کافی ہے ایک بدبودار اور بدشکل بیوی کو جلا کر بھسم کر دینے کے لیے۔

وہ ان سب پر یہ بھی ظاہر کیے رہتی تھی کہ اور دل سے تو صرف مروّت کی وجہ سے ملتی ہے اصل چوٹ تو اُسی نے لگائی ہے۔ اگر ایک سے بے تکلف ہوتی تو چاہتی دوسرا بھی دیکھ لے کہ ایک چولہے پر رکھا نا بکتے تو پُپلے کی آنچ بیکار نہ جائے، کچھ نہ کچھ وہاں بھی بھنتا رہے۔ یہ بڑا کارگر حربہ تھا اور اُس کی فتح کا سب سے بڑا راز! وہ اب اکیلی کہیں نہ جاتی۔ ان پناہ گاہوں، کے بغیر اس پر دحشت طاری ہو جاتی۔ بازار بھی جاتی تو اُنھیں کی موٹروں میں۔ وہ فخریہ پیچھے پیچھے خرید و فروخت کی پوٹلیاں، جوتوں کے نبڈل، بسکٹوں کے ڈبے، تازہ ترکاریوں کی گٹھیاں لاد کر چلتے۔ مہینے کی جنس موٹر میں پہنچا جاتے۔ دھنیا کہنا ہوتا تو دوسرے پھیرے میں بدلوا لاتے۔ یہی نہیں وہ سیکڑوں ایسے کام کرتے جن کا اگر اُن کی بیویاں ذکر بھی کر دیتیں تو مارے شرم کے ڈوب مرنا بہتر سمجھتے۔

شاعر بیچارے کے پاس اپنے شعروں کے سوائے اور رکھا ہی کیا تھا جو اُس کے قدموں پر نچھاور کر دیتا، لہذا اُس نے اپنی نئی تصنیف اُس کے نام معنون کرنے کا ارادہ ظاہر کیا۔ اس انوکھے تحفے میں اُسے بڑی دلچسپی نظر آئی اور بڑے سوچ بچار کے بعد اُس نے خود نہایت رسیلے اور چٹپٹے جملے ڈھونڈ کر نکالے:

"اس کے نام — جس کا نام میں نہیں لے سکتا!"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"شرارت بھری آنکھوں کے نام"
"اس برق صفت کے نام جس کی نگاہوں کے تازیانے میں برداشت نہ کر سکا"
یا
"اس برق صفت کے نام جس کی نگاہوں کے تازیانوں نے میرے دل پر گہری لکیریں کھینچ دیں"
"اس شعلہ رُخ کے نام جس نے میری زندگی کے تاروں کو اپنے حسن کی مضراب سے لرزا دیا"
"اس سیماب وش کے نام جس نے میری رگوں میں پارہ بھر دیا"

گو اُسے قطعی یقین تھا کہ وہ نہ ہی برق صفت ہے اور نہ ہی سیماب وش پھر بھی اُسے بڑا لطف آیا، مگر آخری جملے سے نہ جانے کیوں وہ خود ہی چڑ بیٹھی۔ ایسا معلوم ہوا وہ کسی مشہور دواخانے کا لمبا چوڑا اشتہار ہے۔ اُسے شاعر سے خواہ مخواہ کا بیر ہونے لگا۔ وہ ان سب سے اکتا چکی تھی اور سمجھ میں نہ آتا تھا اب اُن سے کس رخ ناک گھسوائے۔ وہ ان سب کو جلد از جلد سوکھے پتوں کی طرح جھاڑ دینا چاہتی تھی، مگر اسے ڈر تھا کہ کہیں وہ اُسے بھول نہ جائیں۔ پھر یہ ہنٹر کوڑے سب فراموش ہو جائیں گے، یہ گہری لکیریں دھندلی پڑ جائیں گی اور رگوں میں بھرا ہوا پارہ ٹھنڈا پڑ جائے گا۔ پھر وہ لوگوں سے اس کا ذکر بالکل بسوا کی طرح کریں گے۔ ناکامیاں انہیں گندہ ذہن اور دروغ گو بنا دیں گی۔

پروفیسر سے اس کی عموماً کٹتی چھنتی رہتی تھی۔ وہ بے رحمی کی حد تک صاف گو اور پھکڑ انسان تھا۔ کبھی کبھی تو شمن کو شبہ ہونے لگتا کہ وہ شکار ہے یا خود شکاری بھیس بدلے ہوئے ہے۔ نہ جانے کیوں جب وہ خاموشی سے اُسے گھورتا تو اُس کا جی چاہتا وہ لوہے کی چادر میں لپٹ جائے۔ بارہا اُس نے بھولے سے اُس پر تیر اندازی کی مگر معلوم ہوتا تھا تیروں کی نوکیں کسی چٹان سے ٹکرا کر لوٹ پڑتی تھیں۔ اس پر پروفیسر کی عقابی آنکھوں کی طنز یہ مسکراہٹ! وہ چراغ پا ہو کر پلٹ آتی اور پہلے سے زیادہ

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

محتاط ہو جاتی۔

مگر اُس نے ہار تو نہ مانی، غنیم کی کمزور رگ ٹٹولتی رہی۔ ایک بار پورا اثاثہ داؤں پر لگا دینے کی ٹھان لی۔ جی دھکڑ دھکڑ کرتا تھا کہ اگر اس نے اس تھال میں ٹھوکر مار دی تو؟ دو چار چکنی چپڑی باتیں کر کے ایک دن پروفیسر کو ٹٹولا:

"آپ اپنی نئی کتاب کس کے نام معنون کریں گے؟" مگر پروفیسر نے بدک کر دیکھا گویا کھانے سے پہلے سونگھتا ہے۔

"جو بھی امتحان میں پورا اُترے۔"

"کیا فیس داخلہ ہے؟"

"کچھ بھی نہیں اور بہت کچھ۔"

"اونہہ بھئی آپ لوگوں سے کون جیتے گا۔ بھلا یہ جواب مجذوب کی بڑ ہم کوڑ مغزوں کے کیا سمجھ میں آئے۔"

"پھر وہی بنانے کی۔۔۔"

"تو یہ ہے، آپ تو بڑے بے اعتبار ہیں۔" پروفیسر نے ایک گہری سی نگاہ اُس پر ڈالی اور دشمن جلدی سے کھسک کر شاعر کے پہلو میں ہو رہی۔ نا بابا، یہ سانپ کھیلنے کا نہیں، مگر تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ پروفیسر بھی کندھے پہ آن کھڑے ہوئے۔

"کیا بگڑ گئیں؟" انہوں نے اس کے پیر میں چٹکی بھر کر پوچھا۔

"نہیں تو۔"

"پھر اس طنطنہ کا مطلب! کتاب تو واقعی چھپ رہی ہے اور معنون۔۔۔"

"کس کے نام معنون کریں گے، اپنی مری موئی ماں کے نام؟" جل کر پوچھا۔

"میری والدہ زندہ ہیں!" پروفیسر حیران ہو گئے۔

"اوہ، معاف کیجیے گا، تو باپ کے نام؟"

"وہ مر چکے!"

"چہ، کیا مصیبت ہے! جسے مردہ سمجھو وہ زندہ اور جسے زندہ سمجھو وہ مر جاتا

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہے۔ تو پھر اپنی بیوی کے نام۔“

”بیوی نصیب ہی نہیں۔“

”ورنہ کرتے ضرور آپ یہ حماقت۔“

”بلنے سے پہلے بولنے سے کیا حاصل۔ میں کہتا ہوں بیوی ہی سراسر حماقت ہے، اور اگر ہو تو پھر کتاب کیا انسان عقل و خرد سب ہی اس کے نام سے معنون کر دیتا ہے۔“

”اُونہہ، شوق سے کیجیے۔ بیوی چھوڑ ساس کے نام کر دیجیے۔“

”بگڑتی کیوں ہو، محبوبہ کے نام کیوں نہ کر دوں۔“

”ہیلو۔“ اُسے اپنے کانوں پر اعتبار نہ آیا۔

”مگر بھئی میں شاعر جیسے چھلے سخت ناپسند کرتا ہوں۔“

”آپ نرے گوڈر ہیں۔“

”ہو سکتا ہوں مگر بھئی نہ تو میری خشک اور اُجڑی زندگی میں تار اور نہ اُن پر کوئی مضرابیں مارے، معاف کرنا اگر بُرا لگے تو...“ وہ مکاری سے مسکرایا۔

”مجھے کیوں بُرا لگتا۔“ حالانکہ اُسے سخت بُرا لگ رہا تھا اور جی چاہتا تھا اُس کا منہ کھسوٹ ڈالے۔ ”اچھا وہ دوسرا دو چلانگ“ اُس کا ڈیڈیکیشن، وہ تو پسند ہے۔“

”اجی لاحول ولا قوۃ۔ خورشیدِ تاباں فرسودہ اور نازیبا۔۔۔ تخیل ابتدائی!“

”جائیے میں آپ سے نہیں بولتی۔ کیا بگاڑا ہے اُس نے آپ ہر وقت بیچارے کا مذاق اُڑاتے ہیں۔ مانا کہ وہ آپ جیسا مکار نہیں۔“

”میں مکار ہوں۔“ پروفیسر نے جھک کر کہا۔

”اور کیا، اتنا تو سیدھا ہے۔“

”تم نہیں جانتیں کتنا چلتا ہوا ہے۔ جانتی ہو نواب... کی بیگم صاحبہ کا کتنا منہ چڑھا ہے۔ چار جگہ سے وظیفہ پیٹتا ہے۔“ ایک دھکے کے ساتھ چند گزرے ہوئے واقعات آگے بڑھے مگر شمن نے دونوں ہاتھوں سے اُنہیں دور جھٹک

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دیا۔ شکر خدا کا کہ اُس نے شاعر پہ کبھی رحم نہ کھایا تھا۔

"وہ دن یاد ہے جب آپ نے میری ساری چوڑیاں توڑ دی تھیں" وہ تیزی سے بات ٹال کر بولی۔

"یاد ہے؟" پروفیسر نے بڑا مان کر کہا گویا ایسے اہم واقعات کو بھول جانا جرم تھا۔

"آپ کو رنج ہوا تھا؟"

"تمہارے آنسو دیکھ کر خود کتنے بہائے تھے۔ وہ سب موتی میرے رومال میں جمع ہیں۔"

"اب تو دھل گیا ہوگا۔"

"نہیں، دوسرے پانی میں تو اتنی طاقت نہیں کہ ان موتیوں کو بہا سکے۔"

"خیر تو... سنیے آپ کے نئے مجموعے کو... دیکھیے ایسے لکھیے... آپ کو کیسا معلوم ہو: "اُن ٹوٹی ہوئی چوڑیوں کے نام"۔ نہیں صرف "ٹوٹی ہوئی چوڑیوں کے نام"۔" وہ تیار بیٹھی تھی کہ اگر پروفیسر کچھ کہے گا تو فوراً مذاق کی طرف بات چیت پلٹ دے گی مگر نہ جانے آج وہ کس موڈ میں تھا۔

"بڑی تیز ہو تم۔"

"اور خاک پوش پر ٹوٹی ہوئی چوڑیاں بکھری ہوں۔۔۔ کیوں؟"

"اوہو، مصوری میں بھی دخل ہے؟"

"کیوں نہیں۔" اُس نے بات بنتے دیکھ کر پورے زور سے ہلّہ بول دیا۔ "لائیے آپ کی تصویر بنا دوں۔" اُس نے پروفیسر کی کلائی پکڑ کر اُس میں اپنے لمبے ناخن گڑو دیے اور قبل اس کے کہ اُن کا بلبلاتا ہوا ہاتھ اُسے پکڑتا وہ تڑپ کر باہر روش پر نکل آئی۔ جہاں عام نوکروں کے سامنے انھیں نہایت تہذیب کے ساتھ اونچی آواز میں موسم اور سیاست کے متعلق گفتگو کرنی پڑی۔ بیچارے دیر تک پیاسے بیل کی طرح ہانپتے رہے، پھر چل دیے۔

"ٹوٹی ہوئی چوڑیوں کے نام" چھپ کر آ ہی گئی۔ مگر واقعات نے دوسری ہی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کروٹ لے لی۔ شاعر فوراً اکھٹک گیا۔ کچھ دن سے پروفیسر بڑے لمبے وقت ضروری باتیں کرنے آنے لگتے تھے۔ وہ غریب اور کوئی تحفہ نہ دے سکتا تھا تو یہ گیتوں کی مالا ہی اپنی دلیوی کے چرنوں پر چڑھا دی تھی مگر سب ہی ایرے غیرے نتھو خیرے رومانی بننے لگے، یہ تو زیادتی ہے۔ بھنّاتا ہوا آیا، تھوڑی دیر تو خاموش ضبط کیے بیٹھی رہی، پھر جل اٹھی:

"نقصان تو نہیں مگر تم کو ہر ایک کو ایسے سر نہ چڑھانا چاہیئے۔ گویا... گویا"

"کچھ نہیں گویا گویا۔ اونہہ، جل گئے آپ کہ بارگی خیال میں وہ آپ سے بہت آگے نکل گئے۔"

"ٹوٹی ہوئی چوڑیوں کے نام، ... اوہ کتنا حسین تخیل!"

"شہ، بالکل نکما اور بے معنی!"

"اونہہ، آپ خود نکمے اور بے معنی، جی!"

"آپ کا یہ حسن ظن ہے میرے متعلق... چوٹی کے شعرا میں میرا نام ہے..."

"اونہہ، سب الو ہیں چوٹی کے شاعر..."

"مس شمشاد!"

"ماسٹر شاعر!"

"آپ کو میری ہتک کرنے کا کوئی حق نہیں..."

"اور آپ کو میرا بھیجا چاٹنے کا کوئی حق نہیں۔ دماغ پک گیا آپ کے اوندھے سیدھے شعر سنتے سنتے...."

"میں... میں... آپ...."

"کیا میں... آپ... کچھ نہیں... کوئی بات بھی ہو... اچھی عاشقی ٹھہری کہ گز گز بھر لمبی غزلیں سنو... سلام ایسی محبت کو... ہم لنڈورے ہی بھلے!"

"میں آپ کو ادب پرست اور...."

"جی معاف کیجیے میں کچھ ادب پرست نہیں ہوں، آپ کو [illegible]

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

سن لیتی تھی۔ تشریف لے جائیے اور آئندہ گرلز کالج کی چہار دیواری میں قدم رکھنے کی کوشش نہ کیجیے گا۔ شریفوں کی لڑکیاں پڑھتی ہیں کوئی چکلہ نہیں یہ ......"

"اور اب تک..."

"اب تک میری مرضی!"

"میں نے... میں نے خود اپنا گلا گھونٹ لیا..."

"بہت اچھا کیا آپ جائیے، خود اپنے آپ کو دفن بھی کر دیجیے... جائیے.."

"جا رہا ہوں... مگر آپ کو اتنا اختلاط پسند نہیں سمجھتا تھا.. مگر....."

"جائیے بھی، اور اس اگر مگر کو میری طرف سے تھوڑے پر ڈال دیجیے گا۔ جائیے اور دنیا والوں سے کہہ دیجیے کہ میں بدمعاش اور آوارہ تھی.... اور آپ کی داشتہ رہی.. جائیے۔"

شاعر کے جانے کے بعد ہنسی کا دورہ پڑ گیا۔ شکر ہے اس دن اور کوئی ملنے نہ آیا ورنہ وہ تو شمشیرِ براں بنی بیٹھی تھی۔ ویسے فرصت بھی لوگوں کو نہ تھی۔ کامریڈ صمد کی ریاست میں سپاہیوں کی بھرتی شروع ہو گئی تھی لہٰذا وہ کامریڈی چھوڑ کر نئے سرے سے نوابزادہ بن کر خان بہادری کا پودا سینچنے لگے۔ ادبی اور ترقی پسند جلسے بھی پھیکے پڑ کر درہم برہم ہو چلے تھے۔ دو چار کو جیل میں بھرا اور پالیسی بدل گئی۔ زیادہ تر قومی جنگ کے متعلق "کام" کرنے لگے۔ روس کی جنگ دنیا بھر کی جنگ بن گئی اور اس لیے انسان کی جنگ ہو گئی تھی۔ انجینئر صاحب بیرونِ چوگنی تنخواہ پر سدھار گئے۔ دنیا کچھ سونی ہو گئی۔ ہٹلر چھلانگیں مارتا دوڑنے لگا۔ ادھر جاپان کو بھی چھینکیں آنے لگیں۔ مشرقی جزائر میں خنکی بڑھ رہی تھی، الاؤ کی ضرورت محسوس ہونے لگی۔ یہ بات چلی بیٹھی تھی۔ پروفیسر آن پہنچے۔ وہ کچھ حدود سے بڑھنے لگے تھے اور اب منڈی شاخ کی طرح ہی رہ گئے تھے۔ یہ شاید چھٹی بار اس کی زلف کے بال یا اور کوئی دوسری نشانی مانگنے آئے تھے۔ اصل میں رازونیاز کے سب کل پرزے گھس گئے تھے۔ اب بیکار ہو چکے تھے۔ ایک ہی [illegible]

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 0303

تھا۔ جیلے چیچیا اُٹھے تھے۔ سیاسی گرمی بھی کچھ مردہ ہو چکی تھی۔ بھوک کا سوال تیزی سے اُٹھتا جا رہا تھا۔ فوجی بھرتی اندھے لولے لنگڑے کانے سب سمیٹ کر ہڑپ کیے جا رہی تھی۔ جو کل تک کوڑی کوڑی کو محتاج تھے آج وردی پہنے رعب گانٹھتے پھرتے تھے۔ جسے دیکھو لفٹننٹ بنا اکڑ رہا ہے اور جب بھوک کم ہو گئی تو تناؤ بھی ڈھیلا پڑ گیا۔ اور یہ زندگی کی دوڑ بھاگ ہے بھی تو اس پیٹ کے بھاڑ ہی کی خاطر زیادہ سے زیادہ پیٹ بھرو اور ان پیٹ بھرے ہوئے پیٹوں کو توپ کے آگے دھر دو ہمیں بھی نہ کریں گے۔ اس کے باوجود ایک بے غرضی اور لاپروائی چھائی ہوئی، جیسے ... لڑائی نہیں سٹے کا بازار لگا ہوا ہے، جتنا ہو سکے پیسہ گھسیٹ کر بھاؤ، موقع ہے، لوگوں کو ضرورت ہے، خریدنے کو پیسہ ہے، کوڑا کرکٹ بھر دو ان کی جیبوں میں ویسے وار فنڈ بھی جمع ہو رہے ہیں، ناچ تماشے کے ذریعہ پیسہ بھی جمع کیا جا رہا ہے، سب کچھ حاضر ہے۔ مگر دل حاضر نہیں۔ کیوں دل لگائیں؟ کس کی خاطر لگائیں؟ اتنی بار جو خون کی ندیاں بہائیں تو اس کا کیا اجر ملا؟ یہاں تو بھوک اور برہنگی ویسی کی ویسی ہی رہی۔ جہالت ایک قدم پیچھے نہ ہٹی، مرض ایک انچ دور نہ ہوئے۔ جرمنی مرے یا روس، جاپان مرے یا فرانس ان انہ لی سسکنے والوں کو کسی کے دکھ کا کیا احساس! دکھ سے گھبرانا کیسا؟ یہاں دکھ بھوگ لو تو وہاں جنت ملے گی۔ خیر ویسے بھی آقا کا حکم اپنے بس نہیں بھوک کے ڈنڈے کے بس ہی سہی۔

پروفیسر کے لاڈ ضرورت سے زیادہ ہو چکے تھے، ہر چیز سے جی کبھی کا اکتا چکا تھا، سب ٹل گئے تھے، مگر نہ جانے کس آس میں یہ تعیّنات تھے۔

"نئی کتاب کے لیے کوئی نام تجویز کر دو" ایک دن اٹھلا کر بولے۔

"نام؟ کیا ضرورت ہے نام کی؟ کیا بے نام کے کتاب نہیں چھپ سکتی؟"

جلی تو بیٹھی ہی تھی۔

"نام سے میرا مطلب ہے ٹائیٹل!"

"جی اتنی اردو جانتی ہوں، کچھ بھی ہو ایک ہی بات ہوئی"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"تمہارا مطلب ہے بے نام . . ."

"ہاں کیا حرج ہے! ایسی گمنام رہنے والی کتاب کا نام رکھنا بیکار۔"

"کیا مطلب؟"

"مطلب یہ کہ لوگ چرائے ہوئے خیالات الفاظ میں ڈبو کر مصنف بننے کی کوشش کریں تو . . ."

"یہ کس کے متعلق کہہ رہی ہو؟ میرے خیالات تجربات پر مبنی ہیں۔"

"ضرور . . . ذرا بتائیے تو کتنے گاؤں دیکھے میں جا کر! لسّی پی ہے اور چنے کا ساگ کھا کر آک کے ڈوڈے سونگھے ہیں؟ کتنی معصوم دیہاتنوں کی عزت لوٹی اور حرام کے بچے پیدا کروائے ہیں؟ سب بکواس! بیٹھے بٹھائے بڑ ہانکنے لگے۔ بڑے آئے قوم کو سدھارنے چلے ہیں، ہونہہ۔"

"میں قوم سدھار کا قطعی قائل نہیں۔ میں لیڈر نہیں ہوں۔"

"تو پھر فائدہ کاغذ کالے کرنے سے! سوائے رنڈی کی حمایت کے اور مقصد ہی کیا ہے آپ کو، یہ آپ رنڈیوں کے کیوں اس شدت سے طرفدار ہیں؟"

"نہیں . . ."

"آپ وہاں جاتے ہیں تو طبیعت مکدر ہو جاتی ہے اور چاہتے ہیں گورنمنٹ بجائے جنگ سے سر مارنے کے رنڈیوں کے کمرے سجائے، وہاں ٹمٹماتی لالٹین کے بجائے بجلی کے ہنڈے لگائے، سستے تیل کی جگہ پیرس کے کنڈا اُنڈھائے۔"

"کیوں نہیں . . ."

"مگر آپ کو اپنا گھر بھول کر رنڈیوں کی بہتری کی کیوں پڑ گئی۔ دنیا میں اور بھی تو بھوکے ہیں، سب کو چھوڑ کر بس ان بیچاریوں پر رحم آتا ہے۔"

"کچھ بھی کہو وہ دنیا کے جسم کا ایک حصہ ہیں اور کسی عضو کو سڑتے دیکھ کر میری حساس طبیعت . . ."

"کچھ نہیں، بڑی بیچاریاں! ہونہہ نہ جانے کتنی اس سے بدتر بیچاریاں گھر دل میں پڑی

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سڑ رہی ہیں۔"

"بھابی! ان کے بارے میں کیا لکھ یا جان سکتا ہوں۔ مجھے کیا معلوم پردے کے پیچھے کتنے زندگی خلنے قائم ہیں اور کیا ہو رہا ہے۔ دوسرے بھئی نہ ہی مجھے اس گھریلو عورت سے کوئی دلچسپی ۔ ۔ ۔ ۔"

"کیوں ہوگی۔ بس آپ کی ساری دلچسپی رنڈی میں جذب ہو گئی۔"

معلے شک وہ میرے کام کی ہے ۔ ۔ ۔ وہ میتری ہے ۔ ۔ ۔ یہ پردے میں چھپی ہوئی پری یا وہ عورت جسے ہم غلطی سے تعلیم یافتہ کہتے ہیں، ان سے مجھے کیا ملتا ہے؟"

"خیر یہ بھی مانا مگر آپ تو حقیقت نگار بنتے ہیں۔"

"پھر؟ کوئی اعتراض ہے؟"

"جی مجھے اعتراض کا حق تو نہیں مگر پوچھتی ہوں ان رنڈیوں کی تو آپ رگ رگ سے واقف ہیں، کیا مرد ایسے ہی نہیں ہوتے؟ ذرا انہیں بھی تو ڈھونڈ کر سامنے گھسیٹ لائیے۔ یا بس انہیں ہمیشہ ظالم، بے رحم، دغا باز، حرام کے بچے پیدا کرانے والا ہی دکھاتے ہیں۔ بڑے روشن خیال بنتے ہیں مگر آپ کا بھی یہی خیال ہے کہ عزت اور عصمت صرف عورت ہی کی ہوتی ہے، مرد ان فضولیات سے پاک ہے ۔ ۔ ۔"

"اچھا؟"

"جی، اور آپ اپنی دانست میں عورت کی حمایت کرتے ہیں، یعنی اُسے یقین دلاتے رہنا کہ وہ چیز جو مرد کے لیے باعث فخر ہے اُس کے لیے گناہ ہے، بس یہی ہے آپ کا انصاف اور ترقی پسندی ۔ ۔ ۔ ۔"

"ہر بات کو اُلٹا دیتی ہو، سنتی کم ہو۔"

"کیوں کر سنوں، کوئی بات بھی ہو سننے کے لیے۔ کچھ نہیں سب زبان کے چٹخارے کے بہتے ہیں۔ کیوں صاحب آپ کی عریانی عورت کے سینے تک کیوں رہ جاتی ہے۔"

"اچھا؟ ۔ ۔ ۔" پروفیسر زور سے ہنسے۔

"نہیں، مگر کبھی اپنی عریانی پر بھی تو نظر ڈالیے۔ ۔ ۔ بس بھیڑ کے کتوں کی طرح ۔ ۔ ۔"

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"آج بڑا مزاج بگڑا ہوا ہے... پانی پی لو، غصہ ٹھنڈا ہو جائے گا۔"

"میں بتاؤں کیوں لکھتے ہیں یہ عریاں چیزیں؟"

"میرے منع کرنے سے کیا مان جاؤگی .... بتاؤ۔"

"سینہ مرکزِ جنس ہے، بس اس سے کھیل کر جی ٹھنڈا کرتے ہیں ...."

"اچھا بابا، کیا بات تھی اور کہاں پہنچ گئیں۔ معلوم ہوتا ہے ...."

"کیا؟"

"کوئی کمانہ چوٹ کھائی ہے؟"

"چوٹ اہنہ، آپ نے یہ کیسے جانا؟"

"تمہاری کھ [illegible] نوں سے [illegible]

[illegible] ہو گئیں یعنی [illegible]

ہے۔ مجھے تو [illegible] چلیں۔ پھر سننے کی بھی ہمت ہے [illegible]

کردوگی؟"

"میں بزدل نہیں، دوسرے آپ سے تو ...."

"تو سنو مجھے تمہارے اوپر رحم آتا ہے۔"

"شکریہ! مگر وجہ اس دریا دلی کی؟"

"رحم بعض وقت بے وجہ بھی آتا ہے ..."

"تو مجھے آپ کی عقل پر ...."

"ہاں، شاید ہم دونوں قابلِ رحم ہیں۔ تم اپنے آپ کو ڈھونڈنے کی کوشش میں کھو بیٹھی ہو اور میں نے [illegible] پہچاننے کی [illegible] میں اپنا بہت سا قیمتی وقت برباد کر دیا۔ ایک بار بازاری عورت [illegible] کا مطالعہ کرنے کی کوشش [illegible] بھونکی [illegible] کے بعد پتہ چلا کہ عورت [illegible] کی کوشش نہ کرو [illegible] ہے۔ وہ سمجھنے کے لیے نہیں استعمال کے لیے ہے۔ ہاں [illegible] تم معمولی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

قسم کی عورت نہیں مگر بڑے رنگین مغالطوں میں مبتلا ہو۔ اپنے آپ کو انتہائی ذہین سمجھتی ہو حالانکہ قطعی نہیں۔ صرف ضرورت سے زیادہ چرب زبان ہو، بڑی نپچے دار باتیں کرتی ہو۔"

"مینہ۔۔ اور۔"

"اور زیادہ حساس بننے کی کوشش نہ کرو۔ میرے خیال میں جتنے دکھ سہہ کر تم ڈھٹائی سے ہنس سکتی ہو قابلِ داد ہے مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ تم بہادر اور مضبوط ہو۔ انتہائی بزدل ہو۔ سوئی کے زخم کو بھالا بنا لیتی ہو۔ تم سمجھتی ہو کہ یہ تمہارا رویہ جو ہم سب کے ساتھ رہا ہے۔ نہ طاقت کا ثبوت ہے قطعی نہیں۔ یہ خوف، یہ تمہارا اپنی نسائیت کو چھوئی موئی بنا کر رکھنا یہ تمہاری سب سے بڑی بزدلی ہے۔"

"اپنی بیوقوفیوں کو میری بزدلی بنا رہے ہو۔"

"بیوقوفیاں؟ تم اسے بیوقوفی کہتی ہو۔ تم جیسی دہکتی ہوئی آگ کے سامنے برف کے ٹکڑے کی طرح پگھل کر سالم کل آنا بزدلی اور بیوقوفی نہیں بلکہ بہادری کی انتہا ہے۔ اور یہ جو ہم نے تمہارے کانچ کے گلاس کی قدر کی ہے اپنے جی پر پتھر رکھ کر تو تم سمجھتی ہو ہم تمہیں انونیانی رہے ہیں حالانکہ ہم جان بوجھ کر الو بنتے رہے۔ بڑا لطف اٹھایا ہیں۔ ہم جو کچھ تم سے لینے آئے تھے۔ مل جاتا تھا۔ بخدا موسلو بلیں۔ ایک بھی ادھر سے آگے قدم بڑھانے کی خواہش پیدا نہ ہوتی۔ اور کیوں ہوتی؟ کون سی نایاب شے تم ہمیں دے دیتیں جو ہمیں باہر سے سستی نہ ملتی۔ ویسے تم خود جانتی ہو کہ تمہاری کشش اتنی شدید نہیں کہ مثلاً صمد کو خان بہادری کے خطاب سے زیادہ تم عزیز نہیں۔ انجینئر تمہیں چھوڑ کر بیروت چلا گیا۔ کیا تم سمجھتی ہو تم اسے روک سکتی تھیں؟ تم جیسی نہ جانے کیسی کیسی پرکتنی چھوڑ گیا ہوگا۔ تمہیں وہ رتبہ نہیں حاصل ہو سکتا جو اس کی جاہل اور بیوقوف بیوی کو ہے۔ تم شعلہ ہو مگر ماں کے پیٹ جیسی پرسکون گرمی تمہارے پاس نہیں۔ تم جلا سکتی ہو، مرہم نہیں لگانا جانتیں۔ توڑ سکتی ہو بنانا نہیں آتا۔۔۔ ہاہاہا۔۔۔ سچ بتاؤ تمہارے ماں باپ تمہیں بہت ہی چاہتے ہیں؟"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ۔۔"

"مجھے یقین ہے بالکل نہیں جانتے۔" پروفیسر نے سختی سے بات کاٹی، "یقیناً تم اُن کی پھوٹی آنکھ کا تارا نہیں۔ جبھی تو ملک میں اتنا خطرہ پھیل رہا ہے، لوگ اپنے پیاروں کو دور لے جا کر چھپا رہے ہیں مگر کسی کو معلوم بھی نہیں کہ تم بھی جاندار ہو، تمہیں بھی حفاظت کی ضرورت ہے۔"

"میں اپنی حفاظت کرنا جانتی ہوں۔"

"ہاں ہاں یہ تو میں بھی سمجھتا ہوں کہ تم اتنی ہوشیار ہو کہ اپنے ساتھ اوروں کو بچالے جاؤ گی۔ ناقدری اور دوسروں کی بے مروتی کی تم اچھی طرح عادی ہو چکی ہو۔ دنیا نے تمہارے زخم دُکھا دُکھا کر بے حس بنا دیا ہے اسی لیے تمہارا وار زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔ ضرور شاعر ہے تم نے اپنے کسی عاشق کا بدلا لیا ہے جو تمہیں نامراد سمجھ کر چھوڑ گیا۔"

"بڑے عقل مند معلوم ہوتے ہیں!" جیسے شمن کی زبان سوکھ گئی تھی۔

"چھوڑو میری عقل کو۔ اور مجھے تمہاری تنہائی پر ترس آتا ہے۔ بالکل اس سڑک کی طرح جس کے سینے پر رات دن راہگیر چلتے ہیں پھر بھی وہ خود اکیلی، خاموش اور بے جان ہے۔ معاف کرنا، میں نے بارہا تمہارے چہرے پر مجمع میں تنہائی کا کرب دیکھا ہے۔ جب تمہیں دکھ ہوتا ہے قہقہے لگاتی ہو، جب خوشی ہوتی ہے تو آنسو بہاتی ہو، ہر چیز کو تم نے دھوکا بنا رکھا ہے۔ خیر دنیا کو دھوکا دینے میں کوئی ہرج نہیں لیکن اپنے آپ کو دھوکا دینا کہاں کی عقلمندی ہے!"

"جی، شاید اپنی نئی کہانی کا پلاٹ بنا رہے ہیں۔"

"میری کہانیوں میں انسان ہیں مردے نہیں۔ میں زندہ یا قدرتی موت مرے ہوؤں پر لکھ سکتا ہوں مگر تمہارے جیسے خودکشی کیے ہوئے غیر انسانی ڈھانچے کے متعلق میں سوچ بھی نہیں سکتا۔ ہاں اتنا ضرور مانتا ہوں کہ تم جیسے ہنستے کھیلتے مردے بہت کم دیکھے۔ بُرا نہ ماننا، جو کچھ کہا ہے جذبۂ رحم سے مجبور ہو کر۔ کل جا رہا ہوں، بی بی سی سے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دعوت نامہ آیا ہے۔ کاش میں اس سے قبل تم سے سچ بول سکتا۔"

"تو آپ مانتے ہیں کہ آپ جھوٹے ہیں؟"

"اور کیا! جھوٹے کے سامنے سچا ہمیشہ ماند پڑ جاتا ہے، اس لیے جھوٹ ہی چمکایا پر آج جب تم سچ بولنے لگیں تو میرا حجاب بھی ٹوٹ گیا۔ اچھا ہی ہوا ویسے سچ بات تو یہ ہے کہ۔۔۔"

"کہیے، کہیے۔ آپ لوگوں کی دروغ بافی نے اکتا دیا ہے اور جی چاہتا ہے کسی کے ہونٹوں سے سچ سنوں سہیے، خواہ وہ سچ میرے منہ پر چابک ہی کر کیوں نہ لگے۔"

"تو سنو۔۔ بات یہ ہے کہ۔۔۔ میں نے ۔۔۔ معاف کرنا تمہاری توہین ہوتی ہو تو۔ تم سے کبھی شادی کی درخواست تو نہیں کی، اور نہ ہی ایسے بے اصول بھکڑا انساد سے کوئی لمبا چوڑا معاہدہ کیا جا سکتا ہے۔ کم از کم اپنے ہوش و حواس میں تو تم جیسی غیر مستقل مزاج عورت سے سوائے وقتی دلچسپی کے کوئی گہرا تعلق قائم کرنے کی کوشش کروں گا نہیں۔ شادی تو بڑی چیز ہے، میں تو تمہارے پڑوس میں بھی نہیں رہ سکتا۔ دیکھتی ہو ہماری ایک منٹ نہیں بنتی، ہم ایک دوسرے کو خطرناک حد تک تاڑ چکے ہیں!"

"اچھا تو یہی تھی آپ کی صاف گوئی جس سے مجھے نقصان پہنچنے کا ڈر تھا۔"

"ہاں، مگر نہ تو تمہیں نقصان پہنچا اور نہ ہی دکھ ہوا۔ میں جانتا ہوں تم احساس کی حدوں سے باہر ہو چکی ہو، تمہاری خودداری کو اتنی ٹھوکریں لگی ہیں کہ وہ ایک بے حیا گیٹا بن گئی ہے۔ تم سے اتنا چھینا گیا ہے کہ اب تم خود ہی سب کچھ اٹھا کر پھینک دیتی ہو۔"

"کوڑا جمع کرنے سے فائدہ؟"

"ہیرے بھی تمہاری نظر میں پتھر بن چکے ہیں۔"

"ان میں سے ایک درخشاں ہیرا تو شاید آپ ہیں۔" شمن نے انتقام بھرا قہقہہ لگایا۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"میرا ذکر چھوڑو، ہم تم ایک دوسرے کے لیے کوئی اہمیت نہیں رکھتے، مگر تم نے شاعر کو ٹھکرایا، برا کیا۔ معلوم ہے وہ چھ سو روپیہ پر وار پیراپیگنڈے کے سلسلے میں نوکر ہو گیا ہے۔" پروفیسر شرارت سے مسکرایا۔

"تو آپ کا خیال ہے چھ سو روپے نے ان کی ساری کثافتوں کو دھو ڈالا ہے۔"

"کثافتیں صرف عزبت سے ہوتی ہیں ورنہ تم کیا جانو ان لونڈر میں بسے ہوئے سینوں میں کیا کیا گھناؤنی گندگیاں پوشیدہ ہیں۔ میں تو اتنا کہنا چاہتا تھا کہ جنگ ہمارا دروازہ کھٹکھٹا رہی ہے، ہر چیز مہنگی اور انمول ہوتی جا رہی ہے، اچھا ہے ایک کارندہ پھانس لو، وقت بے وقت کام آئے گا۔ میں تو بیکار انسان ہوں، ویسے میں تو شدت سے طوائفوں کا حامی ہوں۔"

"کبھی اُن کے ہمدرد بن کر۔۔۔"

"ہاں ہمدرد بن کر ہی تو چاہتا ہوں کہ ان کی حالت پیرس کی طوائفوں جیسی ہو جائے۔ جیسے تم تعلیم نسواں کو ضروری سمجھتی ہو ہیں۔۔۔"

"تو آپ ان کے وجود پر مُصر ہیں!" شمن نے بات کاٹی۔

"میں بیچارا کون مصر ہونے والا! دنیا مصر ہے اور رہے گی۔ انھیں دنیا سے مٹانے کی کوشش کر کے تو دیکھ لیا، مرض مٹا نہیں دب کر پہلے سے زیادہ سڑاندا پھوڑا بن کر سوسائٹی کی جڑ میں چھپ رہا۔ جس کی لپیٹ میں صدہا آ چکے ہیں اور آتے رہیں گے۔ ہمارا فرض ہے کہ اس زخم کو کم سے کم کھول کر مرہم پٹی تو کریں، شاید صاف ہوا سے عفونت کچھ کم ہو جائے۔"

"ایک طرف اشتراکی بنتے ہیں دوسری طرف طوائفوں کے پیغمبر!"

"اشتراکی دنیا میں ان باتوں کا جھگڑا ہی نہ ہوگا۔ ہر ایک کو حسب ضرورت راشن۔۔۔" پروفیسر مسکرایا۔

"غلط، بالکل غلط۔ یہ آپ نے نہ جانے اشتراک کو کیا سمجھ رکھا ہے۔ حزب، آپ کا خیال ہے وہاں عورتیں مفت دال چاول کی طرح بٹا کریں گی۔ غلط۔ آپ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

لوگ بڑے زبردست مغالطے میں ہیں۔ سمجھتے ہیں جیسے جنّت میں حوریں ملیں گی ویسے ہی اشتراکی عورتیں بخشنے لگے گا۔ ہُنہہ، بس تھیوری پڑھ لی اور اشتراکی بن گئے۔ ایسے اشتراکی، ہندوستانی اشتراکی بیشک ہو سکتے ہیں مگر اصل مقصد اشتراک کا کسی کی سمجھ میں نہیں آیا۔ آپ کس کی سمجھ میں نہیں آیا۔ آپ کی کس بات کا یقین کیا جائے۔ اتنے بڑے اشتراکی بنتے ہیں اور اتنی زبردست تنخواہ سمیٹنے جا رہے ہیں"

"یہ میری قابلیت کے دام ہیں"

"جب آپ سے زیادہ قابل اور مخلص آپ کی تنخواہ کا پچاسواں حصّہ بھی نہیں پاتے آپ نے اس بیہودہ نظام میں شرکت ہی کیوں قبول کی؟"

"مصلحتِ وقت ہے، دیکھنا کیا ہوتا ہے!"

"کچھ نہیں، بڑے بڑے دعویدار دولتوں کی ڈھیریوں میں دب کر گم ہو گئے تو آپ کی کیا حقیقت ہے۔ اپنے کام سے کب فرصت ملے گی جو کچھ سوچیں۔ یاد ہیں وہ دن جب آپ گورنمنٹ افسروں کو گالیاں دیا کرتے تھے، انہیں غلام کہتے تھے اور اسی گورنمنٹ کی نوکری کی شیخی میرے سر پر تھپنے آئے ہیں۔ بات یہ تھی کہ جب تک آپ کو چالیس روپے کی نوکری ملی آپ خفا رہے، جونہی یہ قارون کی دولت ملی حکومت کے پیارے بن بیٹھے۔ ہُنہہ یہ ہے ہمارے نوجوانوں کی ذہنیت کا خلاصہ۔ یہ ساری ہائے ہائے، یہ کسان پرستی، یہ گاؤں سدھار اپنی نوکری تک رہے۔ اب تو ہر طرف آپ کو شانتی نظر آتی ہے۔ کوئی خون آشام آندھیاں نہیں اٹھاتا، کوئی سرخ بارش نہیں برساتا۔ یہ نئی سرخی اتنی زرد کیوں پڑ گئی! روس کو مار کھاتا دیکھ کر سب کے منہ اتر گئے۔ ابھی روس جیتنے لگے دانت نکال کر ہنسنا شروع کر دیں۔"

"روس نے حماقت کی جو ہٹلر سے اڑ بیٹھا۔ جانے دو سیاست میں ٹانگ اڑانا عورتوں کو نہیں بھاتا۔ مرغی اذان دینے لگے تو ذبح کر دینا ٹھیک ہے۔ ہاں تو میرے خیال میں سارے کام چھوڑ کر تم جیسے معمّے حل کرنا چاہییں۔ تم جیسی عورتیں ہی اس بستی کی ذمّہ دار ہیں۔ جب پیٹ سے ہی بچّہ تمہارے جیسے توڑ پھوڑ اور خود غرضی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کیے منصوبے باندھ کر آئے گا تو دنیا میں اس کے علاوہ اور کیا کرے گا۔ مگر تم کیا کرو! تمہارا قصور نہیں، قصور بس پگلے نظام کا ہے جہاں تم جیسے بچے پیدا ہونے پر مجبور ہیں۔ بھلا سوچو اس ذہنیت کے ساتھ ہمیں کیا احساس ہو سکتا ہے کہ ہمارا ملک خطرے میں ہے۔ اس سے قبل کہ دوسرے کا قیمہ کریں ہم خود ہی مٹا دینا چاہتے ہیں۔ ہم کیوں اپنے ملک کو ہمیشہ عزیزوں کے ہاتھ بیچتے آئے؟ اس لیے کہ ہم جانتے ہیں یہ ہمارا نہیں ہمارے مالکوں کا ہے اور ہم بس ادنیٰ خادم ہیں۔ پھر مالکوں کی چیز سے محبت کیسی اور اس کی تباہی پر دکھ کیسا؟ کیوں نہ اسے بہتر داموں اٹھا دیں۔ بھلا فرق ہی کیا ہے اکالے نہیں پیلے، پیلے نہیں سفید۔ کیسے ہی ہوں ہمیں تو آقا سے مطلب ہے۔ ہمارے ملک کی حیثیت ہماری نظروں میں کبھی کبھی ایک بیسوا سے زیادہ نہ رہی۔ خود غرضوں کے ہاتھ ہمیشہ بکتا رہا۔ ماں گائے اور زمین کی جتنی بے قدری یہاں ہے کہیں نہ ہوگی۔ پھر بھی ہم ان کی پوجا کی ڈینگیں مارتے ہیں۔ خیر تو مجھے اعجازِ مسیحائی کا یقین نہیں مگر سوچتا ہوں شاید جڑ کا ایک آدھ تار زندہ رہ گیا ہو اور بارش سے جاگ اٹھے۔۔۔ اور وہ پودا جسے ایندھن سمجھ لیا گیا ہے۔۔۔"

"ایندھن؟"

"ہاں۔۔۔ تم جیسی ہستیاں دنیا کی بھٹی کو گرم رکھنے کے لیے سوائے ایندھن کے اور کس کام آسکتی ہیں۔ یہی نا کہ مرنے سے پہلے دو چار سولہ کیوں کو چوڑیوں کے جوڑ ملانا اور ساڑھی باندھنا سکھا جاؤ گی یہی ہوگی تمہاری قومی خدمت لیکن شاید ایک بات پوچھوں۔ جلدی سے پوچھیے اور۔۔۔۔۔۔"

"تمہیں کبھی کسی نے پیار کیا؟ اوہ جواب دینے کی ضرورت نہیں، تمہارے مقدس ہونٹ تمہاری پارسائی کی گواہی دے رہے ہیں۔ میں سوچتا ہوں تمہارے اوپر تجربہ کیا جائے تو کیسا رہے۔" پروفیسر نے سگریٹ پھینک دیا اور عجیب نظروں سے شمن کو دیکھا اور اس سے قبل کہ وہ کچھ سوچ سکے انھوں نے اس کے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سر کو دونوں ہاتھوں سے سنبھال کر نرمی سے اُس کے باغی ہونٹوں کو چوم لیا۔
"ہٹیے... بدتمیز... جنگلی....." مگر وہ کسے دھکا دے رہی تھی! لمبے لمبے قدم رکھتے وہ باہر اپنی سائیکل لے کر سڑک کے موڑ پر غائب ہو گئے۔ "ٹھیرو... ٹھیرو۔" اُس نے اپنے دماغ کے اندر کسی باغی گھوڑے کو ٹاپیں مارتے پا کر چمکارا۔ "سب ٹھیک ہو جائے گا... کوئی بات نہیں... ایسی کوئی بڑی بات نہیں، سب ٹھیک ہو جائے گا۔ مگر اب کیا ہو؟ کیا ہو؟ بگڑے ہوئے رہوار نے لگام میں تڑاتے ہوئے پوچھا۔
"کچھ نہیں... اس وقت جانے دو... سوچنے کی بالکل گنجائش نہیں۔ رگیں بہت زور سے تن رہی ہیں... ذرا دبا وُ ڈالا تو چٹاخ سے ٹوٹ جائیں گی... چلو چپکے سے پلنگ پر لیٹ جاؤ... نیند پاس ہی کھڑی ہے، زیادہ انتظار نہ کرنا پڑے گا۔
پھر اچھی بچی کی طرح وہ پیر اٹھاتی پلنگ تک پاس پہنچی، سر سنبھال کر تکیے پر رکھا اور آنکھیں پپوٹوں سے ڈھک لیں۔
"آج تو اُس نے کہنا مان لیا اور جو آئندہ نہ مانا تو؟ مشکل ہو جائے گا اس بگڑے ہوئے دماغ کو منانا!" اُس نے سونے سے پہلے فکرمند ہو کر سوچا۔
ہاتھ پیر آرام سے غنودگی میں ڈوب گئے۔ مگر دماغ سنسان میں سہمی سہمی ہوئی سسکیاں بھرتا رہا۔ دور، اپنے پیچھے اُس نے گھوم کر دیکھا۔ وہ لمبی چوڑی سڑک، جس پر معلوم ہوتا تھا کسی اژدہے کے گھسٹنے کے لہریے کھنچے ہوئے ہیں، اُس کے پیچھے دوڑتی چلی آ رہی تھی۔ دہشت زدہ ہو کر اُس نے چاہا لوٹ پڑے اور اس بھیانک نشان کو مٹا کر صاف ستھری سیدھی لکیر کھینچ دے۔ مگر یہ خم تو فولاد کے تار کی طرح ضدی ہو چکے تھے، ایک ہی جھٹ میں پھر جائیں گے! منہ پھیر کر اُس نے ٹیڑھے میڑھے راستوں پر دوڑنا شروع کیا اور ناک کی سیدھ میں آنکھیں بند کیے بھاگتی چلی گئی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

(۴۱)

"یہ اُلٹا، یہ سیدھا!" اس نے لڑکیوں کو کشیدہ کاری سکھاتے وقت کپڑا فرش پر پھیلا کر بغور دیکھا مگر وہ فیصلہ نہ کر سکی! کاش اُسے معلوم ہو جاتا۔ کوئی ایسی طاقت جو کبھی جھوٹ نہیں بولتی، کبھی دھوکا نہیں دیتی اُس کے کان میں آ کر بتا دیتی کہ کپڑے کا رُخ کونسا سیدھا ہے۔ اگر غلط رُخ پر کشیدہ بن گیا تو پھر کیا ہوگا؟ جنگ کی امداد کے سلسلے میں جو مینا بازار لگایا جانے والا تھا اس میں یہ چیزیں بیکار ہو جائیں گی۔

ویسے ہی اس کا کام کتنا سست پڑ گیا تھا! معلوم ہوتا تھا مشین میں ہوتے ہوتے زنگ لگتا جا رہا ہے، پیچ اڑ گئے ہیں اور ہینڈل نہیں گھومتے۔ لائبریری کی نئی کتابوں پر ابھی نمبر درج نہیں ہو سکے تھے۔ رجسٹر ادھورے پڑے تھے۔ حاضریوں کو جوڑ کر میزان نکالنا باقی رہا، جم گھٹا جاتا تھا اس جمع تفریق سے۔ رسید کی کتابیں بغیر دستخطوں کے جمع ہوتی جا رہی تھیں اور فرنیچر کی سالانہ جانچ نہیں ہوئی تھی۔ کیا ہوگا؟ یہ مشین کیسے گھسیٹی جائے گی؟

اور اوپر سے یہ کپڑا! صبح سے کئی بار وہ کام رکوا کر اسی غور میں ڈوب گئی کہ کپڑا سیدھا ہے یا اُلٹا۔ کئی استانیوں نے ایک رُخ کے بارے میں رائے دی اور کسی نے دوسرے رُخ کو سیدھا بتایا، مگر وہ رائے عامہ کے اُوپر اس وقت بھروسہ نہیں کر سکتی۔ عوام کچھ نہیں جانتے، آنکھ بند کر کے ہاں میں ہاں ملا دیتے ہیں۔

کئی بار اُس نے سب سے چھپ کر بذریعہ قرعہ بھی صحیح رُخ معلوم کرنے کی کوشش کی۔ چپکے سے دو پرچیاں لکھ کر بنوں کے ڈبے میں ڈالیں، ہیڈ ٹیل کیا۔ اُونہہ، اطمینان نہیں ہوا۔ اتنی بار دھوکا کھانے کے بعد اُسے کسی پر یقین نہ آتا تھا۔ کیا پتہ یہ قرعہ بھی جھوٹ بول رہا ہو، اُسے پھنسانے کے لیے کوئی چال چل رہا ہو۔ اور اتنی باریک کشیدہ کاری غلط رُخ پر کڑھ گئی تو کیسے ادھیڑی جائے گی؟ تمام کپڑے کا قیمہ ہو کر سوراخ ہو جائیں گے اور پھر ان گڑھوں کو کیسے پر کیا جائے گا؟ یہ ننھے ننھے پہلے سے آنکھوں میں کھٹکیں گے اور اس کی نیندیں تلخ کر دیں گے!

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

یہ اتنا گھچر پچر کام ہندوستان میں کیوں اپنایا کیا جاتا ہے؟ یورپ والے کیسے بڑے بڑے پھول کاڑھتے ہیں؛ دلکش بھی، آسان بھی اور صوفیانہ بھی! لیکن یہاں تو ہر چیز ایک دوسرے سے چپکی ہوئی، ایسے کہ سانس بھی نہ لی جائے۔ ایک جان اور اس کے ساتھ یہ مینا کاری! ہر چیز الجھی جاتی ہے۔ الجھے ہوئے دماغ سے نکلی ہوئی ساری چیزیں مل آپس میں گتھم متھ ہوئی جاتی ہیں۔ کوئی انتخاب کیسے بکھیرے؟

جوں جوں فروخت کا دن قریب آتا گیا اس کی پریشانی بڑھتی گئی۔ غارت ہو یہ وار فنڈ اور مینا بازار! کیا ہوگا اس پیسے سے! لڑائی میں جائے گا اور مرہم پٹی کے کام آئے گا۔ ایک طرف زخمی کرنے کے لیے نئے نئے آلے ایجاد ہوں گے دوسری طرف ان کا مقابلہ کرنے کے لیے نرسیں دوڑیں گی۔ یہ خوبصورت کشیدہ کاری لاکھوں ٹینکوں اور بموں کی صورت میں انسان کی طرف سے انسان پر برسائی جائے گی۔ جسم پسیں گے، خون کے دھارے بہیں گے ظالم اور مظلوم سب ہی ایک ہی دلی سے منھ دیئے جائیں گے۔

اور یہ بھولے بھالے سپاہی! جنگ شروع ہوئی اور ان کے دام بڑھے۔ پھر تو سب ہی کچھ ان کا ہے۔ ملک ان کا۔ عالیشان عمارتیں ان کی۔ قوم خطرے میں، ان کے باپ دادا کی ہڈیاں خطرے میں۔ شاندار عمارتیں، یہ مندر اور مسجدیں سب ان کی۔ جب تک سکھ چین رہا انہیں بے موسم کا پھل سمجھ کر کسی نے آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھا اور آج جنگ کے بھوکے دیو کا منہ بھاڑ کی طرح کھلا ہوا ہے۔ جھونکے جاؤ گھان پر گھان! اس کے بعد! جب کھیل ختم تو پیسہ ہضم۔ توپیں پگھلا کر ریل کی پٹریاں بنا لی جائیں گی، بندوقوں کے ڈراؤنے بھرتے موٹر بنیں گے۔ تھوڑی سی دھات ان کے حصے میں بھی تمغوں کی صورت میں آجائے گی جن سے آنے والے بچوں کے جھنجھنے بنائے جائیں گے۔ جب کٹتے مرتے انسان تھک جائیں گے، ملاپ ہو جائے گا سپاہی اپنا کٹا ہاتھ یا پیر لے کر گھر جا بیٹھے گا اور جب تک منچلے پھر نہ لڑیں وہ کبھی کبھی استعمال ہونے والے ہتھیار کی طرح پڑا زنگ کھایا کرے گا۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جب لڑائی ختم ہو جائے گی اسکولوں میں چھٹیاں ہوں گی، گڑیا پارٹیاں ہوں گی اور سپاہی؟ اس سپاہی کا کیا ہو گا؟ اسے پگھلا کر پھر اُچکے اور ننگے بھبوکے تیتر ڈھالے جائیں گے!

کوئی ان سے پوچھو کیوں لڑتے ہو کمبختو! مانا کہ آبادی ضرورت سے زیادہ بڑھ گئی ہے اور تمہیں کچھ سوجھتا نہیں، ذرا یہ بھی تو سوچو کہ جن ماؤں نے جنم دیا ہے اُن کے جی پر کیا گذرتی ہو گی! خوش قسمت ہیں وہ مائیں جو بانجھ ہیں۔ یہ سب ان مردوں کا کیا دھرا ہے، انہیں یہ سپاہی جننا پڑتے تو پتہ چلتا کہ کیا بیتتی ہے جی پر!

بینا بازار کی کامیابی کا سہرا باندھنے سے پہلے ہی سر چکرا اُٹھا، طاقت ضبط ہار گئی، توازن دماغ ڈگمگانے لگا لہٰذا چھٹی لے کر گھر آرام کرنے کے ارادے سے چلی گئی یہ جنگ کے زمانے میں اپنوں کی ضرورت کتنی بے رحمی سے محسوس ہوتی ہے اجی چاہتا ہے کسی بن جذب ہو کر چھپ جاؤ۔ اور پھر عمر میں ایک بار پھر کوشش کر کے دیکھنا چاہیے کہ اپنوں کی محبّت کا کیسا مزا ہے، شاید یہاں بھی اُسے وہ سب کچھ مل جاتے جس کی تلاش میں اتنا بھٹکی کہ کوئی کوچہ نا آشنا نہ رہا۔

یہ بھائی، بہن! اس نے انہیں بھولنے کی کیوں کوشش کی تھی! ایک ہی شکم میں سب نے تکمیل پائی، ایک ہی گھر میں بڑھے پلے جیسے ایک ہی پیڑ کی بہت سی پتیاں! مگر جب ڈال سے ٹوٹ کر ایک پتی گری تو زمانے کی ہوا اُسے کتنی دور اڑا لے گئی! لڑھکتے لڑھکتے جب تھک گئے تو اُس نے پھر ایک کر شاخ پکڑ لی۔ عادت نہیں رہی تھی نا اس لیے بڑا زور لگانا پڑا، کندھے کھنچ گئے، مگر واپس ماں کی گود میں کتنا سکون ملا۔ نیند سی آگئی---!

یہیں وہ ساری دنیا تو اُس کے گھر میں موجود تھی! اسی ایک خاندان میں کچھ ولایتیوں جیسے گورے بھبوکا، کچھ حبشی نژاد، کسی میں منگولی خون کی کرخت واہٹ تو کسی میں ایرانیوں جیسا تیکھا پن۔ اور یہ سب چار پانچ عورتوں کی محنت کی کمائی تھی۔ اگر جرمنی کی طرح ہندوستان کو بھی مصفّی خون کی ضرورت محسوس ہو تو خالص دیسی مال کتنا دہ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جائے گا؟ یہی جتنی تل پر سفیدی — یا شاید اتنا بھی نہیں۔ آریوں کا حصّہ، ایرانیوں کا حصّہ اور پھر افغانی، منگولی اور عربی خون۔ اور پھر یہ جو تازہ تازہ ولایتی خون سامانِ جنگ کے ساتھ ساتھ لال کنڑوں میں بھر بھر کر آ رہا ہے یہ؟ ہندوستانی مٹی ہر بیج کو نگل لیتی ہے۔

ان اودے پیلے رشتہ داروں سے اُس نے مذہبی عقیدت کے ساتھ چمٹ کر محبت کرنی شروع کر دی۔ اس نے کبھی بچوں کو چوما نہ تھا اس لیے پہلے پہلے سخت ابکائیاں آئیں اور جی گھبرایا۔ کیا ناک تھوک میں لتھڑے ہوئے نامکمل انسان! ان سے تو کتے بدرجہا بہتر۔

اگر خزاں کی ماری پتّی دوبارہ پیڑ میں لٹکنے کی ضد کرے تو کیا یہ ممکن ہے کہ ایک بار پھر سے بہار لوٹ آئے؟ گرا ہوا پھل طشتری سے بھاگ کر ڈال میں لٹکنا چاہے، تو کیا وہ کامیاب ہو سکتا ہے؟ یہ مرغیاں ہی اگر اپنی ماں کے پوٹے کے نیچے گھسنے کی کوشش کریں تو کیا سما سکتی ہیں؟ لٹکے لٹکے اس کے شانے ٹوٹنے لگے۔ جتنی جتنی گرفت مضبوط کی ہاتھ پھسلتے گئے اور جلد ہی اُسے معلوم ہو گیا کہ پیسہ خرچ کر کے سب کچھ خریدا جا سکتا ہے: جنسی بھوک مٹائی جا سکتی ہے، پیٹ ناک تک بھر جا سکتا ہے۔ مگر ممتا کسی داموں نہیں ملتی۔ کسی کے بچّے کو اپنانے کی کوشش ایسی ہی احمقانہ حرکت ہے جیسے کوّا دم میں مور کے پر لگا کر مور بننے کی کوشش کرے۔ کوّے ٹھونگیں مارتے ہیں سو الگ، الٹی مور موقع پا کر شامت بلا دیتے ہیں۔ ناجائز بچّے کی ماں — پھر ماں تو ہے۔ ورنہ اگر کوئل پھول لگائے تو کیا ہو؟

سب سے پہلے اُس نے بڑے چاؤ سے بڑی بہن کی بچّی پر دستِ شفقت پھیرنا شروع کیا۔ ماں بننے کے بعد شاید دکھ جھیلنے کی تمیز بھی خود بخود آ جاتی ہے مگر شمن کو تو الٹے لٹکنے کا مزا آ گیا۔ ٹیں ٹیں بچی دن اور رات روتی۔ جی چاہتا اس جاندار ربڑ لو کی ایک بار ہی ایسی کل مروڑے کہ سدا کے لیے چپ ہو جائے۔ گھٹنے لٹا کر بچّے کو تھپکنا بھی ایک فن ہے۔ ایسی مشین جیسی رفتار ہو کہ بس جھٹکا نہ کھائے صرف جھومتا رہے اور پھر ساتھ ساتھ مناسب تالو کی مدد سے انتہا سے زیادہ عجیب و غریب بے معنی آوازیں

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

نکالی جائیں تاکہ بچے کو بیک وقت انسان مرغی اور چرخے کی گود میں سونے کا مزا آجائے۔ تھوڑی سی سانس منہ میں جمع کر کے لفظ "ر" رہے، پر چھوڑ دی جائے لیے کہ ایک پھوار کی صورت میں "ر رے"، ڈھلتے ہوئے سکوں کی طرح دوڑتے چلے جائیں۔ پھر تالو سے زبان لگا کر انگریزی کے لفظ کیو کو بار بار ایک خاص تناؤ سے نکالا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ بچے کی کنپٹیوں پر تھپکیاں بھی لگائی جائیں۔ اگر یہ تمام حربے بے کار ثابت ہوں تو دو چار آدمیوں کی مدد سے قریب رکھی ہوئی اشیاء کو ہلا کر، جھنجوڑ کر جتنی بھی آوازیں مہیا ہو سکیں مع اوپر دی ہوئی ترکیب کے ایک شورِ قیامت کی صورت میں بچے کے دماغ پر نازل کی جائیں۔ اگر تھپکیاں باقاعدہ ہیں، گھٹنے کی رفتار سائنس کے مقرر کردہ اصول کی پیروی کر رہی ہے تو انشاء اللہ بچہ سو جائے گا اور اس طرح سے سویا ہوا بچہ عموماً جاگتے میں بھی دماغی طور پر سوتا رہے گا۔

بچی کو صحیح و سالم واپس کر کے اُسے ایک گونہ اطمینان ہوا۔ بھلے کو بچی عارضی تھی اگر خدانخواستہ کہیں خود اس کے وجود سے مستقل طور پر پھوڑے پھنسی یا کانگن کی طرح پھوٹ نکلی ہوتی تو کیا حال ہوتا؟ کچھ تعجب نہیں جو اس ہندوستان میں اس کثرت سے بچے مرتے ہیں۔ خود اس کے دل میں کئی بار خیال آیا کہ اگر جیکے سے وہ بچی کی رضائی اُتار کر کھڑکی کھول دے صبح تک نمونیا اور پھر شام تک جھگڑا ختم، چین سے پیر پھیلا کر سوئے۔ خود ان بچوں کی مائیں آنے والے جی کی خبر سنتے ہی پاس پڑوس کی دائیوں سے راز و نیاز شروع کر دیتیں۔ مرض تو نہ جانا الٹی نئی نئی لیتیں لگ جاتیں اور جب وہ نیا جی جنم لینا تو بھی ہر ممکن کوشش اسے ختم کرنے کی کرتیں مگر آخر کو ماں ہوئیں نا! مارنا بھی چاہتیں تو نہ مارا جاتا۔ جونہی نزع کی حالت شروع ہوتی ممتا بے قابو کر دیتی، جاتی ہوئی روح واپس گھسیٹ لائی جاتی۔ ساری عمر گھسٹنے کے لیے۔

جب پہلی بچی کی ہیبت ذرا ختم ہوئی تو اس نے پھر ایک بچے کی سرپرستی شروع کی۔ یہ بدقسمتی سے ذرا کم رو تھا، صحت خراب تھی اور گندگی سے خاص اُنس رکھتا

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

تھا۔ بہت دوا دارو کی مگر جملہ امراض اُس کے جسم میں جڑ پکڑ چکے تھے۔ کوئی بھی ایسا مرض ہوگا جو دائمی طور پر اس پر قابض نہ ہو چکا ہو۔ ویسے مرنے ورنے کا کوئی خاص ارادہ نہ تھا۔

مجبوراً منجھو بی کی چینی کی گڑیا جیسی بچی کے نام قرعہ پڑا۔ بڑی تیاریوں سے کپڑے سینے اور رات سے شمن نے سنجیدگی سے گود لینے کے مسئلے کو سوچا۔ جاتے وقت منجھو بی ایسا رو ئیں جیسے وہ بچی کو زندہ دفن کر چلی۔ ہزاروں نصیحتیں، "مار نامت، تمہارا غصہ بہت تیز ہے!" وہ کہہ گئیں۔ اللہ کی شان! یہ وہی منجھو بی تھیں جس نے ذرا سی عمر سے اُسے انا سے لے کر پالا تھا۔ یقیناً وہ منجھو بی کی بد ذات بچی سے تو ہزار گنا بہتر ہوگی، جبھی تو پل بھی گئی پر اسے تو دو دن پالنا دوبھر ہو گیا۔

اب لی خبر کوؤں اور موروں نے۔ وہ چونچیں دھار رکھ رکھ کر جبائیں کہ مزا آ گیا۔ بچی بھی سانپ کے منہ کی چھچوندر بن گئی، نہ اگلے بنے نہ نگلے۔

"چہ چہ... اسے ہے اتنی سی جان کو ماں۔ نہ پڑا لیا... توبہ"

"اسے ہے پرائے بچوں پہ کیا چونچلا؟ ایسا بھی ظلم نہیں چاہیئے۔" جتنی زبانیں اتنی بکواس۔ جلتی اور اس امید میں سر جھکا لیتی کہ شاید لوگ تھک کر چپ ہو جائیں گے۔ وہ طعنے بھی برداشت کر لیتی کیونکہ بچی غضب کی پیاری تھی مگر رات کو ظالم نے وہ ستم ڈھایا کہ جاڑوں کی رات میں اولا برف پانی سے نہلانا پڑا۔ دوسرے دن نمونیہ اور دو چار دن میں بچی ختم۔

ایسا معلوم ہوتا تھا کہ بچی اُسے شرمندہ کرنے کو شرط لگا کر مر گئی۔ رنج کو شرم اور غصے نے دبا لیا۔ جی چاہا کاش وہ دن واپس لوٹ آتے جب منجھو بی اسے پال رہی تھی۔ کیسا کیا ظلم جو تا کرتی تھی۔ اگر اُسے معلوم ہوتا تو منجھو بی کے منہ پر طمانچہ مارنے ہی کو مر جاتی۔ دو دن بعد منجھو رو تی پیٹتی کالک ملنے آ پہنچی۔

ایسی ایسی باتیں سننا پڑیں جو کبھی وہم و گمان میں بھی نہ تھیں۔ منجھو نے سارا الزام اس پر تھوپ دیا۔ بس نہ تھا جو وہ اُسے قتلِ عمد کے جرم میں گرفتار کرا دیتی۔ شمن کے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بس میں ہوتا تو وہ ایسی ایسی دو ہتیاں جڑ کر منجھو کے منہ پر کھینچ مارتی۔ توبہ! اتنا پچھوا سا نہ سمجھتی تھی منجھو کو۔ اس کا دل رکھنے کو روکنے کی بھی کوشش کی۔ بچی کو سارے نئے نئے کپڑے خیرات کو دیے اور دھوم دھام سے پھول چالیسواں کیا، گویا بچی نہیں گناہوں کی پوٹ مری تھی جس کی بخشش دشوار تھی۔

اور اس پر طرہ یہ کہ لوگوں نے سمجھاتے وقت صاف کہہ دیا کہ یہی بچی منجھو کو انگلی پکڑ کر سیدھی جنت میں لے جائے گی۔ یہ معصوم بچے جنتی ہی نہیں بلکہ زبردست سفارشی بھی ہوتے ہیں۔ مگر یہ جو کچھ شمن نے پھول چالیسویں پہ روپیہ بہایا سب منجھو کے توشہ خانہ میں جمع ہو گیا۔ پھر بھی منجھو کلیجہ پھاڑ پھاڑ کر روتی رہی۔

ایک سرپھرا ضدی بیج چٹان کے سپاٹ سینے سے چپک کر پھلنے پھولنے کی آس لگا بیٹھا۔ لاکھوں موجیں آئیں کہ بہا لے جائیں مگر چٹانوں سے سر پھوڑ کر لوٹ گئیں۔ پھر ایک دن وہ بیج بھی پتھر بن گیا۔ پروفیسر کا خط آیا: "یہاں لڑکیاں اتنی فیاض ہیں کہ شادی فضول معلوم ہوتی ہے۔ اگر تم بطور مہمان (یاد رہے لفظ مہمان!) آنا چاہو تو مکان کافی وسیع ہے۔"

پتھر بن جانے والا بیج اس پھوہڑ کے بے حیا جھاڑ سے بدرجہا غنیمت ہے جو گھن بن کر سوسائٹی کی جڑ کاٹ رہا ہے۔ وہ انسانی بھیڑیا جو کرسیاں توڑنے کا کرایہ ہزار روپیہ وصول کر رہا ہے دوسروں کو کس منہ سے نصیحت کر رہا ہے؟ شمن نے جواب دیا: "مہمان نوازی کا شکریہ۔ اگر ایسا وقت آن پڑا تو دیکھا جائے گا۔"

وقت چھپر پھاڑ کر نہیں آ پڑے گا، تمھیں خود لانا پڑے گا ورنہ یاد رہے یہ وقت آنے میں تو دیر کرتا ہے جانے میں ایسی تیزی دکھاتا ہے کہ سوائے ہاتھ ملنے کے کچھ نہیں رہ جاتا۔ ڈرو اس وقت سے جب تمہیں کہنا پڑے؛

جب کشتی ثابت و سالم تھی، ساحل کی تمنا کس کو تھی!
اب ایسی شکستہ کشتی پر ساحل کی تمنا کون کرے؟

اس عرصے میں اس نے ایک اور بچے کو اپنانا چاہا مگر جلد ہی معلوم ہو گیا کہ انسان

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

یکسانیت سے کیوں اُکتا جاتا ہے۔ جتنی اُس نے پرورش کی یہی اندازہ ہوا کہ اُس کی حیثیت بالکل اس زمین جیسی تھی جس کی چھاتی پر چڑھ کر ہر ایک اپنا پیٹ بھر لیتا مگر پھر اُسے بنجر کہہ کر چھوڑ جاتا۔ یوں تو یہ بچہ بالکل سیدھا سادا تھا مگر باوجود کوششوں کے اس نے اپنی ماں کی آنچل سے کھیلنا نہ چھوڑا۔ شمن سے اپنی خاطر کروا کر وہ سیدھا ماں کے کلیجے سے لگ بیٹھتا۔

"پرایا... پرایا" اس کے کانوں میں بار بار گرم سلاخوں کی طرح گھسنے لگا۔ ایکبار ہی اُس نے جھٹکا مار کر ساری بندشوں کو توڑ ڈالا۔ کوئی نہیں اُس کا اور اُسے ضرورت بھی کس کی ہے؟ وہ خود کیا ناکافی ہے؟

دوسرے دن شام کی گاڑی سے اس بکھرے ہوئے "خود" کو سمیٹ کر روانہ ہو گئی

کہاں؟ وہ کہاں جا رہی ہے؟ یہ اُس نے بالکل نہ سوچا۔ اتنی لمبی چوڑی دنیا میں وہ جہاں چاہے جا سکتی ہے۔ اور کیوں نہ جائے؟ مانا کہ کوئی منزل نہیں، یہ اور بھی اچھا ہے۔ کیوں ہو کوئی منزل؟ ان بادلوں کی بھی تو کوئی منزل نہیں، جہاں اور جدھر جی چاہا بغیر پروگرام بنائے چل نکلتے ہیں۔ جہاں جی چاہا برس گئے، جی چاہا تو بھیگے کو بھگو دیا اور جی نہ چاہا تو پیاسوں کو ترساتے نکل گئے۔ ان آندھیوں کا بھی تو کوئی گھر نہیں۔ ادھر کا کوڑا اُدھر گھسیٹ لے جانا، سنسان غاروں میں چیخیں مار مار کر دہلانا چٹانوں پہ سر پھوڑنا، دریا کی چنچل موجوں سے اُلجھنا اور یوں ہی اُٹھتے گرتے رہنا۔ لطف بھی تو ہے اس خانہ بدوشی میں۔ شاید کبھی کہیں ساحل مل جائے اور یہ بھٹکی ہوئی ناؤ پار لگ جائے۔ جو نہ لگی تو بھی کیا ہے؟ کچھ حرج ہے اسی طرح بہتے چلے جانے میں! نہ پتوار نہ بادبان اور نہ ناخدا کا احسان!

آگرہ!

وہ اُتر پڑی۔ نہ جانے کیوں جی چاہا تاج محل کو دیکھے۔ شاید عشق و محبت کی اس عظیم الشان نشانی کو دیکھ کر دل کا بوجھ کچھ ہلکا ہو۔ کیا لوگ تھے، بیوی کی محبت میں کیا کچھ بنا کر چھوڑ گئے۔ کتنا مقدس رشتہ ہے یہ بھی۔ مگر ایسی ہی یادگار کوئی دنیا والوں

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کی محبت میں نہیں بنا دیا۔ جب کہ لاکھوں ہزاروں سڑک کے پتھروں پر سر رکھ کر زندگی گزارتے ہیں، شہنشاہ اور ملکہ کی روحیں کیوں کر چین سے پیر پھیلا کر سنگِ مرمر کے سائبان تلے سو سکتی ہیں؟ باقی عمارت میں چمگادڑیں اور اُلّو بستے ہیں۔ مزے ہیں ان کے۔ ان الّووں سے تو کوئی ٹیکس بھی نہیں وصول کرتا! بس یہاں تو مُردوں اور چمگادڑوں کے ہی ٹھاٹ ہیں۔ اگر سکھ اٹھانا منظور ہو تو ایسے کرم کرو کہ دوسرے جنم میں چمگادڑ یا اُلّو کے روپ میں آنا ملے۔ یہی مکتی کا بلند ترین درجہ ہے۔

ہمیشہ سنا کرتی تھی کہ چاندنی رات میں تاج بیچ اندر کی پیشانی پر جگمگاتا ہوا مکٹ دکھائی پڑتا ہے۔ لیکن دن ہی میں اس کے اس عظیم الشان لاش کو دیکھ کر رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ شام ہوتے ہی شوقین مزاج کونے کھدروں میں دادِ عشق دینے کو آ موجود ہوئے۔ سستے مال سے آراستہ حوریں، جن کے چہرے سفید پاؤڈر کی افراط سے بھوبل میں دبائی ہوئی شکرقندی کی طرح مٹیالے ہو رہے تھے، اور وہ اس جشنِ عیش میں بھتنوں کا کردار ادا کرنے کے لائق بھی نہ تھیں۔

یہ مُردوں کے سینے پر بیٹھ کر جینے میں ان لوگوں کو خاص لطف کیوں آتا ہے؟ کیا کشش ہے ان قبرستانوں میں جو زندگی کی ہر حسین انگڑائی ان کے سر پر توڑنے کو جی چاہتا ہے۔ شاید جذبۂ انتقام کچھ تسکین پا جاتا ہے۔ تم نے اپنی ناموری کے لیے صدیوں کا خون ان عمارتوں کی بنیادوں میں نچوڑ دیا... اور ہم؟ کسی فعل کے کرنے سے نہیں جھجکتے۔ کاش انتقام سیدھے راستے پر چل سکتا اور یوں نہ بھٹکتا۔

لاہور:

اُس کا اور بھی جی گھبرایا۔ اگر اسے اختیار حاصل ہوتا تو شاید اس سے زیادہ دلچسپ بنایا جا سکتا تھا۔ نور جہاں کے مقبرے کی عرصے سے دھوم سنی تھی مگر اسے یہ دیکھ کر ہنسی آ گئی کہ وہاں بھی، گدھوں کو ہی سکون نصیب تھا۔

نور جہاں! دل کی گہرائیوں میں ایک عورت کی نفرت دوسری عورت کے دل میں کچھ کھٹک سی پیدا کر دیتی ہے۔ آخر ایسی کون سی بات تھی جو نور جہاں سلیمہ کی مستحق

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

یوں چھا گئی! اور کون جانے اُسے شیر افگن سے زیادہ عشق تھا یا جہانگیر سے! یا پہلے شیر افگن سے اور پھر جہانگیر سے! اور ہو سکتا ہے ایک ہی وقت میں دونوں سے رہا ہو۔ عورت کے دل میں محبت کی جدا جدا کوٹھڑیاں ہیں۔ کسی میں مامتا کی، کسی میں شوہر کی محبت اور کسی میں عاشق کی!

اور پھر اُس نے خود اپنے دل میں جھانک کر دیکھنا چاہا۔ یہ اس کی کوٹھڑیوں میں کیا ٹھنسا ہوا تھا؟ دھندلا دھندلا، اور یادل کے سوا کچھ نہ سوجھا۔ کاش وہ ان الجھے ہوئے ڈوروں کو سلجھا کر الگ الگ پلیاں بنا کر رکھ سکتی۔ عاشق، محبوب اور دشمن، سب ہی کے چہرے دھندلے ہو چکے تھے۔ فیصلہ کر کے صرف ضروری نقش گہرے کر دیتی اور باقی وقت کے گھسّوں سے آپ ہی مٹ جاتے۔

دہلی!

اُسے ہر چیز بیمار اور بدنما نظر آئی۔ ٹوٹے مکان بنا جانے والوں کو کھڑے کوس رہے ہیں، سرٹاتی ہوئی موریاں جو کسی کی ملکیت نہیں۔ بھوکے کتے، سڑک کے بدنصیب بیٹے، نہ جانے کس کی فرمانبرداری میں کس کی رکھوالی کر رہے ہیں۔ لمبے چوڑے دیواروں پر پھیلے ہوئے گھناؤنے امراض کے علاج جو لپکار لپکار کر لینے والوں کی مردانگی کی داد دے رہے ہیں مگر اُس کی سوتیلی بہن نئی دہلی؟ صاف، ستھری، اجاڑ، سنسان! معلوم ہوتا ہے جیسے گاڑیں یا رہ جیسی لگتی ہیں۔ بالکل جدید تاج محل کا نمونہ۔ کبھی بہت اور سدا آقا آئیں گے تو اسے ان کے ابدی مالکوں کو سپرد کرنے استعمال بنائیں گے۔

مگر یہ قطب مینار اتنی بلند مگر کتنی بیکار! یہ اکیلا پاگل سا دروازہ اس کے کیا معنی؟ یہ کیوں مبہوت کی طرح ہاتھ پھیلائے کس کے لیے آغوش وا کیے ہوئے ہے؟ کہاں؟ کہاں؟ وہ کہاں جائے؟ اس بھول بھلیاں میں راستہ کیوں نہیں ملتا؟ جی چاہا پردہ پھاڑ کر باہر نکل جائے۔ پرسکون خلا میں کچھ نہیں ہوگا اور کتنا ہوگا۔ روپیہ ختم ہو چلا تھا۔ واپس جا کر کہیں نوکری تلاش کر لینا مشکل کام نہ تھا۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

مگر کیوں؟ وہ کس سے پوچھے! ایلیاؔ اُسے ایک دم یاد آگئی۔ یقیناً اُس نے اپنی "کیوں" کا جواب پا لیا ہوگا۔ وہ اُسے ضرور تسکین پہنچائے گی۔ وہ سیدھی بانکی پور روانہ ہوگئی۔

ایلیاؔ کو دیکھ کر اُسے رشک ہوا۔ وہ کتنی سنبھل چکی تھی۔ وہ مسلسل غم کا ان کے آثار مٹ چکے تھے اور بڑی مستعد اور حسین نظر آرہی تھی۔ تھا ہی کیا ایک دوسرے کو بتانے کے لیے سوائے تنہا اور نہ گزرنے والی ممنوعہ گھڑیوں کے۔ پھر بھی ایلیاؔ خوش تھی۔ اپنے حسابوں وہ رالف کی بیوہ بنی زندگی کے دن گزار رہی تھی۔ سسرال، میکا، شوہر سب اس ایک جان کے وجود سے ملا اور کھو گیا۔

پروفیسر ناتھن اب بھی اُس پر مہربان تھے۔ شام ہوتے ہی آجاتے اور رات گئے تک گپ شپ رہتی۔ کتابوں کے اس ڈھیر کو اتنا زیادہ دل دیکھ کر وہ متحیر رہ جاتی۔ اُس کے ساتھ اور بھی چند پروفیسر آجاتے۔

"ان سے ملو شمن، روتی ٹیلر" ایلیاؔ نے اُسے ایک طرف بلا کر کہا اور شمن نے دیکھا وہ ایک چھوٹے سے سر اور شربتی بالوں والے گورے سے ہاتھ ملا رہی ہے۔ اُس نے مجبوراً رسمی تعارف کا جواب دیا۔ اُسے ایلیاؔ کا یہ طریقہ قطعی پسند نہ آیا۔ ٹیلر کو وہ اس قدر عزت اور عقیدت سے دیکھ رہی تھی گویا کوئی معمولی [illegible] ان گھر میں پدھارے ہیں۔ اُسے ہندوستانیوں سے ازلی نفرت تھی جو ان سفید چمڑی والوں کے ذرا سے منہ لگانے سے پھولے نہیں سماتے۔ اتنا نہیں جانتے کہ یہ لوگ جو ہم سے ملتے ہیں تو صرف اس لیے کہ واپس اپنے ملک جا کر لوگوں کو حیرت زدہ کریں کہ وہ ہم درندوں کے اتنے قریب پہنچ کر مطالعہ کر رہے تھے۔ یہ نہ ہی ہم نے انہیں کاٹا اور نہ ہماری سیاہی نے ان کی سفیدی کو گدلا کیا۔ ہماری تصویریں دکھا دیں گے کہ یہ ہیں وہ جنگلی بندر جنھیں ان کی تہذیب کی بدولت کپڑے پہننا سکھا دیے ہیں۔

اِدھر اُدھر کی باتیں ہوتی رہیں۔ شمن کچھ اُداس ہو رہی تھی۔ اس نے کئی بار گفتگو میں دلچسپی لینے کی کوشش کی مگر بے دلی انجمن میں گھس گئی۔ اکتا کر وہ کتابوں کی الماری ٹٹولنے لگی کہ کہیں لوگ اُسے بالکل احمق نہ سمجھیں۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ضرور پڑھو... لاجواب ہے۔" اُس نے مڑکر دیکھا، ٹیلر اس کتاب کی طرف اشارہ کر کے کہہ رہا تھا جو شمن کے ہاتھ میں تھی۔

"شکریہ!" اُس نے بے توجہی سے کتاب رکھ دی اور دوسری اٹھا لی۔

"ایک بات..." ٹیلر نے اس کی توجہ اپنی طرف مبذول کرائی، "میں انگریز نہیں آئرش ہوں۔"

سفید رنگ کا ہر آدمی انگریز ہی ہو سکتا ہے۔ اس رنگ کی کچھ ایسی ہیبت بیٹھی ہوئی ہے کہ دوبارہ سوچنے کی ضرورت محسوس نہ ہوتی۔ دوسرے اُسے آج تک کتوں، گھوڑوں اور سفید انسانوں کی کبھی پہچان نہ مل سکی۔ سب ہی ایک جیسے ہوتے ہیں۔ گو بہت سے لوگ دانتوں، کھروں اور چال سے نسل پہچان لیتے ہیں پر نہ جانے کیسے؟

"اس کی کیا ضرورت تھی؟"

"اوہ میں خوب جانتا ہوں۔" اُس نے شرارت سے اپنی بے پلکوں والی آنکھ ماری کہ بڑی آسانی سے شمن اسے اقدام جرم میں پکڑوا سکتی تھی، "تم لوگ سفید چمڑا دیکھ کر ہی بدظن ہو جاتے ہو اور اس میں تمہارا قصور نہیں۔"

"بدقسمتی ہماری!" جل کر شمن پھر کتابوں کی طرف جھک گئی۔

"میرے پاس کچھ تازہ ترین کتابیں ہیں۔ اگر شوق ہے تو..." شمن کو بے اعتباری سے دیکھتا پا کر وہ کچھ کھسیانہ سا ہو گیا، "معاف کرنا اگر کوئی گستاخی ہو گئی ہو۔ کہتے ہیں عورت کو سلام بھی کرو تو گالی سمجھتی ہے... مگر میں سمجھا تھا تم ایلما کی دوست ہو... شاید تم بھی اسی کی طرح..."

اتنے میں ایلما نے چائے کے لیے پکار لیا۔

"ارے تم ٹیلر سے نہیں ملیں شمن...؟"

"ہم مل چکے!" ٹیلر نے مسخری صورت بنا کر کہا۔

"ارے نہیں... شمن یہ جرنلزم کے بہت شوقین ہیں۔ لڑائی میں شریک ہونے سے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

پہلے.... کیا لکھا کرتے تھے ٹیلر؟"

"نمائندے تھے اخباروں کے۔" پروفیسر ناتھن بولے۔

"بڑا لائق آدمی ہے اور.... ہاں بھئی اٹھو سینما نہیں ملے گا پھر۔" ایلما نے بیوقوفوں کی طرح سب کو گڑبڑانا شروع کیا۔

فلم روی ہی نہیں انتہا سے زیادہ بچر تھا۔ چند گورے جنگلیوں کے بیچ میں داد طلب بہادری، سخاوت اور انسانیت کے جوہر دکھا رہے تھے۔ ٹیلر چند سیٹیں چھوڑ کر بیٹھا تھا مگر کئی دفعہ جب شمن نے اس کی طرف دیکھا تو اُسے بھی اپنی طرف دیکھتا پایا اور کئی بار بے ساختہ دونوں کو ہنسی آ گئی۔

"اب بھی میرے اعمالنامے میں لکھ لیا۔" کھیل کے ختم ہونے پر ٹیلر نے ماتمی صورت بنا کر کہا اور شمن زور سے ہنس دی۔

رات کو ایلما نے ٹیلر کی بے انتہا تعریف کی۔

"تم بھول رہی ہو کہ یہ سفید چمڑی والے کیا ہوتے ہیں۔ یہی دیکھو یہ دنیا کے مارے دھتکارے یہودی، پولش اور نہ جانے کون کون صرف اپنی چمڑی کے بل بوتے پر یہاں آکر اینٹھنے لگے۔ آج کل تو جسے دیکھو شیر کی کھال اوڑھے شیر بنا پھرتا ہے۔ یہاں تو جو مہاجن بن کر آتا ہے آقا بن بیٹھتا ہے۔"

"کچھ اس میں ہمارا بھی قصور ہے۔ ذرا بازار میں جا کر دیکھو ہزاروں فقیر، بھک منگے اور دکاندار "صاحب"، "سرکار" کہہ کر دوڑ پڑتے ہیں۔"

"وہ بیچارے کیا جانیں کون ہیں یہ۔ چاہے وہ انھیں کی طرح کنجڑے، جلاہے.... ہوں مگر معلوم تو صاحب ہوتے ہیں اور رہتے بھی ٹھاٹ سے ہیں۔ ہم سے تو ہمارے مہمان ہی اچھے۔ ہم خود بھوکوں مر رہے ہیں مگر یہ دیکھ کر میزبانی میں فرق نہیں آتا۔ جب انھیں تمیز سے رہنا نہیں آتا تو پھر دھکا مار کر نکال دینے کو کیوں جی نہ چاہے۔"

"اور یہ بھی مظلوم ہی ہیں ہٹلر کے مارے۔"

"ہٹلر کے مظلوم بھی ہمارے ظالم ہیں۔ ذرا سوچو ہمیں ان سے کیا ہمدردی ہو سک

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

ہے! ہم شیلٹر سے نکل کر کہاں جائیں؟ ہمیں تو کوئی اپنی زمین پر قدم بھی نہ دھرنے دے گا۔
مگر ایلیا اونگھ چکی تھی۔ نہ جانے اس کو کیا ہوتا جا رہا تھا۔ کالج کی وہ جوشیلی ایلیا مر چکی تھی اور اب یہ ہاری ہوئی ایلیا ہر مجبوری کے آگے سر جھکانے لگی تھی۔

صبح اٹھ کر ایلیا نے کہا کہ نوکر کو دے کر شہر سے جنس لے آئے کیونکہ اُسے کچھ حرارت معلوم ہوتی تھی۔ اناج کی قلت نے بُری طرح حیران کر رکھا تھا اور جگہ تو راشننگ ہو گئی تھی مگر اس حصے کی طرف کوئی توجہ نہیں کر رہا تھا۔ روز بروز اناج اپنی مرضی سے مہنگا ہوتا جا رہا تھا۔ گھر میں جتنا پہلے گھی کا خرچ تھا اس سے چوگنا تو صرف گیہوں پر صرف ہو جاتا تھا۔ اور گھی کا تو کیا پوچھنا، گھاس کا گھی بھی انمول ہوا جا رہا تھا۔

"ہیلو!" کسی نے پکارا۔ شمن نے مڑ کر دیکھا تو ٹیلر اپنی چندھی آنکھوں میں جاذبیت پیدا کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔

"تھک گیا ہوں اس رینگتے ہوئے سست ہندوستان لالا سے۔ سوچا لاؤ کوئی مصیبت ہی مول لوں۔" وہ شرارت سے مسکرایا اور شمن کو بھی ہنسی آ گئی۔

"ارے مجھے سخت ناامیدی ہو رہی ہے؟"

"کیوں؟"

"میں سمجھتا تھا گرج کر برس پڑو گی۔ خیر فال اچھی رہی اس لیے دوسری ترکیب چلنا پڑے گی۔"

"وہ کیا؟"

"کہ چلو میرے ساتھ چائے پیو۔"

"مگر میں سامان خریدنے آئی ہوں۔"

"چلو پہلے سامان خرید لیں پھر لوٹ کر چلنا کریں گے۔"

ہر دکان پر ٹیلر کو دیکھ کر دکانداروں نے چوگنے دام کر دیے۔ چاروں طرف سے وہ لے دے مچی کہ شمن کو اُسے رخصت کرنا پڑا۔

"تم سامنے ہوٹل میں ٹھہرو میں سامان خرید کر آتی ہوں۔"

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"کیوں؟" وہ بگڑا۔

"تمہاری موجودگی سے بھاؤ بگڑ جاتے ہیں؟"

"ارے وہ کیسے؟ اچھا اب میں کچھ لیا لوں گا بھی نہیں۔"

"وہ تم کچھ بھی کرو۔ تم بھی تو شاہی خاندان سے ہو اس لیے..."

"میں کیوں ہونا شاہی خاندان سے، ہشت!"

"یہاں والے ہر سفید پگڑی والے کو بادشاہ سلامت کا بھائی بھتیجہ ہی سمجھتے ہیں۔ انکساری ہماری گھٹی میں پڑ چکی ہے اور تم جانتے ہو یہ گھٹی قریب سو سال سے ہمیں کون پلا رہا ہے۔"

منہ ہی منہ میں بڑبڑاتا ٹیلر جا کر ہوٹل کے دروازے پر کھڑا ہو کر انتظار کرنے لگا۔ شمن خوب بھاؤ تاؤ کر کے سامان خریدتی تو گاڑی کرایہ کر کے روانہ ہو گئی۔ ٹیلر بالکل اس کے ذہن سے اتر گیا، لیکن جونہی وہ گھر پہنچی اسے فوراً یاد آیا اور جلدی سے سامان اتروا کر اس نے اسی گاڑی میں واپس بھاگنا مناسب سمجھا۔ جونہی گاڑی مڑی پھاٹک میں داخل ہوئی دوسری گاڑی سے قریب قریب ہم آغوش ہو گئی۔ گاڑیاں ایک دوسرے کو خوبصورت رشتوں سے نوازنے لگے۔ دیکھنے کے لیے سر باہر نکالا تو ٹیلر کو اترتا دیکھ کر سُن سے رہ گئی۔

"میں بالکل بھول گئی،" اس نے لجاجت سے کہا، "سامان کی گڑبڑ میں۔"

"یہ میری عزت افزائی ہے!" ٹیلر نے طنزیہ ادب سے جھک کر کہا، "مجھے پتہ نہ تھا کہ ایک زندہ انسان سے تمہیں بلدی، دھنیا اور چاول زیادہ دلچسپ معلوم ہوتے ہیں۔ میں نے تمہارا وقت ضائع کرنے کی کوشش کی مگر میں داد دیتا ہوں کہ تم ناگوار چیزوں کو بڑی خوش اسلوبی سے ٹال دیتی ہو۔" وہ مڑ کر چلا۔

"مگر..." شمن کے منہ سے بے اختیار نکل گیا اور وہ پھر لوٹا۔

"کس گاڑی میں چلو گی؟ اپنی میں یا یہ جو میں لایا ہوں؟" اس نے بالکل ایسے پوچھا جیسے کوئی بات ہی نہیں ہوئی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جب گاڑی کافی دور نکل گئی تو ٹیلر ایک دم ہنسنے لگا۔

"اُف تو۔۔۔ یہ لڑکیاں"

"تم دل ہی دل میں ہم ہندوستانی لڑکیوں کو جنگلی، غیر مہذب اور نہ جانے کیا کیا کہہ رہے ہو۔۔۔ مگر۔۔۔"

"مگر ہندوستان پر کیا موقوف ہے، دنیا بھر کی لڑکیاں ایسی ہی وحشی ہوتی ہیں" وہ شرارت سے مسکرایا، "تم سمجھتی ہو گی ہماری لڑکیاں ادھر بلا یا ادھر دوڑیں۔"

"کم از کم ہندوستانیوں کا تو یہی تجربہ ہے۔ دیکھ لو یہاں تک ننگی چلی آتی ہیں۔"

"غلط، بالکل غلط۔ جو ہندوستانی کہتے ہیں وہ ایسی دیسی لڑکیوں سے ملتے ہوں گے۔ وہاں کی اچھی تعلیم یافتہ لڑکیاں بڑی خشک ہوتی ہیں۔ اور یہ ننگی بھوکی فقرنیاں کہاں نہیں گرتیں؟"

"تو وہاں بھی لوگ ننگے بھوکے ہیں؟" شمن نے بن کر طعنہ دیا۔

"کیوں نہیں۔ تم سمجھتی ہو وہاں سب لارڈ اور بیرن ہی رہتے ہیں۔ تم جو مٹھی بھر انگریز دیکھتی ہو یہ تو ہندوستان کی قسمت سے ایسے نظر آتے ہیں ورنہ حیثیت تک دنیا میں شیطان موجود ہیں لوگ ننگے بھی رہیں گے اور بھوکے بھی۔"

"اس حد تک؟" گزرتی ہوئی گاڑی میں سے شمن نے مرجھائے ہوئے سڑاندے فقیروں کی طرف اشارہ کر کے پوچھا۔

"نہیں اس حد تک تو نہیں۔" ٹیلر نے پھریری لی، "ہندوستان آنے سے پہلے نہ جانے کیا کیا سوچا کرتا تھا۔۔۔"

"یہی کہ لبس نواب راجہ سونے ہیرے سے مرصع ہاتھی۔۔۔"

"بالکل یہ تو نہیں پر ہاں خیال تھا اتنے دن کی حکومت میں ان لوگوں نے کچھ تو کیا ہوگا۔ مگر یہاں آنے سے کچھ دن پہلے ہی میں نے ایک آدھ کتاب ہندوستان کے متعلق پڑھی تھی۔ پھر بھی یہ دیکھنے کی امید نہ تھی۔"

"اور اب یہ سب کچھ دیکھنے کے بعد سارا الزام ہمارے ہی سر دھرنا۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"سارا تو نہیں... کچھ ضرور..."

"لیکن یہ بھی سوچا کہ وہ کچھ بھی ہمارے سر منڈھنے کا..."

"... یہ تم لوگوں کی میں نئے عجیب خصلت دیکھی ہے کہ تم اپنے آپ کو ضرورت سے زیادہ بے گناہ اور غیر ذمہ دار ظاہر کرنے میں فخر سمجھتے ہو۔ آخر انسان ہو، حیوان تو نہیں۔"

"حیوانوں کے ہاتھوں مجبور تو ہیں۔"

"اور جیسے ہندوستانیوں میں ایسے حیوان نہیں۔"

"ہیں، انھیں کے پٹھو۔"

"تو یہ کہو یہاں کے اور وہاں کے حیوانوں کے جتھے نے ایک دوسرے کی مدد سے ملک کا یہ حال بنا رکھا ہے۔ مگر سچ بتانا، اپنی ذات سے تم نے اب تک اس جتھے کو توڑنے کی کیا کوشش کی ہے، کون سی قربانی کی ہے؟"

"قربانی کرنے والوں کی گت دیکھی تم نے؟ کیا حال کیا گیا اُن کا!"

اور واقعہ بالکل تازہ تھا۔ ملک کی سب سے بڑی جماعت نے علم بغاوت بلند کیا۔ یہ بغاوتیں ریل کے ڈبوں میں پورے زور خروش سے رونما ہوئیں۔ سفید قوم کو کھلا حکم، مل گیا کہ بھاگ جاؤ یہاں سے، نہیں مانگتے تم! ورنہ بسیں جلا ڈالیں گے، ریل کی پٹریاں اکھیڑ دیں گے، یہ تمہارے ہیٹ اور ٹائیاں جلا دیں گے۔ مگر سفید بادشاہت اس بغاوت کے زکام کو بجائے گولہ بارود کے لاٹھیوں سے ہی راہ راست پر لے آئی۔ جو ہے دان کا پیٹ کھلا اور بالائی غائب! دو چار ہی دن میں بے سری فوج کو حکومت کے ہاتھی نے روند کر صفحۂ ہستی سے مٹا دیا۔ اہنسا بھی اتنی بے ضرر نہ تھی جتنی یہ بغاوت ثابت ہوئی۔ ایسا معلوم ہوا جیسے ناسمجھ بچے مچل گئے تھے کہ ہم تو چاند لیں گے۔ ایسے بچوں کو تو بس دو طرح سے درست کیا جا سکتا ہے، یا تو بتی کا چاند دے دو۔ مگر یہ بچے بڑے ہوشیار ہیں صاف بتی کو پہچان گئے۔ دوسری ترکیب یہ ہے کہ لگاؤ ایک تھپڑ اور کہہ دو جب آیا باز آ سے آئیں گے تب چاند ملے گا۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

مگر کون جانے جب آبا بازار سے آئیں تو تھکے ہوئے ہوں یا ایک سرے سے چاند کی ضرورت ہی نہ سمجھیں۔

"اتنا سلیقہ نہیں انھیں کہ چاند سچ مچ کا دیا جائے۔ پھاڑ پھوڑ کر الگ کریں گے، آپس میں بھائی بھائی جھگڑیں گے، نوچ کھسوٹ کر پھینک دیں گے۔ ہمارے پاس سیف میں رکھا ہے چاند حفاظت سے، جب بڑے ہو جاؤ گے تب ملے گا۔"

مگر کب بڑے ہوں گے؟ یہ تو آپا ہی جانیں۔ کتنے ہی بڑے ہو جاؤ اطمینان دلاؤ مگر ماں باپ کے دل میں تو وہ کل کے بچے ہی رہیں گے۔ اور پھر جانے آبا بازار سے لوٹیں گے یا وہیں دھرے رہ جائیں گے! ہٹلر تو کبڈی اُڑا رہا ہے، پالے پر پالا مارتا جا رہا ہے، کون جانے چاند بھی وہی مارے جائے!

"ہاں... اور تاریخ ہمیشہ ان کی اس حرکت پر لعنت بھیجے گی۔" ٹیلر نے سنجیدگی سے کہا۔

"مگر مورخ بھی تو یہ خود ہی ہیں، ہم تو وہی پڑھیں گے جو آج تک پڑھتے آئے ہیں۔ یعنی ان کی عقلمندیاں اور اپنی بے وقوفیاں۔ ہر زمانے میں آنکھ کھول کر انہی کی شان میں قصیدے پڑھنے شروع کیے۔"

"مگر اس مرتبہ امریکہ جو موجود ہے۔"

"امریکہ کب موجود نہ تھا؟ مگر وہیں تک جہاں تک ایک ڈالر کے دس بننے کی امید ہے۔ روئی کا بیوپار نہیں جنگ کا سہی۔ اب ان کے گن اور گانے پڑیں گے۔ گرتوں کو سنبھالنا، ہارتوں کو جتانا، کمزوروں کو طاقت بخشنا انہی کا کام ہے۔ اب ہماری بٹتی ہوئی سرکار کے سر پر انھیں نے ہاتھ رکھا۔"

"نہیں ایسا نہ ہو گا۔ ہم بہت سے نہ معلوم کن مغالطوں میں مبتلا رہے، اب ہماری بھی آنکھیں کھلتی جا رہی ہیں۔ میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ واقعی کچھ ہو ہی جائے گا۔ ہم میں سے گنتی کے چند ہیں جو ایسی باتوں میں دلچسپی لیتے ہیں، ان میں سے نہ جانے کتنے تو واپس جا کر بھول بھال جائیں گے، شاید چند ایسے بھی ہوں جو کچھ یاد رکھیں۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"کہیں کپلنگ کی طرح یاد نہ فرمانے لگیں۔ یہ زمانہ کپلنگ نہیں پیدا کر سکتا۔ تم دیکھنا اس جنگ میں انسانیت نئی روشنی سے کر پیدا ہوگی۔ ارے ہم کہاں نکل آئے؟ گاڑی والے یہ"

باتوں باتوں میں پتہ بھی نہ چلا اور گاڑی کافی دور نکل گئی۔ گاڑی والا بھی کچھ متحیر ان دو مختلف عناصر کو ٹکراتا دیکھ کر کھو سا گیا تھا۔ دونوں نے اتر کر ایک ہوٹل میں چائے پی۔

"ایلیا کے بعد میں دوسری ہندوستانی لڑکی سے ملا ہوں؛ دیکھیے نا امیدی نہیں ہوئی۔ نہ جانے کیوں ہم لوگوں سے اتنا پرہیز کیا جاتا ہے۔"

"اس میں ہمارا کیا قصور ہے۔ تم لوگوں کی لڑکیاں تو ہمارے لڑکوں کو قیمتی سمجھتی ہیں کیونکہ شوہر کی حیثیت سے وہ بڑے کارآمد ثابت ہوتے ہیں۔ انہیں وہ اپنے ہی رنگ میں سمو کر بہ آسانی زندگی گزار سکتی ہیں۔"

"تو کیا ہندوستانی لڑکیاں ایسا نہیں کر سکتیں۔؟ وہ چاہیں تو یورپین لڑکوں کو ہندوستانی بنا سکتی ہیں۔ ارے اس عورت ذات میں بڑے بڑے معجزے دکھانے کی طاقت پوشیدہ ہے، وہ چاہے تو دنیا سے یہ قوم اور نسل کا فتنہ مٹا سکتی ہے۔"

"یہ میں ماننے کے لیے تیار نہیں۔ عام قاعدہ ہے کہ اونچی نسل کو بیٹی دے دیتے ہیں مگر لیتے نہیں تاکہ دھبہ نہ آ جائے۔"

"ہشت۔۔۔ بالکل پرانی باتیں۔ تم سوچتی ہوگی ایلیا، میں تو بڑی خوشی سے ہندوستانی لڑکی سے شادی کر سکتا ہوں۔"

"قول سے فعل مشکل ہے۔"

"مگر یقین دلاتا ہوں۔" رات زیادہ ہوتی جا رہی تھی لہٰذا لوٹ آئے دونوں۔ شمن جب پہنچی تو ایلیا دیکھ کر مسکرا اٹھی۔

"بڑی گاڑھی چھن رہی ہے۔۔۔"

"صاحب لوگ جو ہوئے نا۔ سمجھتے ہیں اس طرح ہماری عزت افزائی ہوتی ہے۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کہاں ہم خاک کے ذرّے اور کہاں وہ آفتابِ عالم تاب!"

"بیلر ایسا نہیں۔"

"اجی سب ایک ہی مل کے نکلے ہوئے ہیں۔"

"تو پھر کیوں گئی تھیں اُس کے ساتھ۔"

"یہ دکھانے کہ ہم اتنے جاہل نہیں جتنا تمہارے بیوپاریوں نے بنا رکھا ہے۔ ابلّا جی اکتا گیا، بھئی میرے لیے بھی کوئی کام ڈھونڈ دو۔"

"فوج کے دفتر میں۔۔۔"

"بھئی یہ فوج دوج سے تو مجھے معاف رکھو۔ مجھے اس دوسروں کی جنگ لڑنے سے کیا دلچسپی؟"

"کیا مطلب ہے؟ کیا جاپانی کو آجانے دو گی!"

"میری بلا سے جاپانی آئیں یا چینی۔"

"وہ لوٹ مار کریں گے کہ توبہ بھلی۔"

"اور یہ کیا کم لوٹ رہے ہیں۔ دوسرے لوٹیں گے انھیں جن کے پاس کچھ ہے، اور جو آپ ہی مر رہے ہیں اُنہیں وہ کیا ماریں گے؟ ان ننگے بھوکے کسانوں کا نہ کسی نے اب تک کچھ بگاڑا اور نہ کوئی بگاڑ سکتا ہے۔ اچھا ہے یہ دولت مند لٹیں تو یہ"

"ارے بھائی اپنے دولت مندوں کو خود لوٹو ایک بات بھی ہے، دوسروں سے لٹوانے میں کیا عقلمندی ہے؟"

"خود نہیں طاقت تو دوسروں کی مدد سے سہی۔"

"ارے کہیں بندر نے جلیبیوں میں بٹوارہ کیا ہے جو کچھ ہو رہی ہو یہ باہر کی مدد کا نتیجہ، تاریخ گواہ ہے کہ جس کی مدد مانگی وہی ظالم بن بیٹھا۔ اب تو جب ہی کچھ ہوگا جب ہم خود کریں گے۔"

"تم دلّی کے چاول بہت کم لائیں۔" ابلّا نے ایک دم سیاست کے میدان سے گھر کی چہار دیواری میں چھلانگ لگائی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ملے ہی نہیں۔"

"لالو نے تمہیں دکان نہیں بتائی۔ ایک بنیا ہے پروفیسر کا جان پہچان، وہ دے دیتا ہے جتنے بھی مانگو۔ یہ موٹے چاول سے تو گھن آتی ہے۔"

مگر یہ گھن آنے والے چاول بھی بازار سے اڑ کر نہ جانے کہاں روپوش ہونے لگے۔ کچھ ایسا مرض پھیلا کہ اندر ہی اندر چاول چاٹ گیا۔ گیہوں کو بھی گھن لگ گیا۔ گھن بھی ایسا ویسا نہیں بھینسا گھن!

"ارے اٹھو نا۔" ایلما نے جھنجوڑ کر جگایا۔ روز تو وہ اسے دن چڑھے تک سونے دیتی تھی۔

"کیوں؟" ایلما نے کروٹ بدل لی۔

"ارے وہ تمہارا صاحب بہادر کھڑا ہے۔"

"کون صاحب بہادر؟"

"ارے بنو مت، وہی ٹیلر، اٹھو نا۔"

"لعنت، تمہارا ہوگا صاحب؟"

"دیکھنا ہے۔" ایلما چھیڑنے کو ہنسی۔

"کیا؟" شمن اٹھ بیٹھی۔

"کچھ نہیں۔ تو پھر اٹھتی کیوں نہیں۔"

"چڑیل!" شمن نے تکیہ کھینچ کر مارا۔

پروفیسر کو بھی لے لیا اور چاروں مل کر ٹیلر کی لائی ہوئی ٹیکسی میں روانہ ہو گئے۔ پکنک کا ارادہ تھا۔

"ہم لوگ تو عموماً مقبروں میں پکنک مناتے ہیں۔" شمن نے کہا۔

"یا خدا، یہ کیوں؟" ٹیلر حیرت سے بولا۔

"تاکہ برکت ملتی رہے۔"

"بھئی ہمیں لائبریری میں ضروری کام ہے، تم اور ٹیلر چلے جاؤ۔" پروفیسر اور

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

ٹیڑھی لکیر ۴۰۰

الیما شاید گھر ہی سے کوئی سازش کر کے آئے تھے۔

"تو میں بھی ساتھ چلوں" پروفیسر کو خاموش اور الیما کو بے توجہی سے دوسری طرف دیکھتے پا کر اس نے جلدی سے بات بدلی۔ "میں گھر چلی جاؤں گی مجھے ذرا کام بھی ہے کپڑا سے وغیرہ ٹھیک کرنا ہیں۔"

"واقعی؟" جب پروفیسر اور الیما چلے گئے تو ٹیلر نے پوچھا

"کیا؟"

"کہ تمہیں گھر جانا ہے اور بہت ضروری کام ہے؟"

"ہاں۔ کیا کچھ اعتراض ہے؟" شمن نے بھی مذاقیہ جواب دیا۔

"بہت سخت، کیونکہ۔۔۔"

"کیا؟"

"میرے ساتھ کھانا کھاؤ گی۔"

"ابھی کھانے کا وقت دور ہے"

"کیا عجیب جواب ہے!" وہ برا مان گیا۔ شمن کو ہنسی آ گئی۔

"ہمارے یہاں ان باتوں کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا۔ مجھے تمہارے ساتھ گھومتے دیکھ کر لوگ نہ جانے کیا کہیں گے!"

"چھوڑو ان لوگوں کو۔۔۔ اگر تم جیسی لڑکیاں ہی لوگوں سے ڈرتی رہیں گی تو پھر مل چکی آزادی تم لوگوں کو۔"

"گویا اسی طرح گھوم پھر کر تو تم نے آزادی جیتنا ہے۔"

"یقیناً۔۔۔ جتنے ملک ان دقیانوسی کی ہیبت سے پاک ہیں سب آزاد ہیں۔"

"بے شک تم چاہو تو سب ہی کچھ کہہ سکتے ہو، آزاد ہو نا یہ"

"چھوڑو اس آزادی کے جھگڑے کو اور تھوڑی دیر کے لیے میری رنگت، قومیت کو بھول کر میری کوئی بات سننے اور اس کا جواب دینے کی کوشش کرو۔ ذرا کے ذرا اس نفرت کو بھول جاؤ جو ہمارے تمہارے درمیان برسوں سے پل رہی

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہے۔ مورچے پر لڑنے والے سپاہی تک ایک بار سب کچھ بھول کر آپس میں انسانوں کی طرح گھل مل جاتے ہیں۔ اتنا سوچو ایک پردیسی انسان اپنوں سے دور تمہاری مہمان نوازی کا طالب گا رہے۔"

"کی تو تھی ایک دفعہ تمہارے ہی بھائی بندوں کی مہمانداری۔۔ بلیٹے بن کر آ گئے اور۔۔۔"

"چچ چچ۔۔۔ بڑی خراب زبان ہے تمہاری!" وہ خوش مزاجی سے ہنسا۔

"دوسرے حربے بیکار پڑے رہنے سے ساری تیزی اسی دھار رکھنے میں صرف ہو گئی۔ وہ مثل سُنی ہے، کسی کے ہاتھ چلیں اور کسی کی جیب!"

ہوٹل کے سامنے ٹیکسی ٹھیری۔ کرایہ چھ روپے ہُوا تھا مگر ٹیلر نے دس روپے دے دیے۔ اُس نے جب ریزگاری کے لیے لاچاری سے جیبیں ٹٹولیں تو ٹیلر نے ہاتھ کے اشارے سے منع کر دیا اور چلنے لگا۔ ڈرائیور نے جھک کر ایک سلام دیا اور دشمن کی غصّے سے بھری نظروں کو دیکھ کر صرف مسکرانے پر اکتفا کی۔ گویا کہتا ہے: "آ گئیں بھاجی مارنے کو! ہونہہ کلموئی۔ روزانہ اتنے میموں کو لاتا ہوں وہ کچھ بھی نہیں سوچتیں!"

"یہی تو ہے وہ چال جس کی بدولت تم لوگ یہاں حکومت کر رہے ہو۔" اُس نے ٹیلر سے کہا۔

"یا خدا، کیا ہُوا؟"

"یہ تم نے چار روپے بخشش دے کر اُس کی روح تک خرید لی۔"

"ارے! مگر میں نے قطعی اس خیال سے روپیہ نہیں دیا۔ بلکہ مجھے معلوم تھا وہ زیادہ سے زیادہ دو روپے نوٹ میں سے واپس کرتا باقی کے لیے کہہ دیتا نہیں ہے۔ اور یہ بھی جانتا ہے کہ میں کہاں نوٹ بھنانے دوڑتا پھروں گا۔ میں نے کہا جہاں دو وہاں چار۔ مصرف ہی کیا ہے ہمارے روپے کا؟ کس کے لیے کمائیں؟"

"عیش اڑانے کے لیے؟ جس کے لیے تم لوگ بنے ہو۔"

"یہی ہوتے ہیں ہمارے عیش۔ کچھ تانگوں پر کچھ موٹر پر اسی طرح روپیہ اڑ جاتا

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہے۔" اس کے طعنے کی پرواہ نہ کر کے ٹیلر نے خود سے کہا۔

کھانا کچھ مسونا رہا۔ ٹیلر پر بڑا احساس اور خاموش سا ہو گیا شمن کو بڑی خوشی ہوئی۔ کمبخت ملٹریٹ کرنے کی کوشش میں اسے یہاں لایا ہے۔ ہوٹل سے وہ سیدھا اُسے گھر پہنچا گیا۔ البیلا رات گئے۔ جب وہ سو گئی تب آئی۔

دوسرے دن صبح ہی صبح جب وہ ڈرائنگ روم میں گئی تو دیکھا ٹیلر بیٹھا ایلما کو اپنی البم دکھا رہا ہے۔ معمولی صاحب سلامت ہو گئی۔ جب ایلما دیکھ چکی تو اس نے البم شمن کو پکڑا دی اور خود چائے لانے چل دی۔

معلوم ہوتا تھا البم انہیں کونے میں شہر کے شہر دبے ہیں۔

"بم! بم!" اس کے دماغ میں گونجا۔ کتنا لطف آئے یہ کھلونے ذرہ ذرہ ہو کر اڑ جائیں۔ پر ہندوستان کا تو یہ بم بھی کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ کچی مٹی کا ہیلنہ جیر کر کیا لطف لیا جا سکتا ہے! وہ تو انہیں گرم گرم نوالوں کی طرح نگل جائے گی۔ پر یہ عظیم الشان سر بفلک عمارتیں کیوں نہ لرزیں بموں کے خوف سے؟

"تم ان عمارتوں کے لیے خود لڑ رہے ہو پر ہمیں بھی بارود کی جگہ چبھو نکتے رہے ہو" اس نے انتہائی زہریلے انداز سے کہا کہ ٹیلر جو پُر شوق نگاہوں سے تصویروں کو دیکھ رہا تھا، کھسیانا ہو گیا اور اس کا منہ اُتر گیا۔

"اوہ!" شمن کو اپنی کم ظرفی پر شرم آ گئی "کتنی عجیب انسان ہوں میں تو تمہیں اپنے کیمرے کی چالاکیاں دکھا رہا ہوں اور تم سیاست کو لے بیٹھیں..." وہ روٹھ کر کھڑکی میں جا کھڑا ہوا۔

"سچ کہا تھا میرے ایک ہندوستانی دوست نے کہ، اگر مغرب مشرق سے دوستانہ معانقہ کرنا چاہے تو وہ اسے زنا سمجھ کر پرے جھٹک دے گا" وہ آہستہ سے مڑ کر بولا۔ "کل سے میں برابر تمہاری جلی کٹی باتوں کو ٹالنے کی کوشش کر رہا ہوں مگر توبہ ہے۔ کیا تم سب ہندوستانی اسی ذہنیت کے مالک ہو؟ اگر ایسا ہے تو تمہارا مرض لاعلاج ہے۔ ہر بار تم ہاتھ مار کر دوا گرا دیتے ہو اور پھر واویلا مچاتے ہو۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"یہ کرپس کی دوا پینے سے تو بہتر ہے ہم بیمار ہی رہیں!"

"مگر یہاں کرپس کہاں ہے۔ تم سے سیاست کون بیوقوف پوچھ رہا ہے۔ تم سمجھتی ہو کہ تمہیں سیاست سے لگاؤ ہے۔ اس لیے ایسی باتیں کر رہی ہو۔ یہ غلطی ہے بس۔ سیاست کو تم بالکل نہیں سمجھتیں۔ بس دوسروں پر الزام دے کر نتیجے نکالنا۔ یہ کہاں کا انصاف ہے۔ مانا کہ انگریز تمہیں بھیڑ بکری سمجھتے ہیں۔ آپس میں لڑاتے ہیں مگر تم کیوں اتنے احمق ہو جو لڑ پڑتے ہو۔ معلوم ہوتا ہے ابھی سو دو سو سال تمہیں اور غلامی کی زنجیریں گھسیٹنا پڑیں گی۔ بیوقوف ہے وہ حکومت جو تمہیں آزاد کر دے، دشمن ہے وہ تمہاری، کیونکہ تم آزاد رہنے کے قابل نہیں۔ اپنی حفاظت کرنا تمہیں نہ آیا ہے نہ کبھی آئے گا۔ تاریخ کے صفحے الٹو اور مجھے دکھاؤ کہ کہاں، کس موقعے پر تم نے اکیلے دشمن کا مقابلہ کیا ہے۔ آج اگر یہ چلے جائیں تو دوسرے آجائیں گے۔ نئے سرے سے ہاتھ پھیلا کر کھڑا ہونا پڑے گا۔"

"ایسا ملا بھی بہت ہے جو چھین لینے کی دھمکی دیتے ہو۔"

"ارے بھئی میرے بس میں ہوتا تو کیا کچھ نہ کچھ دے دیتا۔" ٹیلر نے بات کا رخ بدل کر شرارت سے کہا۔

"بس دیکھ لیا۔ تم سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہو۔ وہ آزادی بھی دیکھی جو امریکہ نے نیگرو کو دے رکھی ہے۔"

"میں بتاؤں ایک ترکیب، تم سیاست میں ٹانگ نہ اڑاؤ۔ یہ کھیل نہیں کہ سنی سنائی رائے پر یقین کر کے میدان میں کود پڑو۔ سخت مطالعہ کی ضرورت ہے اور میں شرط بدتا ہوں دنیا کی کوئی عورت سنجیدگی سے مطالعہ کر ہی نہیں سکتی۔"

"اور میری رائے میں عورت سے بڑا سیاست دان کوئی نہیں۔ وہ جو گھر پر حکومت کر سکتی ہے ملک میں بھی راج کر سکتی ہے۔ تمہارے خیال میں تمہارے نسوانی حربے، جن کی بدولت عورتیں مردوں کی کمائی، شخصیت یہاں تک کہ تخیل تک کو غصب کر لیتی ہیں، کوئی اہمیت ہی نہیں رکھتے؟"

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"غلط، بالکل غلط۔ کوئی عورت ہماری کمائی زبردستی نہیں چھین سکتی ہم جیسے جی چاہتا ہے خود خرچ کرتے ہیں۔ وہی شخصیت تو وہ عورت کی عقل سے بالاتر شے ہے۔ ہاں تخیل کی ملکہ وہ ضرور ہے مگر صرف ہماری دماغی عیاشی کے لیے۔"

"بڑے لطیف مغالطے ہیں۔ اچھا ہے آپ لوگ انہیں میں مبتلا ہیں۔ جب ہی تو کمال ہے کہ بیوقوف بنے انسان اور اپنے آپ کو عقلمند سمجھتا رہے۔" سیاست سے ہٹ کر گفتگو نے زندگی کے رومانی دائرے میں قدم رکھ دیا۔

"کہا تو میں نے جہاں تک دل کی حکومت کا پھیلاؤ ہے تمہارا ہی ڈنکا بجتا ہے۔" ٹیلر نے ایسے واضح طور پر شمن کی طرف اشارہ کیا کہ وہ ہنس پڑی۔

"اور دل کی سلطنت کا پھیلاؤ چادر کی وسعت کو دیکھ کر محدود کیا جاتا ہے یا مشرق مغرب..."

"دل کی حکومت سمتوں کی پابند نہیں۔ اُس کے لیے مشرق بھی اتنا ہی حسین اور روشن ہے جتنا مغرب!" ٹیلر کی آنکھوں کی شرارت بڑھی اور شمن نے غور کیا کہ اس کی آنکھیں اتنی نیلی نہیں اور بھوؤں کی جگہ بھی خاصے گھنے بال ہیں۔

اتنے میں الیما چائے لے کر آ گئی۔ آج وہ کچھ بے چین سی نظر آ رہی تھی۔ اُسے بار بار کسی کے انتظار میں خاموش ہو کر پیروں کی چاپ سنتے دیکھ کر ٹیلر نے چھیڑا۔

"بڑا احمق ہے!" ٹیلر نے گھڑی دیکھتے ہوئے کہا۔

"کون؟" الیما چونک پڑی۔

"پروفیسر!"

الیما جھینپ گئی۔ شمن نے دیکھا کہ یہ رنگین نسوانی جذبہ اُس کے چہرے کو نرمی اور شیرینی سے منور بنا گیا۔ وہ کرخت اور خشک الیما گویا موسمِ بہار کی آمد سے شگفتہ ہوتی جا رہی تھی۔ وہ اُس کی باغیانہ آنکھیں ایک اطمینان بھری امید میں ڈوبی ہوئی پہلے سے زیادہ بڑی اور جاندار معلوم ہوتی تھیں جیسے کسی نے پھونک مار کر ان پر سے برسوں کی پڑی ہوئی گرد جھاڑ دی ہو۔ اتنے میں پروفیسر لمبے لمبے ڈگ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بھرتے آن پہنچے۔ اُن کی زرد پیشانی ڈھلے ہوئے شیشے کی طرح چمک رہی تھی۔

" ہم لوگ دہلی جارہے ہیں " انہوں نے بچوں کی طرح کہا۔

" مبارک ہو " شمن نے جوش سے پروفیسر کا ہاتھ جھٹکا۔

" ایں ؟ " شمن بے وقوفوں کی طرح دیکھتی رہی۔

پھر ایلیما نے اُسے بتایا کہ آخر کو پروفیسر نے اُسے اُس تاریک بل سے کھینچ ہی نکالا جس میں وہ خوف زدہ ہو کر جا چھپی تھی۔ ان کی دوستانہ ہمدردی نے اُسے مجبور کر دیا کہ وہ اپنی پریشانیوں کا تھوڑا سا بوجھ اُن کے کاندھوں تک پھیلا دے۔ پروفیسر ابتدائی تعلیم پر ریسرچ کر رہے تھے۔ انہیں ویسے بھی اپنی سکیم کو عمل میں لانے کے لیے ایک مددگار کی ضرورت تھی۔ ویسے اگر کوئی کہتا کہ ان کی نجی زندگی میں ایلیما کا وجود کارآمد ثابت ہو سکتا تھا تو یہ بات مشکل سے یقین آتی۔ پروفیسر کچھ عجیب گھریلو انسان تھا۔ خود وہ اپنے وجود میں کہیں نمایاں نظر نہ آتا تھا۔ شاید وہ ان کتابوں کی دیکھ بھال کے لیے ایلیما کو مفید سمجھتا ہو جو اُسے اپنے جسم سے زیادہ عزیز تھیں۔ یہ ایلیما کا کہنا تھا۔

" میں عرصے سے تمہاری ضرورت محسوس کرتا ہوں " پروفیسر نے صرف اتنی بات کو بار بار دہرایا، " اور یہ ضرورت اسی طرح محسوس ہوتی رہے گی جب تک کہ اُسے پورا نہ کیا جائے گا۔ "

" میں اُس کے اطمینان اور سکون سے تھوڑا سا حصہ اپنے لیے چرا لوں گی اور وہ مجھے زندہ رکھنے کے لیے کافی ہو گا۔ " ایلیما نے کہا۔

شمن کے جانے کے سوال کو ایلیما نے ایک سرے سے سنا ہی نہیں۔

" تم چاہتی ہو میں نہ جاؤں " وہ منہ بنا کر بولی۔

" نہیں بھئی۔ یہ کیسے کہہ سکتی ہوں ۔۔۔ مگر ۔۔۔۔۔ "

" تو اتنے دن گھر کی دیکھ بھال تمہارے سپرد! " ایلیما نے بات کاٹ کر کہا۔

" ذرا اوجی کو دن دن بھر اشمت کھیلنے دینا، اور آس پاس کے غنڈوں کو جمع

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سنہ کرنے پائے۔ پچھلی دفعہ میں ایک دن کو گئی، رات کو لوٹی تو جو سے خانہ بنا ہوا تھا گھر۔۔۔" ایلیا نے بات کو سلجھایا۔

"مگر ایلیا آخر مجھے جانا تو ہے ہی"۔ وہ ڈری کہ ایلیا منزل کا نشان نہ پوچھ بیٹھے۔

"تو پندرہ دن میں گھس نہیں جاؤ گی۔"

"مجھے نوکری کے لیے بھی تو کوشش کرنا ہے۔"

"ہاں ہاں کر لینا۔ ذرا پہلے چل کر سامان تو درست کروا دو۔"

"پروفیسر کہہ رہا تھا کہ۔۔۔" پھر طرح سے بکتے بکتے۔ ایلیا ایک دم کچھ کہتے کہتے رک گئی۔

"کیا؟ کہو نا، رک کیوں گئی ہو۔"

"اوہو شرم آ رہی ہے۔"

"ہشت، میری بات تھوڑی ہے۔ وہ تو ٹیلر کو کہہ رہا تھا۔" شمن کے کان کھڑے ہو گئے۔

"کیا؟"

"کہ۔۔۔کہ۔۔۔ اچھا آدمی ہے ٹیلر۔ ہے نا؟ مجھے تو وہ انگریز لگتا ہی نہیں۔۔۔"

"ہاں۔۔۔ وہ آئرش ہے۔۔۔ مگر یہ کیسے کہ وہ لگتا نہیں؟"

"اس کی باتوں سے۔ شمن اگر ہم ایسے انگریزوں سے بھی ملیں تو ان سے نفرت نہ کر سکیں۔"

"ایسے سے تمہارا کیا مطلب ہے؟"

"ایسے سے میرا مطلب جیسا ٹیلر ہے۔"

"بڑی گدھی ہو۔۔۔"

"او نہہ، خوبصورت۔ تم خود کہتی ہو کہ وہ اور سفید چمڑی والوں سے مختلف ہے۔"

"مختلف ہو سکتا ہے۔ مگر یہ خصوصیت اُن کی جبلت پر اثر نہیں ڈالتی۔ بہت سے سانپ کاٹتے نہیں مگر نگل جاتے ہیں۔ رشتہ تو پھر بھی سانپ ہے۔"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ارے تو نگل ہی گیا آخر" ایلما بڑے زور سے ہنسی۔

"پاگل ہو گئی نا۔ ارے چل وہ مجھے کیا نگلے گا"

"مگر تو اُسے ضرور نگل گئی۔ پروفیسر کہہ رہا تھا کہ۔۔۔۔"

"لعنت بھیجو پروفیسر پر کہ۔۔۔ کہ۔۔۔ اس کے سوا کچھ نہیں کہتا۔۔۔ وہ کہ"

"تمہیں جیسے کچھ نہیں معلوم؟ ہُنہ، مجھ سے بنتی ہو۔ ڈرائنگ روم میں وہ کوئی چپکے چپکے تو بول نہیں رہا تھا"

"ارے وہ تو مذاق کر رہا تھا"

"میں اُسے تین سال سے جانتی ہوں۔ وہ ایسے مذاق کرنے کا عادی نہیں۔ عجیب انسان ہے۔ جبر بھی اس میں بات ہی کیا ہے۔ وہ تمہیں پسند کرتا ہے تو اس میں گناہ کون سا ہے"

"گناہ کیوں ہوتا۔ سچ بتا نا ایلما کیا تمہیں پسند ہے وہ؟"

"ٹیلر؟ حد سے زیادہ"

"ٹیلر کی خصوصیت سے بات نہیں کر رہی ہوں، دراصل مجھے تو اس سفید چمڑی سے ہی گھن آتی ہے"

"سفید چمڑی میں اگر سرخ دل ہو تو؟"

"ہوا کرے۔ وہ ہم کالوں کے مذاق سے بہت مختلف ہے"

"وہ اتنا بندر جیسا تو سفید ہے بھی نہیں۔ ہمارے یہاں اُس سے کہیں گورے آدمی ہوتے ہیں مگر اُن سے ہمیں گھن نہیں آتی پھر آخر اس میں کیا بات ہے؟"

"خیالات۔ ہمارے دل نے ان سب یورپ والوں کو بھوت بنا کر نفرت شروع کر دی ہے۔ ذرا بند کر دالو صندوق، کپڑے بہت ٹھنس گئے"

دونوں مل کر صندوق بند کرنے لگیں۔ ایلما بڑے جوش و خروش سے سامان باندھ رہی تھی۔ آزاد چڑیا کی طرح دھیمی آواز میں کوئی ہلکا پھلکا راگ گنگنانے لگتی اور پھر کسی سوچ میں ڈوب جاتی۔ شاید ماضی بار بار اُسے کچوکے دینے کے لیے ابھر آتا تھا جیسے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

وہ اپنی قوت ارادی سے دور جھٹک پھینکتی۔

صبح ہی صبح ٹیلر بلڈی کا ٹرک لے کر آن پہنچا۔ مزدوروں کی طرح سامان بھرتا رہا۔ جب چائے پینے بیٹھا تو اُس نے بتایا کہ دو روز بعد وہ بھی روانہ ہونے والا ہے۔ وہ کچھ غمگین تھا لیکن اُس سے زیادہ وہ دیکھ رہا تھا کہ شمن نے بھی یہ بات سنی کہ نہیں۔

"سنا شمن، ٹیلر بھی جا رہے ہیں" ایلما نے شمن کو ٹلتے دیکھ کر نہایت بھدّے پن سے کہا۔

"اوہو... چہ، بڑا افسوس ہے" شمن نے بڑے تپاک سے کہا۔

"مہربانی ہے اس قدر صدمہ لوگوں کو نہ پہنچاؤ ایلما" ٹیلر نے طعن سے کہا اور شمن بھی تکلف سے مسکرا دی۔

"کبھی دیر نہ ہو جائے" پروفیسر بڑے بڑے چائے کے گھونٹ پینے لگے۔

"اچھا خدا حافظ۔ شاید پھر ہم نہ مل سکیں" ٹیلر نے بڑے تکلف سے کہا اور مصافحہ کے لیے ہاتھ بڑھا دیا۔

"بنو مت ٹیلر" ایلما نے جل کر کہا۔

"مگر ہم پرسوں جا رہے تھے" اس نے مصافحے کے لیے پھیلے ہوئے ہاتھ کو دیکھا اور بڑی معصومیت سے نمکدانی پیش کر دی۔

"شکریہ..." اُس نے بگڑ کر ہاتھ جیب میں ڈال لیا۔

"ارے میں بھی تم سے نمک مانگا!"

"زخموں پر نمک... خوب خوب... بھئی واہ" پروفیسر نے قہقہہ لگایا۔

"واقعی تم میں کسی نمک کی ضرور کمی ہے۔ بد مذاق ہو ٹیلر" ایلما نے اٹھتے ہوئے اُس کا کندھا ہلا کر کہا۔

ایلما کی گاڑی روانہ ہو گئی تو ٹیلر نہایت خاموش موٹر چلاتا رہا۔ معلوم ہوتا تھا وہ بڑی تندہی سے اُسے گھر پہنچانا چاہتا ہے مگر موٹر کی رفتار ضرورت سے زیادہ ہلکی تھی۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

"کہاں جا رہے ہو؟"

"پونا" منہ موڑے موڑے جواب دیا۔

"اچھی جگہ ہے؟"

"بہت، جنت ارضی" ٹیلر نے جل کر کہا۔

"بہت خوش نصیب ہو"

"شکریہ!"

"کیا پرانا دل ختم ہو گیا" شمن نے موٹر کی سستی کو ٹوکا اور ایک دم سے ٹیلر نے اسپیڈ اتنی بڑھا دی کہ معلوم ہوا موٹر الٹ گئی۔

"آخر مطلب کیا ہے؟" شمن نے زبردستی غصے ہونے کی کوشش کی۔

"یہ کہ ہم انسان نہیں۔ پتھر کے ٹکڑے ہیں۔ چند بھیڑیوں کی خود غرضی اور مکاری نے پوری قوم کے منہ پر کالک مل دی اور اس حد تک کہ اب کوئی کوشش اسے نہیں مٹا سکتی۔"

"کچھ نوان بھیڑیوں نے ایسا دماغی دکھ پہنچایا ہے جس نے اس حد کو پہنچا دیا"

"مانتا ہوں... مگر عقل بھی تو کوئی چیز ہے"

"دودھ کا جلا چھاچھ کو پھونک پھونک کر پیتا ہے" شمن نے بمشکل اسے سمجھایا۔

"تو کیا واقعی تمہارے دل سے میرے لیے نفرت نہیں مٹ سکتی" ٹیلر نے بڑی نرمی سے کہا۔

"نفرت تو نہیں ہے مجھے" شمن نے جیسے خود کو بتایا۔

"تو پھر تم صرف مجھے جلانا چاہتی ہو" وہ مسکرا دیا، "جی چاہتا ہے اسی بات پر موٹر لڑا دوں کسی پیڑ سے" اس نے موٹر کی رفتار دھیمی کر دی۔

"ہمارے دل دکھے ہوئے ہیں"

"خصوصاً اس اگست کے واقعے کے بعد سے" ٹیلر نے بڑی ہمدردی سے کہا۔

"تم بھی یہ سوچتے ہو کہ یہ سب فساد کانگرس نے کروائے..."

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ہاں، اور کانگریس قابل مبارکباد ہے۔" شمن پھر بے اعتباری سے بھڑکی، "نہتے مجبور اور بیٹھنے گروہ سے اتنا پُرجوش اظہار ایک معجزہ سا معلوم ہوتا ہے۔ لاٹھیاں بھی تو لوپڑی ہی نہیں۔۔۔"

"تو تمہارے خیال میں یہ بیوقوفی نہ تھی۔"

"آزادی سے محبت رکھنا اگر بیوقوفی ہے تو اس کے پانے کے لئے جدوجہد کرنا بھی بیوقوفی ہے۔"

"مگر حماقت تو تھی۔ اس طرح اودھم مچا دینے اور بے موت مرنے سے آزادی نہیں ملا کرتی۔" وہ اس سے جواب مانگنا چاہتی تھی۔

"آزادی کی دیوی بھینٹ چاہتی ہے اور اگر اسے رام کرنا ہے تو ایسی ایسی لاکھوں قربانیاں کرنی ہوں گی۔ جو کچھ ان سر پھرے جوشیلے بچوں نے کیا وہ واقعی بہت معمولی نظر آتا ہے کیونکہ جو کچھ ہوا بے ترتیبی سے اور بدانتظامی سے ہوا۔ اگر یہی قربانی باقاعدہ دی جاتی تو آزادی کے میدان کا تھوڑا بہت حصہ ضرور ہاتھ آ جاتا۔"

"مگر یہ گاندھی جیسے لیڈر بھلا ہمیں جنگ آزادی میں کیا رہنمائی کریں گے؟ اہنسا! اتنے کہیں اہنسا سے بھی ملک بیٹھنے گئے ہیں۔" وہ خود اپنی مخالفت کرنے لگی۔

"گاندھی نہیں اگر اس وقت چنگیز خاں بھی ہوتا، ایسے کہ ہاتھ میں تنکا نہیں، تو وہ کیا کر لیتا؟ دیکھا نہیں تم نے، کچھ نہ کرنے پر تو یہ سزا ملی اور کہیں ہاتھ بھی ہلا دیتے تو صاف انہیں موت کے گھاٹ اتار دیا جاتا۔"

"مگر یہ ہیں بھی کس کام کے یہ لیڈر، کچھ کیا ہے انہوں نے آج تک؟ بلا سے، مر جائیں تو سچے لیڈر پیدا ہوں۔"

"لیڈر انڈا پھوڑ کر نہیں نکل آتے۔ اگرچہ تمہارے یہ لیڈر کچھ نہیں کر رہے مگر پھر بھی ان کی خاموش ضد عوام کے جی میں ڈھارس بندھائے ہوئے ہے۔ آزادی کی خواہش نہیں مری گو حیلے بازی جانے سے بہت کچھ عوام پر سے ان کا بھروسہ اٹھ گیا۔ بہت سے ناامید ہو کر منکر ہو گئے، چڑھ کر گر پڑ بیٹھے مگر پھر بھی ایک زمانہ آئے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

گا جب وہ محسوس کریں گے کہ ہمارے لیڈر مفضول نہیں بلکہ مجبور تھے۔"

"تو پھر یہ جیل میں گئے ہی کیوں؟ کیا قوم کی خدمت کی؟" شمن نے بچوں کی طرح پوچھا۔

"بہت بڑی خدمت۔ جو کچھ وہ زبان سے نہ کہہ سکتے تھے ڈرامے کے ذریعے دکھا دیا۔"

"ایں؟" شمن نے بیوقوفوں کی طرح پوچھا۔

"کہ ظالم جب ضد پر آجاتے ہیں تو وہ کیا نہیں کرتے۔ وہ انفرت جو ان کے اس فعل سے اس وقت عوام کے دل میں پیدا ہوگئی ہے اسے کوئی مہربانی، کوئی رعایت، دور نہیں کر سکتی۔ اگر اس وقت حکومت تمہارے اوپر یہ مظالم نہ کرتی تو تم اس کے ضرور گن گاتے رہتے اور آزادی کی وہ لگن جو آنے والی نوجوانوں کے دل کو لگے گی وہ ایک ایسی چیز ہوگی کہ۔۔۔ ارے ہم کدھر نکل آئے؟ ٹھیرو کار موڑنے دو۔۔۔"

ٹیلر نے اسے گھر پر اتار دیا اور شام کو آنے کا وعدہ دے کر چلا گیا۔ ابھی دھوپ کافی تھی جو بیرے نے آکر کہا کہ وہ آ گیا۔

"ارے اتنی جلدی؟" وہ ہلکے سفید کپڑے پہنے ہوئے تھا۔ آنکھوں سے معلوم ہوتا تھا کہ بخار ہے۔ "بخار ہے کیا؟"

"شاید یہاں ہر وقت بخار کا ہی لطف آتا رہتا ہے۔ چلو جلدی، پلو پکچر دیکھیں گے۔ اور وہ۔۔۔ وہ لگا اپنا سرخ لونڈا۔" اس نے ابروؤں کے بیچ میں انگلی رکھ کر کہا۔

"اچھا بندی؟"

"ہاں ہاں!" اس نے زور زور سے سر کو جھٹکا۔

"کیوں؟"

"اچھی لگتی ہے۔" اس کی سرخ تھکی ہوئی آنکھیں ہنستے میں بالکل غائب ہوگئیں اور دانت چمک اٹھے۔

بجائے پکچر جانے کے وہ ہوٹل میں بیٹھے کافی پیتے رہے۔ ٹیلر نے بتایا کہ اس کی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

منگیتر جسے چھوڑتے وقت اس کا دل ٹوٹ گیا تھا، اُسے یک لخت بھول گئی۔

"اُس نے میرے خطوں کا جواب بھی دینا بند کر دیا۔" اُس نے افسردگی سے کہا، "ہم یہاں میدانِ جنگ میں وطن سے دُور اپنی ان کی یاد میں زندگی کی گھڑیاں گزار رہے ہیں اور وہ جھوٹ موٹ کو بھی ہمارا دل رکھنے کی کوشش نہیں کرتیں۔"

"کوئی گھڑی، کوئی لمحہ ایسا نہیں گزرتا جب وہ ہمارے خیالوں سے دور رہتی ہوں مگر۔ ۔ یہ بے وفا، عیش کی متوالیاں ہمیں انسان ہی نہیں سمجھتیں۔" شمن خاموش سنتی رہی۔

"تمہیں اب بھی اس لڑکی سے محبت ہے۔" اُس نے نرمی سے پوچھا۔

"محبت یک طرفہ نہیں ہوتی، یوں تو مجھے لفظ لڑکی سے ہی شدید محبت ہے۔"

وہ پھر شرارت سے مسکرایا، "گزشتہ چند سالوں نے اور بھی کمزور بنا دیا ہے . . . . ."

گھنٹوں بک بک کر کے جی ذرا ہلکا ہو گیا۔ پھر وہ اپنے بچپن اور اپنی ماں کی باتیں بتاتا رہا۔ اُسے اپنی ماں سے بڑی محبت تھی اور بہن کو پیار بھری ملامتیں بھیجنے میں لطف آتا تھا۔ وہ بہت شریر مگر پیاری تھی۔ ہزاروں لڑکے لگا رکھے تھے اور ٹیلر کو بدھو سمجھتی تھی کیونکہ وہ ہمیشہ کا جھینپو تھا۔

دوسرے دن ٹیلر اتنی صبح آیا کہ شمن کو اُسے گھنٹہ بھر بٹھائے رکھنا پڑا۔ نہا دھو کر جب وہ باہر نکلی تو وہ لان پر چائے کی کشتی کے قریب لیٹا ہوا تھا۔

"میں خدا حافظ کہنے آیا ہوں۔ کل صبح جا رہا ہوں۔"

"خدا حافظ!" شمن نے جواب دیا۔

"اوہ . . . بس تمہیں اتنا ہی کہنا ہے۔" وہ اُٹھ کر بیٹھ گیا، "یہ بھی پوچھنے کی تکلیف گوارا نہیں کی کہاں جا رہا ہوں۔ ویسے نہیں تو رسماً ہی سہی۔"

"مجھے رسم و راہ بڑھانے کی ضرورت ہے؟"

"ہوں ٹھیک کہتی ہو۔" وہ گھاس پر ہاتھ ٹیک کر، اُداسی سے بولا۔

"رات کو سائیکل پر چلیں۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"رات کو؟ بھئی مجھے رات سے ڈر لگتا ہے۔" اُسے برا مانتے دیکھ کر جلدی سے بولی،
"اگر تمہیں شام کو فرصت ہو تو چلو گھوم آئیں۔"
"سنو، باورچی سے کوئی مزےدار کھانا منگواؤ، گرمی نے زبان بھی توبیٔن کر دی ہے۔"
"مرچیں کھاؤ گے؟"
"ہاں۔" اُس نے سر ہلایا اور زور سے آنکھیں ہتھیلیوں سے بھینچنے لگا۔
"کیا سوئے نہیں رات بھر؟"
"نہیں۔" وہ روٹھ کر بولا، "نہ جانے کیا ہو گیا ہے؟ میں مانتا ہوں کہ تم مجھے پسند ہو لیکن... میں اسے محبت نہیں بلکہ کوئی سخت بے رحم اور تکلیف دہ مرض کہوں گا۔"
"معلوم ہوتا ہے لو لگ گئی۔" شمن بات ٹالنے کو زور سے ہنسی۔
"کیا ایسی کوئی بیماری ہے ہندوستان میں، جس میں شدید ترین محبت وبالِ جان بن جائے؟"
"ہاں، لو کی طرح یہاں عشق کی لو بھی چلتی ہے۔ مگر آج کل نہیں۔ وہ برسات کے دنوں میں جب کالی گھٹائیں گھر کر آتی ہیں، کوئلیں کوکتی ہیں اور پپیہے شور مچاتے ہیں۔"
"تو پھر مجھے خزاں کا کوئی مرض لگ گیا ہوگا۔"
"ہو سکتا ہے۔ کافی خطرناک مرض ہے۔ تم بھوتوں میں یقین کرتے ہو؟"
"میں؟ ہشت! تم بھی نہیں کرتیں مگر یہاں بہت سی ایسی جگہیں ہیں جہاں صرف بھوت رہتے ہیں۔ تم نے وہ مرگھٹ دیکھا ہے! وہاں کھوئے ہوئے انسانوں کی روحیں صدیوں سے بھٹک رہی ہیں۔ ہڈیوں کے ڈھیر رات کو جاگ اٹھتے ہیں اور مر کر نہ جانے والے کے سر پر سوار ہو جاتے ہیں۔"
"کسی کا روپ بھر کر، مثلاً تمہارے روپ میں!"
"ہاں۔" دونوں ہنس پڑے۔
"اگر میں تم سے شادی کے لیے کہوں تو؟"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"تو؟ تو... ارے تم نے جو ابھی مرچوں دار کھانا منگوانے کو کہا تھا... منگوا دوں؟"
اُس نے چاہا مذاق اڑا سکے۔
"میں سوچتا ہوں ہم اور تم مل کر انسانیت کے لیے بہت کچھ کر سکتے ہیں" اُس نے پوری سنجیدگی سے کہا۔
"مگر اس کے لیے شادی ضروری ہے؟" اُسے سنجیدہ ہونا پڑا۔
"ایں؟ ہمیں نہیں معلوم، مگر نہ جانے کیوں میرا خیال ہے کہ ویسے ہم دونوں ساتھ نہیں رہ سکتے۔ تمہیں مجھ سے محبت نہیں، کیوں؟"
"جھوٹ بولنے سے کیا فائدہ۔ میں ہندوستانی ہوں اور یہاں کے موسم کی عادی ہوں، مجھے لو بھی نہیں لگی۔"
"یعنی مت، تم محبت نہیں کر سکتیں کیونکہ میں سفید ہوں۔"
"ہمارے ملک میں تم سے بھی زیادہ سفید انسان ہیں، ہم اُن سے بھی محبت کرتے ہیں اور شادی بھی۔"
"تو اگر مجھ سے شادی کر لو تو بعد میں محبت کر سکو گی، میرا مطلب ہے اگر کوشش کرو تو؟"
"مستقبل کے بارے میں پیشین گوئی کرنا نہیں آتی۔"
"تم میں اتنی ہمت ہے کہ مجھ سے شادی کر لو؟"
"کہہ نہیں سکتی۔"
اتنے میں باورچی پھلکیاں اور چٹنی لیکر آ گیا۔ ٹیلر نے ڈھیر ڈھیر سی چٹنی لگا کر تیزی سے کھانا شروع کیں۔ مارے مرچوں کے ناک آنکھ سے پانی بہ نکلا اور منہ کچے گوشت کی طرح لال بھبوکا ہو گیا۔
"تمہارے سوال کا جواب مل گیا؟"
"ایں؟" وہ بچوں کی طرح ناک پونچھ کر بولا۔
"یہ مرچیں کیا کہتی ہیں؟"
"کہتی ہیں... کہ تم... تم بیوقوف ہو شمیم" اُس نے پہلی دفعہ اُس کا نام لیا، وہ

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بھی چنگھاڑ کر۔

"اتنا بڑا ہو کے بھی ڈرتی ہو؟" اس نے طعن سے پوچھا۔

"ہوا!" شمن کا دل نامعلوم مسرت سے چونکا، "زندگی کا لطف اونچے اونچے داؤں لگانے میں ہے" اس نے جیسے خواب میں دہرایا۔

"ہمت ہے اتنی؟" وہ جھک کر اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا۔

"ہمت تو کچھ ایسی مہنگی چیز نہیں مگر تم یہ سٹہ کیوں لگا رہے ہو؟"

"میرے لیے یہ سٹہ نہیں۔ مجھے ہندوستان سے لگاؤ ہے۔ شکست زخمی دیکھ کر میرا دل دکھ رہا ہے۔ مجھے وہ دنیا کا ایک عضو نظر آ رہا ہے۔ اسی دنیا کا ایک ٹکڑا جو میری ہے"

"زندگی کی طرف سے تمہارا رویہ بھی صرف شاعرانہ ہے۔ تم جانتے ہو یہ سٹہ ہے مگر اس کے نتیجے کا خوف ابھی سے تمہارے خون کی حرکت تیز کیے دے رہا ہے۔ اس خوف میں بڑی لذت ہے، مگر تمہیں اس لذت کا بھید کہاں سے پڑا یہ" شمن نہ جانے کہاں سے کہاں پہنچ گئی۔ دور الہ آباد کے کیمپ میں تنہا اس نے خونی وعدہ کیا تھا۔ اس کی لذت اب تک اس کے دماغ میں محفوظ تھی۔

"تم میری فکر نہ کرو۔"

"میں نہ کروں گی تم خود ہی کر لو گے، تم پچھتاؤ گے۔"

"میں؟"

"ہاں... اور ابھی یہاں سے جا کر تم اپنی ہر بات کو یاد کر کے شرمندہ ہو گے۔ یہ نشہ زیادہ دیر قائم نہیں رہے گا۔"

"کیسا نشہ؟"

"خود فریبی کا نشہ، کہ یہ تم عجیب و غریب باتیں کر رہے ہو۔ میں ہندوستانی تم..."

"چپ رہو۔ میں تمہارے اور اپنے درمیان کسی دنیا کو نہیں لانا چاہتا۔ ایک

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

خیال ہے اور وہ یہ کہ میں اور تم قریب تر ہو جائیں۔ میری ماں بڑی اچھی ہیں، وہ بہت خوش ہوں گی۔" وہ ایک دم چہک کر بولا، "ہم ساتھ ساتھ سارے یورپ کا سفر کریں گے... اوہ... کتنا لطف آئے گا۔ یہ کمبخت لڑائی ختم ہو جائے گی، میں پھر سے اپنی پڑھائی شروع کر دوں گا۔ تم بھی وہاں کوئی ڈگری لے لینا۔ پھر ہم دونوں ہندوستان آ کر..."

"ارے بڑے تیز ہوا باز ہو، دم بھر کی سیر کر کے لوٹ بھی آئے۔"

شمن زور سے ہنسی اور ٹیلر بھی کھلکھلا اٹھا۔

"چلو ذرا باہر چلیں نا۔" اس نے ہاتھ پکڑ کر اسے گھسیٹا۔ وہ ننھے بچّوں کی طرح وہ قہقہے لگاتے دیوانوں جیسی باتیں کرتے دور تک نکل گئے۔

"تم ہاں کہہ دو اور ہم اپنی جنّت میں..." دور سے ایک لاری گزری اور دھول کے جھونکے اس کے ہنستے ہوئے حلق کو گھونٹ گئے۔ بات ادھوری چھوڑ کر وہ شمن کے کندھے کا سہارا لے کر کھانسنے لگا۔ مسافر اس عجیب و غریب جوڑے کو آنکھوں میں جذب کرنے کے لیے لاری میں سے لٹک لٹک کر جھانکنے لگے۔

"دیکھا تم نے؟" شمن نے تلخی سے کہا۔

"میں ان کتوں کی پروا نہیں کر سکتا، میں کسی کی پروا نہیں کرتا۔" وہ بھی جھلا کر بولا۔

کمرے میں پہنچی تو وہ سارے قہقہے جو تھوڑی دیر قبل شگوفوں کی طرح دل میں پھوٹ رہے تھے یک لخت مرجھا گئے، جیسے کسی نے بٹن دبا کر بجلی غائب کر دی۔ وہ خاموش پلنگ پر پاؤں لٹکا کر بیٹھ گئی۔ بار بار اس کے شانے میں کوئی چیز چبھتی جیسے کوئی رگ چڑھ گئی ہو۔

"یہ کیا ہو رہا ہے؟" کسی نے پوچھا۔

"انتہا!" اس نے سہم کر جواب دیا۔

"کوئی راستہ؟"

"ناممکن۔ خضر بھی بھٹک رہے ہیں۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

۴۱۷ بڑھتی بکیر

"علاج؟"

"کوئی نہیں!"

"دعا؟"

"بیکار!"

جلدی سے اُس نے اٹیچی میں دو ساڑیاں ڈالیں۔ کوئی تو گاڑی جا رہی ہو گی کہیں، دنیا کے کسی کونے میں، بس یہاں سے دور۔ سامان پھر آتا رہے گا۔ ویسے ہے ہی کیا سامان خانہ بدوشوں کا؟

"کیا حماقت ہے؟ ایسا بھی کیا خوف؟ ہشت، کیا نگل جائے گا وہ تمہیں؟ کہہ دو صاف صاف دن اور رات کبھی ساتھ نہیں رہ سکتے۔"

اُس نے اٹیچی دور پھینکی، دیر تک الماری کی کتابیں درست کرتی رہی، پھر لیٹ کر سو گئی۔ جب آنکھ کھلی تو کافی اندھیرا ہو چکا تھا۔ بیرے نے آ کر کہا ٹیلر آیا ہے، جلدی سے ساڑھی لپیٹ کر باہر آ گئی۔

"کیا ہے رونی؟"

"ادھر۔ ادھر آ جاؤ۔۔" وہ سہما ہوا اور پریشان تھا۔ چہرہ بہت لمبا اور زرد ہو رہا تھا۔ بار بار سگریٹ جھاڑنے کے بہانے وہ ہاتھوں کی لرزش کو چھپا رہا تھا۔ برآمدے سے نکل کر دونوں گھاس پر پہنچ گئے۔

"میں۔۔۔ میں سوچتا ہوں میں نے ابھی کسی سے ذکر نہیں کیا۔"

"کیا بات ہے؟"

"یہی۔۔۔ یہی۔۔۔" وہ بُری طرح گھبرا گیا۔

"رونی گھبرانے کی کیا بات ہے۔ میں بچہ نہیں اور نہ ہی تم ننھے ہو۔ ہم یہ شادی کیوں کر رہے تھے؟ صرف اس لیے کہ ہم دونوں مل کر بہت کچھ دنیا کے لیے کر سکتے ہیں۔ اس میں محبت کو دخل نہیں۔"

"تمہیں مجھ سے محبت نہیں ہو سکتی۔"

Online Composing Center Chishtian (Mahar, M. Mazhar Kathia) 03037

"میں ... میں آج تک محبّت کو نہیں سمجھ سکی اور اب تو میں نے اس فضول مسئلے پر غور کرنا بھی چھوڑ دیا۔" اُس نے آہستہ سے کہا۔ ٹیلر غور سے اُس کا منہ تکتا رہا۔

"میں تمہیں محبّت کرنا سکھا دوں گا۔" اُس نے شمن کا ہاتھ ہمدردی سے دبا یا۔

"سکھا دو گے؟" وہ زور سے ہنسی۔ اُس کی آواز میں تلخی اور خوف کے ملے جلے ساز بج اٹھے، "محبّت سکھائی نہیں جاتی، یہ ایک احساس ہے جو پیدا ہوتا ہے، پروان چڑھتا ہے اور... اوہ چھوڑو اس قصّے کو... تو دیکھو کوئی ایسی حماقت کرنا کہاں کی عقل مندی ہے۔"

"حماقت کیوں کہتی ہو؟"

"یاد ہے وہ لاری —— جو ہمارے پاس سے گزری تو لوگ ایسے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھ رہے تھے جیسے ہم بندر ہوں مگر انسان بننے کی جرأت کر رہے ہوں۔"

"مگر میں تو ان کی پروا نہیں کرتا۔" وہ دانت پیس کر چیخا۔

"تو تم غلطی کرتے ہو، قدرت سے جنگ کرتے ہو۔"

"مگر یہ ایسی ان ہونی بات تو نہیں۔ ہزاروں سفید لڑکیاں ہندوستان میں مسرت کی زندگی گزار چکی ہیں اور گزار رہی ہیں، کیا وجہ کہ میں اور تم خوش نہ رہیں۔"

"لڑکیوں اور لڑکوں میں بہت فرق ہوتا ہے۔ ایک بار ایک عورت اپنا سب کچھ چھوڑ کر ایک مرد کے ساتھ ہو جاتی ہے تو خواہ اُسے کتنا بھی نیچے اترنا پڑے وہ وہیں اپنا گھر بنا بیٹھتی ہے مگر مرد؟ مرد بڑا نازک مزاج ہوتا ہے۔ ذرا سی بات پر چڑ کر مچل جاتا ہے۔"

"مگر..."

"ہم تم ملے... زندگی کے تجربات میں عظیم الشان... اضافہ ہو گیا۔ سنو تم کل ہی واپس لوٹ جاؤ۔ ارے ہاں، میں نے یہ تو پوچھا ہی نہیں کہاں جا رہے ہو؟"

"واپس پونا.."

"صبح گاڑی جاتی ہے، میں تمہیں خدا حافظ کہنے پہنچ جاؤں گی۔ دیکھو۔ دیکھو ہماری

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دوستی ختم نہ ہو گی۔" اُس نے ٹیلر کو سر سے پکڑ کر گہری سانس بھرتے دیکھ کر سہارا دیا۔

"ہماری دوستی بڑی کارآمد ثابت ہو گی۔ مجھے ہی نہیں پورے ہندوستان کو تم جیسے دوست مل جائیں تو بھاگ کھل جائیں۔"

"تو تم صبح آؤ گی؟ اسٹیشن پر۔" شب بخیر کہنے سے پہلے اُس نے التجا کی۔

"ضرور۔"

سمجھا بجھا کر واپس لوٹی تو معلوم ہوا سر پر لدا ہوا بھاری بوجھ پھینک آئی۔ شمن جی ایک بار رسّی کے دھوکے میں سانپ کو پکڑ کر بیسوا کے مکان پر پہنچ گئے۔ سچ ہے کیا دنیا میں ایسے بھی جذبے موجود ہیں جو ہمیں اس حد تک اندھا بنا سکتے ہیں۔

ہلکی پھلکی غبارے کی طرح مگن وہ پلنگ پر جا پڑی۔ جیسے کسی نے بال و پر کے جھگڑے سے آزاد کر دیا مگر نیند نہ آئی اور ایسا معلوم ہوا کہ غبارے کی ڈوری جڑ سے ٹوٹ کر رہ گئی اور وہ دور خلا میں اڑتا چلا۔ کدھر؟ کہاں؟ ہوا بھی تو نہیں چل رہی کہ کوئی رخ کا اندازہ لگا سکے۔

ایک دم نہ جانے کدھر سے بادل اُمڈے۔ نہ گرجے نہ چمکے بس برس ہی نکلے۔ نہ جانے کب کے گھٹے ہوئے پرنالے بہہ نکلے۔ تکیے میں منہ گھونٹ کر وہ ہچکیاں لیتی ہوئی آنسوؤں کو جذب کرتی رہی۔ اُسے نہیں یاد تھا وہ کب روئی تھی اور آج جیسے پہلی بار ضبط کا چٹیل بند ایک ننھی سی چوٹ سے پھٹ پڑا۔ اس کا رواں رواں بلک بلک کر سسکیاں بھرنے لگا۔ تنہا ہمدم غنودگی نے سر پر ہاتھ پھیرا اور آہیں گہری سانسوں میں ڈوب گئیں۔

صبح اس کی آنکھ بجائے سات کے آٹھ بجے کھلی۔ ایک اطمینان بخش دھکے سے اُسے یاد آیا کہ ٹیلر جا رہا ہو گا۔ ریل کا انجن لمبے لمبے ڈگ بھرتا اس سے دور تر گھسیٹتا لیے جا رہا ہے۔ دم بدم بڑھ رہا ہے اور کچھ ہی دن میں یہ اتنا لامتناہی ہو جائے گا کہ ناپے نہ نپے گا۔

رات کو مچل جانے والی بچی کو ملامت کرتی وہ اُٹھی۔ نیم گرم پانی سے غسل کیا۔ تھکے ہوئے کندھے بھینچ کر اُس نے رہی سہی سستی کو بھی جھٹک دیا۔ بڑی تیز بھوک لگ رہی تھی۔ رات وہ کھانا بھی تو بھول گئی۔ باورچی نے نہ جانے کیا کھانا تھا اور پتہ نہیں

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اُس نے کیا جواب دیا تھا۔ تو یہ کہیں بیرے نے اس کی سسکیاں نہ سن لی ہوں۔ ناشتے کے بعد وہ دیر تک بیٹھی ٹوکری میں سے چلغوزے اور بسکٹ کے ٹکڑے چن چن کر کھاتی رہی۔ اسی ٹوکری میں سے کل اُس نے اور ٹیلر نے لان پر بیٹھ کر ناشتہ کیا تھا۔ کتنا لاپروا تھا ٹیلر! کالر تنگ تھا تو اوپر کا بٹن نکال کر اس نے چیونٹوں کی پڑیا میں گرا دیا تھا۔ نیچے کا حصہ کدھر گیا۔ دو انگلیوں کے سرے سے بٹن کو پکڑے وہ پھراتی رہی اور پھر اُسے اپنے بٹوے کی ننھی سی جیب میں ڈال دیا۔

آج وہ کیا کرے جو یہ لمبا چوڑا دن کٹے؟ معلوم ہوتا تھا ہندوستان کی زمین ہی ختم ہو گئی۔ اور یہ بھی کیا اس کھنڈر میں؟ تو پھر کیا کیا جائے؟ جبر اس وقت تو بازار کا ایک چکر بُرا نہ رہے گا۔

کمرے میں تالہ لگاتے ہوئے اُس کے ہاتھ سے کنجی چھوٹ پڑی! ٹیلر کا بھوت مع اپنی تمام مردنی کے دیوار سے سہارا لیے کھڑا تھا۔

"تم کمبخت اول گئیں اسٹیشن پر نہیں آئیں" اُس نے روٹھے ہوئے انداز میں غُرا کر کہا!

"ملیں؟ تو اس لیے تم نہیں گئے؟"

اُس نے نیم مردہ مسکراہٹ سے نفی میں سر ہلا دیا۔

"مگر..."

"لعنت ہے اس اگر اور مگر پر!" وہ زور سے بھونکا۔

کمرے میں اطمینان سے بیٹھ کر ٹیلر نے بتایا کہ وہ صبح چھ بجے سے اسٹیشن پہنچ گیا تھا۔ شمن کا جی دکھ گیا۔

"ہائے، مع تمام اسباب کے؟"

"نہیں" وہ شرارت سے مسکرایا اور شمن کے بگڑنے پر زور سے جتایا، "مجھے معلوم تھا تم ہندوستانی بڑا سے دھوکے باز ہوتے ہو اور تم ضرور (...) کہ دو گی اس لیے سامان لاد کرکے جاتا..." وہ زور سے ہنسا۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"دیکھو رونی۔"

"چپ رہو۔ کچھ نہیں دیکھتا میں۔ تم عورت نہیں پتھر ہو۔ تمہیں معلوم ہے کہ میں تمہیں اتنا چاہتا ہوں پھر بھی ۔ ۔ ۔ پھر بھی تم مجھے پکچر دیکھنے جا رہی ہو۔ بس ہو چکی تمہاری نصیحت۔ اور ہاں، تمہیں یہ بھی بتانے آیا ہوں کہ اب میں لوٹ کر واپس قطعی نہیں جاؤنگا۔"

"تو میں جا رہی ہوں شام کو۔"

"چلو۔ ۔ سیکنڈ نچلے کی گاڑی ہے" وہ مسرت سے بولا۔

"چلے سے کیا مطلب گویا آپ بھی ۔ ۔ ۔ دماغ تو نہیں خراب ہو گیا ہے۔"

"دماغ سلامت ہوتا تو کہنا ہی کیا تھا۔ کچھ کھانے کو منگا دو۔"

"کھانے کے کمرے میں چلو۔"

"نہیں ہم تو یہیں کھائیں گے۔" اس نے بستر پر لیٹ کر کہا۔

"ٹیکسی یا بیہودہ شکل والا پروگرام۔ سائیکل؟" اس نے ناشتہ ختم کر کے کہا۔

"تمہارا سر!"

"میرا سر بہت دکھ رہا ہے۔" ٹیلر نے آہستہ سے اپنا تھکا ہوا سر اس کے گھٹنے پر ٹکا دیا۔

"نیند کم آئی۔"

"آئی ہی نہیں بالکل۔" اس نے سر بالکل گود میں سرکا دیا۔

"اسپر ولا ڈول۔" اس نے آہستہ سے اس کے بھوسے کے رنگ کے بالوں کو چھیڑا۔

"تین اور تین چھ اور تین نو گولیاں کھائیں۔" ٹیلر نے معصومیت سے اس کی کمر میں ہاتھ ڈال دیا۔

دن آنکھیں میچے چپ چاپ گزرتے چلے گئے۔ ایلما نے بہت ملامت کی کہ اس کا انتظار کرنے کی کیا ضرورت تھی، رجسٹری کا دفتر کوئی نامعلوم جگہ تو نہ تھی۔ گیارہ بجے جب وہ سول میرج کے دفتر سے نکلے تو سڑکیں کانپی بھری ہوئی تھیں۔ ٹیلر بار بار مسکرا رہا تھا مگر وہ وحشیانہ مسرت جو دفتر کی میز پر سے سر اٹھاتے وقت

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

بجلی کی طرح اُس کی آنکھوں میں کوندی تھی اب معدوم ہو چکی تھی۔ اُس کا اندازِ گفتگو نہایت نرم اور پیارا تھا اور چہرے پر شاندار فتح کے احساس کو قائم رکھنے کی کوشش کر رہا تھا۔ شمن کچھ شش و پنج میں پڑ گئی، وہ تیز تیز باتیں کر کے اُن اجنبی آوازوں کو نہ سننے کی کوشش کر رہی تھی جو اس کے کانوں میں ہتھوڑے کی چوٹ بن کر پڑ رہی تھی۔ "غلط ہے سب غلط۔ آگ اور پانی کبھی بغلگیر نہیں ہو سکتے" کوئی بار بار سرگوشیاں کر کے یاد دلا رہا تھا۔

شملے میں چیڑ کے درختوں کے درمیان چھپے ہوئے چھوٹے سے بنگلے میں شمن نے نیا مہینہ کا ہی شب کا لباس پہنا تو ایسا معلوم ہوا کسی نے اُسے برف کے تودے میں دفن کر دیا۔ باہر کے کمرے میں ٹیلر بیٹھا دیر تک ضروری خط لکھتا رہا اور وہ صندوق میں سے کپڑے نکال کر جمانے لگی۔

زور زور سے کھانسنے اور منہ دھونے کی آوازوں نے اُسے بتایا کہ ٹیلر غسلخانے میں ہے۔ باہر خشک ہوائیں سوکھی چادروں کی طرح پھڑ پھڑا رہی تھیں۔ نامعلوم خوف و ہراس فضا میں تیر رہا تھا۔ خاموشی موت کی طرح اداس تھی۔ معلوم ہوتا تھا کائنات کسی بھیانک سلسلے سے ڈر کر ایک دم چپ چاپ رہ گئی ہے۔ دو بلیاں آگے پیچھے دوڑتی ہوئی کھڑکی سے باہر کود گئیں۔ خزاں رسیدہ پتیاں مردہ چڑیوں کی طرح پیڑوں سے ٹپک رہی تھیں۔

"کھڑکی بند کر دو۔" اُس نے لجاجت سے ٹیلر سے کہا۔ بڑبڑا کر نہ جانے وہ کیا بولا اور چٹخنی لگا دی۔ جب وہ مڑا تو شمن نے دیکھا وہ بہت بپھرے ہوئے تھا مگر اس کا چہرہ بالکل سفید ہو رہا تھا، جیسے کاغذ کا ٹکڑا جو بارش میں پڑے پڑے دھل کر بے رنگ ہو گیا ہو۔

(۱۴)

وہ جاگ پڑی مگر آنکھیں بند کیے چپ چاپ پڑی رہی۔ دور کہیں بہت سے

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

گھنگھروؤں کی جھنکار ہوا کو جاندار بنائے ہوئے تھی۔ یہ گھنگھرو چڑیاں بجا رہی تھیں۔ لیے تال، سُر چیں چیں بھی ملا کر بھیرویں کا الاپ معلوم ہو رہی تھی۔ سب ہی سُر کومل تھے۔ نیم خوابیدہ احساسات کو جمع کرنے کے لیے اُس نے جاگنے کی کوشش کی۔ جسم کو آہستہ سے سمیٹا، اور پھر پھیلا دیا۔ پپوٹے کھولنے چاہے مگر نہ کھلے، جیسے سورج اُس کی آنکھوں میں گھور رہا ہو۔ ایک دم اُسے کچھ یاد آیا۔ دماغ میں سوئی سی چبھی اور بھالا بن گئی۔ آنکھیں بزدل چڑیوں کی طرح بجتی بجتی کھل گئیں۔ کمرہ خالی تھا!

وہ جلدی سے اُٹھ کر بیٹھ گئی۔ وہاں تھا ہی کیا؟ رات جہاں ٹیلر کے کوٹ ٹانگے تھے وہاں صرف ایک میلی سی سُرخ ٹائی لٹکی ہوئی پھانسی لگے ملزم کی طرح جھول رہی تھی۔ جوتوں کی قطاریں جو اُس نے اپنے ہاتھ سے سیدھی کی تھیں غائب۔ صرف ایک میلا موزہ کونے میں پڑا منہ چڑا رہا تھا۔

خاموش اور مفلوج وہ اس میلے موزے کو گھورتی رہی جو بڑھتے بڑھتے ایک ٹیلے پہاڑ کی طرح پھول گیا۔ ہوا کے خاموش جھونکے سے ٹائی گوشت کے لوتھڑے کی طرح پھسل کر زمین پر آ رہی۔ جلدی جلدی اُس نے سر میں گھٹتے ہوئے مرچوں بھرے دھوئیں کو دونوں ہاتھوں سے پرے ہٹایا اور بیچ کمرے میں کھڑی ہو گئی۔

"گیا! وہ گیا!" در و دیوار قہقہے مار کر چیخ اُٹھے۔

"تو پھر؟ اب؟ اب کیا ہو؟" اُس نے لجاجت سے جواب مانگا۔

"وہ گیا! تم بھی جاؤ۔ کوڑی بھی تو نہیں تمہارے پاس۔ ابھی مالک مکان جب سنے گا کہ تم رہ گئیں اور وہ گیا تو وہ تمہیں کوئی بیسوا سمجھے گا جنھیں یہ سفید چمڑی والے آئے دن چند سکوں کے عوض لاتے ہیں۔ دھکے مار کر نکال دے گا۔"

"تو پھر؟ اب کیا کرنا چاہیے؟"

"بھاگو! جتنی طاقت تمہارے پیروں میں ہے وہ سب ایک بار لگا دو اور بھاگو وہاں باغ کے کونے میں جو باؤلی ہے، وہی جس میں کل آتے وقت تم دونوں نے جھانکا تھا کہ دیکھیں یہ دن رات کا ملاپ کیسا نظر آتا ہے پانی کے آئینے میں؟ تم ہرگا ڈر دل

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اور مکڑیوں کی غارت گری دیکھ کر دہشت زدہ ہو گئی تھیں۔ بدبُو تو ہے اُس میں اور ان جانے کیڑے مکوڑے بھی، مگر راستہ بڑا سیدھا ہے۔ اس ٹوٹی ہوئی کمر کے لیے اس سے سیدھا راستہ نہیں۔“

سر پکڑ کر اکیلا دل بیٹھ گئی۔ وہ ایک دن کی بیاہی دلہن مگر نہ اُبٹنے کی مہک نہ مہندی کا رنگ، ایک چوڑی بھی تو نہیں کلائی میں۔ اس کا سہما ہوا دماغ اور جھجکا۔ یہ بیاہ ہے یا رانڈاپا؟ لڑکھڑاتی ہوئی وہ باہر بھاگی۔ برآمدے میں بہت سے ہاتھوں نے اُسے لپک لیا۔ بہت سے نہیں صرف دو ہی تو تھے۔ مگر کتنے سکون بخش، ور محافظ! اور ٹیکر کا بھوت کتنا سُرخ اور تازہ دم ہو رہا تھا۔

”تم اُٹھ آئیں۔۔“ اُسے سیڑھیوں کے پاس کھڑا کر کے وہ برآمدے کے نیچے کود گیا۔ ”میں نے کہا تمہیں کیوں جگاؤں“ اُس نے نیچے سے اُس کی کمر دونوں ہاتھوں سے تھام لی۔ ”تمہیں ایک چیز۔۔ ہیں؟“

”روبی!“ اُس کے طوفان کے نیچے سے نکل کر لمبی سانس کھینچی۔

”کیا ہوا؟“ اُس نے نرمی سے نیچے اتار کر اُسے ایسے دیکھا گویا وہ کوئی چینی کا کھلونا ہے جس کے ٹوٹ جانے کا خدشہ ہو۔

”کچھ نہیں۔۔۔“ وہ آنسو پی کر ہنسنے لگی۔ ڈری ہوئی دھڑکن سے بھری ہوئی مصنوعی ہنسی۔

”روبی۔۔۔ تمہارے جوتے اور کپڑے کہاں گئے؟“ چائے پیتے وقت اُس نے رُک رُک کر پوچھا۔

”جوتے؟ کپڑے؟ کیا کرو گی؟ ابھی میں تمہیں اس جھگڑے میں ڈالنا نہیں چاہتا۔ لو“ اُس نے بہت سا مکھن لگا کر توس دیا۔

”یونہی پوچھا تھا“

”کیا بات ہے شمن؟“ اُس نے سنجیدہ ہو کر پوچھا۔

”آ۔۔۔ کچھ نہیں۔۔۔ میں اٹھی۔۔۔ تو تمہاری سب چیزیں غائب تو۔۔۔“

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"تو؟" ٹیلر اور سنجیدہ ہو گیا، "تم سمجھیں۔۔۔۔"

"تو میں سمجھی۔۔۔ یہی کہ چور لے گئے" اُس نے بچوں کی طرح بہانہ بنایا۔

"جھوٹ۔۔۔ مجھ سے جھوٹ مت بولو" ٹیلر کا منہ اُتر گیا، "میں سمجھتا ہوں"

"خاک سمجھتے ہو"

"اگر یہ حال رہا تمہاری بے اعتباری کا۔۔۔ تو۔۔۔"

"ہشت۔۔ بہت عقلمند بنتے ہو۔۔۔"

"ہاں، تم سمجھیں میں چلا گیا تمہیں چھوڑ کر"

"بہت سمجھے۔ اتنی سمجھ ہوتی تو شادی کیوں کرتے۔ سچ بتاؤ کہاں گئے کپڑے؟ واہ یہ بھی کوئی بات ہے۔" اُس نے ایسے بات پلٹی کہ ٹیلر سیدھا ہو گیا۔

"میرا بیرا پرش کرنے کو لے گیا ہے۔ دیکھو بھئی میں نے شادی اپنے لیے کی ہے نہ کہ ان کمبخت جوتوں کے لیے۔ صبح صبح میری تو بات کبھی نہ پوچھی اور جوتوں پر نثار ہوئی جا رہی ہے۔"

"اچھا کہیں چلو گے گھومنے؟"

"نہیں، بس یہیں تمہارے پاس۔" وہ اُس سے لگ کر گھاس پر لیٹ گیا۔

پورا مہینہ چٹکیوں میں سوتے جاگتے، ہنستے بولتے گزر گیا۔ دن بھر اُجڑے ہوئے باغ کے سنسان کونوں میں سر سے سر جوڑ کر کیٹس اور بائرن کے اشعار اور عمر خیام کی رباعیاں پڑھی جاتیں۔ ٹیلر کی آواز بہت نرم اور بھاری تھی۔ دھیمی آواز میں محبت بھرے نغمے اور پھڑکتی ہوئی نظمیں سنایا کرتا۔

وہ کیا سوچا کرتی تھی اور کیا نکلا۔ اس کا خیال تھا کہ انگریز عام طور پر گندہ دہن رہتے ہیں۔ دانتوں کی صفائی کے لیے ہزاروں دوائیں ایجاد کرنے کے بعد بھی اُس کی نظر سے کوئی چمکیلے سفید دانتوں والا انگریز نہ گزرا۔ ان کے سیاہی مائل زرد دانت دیکھ کر ہمیشہ رونگٹے کھڑے ہونے لگتے۔ ٹیلر کے دانت سفید نہ تھے مگر بالکل ہموار اور بیماری سے پاک تھے۔

"سب سے پہلی چیز جس نے مجھے تمہاری طرف متوجہ ہونے پر مجبور کیا تمہارے

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

نیلگوں سفید دانت تھے" وہ شمن سے کہتا۔ دانتوں کا رنگ بدلنا ممکن نہ تھا مگر وہ ضرورت سے زیادہ اُن کی صفائی میں منہمک رہتا۔ اخروٹ کی چھال چبا کر وہ شمن کے دانتوں سے مقابلہ کرنے لگتا اور شکست کھا کر بچوں کی طرح بگڑ اٹھتا اور اُداس ہو کر کہتا:

"میں یہ دانت اکھڑوا کر دوسرے لگواؤں گا۔"

"تم ہندوستانی نہ جانے کس مٹی سے بنائے گئے ہو کہ ہم لوگ دواؤں سے بھی اس کی نقل نہیں اتار سکتے۔" وہ اُس کے سانولے رنگ کو دیکھ کر کہتا، "اس رنگ میں کتنی کشش ہے، آنکھیں جھپکنے لگتی ہیں" وہ نیم باز آنکھیں بنا لیتا۔ اُسے پاؤڈر اور رنگ سے بہت نفرت تھی۔

"اس سے جلد کی حساس ملائمیت چھپ جاتی ہے"

"میں تو خوشبو کے لیے لگاتی ہوں۔"

"اوہ... خوشبو! اس جلد کی خوشبو سے بھی نشہ آور کوئی خوشبو ہے! اگر ایسا ہے تو اسے تیز کرنے کے لیے شراب چھڑک لو۔"

جی چاہتا ہے۔ زندگی کی لمبان لا تنا ہی ہو جائے۔ یہی چیڑ کے ملیے درخت ہوں، اخروٹ کی چھاؤں ہو اور ٹیلر شیلی کی نظموں میں الجھ کر کھو سے انہیں زندگی اتنی نرم و نازک بھی ہو سکتی ہے یہ اُسے معلوم نہ تھا۔ بے معنی قہقہے، گہری نیندیں، بڑھی ہوئی بھوک۔ اور کیا چاہیے تھا۔

ٹیلر روز بروز بدلتا جا رہا تھا۔ شمن سمجھتی تھی کہ اس اجڈ گنوار کو ہندوستانی رنگ میں رنگنا قطعی نا ممکن نہ سہی مگر دشوار ضرور ہے۔ مگر وہ تو خود بڑی تیزی سے ہندوستان کی آب و ہوا، خوراک اور طرز رہائش کی طرف کھنچتا جا رہا تھا۔ یہ مرد بھی کتنے سہل ہوتے ہیں، جو زندگی انہیں دینا چاہو دیدو۔ اس معاملے میں نہ ان کا ہلکی اختلاف آڑے آتا ہے نہ قومی۔ جیسی آغوش میں گئے آنکھیں بند کر کے سر ڈال دیا۔ اب جو چاہو کر و۔ دن رات ایک ہی لباس پہنے سستی کا اشتہار بنا پڑا رہتا۔ شیو کرنا بھول

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ماہنامہ ٹیڑھی لکیر

جاتا۔ وہ تو داڑھی چھوڑ دیتا مگر شمن نے شدت سے مخالفت کی لہذا مجبوراً شیو کرتا لیکن پانی سے گھبراہٹ ہوتی، خوب مرچوں دار سالن کھا کر تین چار گھنٹے دوپہر کو سوتا۔ بڑی مشکل سے شام کو اٹھتا۔ باہر جانے کے لیے ہزاروں بہانے بنانے لگتا اور جب شمن زبردستی گھسیٹ لے جاتی تو وہ بالکل سنسان اور غیر دلچسپ راہوں میں گم ہو کر وہاں قدرت کی رعنائیوں کی تعریف کرنے بیٹھ جاتا۔ اس نے چپکے سے دو ہفتے کی چھٹی اور منگالی شمن نے پوچھا تو بہانے کرنے لگا۔ اس کی چھٹی واجب ہے۔

دہشت زدہ ہو کر شمن نے دیکھا کہ وہ ایک عجیب معمہ بنتا جا رہا ہے۔ زیادہ تر اونگھتا رہتا ہے مگر یونہی جاگتا ہے خوف زدہ ہو جاتا ہے اور پھر جلد ہی اس مدہوش کن تاریکی میں ڈوبنے کی کوشش کرتا ہے۔ رات گئے تک خاموش بیٹھا پیتا رہتا۔ اگر شمن کچھ بات بھی کرتی تو ہوں ہاں کر کے ٹال دیتا۔ لمبی لمبی جماہیاں لیکر آنکھیں بند کر لیتا۔

"میں یوگ کا عمل سیکھ رہا ہوں" وہ مذاق کرتا۔

"یوگ کا عمل؟"

"ہاں، نروان حاصل کرنے کا ایک ہی راستہ ہے"

"دماغ خراب ہوا ہے؟" وہ بگڑ جاتی۔

"یہ دنیا فانی ہے" مذاق حد سے گزر جاتا اور وہ روٹھ جاتی تو بچوں جیسی حرکتیں کر کے منا لیتا۔ تو فیشناموں سے چمکا تا جس پر وہ اور برا مانتی اور روٹھ کر باہر چلی جاتی۔ جب تنہا مغموم پھر کر آتی تو اُسے کرسی پر اُسی طرح سویا پاتی۔

اس کی توجہ اور محبت بھی عجیب تر ہو گئی۔ شدت میں تصنع کی ملاوٹ معلوم ہوتی۔ وہ جتنا خاموش رہتا اتنا ہی پُر جوش اظہارِ محبت ہوتا۔ معلوم ہوتا تھا کسی چیز کو دور جھٹک کر وہ بھاگ کھڑا رہنا چاہتا ہے۔ ایک نامعلوم سا خوف اور اکتاہٹ اُسے نڈھال کر دیتی اور وہ جھلاہٹ بھری محبت شمن کو خاربن کر کھٹکنے لگتی۔ ایک دن بڑی زبردستی سے وہ اُسے آبادی کی طرف گھسیٹ لے گئی۔ نفوڑی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دیر کہ اُس کی نیند دور ہو گئی۔ بالکل پرانے ٹیلر کی طرح کافی پی کر قہقہے لگاتا رہا مگر جونہی ہنسی ختم ہوئی ایک عجیب قسم کی جھجک اس کی حرکات میں معلوم ہوئی جیسے وہ رسیاں تڑا کر بھاگ جانا چاہتا ہو، روشنی سے آنکھیں چندھیا جاتی ہوں۔ تھوڑی دیر میں وجہ معلوم ہو گئی۔ لوگ چپ چاپ بیٹھے اس انوکھے جوڑے کو مسکرا مسکرا کر دیکھ رہے تھے۔ بیرا اپنا فرض بھول اُن کے قریب کسی بہانے سے کھڑا رہ جاتا۔ کاؤنٹر پر ریز گاری گنتے ہوئے گاہک کا حساب کتاب گڑبڑ نظر آتا اور دو چار پرنچی سوکھی ماری میمیں تو کھلم کھلا ناراض بیٹھی تھیں۔

”نہ جانے یہ لوگ کیا سوچ رہے ہیں؟“ اُس نے زبردستی مسکرا کر کہا۔

”کیا سوچ رہے ہیں؟“

”یہی کہ... نہ جانے میں کون ہوں... اور تم... اوہ... سوچنے دو... آؤ“ وہ شمن کے چہرے پر رنگ آتا دیکھ کر ٹالنے لگا۔

”واپس چلو!“ شمن نے درشتی سے کہا۔

”کیوں؟ ارے واہ!“

”میں کہتی ہوں واپس چلو۔“

”مگر...“ وہ کچھ جھینپا ہوا سا اُس کے پیچھے پیچھے باہر نکل آیا۔ راستے بھر خاموشی رہی۔

”ہم اُن سے ڈرتے ہیں، کیا ان کا دیا کھاتے ہیں۔“ وہ مارے غصے کے لرزنے لگا، ”جاہل، کمینے!“ وہ بڑی بڑی گالیاں بکنے لگا۔ آخر لوگ اتنے کوتاہ نظر کیوں ہیں؟ آخر انسان ہے تو ایک ہی بیج کا پھل؛ کیا چھوٹا کیا بڑا، کیا کالا کیا سفید۔ مگر کون سمجھاتا۔ کاش وہ اس شادی کے پیچھے چھپا ہوا شاندار مقصد موٹے موٹے حرفوں میں لکھ کر اپنی پشت پر لٹکا لیتے تاکہ یہ کوڑھ مغزیوں ننھی آنکھوں سے تو نہ گھورتے یہ بے رحم آنکھیں جو معلوم ہوتا ہے پیٹھ میں سوراخ کر کے دل میں گھسی جاتی ہیں۔

”ان کا کوئی قصور نہیں، عجائبات دیکھ کر حیرت ہوتی ہے۔“ شمن کا دل بیٹھنے لگا۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"مگر انہیں کیا مطلب؟ یہ کیوں مرے جلتے ہیں۔ میں سب جانتا ہوں ان لوگوں کی سفیدی کو۔ دل کی سیاہی تو کوئی دیکھے۔"

"وہ مجھے کیوں بازاری عورت سمجھتے ہیں۔"

"میں... میں گولی مار دوں گا ان حرامزادوں کے... جیسے ان کی سفید پتلیاں تو بس ڈلیاں ہیں۔" شمن نے اس کے دل کی بات کہہ دی اس لیے اس کا غصہ انتہا سے زیادہ بڑھ گیا۔ پھر وہ شمن سے لڑ پڑا گویا وہی ان سب کو بلا کر آئی تھی۔

"تم جھجکتی کیوں ہو؟" وہ چیخا۔

"میں کہاں جھجکتی ہوں۔"

"اور کیا تم گھبرا کر انہیں اور شیر بنا دیتی ہو۔" اپنا الزام وہ شمن پر تھوپنا چاہتا تھا۔

"مگر میں ان کمینی حرکتوں کی ذرہ بھر پروا نہیں کرتا۔ اگر یہ لوگ مجھے ذلیل سمجھیں گے تو میں خود ان کے منہ پر تھوک دوں گا۔" اس نے اس زور سے چنگھاڑ کر کہا کہ ہر لفظ اس کی ذہنی کوفت کا آئینہ دار بن گیا۔ گو وہ منہ سے بکتا رہا مگر اس کا چہرہ اترا ہوا تھا اور صاف ظاہر ہوتا تھا کہ وہ دل میں مانتا ہے کہ ان لوگوں کا کوئی قصور نہیں۔ شمن کو سہما ہوا دیکھ کر جی دکھ گیا اور وہ اسے سمجھانے لگا۔

اس ذہنی کوفت کو اس نے شراب اور زبردستی کی محبت میں ڈبونا شروع کیا، مگر اس طرح وہ اکیلا فرار پا جاتا، شمن اس کے رویے سے عاجز آ جاتی۔ الٹا دیے والا عشق مصنوعی اور فضول معلوم ہوتا۔ اپنے ہوش و حواس میں ہوتے ہوئے وہ اس مدہوش کے پاس کیونکر پہنچ سکتی۔

"پونا کب چلو گے؟" اس نے ایک دم نرمی سے پوچھا۔

"نہیں۔" اس نے اپنے پوشیدہ خوف کو اور چھپانا چاہا، "تمہیں چھوڑ کر میں کیسے کام کر سکوں گا۔"

"تمہیں چھوڑنے کو کون کہتا ہے۔" شمن نے جبریہ ذلت برداشت کر کے کہا۔

"ہاں ہاں... مگر وہاں ڈیوٹی پر مجھ سے نہ جایا جائے گا۔"

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar, M. Mazhar Kathia) 03037

"پھر کیا ارادہ ہے؟ اسی طرح مٹ جانے کا فیصلہ کر لیا ہے کیا؟"

"اگر تمہاری آغوش میں مٹ بھی جاؤں تو...."

"بکواس مت کرو رُوفی... تم مجھے دھوکا نہیں دے سکتے۔"

"دھوکا.. کون کمبخت دھوکا دے رہا ہے؟ ہُنہہ!" وہ مجرمانہ انداز میں نظریں بچا کر کہنے لگا۔

"تم مجھے ہی نہیں بلکہ خود اپنے آپ کو بھی دھوکا دے رہے ہو۔ تم.... پچھتا رہے ہو۔"

"غلط... غلط... یہ سراسر بہتان ہے!" اُس کی تیزی اور جھلاہٹ نے بات کو اور پختہ اور یقینی بنا دیا۔

"میں تمہاری ہر بات سہہ سکتی ہوں مگر رُوفی یہ جھوٹ مجھ میں برداشت کرنے کی طاقت نہیں۔ اگر تم صاف کہہ دیتے کہ تم مجھے ساتھ لے جانے میں ذلت محسوس کرتے ہو تو مجھے اتنا دُکھ نہ ہوتا۔"

"میں ـــ میں تمہارے بغیر کبھی نہیں جاؤں گا یہ بات طے ہے اور یہ کیسے کہتی ہو کہ مجھے تمہیں ساتھ لے جاتے ذلت محسوس ہو گی۔"

"اس میں تمہارا قصور نہیں۔ اس چتکبرے جوڑے کو دیکھ کر جب لوگ مسکرا اٹھتے ہیں، آنکھ بچا کر اشارے کرتے ہیں تو ظاہر ہے کہ تم...."

"تو پھر تو تم بھی جھوٹ بولتی ہو گی گو ظاہر تو یہ کرتی ہو کہ نہ تو تم نے کچھ دیکھا اور نہ سمجھا۔"

"بہ... بہ میں اس لیے کرتی ہوں کہ... میں..." وہ کچھ نہ بتا سکی۔

"تم مجھے دھوکا دینا چاہتی ہو۔ تم خوب دیکھتی ہو کہ میرے ہم وطن مجھے تنفر سے بھری ہمدردی کے ساتھ دیکھتے ہیں گویا تم ایک بیماری ہو جو میری حماقت سے میرے سر منڈھ دی گئی اور تمہارے بھائی بند سمجھتے ہیں کہ تمہارے پہلو میں ایک انسان نہیں ان کی ساری قوم کی شخصیت پر ایک موٹی سی گالی ہے۔"

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"لوگ مجھے کمینہ سمجھتے ہیں..."

"شمن... مگر تم مجھ سے کیوں لڑ رہی ہو۔ گویا اس میں میرا کوئی قصور ہے۔ تم جانتی ہو میں تمہارے لیے سب کچھ کرنے کو تیار رہوں؟"

"ہوں، یہ جو تم پستی کی طرف گرتے جا رہے ہو یہ بھی صرف میری خاطر۔ تم نیچے اتر کر میرے برابر ہونا چاہتے ہو۔ تم مجھے اتنا ذلیل سمجھتے ہو کہ میرے برابر آنے کے لیے تمہیں اُٹھنے کی نہیں بلکہ گرنے کی ضرورت ہے؟"

"یہ تمہارا وہم ہے۔"

"نہیں یہ میرا وہم نہیں، میں دیکھ رہی ہوں تم اس دوری اور فرق کو مٹانے کے لیے خود مٹے جا رہے ہو۔"

"تمہاری محبت کی خاطر۔ سوچو تو اگر تمہیں چاہنا نہیں تو پھر..."

"مگر یہ محبت کیسی جو تمہیں مٹا رہی ہے۔ میں سمجھتی ہوں یہ کیا ہے تمہیں محبت ہو یا نہ ہو مگر اتنا یقین ہے کہ مجھے اُٹھا کر اپنے برابر کرنے کی کوشش بے کار ہے۔ تم سفید انسانوں کی دنیا اتنی بلند ہے کہ میرے سیاہ وجود کو اس مقدس درجے تک بیجا کر اپنی اور اپنی قوم کی توہین نہیں کر سکتے لہذا خود اپنی حماقت کے حضور میں اپنی ہی قربانی دے رہے ہو۔"

"تمہارے وہم سیدھی بات کو بھی بھوت بنا کر کھڑا کر دیتے ہیں۔ یہ ذہنیت.."

"ہندوستانی ہے، کہہ دو۔" لہجے میں انتہائی تلخی پیدا کر کے کہا۔

"چہ چہ، اتنا احساسِ کمتری! تم ہندوستانیت کو توہین سمجھتی ہو۔ یقین مانو شمن میں نے جو کچھ کیا انجان ہوتے ہوئے کیا۔"

لیکن یہ ہی کیا کم تھا کہ "کیا"۔ آخر قدرت کو اس کے ہر شعبۂ زندگی سے خواہ مخواہ کا بیر کیوں ہو گیا تھا؟ تلخیاں بڑھتیں پھر دب جاتیں مگر ہر جھڑپ کا ایک داغ تہہ در تہہ چڑھتا جاتا۔ محبت اور انسانیت ہر وقت میدان میں ڈٹے نہیں رہ سکتے۔ ویسے دونوں کا جی بھی اکتا گیا تھا۔ محبت بیچڑ معلوم ہونے لگی تھی۔ ایک دوسرے کے وجود سے گھبراہٹ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہونے لگی۔ ہنی مون ہی میں ایک دوسرے کی جدائی کے سپنے ترسانے لگے اور یہ چھوٹے موٹے جھگڑے اُس نفرت کو بڑھانے لگے جو دونوں کے لاشعور میں حلول ہو چکی تھی مگر وقتی طور پر دبی ہوئی تھی۔

ایسا معلوم ہوتا کہ دونوں اپنی بھول پر حیرت زدہ ہیں۔ پچھتانے میں خودداری کو ٹھیس پہنچنے کا اندیشہ ہے لہٰذا سکونِ قلب کا یہ نسخہ بھی ٹھکرایا ہوا ہے۔ یقیناً ٹیلر پر تو کسی قسم کا کوئی سودا وہی مرض قابو کیے ہوئے تھا ورنہ وہ اس قدر آسانی سے یہ ڈرامانہ کھیل جاتا۔ اُدھر سے مرچوں اور شراب نے دھار رکھ دی۔ جھنجھلا کر وہ احساسِ شکست سے بچنا چاہتا۔

بہت ضبط کرتے مگر ذرا سی ٹھیس سے پکا پھوڑا پھوٹ نکلتا اور دونوں کو اپنی خوبیاں اور دوسرے کے عیب نظر آنے لگتے۔ وہی طعنے جو انہیں لوگوں کی آنکھوں میں نظر آتے تھے الفاظ کی مدد سے ایک دوسرے پر پھینکنے لگے۔ شکل و صورت کی وہی خوبیاں جو کبھی دیوانہ بنا گئی تھیں آنکھ میں شہتیر بن کر کھٹکنے لگیں۔ ٹیلر کے بال بے جان اور بدرنگ نظر آتے، آنکھیں غائب معلوم ہوتیں اور جلد کچے گوشت جیسی لگتی۔ اُدھر ٹیلر کو اُس کے سیاہ بال اور آنکھیں ڈراؤنی معلوم ہونے لگیں۔

خدا خدا کر کے ہنی مون کا مصیبت بھرا زمانہ ختم ہوا اور مجبوراً پونا روانہ ہونا پڑا۔ ٹیلر کا خوف تازہ ہو گیا گویا وہ نہایت پُرخطر اور اجنبی محاذ پر جا رہا ہے۔ شمن ایسے محسوس کرتی اور سارا غصہ اور نفرت لاوے کی طرح سینے میں جمع کر لیتی جو غول بیابانی کی طرح دل و دماغ میں ہلچل مچائے رکھتا۔

اسٹیشن پر ایک دوسرے سے رشتہ داری ظاہر کرنے کی کوئی ضرورت نہ تھی اور کمپارٹمنٹ میں بھی اگر کوئی غور سے دیکھتا تو دونوں کو انسانیت سے زیادہ قریب رشتے میں منسلک تصور نہ کرتا۔ وہ ایک دوسرے سے بے توجہی اپنی تنہائی ظاہر کرنے میں کوشاں تھے۔ کوئی نہ دیکھتا ہوتا جب بھی حساس بنے کھنچے ہوئے کو تیار رہتے۔ آوازوں پر کان لگائے رہتے کہ کہیں اُن کے ہی متعلق تو کانا پھوسی نہیں ہو رہی ہے۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

غیروں کی طرح ڈرائنگ کار میں کھانا کھایا۔ بل ادا کرتے وقت ٹیلر کے کان سُرخ ہو گئے اور شمّی نے بیرے کی ناقدرانہ نظروں کا بڑی مشکل سے مقابلہ کیا۔ دو بے جوڑ انسان اپنے جوڑ کے بے تکے پن کو شدّت سے محسوس کر رہے تھے۔

کبھی بھولے سے وہ بے تکلّفی سے کوئی دلچسپ بات ایک دوسرے سے کہتے تو فوراً ڈر کر ارد گرد دیکھنے لگتے کہ لوگوں کی حیرت کا کیا حال ہے۔ اس بہادری اور جوشش سے قائم کیے ہوئے جائز رشتے کو گناہ کی طرح چھپانا پڑ رہا تھا۔ جب ٹیلر کا سر سوتے میں تکیے سے ڈھلک کر مڑ گیا تو شمّی کی ہمّت نہ پڑی کہ اس بے چین سر کو سیدھا کر دے، گو اُسے خوف تھا کہ کہیں بیچارے کی گردن نہ رہ جائے۔ وہ معمولی سا خیال جو برسوں کے پرانے میاں بیوی میں تھوڑا بہت رہ جاتا ہے، یعنی ایک دوسرے کی تکلیف سے بے چین ہو جاتا، اس سے اظہار کا حق بھی چھن چکا تھا اور وہ ابھی دلہن دولہا تھے۔ سامنے ایک ادھیڑ عمر کا جوڑا بیٹھا کھلے بندوں ننھے بچوں جیسے اخلاص کر رہا تھا۔ اگر ابھی اُس کی جگہ سفید قوم کی لڑکی ہوتی تو سر بازار اپنے بیاہتا میاں کو چٹاچٹ چومنے کا حق رکھتی تھی، بلکہ فخریہ کہتی کہ "لو دیکھو میرے روپہلی حسن کی طاقتیں، کہاں کہاں کا جانور پھانس کر لاتی ہیں" اور وہ سیاہ آدمی بھی اس روپہلی بارش سے کھل کر فخریہ کہتا کہ "دیکھو تم ہم کو کالا سمجھتے ہو مگر یاد نہیں کہ شری کرشن جی بھی تو کالے تھے اور گوپیاں اُن کی متوالی تھیں ..." مگر وہ حقیر تھی۔

اور اس کا جی چاہا سب کے منہ پر تھوک دے اور اسی وقت سب کے سامنے جھک کر ٹیلر کے دُکھتے ہوئے سر کو آرام سے رکھ دے، اُس کی پیشانی پر بکھرے ہوئے شربتی بالوں کی ریشمی نرمی کو انگلیوں میں جذب ہوتا محسوس کر لے، اس کی پلک کا جو ایک بال ٹوٹ کر ہونٹ پر چپک گیا ہے، جیسے سونے کا باریک سا تار، وہ اسے انگلی سے ہٹا دیتی تو کتنا اچھا ہوتا۔ کہیں آنکھ کھلے تو اندر نہ جا پڑے۔ ویسے ہی کیا کم کوئلے پڑ چکے ہیں، بھلا اس نے غسل خانے میں آنکھیں مسل مسل کر نکالے کتنا اس کا جی چاہا کہ ساڑھی کا پلّو تہہ کر کے منہ کی بھاپ سے گرمی پہنچائے مگر اُسے یہ تجویز ٹیلر کے سامنے پیش کرنے کی ہمت نہ پڑی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کیونکہ اسے معلوم تھا کہ وہ اس ذلت کو برداشت کرنے سے پہلے مر جانا بہتر سمجھے گا۔
اور یہ وہی بیلہ تھا جو ضدی بچے کی طرح روز آن کھڑا ہوتا تھا۔ دشمن کے تجربہ کاری کی طرح اس نے دروازے پر دھرنا دے کر حاصل کیا تھا اور پھر اپنے کو دنیا کا خوش قسمت ترین انسان سمجھتا تھا۔ یہ وہی انسان تھا جو اس کے گھٹنے پر سر ٹکا کر تیل ملوانے کے لیے مصر ہوتا تھا۔ پیر دلہا کی جڑاوں سے کشتی رہا کر جب پھانسیں لگا لیتا تو شملے کی خنک شاموں کو بجلی کے سامنے وہ سوئی سے انہیں نکالا کرتی اور اس وقت وہ ضرورت سے زیادہ شریر بن جاتا۔ ہر پھانس کا کرایہ وصول کر کے نکلواتا۔ وہ دوسرے دو چار جان بوجھ کر ہی پھانسیں لگا لیتا۔ لیکن اگر اس وقت سب کے سامنے وہ اس کا سر جھٹک دیتی تو وہ مارے ذلت کے مر ہی جاتا۔ اور وہ خود بھی اسے اپنے آپ پر کچھ کم رحم نہ آتا۔

وہ پہلے سوچا کرتی تھی کہ بھلا کیا جانیں یہ انگریز کہ عشق و محبت کیا چیز ہے۔ ان لوگوں کی تہذیب نہ شرم نہ حیا بھلا رومان کیا سلامت رہتا ہوگا ان میں؟ کتنی سخت، کھردری اور مطلبی محبت ہوگی لیکن روفی بالکل مختلف تھا۔ وہ ہر ہندوستانی اور غیر ہندوستانی مذاق کو سمجھتا تھا اور اس میں وہ ساری حماقتیں موجود تھیں جنہیں وہ بچپن سے عشق و محبت سے وابستہ سمجھتی تھی۔ وہ ماہر مذاق نہ تھا۔ گھنٹوں ایک دوسرے کے بچپن کے قصے سن کر ملتے دنیا کے دو مختلف ٹکڑوں پر بسنے والے ایک ہی جیسا بچپن اور جوانی گزار چکے تھے۔ وہی چھوٹی چھوٹی شرارتیں اور سزائیں، معصوم دلچسپیاں اور ایک ہی جیسے کھیل۔

اتنے قریب ہوتے ہوئے بھی وہ پھر دور دور رہے جاتے اور ایک دوسرے کے سائے سے بھاگتے۔ تھوڑی دیر میں کمپارٹمنٹ خالی ہو گیا تو بجائے قریب آنے کے وہ ایک دوسرے کو بزدل اور بے اصولا ثابت کرنے لگ گئے اور وہ نرم نرم گرم جذبات جو تھوڑی دیر پہلے دشمن کے دل میں جنم لے رہے تھے کمہلا کر ختم ہو گئے۔

نتیجہ یہ کہ زندگی سلجھنے کے بجائے اور الجھ کر گورکھ دھندا بن گئی۔ سب سے پہلے تو نوکروں کی حیرت کا مقابلہ کرنا پڑا۔ پاس پڑوس کی متعجب آنکھوں کے نیزے سہنے کے لیے گینڈے کی کھال کی زرہ بکتر پہننا پڑی۔ جو آتا ٹوہ لینے آتا۔ اور کچھ نہیں تو بیکار کے سودا بیچنے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دانستہ ہی جان بوجھ کر ناک لگاتے سونگھتے چلے آتے۔ ٹیلر کے دور دراز کے ملنے والے اُنکے دوست اور دوستوں کے دوست آنکھیں پھاڑے مبارکباد دینے دوڑے آتے۔ ان کی آمد اور تلخیاں بڑھانی۔ وہ لوگ بڑے مہذب طریقوں سے اس عجیب و غریب سانحے کا ذکر اوّل سے آخر تک سننا چاہتے۔ ان کے چہرے تجسّس سے پریشان ہو جاتے اور عقلیں پراگندہ! یہ ہُوا تو کیسے ہُوا؟

جتنے منہ اتنی باتیں: پرانے گھاگ انگریزوں کا خیال تھا کہ وہ کوئی آوارہ عورت تھی۔ نو وارد اسے کسی ریاست کی مہارانی سمجھتے۔ چند ایسے بھی تھے جو کچھ فیصلہ نہ کر سکتے مگر دونوں کو خالی الذہن ضرور سمجھتے۔ انتہا ہو گئی کہ ٹیلر کے افسر نے اس قصور بلا کر اس واقعے کو سیاسی نقطۂ نگاہ سے معیوب حماقت ثابت کرنے کی کوشش کی۔ اُس نے آقاؤں کی قدیم روایتوں کو ٹھیس لگانے کی ترکیب کی تھی۔ جوابدہی کرتے کرتے ٹیلر تھک ہی نہیں گیا بلکہ خود اپنے اُوپر جو اعتماد تھا کھو بیٹھا۔ یہ بات یہیں تک نہ رہی بلکہ ڈاک کے پروں پر اُڑتی ہوئی امریکہ میں ٹیلر کی بیوہ ماں تک پہنچ گئی۔ وہ کم عقل اور کمتر نہ تھی مگر پھر بھی مفصّل خط مانگا تھا۔ ٹیلو اس پر بھی چراغ پا ہو گیا۔

"مگر اس میں ایسی کیا بُرا ماننے کی بات ہے۔" اُس نے بڑھیا کی حمایت کی۔

"کچھ نہیں۔ تم اس کی حمایت صرف میری ضد میں کر رہی ہو۔ میں اُسے منہ بھی نہ دکھاؤں گا۔ اگر وہ مجھے اب تک بچّہ سمجھے ہوئے ہے تو یہ اُس کی بھول ہے۔" ٹیلر کا غصّہ ناک پر دھرا رہنے لگا تھا۔ وہ اب بالکل جاگ اُٹھا تھا اور شراب بھی نشہ لا سکتی تھی۔ وہ عموماً ہر جلسے اور پارٹی سے جان چراتا۔ یا تو اُسے کوئی مرض آن دباتا یا مجبوراً اُس کو ایک آدھ بہانہ تلاش کرنا پڑتا۔ دنیا کو چھوڑ کر وہ ایک دوسرے سے اوب بھی اکتانے لگے۔ زیادہ وقت ایک دوسرے کو طعنے دینے اور اپنے حال پر رحم کھانے میں صرف ہوتا۔ دونوں اس مصیبت کا الزام اپنے اُوپر سے اٹھا کر دوسرے کے سر منڈھنا چاہتے تھے۔ بہت جلد زندگی خوفناک حد تک بار بن کر رہ گئی۔ اگر وہ ہمّت کر کے کسی کے یہاں چلے بھی جاتے تو گھما پھرا کر اُن کے بے تکے عشق کا ذکر نکل آتا۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"وہ ایک بار ہمارے ایک رشتے کے چچا نے ایک ریڈ انڈین سے شادی کر لی تھی۔ بڑی مارفا! وہ رتیک تھی ہمیں اپنی زبان کے گیت اور خوفناک جنگلوں کے قصے سنایا کرتی تھی۔" وہ بڑے جوش سے کہتے۔

"ہندوستان سے دوستی بڑھانے کا یہی طریقہ ہے کہ کالے اور گورے کا امتیاز اٹھا دیا جائے۔" وہ بڑے فراخدل بن کر کہتے۔ مگر ان کی یہ سخاوت دونوں کو اور بھی دکھ پہنچاتی۔ وہ خوب سمجھتے تھے کہ اس کے اصلی معنی یہ ہوئے کہ مشرق اور مغرب کو ملانے کی کوشش اتنی ہی مشکل اور بے سود ہے جتنی سیاہ کو سفید بنانے کی آرزو۔

ہر ملاقات کے بعد نئی ملاقات کا خیال بھیانک بن کر خون خشک کرنے لگا۔ کئی دن تک دلوں پر مردنی چھائی رہی جو آپس کی تلخیوں کی شکل میں پھوٹ نکلتی۔ الگ الگ دوستوں کا حلقہ بنایا تاکہ ایک دوسرے کی موجودگی جو سوال دلوں میں پیدا کرتی ہے اس کی گنجائش ہی نہ رہے۔ مگر لوگوں سے نجات کہاں تھی! لاکھ یقین دلاتے کہ سب حماقت محبت کے زبردست ہاتھوں سے مجبور ہو کر کی گئی، اب بھی بہت خوش ہیں اور قطعی نہیں پچھتاتے، ہر مخالفت کو تیار ہیں، مگر اس طرح مستعدی سے تیار ہونا ہی صاف ظاہر کرتا تھا کہ انہوں نے ایک کبھی نہ ختم ہونے والی کشمکش میں خود کو ڈال دیا ہے۔

اور ادھر جاپانی پٹاخوں نے بری طرح فضا کو مکدر کر رکھا تھا۔ بم تو خیر جہاں گر رہے تھے مگر جو انسان ان سے بچنے کے لیے بھاگ رہے تھے ان کی حالت قابلِ رحم تھی۔ جیسے کھٹکا سن کر بدحواس بھیڑیں چاروں طرف بھاگنا شروع کر دیتی ہیں اور بجائے محفوظ ہونے کے خود خطرہ بن جاتی ہیں۔ یہ گھبرائے ہوئے کم عقل جانور ایک شہر سے بھاگ کر دوسرے شہر میں پناہ لینے دوڑ پڑے۔ اونے پونے سامان بیچ کر ریلوں پر حملہ کر دیا۔ بمبئی کے لوگ کلکتہ اور کلکتہ کے بمبئی۔ اس کوٹھی کے وہاں۔ اس کوٹھی میں بدل کر یہ سمجھ لیا کہ اب گھن نہیں لگ سکتا۔ حادثوں سے جتنی جانیں گئیں اتنی شاید سال بھر کی لگاتار بمباری سے بھی نہ جاتیں۔ گھپ اندھیرا سڑکوں ہی پر نہیں عقلوں پر بھی چھا گیا۔ مگر یہ کیا ہوا؟ یہ ڈھال پر سے اترتے اترتے روڑے پر سے پیر پھسل گیا؟ برف کے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

۱۹۴۴ء ٹیڑھی لکیر

بے جان سفید بھوت نے چاروں طرف سے ہاتھ پھیلا کر ہٹلر کی بڑھتی ہوئی جرأت کو آغوش میں بھینچ لیا۔ ہڈیاں تک جما کر رکھ دیں۔ موجیں اُمڈ اُمڈ کر چڑھتی ہیں اور سفید چٹانوں سے سر پھوڑ کر لوٹ آتی ہیں۔ اوپر سے برف کے بھٹوں کی دیدہ دلیریاں الاماں۔ پیچھے ہٹتے ہٹتے ایک دم لوٹ پڑے، جیسے چالاک کبڈی باز اپنے پالے میں دور تک دوڑا لائے۔ پھر جو رپٹایا ہے تو چین ملا کر ہی چھوڑا۔ تمام دنیا کی ٹوٹتی ہوئی ہمتیں بندھ گئیں۔ ہارتے اور پیچھے بھاگتے ہوئے بھی سنبھل کر ڈٹ گئے۔ سرخ ستارہ خون میں لت پت مگر سانس لیے ہوئے نکل آیا۔ وہ رد ہوتے دل میں ختم ہو لینے والا امراض بندھا لا لیکر چاق و چوبند ہو گیا۔

"ہم جانتے تھے آخر میں فتح ہماری ہی ہوگی۔" ٹیلر نے اخبار رکھ کر غرور سے کہا۔

"تمہاری؟ یعنی یہ فتح تمہاری رہی اور وہ شکستیں جن کا مزہ شاید اب تک وہاں پر ہوگا، وہ کس کے حصے میں لگا دیں؟" شمن نے چڑ کر کہا۔

"ایں؟ ہار اور جیت تو ہوا ہی کرتی ہے۔۔۔۔"

"اچھا تو کبھی ہار بھی ہوتی ہے؟ منہ سے تو یہی کہتے رہے کہ جیت رہے ہیں۔ وہ بہادری سے پیچھے ہٹنا کچھ تم ہی لوگوں کی صنعت ہے۔ تم میں تو کیا دم تھا کہ ہٹلر جیسے جن سے لڑتے۔ یہ ہندوستانی بھیڑیں اس دیوتا کے کلیجے کی آگ کیا بجھا سکتیں۔"

"تم پالیٹکس نہیں سمجھتیں۔۔ اتحادی۔۔۔۔"

"جب تک ہارنے کا خوف ہے اتحادی بنے ہوئے ہو۔ اُدھر سارا اتحاد چولہے میں ڈال کر حصے لینے دوڑ پڑو گے اور پھر نہ دیکھو گے بھائی نہ بھتیجا بس سرکارِ عالیہ رہ جائیں گے اور اُن کے چیلے چانٹے۔"

"ابھی ایسا نہ ہوگا۔"

"اجی خصلتیں بھی کہیں بدلی ہیں۔ جرمنی ختم ہوئے پھر روس کی باری رکھی ہے۔ آج روس کے گن گاتے جا رہے ہیں کل تک اُسے انسانیت کا دشمن کہتے تھے۔ آج جاپان کی محبت میں فدا گلے میں پیار سے ہاتھ ڈالے کھڑے ہیں کل تک یہی چینی جو ظالم، وحشی

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اور بدمعاش تھے۔ سوائے ڈاکوؤں کے سردار چیلے کے کبھی کوئی دوسرا عہدہ نہ ملا، آج ہی چینی اتحادیوں کی فہرست میں گنے جا رہے ہیں۔ جاپان کے مظالم کا غل مچا رکھا ہے اور اپنے فعل انسانیت کی حفاظت بنا کر پیش کیے جا رہے ہے، مگر یاد رکھو ظلم کی ایک انتہا ہوتی ہے جہاں پہنچ کر ظالم خود اپنے ہاتھ سے اپنا گلا گھونٹ لیتا ہے۔"

"ٹھیک ہے ظلم تو ہوتے ہیں لیکن میرے خیال میں ان ہی میں فائدہ ہے۔ غور سے دیکھو تو باوجود مظالم کے ہندوستان بہت ترقی یافتہ ہو گیا ہے اور ہوتا جا رہا ہے۔"

"یہ جو چند کروڑ انسان انگریزی بولنے لگے ہیں اسی کو تم ترقی سمجھتے ہو گے۔ کاش اسی طرح تمہیں ہٹلر جرمنی سکھا کر متمدن انسان بنا سکتا۔"

"اسے ذاتی لڑائی کیوں بنا رہی ہو؟" ٹیلر چڑ گیا۔

"کیونکہ یہ ہماری ذات سے وابستہ ہے۔"

"سکون چاہتے ہیں تو تمہیں بہت کچھ برداشت کرنا ہو گا۔"

"میں سب کچھ برداشت کروں گی مگر اپنے ملک کو ان سفید چمڑی والوں کی ایڑی تلے مسلتا دیکھ کر ضرور میرے دل سے خون ٹپکنے لگا، میرا دل روئے گا، آنکھیں روئیں گی اور روح ہمیشہ روتی رہے گی۔ یہ نہ سمجھو یہ بھوبل ٹھنڈی پڑ گئی ہے تو چنگاریاں بھی بجھ گئیں۔ کبھی تو زمانے کی ہوا رخ بدل کر چلے گی پھر انتقام..."

"مگر تم بے تو رہی ہو۔ اپنی ساری قوم کا دبا ہوا جذبۂ انتقام تم میرے ہی سر پر ختم کر دو گی۔" گھر ہو جھگڑا تلخ تر ہوتا گیا۔

"اور تم؟ میری قوم کو دماغی، مالی اور جسمانی طور پر کچلنے کے بعد اب اس کی روح پر حملہ کر رہے ہو۔ خیر اب تک تو اقتصادی اور سیاسی دنیا کے مالک تھے اب مجھ جیسی بدنصیب عورتوں نے اپنی آخری دولت بھی تمہاری جوتیوں میں ڈال دی۔"

"مگر میں کونسا خوش ہوں؟ مجھے بھی تو خوب انعام ملا۔ میری قوم میرے منہ پر تھوکتی ہی ہے۔ تمہارے وجود کی سزا مجھے ان کی پھٹکار کی صورت بھگتنی پڑ رہی ہے۔ سڑے ہوئے انگلی کے پورے کی طرح انہوں نے مجھے کاٹ کر جسم سے دور پھینک دیا ہے۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اور... اور مجھے زندگی بھی اتنی کمینی نہیں سمجھی جاتی جتنی میں اپنی قوم کی نظروں میں ہو گئی ہوں۔ میں نے اُن کے پُرغرور سر کو تمہاری ٹھوکروں میں ڈال دیا۔ وہ میری پرچھائیں بھی اپنی شریف عورتوں کے اوپر پڑنا گوارا نہ کریں گے۔"

"مگر اس میں میرا کیا قصور ہے۔ تم بچہ تو نہیں تھیں۔ تمہارے کمبخت ملک کی غلاظت آب و ہوا اور خود تمہاری سیاہ کشش نے میرے دماغ کو مفلوج کر دیا۔ میں نے بہت برداشت کیا لیکن اب وہ وقت آ گیا ہے کہ مجھ سے ضبط نہیں ہوتا۔ لیکن کوئی علاج بھی تو نظر نہیں آتا۔ میں اس گڑھے پر گم ہو گیا ہوں جو مجھے لوٹنے بھی نہیں دیتی۔"

"یہ الفاظ تمہارے منہ سے نکل رہے ہیں؟ تم جو میری جوتی پر ناک رگڑتے تھے۔ میں نے تمہاری چاپلوسیوں کو سچ سمجھ لیا، تم پر بھروسہ کیا، ایک بار تمہارے برف کے تودے جیسے وجود میں انسانیت کو پانے کی کوشش کی اور اسی حماقت کی سزا بھگت رہی ہوں۔ مگر معلوم ہو گیا کہ تم لوگ انسان ہو ہی نہیں سکتے۔ لاکھ خول چڑھا لو حقیقت تم بھیڑیوں کا راز فاش کر کے رہے گی۔ خونخوار درندے، تمہارے اندر قریبی کہیں کے۔"

"خاموش، بدتمیز!"

"منہ بند نہیں! چپ رہو، حیوان کو حیوان کہنا بدتمیزی نہیں۔ افسوس تو یہ ہے تم جیسے لٹیرے..."

"میں کہتا ہوں خیریت اسی میں ہے کہ چپ رہو۔" روفی کی زبان لڑکھڑا گئی اور غصے سے آنکھیں دہک اٹھیں۔ اس کی شکل کتنی ڈراؤنی ہو گئی۔

"اور یہ تم سمجھتے ہو کہ تمہارے بھڑکنے سے میں ڈر جاؤں گی۔ یاد رکھو میں تمہارے فریب کا جال ضرور توڑ دوں گی۔ اس طرح دھوکا دے کر..." شعلے کی طرح بھڑکتا ہوا چہرہ اور بھی سیاہ پڑ گیا۔ پوری طاقت سے چوڑا چکلا ہاتھ گھونسا اور رخسار کو جھلساتا ہوا دشمن کو زمین پر گرا گیا۔

ہنٹر کا نشانہ لرزتا ہوا چلا گیا۔ دشمن نے ایک آہ بھی نہ بھری۔ وہ بڑی احتیاط سے سنبھل کر کرسی کا سہارا لے کر بیٹھ گئی۔

وہ کیا کرے؟ اب کیا کرے؟

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دھیرج، اتنا مت سوچو۔ ذرا ٹھہرو، تم نے گناہ کیا ہے۔ تو خمیازہ بھگتنے سے اتنی مت ڈرو۔ پتھر کا پیڑ اینچ کر انگور توڑنے کی امید نہ کرو، ٹھہرو، مگر پلنگ پر پڑے وہ کئی گھنٹے روتی رہی۔ ٹیلر رات گئے نشے میں دھت تھا۔ اس کے لڑکھڑاتے ہوئے قدموں کی چاپ سن کر ہی وہ کانپ اٹھی اور جلدی سے کنڈی لگا کر پلنگ پر گر گئی۔ ٹیلر تو پلنگ پر گرتے ہی سو گیا مگر وہ آنکھیں پھاڑے صبح تک گھورا کی۔ کالی بھیانک رات کو گھورتی رہی۔ سوچتے سوچتے کنپٹیاں سن ہو گئیں اور دماغ دکھ گیا۔ پر وہ کیا سوچ رہی تھی! سوائے شدید غم کے کوئی دوسرا احساس زندہ بھی تو نہیں رہا تھا۔ جسم ٹھنک کر پکا پھوڑا ہو گیا۔ کاش کسی غیبی جراح کا مشتاق ہاتھ اس ٹپکن کو ٹھنڈا کر سکتا۔

صبح اس نے چائے کی پیالی بستر پر پڑے پڑے حلق سے نیچے اتار لی۔ ٹیلر کے جانے کے بعد وہ اٹھی۔ آج وہ بہت خوش وضع کپڑے پہن کر گیا تھا۔ جانے سے پہلے اس نے سیٹی بھی بجائی تھی جس کی ہر تان سے مسرت ٹپک رہی تھی۔ دوپہر کو اس نے فون سے لنچ کو منع کر دیا اور سیدھا ریس کورس چلا گیا۔ وہاں سے خوب ہار کر اور پی کر رات گئے لوٹا۔ بیرے کو مارتے مارتے چھوڑا۔ یہ ایک نئی ادا تھی۔ اس کا رویہ نوکروں سے عام سفید لوگوں سے بہت مختلف رہا تھا۔ وہ ان سے بہت نرمی سے بولتا اور عموماً مذاق کیا کرتا تھا۔ آج وہ ٹیڑھی میڑھی عینی میں انگریزی اردو میں احکامات صادر کر رہا تھا۔

دو دن اسی طرح آنکھ مچولی ہوتی رہی۔ اگر بھولے سے سامنا ہو جاتا تو نفرت سے منہ موڑ کر دور ہٹ جاتے۔ ٹیلر بظاہر بڑا بہادر بن رہا تھا مگر شمن کو یہ دیکھ کر بڑی مسرت ہوئی کہ وہ بھول بھول کر سر تھام کر پریشانی میں ڈوب جاتا، بار بار چیزیں پٹخ دیتا۔ اور نوکروں پہ جھلاتا۔ وہ دکھی تھی تو ٹیلر بھی کچھ تو بھگت رہا تھا!

شمن کھوئی ہوئی سی بیٹھی تھی، جیسے وہ کسی مضبوط پل پر دوڑتے دوڑتے ایک دم ٹھٹک گئی۔ آگے تختے اکھڑے ہوئے تھے۔ اور نیچے لا انتہا گہرائیاں اور بے رحم چٹانیں۔ شب بیداری سے اس کی آنکھوں کے گرد دھندلے حلقے پڑ گئے تھے، کپڑے میلے ہو گئے تھے مگر وہ بے خبر نہ جانے کیا سوچنے کی کوشش کیے جا رہی تھی۔ جو کچھ اس نے کیا تھا اس کی سزا وہ تنہا بھگتنا

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

چاہتی تھی۔ ویسے اُس نے اپنی کسی سہیلی کو اس بے وقوفی کی خبر بھی نہ دی تھی۔ ہمدردی وصول کرتے کرتے اکتا گئی تھی اور خطوں میں بھی اس کی موجودگی نہیں چاہتی تھی۔ اُس کے گھر والوں کو بیشک خبر مل گئی تھی مگر وہ بھی سناٹے میں خاموش ہو گئے تھے۔

"جب تم ہی اتنی مضبوط ہو تو ہم کون ہیں؟" اُن کے رویے سے صاف ظاہر ہوتا تھا۔ ایک طرح وہ لوگ اُس کی طرف سے عرصہ ہوا نا اُمید ہو چکے تھے اور کوئی بھی خبر اُنہیں متحیر نہ کر سکتی تھی۔ اگر انہیں اس انجام کی خبر ملتی تو بھی شاید کچھ زیادہ متاثر نہ ہو سکتے۔ گویا وہ پہلے ہی سے اس انجام کی پرچھائیاں دیکھ چکے ہوں۔

روپے کی اُس نے کبھی پروا نہ کی اور آج اُسے معلوم ہوا کہ اگر پاس روپیہ ہی ہوتا تو زندگی اتنی گھٹی ہوئی نہ نظر آتی۔ گو اُسے نوکری آسانی سے مل سکتی تھی، کوئی معمولی سی پڑھانے کی نوکری۔ دنیا سے دور بوسیدہ کتابیں، بدشوق لڑکیاں اور لامتناہی اکیلاپن۔ وہ اس آخری ہیولے سے بہت ہی خائف ہو چکی تھی مگر اس دم گھٹنے والی خلا میں گرتے ہوئے لرزہ چڑھتا تھا لیکن اب کیا ہو گا؟ سوچتے سوچتے سر کی رگیں سوج گئیں مگر کوئی دھندلی سی شعاع بھی روشنی کی نہ ملی۔

"شمن... شمن..." روی کی آواز گھبراہٹ اور خوشی سے لرز رہی تھی۔

"کہاں ہو شمن ڈیر..." وہ گیلری میں بے تحاشا دوڑ رہا تھا، "شمن!" اُس نے دروازے ہی سے اُسے چیخ کر پکارا، "یہ... یہ دیکھو... ممی... پیاری ممی کا خط۔" جلدی سے وہ آ کر پلنگ پر بیٹھ گیا۔ شمن نے چڑ کر پیر سمیٹ لیے۔

"یہ دیکھو... ذرا دیکھو کیا لکھا ہے: میں اپنی پیاری بیٹی کے لیے اپنے بیاہ کا بروچ اور لاکٹ بھیج رہی ہوں۔ اصلی ہیروں کا ہے۔ میرے باپ کو ہیروں سے عشق تھا۔ اچھا سنو، میں خود اپنے ہاتھوں سے اگر پہناتی تو... اوہ ہم..." وہ شمن کی گود میں سر رکھ کر قہقہوں میں ملے ہوئے آنسو بہانے لگا۔

"ممی ہیرا ہے ہیرا... شمن۔"

اور پھر نہ جانے کیسے ملاپ ہو گیا۔ ٹوٹے ہوئے پل کے تختے جڑ گئے اور ایک بار پھر

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

زندگی کی گاڑی دندناتی نکل گئی۔ ٹیلر نے اپنے آپ کو خوب گالیاں دیں اور کوسا، سارا الزام اپنے سر لے لیا، بالکل ننھا سا روی بن گیا اور سوائے ممی اور شرم کے اس کے منہ سے دوسری بات، نہ نکلتی تھی۔ رات کو دونوں نے لارل اور ہارڈی کا ایک ابتذال سے بھرا ہوا فلم دیکھ کر بچوں کی طرح تالیاں بجائیں۔ باوجود سختی سے منع کرنے کے وہ بے دھڑک اُسے سب کے سامنے چومے جا رہا تھا۔ لوگوں کی تحیّر سے پھٹی ہوئی نگاہوں کا جواب وہ گستاخ قہقہوں سے دے رہا تھا۔ آج دنیا میں بس تین انسان تھے؛ دو یہ بگڑے دل اور ایک محبت کرنے والی ماں جو ہزاروں کوس دور امریکہ میں بیٹھی انہیں اپنی آغوش میں لیے چوم رہی تھی۔ شاید اُسے معلوم بھی نہ ہوگا کہ اُس نے غریب الوطن بیٹے اور غیر قوم کی بیٹی کو اپنے کتنے قریب کھینچ لیا تھا۔ دونوں کے دل سفید بالوں والی معصوم صورت بڑھیا کے خیال سے ناچ رہے تھے۔ وہ اب دنیا میں اکیلے نہیں تھے ایک تیسری جان اُن کی زندگی میں آگئی تھی۔ آج ان کا بھی ایک رازدار پیدا ہو گیا تھا جس نے نصیحت کو بھول کر رنگ اور قومیت پر لیکچر دیے بغیر انھیں پیار بھری مبارک باد دی تھی۔ اُس کی بہو ایک عورت تھی جسے اُس کے چہیتے بیٹے نے چنا تھا۔ اس کے علاوہ اُس نے کچھ بھی تو نہ سوچا۔ اور ضرورت بھی کب تھی کچھ سوچ بچار کرنے کی! آج تک اس بیٹے نے کون سی غلطی کی۔ ہمیشہ اُس کی رائے پر عمل کیا اور کامیاب جوان بن کر اب اعلیٰ تعلیم کے لیے ہتھیلی پر جان رکھ کر وطن سے دور پڑا ہوا تھا۔ وہ عورت جس نے اس انجان غریب الوطن سے پیار کیا ہوگا، ضرور قابلِ محبت ہوگی، خواہ کتنی ہی کالی ہو من کی ضرور گوری ہوگی بس وہ اسی لیے اپنے خاندانی زیور اس کے سپرد کر رہی تھی!

"نہ جانے روی نے اُسے کیا لکھا ہوگا۔ آخر ماں ہے بیٹے کی ضد سے مجبور ہو گئی۔ اور یہ سوچ کر اُس کا دل ڈوبنے لگا۔ بدگمانی نے سر اُٹھایا۔ تو یہ ماں بھی بیٹے کی طرح مکار تھی! اُف یہ سفید چمڑی!

مگر جب روی خراٹے لینے لگا تو سرہانے کا دھیما لیمپ جلا کر اُس نے خط دوبارہ پڑھا۔ ایک بار، دو بار۔ اور آنسو نہ روک سکی۔ دور بچھڑی ہوئی ماں کا آنسوؤں میں بھیگا ہوا خط؛ دنیا کے کسی جھگڑے کا اس میں ذکر نہ تھا۔ نہ اس خون آشام جنگ کا نہ قومی خدمت

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

گا۔ نہ آفتوں سے ڈرایا تھا نہ کہیں ہمت دلائی تھی۔ جیسے دنیا میں اور تیسری چیز کا وجود نہیں، ایک ماں ہے اور اُس کا اکلوتا بیٹا۔ ہاں ایک چیز اور: وہ ان کی کبھی نہ مٹنے والی محبت، ایک دوسرے پہ اٹوٹ اعتماد اور اس کمائی پہ جب ہر سطر میں لاکھوں پیار اور دعائیں بھیجی تھیں۔ بغیر دیکھے بھالے وہ محبت کا بیش قیمت خزانہ اس پر لٹا بیٹھی تھی۔ کتنا فراخ تھا اس ماں کا دل جسے شمن اپنے پرائے۔ وہی سے نکتہ چینی ناک چڑھی بڑھیا سمجھے بیٹھی تھی۔ بالکل اپنی معلوم ہو رہی تھی، بلکہ اپنوں سے بھی زیادہ۔

وہ پارسل بھی دوسرے دن آ گیا۔ اگر شمن نہ روکتی تو وہ پولیس کے دفتر میں ہی چیر پھاڑ کر کے دل ڈالتا۔ اُس میں ماں کی ایک تصویر بھیجی تھی۔ ڈھیلے ڈھالے کپڑے پہنے ایک کرسی پہ بیٹھی اخبار پڑھ رہی تھی۔ نظریں اوپر کیے اپنے دولوں بچوں کو دیکھ رہی تھی۔ اُس کے چہرے کی ایک ایک شکن میں ماں کا خزانہ پوشیدہ تھا۔ وہ جھلکتی ہوئی آنکھیں بھر کر التجا بنی ہوئی تھیں وہ کسی اونچے خاندان کی عورت نہ تھی۔ بیوگی کے بعد اس نے اپنی ساری توجہ اپنے بچے کی پرورش کی مبذول کر دی تھی۔ اس کے کرخت جسم اور ابھری ہوئی چہرے کی ہڈیوں سے محنت مشقت ہونے کا پتہ چلتا تھا۔ اُس کی عمر کلرکی اور ٹائپ کرنے بیتی تھی اور اب آخری عمر میں علاوہ اور چھوٹی موٹی جنگ کی بخشی ہوئی فکروں کے بیٹے کی جدائی بھی جان کو آزار بن کر لگ گئی تھی۔ آخر کیوں ہی بھیج دیا اُس نے اپنے اکلوتے کو جنگ کی بھٹی میں جھونک جانے کے لیے؟ کیا بڑھیا کو اس بیٹے سے بھی کوئی چیز زیادہ پیاری تھی جس کی خاطر وہ ساری عمر کی کمائی کا داؤ لگا بیٹھی تھی!

ایک بڑا سا آنسو خط پہ ٹپکا اور کاغذ کانپ اُٹھا۔ دور دراز پڑی ہوئی دو اجنبی عورتیں ایک دوسرے سے بغلگیر ہو گئیں۔ روتی سوتے میں نیند سے تھکی ہوئی کروٹیں لے رہا تھا۔ اُس کے ہونٹ لرزاں تھے اور آنکھوں کے کونے بھیگے ہوئے تھے۔

تو ان برف کے تودوں میں بھی محبت چھپی ہوئی ہے! ان کے سینوں میں بھی دل ہیں اور وہ ان کے سینے میں بھی دھڑکتے ہیں اور میں اڑی تھی کہ یہ ایثار اور قربانی صرف مشرقی عورت کا ورثہ ہے۔ یہ مغربی موم کی پتلیاں کیا جانیں محبت کیا چیز ہوتی ہے، خصوصاً اولاد کی محبت۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سنا ہے بڑی بدمعاش ہوتی ہیں۔ بوڑھی ہو جاتی ہیں پر ہوس نہیں جاتی۔ جانور ہوتی ہیں؛ کسی ملک کسی قوم کا ہو گلے میں لعنت کا طوق بن کر چمٹ گئیں۔ اوّل تو بچے پیدا ہی نہیں ہونے دیتیں اور اگر بدقسمت رہ جئیں آن ہی ٹپکیں تو کتوں سے بدتر گت بناتی ہیں۔

مگر شمن نے یہ سب کچھ کہاں سے دیکھ لیا! نہ ہی وہ کبھی ان کے ملک میں گئی اور نہ ہی ہندوستان میں آئے ہوئے باشندے مالک اور قوم کے صحیح نمائندے کہلائے جانے کے حقدار ہیں۔ تو پھر کس نے بتائیں یہ ساری باتیں؟ یہی باتیں فولادی دیواریں بنی انسانوں کے بیچ میں اڑی ہوئی ہیں۔ کیا کوئی آنچ انھیں پگھلا سکتی ہے! کیا یہ لاکھوں کروڑوں سفید اور کالے انسانوں کا خون انہیں گھلا سکتا ہے!

ساس! ساس کے نام پر اسے ہنسی آ گئی بچپن سے اس نے مرکھنی ساسوں کے قصّے سُن رکھے تھے۔ ہر بڑی گلی چیز کو اُس کی ساس کا سر یا کلیجہ بتایا جاتا تھا۔ مگر اسے خواب میں بھی کبھی شبہ نہ ہوا تھا کہ اسے ایسی بھولی گڑیا جیسی ساس ملے گی۔ کاش اس کا سسر بھی زندہ ہوتا۔ ڈکنس کے ناولوں جیسا: گردن ہلتی، منہ میں پائپ دبائے، باغبانی میں دُھت بُڈھا!

کون کہتا ہے وہ کھو گئی! سامنے لمبی سیدھی اور روشن سڑک کہکشاں کی طرح جگمگا رہی ہے۔ ایک دو، نہیں تین کھلونوں جیسے ننھے منے انسان آگے قدم بڑھاتے چلے جا رہے ہیں: روزی وہ خود اور ماں!

صبح خط دوبارہ پڑھا گیا۔ ساتھ ساتھ ہزاروں لمبے چوڑے قصّے یاد آ گئے۔ ٹیڈر نے چھٹی منانے کی رائے دی مگر شمن کے اصرار پر بادلِ ناخواستہ جبراً دفتر گیا۔ جاتے وقت ٹیڈر نے تاکید کر دی کہ قلم اور بہت سا کاغذ خط لکھنے کے لیے تیار رہے، آتے ہی لکھائی شروع ہو جائے گی۔ دوپہر کے کھانے پر شامی کبابوں اور دہی کی خاص فرمائش کی۔ یہ مرد روٹھ جاتے ہیں تو کھانے سے پہلے روٹھتے ہیں۔

شام کو خط لکھا گیا۔ دو لفظ لکھ کر وہ سوچ میں پڑ گیا۔ پیاری ماں۔۔۔ نہیں۔ کاغذ پھینک دیا۔ بہت پیاری ماں، سب سے پیاری! اب؟ آگے کیا لکھے؟ جیسے آگے کچھ کہنا ہی نہ ہو، ان تین لفظوں میں دنیا سما گئی۔ کئی گھنٹوں کی کوشش کے بعد خط لکھا

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

گیا۔ ٹیلر نے کاغذ پر کلیجہ نکال کر رکھ دیا۔ نصف سے زیادہ خط شمن کے بارے میں تھا۔ جیسے بادل چھٹ گئے۔ اب باہر جانے آنے میں کوئی خطرہ نہیں۔ ماں چھتری پھیلا کر کھڑی ہو گئی، بوند نہیں پڑ سکتی۔ زندگی مزے سے ہچکولے کھاتی گذرنے لگی، جیسے ربڑ ٹائر گاڑی کنکریلی سڑک پر ٹھمکتی چلی جا رہی ہو۔ شکر رنجیاں آتیں اور گزر جاتیں۔ ہر جھٹکے پر دور ہو جاتے مگر پھر سر ٹکرا جاتے، دل مل جاتے۔ قہقہوں میں آنسو گھل جائیں تو کبھی آنسوؤں میں ہنسی ڈوب جائے۔ دنیا بھی عجائبات کی عادی ہو جاتی ہے خصوصاً جبکہ ڈھٹائی پر اتر آئیں۔ اب سڑک پر گردن موڑ کر بھی کوئی نہیں دیکھتا اور اگر دیکھتا ہے تو انہیں نہیں دکھائی دیتا۔ جلسوں پارٹیوں میں بھی جاتے اور کوئی متحیر نہ ہوتا۔ لوگوں کو ایک بار مشرق اور مغرب کے مل جانے کا گمان ہونے لگا۔ ان کی شادی ضرب المثل بن گئی حوالے دیے جانے لگے۔

گھر سے بار بار تقاضا ہو رہا تھا کہ آ جاؤ چاہے دو چار ہی دن کو آؤ، اور اس کا بھی جی چاہ رہا تھا۔ اتنی دوری پر بھی خون کی کشش مجبور کیے دیتی تھی۔ ارادہ بھی کیا مگر پھر ایسی وحشت ہوئی کہ نیند اڑ گئی۔ یہاں کے لوگ تو عادی ہو چکے تھے پر یہ اب نئے پہاڑ کیسے کھودے جائیں گے اور پھر ان چٹانوں کو ہموار کرنے کے لیے جس ماتھا پھوڑی کی ضرورت تھی وہ کس سے جھیلی جائے گی! بڑی بوڑھیوں کے طعنے کیسے سنے جائیں گے؟ سب کی سب ٹیلر کی ماں نہیں بن سکتیں۔ بہن بھائی، چھوٹے بچے بچیاں کیا کہیں گے! انہیں کون سمجھائے گا۔ چڑیا گھر ہی چلے جاتے ہیں تو جانور کیسے کھلا اٹھتے ہیں۔ بھلا یہ خوگیر کی بھرتی کیا نہ دُند مچائے گی۔ تو وہ نہیں جا سکتی۔

وقت بدل جانے سے زیادہ فرصت بھی کم معلوم ہونے لگی۔ ادھر جنگ کی آگ لپکی اُدھر وقت کی رفتار میں بھی کوک بھر دی گئی۔ ہر وقت یہی معلوم ہوتا گھنٹے، منٹ، سیکنڈ ہاتھوں سے پھسلے جا رہے ہیں۔ سپلائی کی نگرانی کے ساتھ ساتھ آئے ہوئے مال کی بھی دیکھ بھال کرنا پڑتی۔ اس کے علاوہ جب ایک ٹوکری میں دو برتن رکھے ہوں تو آبائی حق کے بل بوتے پر ٹکراتے ہیں۔ سینما ہی ایسی چیز رہ گئی تھی جہاں بغیر ایک دوسرے

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

سے اکتائے ہوئے وقت کاٹا جا سکتا تھا۔ شمن بیکاری سے اور بھی اکتا گئی۔ آنکھ کھولی کر پڑھنا اور پڑھانا، کچھ نہ کچھ زندگی کا مصرف رہتا اور اب یہ حال کہ دن گزر جاتا تو رات دوبھر ہو جاتی۔ ٹیلر تو تھکا ماندہ آکر مزے سے سو جاتا اور وہ پڑی جاگا کرتی۔ دن کو لازمی طور پر نیند آجاتی اور یہ لمبی لمبی راتیں اور تھکا دینے والی تنہائی اُس کا دماغ ہلا ڈالتیں۔ ٹیلر کا وجود تو نہ کے برابر ہوتا۔ دن کو وہ کام میں رہتا اور رات کو نیند میں۔ اور شمن اس کی دنیا سے نکل ہوئی باوجود ساتھ رہنے کے تنہا ہی رہتی، وہ جیسے وہ اس کی بیوی نہیں پڑوسن ہے جس سے بوقتِ ضرورت بات کرلی ورنہ نہیں۔

مگر سنیما میں بھی چخ ہو جاتی۔ "گریٹ ڈکٹیٹر"، پر کچھ ذاتی جھگڑا اُٹھ کھڑا ہوا

"یہ بزدلی اور کچھ... رائن ہے۔ مذاق تو ہر ایک کا بنایا جا سکتا ہے۔" ٹیلر جو بعید سوچے سمجھے منا بن رہا تھا اس فلسفے پر چڑ گیا۔

"ارے مائی کیف پڑھو تو تمہیں معلوم ہو کہ یہ نازی کیا ہیں، شیطان ہیں پورے۔" اُس نے بڑے وثوق سے کہا۔

"کچھ زیادہ فرق تو نہیں نازیوں میں اور ان کے بھائی ہندوں میں۔ شیطان نے نئے روپ بھر کر جنم لیتا ہے۔"

"مگر اتنا کوئی نہیں۔"

"ہنہ۔ بھلا تم کیوں کہو گے؟ اُن کے چیلے جو ٹھہرے، شاہی پاسبان جو ہوئے۔"

"ہم... میں... ہم لوگ برطانوی راج کی حفاظت میں ہرگز نہیں لڑ رہے رہیں۔"

"کہو انسانیت کی حفاظت میں لڑ رہے ہو۔ ہنہ، چوٹی تلی جلیبیوں کی رکھوالی کرنے چلی ہے۔ نوسو چوہے تو پورے ہو گئے اب حج باقی رہ گیا ہے۔ کیا کہنے ہیں۔"

"لیکن اس مرتبہ انصاف ہوگا۔"

"کیوں نہیں۔ لیڈر ہی انصاف نہ کریں گے تو پھر اور کون کرے گا۔"

"مگر کہیں ہیں تو لیڈر ہی نہیں، میرے ملک نے تمہارا کیا بگاڑا ہے۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"تم لیڈروں کا ساتھ دوگے تو ضرور لیڈر کہلاؤ گے۔ برطانیہ انسانیت کے پہرے دار بنے ہو، ذرا ہندوستانیوں کو بھی انسان سمجھ کر دیکھو"

"کون کہتا ہے ہم ہندوستانیوں کو انسان نہیں سمجھتے"

"تو پھر ان چالیس کروڑ انسانوں کو نازیوں کی چکی میں پستا دیکھ کر تمہارے کان پر جوں کیوں نہیں رینگتی؟ فرانس کو تم بچا لے دوڑے، پولینڈ کی موت پر چھاتی کوٹ کوٹ کر رو دیئے، برطانیہ کے ہاتھ سے دو تین سونے کی چڑیاں جاپانیوں نے چھین لیں تو کلیجے مسل گئے مگر یہ کیسی انسانیت ہے جو بس تمہیں سفید چمڑی ہی میں نظر آتی ہے"

"کیوں، ہم چین کے لیے بھی لڑ رہے ہیں"

"جیسا لڑ رہے ہو وہ خوب معلوم ہے۔ روس کی بھی تو مدد کر رہے ہو۔ دوسرا محاذ کیسے قائم ہو رہا ہے۔ پر نہ جانے کیا بات ہے کہ کنجی ہی نہیں ملتی۔ ہم جانتے ہیں یہ دوسرا محاذ کب کھلے گا، جب جرمنی پسنے لگے گا اور روس تھک جائے گا"

"تمہارا تو دماغ خراب ہو گیا ہے۔ اب سینما بھی تمہارے ساتھ دیکھنا حماقت ہے"

طے ہوا کہ فلم بینی بند۔ مگر یہ عہد زیادہ دن قائم نہ رہا اور فرمائش ٹیلر ہی کی طرف سے شروع ہوئی۔ یہ طے پایا کہ اگر ایک انگریزی فلم دیکھا جائے تو دوسرا ہندوستانی۔ بالکل کھرا سودا۔ یہ نہیں کہ وہاں سے تو دنیا بھر کا کوڑا سمیٹ کر ہندوستانیوں کے سر منڈھ دیا جائے اور یہاں کی ایک تصویر بھی نہ دیکھی جائے۔ خیر حکومت کے آگے بس نہیں تو گھر میں تو چلے گا اپنا قانون

ٹیلر راضی ہو گیا۔ وہ آسان ہندوستانی بخوبی سمجھ لیتا تھا۔

مگر دو ایک اسٹنٹ پکچر تو جھیل گیا پھر تو یہ حال ہو گیا کہ دو ریلیں دیکھیں اور خفقان اٹھا۔ "یہی فلم تو پچھلے ہفتہ دیکھا تھا" وہ ضد کرتا۔

"کیسے ہو سکتا ہے؟ اسی ہفتے تو بن کر آیا ہے؟" شمن لڑتی۔

"نہیں جی یہی تھا۔ وہ چغد سا عاشق، کیا میں اسے پہچانتا نہیں۔ جنگلوں میں گاتا پھر رہا تھا۔ پھر وہ چنپٹی سی ہیروین گر پڑی تھی تو۔۔ چلو چلو یہ تو وہی ہے، کوئی دوسرا انگریزی فلم دیکھیں"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اب شمن کا پارہ چڑھ جاتا۔ یوں تو ہر فلم میں یہی ہوتا ہے۔ ہیرو جنگل ہی میں گاتا ہے۔ ہیروین گرتی ہے تو اُسے اُٹھانا ہی پڑتا ہے۔ مگر ٹیلر تو اُسے جان بوجھ کر جلانا چاہتا تھا۔ جو فلم اچھا بھی ہوتا تو وہ پورے وقت سوتا رہتا اور شمن جلی بھُنی مُنہ سجائے بیٹھی مند سے دیکھا کرتی اور جان بوجھ کر انگریزی کے اچھے فلم میں عاجز بن جاتی۔ غرض کوئی بھی فلم ہو دونوں کا مزہ کرکرا دیتا۔

"یہ تمہارے یہاں ہر کیرکٹر گاتا ہے یا روتا ہے۔"

"اور تمہارے یہاں سوائے کھٹی کھٹی کے اور کیا ہوتا ہے۔" وہ بحث کرتی۔

"یہ کرنا چاہیے کہ امریکن فلموں کی نقل اتاریں۔"

"ہنہ، بڑے امریکن فلم۔ گندے، غلیظ، سوائے ننگے پن کے اور رہے بھی کیا!" گو اسے معلوم تھا کہ عام طور پر جو ہندوستانی فلم ذرا بہتر ہوتے ہیں اُن میں یہی چالاکی استعمال کی جاتی ہے، مگر وہ بنتی رہی۔

"لاجواب ہوتے ہیں۔ تمہارے فلموں میں تو کچھ ہوتا ہی نہیں۔"

"یہ تمہاری سمجھ کا قصور ہے نہ کہ فلموں کا۔ تم ہم لوگوں کی زندگی کا فلسفہ ہی نہیں سمجھتے۔ تم لوگ تو بس جذبات میں ہیجان پیدا کرنے کو فلم دیکھتے ہو۔"

"اوّل تو ہمارے جذبات ایسے گوبر نہیں کہ ٹھیس لگی اور بھک سے اڑ گئے، دوسرے اس میں مضائقہ ہی کیا ہے۔"

تلخیاں اور بڑھتیں، بحثیں عام موضوع سے ہٹ کر گھر کی چار دیواری میں آن جمتیں، نجی باتیں پھوٹ نکلتیں اور ایک سرے سے سینما سے بائیکاٹ کرنا پڑتا۔ مگر ریڈیو ہی جان کو روگ کی طرح لگ گیا۔ ان دونوں کو تو بس کسی بہانے کی تلاش رہتی۔ ٹیلر ہندوستانی گانا سنتے ہی پاگل ہونے لگتا۔ اس کی ضد میں شمن نے پکّے راگ سیکھنے کے لیے ماسٹر رکھ لیا۔ وقت بھی کٹ جاتا اور جنگ کا مواد بھی مہیا ہو جاتا۔ وہ ڈھونڈ ڈھونڈ کر استادوں کے راگ سنتی، ہر تان پر جھوم اُٹھتی، ہر گٹکری پر لرز جاتی اور الکاروں میں کھو جاتی۔ مگر جونہی ٹیلر آتا وہ کھٹ سے لندن جا پہنچتا۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"یہ ہے اصل نغمہ!" وہ جھوم کر کہتا۔

"ہنہ، جیسے پٹا ہوا کتا رو رہا ہے" وہ جل کر کہتی۔

"جبھی تو کہتا ہوں سمجھنا سیکھو، کان پیدا کرو۔"

"تم ہندوستانی گانا سمجھنے لگو تو یہ کائیں کائیں سنو بھی نہیں۔"

"ہندوستانی گانا کسی عقل والے دماغ میں تو سما نہیں سکتا۔"

اس پر بات بڑھ جاتی۔

"تم میرے ملک کی ہر چیز کو حقیر سمجھ کر مجھ سے دور کرنا چاہتی ہو۔"

"میرے ساتھ تو تمہیں میرے ہی رنگ میں رنگنا پڑے گا۔"

"کوئی ضروری نہیں کہ جب میں تمہیں اپنے رنگ میں رنگنے کی کوشش نہیں کرتی تو تم میرے اوپر جبر کرو۔"

"تم جانتی ہو کہ تمہارا رنگ پھیکا ہے۔ تمہارے مرد زیادہ عقلمند ہیں۔ وہ یورپین لڑکی سے شادی کر کے کس قدر مہذب ہو جاتے ہیں۔ کھانا پینا، رہنا سہنا، بول چال سب میں سلیقہ آجاتا ہے۔"

"ہنہ خوب۔ یہ ایک اور امپیریلزم کو پھیلانے کی چال ہے کہ اپنی لڑکیاں الوؤں کو پھانسنے کے لیے لگا دی ہیں۔ اسی طرح انگریزیت کا پرچار ہو جاتا ہے۔ ان کا لباس پہن کر ان کی زبان منہ میں رکھ کر، ان کی عورتوں کی آغوش میں پل کر ان کے خلاف چوں کرنے کی سکت رہ جاتی ہے۔ نیچ اور ہم میں معاف ہو جاتے ہیں۔ اُن کی اولادیں یا تو اپنے دوغلے پن کے بل بوتے پر ہمیشہ چلا لیتی ہیں یا آنے جانے والے ٹامیوں کی جوتیاں چاٹتی پھرتی ہیں۔ ایک طریقہ تھوڑی ہے پیٹنے کا۔ یوں جذب کر کے بھی تو فنا کیا جا سکتا ہے۔"

"تو بھئی تم ہی مجھے اپنے نظام میں جذب کر لو، گو کیچڑ میں رہنے کی عادت ذرا مشکل سے پڑے گی۔"

"مگر۔۔۔"

"مگر اصل بات یہ ہے کہ۔۔۔ خیر جانے دو۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"کہو۔ میں کوئی بچہ نہیں ہوں تم چڑاؤ اور رو دوں۔"

"یہ کہ یورپین طرزِ رہائش بہت بلند ہے اور تمہیں یقین ہے کہ وہ جذب ہونے کے لائق ہے اس لیے تم جان بوجھ کر بجائے اوپر اٹھنے کے نیچے کیسے گھسیٹ سکتی ہو۔ تم لوگ دل سے یورپین معاشرت کے مداح ہو۔"

"بڑے حسین مغالطے ہیں۔"

جھک جھک ہوتی مگر شمن دل میں ضرور نادم ہوتی۔ یہ کیا بات تھی کہ وہ یورپ کی اتنی بڑی مخالف ہوتے ہوئے بھی انجان طور پر اسی رنگ میں رنگتی جا رہی تھی۔ وہ میز پر چھری کانٹوں سے کھانا کھاتی، بیڈ پر سوتی اور چھوٹے چھوٹے قواعد پر عمل بھی کرتی۔ یہ اس نے کبھی سوچا بھی نہیں۔ اس ندامت نے ضد کو اور بھی بڑھا دیا۔ وہ جان بوجھ کر اصول توڑتی۔ معمولی بیماری کے بہانے سے کھانا بستر کے پاس منگوا لیتی۔ بجائے نائٹ سوٹ کے اس نے غرارہ اور کرتا پہننا شروع کیا مگر ٹیلر نے محسوس بھی نہ کیا۔ اسے غرارہ بے انتہا پسند آیا، بالکل اسکرٹ معلوم ہوتا تھا۔

تو گویا جس چیز میں اسے اپنی معاشرت کی جھلک نظر آتی تھی وہ اچھی اور قابلِ پسند تھی! اتنا روشن خیال ہوتے ہوئے بھی وہ انجان طور پر کس قدر کوتاہ بیں تھا۔ جہاں تک ہوش و حواس کا ذکر تھا وہ وسیع نظر تھا مگر یہ لاشعور کی پاسبانی اس کی طاقت سے باہر تھی۔ یہ صدیوں کی جمی ہوئی کائی آسانی سے نہیں کھرچی جا سکتی تھی۔ یہ حال ہے ان روشن خیالوں کا تو کوتاہ نظر والوں کا تو کہنا ہی کیا۔ وہ کتنا بھی چاہیں احساسِ برتری دماغ سے نہیں نکل سکتا۔ انسانیت ہمہ گیر برابری کو مانتی ہے۔ دماغ میں چور بیٹھا ہے جو کبھی کبھی جھانک کر دیکھتا ہے۔ پانچ انگلیاں یکساں نہیں۔ انہیں کھینچ تان کر یا کاٹ چھانٹ سے برابر نہ کرو، ہاتھ بدوضع اور بھونڈا ہو جائے گا۔ دنیا کی شوبھا اونچ نیچ سے قائم ہے۔ اس معاملے میں روشن خیالی خام خیالی سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتی؟

اور گھر میں ایک عجیب کشمکش شروع ہو گئی، جیسے گاما اور زبسکو جٹے ہوئے ہیں۔ وہ اپنی طرف کھینچتا ہے یہ اپنی طرف۔ کبھی یہ داؤں لگا کر چت کرنے لگتا ہے تو وہ پلٹا مار جاتا

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہے۔ ساتھ ساتھ ذہنی رسہ کشی بھی بڑھتی گئی۔ کیسے پار لگے گی یہ دو انجنوں کی کشتی جس میں دونوں انجن مخالف سمت کو دوڑ رہے ہیں؟ کبھی دو انچ مشرق کی طرف بہتی ہے تو کبھی دو انچ مغرب کی سمت۔ نتیجہ وہی انجماد، گھٹن اور کوفت۔ اوپر سے طوفان تلا کھڑا ہے، موجیں منہ پھاڑ پھاڑ کر دوڑ رہی ہیں اور ناخدا نے جنم ہی نہیں لیا۔

زندگی سے تھکی ہاری ٹہلتی ہوئی دور نکل گئی۔ آج ہی ٹیلر سے چھٹی ہوئی تھی۔ زخم تازہ تازہ تھے۔ پارک میں بنچ پر ذرا دیر کو سستانا چاہا، مگر جیسے سانپ نے ڈنک لیا۔ یہ بنچ! آخر بنچ کیوں، چبوترہ کیوں نہیں۔ یہ سارے نوٹس، سارے اعلانات، یہ انگریزی میں کیوں؟ اس نے چاروں طرف نظر ڈالی۔ ذرہ ذرہ یانکیوں کی دست درازیوں سے کچلا ہوا۔ میلے کچیلے عقیلوں کی وضع کے پتلون، بھدی فراکیں، ٹوٹے ہوئے پائے والی کرسیاں اور کھرچی ہوئی میزیں۔ ان درندوں کے خونی پنجوں کے نشان چپے چپے پر پھیلے ہوئے ہیں۔ کیسے بھریں گے یہ گھاؤ؟

اس کا جی چاہا بنچ کو ایک ٹھوکر لگائے اور زمین پر لوٹ لگا دے۔ یہ ہپی ازم کے چھینٹے۔ کاش کوئی غیبی ہاتھ ان گندگیوں کو چن کر ملک سے دور سمندر میں پھینک دیتا اور اس کے ساتھ ساتھ ان سفید ریچھوں کو بھی جو ڈالر لٹا لٹا کر سیاہی اور گندگی سے لتھڑ کر کوڑھ کے زخم بن گئے ہیں، جن کی عفونت نے انسانیت کا دم گھونٹ رکھا ہے۔

"ارے ہیلو! السلام علیکم۔ یہ میں کیا دیکھ رہا ہوں!" کسی جانی پہچانی سی آواز نے پہلو سے پکارا اور وہ چونک پڑی۔

"ارے... تم... آپ" وہ حیرت زدہ ہو کر پروفیسر کے بگڑے ہوئے حلیے کو پہچاننے کی کوشش کرنے لگی۔ پہلے تو دماغ کی سازش معلوم ہوئی کہ کہاں وہ نک سک سے درست چھیل چھبیلے پروفیسر اور کہاں یہ ڈھیلے ڈھالے کھدر میں غرق بد وضع شاعر نما لیکن انتہائی غیر شاعرانہ انسان۔

"مگر آپ تو چلے گئے تھے؟"

"ہاں اور آ بھی گیا۔ تو اس میں اس قدر حیرت کی کیا بات ہے؟ تم تو ایسے چونکیں

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

جیسے میں کوئی مردہ ہوں جو کفن پھاڑ کر آن کھڑا ہوا۔"

"کچھ نہیں، اصل میں یوں ایکا ایکی ملنے کی امید تو نہ تھی۔ مگر یہ۔۔۔"

"یہ کہو کہو۔۔۔" وہ خوش مزاجی سے مسکرایا۔

"کچھ نہیں، جانے بھی دیجیے۔ اتنے دن بعد ملیں اور پھر وہی جنگ شروع کر دی۔ کہیے خیریت تو رہی"

"پوچھو مت۔ خود دیکھنے کی کوشش کرو۔"

"بس اب دیکھیے مجھے الزام نہ دیجیے گا۔ آپ ہی چھیڑ رہے ہیں، کوئی بات منہ سے نکل گئی، تو تلملا اٹھیں گے۔"

"آنہ او تو ایک بار۔ اب وہ نازک مزاجیاں نہ رہیں" پروفیسر نے ٹھنڈی سانس بھری۔

"معلوم ہوتا ہے کسی سے عشق ہو گیا۔"

"ایسا ویسا عشق! شاید قسم کا۔"

"مبارک ہو۔ مگر یہ ہوا کیسے؟"

"عشق ہونے میں بھی کیا کوئی ہل بیل لگتے ہیں؟"

"مگر معاف کیجیے گا یہ ڈھونگ تو کچھ قوم پرستوں کا سا رچایا ہے" اس نے سر سے پیر تک نگاہ دوڑا کر دیکھا۔

"معلوم تو ایسا ہی ہوتا ہے" پروفیسر چپکے سے بولا۔

"مگر یہ بات کیا ہوئی! کم از کم آپ سے تو یہ امید نہ تھی۔"

"کیا امید۔۔۔ یہ ڈھونگ رچانے کی۔۔۔"

"جی۔۔۔ یہ لباس، یہ کالکلیں۔۔۔ اور یہ لٹکا۔۔۔ کمال کر دیا آپ نے تو۔ تب تو آپ کمیونسٹ بھی ہو گئے ہوں گے۔"

"لازمی طور پر" پروفیسر اب بھی مسکرا رہا تھا۔

"وہ تیرہ سو کی نوکری؟"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"وہ چھن گئی۔"

"وجہ؟ آپ تو۔۔۔"

"سخت نالائق نکلا جبھی تو یہ روپ دھار لیا۔" پروفیسر کی آواز میں طنز کی تلخی نہ چھپ سکی۔ شمن نے بے اعتباری سے پروفیسر کو گھورا، یہ وہ کیا بنتر سے چل رہا تھا۔ اُسے اس شخص پر بھروسہ نہ تھا۔ دم بھر میں اُلو بنا دیتا اور پتہ بھی نہ چلتا۔ پر آج تو وہ خود بھلا مسکین بنا بیٹھا تھا۔

"کچھ آپ بیتی بھی تو سناؤ۔ ہاں بھئی شادی کی مبارک باد۔ تو دنیا بدل ہی گیا۔"

"جی ہاں۔ آخر کو ایک کارندہ پھانس ہی لیا۔ مہنگی کا زمانہ ہے، ہر چیز مہنگی ہو رہی ہے۔"

"میرا ہی جوتا میرے ہی سر۔ لیکن مجھے تم سے بھی امید تھی، بُرا نہ مان جانا۔ دراصل شادی بیاہ کے معاملے میں میری رائے کوئی حقیقت نہیں رکھتی۔ مگر کہیں تم نے شادی صرف اس لیے تو نہیں کر ڈالی کہ تمہیں ذرا عجیب و غریب بننے کا شوق ہے۔ سنو، سنو بیچ میں نہ بولو۔ اگر اس وجہ سے کی ہوتی تو تم خوش اور اس قدر مطمئن نہ نظر آتیں۔"

"میں خوش نظر آتی ہوں؟" وہ کھوکھلی آواز میں ہنسی۔

"کم از کم صورت اور صحت تو یہی کہتی ہے۔ خیر چھوڑو ان باتوں کو۔۔۔ یہ بتاؤ کچھ کرتی بھی ہو یا کام چھوڑ دیا۔؟"

"بہت دن ہوئے چھوڑ دیا۔ آپ کیا کر رہے ہیں؟ اوہ بھولی۔۔۔ آپ تو کام، کر رہے ہوں گے۔" پروفیسر مسکرایا اور کوئی جواب نہ دیا۔

"اب تو آپ سرکاری کمیونسٹ ہیں، اب تو راج ہوں گے۔"

"کیوں نہیں۔"

"قومی جنگ کا بھی کام جاری ہوگا۔"

"بڑی تیزی سے۔"

"بھئی مزے ہیں آپ لوگوں کے۔ ایک بیچارے وہ کمیونسٹ تھے جو چوہوں کی طرح

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

بلوں میں چھپتے پھرتے تھے، پاگل کتوں کی طرح دوڑائے جاتے تھے، ایک آپ ہیں کہ..."
"مرے سے وائسرائے کے ساتھ ڈنر اڑا رہے ہیں... موٹریں... گھوڑا گاڑی۔
کمی کیا ہے ہم لوگوں کو؟" شمن نے پھر طنز کی کڑواہٹ پر منہ بنایا مگر پروفیسر کی مکار ڈھلتی ہوئی آنکھوں اور بے معنی مسکراہٹ نے گویا بڑھا کر رکھ دیا۔

"اچھا تو وہ آپ کی محبوبہ کون ہیں؟"

"وہ ہے ایک بنگال کی حسینہ۔"

"بنگال کی؟"

"ہاں۔ تمہیں نہیں معلوم۔ ارے بنگال ہی میں تو میرا تقرر ہوا تھا۔ بس وہیں ایک کافرہ کے تیرِ نظر کا گھائل..." شمن گھبرا کر دور ہٹ گئی۔ پروفیسر کی آنکھیں بھیانک طور پر سکڑ گئیں۔ اُن میں عجیب نامعلوم سا خوف چھا گیا، جیسے وہ کسی ڈراؤنے خواب کو نیم بیداری میں دہرا رہا ہو۔ اُس کا جسم پسینے سے نصف بھی نہیں رہا تھا۔ چہرے پر عمر کے آثار اچانک برسوں پہلے سے مٹے اس لیے مسخ ہو گیا تھا۔ بال کتنے سفید ہو گئے تھے، جیسے وہ بن چکی جھاڑ کر چلا آ رہا ہو۔ وہ چکرا گئی۔

"سردی بڑھ گئی ہے۔ گھر چلیں گے یا دیر ہونے کا ڈر ہے؟" اُس نے بنچ پر سے اُٹھتے ہوئے پوچھا۔

"چلوں؟" پروفیسر نے جاگ کر جواب دیا۔

"ہاں، کیوں نہیں۔ ٹیلر تو شاید دیر سے آئے۔"

"متلی نہ پھاڑ دے کالا آدمی دیکھ کر!"

"مگر تم تو سرکاری کالے ہو۔"

"پھٹا رہ... کیوں؟" وہ خوش مذاقی سے ہنسا۔

گھر پہنچے تو وہ دیر تک گھوم پھر کر مکان دیکھتا رہا۔ کھانے پر اُس نے ہوکے زدہ ہو کر ایک دم نوالے نگلنا شروع کیے، مگر پھر ٹھٹھک گیا، جیسے ایک دم ابکائی نے گلا دبوچ لیا ہو، اور پھر نگلنا شروع کر دیا۔

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ذرا ہاضمہ بگڑ گیا ہے مرغن کھانے کھاتے کھاتے۔" وہ پھر بے معنی طور پر مسکرایا۔

کھانا کھاتے ہی وہ روانہ ہوگیا، جیسے کوئی ضروری کام یاد آگیا ہو۔

"پھر آؤں گا۔ اب تو گھر دیکھ لیا ہے۔ فرقی خوب تھی۔" وہ الٹی سیدھی باتیں کرتا رہا۔

اس کے جانے کے بعد شمن چپ چاپ اداس بیٹھی رہی۔ روسی بڑھتا جا رہا ہے۔ وہ قطعی متاثر نہ ہوئی۔ سب ڈھونگ۔ بنگال بھگت کہیں کے۔ انسانیت کے سگے بن کر چلے ہیں حمایتی۔ کہیں رہی سہی انسانیت کو بھی نہ ہڑپ کر جائیں۔

"غضب خدا کا آیا ہوگا میرے اوپر۔ وہ کوئی اور ہوں گی جو ان ہتھکنڈوں پر ریجھ جاتی ہوں گی۔ غبن وبن کیا ہوگا کمبخت نے جو نکالا گیا تو اپنی سیاہی کا پردہ ڈھانکنے کو لال جھنڈے کی آڑ میں آن دبکا۔ کچھ ایسی حوریں تو ہوتی بھی نہیں یہ بنگال میں۔ سوائے آنکھوں کے اور ہوتا ہی کیا ہے! مگر یہ دو ٹکے کے شاعر انہی پر مرتے ہیں۔ لیکن، بنگال میں تو قحط پڑ رہا ہے!"

اور یہ کون سی نئی بات ہے۔ قحط پڑا ہے یا ہریالی ہو، بیوہ کی مانگ تو ویسے ہی اجڑی رہتی ہے۔ روسی تھکا ہارا چڑچڑاتا ہوا آیا اور سو گیا۔ اور کوئی دن ہوتا تو وہ کوئی بات نکال کر اس بنگال کے قحط کا تھوڑا سا بدلا تو اس کا خون جلا کر لیتی، مگر پروفیسر نے جیسے اس کی روح تک کو کچل دیا ہو۔

جلی بھنی بیٹھی تھی کہ بیرے نے پروفیسر کے آنے کی اطلاع دی۔ جی چاہا کہہ دے دھکے مار کر نکال دو، مگر پھر سوچا دو چار چٹکیاں تو کمبخت کی ڈھیٹ ہڈیوں میں لی ہی جائیں، چنانچہ بلا لیا۔

پروفیسر کو دیکھ کر وہ پھر چونکی۔ یا خدا یہ دنیا ہے یا مداری کا تھیلا۔ مرغی کا پر ڈالو کبوتر کا بچہ نکال دیا۔

"میرے بالوں کو دیکھ رہی ہو، بہت کاٹ دیے کمبخت نائی نے۔ میں نے کہا بھیا ذرا اچھے کاٹ دینا،" اس نے گدی کھرچ ڈالی۔" اس نے گردن سہلا کر کہا اور شمن کے منہ پر طمانچہ سا لگا۔ گویا کہتا ہے تم بھی تھیں مجھے ڈھول تاشوں کی ضرورت ہے،

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ویسے مجھ میں کچھ دم خم نہیں۔ یہ لو میں نے یہ ہتھیار بھی پھینک دیے۔ اب آجاؤ میدان میں۔"

"میں تمہارے پاس ایک غرض سے آیا ہوں۔ تنہائی سے اکتا جاتی ہوگی۔" شمن کے کان تمتما گئے اور وہ بھی سمجھ گیا اس لیے جلدی سے بولا: "اتنی حساس نہ بنو۔ ذرا غور سے سنو۔ مذاق کو چھوڑو۔ ہاں پہلے میری اس دن کی بکواس کو معاف کردو، میں مذاق کر رہا تھا، مگر معلوم ہوا تم بڑی بدمذاق ہوگئی ہو۔ وہ تمہاری قیافہ شناسی کیا ہوئی یا صرف بنا کرتی تھیں؟ دو لفظوں میں میری داستان سن لو یقین نہ آئے تو کوئی پروا نہیں۔ ہمارے تعلقات بچی باتوں پر نہیں بگڑنا چاہییں۔ میں کلکتے بھیجا گیا تھا۔ وہاں کیا کچھ دیکھا اور کیسے دیکھا یہ نہ پوچھو اور نہ ہی کوئی بیان کر سکتا ہے۔ بھوتوں میں یقین تو نہیں کرتا مگر کوئی ایسے آسیب جو چمٹ گیا اور مجھے استعفیٰ دے کر بھاگنا پڑا۔ آمدم برسرِ مطلب ہمارے یہاں کچھ کلرکوں کی کمی آگئی ہے۔ بہت معمولی کام ہے۔ ہفتے میں دو تین روز کام دیکھنا۔ دفتر کا کام نہیں۔ وہ تو ہم نے انتظام کر لیا ہے، بلکہ... اگر تم تیار ہو تو خیر ورنہ..."

"کیا کام ہے؟"

"جی تو چاہتا ہے کہہ دوں..." وہ شرارت سے مسکرا دیا۔

"کہیے۔ کہیے نا۔"

"رہنے دو، کہنے سننے کے لیے تو بہت وقت پڑا ہے۔ سنو! کام یہ ہے کہ ہم نے چند سنٹر مقرر کیے ہیں جہاں ہمارے آدمی جا کر اناج بٹنے وقت انتظام کرتے ہیں۔"

"کیسا اناج؟" لیکن وہ جھینپ گئی۔ اسے وہ لمبی لمبی قطاریں بھیڑوں کی طرح ایک دوسرے کو ٹکریں مارتی ہوئی اناج کی دوکان کے سامنے کھڑی یاد آگئیں۔

"ایسا مشکل کام نہیں۔ بس عورتوں کو ایک قطار میں سیدھا رکھنا اور یہ دیکھنا کہ ملنے والیاں خواہ مخواہ تنگ تو نہیں کرتے۔ اناج کے سنٹر کم ہیں اس لیے بھیڑ ناقابلِ بیان ہوتی ہے۔ سنبھال سکو گی؟"

"سنبھال لینے کو لیا ہوا مگر..."

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"کیا تم اپنی اس فکر کو دو چار مہینے کے لیے سنبھال کر نہیں رکھ سکتیں۔ میں کوئی بھاگ نہیں جاؤں گا۔ جانتا ہوں تمہارے دل میں ہزاروں لاکھوں سوال کلبلی مچا رہے ہیں مگر یہ وقت ان سوالوں کو حل کرنے کا نہیں۔"

"بے سمجھے بوجھے کوئی کام۔۔۔"

"نہیں کیا جا سکتا۔ یہ تمہارا غلط خیال ہے۔ اوّل تو ذرا سا مطالعہ کرو، ذرا خبروں میں دلچسپی لو تو خود بخود سارے جواب مل جائیں گے۔ اور ویسے اگر میں تم سے بحث کرنے بیٹھا تو خوب جانتا ہوں کہ ہار جاؤں گا۔"

"تو آپ کھوکھلی بنیادوں کے برتے پر بحث کریں گے۔ بنیادیں کھوکھلی تو نظام بھی کھوکھلا۔"

"وہ دیکھو میں ہار گیا۔ کہتا ہوں تم سے کمیونسٹوں کا کام نہیں خدا نہ ہی سمجھ کر کر دو۔ اگر جی چاہے تو، ورنہ زبردستی نہیں۔"

پروفیسر نے ہتھیار ڈال کر جو سبتہ گرد کی پالیسی پکڑ لی اس پر شمن جھنجھلائی تو بہت مگر سمجھ میں نہ آیا کہ کیسے قائل کرے۔ غنیم بحث پر ہی تیار نہیں ورنہ وہ لفظوں میں پرخچے اڑا جائیں۔

"کیا ہے ذرا مشغلہ ہی ہاتھ آجائے گا۔ جواب دو تاکہ پھر کوئی دوسرا راستہ نکالوں۔"

"میں آؤں گی۔"

"تو میں کل ہی تمہارے پاس ہفتے بھر کا پروگرام بھیج دوں گا۔"

اور دوسرے دن وہ آٹھ بجے روانہ ہو گئی۔ ابھی اناج بانٹنے میں دو گھنٹے باقی تھے مگر ہجوم کا یہ حال تھا جیسے کسی بڑے دیوتا کے درشن کا جماؤ لگا ہوا ہے۔ نوچ، کھسوٹ، دھکم دھکا۔ بس نہیں چلتا ایک دوسرے کو نگل جائیں۔ جونہی مندر کے پٹ کھلے خلقت طوفان کے ریلے کی طرح ٹوٹ پڑی۔ "ہٹو ہٹو۔۔۔ پیچھے ہٹو،" پولیس نے کوڑا گھما کر جاتریوں کو پیچھے دھکیلنا چاہا۔ مگر توبہ کیجیے۔ ان دیوتا کی کشش بھلا یوں کوڑوں سے کمزور کیا جا سکتا تو پھر مشکل ہی کیا تھی۔ یہ پھڑکتے ہوئے بھوکے خود اپنے ہاتھوں سے جسم

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کی کھال اُدھیڑ لیتے۔ بدن دیکھو تو ایسے سوکھے جیسے گھسے ہوئے کپڑا ہے ہیں کھیچوں کا ڈھیر لپیٹ دیا ہو مگر ہوس دلہن پہلوانوں جیسی۔ چاول کا دانہ دیکھتے ہی جسم میں بھوت جاگ اٹھتے ہیں۔ وہی کھچیاں جو پٹ کھانے سے پہلے ٹھٹھر سے بھی زیادہ بے جان ہو رہی تھیں۔ بجلی کی سرعت سے تن اٹھتی ہیں۔ اور پھر زبانیں تو خدا کی پناہ! قینچی نہیں ملتا تب تو اس تیزی سے چلتی ہیں۔ اگر دو چار چیتھڑے لوا لے چھو جاتے تو نہ جانے کہاں پہنچتیں۔ اور پھر یہ زبانیں عورتوں کی قطار میں چل رہی تھیں۔

بڑی مشکلوں سے ان بے کل کیڑوں کو قطار میں کھڑا کرنے کی کوشش جاری تھی۔ اگلے حصے کا انتظام شمن کے ہاتھ آیا۔ گو یہاں قدرے سکون تھا کیونکہ اناج قریب تھا مگر پچھلے حصے میں باوجود تین چار لڑکیوں کی جدوجہد کے اودھم برپا تھی۔ ڈیڑھ دو فرلانگ لمبی لکیر بالکل زہریلے سانپ کی طرح دم پٹخ پٹخ کر تلملا رہی تھی۔

یہ عورتیں تھیں یا بھوکی کتیاں! صنفِ نازک اس طرح بدحواسی سے اچھل کود مچائے تو جی برا ہو ہی جانے لگا۔ شمن نے کئی بار انہیں سمجھانے کی کوشش کی مگر شاید وہ زبان بھی نہ سمجھتی تھیں اور نہ جانے کیا کیا کچھ جنگلی زبان میں چیخ پڑیں۔ دھوپ تیز تھی، معلوم ہوتا تھا سورج سے گیلی گیلی بھوبل برس رہی ہے، کوئی تپتی ہوئی راکھ جسم پر لوٹ رہا ہے۔ اور پھر ان گنواروں کی کھٹی کھٹی سڑاند۔ سر پھٹا گیا۔

سب سے اگلی عورت سخت لڑاکا مٹی کی بنی ہوئی تھی۔ نہ جانے دکاندار سے کیا چخ پخ لگا رکھی تھی اور کھسکنے کا نام نہیں لیتی تھی۔ کبھی بڑبڑاتی تھی کبھی سر ہاتھ سے کوٹنے لگتی تھی۔ جمعدار جی کا ہنٹر گھوما اور وہ روتی بسورتی گھسیٹ کر دور پھینکی گئی۔ کچھ اناج کی برائی کر رہی تھی۔ بازار میں دو سیر کا تھا تو یہاں ساڑھے تین سیر پھر بھی ہائے ہائے بند نہ ہوتی تھی۔ لیکن سب سے پہلی عورت کا مرض متعدی معلوم ہوتا تھا کیونکہ جو آگے بڑھی اڑ کے رہ گئی اور دو چار کو ہنٹروں سے ہٹانے کے بعد قطار میں بدر لیہ لا سلکی خبر دوڑ گئی کہ مال گھٹیا ہوا ہے۔

اتنے میں اس نے دیکھا پروفیسر بھیڑ میں کہنیاں چلاتا تیرتا چلا آ رہا ہے۔ ایک بار

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

اُس نے شمن کو دیکھا مگر آگے بڑھ گیا۔ آگے پہنچ کر اُس نے ہاتھ چلا چلا کر دوکاندار سے بالکل ایسے لڑنا شروع کیا جیسے وہ عالم فاضل پروفیسر نہیں بلکہ قطار والیوں کا کوئی بھائی بند ہے۔ زبان بھی تو وہ کوئی نئی بول رہا تھا جس میں گجراتی، مرہٹی، اردو اور انگریزی الجھی ہوئی تھی۔ اس کا یہ اثر ہوا کہ اناج ملنا بند ہو گیا۔ سانپ نے پیچ و تاب کھانے شروع کیے اور کنڈلی مار کر ایکبار ہی دکان میں گھسنے کی کوشش کی۔ ٹھیل شمن کے محاذ پر ہوئی۔ وہ پروفیسر کی طرف متوجہ ہوئی اور بلوہ ہو گیا ؛ باڑ بکھر گئی۔ آہیں اور سسکیاں چاروں طرف پھیل گیئں۔ بھوکے ہاتھ پھر ایک دوسرے کی لٹیاں نوچنے لگے، زبانیں پھڑ پھڑانے لگیں۔

پچھلے حصّہ کا انتظام کرنے والے آگے دوڑے۔ پروفیسر بھی دکاندار سے نپٹ کر موقعے پر آگیا۔

"ابھی ملے گا اناج۔ یہ بوریاں غلطی سے آگئی تھیں۔ تھوڑا صبر کرو بہنو"

اس نے چیخ چیخ کر آگے پیچھے لپکنا شروع کیا مگر معلوم ہوتا تھا صبر بھی جنگ کے ساتھ کھیل کھیلا کر خاک ہو گیا تھا۔ آہیں چیخیں بن گئیں۔ نہ جانے کیا ہوتا، مگر معلوم ہوا کہ اناج آگیا اور پھر لنگر جاری ہو گیا۔

ٹیکسی میں بٹھاتے وقت پروفیسر نے شرمندہ ہو کر اس کی نفیس جارجٹ کی ساڑی کو دیکھا جو قریب کی موری میں ڈوب کر مرے ہوئے چوہے کی طرح لٹک رہی تھی۔

"آج تو تم تماشہ دیکھنے آئی تھیں مگر مجھے یقین ہے بدھ کے دن جب آؤ گی تو اصل لطف آئے گا۔ آؤ گی نا۔ دو دن آرام کر لو۔"

"کوشش کروں گی۔" اس نے اپنے دکھتے ہوئے کندھے تکیے پر ٹکاتے ہوئے کہا۔ ساڑی کا لتھڑا ہوا کونا پنڈلی پر رینگا اور اُسے جھرجھری آگئی۔

(۴۳)

کام غیر دلچسپ تھا اور تکلیف دہ بھی۔ لیکن اتنا تو ہو گیا کہ مقررہ شام کی تھکی ہوئی

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

خاموشی ٹوٹ گئی۔ ٹیلر بڑی دلچسپی سے ان معرکوں کا حال سنتا۔ آئے دن نیا ڈراما دیکھنے میں آتا۔ انسانوں کی ایسی ایسی ناشکریاں دیکھ کر کبھی تو جی جل اٹھتا۔ آخر ہندوستانیوں کو ترغیب سے کیوں اس قدر نفرت ہے؟ ہر کام میں بس گڑ بڑ بھر دیا جاتا ہے۔

"انہیں سدھانا مشکل ہے" ٹیلر نے سب کچھ سن کر کہا۔

"جاہل ہیں نا بیچارے" شمن رسانیت سے بولی۔

"ہاں اور دوسرے کچھ یہ بھی ان کی خصلت ہیں"

"بھوک کے آگے کیا یاد رہتا ہے" شمن نے ذرا جذباتی ہو کر کہا۔

"مگر اناج تو برابر مل رہا ہے۔ دراصل یہ لوگ ہوتے ہی بے اصول ہیں"

"خاک مل رہا ہے اناج۔ سارا پھپھوند لگا ہوا چاول اور گھنا ہوا گیہوں"

"مگر ہم نے پنجاب سے تازہ گیہوں منگوایا ہے"

"منگوایا ہوگا مگر ملتا تو نہیں۔ وہ تازہ گیہوں تو گوداموں میں جب سڑ جائے گا تب نکالا جائے گا"

"یہ تو بڑی مصیبت ہے"

"اور کیا۔ پھر سرکار سنتی بھی تو نہیں"

"سرکار کیا کر سکتی ہے جب ڈاکو تاک میں لگے ہوئے ہوں"

"یہ ڈاکو بھی سرکار کے ہی ہتھو ہیں۔ ہر سال انسان کشی کے سلسلے میں خطاب ملتے رہتے ہیں ان کو"

"تم تو ایسے کہہ رہی ہو گویا میں ہی سرکار ہوں"

"سرکار کے حمایتی تو ہو"

"یوں تو تم بھی سرکار کی حمایتی بن گئیں۔ راشن اسکیم میں کام کرتی ہو جو سرکاری ہے" شمن ذرا اس جرح سے لاجواب رہ گئی۔

"تو اس میں عیب ہی کیا ہے" ٹیلر تسلی کے انداز میں بولا، "تم بالکل بچوں کی سی باتیں کرتی ہو"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"میں سرکاری ہتھکنڈے سے دور ہی رہنا چاہتی ہوں۔" اس نے اداس ہو کر کہا۔ ٹیلر آج اسے منانے پر تلا ہوا تھا۔

"صبر کرو، وہ وقت بھی آجائے گا۔"

"کون سا وقت؟"

"جب تم ان ہتھکنڈوں سے آزاد ہو سکو گی۔ نہ جانے تم لوگ اس قدر کم ہمت کیوں ہو۔ ذرا سی بات پر ناامید ہو جاتے ہو۔ ہمارے ملک کی تاریخ پڑھ کر بھی تم نے کوئی سبق نہ حاصل کیا۔ یہ احساسِ شکست کب دور ہوگا تمہارے دلوں سے!"

"شکست کھا کر بھی محسوس نہ کریں۔ یہ اچھا ظلم ہے۔"

"شکست کھا کر اگر دوگنے جوش سے آگے بڑھو تو احساس خود بخود زائل ہو جائے گا۔ اگر صرف رونے سے کام چل جایا کرتا تو شاید کبھی کا قصہ ختم ہو جاتا۔ ہندوستان میں کتنی آنکھیں ہیں جو دن رات خشک آنسو نہیں بہاتیں۔" آج ٹیلر میں کھویا ہوا انسان واپس لوٹ رہا تھا۔ گھر کے جھگڑوں نے انہیں کس قدر حیوان بنا دیا تھا! دونوں طرف مورچہ بندی شروع ہو گئی تھی اور اس آپس کی جنگ نے دنیا بھر میں بھڑکتی ہوئی آنچ کو ماند بنا رکھا تھا۔ اپنے گھر و بچوں کے آگے انسانیت کے کلیجہ میں رِستا ہوا گھاؤ نظر انداز کر دیا تھا۔

وہ پانی پینے کے بہانے سے اٹھی۔ لوٹ کر اس نے جیسے بالکل انجان پنے میں ٹیلر کے سنہرے بالوں میں انگلیاں ڈبو دیں۔ کتنا نرم گرم احساس تھا۔ گلے میں اٹکی ہوئی گرہ دکھنے لگی۔

"رونی!" وہ آگے کچھ نہ کہہ سکی اور نہ ہی ٹیلر نے کہنے دیا۔

"ممی کا خط۔" ٹیلر نے اسے جاگتا پا کر ڈاک اٹھا کر دے دی۔ "ذرا دیکھنا بڑی بی نے کیا کیا لکھ مارا ہے۔ سمجھتی ہیں ابھی تک وہی دو فٹ اونچا رونی ہوں جسے پورے وقت نگرانی کی ضرورت ہے۔"

رونی چلا گیا تو وہ لیٹی خط پڑھتی رہی۔ ماں نے لکھا کہ کیا کیا کھانے ٹیلر کو پسند ہیں۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کن چیزوں سے نفرت ہے۔ وہ رومال بہت کھونا ہے اور یہ عیب ایک بیوی کے لیے وبالِ جان ہے۔ اس کے موزے بھی بہت پھٹتے ہیں۔ اگر روز رات کو سونے سے قبل گرم پانی سے پیر دھلا کر ٹیلکم پاؤڈر چھڑک دیا جائے تو۔۔۔"

ہارا ہوا دماغ نیند میں لپٹا دھانوں کے ہرے بھرے خواب دیکھتا رہا۔ سانولی سالونی مٹی کے گداز سینے پر دھانوں کے ننھے ننھے سنہرے دانے گھنگھروؤں کی طرح بجنے لگے۔ کنجوس مٹی کب تک ضد کیے منہ موڑے رہتی۔ آن کی آن میں سورج کی نوکیلی کرنوں نے انھیں گدگدا کر زندگی کی رمق پیدا کر دی۔ رو پہلا پانی چھل چھل ناچتا ان میں جذب ہو گیا۔ دیکھتے ہرے بھرے دھان شرابیوں کی طرح جھومنے لگے۔

اب کشمکش ڈھیلی پڑ جائے گی۔ نیا دھان آ گیا! اچھی ہٹی آنکھیں شکم سیری کی نیند میں نشیلی ہو جائیں گی۔ نیا دھان آ گیا! اب سسکتے ہوئے کنگال کے حلق میں بھی امرت ٹپکے گا۔ نیا دھان آ گیا! اب قحط ختم! خالی مٹھیوں میں یہ نیا دھان سونے کے ٹکڑے بن جائیں گے۔ خالی ڈھنڈار خزانہ بھی دولت سے مالا مال ہو جائے گا۔ کروٹ لیتے میں اس کی گردن ڈھلک کر ٹیلر کے سینے پر ٹک گئی۔

آنکھ کھلی تو ٹیلر کی ناچتی ہوئی سیٹی کان میں گونجی۔ وہ آئینے پر جھکا ہوا سیفٹی ریزر سے گال کھرچ رہا تھا۔ اس کی آنکھیں سچے نیلم کے ٹکڑوں کی طرح جگمگا رہی تھیں اور شمن کو وہ کانچ کی نیلی گولیاں یاد آ گئیں جنہیں بچپن میں اس نے کندن کے ساتھ مل کر کیاریوں میں بو دیا تھا۔ وہ ایک دم مسکرا پڑی۔

شمن کو زور سے ہنسی آ گئی۔ یہ مائیں اتنی بیوقوف کیوں ہوتی ہیں۔ سب کی سب ایک ہی جیسی۔ لیکن ٹھیک ہی کہتی ہیں۔ کتنے دن ہو گئے شمن نے ٹیلر کے کپڑوں کی مرمت نہیں کی۔ بٹن ٹوٹ گئے ہیں، کالر گھس گئے ہیں، موزوں کی پچاس جوڑیاں ہوں گی مگر سب کی ایڑیاں اور پنجے غائب۔ دیر تک بیٹھی وہ کپڑوں سے کھیلتی رہی۔

چاہتی تھی کہ کسی طرح کام سے گلو خلاصی ہو جائے۔ پروفیسر سے ہی چھٹکارا ہو جائے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

کہ اسی بہانے مصیبت سے جان چھوٹے۔ اب اُسے بڑی تھکن ہو جاتی تھی اور موسم بھی ناگوار ہوتا جا رہا تھا۔ ہفتے میں دو کے بجائے تین دفعہ جانا پڑتا کیونکہ ملیریے کی وجہ سے مددگاروں میں اور کمی آ گئی تھی۔ اور کام بھی کیا گویا بندر سدھانے پڑ رہے ہیں۔ اسکول میں ہمیشہ وہ اعلیٰ جماعتوں کو پڑھایا کرتی تھی۔ بدتمیز پھوہڑ بچے اُسے کبھی نہ بھگتنے پڑے۔ لیکن ان عورتوں کو قطار میں کھڑا رہنا سکھانے سے تو بچوں کو پڑھانا آسان تھا۔ کھوپڑیاں ہی نہ تھیں۔ بس ساری قوتیں سمٹ کر دھان کے دانے سمیٹنے کی طرف لگی ہوئی تھیں۔ خیر دو چار دن کی بات ہوتی تو کچھ نہ تھا، مگر یہاں تو مہینوں کا سلسلہ تھا۔

بے وقت کے مہمان سب ہی کو کھلتے ہیں۔ مگر پروفیسر کو آتا دیکھ کر تو جی ہی لوٹ گیا۔ کمبخت بھوکا تو آیا ہی ہوگا۔ چائے پر دو وقت کے کھانے کا انتظام کرے گا۔ بہ جبر خوش آمدید کہنا پڑا۔

”نہیں چائے پینے کی فرصت نہیں شیلا رہ گئی تھی، اُسے بھی آج ایک سو چار بخار چڑھ آیا۔ عورتوں کا معاملہ ہے، ورنہ ویسے تو کام چل رہا ہے۔“

وہ کچھ مجبوراً اور شرمندہ سا ہاتھ ملتے ہوئے بولا: ”ایک تم مسلمان ہو جو اس کام میں دلچسپی لے رہی ہو۔ سنا ہے پردہ چھوڑ دیا ہے مسلمانوں نے بھی، مگر شاید صرف جلسوں پارٹیوں کے لیے چھوڑا ہے۔“

”مگر جب لڑکیاں موجود ہیں تو پھر ہندو مسلم کا سوال کیوں اٹھاتے ہیں۔“

”یونہیں۔ کوتاہ نظر ہوں۔ اُس گروہ سے تعلق رکھتے ہوئے کبھی کبھی خیال آجاتا ہے کہ... خیر تو تم آؤ گی؟“

”کیا خیال آجاتا ہے؟ کیا اب راشننگ میں بھی پاکستان قائم کرنے کا ارادہ ہے؟“ اُس نے سوئی چبھو ہی دی۔

”پھر بحث!“

”بات نہ ٹالیے۔ یہ آپ کے کون سے لینن یا اسٹالین نے بتایا ہے کہ حقے بخرے کر دیے گئے تو ساری بلائیں دور ہو جائیں گی؟“

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"مگر۔۔۔"

"ہندو مسلم فساد نہیں ہوتے تو تم لوگوں نے یہ چال چلی۔"

"تم سمجھتی ہو کہ پاکستان دے دیا تو ہندو مسلم فساد ہوں گے۔ میری بات بھی تو سنو۔ کون دے رہا ہے پاکستان؟ ہے کس کے پاس کچھ دینے کو؟"

"آپ ہی لوگ برآر رہے ہیں۔"

"جی ہاں۔ ہماری جیب میں رکھا ہوا ہے پاکستان کہ مانگے کوئی اور ہم دے دیں۔"

"مگر آپ ان کے مطالبے تو مانتے ہیں۔"

"ماننے نہ ماننے سے کیا ہوتا ہے۔ اگر انسانوں کا ایک گروہ کسی خاص قسم کی حکومت پسند کرتا ہے تو ہمیں کیا حق کہ انکار کریں؟ ہمیں اُن کے بہت سے مطالبات سے اختلاف ہے لیکن اس کا یہ مطلب تو نہیں کہ سرے سے پاکستان کا مطالبہ ہی ماننے سے انکار کر دیں۔ ہم فیصلہ کرنے والے کون ہیں؟"

"مگر مذہبی ڈھونگ رچا کر۔۔۔"

"کہہ تو دیا اختلاف ضرور ہیں۔ اُن کا فیصلہ ہو جائے گا۔ ابھی تو صرف پاکستان کا مسئلہ درپیش ہے۔"

"اور اگر سکھستان، عیسائیستان اور بدھستان کا مسئلہ اُٹھ کھڑا ہوا؟"

"تو اُس پر بھی غور کیا جائے گا۔ کسی مسئلہ پر خواہ وہ کیسا ہی فضول ہو غور نہ کرنا۔"

"مگر مقصد کیا ہے اس طرح کی تضییعِ اوقات سے؟"

"مقصد صرف ایک ہے۔ اتحاد۔"

"ہُنہ، کس قدر گھسا ہوا لفظ ہے۔ کانوں کو بھی تو متاثر نہیں کرتا۔"

"ہاں گھسا تو بہت گیا ہے مگر تراشا نہیں گیا۔ ابھی شیشے کا دھندلا سا ٹکڑا ہے، مگر میں نے کہا تو کہ پھر کر لینا بحث۔"

"یہ خوب ہے۔ آپ تو دلائل سے گھبراتے ہیں۔ انسان کی قوتِ متخیلہ کو مفلوج کیے دیتے ہیں۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"اب میں کیسے ہر منکر کو دلائل سے قائل کرتا پھروں۔ تم ہی سوچو اگر دو چار بھی تم جیسے ضدی پلّے پڑ جائیں تو اپنی زندگی تو ان ہی کو قائل کرتے کرتے ہی گزر جائے۔ خیر یہ بھی کر لیتے، مگر ذرا دیکھو تو کیسی افراتفری پڑ رہی ہے۔ جو بنگال میں ہو گیا کیا چاہتی ہو یہاں بھی ہو جانے دیں؟ مجھے تمہاری مدد کی ضرورت نہ ہوتی تو بھلا اپنا قیمتی وقت یوں برباد کرتا۔ خیر، اگر تمہیں فرصت نہیں تو۔۔۔"

"چائے تو پیجیے۔ زیادہ دیر نہ لگے گی۔" اُس نے چائے بناتے ہوئے کہا۔

"اب دیکھو اگر تمہیں اتحاد منظور نہ ہوتا تو تمہیں خوشامدیں کروانے کی ہمت نہ ہوتی" چائے کے گھونٹ لیکر پروفیسر مسکرایا "کسی قیمت پر بھی ہم ملاپ کرا کر رہیں گے۔ گو ایسا کرنا آسان نہیں۔ دونوں ہی طرف سے جوتے پڑ رہے ہیں مگر تم دیکھنا ہماری ڈھٹائی کو" وہ زور سے ہنسا۔

"اچھا اب چلیے۔۔۔ تو ذرا جلدی آنا صبح۔۔۔" بغیر کچھ کھائے پیے وہ تیز قدم اُٹھاتا باہر نکل گیا۔ شمن نے دیکھا کہ اُس کے بال پھر گدی پر شاعروں کی طرح بڑھ آئے تھے اور کپڑے میلے تھے۔

شمن کو ڈانس پارٹیوں سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ اور ٹیلر بھی یہی کہتا تھا۔ نیہ نہیں دل سے یا مجبوراً۔ وہ عموماً کترا جاتا۔ مگر یہ پارٹی افسروں کی طرف سے تھی اور اسے کامیاب بنانے کی ذمہ داری بھی انہیں کے سر تھی۔ خوش قسمتی یا بدقسمتی سے شمن کو بخار بھی آ گیا اور اس کا جھگڑا تو یوں حل ہو گیا۔ پچھلے کچھ دنوں سے صحت ویسے ہی خواہ مخواہ گرتی جا رہی تھی، اوپر سے یہ بخار اور پھر ٹیلر کی لاپرواہ مصروفیت۔ پروفیسر بھی غرض سے آتا تھا۔ جب سے بخار آیا وہ رسم پوری کرنے کو ایک دو منٹ کے لیے آتا اور بھاگ جاتا۔ شاید دوسری لڑکیاں بھی روبہ صحت ہو رہی تھیں اور شمن کی اشد ضرورت نہ رہی تھی۔ ا

چڑھی ہوئی بیٹھی تھی۔ آگے ہی دو طشتریاں اور ایک پیالی پھینک چکی تھی کہ ٹیلر چاق چوبند ٹائی اتارتا اور زور سے پیر پٹختا آن پہنچا۔

"اوہو، بڑے تر مال اُڑا رہی ہو" اُس نے مسکرا کر کہا اور شمن کا جی چاہا کشتی اُس کی تھوتھنی پر کھینچ مارے۔ صبح سے ایک نوالہ حلق سے نہیں اُترا اور یہ سمجھ رہا ہے وہ دن بھر چرا ہی کرتی ہے۔

"ممی کا خط پڑھا؟ پاگل ہو گئی ہیں" وہ شرمائے ہوئے انداز سے مسکرایا، "بیکار کی چیں چیں نہ جانے ان عورتوں کو کیا اچھی لگتی ہے۔ سنسنی، فضول" مگر شمن نے خط نہیں اٹھایا، خاموش چائے میں چمچہ چلاتی رہی۔ نہ جانے کیا بک رہا ہے۔

"بیکار تھا جنجال۔ جی گھبراتا ہے میرا بچوں سے"

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ہنہ، ایک حماقت ہو گئی اب دوسری...."

"ایں؟" وہ کچھ کھسیا کر چونکا۔

"اور کیا! جو ہم نے بویا ہے ہم ہی بھگتیں اور بے گناہوں کے ماتھے پر سیاہ دھبہ کیوں تھوپ جائیں؟"

"ممی... اُن کی خواہش ہے..." کچھ کہتے کہتے رک گیا۔ شدتِ احساس سے کان سُرخ ہو گئے۔

"ممی بچہ تو نہیں جو سمجھ نہ جائیں۔ وہ خود خلاف ہوں گی۔"

"کون ممی؟ ارے توبہ کرو۔ دیوانی ہیں وہ بچوں کی۔ تمام اِدھر اُدھر کے بچوں کو چپٹائے رکھتی ہیں۔"

"تو اب بھی اِدھر اُدھر کے بچے موجود ہیں، شوق سے چپٹائیں۔"

"ہوں۔" وہ چپ ہو گیا۔

"آدھا تیتر آدھا بٹیر ہنہ۔" اُس نے انتہائی مکاری سے کہا اور خون پھر ٹیلر کے کانوں کی طرف دوڑا۔

"ہم نے سخت غلطی کی۔" ٹیلر بجھی ہوئی آواز میں بولا۔

"حد سے زیادہ بڑی حماقت۔"

"کیسے بھگتی جائے گی یہ دوزخ۔"

"کیا ضرورت ہے کہ بھگتی ہی جائے۔ اگر زہر کھا لیا جائے تو قے کیوں نہ کر دی جائے۔"

"کیا مطلب ہے تمہارا؟"

"مطلب یہ کہ دو زندگیوں کو قبر میں جھونکنے سے بہتر ہے تم اپنا منہ اُدھر کرو ہم اپنا منہ ادھر کر لیں۔"

"کسی ہندوستانی سے کہتیں تو وہ مزہ چکھا دیتا اس وقت۔" ٹیلر نے دانت بھینچ کر کہا۔

"شاید۔"

"اور پھر تمہیں اعتراض بھی نہ ہوتا۔"

"شاید۔"

"کس قدر نیچ ہو تم۔" اس کے منہ میں جھاگ آ گئے۔ "ذبح کر ڈالنا چاہیے اس قسم کی حیوان عورتوں کو۔ اُف! مجھے تم سے کتنی نفرت ہے۔"

"ہنہ۔ اور جیسے میں تمہارے عشق میں دیوانی ہو رہی ہوں۔"

"تم... تم بیسوا سے بھی بدتر کسی خبیث طبقے سے ہو... کاش ایک بار کوئی تمہارا گلا گھونٹ کر مجھے آزاد کر دے۔"

"اور تمہیں کیوں نہ مسل ڈالے! جو جونک بن کر سارے ملک کا خون چوس رہے ہو۔ ذرا اپنی ماں بہنوں کو تو دیکھو... ہنہ... بدمعاش زمانے بھر کی۔"

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"چپ کمبخت.. گلاب کے پھولوں کو چھوڑ کر میں نے تھوہر سے ناطہ جوڑا...."

"اور تم.. بڑے حسن کے پتلے ہو۔ کوڑھ جیسی رنگت، سڑے ہوئے دانت، بندر کہیں کے۔"

"تو پھر کسی بھیل چمار سے جا لپٹو۔ ایسی ہی بے حیا ہو تو نکل جاؤ یہاں سے۔"

"بھیل چمار تم سے لاکھ درجے بہتر ہے نامی کہیں کے۔" وہ اٹھ کر جانے لگی۔

مذاق مذاق میں شمن بتا چکی تھی کہ نامی ہم ہندوستانی اس سفید ناجائز اولاد کو کہتے ہیں جو فوج میں بھرتی کر کے توپوں کے سامنے رکھ دی جاتی ہے۔ ٹیلر اس کے منہ سے اتنی نیچی گالی سن کر کانپ اٹھا۔ تھوڑی دیر وہ ساکت و بے حس و حرکت بیٹھا رہا۔ اس کی رنگت سفید پڑ گئی جیسے کسی نے پچکاری سے خون کھینچ لیا ہو۔ شمن نے جلدی سے کمرے میں جا کر دروازے بند کر لیے۔ وہ چیخ چیخ کر گالیاں بکتا رہا۔ شمن نے اسے کبھی اتنا غصے میں نہیں دیکھا تھا۔ وہ بالکل پاگل معلوم ہوتا تھا، جیسے ضبط کی لگام تڑا کر غصہ دماغ پر پھٹ پڑا ہو۔ شمن پیر لٹکائے پلنگ پر بیٹھی تھر تھر کانپا کی۔ اتنی بات بڑھ گئی، نوبت یہاں تک پہنچ گئی۔

رات بھر ٹیلر کے پیروں کی چاپ سنائی دیتی رہی۔ وہ زخمی چیتے کی طرح تیز تیز قدموں سے چلتا رہا۔ بار بار الماری کھول کر کچھ انڈیلنے کی آواز آتی مگر وہ بھی جلدی خاموش ہو گئی کیونکہ ایک بوتل آنے جانے والوں کے لیے رکھی تھی۔ عادتاً ٹیلر نہیں پیتا تھا۔

اور پھر سسکیوں کی آواز آئی، جیسے کوئی دم گھونٹ کر رونا ضبط کر رہا ہو۔ شمن کا جی ہل گیا۔ وہ رو رہا تھا ٹیلر۔ ہٹا کٹا، قد آور، جوان مرد ایک عورت کے مارے ہوئے ڈنکوں پر سسکیاں بھر رہا تھا۔ اس کا جی چاہا جا کر... مگر وہ لرز اٹھی۔ وہ نیلی نیلی کانچ کی گولیوں جیسی آنکھیں، وہ تمتمایا ہوا چہرہ!

دوسرے دن صبح ہی اٹھ کر نوکر نے بتایا کہ وہ اچانک سامان تیار کروا کر دہلی روانہ ہو گیا۔ کوئی ٹرنک کال بھی نہیں کی تھی۔ شمن کا بخار بھی نہ اترا اور کمزوری حد سے زیادہ بڑھ گئی۔

پورا ہفتہ گزر گیا اور ٹیلر کا نہ ہی کوئی خط آیا نہ خیر خبر۔ اس نے ادھر ادھر دہلی فون کر کے کچھ معلوم کرنے کی کوشش کی مگر پتہ نہ چل سکا۔ وہ کسی اہم کام کے سلسلے میں گیا ہو گا جس میں شاید راز داری کا جھگڑا شامل ہو گا۔

دو ہفتے! اور ٹیلر کا نام و نشان نہیں۔ صرف سرکاری طور پر اس کی تنخواہ تو شمن کو مل گئی۔

ذرا سی چنگاری کو دیکھو جھل جھل کر اس نے کتنا بڑا شعلہ بنا دیا کہ دم بھر میں سب کچھ بھک سے اڑ گیا۔

بس ٹیلر ایک بار واپس آ جائے۔ پھر؟ پھر یہ تاریخ کبھی نہ دہرائی جائے گی۔ وہ آ جائے پھر تو... بن جائے گا، سب کچھ بن جائیگا۔ کھنڈر اتنے بوسیدہ نہیں ہو گئے کہ مرمت نہ ہو سکے۔

خدایا وہ آئیں بس ایک بار.. آخری بار.. آخری موقع! وہ نہ جانے کس سے اور کیا مانگتی رہی۔

ntact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

دن گزرتے گئے۔ وہ کام پر بھی چلی جاتی مگر جی کھویا سا رہتا۔ اُس نے ٹیلر کے سارے کپڑے نکلوا کر دھوپ دی۔ کمزوری باقی تھی اس لیے دور بیٹھی ہدایات دیتی رہی۔ برش خود کیا اور گولیاں ڈال کر بند کر دیے۔ دن میں کئی بار احساسِ تنہائی خوف بن کر چھایا اور وہ خاموش آنسو بہایا کی۔

اور دن گزر رہے! اُس کا کوئی نہیں دنیا میں۔ وہ سب کو کھو چکی۔ ایک ایک کر کے سارے دھڑ رہے زہریلے دانتوں سے کتر ڈالے۔ مگر امید کا آخری تار سلامت تھا گو بار بار لرزتا تاکہ اب ٹوٹا اور اب ٹوٹا۔

اُس کی نیند بالکل اچاٹ ہو گئی تھی۔ سارا انتظام ہی درہم برہم ہو گیا تھا۔ رات بھر یہی معلوم ہوتا ... وہ ملگیا راستہ ... ٹیلر کی موٹر آ کر رکی ... وہ اُترا ... اب زینے پر چڑھ رہا ہے، سیڑھیاں طے کر چکا۔ اب دروازے پر آ رہا ہے۔ مگر نہیں، سارا حساب گڑبڑ معلوم ہونے لگتا۔ نہیں بھلا اتنی جلدی موٹر سے کیسے اُترا ہو گا۔ مُنہ سے کہنا اور بات ہے فعل کے سرزد ہونے میں تو وقت لگتا ہے ... وہ کھٹ سے اُس نے موٹر کا دروازہ بند کیا ... اب ... چلا ... سیڑھیوں پر چڑھا ... صاف جوتوں کی چاپ سنائی دے رہی ہے۔

مگر یہ سیڑھیوں پر قدموں کی چاپ ختم نہ ہو سکتی۔ دس بارہ سیڑھیاں ہزار چاپوں میں بھی طے نہ ہو پاتیں ... اور پھر اسے معلوم ہوتا جسے وہ پیر کی چاپ سمجھی تھی وہ نل کی بوندیں ٹب میں گر رہی تھیں ٹپ ٹپ ... متواتر یہ بوندیں انسانی قدموں کی طرح چلتی معلوم ہوتیں۔ جھنجھلا کر وہ اُٹھتی اور نل کو خوب مروڑ کر بند کر دیتی تاکہ گلا گھٹ جائے کمبخت کا۔

دماغی خلجان بڑھتا گیا۔ کھانے کی اکیلی میز پر ایک نوالہ بھی اُس کے حلق سے نہ اترتا۔ زبان پھیکی لگ گئی تھی۔ ہر چیز کڑوی، بدمزہ، لباندی اور پچھلاندی معلوم ہوتی۔ تھک گئی تھی وہ ان کھانوں سے، میز کرسی سے، نرم نرم صوفوں سے۔ جی چاہتا ایک بار ہی سب کچھ دور جھٹک کر کھڑی ہو جائے آخر دھرا کیا ان الجھنوں میں؟ اس پھیکی کسیلی زندگی سے تو یقیناً موت زیادہ میٹھی ہو گی۔

شامی کباب کا چھوٹا سا ٹکڑا منہ میں سڑاندی غلاظت کا پہاڑ بن کر پھیل گیا۔ بیرے کی نظر سے اُبکائی بچاتی ہوئی وہ جلدی سے اپنے کمرے میں چلی گئی۔ یہ کباب ٹیلر کو کس قدر پسند تھے۔ مزے لے لے کر نگل جاتا تھا۔ لیکن اب یہ نہ پکیں گے جب تک ٹیلر نہ آ جائے۔ ورنہ یونہی گلے میں ابکائی بن کر اٹکتے رہیں گے۔

یہ ذرا سی بات اتنی لمبی کیوں ہو گئی۔ کتنی بار تو اسے ادھورا چھوڑ دیا گیا مگر پھر بھی قسمت میں اس کی تکمیل یوں لکھی تھی۔ مانا کہ وہ ایک دوسرے سے اکتا جاتے تھے مگر یہ کون سی نئی بات ہے! اور لوگ بھی تو لڑتے جھگڑتے ہیں۔ مگر یوں زندگی کی روانی ٹھوکر کھا کر منہ کے بل نہیں گر پڑتی۔ اب کے پیار آ جائے تو ... تو ... کتنا ارمان بھرا خواب تھا۔ مگر وہ اس سے معافی مانگ لے گی۔ گو معافی تو کیا اگر وہ

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

صرف ایک معمولی سے اشارے سے بھی اپنی غلطی کا اعتراف کر لیتی تو ٹیلر لینڈ خطّی ہو جاتا۔ اتنا غصیل تھا پر جہاں آنسوؤں کی چمک دیکھی اور عقل کی آنکھیں چندھیا گئیں، اُلٹی معافیاں حصّے میں آئیں۔

اور کیا حرج ہے جو ماں کی بھی بات مان لی جائے، یہ وہی تو ماں تھی جس نے دور بیٹھے بیٹھے جیسے بٹن دبا کر دو مختلف طاقتوں کو کھینچ کر ملا دیا تھا۔ تف ہے اس کی اوقات پر کہ وہ اس کی ننھی سی آرزو نہ پوری کر سکی، خیر وقت اتنی دور نہیں بھاگا ہے، اب بھی تلافی کی جا سکتی ہے۔

لیکن! ایک بھیانک لیکن نے اُس کے جمع ہوتے ہوئے خیالات کو بکھیرنا شروع کیا۔ سرکاری طور پر اُسے معلوم ہُوا کہ ٹیلر ابھی پندرہ بیس دن نہ آ سکے گا۔ جی کڑا کر کے چاہا اُسے خط لکھے مگر یہ کمبخت قلم بڑا مجبور آلہ ہے، اس کے پاس وہ طاقتیں کہاں جو ایک روٹھے کو منانے کیلئے استعمال کرنا پڑتی ہیں۔

پروفیسر کا فون آیا کہ فوراً آؤ۔ جی تو نہ اُٹھتا تھا مگر کرنے کو کچھ نہ تھا۔ بیکار دن اور گھنٹے گزارنا قیامت سے کم نہ تھا۔ واشنگٹن کے دفتر پر چھوٹی چھوٹی مہابھارت چھڑی نظر آتی تھی۔ چند بے پر کی خبروں نے اُڑ کر بھوکوں کے پیٹوں کی آگ اور بھڑکا دی تھی۔ بنگال کی بھوک ہیبت بن کر سہما رہی تھی۔ لوگ اناج پر ٹوٹے پڑتے تھے۔ رہا سہا صبر بھی منتشر ہو چکا تھا۔ انسانیت کو اتنا بے حیا دیکھ کر جی جھنجھلا اُٹھتا۔ آخر اتنی کانٹوں بھری زندگی اتنی پیاری کیوں تھی؟ آخر دوسرے ملکوں میں بھی تو بھوک ہے پر اتنی اندھی اور بے حیا نہیں۔ اگر ذرا صبر سے مر لیا جائے تو کیا حرج ہے۔

دھوپ تیز ہونے لگی۔ مرجھائے ہوئے زرد چہرے پر نیل جیسے دھبے پسینے سے دمک اُٹھے، جیسے لالٹینوں پر برقی روشنی پھیل گئی۔ آنکھیں زیادہ خشک اور بے رونق ہو گئیں۔ تھکی ہوئی ٹانگیں ہڈیوں میں تپش کے بوجھ سے لرزنے لگیں۔ مجمع ہنڈیا کی طرح کھدبدا اٹھا۔ تعفن کے بھبکے شمن کے بھیجے کو گھونسنے لگے۔ دو بڑی ایمبولینس چیختی کراہتی، شور پر تماشے باجے کا سماں باندھتی گزر گئیں۔ پوں پوں ہزار دل موٹریں شمن کے کانوں میں گھسنے لگیں۔ لڑکھڑا کر اُس نے پان والے کی دکان کا سہارا لیا۔

چونا؟ سادہ؟ دیسی؟ بائی... بھنیلی سپاری؟ پان والے نے جلدی جلدی ننھے چونے کی کلھیوں کو بجایا۔ پھر ہلکے گچھے تاش کی گڈیوں کی طرح بکھر کے سمٹے ہوا میں لہرائے... پیر کے نیچے سے پتھریلی پان کی پیکوں سے لتھڑی ہوئی زمین کتاب کے ورق کی طرح پھڑپھڑا کر منہ پر آن چپکی اور کہیں آگ بجھانے کا انجن ٹن ٹن کرتا خاموشی میں ڈوب گیا۔

جب اُسکی آنکھ کھلی تو اُس نے اپنے آپ کو ایک نئے کمرے میں پایا۔ گھومتا ہُوا دماغ ٹھیرا تو معلوم ہُوا کہ وہ اسپتال میں ہے۔ پاس ہی پروفیسر جھکا ہُوا برف توڑ رہا تھا۔ وہ تین اور ناواقف چہرے موجود تھے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

"ایسی حالت میں باہر نہیں نکلنا چاہیے" ڈاکٹر نے ربڑ کی نلکیوں والا آلہ تہہ کرتے ہوئے کہا۔
"حالت؟ کیسی حالت؟" مگر شاید یہ ڈاکٹر اپنی کہنے میں جو مزہ پاتے ہیں وہ مریض کی سننے میں نہیں پاتے۔ ڈاکٹر نے لمبی چوڑی فہرست احتیاطوں اور دواؤں کی سنا دی۔ دوائیں۔ طاقت کی دوائیں! اوہ! مارے حیرت کے وہ اٹھ بیٹھی۔ وہ بچہ تو نہیں تھی مگر پریشانیوں میں وہ کتنا کچھ بھول ہوئی تھی۔ اس عظیم الشان انکشاف نے جیسے بھاگتے بھاگتے اُسے ایک دم پکڑ لیا۔ پروفیسر کچھ خجل، کچھ مجرم سا کھڑا تھا وہ اٹھی تو لیے سہارا دینے دوڑا گویا وہ نازک سا کانچ کا گلاس ہے اور پھونک مارنے سے ٹوٹ جائے گی۔
وہ کھسیا کر تیز تیز چلتی باہر ٹیکسی میں آن بیٹھی۔

موٹر کی تیز ہوا نے اُسے جگا دیا۔ چونک کر اُس نے پھریری لی اور ایک دم اس کا دماغ بھی موٹر کیساتھ بھاگنے لگا۔ جی چاہا زور زور سے ہنسے یا پھر زور زور سے روئے مگر وہ ڈرائیور کی وجہ سے جھینپ گئی۔
"جلدی... جلدی" اُس نے ڈرائیور کو ٹوکا۔ بس نہ تھا جو وہ اپنے دل کی تیز دھڑکن موٹر کی طاقت میں شامل کر دیتی۔ آج اُسکا جسم ایکدم ہلکا ہو کر اُڑ جانے پر تلا ہوا تھا۔ بار بار آنکھوں میں بے معنی آنسو چھلکے آ رہے تھے۔ سامنے آئینے میں اُسکی شکل کتنی مردہ اور اجڑی ہوئی نظر آئی، مگر کچھ پروا نہیں حسن اور بدصورتی بیکار ہو کر اس نئی چمک کے سامنے ماند پڑ چکے تھے۔ بدصورت تھی تب بھی... تب بھی اُس کا دل ایک دم کتنا حسین ہو رہا تھا۔ وہاں صرف ایک تحیر سا پھیلا ہوا تھا "رونی... رونی ٹیلر۔ کہاں ہو تم۔ مجھ سے معافی مانگو... بے رحم کہیں کے!" اس کا گلا گھٹ گیا۔

وہ ڈانٹ بتائے گی رونی کو۔ آنے دو تو ذرا۔ اپنی بدنصیبی کا سارا الزام اسی پر تھوپ دیگی۔ اور پھر رونی! اُسے اتنا ہوش کب رہے گا کہ بڑا مان سکے۔ جنگلی کہیں کا! خود غرض وحشی! چلا گیا اتنے دن کیلیے۔ یہ بھی نہ سوچا کہ آج کل پیٹنٹ دوائیں کہاں ملتی ہیں۔ کیلشیم انجکشن لانا جوئے شیر لانے سے کم نہ ہو گا۔ اور اس وقت یہ لاپروائی... مگر پھر اُسے رونی پہ پیار آ گیا۔ اتنی دور ہو کر وہ کہیں بالکل ہی بے خبر تھا۔
اور ماں! اچھی بے وقوف پیاری سی ماں نے لکھا تھا: "تم لوگ گھبرانا نہیں۔ اُونی سامان میں سب خود تیار کر لوں گی" ہونہہ۔ دیہاتی بڑی بی مارے ارمانوں کے مری جا رہی ہیں سمجھتی ہیں جیسے ان میں تو جیسے بہت سلیقہ پالنے کا۔ لاڈ میں بگاڑ کر ناس مار دیں گی۔ رونی سے بھی بدتر، ضدی اور منہ چڑھا بنا دیں گی۔ اور پھر بڑی بی میں دم کہاں ہو گا۔ جو رات برات ہو انگ جلائے!
کہتی ہیں آئیں گی۔ مگر یہ بدنصیب جنگ... ابھی دم سے جیتی تو چلنے کی فرصت ملے جب ہی تو۔ نہ جانے کمبختوں کو کیا مل رہا ہے ایک دوسرے کا [illegible] بھلتے ہیں۔ وہ سوچتی رہی۔ اس خزاں میں لتھڑی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

ہوئی دنیا کا خیال کر کے جی دہل گیا۔ کاش یہ جنگ جلد ختم ہو جاتی۔ خدا کسی کو ان قیامت کے دنوں میں جنم نہ دے۔ کون بچا ہوا ہے؟ اور کب تک؟ نہ جانے کس وقت آگ برسنے لگے۔ پریشان ہو کر وہ اپنے لمبے چوڑے کنبے کو بچانے کی فکر میں پڑ گئی۔

ارے... اور کوئی احتیاط نہیں کرتا۔ روشنیاں دھڑا دھڑ جلنے لگی ہیں شیشوں پر سے کالے کاغذ لُتر گئے۔ تہ خانہ قبر بنا پڑا ہے۔ مانا کہ خطرہ قریب نہیں مگر چیل جھپٹا مارنے سے پہلے نظروں سے غائب ہو جاتی ہے۔

اور اُسے ایسا معلوم ہوا کہ کوئی دم میں بمباری ہونے والی ہے۔ اسٹور میں بھی تو کچھ نہیں۔ رونی کے پائپ کو تمباکو نہ ملا تو وہ سر کھا جائے گا۔ پاگل آدمی بھٹیرا!

اور جو وہ رونی کو کچھ نہ بتائے تو؟ مزہ آجائے۔ ایک دم مارے حیرت کے پاگل ہی تو ہو جائے گا۔

اور جو ابھی سے معلوم ہو گیا تو جینا دوبھر کر دیگا، جان کھا لے گا: "یہ نہ کرو، وہ نہ کرو۔" اُسے ایکدم ہنسی آگئی۔

کیسی اترائی ہوئی باتیں سوچنے لگی تھی وہ۔ بھلا آج کل ہم کہاں؟

مگر احاطے میں داخل ہو کر واقعی اس پر بم پھٹ پڑا۔ ملٹری کی بھوری گاڑی برساتی میں کھڑی تھی۔ بے قابو ہو کر وہ بھاگی۔

"رونی... رونی..." ہانپتی ہوئی بیٹر جیبوں پر چڑھنے لگی۔ ساڑھی پیروں میں لپٹی اور وہ تھم کر رک گئی۔

"رونی!" اس نے ڈرائنگ روم کا دروازہ دور دھکیل کر کھولا۔ "رونی!"

"گڈ ایوننگ میڈم!" ایک کلف لگے ہوئے فوجی نے اسلام کیا۔

"رونی!" اس کے حلق میں اٹک کر رہ گیا۔

"مسٹر ٹیلر بذریعہ ہوائی جہاز محاذ پر روانہ ہو گئے، یہ خط۔" اُس نے ادب سے خط بڑھایا اور جلدی سے سلام جھاڑ! ہوا لوٹ گیا۔

ہاتھ میں خط لیے وہ بھٹری ہوئی سوچنے کی کوشش کرنے لگی۔ ہوا میں ہوائی جہازوں کے ہزاروں لاکھوں پر ببر شیروں کی طرح غرائے۔ چیختے چنگھاڑتے بم لاکھوں کی تعداد میں برس پڑے جنگلی گرج کالو کوسن کر گئی۔

"رونی... رونی" اُسکی بھٹکی ہوئی روح کراہتی ہوئی موہوم سے واہمے کے تعاقب میں ڈوب گئی۔

رونی سارے اختیارات سونپ کر جنگی محاذ پر روانہ ہو گیا تھا۔ وہ آزاد تھی! جسم سے نکلی ہوئی روح کی طرح آزاد بلا وارث اور کھوئی ہوئی۔

"تم نہیں گئے رونی... رونی یہ نہیں ہو سکتا۔ ظالم اب تم کہیں نہیں بھاگ کر جا سکتے۔" اُس نے بڑے وثوق سے پکارا، گویا وہ اُسے قید کر چکی ہو۔ "سنو رونی..." مگر وہ کسی کو نہ سنا سکی اور

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037

گھنگھور گھٹائیں زور شور سے گھر کر منڈلائیں۔

"ٹھہرو، ٹھہرو۔۔۔" اُس نے منہ زور طوفان کو لجاجت سے پکارا۔ "سب ٹھیک ہو جائیگا۔ ٹھہرو، اتنا زور نہ لگاؤ ورنہ یہ تنی ہوئی ڈوریاں چٹخ جائینگی۔" "تم گئے رونی!" اس نے گھٹتے ہوئے کلیجے کو زور لگا کر پکارا مگر آہ بھی نہ نکلی اور پھر ایکدم نئی جان نے اُس کی پکار سُن لی۔ زندگی کی پہلی پھریری پھروں کی طرح تھرائی ہوئی اُس کے جسم میں تیر گئی۔ ڈوبتی ہوئی طاقتیں تاریکیوں سے اُبھرنے لگیں۔ تنی ہوئی رگیں آپ ہی آپ لچک کر ڈھیلی پڑ گئیں!

آنکھوں کی وحشت آنسوؤں سے دھل کر بہہ نکلی۔ سسکیاں ہنسی کے فوارے بن گئیں اور بیماری کا بھیانک احساس دور جھٹک کر وہ بوسیدہ ملبے کے ڈھیر کے نیچے سے رینگ آئی۔۔ اکیلی! امریکہ میں بیٹھی ہوئی اُونی کپڑے بننے کی شوقین ماں، ہوائی اژدہوں کے پروں پر موت کے دہانے کی طرف اڑتا رونی، وہ خود۔۔ اور۔۔۔ اس کے اپنے وجود سے اسقدر قریب ایک نئی جان! اتنی لمبی چوڑی برادری میں وہ اکیلی کہاں ہے؟ مانا کہ بہت دور ہیں وہ ایک دوسرے سے، ہزاروں میل کا سفر حائل ہے مگر اس وقت اسے ایسا معلوم ہُوا جیسے اُس کی ساری دُنیا سمٹ کر خود اُس کی ہستی میں سما گئی۔ آج اس بیکسی کی تنہائی میں بھی کتنی چہل پہل تھی۔ اس بے سروسامانی میں بھی کتنی سلجھی ہوئی سجاوٹ تھی! آج وہ کتنی متحیر مگر خوش تھی! اس سے قبل اُس نے اپنے آپکو اتنا کمزور، اتنا بہادر، اتنا پریشان، مگر اتنا مطمئن کبھی نہ محسوس کیا تھا اور دنیا کتنی حسین ہو گئی! زندگی کتنی عزیز!

اور رونی؟

اُس کا جی مسل گیا۔ خالی ہاتھ، اکیلا رونی! اُس کی مفلسی پر اُسے ترس آ گیا جیسے کسی رئیسِ اعظم کو اپنے محل کی کھڑکی سے کسی قلاش فقیر کو ناداری کی سردی میں ٹھٹھرتا دیکھ کر رحم آنے لگے!

"ٹھنگ کہیں کی!" اس نے نئی دولت سے مالا مال ہستی کو طعنہ دیا، "ایک ہرجائی لیٹرے کو بھی لوٹ لیا!"

نشیلے قدم اٹھاتی، جیسے اُس کے ٹخنوں پر لرزتی گھنگھروؤں کے گچھے آن بندھے ہوں، وہ پلنگ کی طرف مڑی اور نہایت احتیاط سے اپنا تھکا ہُوا سر تکیے پر ٹکا دیا!

مئی ۱۹۴۴ء

ontact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-

Read

MoreNovels

at

Urdu Novel Bank

Visit: www.urdunovelbanks.com to start your next reading adventure